PRESENTATION OF THE BUDGET.

Minister of Finance (The Hon'ble Mian Mumtaz Muhammad Khan Daultana): I rise to introduce the first Budget of West Punjab relating to the period from the 15th August 1947, to the 31st March 1948.

This Budget is exceptional in more senses than one. It is the first Budget of a province of a free and sovereign country which has won its independence after an arduous and heroic struggle. In the fight for freedom there was no part of our country which had to face greater odds or to struggle more tenaciously against the determined opposition of strong and crafty enemies than the Punjab. The steadfast devotion of its people to the ideals of liberty, their eager willingness to make all sacrifices for the goal of Pakistan which they have prized above life and the conveniences of existence, their superb discipline and unity, has added a golden page to their history and has proved them worthy of the place of honour which they rightfully claim amongst the brotherhood of nations.

In another sense also this Budget is exceptional, in that it is presented to you at perhaps the most critical time in our national existence. Barely born to freedom, we are faced with problems which in their intensity, acuteness and grave potentiality hold hardly a parallel in the scarred history of the world, and before which even the strongest and best-established states may well have wilted and staggered. The tragedy and urgency of the situation is sadly reflected in this budget. But I am confident that a people who have already shown themselves capable of bursting the tenacious bonds forged by the strongest imperialism in the world, have got in them the couarge, the fortitude, and that unshakable trust in God and the dignity of man, so deeply inculcated in them by the glorious faith with which the vast majority of them are inspired, that we shall overcome our problems and order our destiny in a spirit of true brotherhood, justice and self-sacrifice.

In a manner also, I must apologize for this Budget. It is not the Budget of a whole year, and even of the 7½ months period to which it relates, four months have already elasped. It is in all senses of the word an interim Budget, a Budget which no more than reflects and registers the contingencies of an existing but exceptional position. It is presented under circumstances which do not permit of a final or certain appraisal of our financial position. Moreover, it is presented at a time when a full stock-taking of our circumstances and resources was not possible and when the various measures by which our Receipts can and will be augmented could not be introduced. Nor does it reflect in any way the burdens and benefits

which the policy and programme of the present Muslim League Ministry entail, and which may well issue in the form of revolutionary adjustments in our economic system—both of land and of industry—during the Budget proposals of the next financial year. I would, therefore, request you to regard this Budget as a preliminary expedient without implications or indications of policy, more in the nature of a patched garment improvised to use, but to be discarded and forgotten as soon as the season improves, as by God's grace, I am confident that it will.

It is inevitable that in the circumstances in which the present Budget is introduced it has to be deficit Budget—even a heavily deficit Budget. The resources at our disposal are old and unaltered. The demands upon us are new and various and brutally unexpected. The adjustment, of which I am confident, we are capable both in resources and in mental attitude, has yet to come. Therefore for a time we have to lag behind. But I must make it clear, without mitigating in any way, the gravity of the situation which faces us, or the inevitability of the very large sacrifices and burdens for which we must prepare ourselves if we are to live, that the deficit shown in the present intertim Budget need not cause us too great a concern, as to a layman a mere display of figures might, and that the financial position of the West Punjab is capable of the flexibility and tenacity necessary to stand the strain of the tremendous burden placed upon it. In fact it is remarkable how well and how bravely the strain has to this day been met.

2. Our present Province started its independent existence on the 15th August, 1947, the date on which power was transferred by the British to the popular representatives of our country on the basis of a division into the Dominions of India and Pakistan. A considerable part of the old Punjab Province separated from us and became a province of the Dominion of India. Our financial arrangments with the separated portion have not been completed yet and it is not-known when the disputes between the two provinces will be finally settled by the Arbitral Tribunal to which they have been already referred. In the meantime, the financial picture remains uncertain for our Province and the budgeting has to be done on an *ad hoc* basis without a full realization of our future prospects in the field of finance. Ever since West Punjab started its individual existence, one problem has occupied its attention almost to the exclusion of all others. I refer to the immigration of our devastated Muslim brethren into Pakistan, in an exodus which both in extent and in brutality is unprecedented even in the darkest pages of history. The first sign of this problem became visible a couple of days before the present Government came into power as part of the constitutional changes which took place on the 15th August, 1947. Large scale massacres of Muslim citizens were reported from the towns and villages of East Punjab on about the 11th August, 1947, along with reports that the houses and shops of Muslims had been set ablaze and looted. The Muslims had been disarmed by the authorities and had then been set upon by hordes of hooligans with the result that the victims, decimated and quarterless, started moving in the direction of the security promised by Pakistan. This movement gained in strength and with the lapse of days and weeks, hundreds of thousands of Muslims left their places of residence and collected at comparatively safe places in the hope of evacuation to Pakistan. A corresponding movement started among Hindu and Sikh citizens of West Punjab. The result was that the administration accepting the inevitable undertook the job of transporting Musilm Muhajireen and transferring non-Muslim

evacuees across the border in a systematic manner. The position to-day is that all Hindus and Sikhs have gone over to the Dominion of India and that almost all the Muslim citizens of East Punjab and adjacent States have taken refuge in West Punjab. In the early stages of evacuation, there were untold incidents of violence and devastation in the East Punjab, and also, I am ashamed to mention, some incidents of violence in our Province. The refugees arrived in Pakistan in a most miserable condition and your Government atonce undertook to alleviate their misery by undertaking the maximum sacrifice possible. Througout the period that your Government have held power, all its activities have been overshadowed by the problem of refugees. We sized the problem at the very outset as most serious and decided to contact the authorities in the East Punjab soon after taking over power and we were able to set up an organization on a reciprocal basis so that the actual work of evacuation should be free from incidents of violence The machine worked with difficulty in the beginning but its efficiency improved with time and it is no secret that evacuation in October and November, 1947 was definitely more orderly and rapid than before. The administrative problems connected with evacuation were of vast dimensions and your Government decided that we must face them with courage and incur expenditure from the public funds without considering the question whether or not the expenditure was within our means. I have no doubt that the members of this House will support the Government in undertaking this financial liability.

Your Government evolved vast schemes for dealing with refugees on their arrival in this province. They were initially housed in transit camps and were issued registration cards showing their previous places of residence as well as their vocations. They were then directed to the districts where it would be possible to settle them in new surroundings. All lands vacated by non-Muslim evacuees have been reserved for allotment to Muslim refugees on a systematic basis so that a family of cultivators is allowed an area of irrigated land ranging between 5 and 8 acres in accordance with the size of the family. Exceptions are made in cases of comparatively poor land where a family may get an area a little larger in extent. All shops and houses in the West Punjad vacated by non-Muslim evacuees have been similarly reserved for allotment to Muslim refugees. Your Government is assisting Muslim refugees in getting employment in all walks of life so that some of them will even run industrial undertakings in West Punjab abandoned by non-Muslims.

It is true, as it was inevitable, that in a venture of such fearful proportions and tragic urgency there occurred many maladjustments, inaptnesses and inefficiencies. It is true that there remained and still remains much scope for improvement. But we would search in vain for another example in history where such a problem has been faced so readily and so boldly by a state of the proportions and resources of the West Punjab, as has been done by the present Government. 'Many have died who may have lived. But many many more have lived who may have died if your Government had not strained its every resource and effort to overcome a problem for which, in its infancy, it was so ill-equipped.

4. The estimated number of Muslim refugees who have arrived in West Punjab is fifty lakhs. At one time, it looked as if a large number may remain unsettled. It was, therefore, considered that sufficient number

should be sent to other Provinces and States in Pakistan. A decision was taken providing for the movement of seven lakhs outside the West Punjab Province for this purpose. The present position is that about nine lakhs of refugees are housed in Government camps; but a considerable number is due to move to the Sind Province as a part of the above scheme. This move has already started and will probably be completed in a few weeks. Some others will be absorbed in West Punjab in the near future, though the speed of absorption will be comparatively slow.

5. The present cold weather has immensely increased the problems connected with the administration of refugee camps. Considering the number involved, it was not an easy matter to find proper buildings for housing the refugees in a sheltered state during the cold months, especially as the time at the disposal of Government was very short. Luckily the efforts of Government were supplemented by the active work of a number of charitable associations, and I am glad to report that the over-all situation in the refugee camps is now more satisfactory than may have been expected some weeks ago.

6. The estimated expenditure on refugees till the end of March 1948, is Rs. 3,27,00,000. This figure does not take into account such expenditure on refugees as has been sanctioned in particular departments, e.g., the grant of scholarships for industrial training or the employment of doctors and nurses in refugee hospitals. There is a fair amount of uncertainty about the firmness of this figure, because the whole question depends upon the size of the population in refugee camps. If the camps are vacated more rapidly than expected, we can expect a saving. On the other hand, if the speed of absorption is slower than expected, there may be a considerable excess.

From the financial point of view I would venture to make two general observations on the refugee problem. The first is a warning. The resources of the West Punjab, extend them as you will, have a saturation point, and the saturation point may soon be all but reached. Whether we can escape disaster depends upon the speed and the completeness with which refugees can be rehabilitated, so as to stand on their own legs and cease to be an unproductive strain on the economy of the country. This can only be done if the citizens of West Punjab and particularly those whose domicile falls within the boundary of Pakistan, are ready to make large-hearted sacrifices and undertake grievous burdens to re-establish their unhappy brethren, and to fulfil a duty which is enjoined by the sacred precepts of Islam and with which their own existence is inextricably bound. There must be, I will emphasise once again, a readiness to accept revolutionary changes. Otherwise the economy of your Province—which is a Province of promise and of assured destiny—will fail under the crushing strain of having to feed and house people whom you have failed to absorb in your life and accept as one with yourselves.

My second observation is a complaint, or a plea, as you will. Almost the entire strain of the refugee problem has so far been borne by the West Punjab. Of this we are proud and we will not shirk what is after all our first duty. But the refugee problem, viewed in its proper perspective and freed from the fallacy of geographical associations, is in effect an international problem, a problem which would properly fall squarely in the spheres of the affairs of the Pakistan Dominion Government. Its incidence is such as the limited resources of no Provincial Government can be ex-

pected to meet to the full, and therefore, I may be permitted to express the hope and to voice what is assuredly the expectation of all the members of this House that the Pakistan Government will render us the financial assistance and support which is its due, and which we may not have received so far because we have not asked too loudly for it.

7. The finance Secretary's Memorandum contains the necessary details explaining the various items in the Budget. I propose to confine myself only to the most outstanding facts without going into details.

8. There is no previous period which deserves to be analysed from the financial point of view as far as West Punjab is concerned. No Budget has been prepared for this Province in the past and similarly no Budget was ever prepared for the whole Punjab Province relating to the last 7½ months of any financial year. The Punjab Accounts for the year 1946-47 and for the first 4½ months of the year 1847-48 have not been finalised. The result is that the present Budget starts with an element of uncertainty in its opening balance, apart from all other uncertain factors pending a final settlement with East Punjab.

9. Your Government has not retrenched any beneficent activity in spite of the excessive expenditure in connection with the refugee problem. One reason for non-retrenchment is that we have not had enongh time to survey the finances as a whole or to survey the position in order to judge to what extent any expansions or retrenchments should be undertaken. The main reason, however, is that we have no intention of putting the clock back and would in fact provide for further progress in all directions.

10. The present Budget shows a deficit of Rs. 5,60 lakhs in the Revenue Account (Receipts Rs. 8,32 lakhs, Expenditure Rs. 13,92 lakhs). This includes an expenditure of Rs. 3,27 lakhs on refugees. The rest of the deficit is due to a loss of Revenue as well as an excess in expenditure especially on the Police Department. Both the loss of Revenue and the excess of expenditure on the Police are due to the extraordinary law and order situation which developed in our Province after the resignation of the Unionst Ministry in March last. A fair amount of revenue failed to be collected as a result of the province-wide disturbances which continued throughout the period till the date of Partition. A considerable temporary Police force was sanctioned by the late Governor of the Punjab during the Section 93 regime. This force has continued after Partition and in fact your present Government decided to enrol in addition a Home Guard consisting of about 6,000 men with the necessary component of officers of all higher ranks, in order to maintain the public morale. Further, a temporary cadre of 1,000 foot constables has been lately created in order to provide for the surplus Muslim Police-men who have come away from East Punjab and Delhi. The law and order situation has improved a great deal and it will perhaps be possible to retrench a part of the temporary increase but such a step can be considered only after the situatton has remained quiet for a sufficiently long time. There is no doubt that the present expenditure on the Police is excessive but it has to be undertaken because in the nature of things it is unavoidable. No administration can take risks with the law and order situation.

11. Your Government has undertaken to continue to incur Capital Expenditure on schemes which are intended to increase the prosperity of the Province generally or to develop backward areas specially. The Rasul

Tubewell and Hydel Scheme and the next construction stages of the Thal Project are being proceeded with as fast as the present conditions allow. Government will also acquire the Sialkot Electric Supply Undertaking at the scheduled time as already planned.

12. The normal trade and industry in the Province has been greatly dislocated on account of the recent migrations of propulations. In order to fill the gap, your Government has found it necessary to undertake commercial activities of a type which has not been undertaken in the past. These activities relate to the buying up of the whole rice crop of the Province and to the financing of cotton ginneries so that the cotton crop of the Province should not go waste. These financial operations have entailed very large expense, but I think we may reasonably claim that they have saved our cultivators, who are the backbone of our land, from utter ruin at a time when it seemed almost impossible to restore to any normality the completely disrupted and broken channels of trade and commerce. It is likely that the field of such extraordinary activities will become even wider during the course of next few months.

Ways and Means

13. Our Ways and Means position is not altogether satisfactory especially as we do not possess any money market in our Province nor in the other Provinces of Pakistan. We have managed during the past months without taking any loan, though the old Punjab Government had planned to raise a loan of Rs, 8 crores during the year 1947-48. We found it necessary in the month of December 1947 to take short term advances from the Reserve Bank and we have sold off Government of India Securities worth Rs. one crore (face value) in order to re-pay such advances. The month of December is always a lean month and Ways and Means Advances from the Reserve Bank are often necessary in that month. The position generally improves in January when the land revenue and the abiana for Kharif start coming in. It cannot, however, be said definitely that our position will improve in this year, especially as our expenditure on refugees as well as Capital Expenditure on Projects or on the purchase of rice, etc., will continue to be enormous. We may have to take short term Ways and Means Advances and then re-pay them by selling more Securities. Our total stock of Securities was Rs. 6,40 lakhs and we are also entitled to a share in Securities worth about Rs. 14 crores which are lying frozen with the Reserve Bank pending the actual final financial settlement with East Punjab. We are actually making an effort that the Arbitral Tribunal may decide that these Securities should be divided between the two Provinces without waiting for the date of the final settlement. This Budget estimates that our present stock of Securities will have vanished by the end of the financial year but this estimate may turn out to be wrong if any of the uncertain factors become favourable to the finances of the Province. On the other hand, if the situation developes unfavourably, we may have to approach the Central Pakistan Government for a loan, and I have no doubt that they will help if and when necessary.

Our debt Position

14. Our Province is at present liable to pay Rs. 31,48 lakhs on account of loans floated in the market (Rs. 19,09 lakhs) or obtained from the Central Government (Rs. 12,39 lakhs). At the end of the financial year, the debt liability is likely to be Rs. 31,32 lakhs.

15. In summing up the position of our interim financial accounts, I would once again emphasise that the general picture of our finances is by no means gloomy. We have borne a terrific strain and have borne it well We have not as yet tested or sounded the resilience and flexibility of our national body-politic, which by all indications is capable of heroic effort and development. As the improvement in the law and order situation is maintained our present revenue Receipts will beyond doubt increase, the estimates of which in the Finance Secretary's Memorandum, have deliberately been kept at a low level. This in itself may to a fair extent reduce the estimated deficit. With progress in rehabilitation and the consequent decrease in expenditure on refugees, and such reductions as the general improvement in the situation will permit in the persent inflated Police expenditure, we shall soon be in a position to balance our Budget, But we do not by any means intend to remain at this pedestrian and static level. The new energies released by the long-sought freedom of our people, the awakened democratic effort of a nation determined to find its honoured place amongst the industrious and prosperous countries of the world, the progressive conquest of the shackles of long years of slavery and the tragic circumstances in which our liberty was born, all these will in no distant future permit us to embark on ambitious expansion schemes—whether they be to improve and mechanise our agricultural methods, and system of tenure, or to explore new sources of power and unearth as yet undiscovered mineral wealth, or to quicken and intensify the pace of our industrialisation, which will enable us very largely to increase the size of our future budgets on both the Receipt and the Expenditure sides.

16. Before I conclude I would like to record my appreciation of the hard work which has been put in by the Finance Department under the able guidence inspired by a true partiotic zeal of our Finance Secretary, Mr. H. A. Majid. He has helped to retain orderliness in the administrative machinery at a time when things were dislocated beyond measure. He has received the fullest assistance from his subordinates and I take this opportunity of expressing my indebtedness to them for discharging their onerous work in a successful manner.

17. I wish to record my tribute to the valuable help which we have received from Mr. M. B. Ahmad, who has worked as Accountant-General, West Punjab, since the inception of Pakistan. His charge has been extraordinarily heavy and he has carried out his duties with vigilant care and in a cheerful manner.

Sir, I beg to present the Budget for the post-Partition period of the year 1947-48. (*cheers*).

The Assembly then adjourned till 9 a.m. on Thursday, the 8th January, 1948.

Din Muhammadi Press, Lahore.

26

WEST PUNJAB LEGISLATIVE ASSEMBLY.

FIRST SESSION OF THE 1ST WEST PUNJAB LEGISLATIVE ASSEMBLY.

Thursday, 8th January, 1948.

The Assembly met in the Assembly Chamber at 9 a.m. of the clock. Mr. Speaker in the Chair.

OATH OF OFFICE.

The following Members were sworn in :—

Syed Mohi-ud-Din Lal Badshah.

Mian Muhammad Ibrahim Barq.

PANEL OF CHAIRMEN.

Secretary : Under Rule 10 (1) of the Assembly Rules of Procedure the Hon'ble Speaker has nominated the following gentlemen to form the Panel of Chairmen for the current session of the Assembly :—

1. Rana Abdul Hamid Khan.
2. Sirdar Barkat Hyat Khan.
3. Lt. Col. Sirdar Muhammad Nawaz Khan.
4. Chaudhri Salah-ud-Din.

HOUSE COMMITTEE.

Secretary : Under Rule 141 of the Assembly Rules of Procedure The Hon'ble Speaker has nominated the following members to constitute the House Committee for the current session of the Assembly :—

1. Sirdar Ata Muhammad Khan.
2. Syed Naubahar Shah,
3. Begum Salma Tasadduque Hussain.
4. Chaudhri Muhammad Husain Chatha.

The Deputy Speaker, when elected, will be the ex-officio Chairman of this Committee.

LEAVE OF ABSENCE.

Mr. Speaker : I have received an application for leave dated the 5th January 1948 from Makhdumzada Haji Syed Muhammad Raza Shah Jilani, M.L.A., which reads as follows :—

I am suffering from acute kidney pain and unable to attend the meetings of the Assembly.

The question is

That the permission asked for be granted.

The motion was carried.

Mian Muhammad Nurullah : On a point of order.

There are some questions for the 5th January. They have not been asked. The first hour is for questions.

Mr. Speaker : I do not think there are any questions for to-day.

RESOLUTIONS.

Mian Muhammad Nurullah : I have a resolution in my name.....

سید محی الدین لال بادشاہ

جناب عالی ! میں ایک امر ضابطہ کی طرف توجہ دلانا چاہتا ہوں - یہ فیصلہ ہوا تھا - کہ اسمبلی کی زبان اردو ہوگی - صاحب سپیکر نے بھی اور آنریبل ممبر نے بھی انگریزی میں بولنا شروع کر دیا ہے - کیا اس کے متعلق کوئی دوسرا فیصلہ ہوا ہے ؟

صاحب سپیکر

ابھی تک قطعی فیصلہ نہیں ہوا - کیونکہ پیشتر اس کے کہ آپ باقاعدہ طور پر یہ کہیں کہ اسمبلی کی زبان اردو ہوگی - اس بات کا ایوان میں فیصلہ ہونا چاہیئے - پارٹی میٹنگ میں فیصلہ ہوا تھا - لیکن اس کا اطلاق یہاں نہیں ہو سکتا - اور اگر کوئی ممبر زیادہ اچھے طور پر انگریزی میں اظہار خیالات کر سکتے ہیں - تو انہیں روکا نہیں جا سکتا -

Mian Muhammad Nurullah (Toba Tek Singh, Muhammadan, Rural) :

میاں محمد نور اللہ

جناب عالی ! مجھے خوشی ہوئی ہے کہ آج صاحب سپیکر بھی اردو میں بولے - اس سے پہلے سپیکر اردو میں نہیں بولتے تھے - میں عرض کروں گا کہ اردو پنجابی کی پھوپھی سی ہو جائے گی - اور وہ تو میں کر ہی دوں گا - لیکن جو ریزولیوشن اس وقت زیر غور ہے - وہ انگریزی میں چھپا ہوا ہے - پہلے میں اسے پڑھ کر سناؤں گا - ازاں بعد اگر آپ نے فرمایا تو اردو میں بولوں گا - میرے نام کے سامنے یہ ریزولیوشن درج ہے -

> This Assembly recommends to the Goverement that an enquiry committee consisting of four members of this House and three non-members including at least two refugee members from the East Punjab be appointed to inquire and report into the irregularities committed by officials in the matter of rehabilitation of refugees from the East Punjab.

جناب عالی ! یہ جو میں نے تعداد دی ہے - اس پر ضروری نہیں ہے کہ زور دیا جائے - تعداد آپ جو چاہیں - جیسے چاہیں - یا جیسے گورنمنٹ چاہے مقرر کر دے - میں نے یہ ایک عرض کی ہے - اور اپنے بھائیوں سے آنریبل ممبروں سے درخواست کی ہے - کہ نان آفیشل دن کے لئے ہم ہمیشہ چلاتے رہے ہیں اور سابقہ گورنمنٹ نے ہمیشہ غیر سرکاری دن دینے سے انکار کیا - اپنی گورنمنٹ جب آگئی تو انہوں نے یہ انتظام کیا ہے اور غیر سرکاری دن مقرر کر دیا ہے - لیکن مجھے اپنے بھائیوں سے اس بات کا گلہ ہے کہ اس دن میں دس ریزولیوشن آسکتے تھے

دس نام بیلٹ میں آ سکتے تھے۔ میں نے دیکھا کہ جب میں نمبر لینے آیا تو اور کوئی نمبر نہیں تھا۔ میں نے اپنا نمبر لیا اور چلا گیا۔ اگر دس ریزولیوشن آ جاتے تو آپ سب اپنے خیالات کا اظہار کرتے اور اس سے گورنمنٹ کو بہت فائدہ ہوتا کیونکہ ہماری غرض یہ ہے کہ ہم اپنی تکلیفات سنائیں جن کا ہمیں احساس ہے۔ کیونکہ کئی باتیں ایسی ہیں جو گورنمنٹ کے نوٹس میں نہیں آئیں اور جو بہت ضروری ہیں۔ اگر ایسا ہوتا تو میرے خیال میں بہت اچھا ہوتا۔ اور بڑا فائدہ ہوتا۔

اب اس کے بعد مجھے آپ کے سامنے کئی ایسی باتیں رکھنا ہیں۔ جن سے ظاہر ہوگا کہ کئی نقائص رہ گئے ہیں۔ اور جو اب بھی دور ہو سکتے ہیں۔ اگر Rehabilitation کے وہ نقص اب بھی درست کر دیئے جائیں۔ تو پھر لا انتہا فائدہ ہو سکتا ہے۔ مثال کے طور پر میں عرض کرتا ہوں کہ ہر ایک ضلع میں ہزاروں کی تعداد میں اور کئی اضلاع میں لاکھوں کی تعداد میں ابھی تک ہمارے وہ بھائی جو مشرقی پنجاب سے آئے ہوئے ہیں بیٹھے ہیں اور ان کے لئے وہ کام جو وہ چاہتے ہیں۔ یا کوئی وہ کام جس پر ان کو لگایا جائے۔ مہیا نہیں ہو سکتا۔ ہمارا اولین فرض ہے کہ ہم اس سلسلے میں اپنے خیالات کا اظہار کریں اور ایسے طریقے سوچیں جن سے وہ جلد سے جلد اپنے کام پر لگ جائیں اور ہمارے صوبہ پر ان کی وجہ سے جو بوجھ ہے وہ دور ہو جائے۔ اور ان کو جو تکالیف ہیں وہ بھی رفع ہو جائیں۔ جو لوگ کام کرنا چاہتے ہیں۔ اور نہیں کر سکتے۔ وہ باقاعدہ کام پر لگ جائیں۔ اس سے صوبہ خوشحال ہو جائے گا۔ اور یوں بھی یہ بات نہایت ضروری ہے کہ ان لوگوں کو جلد سے جلد بسایا جائے اور جو کام وہ کر سکتے ہیں ان سے لیا جائے۔

آپ کو معلوم ہے کہ پندرہ اگست کے بعد نئی پاکستان سٹیٹ بننے پر جو حالات پیدا ہوئے۔ جن کے ماتحت ہمارے بھائی مشرقی پنجاب سے آئے۔ اب ان کو دہرانے کی ضرورت نہیں۔ وہ خون میں بہتے ہوئے آئے اور انہوں نے اتنی تکالیف برداشت کیں کہ ان کا اندازہ نہیں ہو سکتا۔ کوئی ماں آئی ہے تو اس کا بچہ نہیں آیا۔ کوئی عورت آئی ہے۔ تو اس کا خاوند نہیں آیا۔ اور اگر کوئی خاوند خوش قسمتی سے آ گیا ہے تو اس کی بیوی نہیں آئی۔ غرض اس قدر تکالیف پیش آئی ہیں۔ کہ آپ اور میں ان کو بخوبی جانتے ہیں۔ اس لئے میں اس پر زیادہ زور نہیں دینا چاہتا۔ لیکن یہاں آ جانے پر بھی کئی افسروں کی غفلتوں اور سستیوں کی وجہ سے ان کو ایسی ایسی مصیبتوں سے دو چار ہونا پڑا کہ جن کا تفصیل کے ساتھ ذکر کرنا ناممکن ہے۔ کئی واقعات سننے میں آئے۔ اب ان کی تفصیل میں جانے کی ضرورت نہیں۔ وہ وقت گزر گیا۔ اب ہمارے لئے مناسب یہی ہے۔ کہ ہم ایسی تدبیر اختیار کریں۔ جس سے وہ جلد از جلد اپنے اپنے کام پر لگائے جا سکیں۔ اگر آپ غور کریں تو اس کے دو تین طریق ہیں۔ میں نے اس کے لئے جو ریزولیوشن پیش کیا ہے۔ اس کے دو تین حصے ہو سکتے ہیں۔ میں سفارش کروں گا۔ کہ آپ اس ریزولیوشن کے دو حصے کر دیں۔ ایک حصہ ان اشخاص کے لئے جو وہاں

[Mian Muhammad Nurullah]

زراعت کرتے تھے۔ اور جنہیں یہاں بھی زراعت کرنا ہے۔ اور جن کے لئے زراعت کے سوا کوئی ذریعہ معاش نہیں۔ جن کے باپ دادا یہی کرتے آئے ہیں۔ اور جن کا پشت در پشت کام ہی یہی ہے۔ یہی کرتے ہیں اور یہی کر سکیں گے۔ دوسرا حصہ اُن اشخاص کے لئے جنہوں نے زراعت کبھی نہیں کی اور نہ کرنا چاہیں گے۔ وہ تجارت کریں گے۔ اُن کے لئے فیکٹریاں چاہئیں۔ اُن کے لئے کارخانے چاہئیں۔ ان کے لئے تجارت کے اور شعبے چاہئیں جن سے وہ روزی کما سکیں اور اپنا پیٹ پال سکیں اور ہمارے لئے بھی فائدہ مند ہوں۔ تاکہ وہ آباد ہو کر ملک کی پروڈکشن کو اتنا بڑھائیں کہ وہ بھی خوش حالی کی زندگی بسر کر سکیں اور آپ کی گورنمنٹ کو بھی اتنا روپیہ وصول ہوتا رہے کہ آپ گورنمنٹ کے کام کو اچھی طرح چلا سکیں۔ آپ نے دیکھا ہوگا۔ کہ جو بجٹ پیش ہو چکا ہے۔ وہ خسارے کا بجٹ ہے بجٹ ساڑھے سات مہینے کا ہے۔ جو مارچ تک ختم ہو جائے گا۔ اس میں بھی پانچ کروڑ روپیہ کا خسارہ ہے۔ یہ نقصان اور یہ خسارہ جو پیش ہوا ہے یہ روزانہ نہیں ہوگا کیونکہ population کا اس قدر exchange ایک ہی دفعہ ہوتا تھا۔ مگر اس پر بہت خرچ آیا ہے۔ لیکن اگر آپ نے ان کو ایک مرتبہ بخوبی آباد کر دیا۔ تو پھر آپ کا خرچ دوبارہ اس طرح نہیں ہوگا۔ یہ ایک extra-ordinary خرچ ہے۔ اس کے بعد ہمیں چوری کوشش کرنی چاہیئے کہ extra-ordinary خرچ کبھی نہ ہو اور ہمارا ordinary revenue اور ہمارا ordinary خرچ برابر ہو جائے۔ تاکہ ہم صوبہ کو خوش حال بنا سکیں اور finance بھی sound رہے۔

اب جو تجویزیں میں پیش کروں گا۔ وہ اس امر پر مبنی ہوں گی۔ کہ کس طرح آپ کا صوبہ خوش حال ہو سکتا ہے۔ اور کس طرح آپ اس کا انتظام خوشحالی سے چلا سکتے ہیں اور زیادہ سے زیادہ آمدنی پیدا کر سکتے ہیں۔ اور کس طرح یہ غریب زمیندار بھی خوش رہ سکتے ہیں۔ جب میں لائل پور گیا تو وہاں جا کر دیکھا کہ کئی باتیں باقاعدگی سے نہیں ہو رہیں۔ آپ صاحبان اپنے اپنے حلقہ میں جاتے رہتے ہیں۔ آپ نے دیکھا ہوگا کہ کئی باتیں ایسی ہوتی ہوں گی جو آپ نہیں چاہتے ہوں گے اور اگر اس طریق سے جس طرح سے ہوا ہے نہ ہوتا۔ بلکہ اور طریق سے ہوتا۔ تو شاید ان لوگوں کے لئے اور گورنمنٹ کے لئے زیادہ مفید ہوتا۔ پہلی دفعہ جب میں لائل پور گیا۔ تو ابھی گورنمنٹ کی طرف سے زمینوں کی allotment شروع نہیں ہوئی تھی۔ کیونکہ ڈپٹی کمشنر کے پاس عملہ تھوڑا تھا۔ ڈپٹی کمشنر نے کام کی زیادتی کو دیکھتے ہوئے زراعتی کالج لائل پور کے ذمہ دار اصحاب کو اپنے ساتھ شامل کر لیا۔ زراعتی کالج والوں نے کیمپ بھی کھول دیا۔ اور allotment بھی شروع کر دی اور وہ لسٹ ڈپٹی کمشنر کو بھیج دی۔ غالباً مال افسر کو نہیں بھیجی۔ اس کے بعد مال افسر آئے تو انہوں نے ڈپٹی کمشنر کے پاس بیٹھ کر سکیم بنائی۔ میں واپس لاہور آ گیا۔ اور میں نے بھی ایک سکیم بنائی جس کے بیس اکیس points تھے۔ وہ سکیم لے کر میں rehabilitation کمشنر کے پاس گیا۔ اور اُن سے اس معاملہ میں تبادلہ خیالات کرتا رہا۔ میں نے کہا کہ میں اس طرح چاہتا ہوں اور اس کے نتیجہ میں آپ کا کام جلد ہو جائے گا۔ اس کے بعد میں نے یہ سکیم ٹائپ کر کے اس کی ایک نقل مال افسر صاحب

کو بھیجی اور ایک ڈپٹی کمشنر صاحب کو۔ میں نے اپنے طور پر یہ سکیم سوچی تھی کہ یہاں جب آئے گی۔ تو ایک ہی community آئے گی۔ ہمارا فرض ہے۔ کہ ہم اُن کو جگہ دیں۔ یہ نہیں ہو سکتا کہ ہم اُن کو روک دیں۔ اور وہ بیل گاڑیوں پر اپنے خاندان کو لئے کبھی گجرات جائیں اور کبھی گوجرانوالہ اور پھر واپس لاہور آ جائیں۔ بلکہ چاہیئے تو یہ کہ اُن کے لئے سنٹرل پالیسی بنائی جائے۔ اور جو بھی زمیندار آئے اس کو بتایا جائے کہ تمہیں فلاں جگہ جانا ہے۔ تمہارے لئے ملتان میں فلاں گاؤں میں فلاں رقبہ اراضی مقرر کر دیا گیا ہے۔ یا تمہیں لائل پور میں فلاں گاؤں میں اتنی زمین دی گئی ہے۔ تم وہاں چلے جاؤ۔ اس کے بعد میں لائل پور واپس آ گیا۔ لاہور میں مسلم لیگ کونسل کے اجلاس میں جب یہ موضوع زیر بحث آیا تو شیخ کرامت علی صاحب نے فرمایا۔ کہ ہوشیار پور اور جالندھر کے زمینداروں کو جو اچھے کاشتکار ہیں ضلع لائلپور میں زمینیں دیں گے۔ گورنمنٹ نے یہ پالیسی طے کی ہو گی۔ مجھے اس کا علم نہیں تھا۔ اور میں نے وہ اسکیم باوجودیکہ مجھے اس کا علم نہ تھا۔ خود بنائی تھی۔ بہرحال اب جب میں دوبارہ لائل پور گیا اور اپنے بھائی حافظ صاحب کے گھر میں گاؤں کی طرف کے گیٹ سے داخل ہونے لگا۔ تو میرے اردگرد بہت سی عورتیں اور مرد اکٹھے ہو گئے۔ اور کہنے لگے۔ کہ ہم امرتسر سے آئے ہیں۔ اور فلاں شیشم کے درخت کے نیچے ہم نے ڈیرا لگایا ہوا ہے۔ میں نے کہا میں آپ لوگوں کی باتیں سننے کے لئے تیار ہوں۔ دو چار آدمی میرے ساتھ آ جائیں۔ دو چار آدمی آ گئے۔ اور انہوں نے کہا کہ ہم امرتسر سے آئے ہیں۔ ہم کو کالج کی authorities نے زمینیں دی تھیں۔ ہم زمینوں پر قابض ہو گئے اور ہم نے سابقہ فصلوں کی نگرانی بھی کی اور ان کو فروخت بھی کر رہے تھے۔ اور ہر چیز کی اچھی طرح نگہبانی بھی کر رہے تھے کہ اچانک کل پولیس نے آ کر ہمیں دھمکانا شروع کر دیا کہ یہاں سے چلے جاؤ اور آج ہمیں نکال بھی دیا ہے۔ رات کے نو بج گئے ہیں۔ اور کرفیو لگا ہوا ہے اور ہم یہاں باہر پڑے ہیں۔ انہوں نے یہ بھی کہا کہ پولیس والوں نے ہماری ایک عورت کو ہتھکڑی لگا لی۔ میں نے کہا سوچ کر بات کرو۔ غلط بات مت کہنا۔ کیونکہ مجھے یہ باتیں ذمہ دار افسروں کو کہنا ہیں۔ اگر یہ غلط نکلیں تو مجھے شرمندہ ہونا پڑے گا۔ لیکن وہ اپنے لہجے میں وہی کہتے رہے جو کہ وہ پہلے ہی کہہ رہے تھے۔ وہ بہت گھبرائے ہوئے تھے۔ میں نے اس کی تحقیقات کی۔ یہ کسی حد تک غلط بھی تھی۔ لیکن اگر غلط بھی ہو تو یہ تو صحیح نہیں کہ جو زمینیں کسی کے نام allot ہو چکی ہیں۔ وہ اُن سے چھین لی جائیں۔ وہ زمینیں انہی کے پاس رہنی چاہئیں۔ کیونکہ اس طرح ان کو نکال دینے سے آئندہ فصل کو نقصان پہنچے گا۔

اگرچہ غلط یا صحیح یہ ان کے نام الاٹ ہو چکی ہے۔ اب یہ اراضی جو زمینداروں کو دی جا چکی ہیں۔ ان کے پاس ہی رہنے دینی چاہئیں۔ میرے ساتھ ایک فوجی افسر

[Mian Muhammad Nurullah]

تھا یعنی آپ کی اپنی فوج کا افسر وہ کہنے لگا کہ میری اتنی ذلت آج تک نہیں ہوئی جتنی کہ اب اس allotment کے بارہ میں ہوئی ہے۔ یہ بہت بری بات ہے۔ اگر یہ الاٹ منٹ غلط طور پر ہوئی ہے تو اس کی سزا ڈپٹی کمشنر۔ مال افسر اور اس سب کمیٹی کو ملنی چاہیئے جو کہ اس الاٹ منٹ کے لئے ذمہ دار ہے۔ نہ کہ مہاجرین کو۔ اس فوجی نے ایک بڑے افسر کے سامنے یہ کہہ دیا کہ سزا تو ان کو ملنی چاہیئے جنہوں نے غلطی کی ہے اور ہمیں نہیں براہ کرم تمام افسران کو بلالیں اور ایک گھنٹہ بحث کریں اور یہ فیصلہ ہو جائے کہ آپ کس کو زمین دیں گے اور کس کو نہیں دیں گے۔ تاکہ وہ سب آئندہ غلطی نہ کریں یہ وہ قصہ ہے۔ میرے پاس یہ لسٹ (فہرست) موجود ہے۔ ۴۵ گاؤں میں آدمی بٹھائے جا چکے ہیں۔ اگر آپ غلطی کریں گے۔ اور پہلے ایک گاؤں کے لوگوں کو اٹھائیں گے۔ پھر دوسرے اور تیسرے گاؤں کے لوگوں کو اٹھائیں گے۔ تو یقیناً اس طرح فساد کا اندیشہ ہوگا۔ وہاں پولیس جائے گی اور خون خرابہ ہوگا۔ اور وزارت کے لئے مصیبت آجائے گی۔ کوئی نہ کوئی پالیسی یا کوئی نہ کوئی اصول ضرور طے کر لینا چاہیئے تھا۔ میں معزز ممبران کی خدمت میں یہ عرض کرتا ہوں۔ کہ اگر ضلع کے پانچ یا چھ افسر ڈپٹی کمشنر۔ مال افسر ریونیو اسسٹنٹ۔ تحصیلدار وغیرہ وغیرہ بیٹھ کر یہ فیصلہ کر لیتے کہ کس طرح الاٹ منٹ کرنا ہے۔ کس کو کرنا ہے۔ اور کس کو نہیں کرنا تو اس طرح وہ مصیبت پیدا نہ ہوتی جو کہ اس طرح پیدا ہوئی۔ خیر اس وقت میں نے اپنے ملازم کو بلایا اور اسے کہا کہ ان آدمیوں کو روٹی وغیرہ کھلانا صبح دیکھا جائے گا۔ دوسرے دن ایک چھکڑے پر ایک شخص میرے پاس لایا گیا جسے چوٹیں وغیرہ آئی ہوئی تھیں۔ میں نے ان سے پوچھا کہ کیا قصہ ہے۔ تو مجھے بتایا گیا۔ کہ دوسرے گاؤں کے آدمیوں نے اسے مارا ہے میرے کہنے کا یہ مطلب نہیں ہے۔ کہ گورنمنٹ نے غلطی کی ہے افسران نے کی ہے انصار نے کی ہے۔ اور مہاجرین نہیں کرتے۔ وہ بھی غلطیاں ضرور کرتے ہیں۔ ان کو بھی ایسا نہیں کرنا چاہیئے۔ لیکن حکومت اور افسران کو بھی ان کا ضرور خیال رکھنا چاہیئے۔ کیونکہ اس وقت وہ تکلیف میں ہیں۔ جیسا کہ میں نے عرض کیا میرے پاس چھکڑے پر ایک شخص لایا گیا جسے بہت سی چوٹیں وغیرہ آئی ہوئی تھیں بدقسمتی سے یہ اسی الاٹ منٹ کی وجہ سے آئی ہوں گی۔ جو ۴۵ چک کے سلسلہ میں ہوئی تھی۔ غلطی افسران کرتے ہیں۔ اور نزلہ بیچارے غریب مہاجرین پر گرتا ہے۔ یہ دیکھ کر مجھ سے نہ رہا گیا۔ اور میں نے کہا کہ افسران کا فرض ہے۔ کہ وہ ان مہاجرین کو جن کو نکالا گیا تھا جگہ دیں۔ لیکن اس بات کے متعلق ایک بڑے افسر اور مجھ میں اختلاف تھا۔ میں یہ کہتا تھا۔ کہ جب ایک دفعہ افسران نے الاٹ منٹ کر دی ہے۔ ہو سکتا ہے کہ اس وقت کسی مہاجر نے ناجائز طور پر الاٹ منٹ کرا لی ہو۔ یا کسی ایسے شخص کے نام پر الاٹ منٹ ہو گئی ہو۔ جو ابھی تک وہاں نہ پہنچا ہو میں اس سے انکار نہیں کرتا۔ کہ ایسا ہوا ہوگا۔ لیکن اس کے بارہ میں بہتر یہی تھا۔ اعلیٰ افسر بھی ان کو اسی جگہ پر رہنے

دیتا۔ کیوں کہ انہوں نے وہاں جا کر فصلوں وغیرہ پر قبضہ کیا اور کسی کو ان کو وہاں سے نکالنے کا حق نہیں تھا۔ اگر بفرض محال ان کو نکالا بھی گیا تھا۔ تو ان کا فرض تھا کہ پہلے ان کو دوسری جگہ پر آباد کرتے۔ مجھے افسوس کے ساتھ کہنا پڑتا ہے۔ کہ میرے پاس جو لوگ آئے وہ اگر ۱۴۰۰ نہیں تو کم از کم ۱۲۰۰ ضرور تھے اور ان میں سے ۷۰ آدمی میرے پاس آئے ہوئے تھے۔ اب سردار شوکت حیات خاں لائل پور پہنچے۔ انہوں نے وہاں پہنچ کر چار دن شب و روز کام کیا۔ اور جس قدر کام کیا وہ بہت اچھا کیا۔ جو لوگ باہر بیٹھے تھے انکو وہاں سے اٹھا کر پناہ کی جگہ میں بٹھا آئے۔ اب اس سے کتنی ہی جانیں بچ جائیں گی۔ میں سارے صوبہ کے افسروں سے اپیل کرنا چاہتا ہوں کہ وہ ایسا ہی کریں جیسے کہ سردار صاحب نے کیا ہے۔ ابھی ایسے بہت سے اشخاص ہیں جو سڑکوں پر خستہ حال پڑے ہیں۔ اور لائلپور میں ڈیڑھ دو لاکھ کے قریب لوگ ایسے ہیں جو کیمپوں میں اور سڑکوں پر پڑے ہیں۔ پھر جیسا کہ میں نے عرض کیا ہے۔ ۱۲۔ ۱۴ سو کے قریب ایسے لوگ ہیں۔ جنکو پہلے آباد کر کے اُن اراضیات سے بے دخل کر دیا گیا ہے اور وہ بھی باہر سڑکوں پر خراب ہو رہے ہیں اور ان میں ۱۴ سے ۱۶ موتیں ہو چکی ہیں۔ ان میں بہت سی عورتیں بھی تھیں۔ ساری تو نہیں ہو سکتیں جن کو کہ ہتھکڑی بھی لگائی گئی تھی۔ لیکن ایک کو کسی نہ کسی وجہ سے ضرور لگائی گئی تھی۔ جب یہ لوگ میرے پاس آئے تو میں نے ان سے کہا کہ سچی بات کہنا انہوں نے کہا کہ وہ تو لکھ کر دینے کے لئے تیار ہیں۔ اور ان کی عرضی لکھی ہوئی میرے پاس موجود ہے۔ اس میں صاف طور پر یہ لکھا ہے۔ کہ ۱۵ یا ۱۶ افراد سردی کی تکلیف سے فوت ہو گئے۔ اگر ان ۱۴ یا ۱۵ سو آدمیوں کو کسی دوسری جگہ پر آباد کر دیا جاتا تو ان کے یہ لوگ نہ مرتے۔ زمینیں تو اس وقت تھیں کیونکہ اس وقت فسادات ہوئے صرف ایک مہینہ ہوا تھا ان کو بڑی آسانی سے دوبارہ آباد کیا جا سکتا تھا۔ ان میں ۱۶ موتوں کا واقع ہو جانا افسوس کی بات ہے۔ اگر مشرقی پنجاب میں دشمن کی شرارت اور بد معاشی سے یا کسی اور وجہ سے ۱۶ سو بھی مر جاتے تو ہمیں اتنا افسوس نہ ہوتا .....

..... جتنا کہ پاکستان میں بچ کر آجانے کے بعد ۱۶ آدمیوں کی موت واقع ہونے سے ہوا ہے۔

اب یہ چٹھی زراعتی کالج والوں نے لکھی ہوئی ہے۔ اور اگر آپ اجازت دیں تو پڑھ کر سناؤں۔ اور اگر نہ دیں تو نہ سہی اس کا لب لباب یہ ہے کہ کالج والے افسر کہتے ہیں کہ ہم نے الاٹ منٹ کی ہے۔ نا جائز الاٹ منٹ نہیں کی۔ اس الاٹ منٹ کی جتنی لسٹیں ہیں ان کی ایک نقل ڈپٹی کمشنر کے پاس بھیج دی اور ایک نقل مال افسر کو بھیج رہے ہیں۔ اس کے بعد آرڈر کیا ہوتا ہے۔

The present allotment may be confirmed but all future allotments be surrendered.

R. A.

[Mian Muhammad Nurullah]

یعنی آج تک جتنی اراضی دی گئی ہے - وہ تو منظور کی جاتی ہے - اور آئندہ جو الاٹ منٹ کی جائے گی - وہ ڈویژنل اسسٹنٹ کے سپرد کر دی جائے - یعنی اس کے بعد ان کی طرف سے کی گئی الاٹ منٹ محض ایک سفارش کی حیثیت رکھیگی - اس بات میں مجھے افسر مذکور سے اختلاف تھا - یہ الاٹ منٹ چاہئے - سچی تھی یا جھوٹی - انہوں نے وہاں جا کر ان زمینوں کو اپنی ملکیت سمجھا اور اب اس کے سلسلہ میں یہ نہیں کرنا چاہیئے تھا کہ زمینداروں کو ۲۰-۲۰ اور ۴۰ - ۴۰ میل سے بلایا جاتا - اور مال افسر اور تحصیلدار اور نائب تحصیلدار آرام سے اپنی کوٹھیوں میں بیٹھے ہوتے - یہ اصول اچھا نہیں -

اس کے بعد دوسری دفعہ جب میں لائل پور گیا تو اس وقت میں نے خیال کیا کہ اب حالت ٹھیک ہو گئی ہوگی - لیکن وہاں گیا تو معلوم ہوا کہ حالت اچھی نہیں - کئی ایک اور نقائص پیدا ہو گئے تھے - میں نے اپنے دوستوں کو اکٹھا کیا سوچنے کے لئے کہ کیا reform ہو سکتی ہے - اور اس سلسلہ میں بحث و تمحیص بھی ہوئی - اب اس کے بعد ایک واقع پیش آیا - ہمارے پرانے Refugee Minister منسٹر صاحب کے تقرر کا اعلان ہوا - ان سے بھی ہمیں بات کرنے کا موقعہ ملا - جب ہمارے دوستوں نے ان کے پاس شکایت کی تو وہ اسے دور نہ کر سکے - ان کا پہلا فرض تھا کہ وہ ان شکایات کو دور کرتے - پھر میں نے ایک سکیم بنائی اور ریفوجی منسٹر صاحب کو بھیج دی - اور خود میں نے ریفوجی کمشنر کو ٹیلیفون کیا اور ۱۷ ستمبر سے لے کر ۱۹ اکتوبر تک انتظار کیا - مگر اس سلسلہ میں کوئی کارروائی نہ ہوئی - وہ تجویز یہ تھی کہ ڈپٹی کمشنر سارے کام چھوڑ دیں - اور دوسرے محکموں کے افسران سب کام چھوڑ چھاڑ کر ایک ہی کام میں لگ جائیں - جیسا کہ سردار شوکت حیات خاں صاحب نے تین چار روز کام کیا - اور سب افسروں کو بلا لیا اور ان سے باز پرس کی اور پھر سب کو اس کام پر لگا دیا - اس طرح میں نے بھی یہ تجویز پیش کی تھی کہ اس وقت Co-operation ، consolidation کا کام زراعت کا کام - جو ڈیشری کا کام غرضیکہ تمام محکمے جو تھے وہ سب اپنے کام چھوڑ کر اس کام میں لگ سکتے تھے - آخر آپ لاہور میں دیکھیں پچھلے ۱۵ consolidation کا کام یہاں کوئی نہیں ہوا - اگر یہ سارے افسر اس کام پر لگ جاتے اور اس وقت میری تجویز پر عمل کرتے تو لوگ اس طرح بیٹھے نہ رہتے - لیکن اب وہ موقع بھی گذر گیا - میرا اندازہ ہے - کہ اس وقت بھی لائل پور میں ۱½ لاکھ سے دو لاکھ تک ایسے مہاجرین ہیں ٹھیک اندازہ نہیں لیکن خواہ وہ دو لاکھ ہوں یا ۱½ لاکھ جو وہاں سڑکوں پر خستہ حالت میں پڑے ہیں - ان کا وہاں بیٹھنا بھی ہمارے لئے خرچ کا باعث ہے - تقسیم سے قبل حکومت کو ۲۹ ضلعوں سے جس قدر مالیہ وصول ہوتا تھا - اس کا ½ حصہ صرف لائل پور سے ہی وصول ہوتا تھا - اور اب تقسیم کے بعد بھی مغربی پنجاب کے تمام اضلاع سے جو مالیہ

وصول ہوگا۔ اس کا ۱/۳ حصہ صرف لائلپور سے وصول ہوگا۔ میں بار بار افسران ضلع لائلپور کو اس کی اہمیت کی طرف متوجہ کرتا رہا۔ کہ یہ اول نمبر ضلع ہے۔ اس سے حکومت کو چار لاکھ روپیہ سالانہ مالیہ وصول ہوتا ہے۔ اگر مہاجرین کو اس میں ٹھیک طور پر آباد نہ کیا گیا۔ اور کھیتی باڑی اچھی طرح نہ ہو سکی۔ تو ایک طرف حکومت کو نقصان ہوگا اور دوسری طرف گندم جو پیدا ہونے کی وجہ سے قحط پڑ جائے گا۔ نتیجہ یہ ہوگا کہ وہ لوگ جو کام کر سکتے ہیں اگر انہیں اس کام پر نہ لگایا گیا تو یا وہ ڈاکو بن جائیں گے۔ یا گداگری اختیار کر لیں گے۔ ان مشکلات سے بچنے کے لئے ہمارا اولین فرض یہ ہے۔ کہ ہم مہاجرین کو اچھی طرح آباد کریں۔

حال ہی میں جب وزیر مال نے لائلپور کا دورہ کیا اور حکام ضلع کو آنکھیں دکھائیں۔ تو انہوں نے صاحب موصوف کو بتایا کہ ۱۱۰ مربع اراضی ابھی ایسی ہے۔ جس کی تقسیم نہیں ہوئی۔ میں حیران رہ گیا کہ لائل پور جیسے ضلع میں صرف ۱۱۰ مربع اراضی باقی رہ گئی ہے۔ دراصل بات یہ ہے۔ کہ افسران بھی زمین دبائے بیٹھے ہیں۔ میرے پاس ایک مہاجر آیا اور کہنے لگا کہ میرے پاس پرمٹ ہے۔ لیکن پٹواری زمین نہیں دیتا حالانکہ ایسی زمینیں بھی ہیں جو تقسیم نہیں ہوئیں (قطع کلامی۔ مہاجرین نہیں ایک مہاجر) اسی طرح لائل پور سے صرف چار میل کے فاصلے پر ایک شخص نے دس مربع اراضی دبا رکھی تھی مال افسر تحصیلدار اور نائب تحصیلدار سب موجود تھے۔ لوگ شکایت کرتے تھے تو وہ سنتے ہی نہ تھے۔ حتیٰ کہ جب سردار صاحب وہاں گئے تو ان کے ڈر سے اسے نکال دیا گیا لیکن وہ ۵۰۰ روپے کی چیز پچاس روپے کو فروخت کر کے تمام فصل ضبط کر گیا۔ ایسی بے ضابطگیوں کو روکنے کے لئے ایک سرکاری اور غیر سرکاری ارکان پر مشتمل کمیٹی بنی چاہیئے۔ جو اس قسم کے قواعد مرتب کرے کہ ایک مہاجر کو یا اس کے خاندان کو اس قدر زمین ملنی چاہیئے۔ انہیں ایک ضلع سے زیادہ اضلاع میں زمین تقسیم نہیں ہونی چاہیئے یا اس چیز کی روک تھام کے لئے قواعد بنائے۔ ایک زمیندار جو دس مربع پر تا جاگیر تا ہے اور جس نے اپنے تانگے والوں یا دیگر ایسے اشخاص میں تقسیم کر رکھا ہے۔ جو کاشتکاری سے ناواقف ہیں۔ اور اس طرح پیداوار میں کمی کا موجب ہو رہے ہیں۔ زمین حاصل نہ کر سکے پھر کمیٹی کو چھان بین کرنی چاہیئے کہ آیا ان کے مرتب کردہ قواعد پر عمل ہو رہا ہے یا نہیں اگر کسی افسر نے ان قواعد سے انحراف کیا ہو۔ کنبہ پروری یا دوست نوازی کی ہو تو اس سے باز پرس کرنی چاہیئے۔ اور اسے سزا دی جانی چاہیئے۔

میں وزیر مال سے ایک اور گذارش کروں گا۔ کہ اس وقت جب کہ گاؤں کے گاؤں خالی ہو گئے ہیں حکومت کو collective farming کا سسٹم جاری کرنا چاہیئے۔ تمام اراضی کے لئے ایک منیجر مقرر کر دینا چاہیئے۔ اور باقی لوگ اجرت پر کام کریں۔ تمام منافع برابر تقسیم کیا جائے۔ اس سے لوگ زیادہ خوش حال ہو جائیں گے اور خرچ کم ہوگا۔ ورنہ بصورت دیگر تو خواہ کسی کے پاس چار ایکڑ اراضی ہو یا دو ایکڑ ہر ایک کو دو بیل ضرور رکھنے پڑتے ہیں۔ خرچ دونوں کا برابر ہوتا ہے۔ لیکن آمدنی میں بمقابلہ دو بیل زمین کمی و بیشی ہوتی ہے۔

[Mian Muhammad Nurullah]

اگر آپ نے پہلے اس طرف توجہ دی ہوتی تو بہت سی مشکلات جو ہمیں اس وقت پیش آ رہی ہیں۔ بآسانی حل ہو جاتیں۔ مگر اس وقت نہ لیڈروں نے ادھر توجہ دی اور نہ وزرا صاحبان نے۔ اگر اُس وقت کم از کم یہ تجربہ کر لیا جاتا تو خلقت اگرچہ دس لاکھ کی تعداد میں بھی آتی تو بھی ہم انہیں نہایت خوش اسلوبی سے کھانے پینے کے لئے دے سکتے اور ان سے ٹیکس بھی پورے وصول کرتے۔ لیکن خیر۔ اب میں آپ کے سامنے وہ باتیں پیش کرتا ہوں۔ جو میں نے مہاجرین کی موجودہ حالت کو بہتر بنانے کے متعلق سوچی ہوئی ہیں۔ سب سے پہلے تو وزیر مالیات کو ایک سرکلر جاری کرنا چاہیئے کہ مختلف ضلعوں کے دورہ کے بعد وہ اس نتیجہ پر پہنچے ہیں۔ کہ سرکاری افسر حتیٰ کہ افسرانِ اعلیٰ سے لے کر پٹواریوں تک نا جائز زمین دبائے بیٹھے ہیں۔ بلکہ پٹواری صاحبان سے زیادہ زمین دبا رکھی ہے۔ اور زیادہ بدعنوانیوں کے مرتکب ہو رہے ہیں۔ چند یوم کا ذکر ہے۔ میرے پاس کچھ مہاجرین آئے اور کہنے لگے کہ جس گاؤں کی ہمیں پرچی ملی ہے۔ وہاں وہی پٹواری ہے۔ جو اس گاؤں میں تھا۔ جہاں سے ہم ہجرت کر کے آئے ہیں۔ مگر وہ بھی ہم سے سو روپیہ مانگتا ہے۔ افسروں کے پاس جاؤ وہ نہیں سنتے۔ ان آئی۔ سی۔ ایس افسروں سے تو ہمیں سب سے بڑا گلہ یہ ہے۔ کہ صبح ۸ ر ۹ بجے تک، جب انہیں ملنے جاؤ یہی جواب ملتا ہے۔ ابھی غسلخانہ میں ہیں۔ حالانکہ اب کام کرنے کا وقت ہے۔ یہ کام ہم سب کی کوشش اور ان تھک محنت ہی سے پایۂ تکمیل کو پہنچ سکتا ہے۔ بہت بدعنوانیاں ہوئی ہیں۔ افسروں نے بھی کیں باہر سے آنے والوں نے بھی بہت کچھ کیا۔ یہاں کے انصار نے بھی کیا۔ انہیں اب ان کا تدارک کرنا ہے۔ (وزیر مالیات: میں آئندہ اجلاس میں رشوت بل پیش کر رہا ہوں) ہاں رشوت بل بھی منظور ہو رہا ہے۔ تلاشیاں بھی ہو رہی ہیں۔ ہم سب کو یہ کام شروع کرنا چاہیئے میں سب سے پہلے اپنے آپ کو پیش کرتا ہوں۔ ہر ایک کو چاہیئے کہ ایمان داری سے کہہ دے کہ یہ چیز پہلے میرے پاس تھی۔ اب پاکستان کا مال ہے۔ ہر ایک حلف اٹھائے کہ میرے پاس یہ چیزیں ہیں۔ آپ کی مرضی پر منحصر ہے۔ رہنے دیں یا واپس لے لیں (ایک آواز: ہم لے لیں گے)

صاحب پسپیکر: محترم ممبر نصف گھنٹہ سے زیادہ تقریر کر چکے ہیں۔

میاں محمد نور اللہ: یہ پہلا انتباہ ہے۔ مجھے ابھی دو منٹ اور متنبہ کیجئے۔

صاحب پسپیکر: اپنی تقریر جاری رکھئے۔ مگر ذرا اختصار سے کام لیجئے۔

میاں محمد نور اللہ: مہربانی۔ شکریہ۔ تو جناب میں یہ کہہ رہا تھا کہ وزیر مالیات کو ایک سرکلر جاری کرنا چاہیئے۔ اگر وہ اعلان کر دیں کہ جس افسر کے پاس اتنی زمین ہوئی (کوئی مقدار مقرر کر دیں) وہ اپنے آپ کو برخاست سمجھے۔ پٹواری ہو یا نائب تحصیلدار یا تحصیلدار مثلاً سو ایکڑ نائب تحصیلدار کے لئے اور دو صد یا اڑھائی صد تحصیلدار کے لئے اور پھر جس کے پاس سے اتنی زمین نکل آئے اسے یکم ظلم برخاست کر دیا جائے۔ ایک دفعہ ایک قاعدہ مقرر کر دیں اور پھر اس پر پورا پورا عمل درآمد کریں۔ پھر کسی کی رُو رعایت نہ ہو۔ جو سزا اس

سرکلر میں مقرر کر دیں۔ اس پر عمل کریں۔ خواہ کوئی بڑا افسر ہو یا چھوٹا۔ اس سے لوگوں کی شکایات دُور ہو جائیں گی۔ اور حکومت کو اس سے فائدہ ہی ہوگا۔ کوئی نقصان نہیں ہوگا۔

اب میں دوسری طرف آتا ہوں۔ بہت سے ذمہ دار عہدوں پر ایسے افسر مقرر کر دیئے گئے ہیں جو اہل نہیں۔ جنہیں Technical Knowledge نہیں۔ میں آنریبل وزیر سے درخواست کرتا ہوں۔ کہ وہ صرف ایسے لوگوں کو ذمہ دار عہدہ پر مقرر کریں۔ جو ان محکمے اہل ہوں جو Technical Knowledge رکھتے ہوں۔ تاکہ صوبہ کا نقصان نہ ہو۔ مثلاً اگلے روز یہاں آگ لگ گئی اور ۲۵ لاکھ کا نقصان ہو گیا۔ وجہ یہ تھی کہ وہاں ایسی چیزیں رکھ دی گئی تھیں جو آتش گیر تھیں۔ اسی طرح میو سکول آف آرٹس میں اس قسم کی آتش گیر چیزیں رکھ دی گئیں۔ اگر خدا نخواستہ وہاں آگ لگ جاتی تو وہاں آرٹ کی بہت سی قیمتی چیزیں تھیں۔ پاس ہی میوزیم تھا۔ ہمارا بہت سا نقصان ہو جاتا۔ لیکن متعلقہ افسر بعد میں یہ کہہ دیتے۔ ہمیں علم نہ تھا۔ کہ یہ اشیاء آتش گیر ہیں۔ ہمارے پاس قابل آدمیوں کی کمی نہیں۔ اس طرف سے ایسے لوگ یہاں آئے ہوئے ہیں۔ جو وہاں نو سو روپے ماہوار پاتے تھے۔ اور ادھر ۷۵ یا ۱۲۰ یا ۱۵۰ کی ملازمتیں تلاش کر رہے ہیں۔ لاتعداد قابل آدمی اس دفتر اور دوسرے دفتروں میں دھکے کھاتے پھرتے ہیں۔ مثلاً حکومت نے سینماؤں کی تقسیم اس طرح کی ہے۔ کہ ایسے لوگوں کو سینما مل گئے ہیں۔ جنہیں ان کا نہ تجربہ ہے اور نہ ان کو چلانے کی قابلیت۔ اگر ان کی تقسیم صحیح طور پر ہوتی تو ایک ایک سینما میں کئی لوگ حصہ دار بنائے جا سکتے تھے۔ جس سے بہت سے خاندانوں کا معقول گزارہ چل سکتا تھا۔ اور ہزارہا روپیہ بطور ٹیکس بھی وصول ہو جاتا۔ اور بھی ایسی کئی مثالیں ہیں۔ لیکن میں ان سب کا ذکر کر کے بات کا بتنگڑ نہیں بنانا چاہتا۔ بات یہ ہے کہ بہت سے سینما غیر مستحق آدمیوں کو دیئے گئے ہیں۔ مجھے ایک شخص نے بتایا کہ فلاں سینما کو پانچ ہفتوں میں ۷۲ ہزار کی آمدن ہوئی۔ ۷۲ ہزار نہ ہوگی تو ۶۵ ہزار تو ضرور ہوگی۔ اگر سینماؤں کا صحیح انتظام کیا جاتا تو صرف لاہور سے اڑھائی لاکھ روپے کی آمدنی ہو سکتی تھی۔ (وزیر خزانہ: غلط ہے) میں ثابت کر دوں گا۔

جناب والا۔ اس کے بعد جو بات مجھے عرض کرنا ہے وہ فیکٹریوں کے بارے میں ہے۔ اس ضمن میں سینما کا قصہ بھی درمیان میں آ گیا ہے۔ سینما کی الاٹمنٹ کے بارے میں بھی بڑی بے انصافی ہوئی ہے۔ اور وہ غیر مستحق لوگوں کو دیئے گئے ہیں۔ حکومت کو چاہیئے کہ ان کو اپنے قبضے میں لے لے اگرچہ میں اس کے حق میں نہیں ہوں مگر میرا خیال ہے کہ اگر حکومت ان کو اپنے قبضے میں لے کر چلانے کی کوشش کرے تو اس مد سے ہزارہا روپیہ وصول ہو سکتا ہے۔ بعض حالتوں میں یہ بھی دیکھنے میں آیا ہے۔ کہ سینما کی الاٹمنٹ تو ہو چکی ہے۔ مگر اس کا قبضہ ابھی تک نہیں دیا گیا۔ اس کی مثال لاہور کا وہ نیا سینما ہے۔ جس کا نام اوڈین ہے۔ وہ راگنی پارٹی کو دینے کا فیصلہ تو کبھی کا ہو چکا ہے۔ مگر اس کا قبضہ ابھی تک نہیں دیا گیا۔ وہ ویسے ہی بند

[Mian Muhammad Nurullah]

پڑا ہے۔ خیر میں اس کی تفاصیل میں پڑنا نہیں چاہتا۔

جناب والا۔ اب میں فیکٹریوں کو لیتا ہوں۔ فیکٹریوں کے متعلق میری یہ گذارش ہے کہ اس صوبے کی بیشتر فیکٹریاں مہاجرین میں تقسیم تو کی جا چکی ہیں۔ مگر ان کے قبضے ابھی تک متعلقین کو نہیں دیئے گئے۔ اس کا نتیجہ یہ ہوا ہے۔ کہ لوگوں میں بیکاری دن بدن زیادہ ہوتی جا رہی ہے۔ میرا مقصد تو صرف یہ ہے۔ کہ ان کے قبضے فوراً دے کر انہیں کھولا جائے تاکہ کاریگر لوگ اپنے اپنے کام پر لگ جائیں۔ ہم دیکھتے ہیں جالندھر۔ لدھیانہ۔ ہوشیارپور۔ امرتسر۔ اور گورداسپور کے لوگ جو صنعت پیشہ تھے۔ ہمارے صوبے میں بکثرت پہنچ چکے ہیں۔ انہیں کام پر لگانا اور ان کے لئے روزی مہیا کرنا ہماری حکومت کا فرض ہے۔ میں سمجھتا ہوں کہ اس وقت صوبے کی صنعتوں کو ترقی دینے کا ایک سنہری موقع ہے۔ اگر حکومت کو واقعی اس صوبے کی صنعت و حرفت سے ہمدردی ہے تو اسے چاہیئے کہ ایسے صنعت کار لوگوں کو فوراً کام پر لگانے کا انتظام کرے۔

اس کے علاوہ یہ بھی دیکھنے میں آیا ہے۔ کہ دوبارہ آباد کرنے کا کام بالکل غیر تسلی بخش ہے۔ بحالی کے کام کے لئے جہاں تک میرا خیال ہے کوئی سکیم نہیں تیار کی گئی۔ میں نے پہلے بھی عرض کیا ہے۔ کہ کاریگروں کو کام پر لگانے کے لئے فوراً تدابیر سوچی جائیں۔ اور انہیں فوراً کام پر لگایا جائے۔ ہم دیکھتے ہیں کہ لدھیانہ کے بیشتر کاریگر ہمارے ہاں پہنچ چکے ہیں۔ وہ اس وقت تک بیکار بیٹھے ہیں حکومت کو ان کے لئے کھڈیوں وغیرہ کا انتظام کرنا چاہیئے۔ اور ہر قسم کا سامان مہیا کرنا چاہیئے۔ اس سے نہ صرف صوبے کی صنعتیں ترقی کریں گی۔ بلکہ بیکاروں کو اپنی روزی کمانے کا موقع بھی مل جائے گا۔

جناب والا۔ میں نے سیالکوٹ دیکھا ہے جسے کھیلوں کے سامان کا مرکز کہا جاتا ہے۔ وہاں کھیلوں کے سامان کی صنعت بڑے وسیع پیمانے پر جاری ہے۔ اسے اور بھی وسعت دی جا سکتی ہے۔ میں نے اس کے متعلق آنریبل وزیر خزانہ سے بھی (جو صنعت و حرفت کے انچارج ہیں) ذکر کیا تھا کہ سیالکوٹ میں کھیلوں کے سامان کی صنعت کو ترقی دینے اور اس سامان کی تجارت کو فروغ دینے کیلئے حکومت اور بنکوں کی طرف سے خاص سہولتیں مہیا کی جانی چاہئیں۔ تاکہ یہ شہر جو کھیلوں کے سامان کا مرکز ہونے کی وجہ سے مشہور ہے۔ اپنی شہرت برقرار رکھ سکے اور پاکستان کی ضروریات پوری کرتا رہے۔ اس کے ساتھ ہی میں یہ بھی عرض کر دوں کہ مہاجرین کی ایک کثیر تعداد کے لئے وہاں کام مہیا کیا جا سکتا ہے۔

جناب والا۔ کارخانوں کی تقسیم کے متعلق میں یہی عرض کروں گا۔ کہ تقسیم کا کام بڑی سرعت سے سرانجام دیا جا رہا ہے۔ ڈائرکٹر محکمہ صنعت و حرفت نہایت ہی محنتی آدمی ہیں۔ وہ دن رات کام کرتے ہیں۔ اور رات کے آٹھ آٹھ نو نو بجے تک دفتر میں بیٹھے رہتے ہیں۔ وہ فائلوں کو پڑھ پڑھ کر بہت گھبرائے رہتے ہیں۔ حکومت کو چاہیئے کہ ان کی مدد کے لئے زیادہ آدمی مقرر کرے۔ اسی ضمن میں میں یہ گذارش بھی کر دوں کہ اگر حکومت کو کارخانے چلانے کے لئے مناسب اور موزوں آدمی نہیں ملتے تو اسے

چاہیئے کہ کارخانے بند نہ رہنے دے - بلکہ خود روپیہ خرچ کرے اور ان کو چلانے کی کوشش کرے - مجھے یقین ہے - کہ ان میں سے بعض ایسے کارخانے ہیں کہ اگر ایک دفعہ ایک یا دو لاکھ روپیہ خرچ کر کے انہیں درست کرایا جائے اور باقاعدہ طور پر چلایا جائے تو ان سے دس دس لاکھ روپیہ ماہوار کی آمدنی ہو سکتی ہے - میں سمجھتا ہوں کہ اگر حکومت میری تجاویز پر عمل کرے تو ہمارے صوبے کی حالت یقیناً بہت جلد بہتر ہو سکتی ہے -

جناب والا - ان تمام امور کے پیش نظر یہ ضروری معلوم ہوتا ہے - کہ ایک کمیٹی بنائی جائے - جو صنعتی اداروں - کارخانوں اور زیر کاشت زمینوں کی تقسیم پر غور کرے اور اس سلسلے میں جو بے قاعدگیاں حکومت کے ملازمین سے سرزد ہوئی ہیں ان کی تحقیقات کرے - مگر اس موقع پر میں یہ بھی عرض کر دوں کہ یہ کمیٹی اسی حالت میں مؤثر طور پر اپنا کام سرانجام دے سکتی ہے - جب کہ اس کے پاس مکمل اختیارات ہوں - میں چاہتا ہوں کہ اس کمیٹی کو خاص اختیارات دیئے جائیں تاکہ وہ اپنے مقصد میں کامیاب ہونے کے لئے آزادی سے ہر قدم اٹھا سکے - اور اس کے راستے میں کوئی چیز حائل نہ ہونے پائے -

A Scrutinizing Committee be constituted to look into the allotments by the Rehabilitation officers of machinery, factories, shops, business and other sources of income (all cases of allotments except agricultural lands) abandoned by non-Muslims.

جہاں اس کمیٹی کا کام ایک طرف صنعتی اداروں - کارخانوں اور دکانوں وغیرہ کی تقسیم پر غور کرنا ہوگا - وہاں یہ کمیٹی زیر کاشت زمینوں کی تقسیم پر بھی غور کرے گی - مگر یہ دونوں حصے ایک دوسرے سے بالکل علیحدہ علیحدہ ہوں گے - کمیٹی کی تشکیل اس طرح ہوگی -

The Committee shall consist of three members of this House and two members from the East Punjab M.L.As.

اس امر پر میرے بھائی ناصر صاحب بھی زور دینا چاہتے تھے - کہ کمیٹی کے پاس وسیع اختیارات ہونے چاہئیں -

The Committee be empowered to look into all cases of possession whether by allotment through rehabilitation officers or based on voluntary acts of authorization on behalf of the original owners (evacuees) or through unauthorised acts.

The Committee be authorised to take up investigation to satisfy itself that the order has not been made for reasons of corruption and undue favour or that the order is not unconscionable or opposed to public interest or in contravention of any of the instructions issued by Government.

جناب والا ! کئی جگہ ایسا بھی ہوا ہے کہ حکومت کی طرف سے جو ہدایات دی گئی ہیں ان

[Mian Muhammad Nurullah]

پر عمل نہیں کیا گیا۔ لہٰذا میں کمیٹی کو اس قسم کی بے قاعدگیوں پر غور کرنے کے لئے پورے پورے اختیارات دیئے جائیں۔

In case the Committee finds an order unwarranted it be empowered to pass orders of total or partial cancellation of the order as it thinks fit.

میں سمجھتا ہوں کہ جب تک یہ کمیٹی بالکل خود مختار نہ ہوگی۔ اس کے ممبران صحیح جذبے سے کام نہیں کر سکیں گے۔ اگر کمیٹی مذکور محض دکھاوے کے طور پر بنائی جاتی ہے۔ اور اس کی رپورٹیں حکومت کے پاس پہنچ کر داخل دفتر ہو جاتی ہیں۔ تو پھر اس قسم کی تجویز پیش کرنا ہی لاحاصل ہے۔ اور کمیٹی کا معرض وجود میں آنا بالکل بے سود ہوگا۔ ایسی حالت میں اس کے ممبران بھی اپنے فرض سے بطریق احسن عہدہ برآ نہیں ہو سکیں گے جناب والا۔ پاکستان بن چکا ہے۔ اس وقت ہمارے سامنے سب سے اہم مسئلہ مہاجرین کو آباد کرنے کا ہے۔ میں سمجھتا ہوں کہ جب تک حکومت اس کمیٹی کو پورے پورے اختیارات دے کر اس کام کو سرانجام دینے کا پورا پورا تہیہ نہ کرے گی۔ مہاجرین کی حالت کبھی بہتر نہیں ہو سکتی۔

جناب عالی۔ میرے نوٹس میں یہ بات بھی آئی ہے کہ مہاجرین جو لاکھوں کی تعداد میں دوسرے صوبوں اور مقامات سے ہمارے ہاں پہنچے ہیں یہاں اور بھی مظلوم بنائے گئے ہیں۔ بہت سے لوگوں نے انہیں دوکانوں مکانوں اور فیکٹریوں وغیرہ کی امیدیں دلا کر ان سے ان کا بچا کھچا سرمایہ بھی ناجائز طور پر چھین لیا ہے۔ بیشتر حالتوں میں تو یہ سارے کا سارا روپیہ پیسہ ہی ہضم کر لیا گیا۔ مگر بعض استثنائی صورتوں میں انھوں نے مہاجرین سے کافی سے زیادہ روپیہ وصول کرنے کے بعد ایسی چیزوں کے حصول میں ان کی مدد کی۔ بعض لوگوں نے ناجائز طور پر ہندوؤں اور سکھوں کی زمینوں پر قبضہ کر کے ان کی سپرداریاں حاصل کرنے کی کوشش بھی کی۔ میں سمجھتا ہوں کہ اگر اس قسم کی بے اعتدالیاں جاری رہیں تو حکومت کا خزانہ جسے اس وقت روپے کی سخت ضرورت ہے۔ بہت جلد خالی ہو جائے گا۔

جناب والا۔ ہم جانتے ہیں۔ کہ یہ سب بے اعتدالیاں گذشتہ یونینسٹ حکومت کے حواریوں اور مددگار لوگوں کی وجہ سے رونما ہوئی ہیں۔ اگرچہ یونینسٹ پارٹی ختم ہو چکی ہے۔ اور اب تو اس کا نام لینا بھی قدرے معیوب معلوم ہوتا ہے۔ تاہم میں سمجھتا ہوں کہ ایسے لوگوں کو اس قسم کی بدعنوانیوں سے اب یعنی مسلم لیگ کے عہد حکومت میں پرہیز کرنا چاہیئے۔ اور اپنی گذشتہ بدکرداریوں کو چھوڑ دینا چاہیئے۔ ان لوگوں کے علاوہ حکومت کے بعض ایسے افسر بھی ہیں جنہوں نے حکومت پاکستان کی ایسے کٹھن وقت کوئی مدد نہیں کی۔ بلکہ الٹا رشوت ستانی سے اپنے ہاتھ رنگے ہیں ان کے متعلق تحقیقات کی جانی چاہیئے اور جن کے خلاف جرم ثابت ہوں۔ انہیں سخت سزائیں دینی چاہئیں یا ملازمت سے علیحدہ کر دینا چاہیئے۔ کمیٹی مذکور کو اس سلسلے میں بھی مکمل اختیارات دیئے جانے چاہئیں۔

The Committee be also empowered to pass orders for the refund of any monies unjustifiably obtained by any allottee or any other person in collusion with him and to pay an equivalent of any advantage unduly obtained through the unjustifiable order.

ہمارے نوٹس میں یہ امر بھی آیا ہے ۔ کہ بعض افسروں کی بے قاعدگیوں کی وجہ سے پاکستان اور مسلمان قوم کو بہت نقصان پہنچتا ہے ۔ کمیٹی مذکور کو اس سلسلے میں بھی سفارشات کے لئے اختیارات دیئے جائیں ۔

The Committee be further empowered to report to Government the conduct of any Government servant who has systematically or habitually conducted himself in an objectionable, unreasonable or unwarranted manner in case no definite case of corruption is made out against him. Immediate action be taken on the report of the Committee against such Government official.

جناب والا ۔ ان الفاظ کے ساتھ میں اپنی تقریر ختم کرتا ہوں ۔ مجھے امید ہے کہ آپ متفقہ طور پر ضرور میری تجاویز پر عمل کریں گے ۔ آخر میں میں دعا کرتا ہوں کہ یہ حکومت مہاجرین کو جلد از جلد آباد کرنے میں کامیاب ہو ۔

Mian Muhammad Nurullah : Sir, I beg to move—

"That this Assembly recommends to the Government that an enquiry committee consisting of four members of this House and three non-members including at least two refugee members from the East Punjab be appointed to inquire and report into the irregularities committed by officials in the matter of rehabilitation of refugees from the East Punjab."

Mr. Speaker : The resolution moved is —

"That this Assembly recommends to the Government that an enquiry committee consisting of four members of this House and three non-members including at least two refugee members from the East Punjab be appointed to iuquire and report into the irregularities committed by officials in the matter of rehabilitation of refugees from the East Punjab."

Minister of Revenue : (The Hon'ble Sirdar Shaukat Hyat Khan) :

Sir, I beg to move —

"That in lines 4-5 between the words "the" and "irregularities" the word "alleged" be inserted."

Mr. Speaker : The question is —

That in lines 4-5 between the words "the" and irregularities" the word "alleged" be inserted.

The motion was carried.

Chaudri Nasar Din (North-Sialkot Muhammadan, Rural) :

چودھری ناصر دین

جناب والا میرے معزز دوست میاں نور اللہ نے جو قرارداد پیش کی ہے اس میں انہوں نے یہ وضاحت نہیں کی کہ بے ضابطگیوں اور بدعنوانیوں کی پڑتال کیسے کی جائے گی۔ پیشتر اس کے کہ میں کچھ اور کہوں مجھے یہ واضح کرنا ہے کہ وہ بے ضابطگیاں جو (Rehabilitation) کے کام میں ہوتی ہیں کس سے ہوئی ہیں اور بدعنوانیاں کرنے والے کون تھے۔ پھر یہ وضاحت کرنا ہے کہ مہاجرین اور انصار کی تعریف کیسے کی جانا چاہئے۔ دوسری بات یہ عرض کرنا ہے کہ ہم اس ایوان کے ارکان حکومت پر زور دیں کہ سوائے اُن مہاجرین کے جو مشرقی پنجاب سے یا مشرقی پنجاب کی ریاستوں سے آتے ہیں اور کسی کو مغربی پنجاب سے چلے جانے والے غیر مسلموں کے مکان دکانیں اور صنعتی ادارے نہ دئے جائیں ہمیں آج اس ایوان میں یہ بھی دیکھنا ہے کہ وہ کون کون سی بے ضابطگیاں اور بدعنوانیاں ہیں جن کے متعلق تحقیقات کرنا ہے۔ جب تک یہ اسمبلی فیصلہ نہ کرے کہ پڑتال کی واقعی ضرورت ہے اور وہ اس امر کا مطالبہ کرے کہ کوئی مکان دکان صنعتی ادارہ یا جائداد جو غیر مسلم چھوڑ گئے ہیں وہ سوائے مہاجرین کے کسی کو نہ دی جائے گی اس وقت تک ایوان سے باہر ہونے والی بدعنوانیاں نہیں رُک سکتیں۔

میرے دوست میاں محمد نور اللہ نے لائل پور کی داستانیں بہت سنائی ہیں حالانکہ ان کے قیام کا زیادہ عرصہ لاہور میں گزرا تھا۔ بہرحال میاں صاحب کا فرض تھا کہ وہ اس اسمبلی کو یہ بھی بتاتے کہ مغربی پنجاب کے دارالخلافہ میں کیا کیا بدعنوانیاں ہوئی ہیں اور یہ بھی بتا دیتے یا اس امر پر بھی روشنی ڈال دیتے کہ اگر مفصلات میں بے ضابطگیاں ہوئی ہیں تو کیا دارالخلافہ میں ہونے والی بدعنوانیوں کی وجہ سے ہوئی ہیں (تالیاں) میاں صاحب نے اپنی تقریر کا زیادہ حصہ جیسا کہ میں پہلے عرض کر چکا ہوں لائل پور یا چک ۴۵ کے ذکر پر ختم کر دیا۔ وہ اپنی تقریر کے دوران میں بتاتے رہے کہ فلاں فلاں بدعنوانیوں کی اطلاعات مفصلات سے آئی ہیں مگر انہوں نے یہ نہیں فرمایا کہ لاہور میں کون کون سے برسر اقتدار لوگوں نے مہاجرین کا حصہ غصب کیا ہوا ہے مجھے تعجب ہے آپ حضرات برسر اقتدار لوگوں کا نام لینے سے کیوں گھبراتے ہیں۔ آپ جرأت سے کام کیوں نہیں لیتے۔ اگر ہم اس معزز ایوان کے ارکان ہی جو کہ غالباً پبلک کے نمائندے ہیں یہاں آکر ایسے امور کا اظہار کرنے سے گھبراتے ہیں اور اس حد تک گھبراتے ہیں کہ کسی کا نام لینا بھی نہیں چاہتے تو میں کہوں گا کہ پھر اس وزارت کو مغربی پنجاب کی وزارت ہی کیوں نہیں کہہ لیتے۔ فرق ہی کیا رہا اگر آج بھی ویسا ہی دورِ حکومت ہے اور ویسی ہی بدعنوانیاں جاری ہیں جو سابقہ دورِ حکومت میں تھیں۔ شاید میرے معزز دوست کسی خاص وجہ سے مثالیں پیش کرنے سے گھبراتے ہوں گے۔ شائد ممبران کے احترام کی وجہ سے نام نہیں لیتے ہوں گے۔ اگر وہ یہ ظاہر کر دیتے کہ کس بڑے آدمی نے مہاجرین کے حقوق پر چھاپا مارا ہے تو بات صاف ہو جاتی۔ انہوں نے غالباً کسی بہت بڑے پریس پر نون اینڈ سنز پینٹنگ ایجنٹس لکھا دیکھا ہے یا شائد انہیں یہ معلوم ہوا ہے کہ عطر چند کپور پرنٹنگ پریس کے سلسلہ میں بھی کسی بزرگ ہستی کا نام لیا جاتا ہے۔ مجھے نہایت افسوس سے کہنا پڑتا ہے کہ یہاں کے رہنے والوں کا یہ فرض تھا کہ ہمیں اصل بدعنوانیاں بتاتے اخبارات پر یہ فرض عائد ہوتا تھا کہ وہ ہمیں آگاہ کرتے کہ دارالخلافہ میں کیا کیا

بے ضابطگیاں اور بدعنوانیاں ہو رہی ہیں۔ جناب والا جب تک مغربی پنجاب کے وزارت داخلہ کی بھائی کا خاتمہ نہیں ہوگا اصلاح کی اصلاح نہیں ہو سکے گی۔ میں اس سلسلہ میں یہ بھی عرض کر دینا ضروری سمجھتا ہوں کہ جب ہم میں سے کئی ممبران نے اپنے اثر و رسوخ سے کئی اشخاص کو منتخب ادارے لے کر دیئے ہیں تو پھر کسی پر انگشت نمائی کرنا کہاں تک جائز ہے جب تک ہم لوگ ہی بے غرض نہ ہوں گے ہماری وزارت کسطرح بے غرض ہو سکتی ہے۔ (تالیاں) اگر ہم ممبران اپنے اللہ اور اپنے رسولؐ کو حاضر و ناظر جان کر اپنے دلوں سے عہد کر لیں کہ ہم مہاجرین کا حصہ غصب نہیں کریں گے اور نہ ہونے دیں گے تو پھر سب بدعنوانیاں دور ہو جائیں گی۔

جناب والا اس وزارت کو تقسیم پنجاب کے بعد کوئی تکلیف نہ ہوتی مگر کیا کیا جائے وزارت پر اس کڑے وقت میں آئی جب تقسیم پنجاب کے ساتھ ہی مہاجرین ہزاروں کی تعداد میں یہاں آنے لگے اور یہ تعداد روز افزوں ہوتی چلی گئی مہاجرین کی حالت ناگفتہ بہ تھی۔ لاکھوں کی تعداد کو سنبھالنا پڑا۔ چنانچہ جب کسی افسر سے امداد کے لئے کہا جاتا تو جواب یہی ہوتا تھا کہ یہ ذمہ داری نبھائی نہیں جا سکتی۔ بہر حال آج ایوان میں کھلے لفظوں میں اُن بدعنوانیوں کا ذکر ہو رہا ہے جو مہاجرین کے حقوق پر ڈاکہ ڈالنے کے سلسلہ میں ہوتی رہی ہیں اور جس میں بڑے بڑے آدمیوں کے ہاتھ بھی رنگے ہوئے ہیں اگرچہ اُن کے نام بے نقاب نہیں کئے گئے۔ لہذا میں پھر یہی عرض کروں گا کہ تحقیقاتی کمیٹی ضرور بٹھایئے مگر ایسی کمیٹی کے بنانے سے کیا حاصل جبکہ ہم یہ معلوم نہیں کر سکیں گے کہ مہاجر کون ہے۔ لہذا سب سے پہلے ہمیں یہ دیکھنا ہے کہ کون مہاجر کہلا سکتا ہے؟ مہاجرین کی کیا تعریف ہے؟ آخر مہاجرین کون ہیں جن کے متعلق ہمیں تحقیقات کرنا ہے کہ فلاں افسر نے اُن سے زیادتی کی اور فلاں نے اپنے فرض کی انجام دہی میں بے ضابطگی برتی۔

جیسا کہ میں پہلے عرض کر چکا ہوں پہلا سوال یہی پیدا ہوتا ہے کہ مہاجر کی تعریف کی جائے۔ یوں معلوم ہوتا ہے کہ مہاجر کی تین قسمیں ہیں۔ ایک وہ جن کا مشرقی پنجاب میں کاروبار تھا۔ ایک وہ جن کی تعداد بہت کافی ہے جو وہاں کے رہنے والے تھے۔ ایک وہ جو رہنے والے یہیں کے تھے مگر تجارت یا انڈسٹری کا کام وہاں کرتے تھے شاید بعض معزز ارکان یہ تعریف کریں کہ وہ مہاجر کہلا سکتا ہے جس کی ۸۰ فیصدی جائداد مشرقی پنجاب میں رہ گئی ہو مگر یہ فیصلہ کرنے کے لئے کہ کس کی ۸۰ فیصدی اور کس کی ۲۰ فیصدی جائداد وہاں رہ گئی ہے ہم کسی نتیجہ پر نہیں پہنچ سکیں گے لہذا یہ ضروری معلوم ہوتا ہے کہ حکومت پہلے مہاجر کی تعریف کرے اور زیر بحث کمیٹی کو بتائے کہ مہاجر کون ہو سکتا ہے اور اُس کی تعریف کیا ہے۔ پھر کمیٹی فیصلہ کرے کہ صحیح مہاجر کون ہے اور اصل امر کا پتہ لگائے کہ صحیح مہاجرین کو ہی جو مشرقی پنجاب سے آئے ہیں دکانوں مکانوں اور جائدادوں میں حصہ دیا جائے اور انصار کو اُس جائداد میں سے جو غیر مسلم چھوڑ گئے ہیں قطعاً کوئی حصہ نہ دیا جائے۔ تو حضور والا! اب رہا افسروں کا سوال جو ہمارے ضلعوں میں تعینات ہیں۔ انکے جو رشتہ دار دور دور سے آئے ہوئے ہیں انہیں اکٹھا کر لیتے ہیں اور شہر کے اردگرد کی جائدادیں اور باغات انکے لئے لے لیتے ہیں۔ اس کمیٹی کا یہ بھی فرض ہے کہ عوام جو مطالبہ کر رہے ہیں اور ہمارے اخبار اور ہمارے لیڈر اخبارات میں اور پریس کانفرنسوں میں جو اعلان کرتے ہیں کہ ہم Nepotism کو ختم کر دیں گے اسے پورا کرے۔ وہ ختم کرنے کا اعلان تو کرتے ہیں لیکن یکسان کی فی الواقع یہ خواہش ہے اور وہ Nepotism کو ختم کرنا چاہتے ہیں تو پھر اس کمیٹی کو اختیار ہونا چاہئے کہ یہ نیپوٹزم۔ طرفداری اور رکنبہ پروری جہاں کسی افسر نے کی ہو اسے

روک دے۔

پھر جناب والا! میاں محمد نور اللہ صاحب نے اپنی قرارداد میں جو اضافہ کیا ہے وہ ابھی تک پیش نہیں کیا گیا۔ انہوں نے خود تو پڑھ لیا ہے لیکن اسے اسمبلی میں پیش نہیں کیا گیا۔ اور وہ یہ ہے کہ اس کمیٹی کو صرف رپورٹ کرنے والی کمیٹی نہ سمجھا جائے بلکہ اسے یہ اختیارات دیئے جائیں تاکہ اگر وہ مناسب سمجھے تو وہ غلط کاریاں۔ غلط کام یا غلط اقدام جو افسران نے کئے ہیں اور وہ غلط کاریاں جو ہمارے ممبران نے اپنے اثر و رسوخ کو استعمال میں لاتے ہوئے افسروں سے کرائی ہوں cancel کر سکے۔

اب جناب والا! میں آپ کی وساطت سے آنریبل وزیر اعظم کی خدمت میں یہ گذارش کرتا ہوں کہ وہ جب اس کمیٹی کو مقرر کریں تو اس میں ان حضرات کو شامل کریں جن کے متعلق ان کو اطمینان ہو کہ انہوں نے کسی الاٹ منٹ میں حصہ نہیں لیا۔ انہوں نے کوئی سیٹھا نہیں لیا (نعرہ ہائے تحسین) کوئی صنعتی ادارہ نہیں لیا (نعرہ ہائے تحسین) اور انہوں نے کسی لوٹ مار میں حصہ نہیں لیا۔ یہ ہم آنریبل وزیر اعظم پر چھوڑتے ہیں کہ وہ اس بات کا خیال رکھیں۔ کل کو اگر آنریبل وزیر اعظم نے ہمیں یہ کہا کہ وہ کمیٹی تو ہم نے بنائی تھی لیکن انہوں نے فلاں ادارہ دیا ہوا تھا۔ ہم کیا کریں تو ہم ان کی یہ بات سننے کے لئے ہرگز تیار نہیں ہوں گے۔ (خوب۔ خوب) اور اگر اس کمیٹی کی تشکیل میں غلط قسم کے آدمی لے لئے گئے تو اس کے لئے آنریبل وزیر اعظم خود ذمہ دار ہوں گے (خوب۔ خوب)

جناب والا! ان الفاظ کے ساتھ میں آپ کی اجازت سے اپنی نشست پر بیٹھتا ہوں۔

Khan Abdus Sattar Khan Niazi (Mianwali North, Muhammadan, Rural): Sir, I beg to move :—

"That in line 5 between the words "officials" and "in" the words "and non-officials" be inserted."

خان عبدالستار خاں نیازی

صدر محترم! آپ کے سامنے جو تجویز ہے میں نے اس میں یہ ترمیم پیش کی ہے کہ جہاں بھی سرکاری افسران کے خلاف تحقیقات ہو وہاں غیر سرکاری لوگوں کے خلاف بھی ہونی چاہئے۔ جو ریزولیوشن آپ کے سامنے میاں صاحب نے پیش کیا ہے اس کی حمایت سے اور اس کی ضرورت سے کسی کو انکار ہو سکتا ہے۔ ایوان میں اس کی تائید صدق دل سے کی گئی ہے۔ اس کی تائید میں چودھری ناصر دین نے جو تلخیصانہ اور مجاہدانہ تقریر کی ہے اس سے مجھے بڑی خوشی حاصل ہوئی ہے۔ علامہ اقبال مرحوم کا ایک شعر ان کے اس جملے پر کے مطابق ہے۔

آئین جوانمرداں حق گوئی و بیباکی
اللہ کے شیروں کو آتی نہیں روباہی

یقیناً ہم میں سے وہ ممبران جو یہاں موجود ہیں وہ یہاں اس لئے نہیں ہیں کہ شکم پروری

کریں۔ وہ اس لئے نہیں ہیں کہ اقتدار حاصل کریں اور نہ ہی ان کا مقصود محض کنبہ کی پرورش ہے۔ وہ یہاں اس لئے ہیں کہ اس گورنمنٹ کے نظام کی تطہیر کریں۔

دس سال مسلسل ہم کو ایک ایسی گورنمنٹ کی خواہش رہی جو ہماری الگ حکومت ہو۔ اور اسلامی ضابطہ حیات کے مطابق ہو۔ ہم نے پاکستان کا مطالبہ اس لئے کیا تھا ۔ کہ ہماری تہذیب الگ ہے۔ ہمارا تمدن الگ ہے اور ہماری ثقافت الگ ہے۔ اور اسی لئے ہم الگ ہیں اور ہمیں الگ ملک چاہیئے۔ لیکن آج ہمیں جو اختیارات ملے ہیں کیا ہم صرف یہی چاہتے تھے؟ کہ ان اختیارات کے ذریعہ حکومت جتائی جائے۔ غریبوں پر ظلم کیا جائے۔ اور تکبر و رعونت کے ساتھ قوم کے افراد کو ٹھکرایا جائے۔ آج نہ صرف آفیشل طبقہ بلکہ ساری اُمت کی حالت یہ ہے کہ متاع قومی کو لوٹ رہا ہے پاکستان کی دولت برباد کر رہا ہے ہر ایک کو یہی فکر لاحق ہے کہ جتنا حصہ کمزور کا ہو وہ لوٹ لے اور اُمت کا جتنا مال ہڑپ کر سکتا ہو اور کھا سکتا ہو ہڑپ کر لے اور کھا جائے قوم کی یہ حالت دیکھ کر مجھے علامہ اقبالؒ کا وہ شعر یاد آتا ہے جس میں اس قسم کی حالت کا تذکرہ ہے۔ یعنی

کھل گئے یاجوج اور ماجوج کے لشکر تمام
چشم مسلم دیکھ لے تفسیر حرف ینسلون

پولیس میں خرابیاں ہیں۔ اور ان خرابیوں کو دور کرنے کے لئے مولوی مقرر کئے جا رہے ہیں۔ بھلا ان شیطان نفسوں کو مولوی کیسے ٹھیک کر سکتے ہیں (قہقہہ) اس لئے میرا خیال ہے کہ آپ اس چیز کی طرف توجہ دیں۔ جو فساد کی جڑ ہے دیکھیں کہ فساد کہاں پر ہے۔ خرابی کہاں ہے۔ نقص کہاں ہے۔ اگر آپ چاہتے ہیں کہ یہ خرابیاں اور یہ فساد ختم ہو جائیں تو آپ کو یہ دیکھنا ہوگا کہ فساد کہاں سے پیدا ہو رہا ہے۔ اس کی جڑ کونسی ہے اور ان خرابیوں کا منبع کہاں ہے۔ اس تشخیص مرض کے بعد آپ اس قابل ہو سکیں گے کہ علاج کر سکیں۔ میرے خیال میں علاج یہ ہے کہ اپنا اپنا انداز فکر بدل لیں سچے دل سے دین کے خادم اور اسلام کے وفادار بن جائیں۔ اور وزیر ہوں تو اس لئے کہ خدا کے احکام بجا لائیں آپ وزیر مقرر کرتے ہیں۔ جانتے ہو وزیر کے کیا معنی ہیں وزیر کے معنی ہیں بوجھ اٹھانے والا حضرت موسیٰؑ نے جب درخواست کی تھی کہ اے رب العالمین میرے ساتھ میرے بھائی ہارون کو وزیر مقرر کر دے تو اس لئے نہیں کی تھی کہ بڑی بڑی جاگیریں بنا لیں۔ کوٹھیاں بنا لیں بلڈنگوں کے نام پر امیریاں کریں اس لئے نہیں کی تھی کہ ان کو سیکڑوں آدمی سلام کریں۔ بلکہ انہوں نے اللہ تعالیٰ کے حضور میں اپنے بھائی کی وزارت کا سوال کرنے کی یہ غرض و غایت بتائی تھی۔ فرمایا کَیْ نُسَبِّحَكَ ۝ وَنَذْكُرَكَ كَثِيرًا (سورہ طٰہٰ) ترجمہ اے اللہ میرے ساتھ میرے بھائی ہارون کو وزیر بنا دے۔ تاکہ ہم تیرے نام کو پوری ذمہ داری سے اچھال سکیں۔ تبلیغ کر سکیں۔ قوم کی اصلاح کر سکیں اور گمراہ لوگوں کو راہِ راست پر لا سکیں۔ لیکن یہاں وزیر بھلے کا یہ مطلب لیا جاتا ہے کہ جاگیریں کیسے حاصل کی جائیں کارخانے کیسے قابو کئے جائیں کوٹھیوں پر کیسے قبضہ کیا جائے۔ اپنے عزیزوں کو نوازنے کے طریقے سوچے جاتے ہیں۔ پبلسٹی کا محکمہ اس غرض کے لئے کھولا جاتا ہے۔ ان وزیروں کو کیا احساس ہو سکتا ہے اُن مصیبت زدہ مہاجرین کی تکلیف کا۔ یہ اپنی کوٹھیوں میں بیٹھے عیش کرتے ہیں۔ مہاجرین لاکھوں کی تعداد میں

[Khan Abdus Sattar Khan Niazi]

بے آب و گیاہ میدانوں میں آسمان کی کھلی چھت کے نیچے بس کڑاکے کی سردی کے عالم میں ٹھٹھر ٹھٹھر کر دم توڑ رہے ہیں۔ جب میں اس مخلوق خدا کو گڈوں پر لدا ہوا میلے کچیلے کپڑوں اور پریشان و خستہ حال چہروں کے ساتھ دیکھتا ہوں تو میرا کلیجہ منہ کو آتا ہے۔ ہمارے وزرا کہتے ہیں کہ ہم کو مہلت نہ مل سکی۔ افسوس حکومت کی ساری مشینری ان کے ہاتھ میں تھی اور سوائے مہاجرین کے مسئلہ کے اور کوئی کام بھی انہوں نے نہیں کیا۔ لیکن ان سہولتوں کے باوجود ہماری وزارت مناسب انتظام نہ کر سکی یہ محض اس لئے کہ یہ لوگ حکومت کی لذتوں کو تو سمجھتے تھے لیکن تلخیوں کو نہیں۔ اس ساری خرابی کی وجہ ہے کہ یہ اینگلو محمڈن ہیں۔ اس لئے اسلامی صلاحیتوں سے عاری ہیں میں آپ کی وساطت سے یہ چیز اس ایوان کے سامنے پیش کرنا چاہتا ہوں کہ سارے فساد اور خرابی کی جڑ یہ ہے کہ ہم نے اپنی جو کوششیں دس سال سے جاری کر رکھی تھیں اس کی بدولت ہم نے اقتدار تو حاصل کر لیا مگر جب یہ اقتدار مل گیا تو پھر اس اقتدار سے کیا کیا گیا؟ کچھ بھی نہیں اب حالت یہ ہے کہ ہم اور ہمارے وزیر اپنے مناصب سے عہدہ برآ نہیں ہو سکتے۔ یہ ایک تلخ حقیقت اور واقعہ ہے کہ جب سے ہمیں حکومت کے اختیار ملے ہیں۔ اس وقت سے آج تک ہمیں صرف مہاجرین کا مسئلہ درپیش رہا ہے۔ اور اس سلسلے میں ایک وزیر کو یہ عہدہ سپرد کیا گیا۔ وہ اس وقت یہاں موجود نہیں ہیں ان کو یہ عہدہ محض اس لئے دیا گیا تھا کہ بحالی مہاجرین کے معاملہ کو احسن طریق پر طے کیا جائے لیکن میاں افتخار الدین صاحب نے ان ذمہ داریوں سے گھبرا کر راہ فرار اختیار کی۔ اور بموجب مثل مشہور نہ ناچ نہ جانے آنگن ٹیڑھا ہر مسئلہ میں میخ نکالنی شروع کی اور انہوں نے خواہ مخواہ بیچ میں ایسی چیزیں ڈال کر کہ مجھے یہ اختیار نہیں دیا جا رہا اور وہ اختیار نہیں دیا جا رہا۔ اس عہدہ سے استعفا دے دیا۔ انہیں چاہیئے تو یہ تھا کہ وہ اپنے فرائض کو سرانجام دیتے اور ہمیں بتاتے کہ انہیں فلاں فلاں اختیار نہیں دیا گیا جس کے باعث وہ اپنے فرائض حسن و خوبی سرانجام دینے سے قاصر ہیں وہ کہتے کہ میرے رستہ میں فلاں فلاں دقتیں ہیں۔ ہم ان دقتوں کو اور ان کے رفقائے کار کی سرد مہریوں کو اپنی پارٹی میٹنگ میں پیش کرتے سارے مسئلہ کی چھان بین ہوتی اور اگر فی الحقیقت وزیر اعظم کی جانب سے دشواریاں پیدا کی گئی تھیں تو پھر ہم وزیر اعظم سے پوچھتے کہ ان کو کیوں یہ اختیار نہیں دیئے گئے؟ ان کو کیوں وہ سہولتیں ہم نہیں پہنچائی گئیں؟ افسوس میاں صاحب نے پارٹی کو اپنی مدد کے لئے نہ بلایا اور غریب مہاجرین کو پریشانیوں اور مصیبتوں کے سمندر کی منجدھار میں چھوڑ کر سستے نعروں کے پیچھے لگ گئے۔ اور اپنی کمزوریوں کو وزیر اعظم کے عدم تعاون کے پردہ میں چھپا دیا اس کے علاوہ دوسری دقت یہ ہے کہ ہماری حکومت کے عمال میں اکثریت ان لوگوں کی ہے جو ماضی قریب میں مسلم لیگ۔ پاکستان اور اسلامی اقتدار کے دشمن تھے۔ یہ بندگان شکم حرص و ہوا کے بندے بن کر غریبوں کو لوٹنے لگے۔ نہ صرف خود لوٹا بلکہ ان پیشنٹوں کو بھی ساتھ ملایا۔ جو اپنی دیرینہ بدعنوانیوں کو لیکر ہماری قوم پر پل پڑے تھے۔ افسوس یہ ہے کہ پیشنٹ وزارت نے جن چاپلوس اور خوشامدی افسروں کو اپنے گرد جمع کر رکھا تھا۔ ہماری وزارت نے بھی انہی خوشامدیوں کو اپنے گرد جمع کر رکھا ہے۔ ایک کے متعلق بھی آج تک سننے میں نہیں آیا کہ معطل کیا گیا یا برخاست ہوا۔ یہ افسر ہمارے وزراء کو اپنی خوشامدانہ اور متملقانہ چالوں میں پھنسا کر اپنا الو سیدھا کر رہے ہیں کفار کی جائداد متروکہ جمع کر کے بیت المال بنا لئے

اور بنام کرنے کے چودھری یہی یونینسٹ بن گئے تر مال خود کھا گئے اور چھلکا پاکستان کے لئے چھوڑ دیا آج ہر ضلع سے جو اطلاعات آتی ہیں یہی ہوتی ہیں کہ جو سپیشل مجسٹریٹ مقرر کئے گئے ہیں وہ سب یونینسٹ تھے۔ آپ نے سب مشینری یونینسٹوں کے ہاتھ میں دے دی ہے اور اُن پر اعتماد کر کے بیٹھ گئے ہیں اگر آپ دشمن کے ہاتھوں میں تمام مشینری دے دیں اور پھر کامیابی کی امید رکھیں تو یہ ایسے ہی ہے کہ بوئیں تو آپ کیکر کا درخت اور امید رکھیں کہ یہ آم کا پھل دے گا۔ آپ اس چیز کا اعلان کر دیں کہ جو عہدیدار ہمارے کام کے اہل نہیں۔ جو عہدیدار ہمارے نظام کی اہمیت۔ ہمارے نظام کے تقدس۔ اور ہماری ملت کے بلند مقاصد کو اپنے سامنے نہیں رکھتے۔ ہم اُن کو کسی صورت میں بھی قبول کرنے کے لئے تیار نہیں ہیں۔ چاہیئے تو یہ تھا کہ حکومت سنبھالتے ہوئے آپ کے پاس پوری مشینری موجود ہوتی لیکن افسوس کہ ایسا نہیں تھا جب وزارت عظمیٰ کے لئے مشینری موجود ہے اور اس کے لئے اپنے پارٹی لیڈر کو آپ نے وزیر اعظم بنا دیا جو صوبہ کا سب سے بڑا حاکم ہے تو دوسرے عہدہ دار اپنی جماعت سے کیوں مقرر نہ کئے ڈپٹی کمشنروں اور پولیس کے عہدہ داروں کے لئے آپ جماعت کے ارکان کیوں مقرر نہ کر سکے۔ وہی دشمن دین و ملت فریقوں کے چھوڑے ہوئے ٹکڑوں کو اپنے سامنے رکھ لیا۔ اور انہی فرسودہ، زنگ خوردہ اور اجیرانہ ذہنیت کے افسروں کو کیوں اپنے عہدہ پر رہنے دیا۔ آپ ان سب کو ہٹا دیتے اور اپنے کام میں وہ لوگ لاتے جن پر آپ اعتماد کر سکتے تھے۔ نیشنل گارڈز کس لئے تھی۔ مسلم لیگ کس لئے تھی اب مسلم لیگ اور نیشنل گارڈز پر اعتماد نہیں ہے فرنگی کی طرح پبلک سے بدستور بعد ہے اور اپنی پبلسٹی اور پروپیگنڈے کی خاطر اور اپنے اقتدار کو قائم رکھنے کے لئے اُن کی بجائے پبلسٹی ڈیپارٹمنٹ کھڑا ہو گیا ہے اب پبلسٹی ڈیپارٹمنٹ کی کیا ضرورت ہے۔ اب صوبہ کا ہر پیر و جوان، مرد و کلاں اور زن و مرد مسلم لیگ کا حامی ہے۔ وزارت کو صوبہ کی کامل تائید حاصل ہے۔ ضلع لیگیں حکومت کے نظام کو مضبوط بنانے کے لئے موجود ہیں۔ نظم و نسق میں تطہیر کے لئے اپنی خدمات پیش کر رہی ہیں۔ تو ان کی مدد لے کر وزارت محکمہ اطلاعات قائم کر سکتی تھی۔ محکمہ انفارمیشن بیورو قائم ہوتا اور ضلع لیگیں اس محکمہ کو صحیح اطلاعات کی فراہمی اور حکومت کی پالیسی اور پروگرام کی نشر و اشاعت کی ذمہ داری اٹھائیں۔ وزارت ان لیگوں کو ضروری امداد دے سکتی تھی۔ ان پبلسٹی افسروں کی ضرورت تو صرف کوٹھی۔ کیونکہ کوئی مسلمان اس کا مویدہ نہ تھا۔ اُس کی تائید صرف ضلع کے افسروں اور پبلسٹی افسروں کے ذریعہ ہوتی تھی۔ ہمیں اس محکمہ کی کوئی ضرورت نہیں ہے۔ اب وقت آ گیا ہے کہ ہم فرنگی کی دو عملی کو ختم کر دیں۔ اور انگریز کے نظام کو اسلامی رنگ دیں اب آپ سب سے پہلے انگریز کے چھوڑے ہوئے نظام کو کلہ پڑھائیں اور اس کے نظام کی چھوڑی ہوئی لعنتوں اور نجاستوں کو دور کریں تب یہ نظام درست ہو گا۔ اس نظام کو درست کرنا آپ کا فرض ہے۔ آپ پر کتنی بڑی ذمہ داریاں ہیں۔ پس آپ کا فرض اولین ہے کہ آپ رسول کریم صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کے مقصد کو سامنے رکھتے ہوئے کام کریں خلفائے راشدین اور تبع تابعین کے اسوۂ حسنہ کو سامنے رکھتے ہوئے ہر مسلمان کے لئے اپنا دروازہ کھلا رکھیں فاروق اعظم نے اپنے ایک گورنر کی ڈیوڑھی کو اس لئے جلا دیا تھا کہ عوام کے حاکم تک پہنچنے میں روک تھی غریب تمہارے دروازوں پر ٹھوکریں کھاتے ہیں۔ تمہاری کوٹھیوں کا طواف

[Khan Abdus Sattar Khan Niazi]

کرتے ہیں لیکن تمہاری زیارت نصیب نہیں ہوتی اس لئے تمہارے لئے بھی ضروری ہے کہ تمہارے دروازے عوام کے لئے کھلے ہوں پھر اسی طرح فاروقِ اعظمؓ اس گورنر کو کہ جس نے ایک بے گناہ غیر مسلم قبطی کو دُرّے لگائے تھے . . . . . برسرِ عام دُرّے لگوانے پر آمادہ ہو گئے تھے جسطرح اس غریب کو گورنر نے دُرّے لگوائے تھے۔ پس جب تک آپ فاروقِ اعظمؓ کی طرح رسول اللہ اور صحابہ کرام کے نقشِ قدم پر نہ چلیں گے اس وقت تک آپ حالات کی صحیح تحقیق نہیں کر سکتے۔ اور آپ ان سڑی مولویوں سے پولیس کے تھانیداروں کی اصلاح نہیں کر سکتے اور حقیقت یہ ہے۔

ہو جن کو ڈوبنا وہ ڈوب جاتے ہیں سفینوں میں

آپ کی اپنی سیرت آپ کے ماتحتوں کو ٹھیک کر دے گی۔ میری ترمیم یہ ہے کہ بھائی مہاجرین کے سلسلہ میں یہ بدعنوانیاں کرنے والے افسروں اور غیر افسروں ہر دو کے خلاف تحقیقات کی جائے پس یہ ammendment ضرور منظور ہونا چاہیئے کہ non-officials کی بھی تحقیق ہو یہ non-officials جو اپنے آپ کو انصار کہتے ہیں یہ اصل میں انصار نہیں ہیں یہ "س" والے انصار ہیں جس کے معنی گدھ کے ہیں مہاجرین کے نام پر اُن کو بڑی بڑی ٹھیکیاں دی جا رہی ہیں سرکاری ملازمین نے ان غیر سرکاری مراعتوں کے ساتھ مل کر نظم و نسق کو ناپاک کیا ہے اور پاکستان کی دولت کو برباد کیا ہے۔ غریب مہاجرین کے حقوق پر ڈاکہ ڈالا ہے۔ اس لئے اگر آپ ان غیر ملازمین کے خلاف تحقیقات نہ کریں گے تو آپ کا نظام بدستور ناکارہ اور برباد رہیگا۔ مجھے علم ہے کہ صوبہ کے بڑے سے بڑے افسر سے لے کر ایک ادنےٰ فرد تک کے ہاتھ ان بدعنوانیوں اور رشوت ستانیوں سے ملوث ہیں۔ بنا بریں میرا مطالبہ ہے کہ ہر بدکار اور غدار کے خلاف تحقیقات کی جائے۔ آپ جب غیر ملازمین کو سزا دیں گے تو آپ کے ملازمین کے رشوت ستانی کے اڈے ختم ہو جائیں گے۔ اس لئے میں اس ایوان سے درخواست کرتا ہوں کہ وہ میری اس ترمیم کو منظور کرلے۔ سب سے پہلے ان کو ٹھیک کیا جانا چاہیئے۔ خواہ وہ M.L.A's ہوں۔ خواہ وہ وزیر ہوں۔ خواہ مسلم لیگ کے عہدہ دار۔ رئیس ہوں۔ جاگیردار ہوں زمیندار ہوں اور خواہ کچھ اور ہوں۔ اگر M.L.A's کو وزیروں کو سربازار کوڑے لگائے جائیں گے تو ہر شخص واہ واہ کہے گا اور لطف آ جائے گا۔ پس non-official کی ضرور انکوائری ہونی چاہیئے تاکہ وہ کیفر کردار کو پہنچیں۔ انہوں نے غریبوں کے نام پر امیریاں کرنے کا ناپاک طریق ایجاد کیا ہے۔ اگر یہ طریق دارالخلافہ میں اختیار کیا جائے تو اس کا اثر باہر بھی پھیلے گا اور زمین ایسے گھناؤنے پھوڑوں سے ناپاک ہو جائے گی اصل بات یہ ہے کہ ہماری قوم کے قائدین اور حاکمین اخلاق اسلامی اور صلاحیت ایمانی سے خالی ہو چکے ہیں۔ سب سے پہلے ہمیں اپنی سیرت درست کرنی چاہیئے۔ عوام بیچارے کیا ہیں۔ وہ تو النَّاسُ عَلٰی دِیْنِ مُلُوْکِھِمْ کے مصداق ہیں آنحضورؐ نے فرمایا ہے۔ اِذَا کَانَ اُمَرَاءُکُمْ اَخْیَارَکُمْ وَاَغْنِیَاءُکُمْ سُمَحَاءَکُمْ وَاُمُوْرُکُمْ شُوْرٰی بَیْنَکُمْ فَظَھْرُ الْاَرْضِ خَیْرٌ لَّکُمْ مِنْ بَطْنِھَا۔ وَاِذَا کَانَ اُمَرَاءُکُمْ اَشْرَارَکُمْ وَاَغْنِیَاءُکُمْ بُخَلَاءَکُمْ وَاُمُوْرُکُمْ اِلٰی نِسَاءِکُمْ فَبَطْنُ الْاَرْضِ خَیْرٌ لَّکُمْ مِنْ ظَھْرِھَا۔ ترجمہ (جب تمہارے حکام نیک ہوں۔ تمہارے دولتمند سخی ہوں اور تمہارے تمام امور باہم مشورہ سے طے ہوں تو دنیا کی سلطنت تمہیں ہی سزاوار

ہے اور جب تمہارے حکام شریر النفس ہوں۔ تمہارے مال دار بخیل اور کنجوس ہوں۔ اور تمہارے امور سلطنت میں عورتیں دخیل ہوں تو تمہاری بلی تباہی اور قومی موت یقینی ہے۔" یہ حدیث آپ کے سامنے ایک معیار ہے۔ اور ایک محک ہے۔ آپ خود فیصلہ کریں کہ کس زمرہ میں آتے ہیں اللہ تعالیٰ ہمیں پہلے زمرہ کے اہل بنائے اور دوسرے زمرہ سے دور کرے۔ آمین

Mr. Speaker : The question is :

" That in line 5 between the words " officials " and " in " the words " and non-officials " be inserted."

Mian Muhammad Nurullah : I accept the amendment.

Rana Abdul Hamid Khan (Pakpattan, Muhammadan, Rural)

رانا عبدالحمید خاں

جناب عالی مجھے میرے دوست چودھری ناصر دین اور عبدالستار خاں نیازی کے بعد یہ موقع ملا ہے کہ اپنے خیالات کا اظہار کروں۔ جس طریق سے ان دوستوں نے تقریریں کی ہیں میں سمجھتا ہوں کہ میرے لئے کوئی موضوع نہیں رہا۔ میں عرض کرتا ہوں کہ جو کمیٹی میاں نور اللہ صاحب نے تجویز کی ہے بالکل درست ہے لیکن میرا سب سے بڑا گلہ اپنے وزراء سے ہے اور وہ گلہ یہ ہے کہ ان اصحاب نے سوائے اس کے اور کچھ کام نہیں کیا کہ لاہور میں پچھلے چار ماہ بیٹھ کر اپنے اندرونی اختلافات کے متعلق مشورہ کرتے رہے۔ ان میں سے کسی صاحب نے یہ تکلیف گوارا نہیں کی کہ باہر نکل کر یہ دیکھیں کہ ان لوگوں کی کیا حالت ہے جو باہر کیمپوں میں سڑ رہے ہیں۔ خدا کا شکر ہے کہ تقریباً ایک ماہ سے ان اصحاب کو یہ ضرورت محسوس ہوئی ہے کہ انہیں بھی باہر جانا چاہیئے چنانچہ وہ تشریف لے گئے اور اس کا نتیجہ آپ نے اخباروں میں پڑھ لیا ہے۔ میرے دوست سردار شوکت حیات خاں نے جس مجاہدانہ طریق سے ٹائل پور میں کام کیا آپ نے دیکھا اور محسوس کیا ہے۔ اگر وہ دو تین ماہ قبل باہر نکلتے تو اس کا کیا اثر ہوتا! ہزارہا جانیں ہمارے بھائیوں کی اور ہمارے رشتہ داروں کی جو ضائع ہو چکی ہیں اس طرح ضائع نہ ہوتیں جن کی روحیں پکار پکار کر کہہ رہی ہیں۔

آخری شب دید کے قابل تھی محفل کی تڑپ
صبح دم کوئی اگر بالائے بام آیا تو کیا

اس کے بعد دوسرا گلہ جو مجھے اپنے دوستوں سے ہے وہ یہ ہے کہ ان اصحاب نے سوائے گفت و شنید کے کوئی بات نہیں کی۔ آج تک Rehabilitation کے معاملہ میں کوئی Planning System نہیں بنایا اور کسی چیز کا اس وقت تک انہوں نے [illegible] نہیں کیا۔ اور کوئی واضح حکم ضلع کے ڈپٹی کمشنروں اور ضلع کے لوگوں کو نہیں بھیجا صرف ایک بات جو اب تک کی گئی ہے وہ یہ تھی کہ لوگوں کو اراضیات عطا کر کے بسانا ہے

[Rana Abdul Hamid Khan]

اور فی کس ایک ایکڑ زمین دی جاتی ہے۔ پھر زمین بھی کئی قسم کی ہوتی ہے۔ کہیں چاہی ہوتی ہے کہیں نہری۔ کہیں دریائی اور کہیں بارانی۔ ساری زمینوں کی آمد برابر نہیں ہوتی۔ پھر یہ بھی نہیں کہ اس حکم پر عمل ہوتا ہو۔ اگر ایک طریق ملتان میں رائج ہے تو دوسرا لائل پور میں تیسرا منٹگمری میں منٹگمری میں کیا ہے ایک مربعے میں چار خاندان بسائے جائیں لائل پور میں کیا ہے فی کس ایک ایکڑ زمین دی جائے۔ غرض جسطرح بھی ضلع کے افسر کے خیال میں آتا ہے اسی طرح ہوتا ہے بعض جگہ یہ ہوا ہے کہ جو صاحب ثروت تھے اور حکام اعلیٰ کے واقف تھے انہوں نے ڈپٹی کمشنروں سے حق سے زیادہ لے لیا۔ کسی کو ڈپٹی کمشنر صاحب نے باغ عطا کر دیا۔ کسی کو باڑہ شراط پر چار مربعے دے دیئے کسی کو زمین زیادہ دے دی۔ کسی کی کسی اور طرح ناجائز مدد کر دی۔ بتائیں تو سہی کہ اگر ایک ایکڑ فی کس ہی زمین دی جائے تو کیا پھر اس سے لوگوں کا گذارہ چل سکتا ہے میں تو یہی سمجھتا ہوں کہ اتنی زمین ناکافی ہے۔ اس کا مطلب یہ ہے کہ اگر کسی کی فیملی چھوٹی ہو مثلاً ایک وہ خود ہو ایک اس کی بیوی ہو اور ایک اس کا بچہ ہو تو بتاؤ بھلا وہ کس طرح تین ایکڑ سے اپنا اور اپنے بیوی اور بچے کا پیٹ پالے گا۔ اس سے ان کو زمین زیادہ دینی چاہیئے۔ میں سمجھتا ہوں کہ اگر آپ کسی شخص کو ایک ایکڑ اراضی دیں گے تو اس سے اس کا کچھ بن نہیں سکتا ایک ایکڑ فی کس زمین دینے کا مطلب یہ ہے کہ اگر کسی زمیندار کا کنبہ ایک بیوی اور بچہ اور خود اس پر مشتمل ہے تو اسے تین ایکڑ اراضی ملے گی۔ اس سے وہ اپنا پیٹ کس طرح پالے گا میرے دوستوں کو یہ معلوم نہیں کہ تین ایکڑ اراضی میں سے زیر کاشت اراضی کتنی ہو گی۔ ہر ایک نہر پر نیلی بار میں۔ ابہ باری دوآب لائل پور اور ملتان میں اراضی سیراب کرنے کے لئے علیحدہ علیحدہ پانی کی مقدار مقرر ہے کسی جگہ سال بھر میں پانی کی مقدار سے تین ایکڑ آبپاش ہو سکتے ہیں کسی جگہ دو اور کسی جگہ ایک ایکڑ اراضی ہی آبپاش ہو گی۔ تو اگر آپ ہر آدمی کو ایک ایکڑ اراضی دیں گے تو اس کا مطلب یہ ہو گا کہ جس کو لائل پور میں زمین ملی اس کے تو تین ایکڑ سیراب ہو گئے اور زیر کاشت آ گئے اور جس کو نیلی بار میں اراضی ملی اس کی ⅓ یا ⅔ ایکڑ اراضی آبپاش ہو گی اور زیر کاشت لائی جائے گی۔ اب جس کی ⅓ ایکڑ اراضی سال بھر میں زیر کاشت آئے گی وہ اس میں کیسے گذر اوقات کر سکتا ہے جس وقت یہ شکایت Rehabilitation کمشنر اور Refugee وزیر سے کی جاتی ہے کہ وہ اتنی مقدار اراضی مقرر کر دیں جس سے گذارہ تو ہو سکے۔ اور جس سے ایک آدمی اپنا اور اپنے بال بچوں کا پیٹ تو پال سکے۔ اس کا جواب یہ دیا جاتا ہے کہ جتنی زمین غیر مسلم یہاں چھوڑ کر گئے ہیں وہ بہت تھوڑی ہے اور جو آدمی ادھر آ گئے ہیں وہ بہت زیادہ ہیں اس لئے ان کو ایک ایکڑ فی کس اراضی دی جا سکتی ہے اور اس بات سے ان کو کوئی واسطہ نہیں کہ آیا اس سے ان کا گذارہ بھی ہو سکے گا یا نہیں۔ لوگ آتے ہیں اور ان کو کہہ دیا جاتا ہے کہ فلاں گاؤں میں جا کر آباد ہو جاؤ اور خواہ ان کا گذارہ ہو سکے گا یا نہیں اس سے ان کو کوئی غرض نہیں۔ میں وزیر صاحبان کی خدمت میں یہ عرض کر دینا چاہتا ہوں کہ یہ پالیسی بالکل غلط ہے۔ اور اس سے تکلیف بہت بڑھ جائے گی جس وقت کسی شخص کو تین ایکڑ زمین ملتی ہے اور وہ دیکھتا ہے کہ اس سے اس کا گذارہ نہیں ہو سکتا تو اس کے دل میں یہ خیال پیدا ہوتا ہے کہ کسی اور طریق سے گذر اوقات کی جائے اس طرح وہ ایک ضلع میں لینے کے بعد دوسرے ضلع میں جاتا ہے اور دوسرے سے تیسرے میں جاتا ہے اور اس

طرح تین تین ایکڑ اراضی حاصل کرتا ہے اس لئے corruption کی ابتدا آپ خود کرتے ہیں اور آپ لوگوں کو مجبور کرتے ہیں کہ وہ جائز و ناجائز طریق سے اپنے گزارے کے لئے اراضی حاصل کریں ایک اور بات جو میری سمجھ میں نہیں آئی وہ یہ ہے کہ جب میرے دوست یہ کہتے ہیں کہ ہر شخص کو ایک ایکڑ اراضی دی جائے گی اور اس میں کوئی تخصیص نہیں کی جائے گی چاہے ادھر مشرقی پنجاب میں کوئی ایک ایکڑ زمین چھوڑ کر آیا ہے یا دو ہزار تمام مسلمان برابر ہیں اور ہم مسلمانوں کو ایک نگاہ سے دیکھتے ہیں۔ یہ ہے وہ عام جواب جو وزیر صاحبان کی طرف سے عام طور پر ہمیں دیا جاتا ہے پھر ہماری سمجھ میں یہ نہیں آتا کہ جو اعداد و شمار انہوں نے اراضی کے متعلق دنیا کے سامنے پیش کئے ہیں وہ کیسے انہوں نے پیش کئے ہیں۔ چودھری فضل الٰہی صاحب نے یا کسی دوسرے وزیر نے یہ فرمایا ہے کہ وزارت یہ کہتی ہے کہ غیر مسلم ادھر ۲۴ لاکھ ایکڑ اراضی چھوڑ گئے ہیں۔ کیا یہ واقعی درست ہے۔ چنانچہ میرے دوستوں نے ڈائریکٹر لینڈ ریکارڈز سے اس کے متعلق دریافت کیا تو انہوں نے جو اعداد و شمار دئے ہیں وہ اس سے کہیں مختلف ہیں جو کہ میرے دوست بتاتے ہیں ایسی اراضی ۳۴ لاکھ ایکڑ بتائی جاتی ہے مگر سرکاری اعداد و شمار سے یہ پتہ چلتا ہے کہ غیر مسلم ادھر ۷۵ لاکھ ایکڑ سے زیادہ اراضی چھوڑ گئے ہیں میری سمجھ میں نہیں آتا کہ یہ چیز کون سے مغرب زدہ اور سوشلسٹ دماغ کی اختراع ہے اور کون اس مصیبت کے وقت بھی Exploitation سے باز نہیں آتا۔ اور اس طرح غلط سلط اعداد و شمار پیش کر کے لوگوں کے دماغ کو معطل کیا جا رہا ہے۔ مجھے بڑے افسوس کے ساتھ یہ کہنا پڑتا ہے کہ ہمارے وزیر اعظم اور ہمارے وزیر صاحبان نے آج تک یہ سمجھ رکھا ہے کہ وہ عقل کل کے مالک ہیں اور جو کچھ علم ہے اس کو وہ پہنچ گئے ہیں اور ان کے سوا تمام دنیا جو کچھ کہتی ہے وہ بالکل بکواس ہے۔ کیونکہ آج تک انہوں نے کبھی یہ نہیں کیا کہ کسی امر کے متعلق کسی سے مشورہ ہی کیا ہو۔ ہمارے دوست مشرقی پنجاب کے ۲۴ ایم۔ ایل۔ اے صاحبان ہیں میں پوچھتا ہوں کہ کیا Rehabilitation کے کام میں وزیر صاحبان نے ان سے کوئی مدد لی ہے۔ آپ کو چاہیئے تھا کہ آپ ان کا ایک ایڈوائزری بورڈ مقرر کر دیتے۔ وہ ۲۴ ایم۔ ایل۔ اے صاحبان سب سے زیادہ اس بات سے تعلق رکھتے تھے۔ کیونکہ ان کے گھر وہاں تھے جہاں فسادات ہوئے اور ان کی جائیدادوں کو لوٹا گیا۔ کیا آج تک ان سے آپ نے کوئی مشورہ کیا۔ بالکل نہیں۔ کیا آپ نے ان کو مدعو کیا کہ ہم تمہاری یہ مدد کر سکتے ہیں۔ وزراء صاحبان کا یہ فرض تھا کہ سب سے پہلے ان کو مدعو کرتے۔ ان کی ایک کمیٹی بنا دیتے اور ان سے کہتے کہ ایسٹ پنجاب کا کام ہم آپ کے سپرد کر دیتے ہیں اور اگر وہ یہ کرتے تو اس سے دو فائدے ہوتے۔ ایک فائدہ یہ ہوتا کہ آج لوگ جو یہ کہہ رہے ہیں کہ آپ نے یہ نہیں کیا آپ نے فلاں کام نہیں کیا۔ یہ ذمہ داری آپ پر نہ آتی۔ آخر Resources تو وہی تھے اور وہ بھی وہی کچھ کرتے جو آپ نے کیا۔ اگر آپ اس ذمہ داری اس بوجھ کو اپنے East Panjab کے دوستوں پر ڈالتے جو کہ ان کا فرض تھا کیونکہ وہ وہاں کے لوگوں کے نمائندے تھے تو آپ لوگوں کے اس الزام سے بچ جاتے۔ دوسرے Rehabilitation کے کام میں آپ کو ان سے مدد ملتی۔ اب یہ

کام شروع ہوگیا ہے۔ آپ اس کام میں ان سے مدد لیتے اور ان سے پوچھتے کہ وہ اس کام میں ان کی کیا مدد کر سکتے ہیں۔ لیکن کیا انہوں نے ایسا کیا۔ نہیں! اصل بات یہ ہے کہ وزراء صاحبان اتنے Jealous ہیں کہ وہ اپنے اختیار کسی کے ساتھ بانٹنے کے لئے تیار نہیں ہیں۔ یہاں تو ہر شخص کی یہ خواہش ہے کہ زیادہ سے زیادہ اختیارات اس کو ملیں۔ ان میں ہر ایک یہ کہتا ہے کہ یہ میرا اختیار ہے اور دوسرا کہتا ہے یہ میرا اختیار ہے۔ یہی وجہ ہے کہ ہمارے دوست وزیر پناہ گزیناں میاں افتخار الدین نے استعفیٰ دے دیا۔ اس استعفے کی وجہ یہی تھی کہ فلاں اختیار انہیں نہیں ملا۔ اور وہ میاں ممتاز محمد خان دولتانہ یا سردار شوکت حیات خان کو دے دیا گیا ہے۔ یہ برائی ہمارے لیڈروں اور ہمارے وزراء صاحبان میں اتنی بڑھ گئی ہے کہ ہر ایک اختیار کو وہ لینا چاہتے ہیں اور اختیارات نہ ملنے کی بنا پر وہ اپنا استعفےٰ بھی پیش کر دیتے ہیں۔ میں سمجھتا ہوں کہ یہ نہایت غلط بات ہے اور میں وزراء کی اس غلطی کو واضح کرنا چاہتا تھا۔ میں سمجھتا ہوں کہ خواہ میں غلطی کر رہا ہوں لیکن یہ ضروری چیز تھی۔ اور مجھے اس میں اپنے دوستوں کی تائید حاصل ہے۔

تیسری بات یہ ہے کہ جیسا کہ نیازی صاحب نے کہا ہے جو انکوائری کمیٹی بنائی جا رہی ہے اس کے ممبر ایسے ہونے چاہئیں جو کہ خود Rehabilitation کے کام میں شامل نہ تھے۔ خواہ ان کے خلاف کوئی شکایات نہ ہوں۔ خواہ انہوں نے اپنے رشتہ داروں یا دوستوں کی کسی چیز کے لینے میں مدد نہ کی ہو۔ اس کمیٹی کے ممبر دیانت دار اور نا طرفدار ہونا چاہئیں۔ آپ کو صحیح طور پر کام کرنا چاہئے ورنہ کوئی فائدہ نہ ہوگا اور نشستند گفتند و برخاستند والا معاملہ ہوگا۔ اگر میں نے کوئی تلخ بات کہی ہو تو میں اپنے دوستوں سے معافی مانگتا ہوں۔ مجھے وہ معافی دیں یا نہ لیکن میں ان کو یہ ضرور بتا دینا چاہتا ہوں کہ لوگوں کے دلوں میں یہ احساس پیدا ہو چکا ہے کہ ہمارے وزراء صاحبان اپنے اختیارات کے لئے اتنے Jealous واقع ہوئے ہیں کہ وہ اپنے پارلیمنٹری سیکرٹری صاحبان تک کو فائلیں دکھانے کے لئے تیار نہیں۔ وہ بیچارے گذشتہ چار ماہ سے پکار رہے ہیں لیکن وہ ہیں کہ فائلوں کو دبائے بیٹھے ہیں! ان الفاظ کے ساتھ میں میاں محمد نور اللہ کے ریزولیشن کی تائید کرتا ہوں۔

Minister of Revenue (The Hon'ble Sardar Shaukat Hayat Khan):

وزیر مالیات - آنریبل سردار شوکت حیات خان :-

جناب والا اس قرارداد کا جواب تو وزیر اعظم دیں گے جہاں تک میرے محکمہ کا تعلق ہے۔ میاں نور اللہ صاحب نے اور اسی طرح دوسرے بزرگوں نے بعض باتیں کہی ہیں۔ اس لئے میں مناسب سمجھتا ہوں کہ اُن کے متعلق میں بھی تھوڑا سا اظہار خیال کروں۔

میں میاں نور اللہ صاحب کی قرارداد کی تائید کرتا ہوں۔ اور آپ کو بتائے دیتا ہوں کہ آپ کی حکومت سو نہیں رہی تھی آپ کو یاد ہوگا کہ اس نے تین ممبروں پر مشتمل ایک کمیٹی بنائی تھی۔ دو ممبر مشرقی اور مغربی پنجاب سے تھے اور تیسرا ایک قابل اور

لائق افسر تھا۔ اس کمیٹی نے پہلی تاریخ سے چارج لے لیا ہے اور کام کرنا شروع کر دیا ہے میاں صاحب کی قرارداد ٹھیک ہے۔ اور جس کمیٹی کی انہوں نے تجویز پیش کی ہے وہ نہایت ضروری ہے۔ لیکن ایک کمیٹی سب کام نہیں کر سکتی اس لئے یہ دو اور کمیٹیاں بنائی جائینگی ایک اراضی کے متعلق اور دوسری جائداد غیر منقولہ کے متعلق۔ وہ اس کمیٹی کے لئے مددگار ثابت ہوں گی۔

رشوت ستانی کا سدباب کیا جائے گا۔ رشوت خوروں کو خواہ وہ سرکاری اشخاص ہوں یا غیر سرکاری سخت سزائیں دی جائیں گی یہ قطعاً تمیز نہیں کی جائے گی کہ وہ وزیر ہے یا پٹواری

میاں صاحب نے فرمایا ہے کہ اس وقت لائل پور شہر میں دو لاکھ پناہ گزین کیمپوں میں پڑے ہیں۔

میاں محمد نور اللہ۔ میں نے لائل پور شہر نہیں کہا بلکہ لائل پور ضلع کہا ہے۔

وزیر مالیات۔ جس دن میں لائل پور گیا تھا کہا جاتا ہے کہ اس دن ۱۲۵۰۰۰ پناہ گزینوں کو راشن تقسیم ہوا تھا۔ مردم شماری کرنے پر معلوم ہوا کہ درحقیقت صرف ۵۰۰۰۰ پناہ گزین تھے۔

میاں محمد نور اللہ۔ ۷۵۰۰۰ کا راشن خرچ ہوتا رہا ہے۔

وزیر مالیات۔ اگر میاں صاحب تھوڑا سا صبر سے کام لیں تو ان کو پتہ چل جائے گا کہ خرچ ہوتا رہا ہے یا بد انتظامی کی نذر ہوتا رہا ہے۔ جہاں تک مہاجرین کے اعداد و شمار کا تعلق ہے کچھ بھی وثوق کے ساتھ نہیں کہا جا سکتا کہ وہ کتنے ہیں ہم نے ڈپٹی کمشنروں سے بھی رپورٹیں منگائی ہیں لیکن تعداد کے متعلق صحیح اندازہ لگانا ناممکن ہے۔ اب Rehabilitation Officers مردم شماری کریں گے کہ کتنے مہاجرین آباد ہو چکے ہیں۔ اور کتنے غیر آباد ہیں اور ان اعداد و شمار کے مطابق غیر آباد مہاجرین کو آباد کرنے کے لئے سکیم تیار کی جائے گی۔ جہاں تک فنانشل کمشنروں کا تعلق ہے وہ ہر وقت ہر مناسب امداد دینے کے لئے تیار ہیں۔ محکمہ اور وزیر اعظم صاحب جس وقت چاہیں انسے مشورہ لے سکتے ہیں۔

میاں صاحب نے افسران کے نام جو سرکلر جاری کرنے کی تجویز پیش کی ہے وہ تیار ہو چکا ہے آج چلا جائے گا اس میں افسران کو تنبیہ کی گئی ہے کہ بد دیانت افسران کو سخت سے سخت سزائیں دی جائیں گی۔

میاں صاحب نے یہ بھی کہا تھا۔ کہ collective farming ہونا چاہیئے میں میاں صاحب کی اطلاع کے لئے عرض کئے دیتا ہوں۔ کہ حکومت نے اس مقصد کے لئے ۲۳ ہزار ایکڑ اراضی مخصوص کر لی ہے۔ جس میں مہاجرین بسائے جائیں گے۔ اس کی کامیابی سے دوسرے لوگ بھی collective farming شروع کر دیں گے۔

اب رہا یہ سوال کہ کمین نے زمین سنبھال لی ہے اور کاشتکار محروم رہ گئے ہیں یہ مسئلہ نہایت پیچیدہ ہے اور غور طلب ہے۔ میرے خیال میں یہ مسئلہ خارج از بحث کر دینا چاہیئے۔ انسانوں میں تمیز اسلام میں ناجائز ہے۔ (آوازیں بہت اچھا بہت اچھا) اس وقت اگر کسی کمین کے پاس چار ایکڑ زمین ہے تو اسے بیدخل کرنا نہایت سختی ہوگی۔ فی الحال اسے آباد رہنے دینا چاہیئے۔ دوسری بات یہ ہے۔ کہ آیا فی خاندان چھ ایکڑ اراضی کی تقسیم غلط ہے یا درست۔

[The Hon'ble Sardar Shaukat Hayat Khan]

رانا عبدالحمید خاں: میں نے کہا ہے کہ ایک ایکڑ انی کس کا جو معیار مقرر کیا گیا ہے وہ غلط ہے۔

وزیر مالیات: میں اعتراف کرتا ہوں کہ یہ غلط ہے۔ اور ہمارے اقتصادی نظام کے لئے خیر مفید ہے۔ لیکن یہ مستقل انتظام نہیں ہے۔ یہ عارضی حل ہے۔ تاکہ مہاجرین کو سر چھپانے کے لئے جگہ مل جائے اور پیٹ پالنے کا ذریعہ بن جائے وزیر فنانس ایک Industrialisation scheme تیار کر رہے ہیں۔ جس میں لاکھوں مہاجرین کھپ جائیں گے۔ اور ان کا ذریعہ معاش پیدا ہو جائے گا۔ اسی طرح تھل سکیم بھی ایک سال تک مکمل ہو جائے گی اور اس کی تکمیل پر ۱۶۔ لاکھ ایکڑ اراضی قابل کاشت ہو جائے گی۔ جس پر صرف مہاجرین ہی آباد کئے جائیں گے۔ crown lands حکومت واپس لے رہی ہے۔ اس پر بھی مہاجرین ہی آباد کئے جائیں گے

میجر سید مبارک علی شاہ: تھل سکیم میں crown lands کس قدر ہوں گی۔

وزیر مالیات: اگر مجھے اجازت دی جائے تو اس سوال کا جواب میں پرسوں دوں گا۔ جب تھل سکیم پر مفصل بحث ہوگی۔ اگر اس وقت میں تھل سکیم کو لے بیٹھا تو بہت سا وقت ضائع ہوگا۔ بہر صورت جہاں تک زمین کا تعلق ہے۔ زیادہ سے زیادہ زمین حاصل کر کے پناہ گزینوں میں تقسیم ہو جائے گی۔ اور کوشش کی جائے گی۔ کہ زیادہ سے زیادہ مہاجرین کو اسی اراضی پر بسانے کا انتظام ہو سکے۔ انشاء اللہ

ایک اور چیز جس کا زیر بحث موضوع سے کوئی تعلق نہیں۔ لیکن جس کو درمیان میں لے آیا گیا ہے۔ جاگیروں کا سوال ہے۔ جاگیروں کے متعلق میں یہ عرض کر دینا چاہتا ہوں۔ کہ آپ کی حکومت نے آپ کی منشا کے مطابق ایک کمیٹی مقرر کی ہے۔ جو ۱۹۴۳ء سے لے کر اب تک دی گئی۔ تمام جاگیروں کی چھان بین کرے گی۔

میجر سید مبارک علی شاہ: ۱۹۴۷ء سے اب تک کیوں نہیں؟

وزیر مالیات: قبلہ ایسا کرنا ناممکن ہے۔ لوگوں کے حقوق مسلمہ ہو چکے ہیں۔ اور اگر اب ۱۹۴۷ء سے اب تک کی تمام جاگیریں واپس لینے کی کوشش کی جائے۔ تو صوبہ کا تمام اقتصادی نظام درہم برہم ہو جائے گا۔ اس سے تو یہ بہتر ہوگا۔ کہ آپ زمینداری نظام ہی کو بدل دیں۔ بہرکیف اس معاملہ کا تعلق پالیسی سے ہے۔ اور اگر ادھر تشریف فرما میرے بھائیوں کی بھی یہی رائے ہو۔ تو ہم تمام vested rights ختم کر دینے کو تیار ہیں۔ اور ادھر بیٹھے ہوئے کسی شخص کو یہ نامنظور نہ ہوگا۔ مگر یہ ایک ایسی چیز ہے۔ جو بہت سوچ سمجھ کر کرنے والی ہے۔ کافی غور و خوض کے بعد ہی اس قسم کا کوئی قدم اٹھایا جا سکتا ہے۔ ایسی تجاویز ایک رات میں تیار نہیں ہو سکتیں۔ سارے صوبہ کے اقتصادی نظام کو بدلنا ہوگا۔ جہاں تک جاگیروں کا تعلق ہے۔ میں یہ خیال رکھوں گا۔ کہ کسی ایسے شخص کے پاس جاگیر نہ رہے۔ جو اس کا حقدار نہ تھا (قطع کلامی) میں صرف ان جاگیروں کی بات کر رہا تھا۔ جو زمین کی صورت میں ہیں۔ جن کو نقد جاگیریں ملی ہوئی ہیں۔ ان کی الگ انکوائری ہوگی۔ جو جاگیریں انتخابات

میں کام کرنے یا قوم کو دبانے یا انگریز کی خدمات کے صلہ میں ملی ہوئی ہیں۔ آپ کی حکومت ان کی چھان بین کر رہی ہے۔ اور میں عنقریب ہی اس سلسلہ میں ایک بل پیش کر رہا ہوں۔ جس میں یہ تجویز ہوگی۔ کہ پوری تحقیقات کے بعد ایسی جاگیریں ضبط کر لی جائیں۔ (آوازیں:۔ جزاک اللہ) بہرکیف یہ اصل سوال نہ تھا۔

ہمارے ایک محترم دوست نے اپنی تقریر میں فرمایا ہے۔ کہ غیر مسلم جو زمین مغربی پنجاب میں چھوڑ گئے ہیں۔ وہ دراصل ۶۵ لاکھ ایکڑ ہے۔ اور حکومت نے اسے ۳۴ لاکھ ایکڑ دکھایا ہے شاید انہوں نے خیال نہیں فرمایا۔ کہ غیر مسلموں کی بہت سی اراضی پہلے بھی مسلمان مزارعین کاشت کیا کرتے تھے۔ ہندو خود کاشتکار نہ تھے۔ ان کی پچاس فیصدی زمین مسلمان کاشت کرتے تھے۔ کیا آپ یہ چاہتے ہیں۔ کہ ان غریب مزارعین کو جو شروع سے ہندوؤں کی زمینوں پر بیٹھے ہوئے ہیں۔ وہاں سے بیدخل کر دیا جائے؟ (آوازیں۔ نہیں۔ نہیں) جہاں تک اس سوال کا تعلق ہے۔ کہ جو ہندو یہاں زمین چھوڑ کے جا چکے ہیں۔ ان کو حقوق ملکیت سے محروم کر دیا جائے۔ اور مہاجرین کو حقوق ملکیت دے دیئے جائیں میری گذارش یہ ہے۔ کہ یہ معاملہ مغربی پنجاب حکومت کے بس کا نہیں۔ بلکہ Inter-dominion نوعیت کا ہے۔ اور اسے پاکستان اور ہندوستان کی حکومتیں ہی حل کر سکتی ہیں۔ جو فیصلہ پاکستان اور ہندوستان کے مابین ہوگا۔ آپ کی حکومت اس پر پوری طرح عمل درآمد کرے گی۔ اور اپنے کوئی عذر نہ ہوگا۔ مسلمانوں کی جو جائداد مشرقی پنجاب میں ہے۔ وہاں اس کے کسٹوڈین مقرر کر دیئے گئے ہیں۔ اسی طرح مغربی پنجاب کی حکومت نے بھی یہاں غیر مسلموں کی جائداد کے کسٹوڈین مقرر کر دیئے ہیں۔ بہرکیف یہ تبدیلی میرے اور آپ کے اختیار میں نہیں۔

جہاں تک مہاجرین کا تعلق ہے۔ آپ کی حکومت کی یہ کوشش ہے۔ کہ سب کے سب بچ جائیں اور صرف بچ ہی نہ جائیں۔ بلکہ صوبہ کی اقتصادی زندگی میں اس طرح کھپ جائیں۔ کہ ان کے بھی وہی حقوق ہو جائیں۔ جو آپ کے اور میرے ہیں۔ لیکن یہ سب کام ایک رات میں نہیں ہو سکتا۔ نہ تو ہم جادوگر ہیں۔ اور نہ پیغمبر کہ ایک اشارہ سے دنیا کو بدل ڈالیں۔ اس کے لئے وقت چاہیئے۔

ایک سوال یہ بھی اٹھایا گیا تھا۔ کہ پبلسٹی ڈیپارٹمنٹ کیوں رکھا گیا ہے۔ اس کے بارہ میں یہ عرض ہے۔ کہ کوئی حکومت اس وقت تک نہیں چل سکتی۔ جب تک اس کے پاس کوئی ایسا محکمہ نہ ہو۔ جس کے ذریعہ وہ اپنی اطلاعات دوسروں تک پہنچائے۔ اور دوسروں کی اطلاعات حاصل کرے۔ پبلسٹی کا محکمہ ہر حکومت کا نہایت ضروری محکمہ ہوتا ہے۔ میرے آنریبل دوست کی بہت سی باتیں جذباتی ہوتی ہیں۔ میرے خیال میں وہ بھی اگر ٹھنڈے دل سے غور کریں گے۔ تو اس نتیجہ پر پہنچیں گے۔ کہ یہ محکمہ نہایت ضروری ہے۔ کیا امریکہ جیسی حکومتیں بلا وجہ ہی اس محکمہ پر اتنا خرچ کرتی ہیں۔ کیا دوسرے ملکوں کی پبلک کی رائے کی کوئی وقعت نہیں۔ کیا انہیں اپنے معاملات سے باخبر رکھنا غیر ضروری ہے۔ میری سمجھ میں کسی ایسی حکومت کا نظام نہیں آتا جس کا پبلسٹی کا اپنا کوئی انتظام نہ ہو۔ بہرکیف، جناب والا! جس دن نیازی صاحب نے حکومت قائم کی۔ ہم دیکھیں گے۔ وہ کیسے پبلسٹی کے محکمہ کے بغیر اسے چلاتے ہیں۔ یقیناً انہیں بھی اس محکمہ کی ضرورت محسوس ہوگی۔ (قطع کلامیاں) میرے دوست تو سراپا پبلسٹی ہیں۔ اس کے سوائے وہ کچھ بھی نہیں۔ بہرکیف ہم اس کمیٹی کے تقرر کا خیر مقدم کرتے ہیں۔ اور امید رکھتے ہیں۔ کہ اس کے ارکان اس قدر تندہی سے کام کریں گے۔ کہ پچھلے تین ماہ کی بدعنوانیاں تین ہفتوں میں دور ہو جائیں گی۔

Chaudri Aziz Din (Lyallpur , Muhammadan, Rural):

چودھری عزیز دین

جناب والا! اس وقت جو ریزولیوشن ایوان کے سامنے پیش ہے اس کے متعلق سب دوستوں کی جنہوں نے آج تقریریں کی ہیں یہی رائے ہے کہ وہ نہایت موزوں اور ضروری ہے۔ اب میرے لئے اس موضوع پر اور زیادہ لکھنے کی گنجائش نہیں۔ میں اس قدر ضرور کہوں گا کہ مہاجرین جو پاکستان کی خاطر سب کچھ لٹا کر آ گئے ہیں۔ جن کی وجہ سے پاکستان بنا اور جو پاکستان کی خاطر اتنی جانی اور مالی قربانیاں دے کے آئے ہیں۔ ان مہاجرین کے بارہ میں یہ کہنا کہ گورنمنٹ سوئی ہوئی نہیں ہے۔ انہیں سب خبر ہے۔ وہ جاگتی ہے۔ میں سمجھتا ہوں یہ صحیح نہیں۔ آج پانچ چھ ماہ گزر چکے ہیں۔ اس دن اگر حکومت یہ کہتی جب ایک یا دو ہفتے گزرے تھے تو کوئی بات بھی تھی مگر اب یہ کہنا حکومت کو زیب نہیں دیتا۔ لیکن آج میں آپ کے سامنے یہ عرض کر دوں کہ جب سردار شوکت حیات خان چار ماہ کے بعد لائل پور گئے اور چار دن کے اندر اندر انہوں نے جو کام کیا میں انہیں اُس پر مبارکباد دیتا ہوں۔ انہوں نے تیس یا چالیس ہزار مہاجرین کو سردی اور آسمانی آفتوں سے بچانے کے لئے نہایت قابل قدر کام کیا۔ اسی ضمن میں میں سردار شوکت حیات خان کی خدمت میں یہ بھی عرض کر دوں کہ یہی انتظام دو دو ماہ پہلے بھی کر سکتے تھے۔ آنریبل وزیر خزانہ جناب دولتانہ صاحب کو اچھی طرح یاد ہے کہ جب کبھی میں اُن کے پاس گیا۔ تو محض اسی مقصد کے پیش نظر کہ لائل پور کے ضلع میں جس کی آمدنی سب اضلاع سے زیادہ ہے اور جہاں سب سے زیادہ مہاجرین پہنچ چکے ہیں کوئی انتظام نہیں کیا گیا۔ لہذا ان کی بہتری اور بہبودی کے لئے جلد از جلد انتظامات کرنا چاہئیں۔ انہیں کم از کم ایک دفعہ دو یا چار دن کے لئے بنفس نفیس وہاں ضرور تشریف لے جانا چاہئے۔ انہوں نے وعدہ کیا تھا کہ وہ ضرور وہاں تشریف لے جائیں گے مگر ابھی تک اُسے پورا نہیں کیا۔ جب تک میرے محترم دوست میاں محمد شفیع نے اخباروں میں واویلا نہیں کیا۔ مہاجرین کی خبرگیری کے لئے کوئی شخص وہاں نہ پہنچا۔ آخر کار سردار شوکت حیات خان مہاجرین کی خبرگیری کے سلسلے میں وہاں تشریف لے گئے اور انہوں نے نہایت قابل قدر انتظامات کئے۔

یہ درست ہے کہ یہاں مہاجرین زیادہ تعداد میں آئے ہیں اور ہندوؤں کی زمینیں جیسا کہ سردار صاحب نے فرمایا ہے مسلمانوں کو دی جا رہی ہیں۔ مگر الاٹ منٹ میں بہت سی بے قاعدگیاں سرزد ہوئی ہیں۔ مثلاً کئی آدمیوں نے فرضی طور پر (جیسا کہ میاں محمد نور اللہ صاحب نے پہلے ہی واضح کر دیا ہے) ایسا بھی کیا ہے کہ تین تین چار چار اضلاع میں زمینیں لے رکھی ہیں۔ یہی حال تجارت کا ہے۔ اس سلسلے میں بھی بہت سی بے قاعدگیاں دیکھنے میں آئی ہیں۔ لہذا ان امور کے پیش نظر میاں صاحب کی تجویز کردہ کمیٹی کا معرض وجود میں آنا نہایت ضروری ہے۔ اور میں وثوق سے کہتا ہوں کہ یہ کمیٹی نہایت ہی مفید ثابت ہوگی۔ اس کمیٹی کو چاہئے کہ ایسی غلطیوں اور بے قاعدگیوں کے تدارک کے لئے پورے غور و خوض کے بعد ایک رپورٹ پیش کرے۔

ان الفاظ کے ساتھ میں میاں صاحب کے ریزولیوشن کی تائید کرتے ہوئے اپنی نشست پر بیٹھتا ہوں۔

Minister of Finance (The Hon'ble Mian Mumtaz Muhammad Khan Daultana):

وزیر خزانہ آنریبل میاں ممتاز محمد خان دولتانہ

جناب والا! ابتدا میں تو میں میاں محمد نور اللہ صاحب کو اس امر پر ہدیۂ تبریک پیش کرتا ہوں کہ انہوں نے غیر سرکاری کارروائی کے لئے مقررہ دن (یعنی آج) کے لئے اپنے کثیر resolutions میں سے یہ resolution منتخب فرمایا۔ میں سمجھتا ہوں انہوں نے درست فرمایا ہے کہ یہ نہ صرف ہماری اخلاقی ذمہ داری ہے بلکہ ہماری زندگی کا دارومدار اس بات پر ہے کہ ہم کس قدر جلد اور کس قدر کامیابی کے ساتھ اپنے مہاجر بھائیوں کو اپنی ملی اور اقتصادی زندگی میں جذب کر سکتے ہیں۔ آپ کو یاد ہوگا کہ بجٹ کی تقریر کے دوران میں مجھے کہنا پڑا تھا کہ ہماری زندگی کا دارومدار اور خاص طور پر ہماری اقتصادی زندگی کا دارومدار اور استواری اس بات پر منحصر ہے کہ ہم جلد از جلد مہاجرین کو اپنی زندگی میں جذب کر لیں۔ اور انہیں جلد از جلد اس صوبہ کے ایسے باعزت شہری بنا دیں جو خود اپنے پاؤں پر کھڑے ہو سکیں۔ نیز انہیں اس امر کا یقین دلا دیں کہ ہماری زندگی ان کی زندگی کے ساتھ وابستہ ہے۔ میں سمجھتا ہوں کہ اس سلسلے میں حکومت پر جو نکتہ چینی کی گئی ہے وہ کسی حد تک جائز ہے۔ لیکن اس کے ساتھ ہی ساتھ ہمیں اس امر کو ملحوظ خاطر رکھنا چاہئے اور تنقید کے ساتھ یہ بھی محسوس کرنا چاہئے کہ یہ ایک ایسی مثال ہے اور اس صوبے نے اتنے تھوڑے عرصے میں وہ کار عظیم سرانجام دیا ہے کہ نہ تو دنیا کی کسی قوم نے ایسا کیا ہے اور نہ ہی کسی ملک کو ایسے حالات سے پالا پڑا ہے۔ میں یہاں یہ عرض کر دوں کہ اس بار گراں سے صوبے کے نظم و ضبط کی مشینری بالکل مفلوج ہو چکی تھی۔ اور ۱۵۔ اگست ۱۹۴۷ء کو صوبے کا اقتصادی نظام بالکل ٹوٹ چکا تھا۔ نہایت افسوس کا مقام ہے کہ لوگ تنقید بالکل غلط نقطہ نظر سے کرتے ہیں۔ تنقید کا سب سے اچھا اور مفید طریق وہی ہو سکتا ہے جس کے ذریعہ یہ اہم ترین کام انتہائی خوش اسلوبی سے سرانجام دیا جا سکے۔ اس کے ساتھ ہی یہ بتا دینا بھی میرا فرض ہے کہ یہ کام جو کس قدر مشکل تھا اور جس کی مثال دنیا کی تاریخ میں کہیں نہیں ملتی ہمارے ہاتھوں نہایت استقلال۔ بردباری اور ثابت قدمی سے پایۂ تکمیل کو پہنچا ہے۔

جناب والا۔ میرا خیال ہے کہ زیر بحث ریزولیوشن کی تائید حکومت کی طرف سے وزیر اعظم کریں گے وہ یقیناً اسے منظور فرمائیں گے اور شاید وہ ایک کمیٹی کی بجائے دو یا تین کمیٹیاں تجویز فرمائیں۔ جو مناسب طور پر مجوزہ کام کی نگرانی کر سکیں۔ میں سمجھتا ہوں کہ ابتدا ہی سے ہمارے لئے یہ کام پہلے ہی مہینہ میں سرانجام دینا شاید ناممکن ہوتا۔ اور الاٹمنٹ کے ساتھ ساتھ دیگر پہلوؤں کو پیش نظر رکھنا بھی قدرے مشکل ہوتا۔ میں سمجھتا ہوں کہ جہاں ۵۲ یا ۵۳ لاکھ مہاجرین اس وقت تک ہمارے صوبہ میں پہنچ چکے ہیں۔ وہاں ۳۵ یا ۴۰ لاکھ سے زیادہ جذب بھی ہو چکے ہیں۔

جناب والا۔ اب میں اس ریزولیوشن کی طرف آتا ہوں۔ میں نے شروع ہی میں تمام پوزیشن کا جائزہ لیا تھا اور یقین جانیں الاٹمنٹ میں جو خرابیاں اور بے قاعدگیاں سرزد ہوئی ہیں انہیں ثابت کر کے ہر ذمہ دار شخص کو کیفر کردار تک پہنچایا جائے گا۔ الاٹمنٹ مذکور کے سلسلے میں ہمارے کچھ ایک ایسے افسروں نے بھی حصہ لیا جن کی بے قاعدگیوں کی مثال اس بدقسمت صوبے کی تاریخ میں

[The Hon'ble Mian Mumtaz Muhammad Khan Daultana]

نہیں ملتی - اس کا مجھے پورے طور پر علم ہے - مجھے نہایت افسوس سے کہنا پڑتا ہے کہ اُس وقت جبکہ ہمارے صوبے اور ہماری حکومت کی زندگی کا دارومدار پاکستان کی ترقی پر تھا - جبکہ ہماری زندگی کا دارومدار اس بات پر تھا کہ ہم ایسی اخلاقی بلندی حاصل کر لیتے جو ہماری ابدی زیست کا موجب ہوتی تو اس وقت ایسے لوگوں نے (جو ہمارے خیال کے مطابق ہم میں سے ہوتے ہوئے ہمارے افسر مقرر کئے گئے تھے) بے اعتدالیوں میں اُلجھ کر اپنی اخلاقی ذمہ داری کو محسوس نہ کیا - چنانچہ اس حکومت نے بھی ان بے اعتدالیوں اور بے ضابطگیوں کو پورے طور سے محسوس کیا - بنابریں میں آپ کی اطلاع کے لئے یہ امر واضح کر دینا چاہتا ہوں کہ یہ حکومت کسی طرح بھی ایسے افسران کے کردار سے چشم پوشی نہیں کرے گی - بلکہ کمیٹی مذکور کے معرض وجود میں آتے ہی اس پر غور کیا جائے گا - میں آپ کو یقین دلاتا ہوں کہ حکومت ایسے افسروں کے عیوب پر پردہ نہیں ڈالے گی اور نہ ہی انہیں بچانے کی کوشش کرے گی بلکہ انہیں سخت سزا دے گی -

جناب والا - جہاں ہمارے صوبے میں ایسے افسر موجود ہیں جنہوں نے بے اعتدالیاں کی ہیں - جنہوں نے ابھی تک اپنا زاویہ نگاہ نہیں بدلا اور جو عوام الناس کی نظروں میں بے حد گر چکے ہیں - جو ابھی تک نوکر شاہی اور جمہوریت کے صحیح مفہوم کو سمجھ نہیں سکے اور جن کے خلاف ہم گذشتہ چار سال سے لڑتے رہے ہیں - وہاں میرے خیال میں ہمیں اس امر کا احساس بھی ہونا چاہئے کہ حکومت کے کئی ایک ایسے بیدار مغز اور قابل افسر بھی ہیں جنہوں نے نہایت محنت - تن دہی اور خلوص کے ساتھ اپنے آپ کو بدعنوانیوں اور بے اعتدالیوں سے بچا کر صحیح معنوں میں اسلامی مجاہد ہونے کا ثبوت دیا ہے - میرے خیال میں ہمارے دلوں میں ان کے لئے انتہائی عزت اور احترام ہونا چاہئے - (آوازیں - یقیناً)

جناب والا - اس ریزولیوشن پر جو نکتہ چینی کی گئی ہے - میرے خیال میں اس کا مکمل طور پر جواب جناب وزیراعظم خود ہی ارشاد فرمائیں گے - اگر کوئی محکمہ خاص طور پر مجھ سے تعلق رکھتا ہے تو وہ محکمہ صنعت و حرفت ہے - اس کے متعلق دو چار باتیں کہی گئی ہیں - لہٰذا میں اُن کا جواب دونگا جہاں تک صنعت و حرفت کا تعلق ہے - اُن کی الاٹمنٹ کے متعلق میں وضاحت کر دینا چاہتا ہوں -

جناب والا ! آپ کو معلوم ہوگا کہ جہاں تک مہاجرین اور اُن کی بحالی کا سوال ہے اِس کام کو صرف پنجاب گورنمنٹ ہی نہیں کرتی رہی بلکہ اس سلسلہ میں شروع ہی سے پاکستان سنٹرل گورنمنٹ بھی دلچسپی لیتی رہی ہے - اکتوبر کے مہینے میں جائنٹ ریفیوجی اینڈ ری ہیبلیٹیشن کونسل قائم کی گئی تھی - اس جائنٹ کونسل میں پاکستان اور پنجاب کے وزیراعظم اور ہماری گورنمنٹ کی طرف سے ہمارے ریفیوجی منسٹر بھی شامل تھے جو آج وزیر نہیں رہے - ہمارے وزیراعظم کے علاوہ اس بورڈ کے دو تین ممبر اور بھی تھے - جائنٹ کونسل نے ایک allotment بورڈ قائم کیا تھا - اِس بورڈ کے تین ممبر ایسے تھے جو ہماری گورنمنٹ کے آفیشل بھی تھے مگر وہ الاٹمنٹ کے سلسلہ میں پنجاب گورنمنٹ کے سامنے ذمہ دار نہ تھے بلکہ وہ اپنی رپورٹ جائنٹ پاکستان پنجاب کونسل کو دیا کرتے تھے - اُس کونسل کا جو طریق کار تھا وہ میں آپ کے سامنے رکھتا ہوں - پہلے میں یہ بتاتا ہوں کہ الاٹمنٹ کس طرز پر ہوتا تھا - درخواست دینے کے لئے ایک چھپی ہوئی فارم ہوتی تھی جس میں مشرقی پنجاب سے آنے والے مہاجرین کو بیان کرنا پڑتا تھا کہ وہ کونسی انڈسٹری لینا چاہتے ہیں - پہلے

کہاں رہتے تھے اور کیا کام کرتے تھے - یہ فارم ایک کمیٹی کے پاس جاتی تھی جو بارہ یا چودہ ارکان پر مشتمل ہوتی تھی۔ پہلے اُس درخواست دہندہ کی عرضی پر غور کیا جاتا تھا - میں یہ بھی بتا دینا چاہتا ہوں کہ اس کمیٹی میں کچھ سرکاری لوگ تھے کچھ غیر سرکاری - ایسی کمیٹی میں ہر جگہ مہاجرین کے نمایندے لئے گئے تھے - ابتدا میں درخواستیں کمیٹی کے پاس جاتی تھیں پھر اُن پر سفارش کی جاتی تھی زاں بعد وہ الاٹمنٹ بورڈ کے پاس جاتی تھیں جس کے ارکان یہ فیصلہ کرتے تھے کہ درخواست دہندہ کو کیا کیا بزنس ملنا چاہئے - الاٹمنٹ کے وقت جو اصول وہ پیش نظر رکھتے وہ یہ تھا کہ الاٹمنٹ خالص طور پر مہاجرین کو ہو - لیکن ایسی صورت میں جہاں کسی کارخانے کے لئے کسی مہاجر کی درخواست موجود نہ ہو یا کسی صنعتی ادارے میں ماہرانہ قابلیت کی ضرورت ہو اور کسی مہاجر کی درخواست اُس معیار پر پوری نہ اترتی ہو تو مہاجر پر کسی اور شخص کو ترجیح دی جاتی تھی - بہرحال جہاں کہیں بھی مہاجر اور مقامی آدمی کا معاملہ آن پڑتا تھا بورڈ کو اس امر کی ہدایت کی گئی تھی کہ تمام الاٹمنٹیں مہاجرین کو کی جائیں - اِس سلسلہ میں جیسا کہ میں نے پہلے عرض کیا ہے یہ اصول پیش نظر رکھا جاتا تھا کہ بورڈ ان لوگوں کی عرضیوں پر غور کرتا جو مشرقی پنجاب کے مہاجرین کی ہوتیں - سینما کے متعلق سب سے پہلے اُن پر غور کیا جاتا جن کا اِس مشینری یا انڈسٹری سے خاص تعلق رہا ہو - پھر اُن لوگوں کا خیال کیا جاتا جو وہاں سے سینما ہاؤس چلاتے آئے ہیں اور اب تباہ ہو چکے ہیں -

جناب والا! پھر یہ فیصلہ ہُوا کہ ایسے لوگوں کی عرضیوں پر غور کیا جائے جو عام بزنس سے مانوس ہوں - چنانچہ کئی لوگوں کو اِن اصولوں کے مطابق بھی سینما الاٹ کئے گئے ہیں - جیسا کہ میاں صاحب نے بتایا ہے سینما ایک ایسی انڈسٹری ہے کہ اگر یہ کسی ایک آدمی کو دیدی جائے تو اس ایک شخص کو بے حد زیادہ منافع ہوگا - میں اِس سلسلہ میں صرف دو تین باتیں عرض کروں گا - پہلے یہ کہ اگر مجوزہ کمیٹیاں گورنمنٹ کو بتائیں کہ مساوات کا لحاظ رکھتے ہوئے وہ بہتر اخلاقی طریقے سے سینماؤں کو تقسیم کر سکتی ہیں تو حکومت خوشی کے ساتھ اُس تجویز کو تسلیم کریگی - میں اُن کی معلومات کے لئے یہ بات واضح کر دینا چاہتا ہوں کہ سینما کی آمدن کا نصف حصہ ڈسٹری بیوٹر کو چلا جاتا ہے - اور یہ کوئی نیا طریقہ نہیں بلکہ پرانا طریقہ ہے - مثلاً اگر ایک ماہ میں سینما سے دس ہزار آمدن ہے تو پانچ ہزار اُس ڈسٹری بیوٹر کو جاتا ہے جس کی فلم وہاں دکھائی جاتی ہے - یعنی سینما کے مالک کو کل آمدن کا ۵۰ فیصدی حصہ ملتا ہے - مزید براں ہمارا فیصلہ یہ تھا کہ جو آمدن سینما کے allottee کے حصے میں آئے گی اس کا نصف حصہ گورنمنٹ کو ادا کیا جائے گا یعنی اگر کل آمدن ۱۰ ہزار ہو تو اس میں سے ۵ ہزار ڈسٹری بیوٹر لے گا - ۲½ ہزار گورنمنٹ کو دے گا - اور اپنے تمام اخراجات اپنے حصے کے ۲½ ہزار میں سے برداشت کرے گا - ایوان میں یہ بھی کہا گیا ہے کہ لاہور کے ایک سینما کو ۷۰ ہزار روپیہ ماہوار آمدن ہوئی ہے - میں اس سلسلہ میں یہ عرض کر دینا چاہتا ہوں کہ میں نے دو چار سینماؤں کی آمدن کی تحقیقات کی ہے جو انہیں تفریحی ٹیکس کے مطابق وصول ہوئی ہے - اور میری تحقیقات کے مطابق یہاں کے بہترین سینما کی آمدن کوئی ۵ ہزار روپیہ بنتی تھی یعنی ہفتے کا ۱۲ سو روپیہ - مگر جناب والا! زیر غور کمیٹی کو اختیار حاصل ہوگا کہ وہ پورے طور پر جانچ پڑتال کرے - اور لہذا جو ہوگا ظاہر ہو جائے گا - میں اس اصول سے متفق ہوں کہ کسی سینما کی آمدن صرف ایک ہی شخص کو نہیں جانی چاہئے - میں معزز ایوان کی معلومات کے لئے یہ بھی عرض کر دینا چاہتا ہوں کہ صوبے کے

[The Hon'ble Mian Mumtaz Muhammad Khan Daultana]

بعض افسروں نے ایک سکیم مرتب کی تھی کہ اس انڈسٹری کو امداد باہمی کی طرز پر (Co-operative basis) چلایا جائے۔ چنانچہ اس بارے میں بحث کی گئی تھی۔ سکیمیں بنائی گئی تھیں۔ الاٹمنٹ بورڈ کے ممبران نے بھی اس معاملہ پر سوچا۔ یہاں تک کہ فلم انڈسٹری کے چیدہ چیدہ نمائندوں کو جو مسلمان تھے اور جو اس صنعت کا پورا پورا تجربہ رکھتے تھے بلایا گیا اور ان سے مشورہ کیا گیا۔ مگر پوری چھان بین کے بعد ہم اس نتیجہ پر پہنچے کہ اس انڈسٹری کے مخصوص حالات کو پیش نظر رکھتے ہوئے، اسے کامیابی سے چلانے کے لئے جس قسم کا رابطہ اور تعلق Film Distributors سے رکھنا پڑتا ہے جس طرح ان کے ناز اٹھانے پڑتے ہیں اور جس طرح کی publicity اسے کامیاب طور پر چلانے کے لئے لازم ہے، ان سب کے پیش نظر گورنمنٹ کا اسے چلانا قریب قریب ناممکن ہے، خاصکر موجودہ حالات میں جب کہ حکومت پر گندم، چاول، کپاس، کپڑا، غرضیکہ ہزاروں اقسام کی تجارت کا بوجھ پڑا ہوا ہے اور اسے اس قسم کے مخدوش تجربے کرنے کی جرأت اور زحمت گوارہ نہیں کرنی چاہئے۔ بہت ممکن ہے کہ جب مجوزہ کمیٹی اس مسئلہ پر ٹھنڈے دل سے غور کرے گی وہ بھی شاید اس نتیجہ پر پہنچے جس پر میں پہنچا ہوں۔ جب یہ کمیٹی قائم ہوگی تو میں وہ تمام کاغذات اور material جو ہمارے پاس ہے، اس کے سامنے پیش کر دوں گا۔ لیکن فی الحال ہم اسی نتیجہ پر پہنچے ہیں کہ ابھی گورنمنٹ کو اس industry کو اپنے ہاتھ میں نہیں لینا چاہئے۔ اس وقت تک پچاس فیصدی سنیما دیئے جا چکے ہیں۔ ممکن ہے کہ اس میں بدعنوانیاں ہوئی ہوں۔ ممکن ہے کہ غلط فیصلے ہوئے ہوں اور اسی امکان کی وجہ سے میں مصر ہوں کہ کمیٹی ان فیصلوں پر نظر ثانی کرے کیونکہ اس طرح کمیٹی حقیقتاً گورنمنٹ کا کام کر رہی ہوگی۔ نہایت مناسب اور ضروری ہے کہ allotment کا پھر سے review کیا جائے۔ اور اسے صحیح طور پر اور انصاف کے مطابق چلانے کی کوشش کی جائے۔

میاں محمد نور اللہ صاحب نے اپنی تقریر کے دوران میں، اگرچہ اسے تجویز زیر غور سے کوئی خاص مناسبت نہ تھی، کھڈیوں کے کام کے متعلق فرمایا تھا کہ باشندگان کی colonies بنا دی جائیں۔ میں ان کی اطلاع کے لئے عرض کرنا چاہتا ہوں کہ ان مہاجرین کے لئے جو کھڈیوں کا کام کرتے ہیں، پانچ colonies مقرر کرنے کا فیصلہ کیا گیا ہے۔ یہ ملتان۔ لائل پور۔ اوکاڑہ۔ گوجرانوالہ اور شاہ پور میں مقرر کی گئی ہیں۔ ملتان کی colony بہت بڑی ہے۔ اس میں دو ہزار کارندے موجود ہیں۔ لائل پور میں انتظام ہو رہا ہے۔ مجھے یقین ہے کہ میرے دوست چودھری عزیز الدین میری تائید کریں گے کہ میں بالکل ابتداء سے یعنی اکتوبر کے مہینے سے اس بات کے متعلق مشورہ کرتا رہا ہوں۔

چودھری عزیز الدین۔ کام شروع ہو گیا ہے۔

وزیر خزانہ۔ اور اس کے ساتھ ساتھ hand looms بنانے کا بنانے کا انتظام کر دیا گیا ہے۔ ملتان کے سنٹر میں چھ سو کے قریب تیار ہو چکے ہیں۔ باقی shuttles اور bobbins بنانے کا کام بھی شروع ہو گیا ہے۔ چار فیکٹریاں لاہور میں۔ پانچ لائل پور۔ گوجرانوالہ اور ملتان میں کھڈیوں کے کام کے سلسلہ میں لگی ہوئی ہیں۔

Woolen weavers کی colonies جھنگ اور لائل پور میں بنائی گئی ہیں۔ جھنگ میں خاص طور پر ان مہاجرین کے لئے جو پانی پت سے آئے ہیں۔ انتظام کیا جا رہا ہے۔ جب میں جھنگ گیا تھا تو مجھے معلوم ہوا تھا کہ اس سلسلے میں انہوں نے کیا کام کیا ہے۔ جھنگ کا پرانا شہر اس سکیم کے ماتحت خالی کرا دیا گیا ہے کہ وہاں ان لوگوں کو بسایا جائے۔ اس سلسلے میں میرے خیال سے کافی کام ہو رہا ہے۔

میرے ایک دوست نے سیالکوٹ کی انڈسٹری کے متعلق فرمایا تھا۔ مجھے اس امر کا احساس ہے کہ سیالکوٹ، جہاں تک صنعت و حرفت کا تعلق ہے، مغربی پنجاب میں سب سے پیش پیش ہے۔ اور اس لحاظ سے سب سے زیادہ developed شہر ہے۔ اگر ہم اپنی صنعت و حرفت کو ترقی دینا چاہتے ہیں تو ہمارا فرض ہے کہ ہم اس بات کی زیادہ سے زیادہ کوشش کریں کہ سیالکوٹ کی موجودہ حالت کو قائم رکھیں اور آیندہ اسے فروغ دیں اس سلسلے میں بڑی دقت جو ہمیں محسوس ہوئی تھی وہ یہ ہے کہ سیالکوٹ کی Sports Industry کی زیادہ تر dealings باہر کے ملکوں سے ہیں۔ اور انہیں قائم رکھنے کے لئے export trade foreign exchange کی ضرورت ہے۔ یہاں پوزیشن یہ ہے کہ ۱۵۔ اگست کے بعد مغربی پنجاب کے غیر مسلم بینکوں نے کام کرنا بند کر دیا۔ امپیریل بنک نے بھی، مجھے افسوس سے کہنا پڑتا ہے، کہ ہمارے ساتھ تعاون نہ کیا بلکہ ہماری مشکلات کو اور زیادہ مشکل بنا دیا۔ اور اس وقت جبکہ وہ تھوڑی سی کوشش کے ساتھ ہماری بہت امداد کر سکتے تھے، ہماری کوئی مدد نہ کی۔ بلکہ ہمارے راستے میں رکاوٹیں ڈالیں۔ امپیریل بینک نے بھی سیالکوٹ میں اپنی برانچ بند کر دی۔ اس طرح ۱۶ یا ۱۷ بنک جو وہاں کام کرتے تھے ایک دم تمام بند ہو گئے۔ اور اس صورت میں ایک نہایت خطرناک پوزیشن پیدا ہو گئی۔ اس وقت میں نے یہ کوشش کی کہ مسلمان بینکوں کی برانچیں سیالکوٹ میں کھلوائی جائیں۔ سنٹرل ایکسچینج بینک اور آسٹریلیشیا بینک کو میں نے اس بات پر راغب کر لیا کہ وہ سیالکوٹ میں اپنی برانچیں کھولیں۔ مگر مشکل یہ تھی کہ ان کے پاس بھی foreign exchange میں deal کرنے کا لائسنس نہیں تھا۔ اور اس کا لائسنس ریزرو بینک دیتا ہے جو بہت زیادہ ہندوؤں کے کنٹرول میں ہے۔ حالانکہ وہ ایک مشترکہ چیز ہے۔ اب بہت کوشش کے بعد حال ہی میں مجھے کامیابی ہوئی ہے کہ آسٹریلیشیا بینک کو foreign exchange کا لائسنس مل گیا ہے۔ چنانچہ جب میں سیالکوٹ گیا تھا تو میں نے اس بینک کی برانچ کا افتتاح کیا۔ اور میرا خیال ہے کہ اب یہ مشکل بہت حد تک دور ہو چکی ہے۔ سنٹرل ایکسچینج جو دوسرا بینک میرے کہنے پر کھلا ہے اس کو بھی انشاء اللہ foreign exchange کا لائسنس مل جائے گا اور میرا خیال ہے کہ یہ دقت بالکل رفع ہو جائے گی۔

بحث کے دوران میں ایوان میں انڈسٹری کے متعلق جو کچھ کہا گیا تھا ان کے متعلق آپ کی خدمت میں عرض کر چکا ہوں۔ اب آخر میں ایک دو باتیں اور عرض کروں گا۔ ایک تو یہ ہے کہ ہم اپنے ممبر صاحبان کے اس مطالبہ سے مکمل طور پر اتفاق کرتے ہیں کہ حکومت کو ہر کام چھوڑ کر سب سے پہلے یہ کام کرنا چاہئے کہ وہ مہاجرین کو یہاں آباد کرے۔ اور اس سلسلے میں نہ صرف حکومت کا۔ حکومت کے کارندوں کا بلکہ ہر ایک مسلمان کا یہ فرض ہے کہ وہ ہر ممکن قربانی اور ایثار کرے۔

اور مجھے اس بارے میں یقین ہے - حالانکہ بہت سی خرابیاں ہوئی ہیں مگر باوجود اس کے اس امر سے کسی کو انکار نہیں ہو سکتا کہ مسلم عوام نے جس قدر جوانمردی اور ایثار کے ساتھ اس آزمایش کا سامنا کیا ہے اس کی مثال نہیں ملتی۔ (خوب۔خوب) مجھے یقین ہے کہ اگر اسی مجاہدانہ طریق پر ہم اپنی مشکلات کا مقابلہ کرتے رہے تو ہم پاکستان کا مستقبل ویسا ہی شاندار اور مضبوط بنالیں گے جیسا کہ ہم چاہتے ہیں -

دوسری بات یہ ہے کہ جہاں ہم ان مہاجرین کو آباد کرنا ضروری خیال کرتے ہیں وہاں ہم کو یہ بھی فیصلہ کرنا ہے کہ جہاں تک ان املاک کا۔ زمینوں کا industries کا اور عمارات کا تعلق ہے جو ہندو اور سکھ باشندگان مغربی پنجاب چھوڑ کر گئے ہیں۔ وہ املاک ہمیں پورے طور سے مہاجرین کے لئے مخصوص رکھنا ہیں۔ میں آپ کو یقین دلاتا ہوں کہ ابتدا ہی سے گورنمنٹ کی پالیسی یہی رہی ہے اور اگر اس پر عمل نہیں کیا گیا تو یہ محکمانہ افسروں کی کوتاہیوں کا نتیجہ ہے اور گورنمنٹ ان خرابیوں کے متعلق یقین ہو جانے پر متعلقہ افسروں کو پوری پوری سزا دینے کا فیصلہ کر چکی ہے - میں ایسی سزا دیوانے میں آپ کی مدد چاہتا ہوں۔ اس کمیٹی کو جو ابھی بنائی جائیگی پہلے یہ فیصلہ کرنا ہوگا کہ جب یہ کمیٹی کام شروع کرے تو اس فیصلہ کے ماتحت شروع کرے۔ لیکن وہ تمام فیکٹریاں یا دوسرے ادارے جو بند ہوں اور جن کا Rehabilitation کے لئے استعمال کرنا ضروری ہے ان کا اس قاعدہ سے استثنیٰ ضروری ہوگا۔ اگر کوئی فیکٹری جس کا چلانا ملک کے لئے ضروری ہے لیکن جسے مہاجرین میں سے کوئی چلانے کے لئے تیار نہیں یا چلانے کی طاقت نہیں رکھتا تو پھر حکومت اسکے متعلق کوئی دوسرا انتظام کرے گی - اگر کوئی ایسی فیکٹری ہو کہ ملک کے لئے اس کا چلانا ضروری ہو لیکن کوئی مہاجر اسے چلانے کے لئے تیار نہ ہو یا اسے چلانے کی استطاعت نہ رکھتا ہو تو اس کو چلانے کا انتظام نو کل آدمی کے سپرد کیا جا سکتا ہے۔ مگر ہمیں کسی مہاجر کے claim پر کسی مقامی آدمی کے claim کو فوقیت نہیں دینا۔ میری استدعا ہے کہ اس اصول کو مدنظر رکھتے ہوئے کمیٹی اپنے کام کو شروع کرے اور جاری رکھے۔ اور اگر اسے کبھی یہ معلوم ہو کہ غلط allotment کنبہ پروری یا رشوت ستانی کی غرض سے کی گئی ہے تو مجھے یقین ہے کہ کمیٹی بالکل بے خوف و خطر ایسے مجرموں کو بے نقاب کرے گی۔ میرے خیال میں یہ مناسب ہے کہ وزیراعظم صاحب خود اس کمیٹی کو اختیار دیں کہ ہم anti-corruption کے ماتحت جو ٹریبونل بنا رہے ہیں۔ کمیٹی allotment پر review کر کے اگر کوئی (corruption) دیکھے تو anti-corruption ٹریبونل کے سامنے پیش کر دے -

Mr. Speaker As the number of honourable members who want to participate in this debate is very large, I restrict the duration of speeches to 7 minutes.

Begum Tasaduq Hussain (Inner Lahore, (Muhammadan) Women—Urban):

بیگم تصدق حسین -

صاحب صدر - میں جس وقت پہلے بھی چند الفاظ کہنے کے لئے کھڑی ہوئی تھی اس وقت

بھی میرا موضوع پبلسٹی ڈیپارٹمنٹ تھا۔

پبلسٹی ڈیپارٹمنٹ کے متعلق جو اعتراضات میرے بھائی عبدالستار صاحب نیازی نے کئے ہیں وہ اس لئے کسی حد تک درست ہیں کہ پبلسٹی ڈیپارٹمنٹ میں جو نئی تقرریاں کی گئی ہیں وہ کس لحاظ سے عمل میں لائی گئی ہیں۔ قابلیت کے لحاظ سے، تجربہ کے لحاظ سے یا امیدواروں کی اہلیت کے لحاظ سے؟ اور جہاں تک پبلسٹی کا تعلق ہے ہر حکومت کے لئے نہایت ضروری ہے کہ اس کے لئے صحیح پبلسٹی ہو۔ اس وقت پاکستان کا پبلسٹی ڈیپارٹمنٹ بہت حد تک کمزور ہے۔ اور پبلسٹی ڈیپارٹمنٹ کے مضبوط نہ ہونے کی وجہ سے ہی باہر کے ممالک میں ہماری پوزیشن واضح اور صحیح نہیں ہے۔ میں نے کراچی میں منسٹر صاحب کی خدمت میں حاضر ہو کر درخواست کی تھی کہ آپ کو چاہئے کہ پبلسٹی ڈیپارٹمنٹ کو زیادہ مضبوط بنائیں اور جہاں تک ہو سکے ان چیزوں کو جو باہر کے ممالک میں بھیجنا نہایت ضروری ہیں صحیح طریقہ پر بھیجنے کی کوشش فرمائیے اور ایسے آدمیوں کو جو اس فن میں بہت ماہر ہوں اور اپنے ملک کے تمام حالات کو دوسری دنیا کے سامنے اچھی طرح پیش کر سکیں مقرر کیا جائے اور انہیں باہر بھیجا جائے۔ یہاں پر بھی ہمارا پبلسٹی ڈیپارٹمنٹ جو کچھ کر رہا ہے وہ اس صحیح طریقہ پر نہیں جس طرح کہ انڈین یونین میں کیا جا رہا ہے۔ ہندوستان کا طریق نشر و اشاعت ہم سے بہتر ہے۔ لندن۔ نیویارک اور واشنگٹن میں ان لوگوں نے پبلسٹی کے لئے نئے نئے طریقے ایجاد کئے ہیں اور ایسے عجیب و غریب طریقے ہیں کہ ہمارے دماغ بھی اس طرف نہیں جا سکتے۔ اس لئے میں چاہتی ہوں کہ پبلسٹی کو مضبوط کیا جائے۔ لیکن صحیح قسم کے آدمی لئے جائیں اور پبلسٹی کے جو طریق ہیں اُن کو اور بھی بہتر بنایا جائے۔ اس کے بعد میں refugees کے سوال کو لیتی ہوں۔ اس کے بارہ میں آپ پہلے بھی بہت کچھ سن چکے ہیں اور میں اس میں زیادہ اضافہ کرنے کی ضرورت محسوس نہیں کرتی۔ لیکن میں ایک سوال پوچھنا چاہتی ہوں۔ کہ جس وقت آپ ویلورز کالونیز کو آباد کر دیں گے تو دھاگے کا بہت بڑا problem پیدا ہو جائے گا۔ refugee اسی لئے میں نے یہ تجویز کمشنر اور ریفیوجی منسٹر صاحب کی خدمت میں پیش کی تھی کہ کم از کم آپ یہ صورت تو کر دیتے کہ کیمپوں میں عورتوں کو چرخے تقسیم کئے جائیں تاکہ وہ زیادہ سے زیادہ دھاگہ پیدا کر سکیں وہ کیمپوں میں بے کار وقت گزارنے کی بجائے کچھ مفید کام کریں۔

ایک آنریبل ممبر:۔ چرخے تقسیم ہوں گے۔

بیگم تصدق حسین:۔ تقسیم ہوں گے لیکن مجھے کوئی اطلاع نہیں پہنچی کہ چرخے کب تک تقسیم ہوں گے۔ میں نے ہزارہا ریفیوجی عورتوں سے گفتگو کی ہے وہ کام کے لئے تیار ہیں وہ چاہتی ہیں کہ انہیں جلد از جلد صوت دیا جائے اور چرخہ بھی تاکہ وہ اپنے بچوں کے لئے کپڑا مہیا کر سکیں۔ تیسری بات یہ ہے کہ مستورات کے لئے جو انتظام کیا گیا ہے میں اس میں تھوڑی سی ترمیم چاہتی ہوں۔ وہ یہ کہ انڈسٹریل ڈیپارٹمنٹ کو چاہئے کہ عورتوں کے لئے چند ایک ایسے انڈسٹریل مراکز قائم کرے جسے عورتیں خود چلائیں۔ مثلاً صابن کا کارخانہ عورتوں کے سپرد کیا جائے۔ اس کے علاوہ زیادہ سے زیادہ کارخانے قائم کئے جائیں۔ جرابیں بننے کا کام ہے۔ اس کی مشینری منگوا کر عورتوں کو دی جائے کہ کام شروع کر دیں نیز اسی طرح کئی چھوٹے چھوٹے کام ہیں جنہیں عورتیں آسانی سے کر سکتی ہیں وہ فوراً ان کے سپرد کر دیئے جائیں۔ اور باقی کام دوسرے لوگوں (مردوں) کے سپرد کئے جائیں۔

Mr. Fazl Ilahi (Central Punjab, Indian Christian):

مسٹر فضل الٰہی :-

صاحب صدر۔ بہت سی تقریریں ہو چکی ہیں جن میں اچھی اور مفید باتیں کہی گئی ہیں تنقیدی طور پر بھی کئی باتیں کہی گئی ہیں وہ سب مناسب تھیں۔ لیکن میں سمجھتا ہوں کہ فوری ضرورت یہ ہے کہ ان مصیبت میں پھنسے ہوئے refugees کو فوری امداد پہنچائی جائے۔ یہاں پر جو بڑی بڑی سکیمیں اور تجویزیں پیش ہو رہی ہیں اُن پر عمل درآمد کیا جائے گا لیکن وقت پر لیکن اس وقت ہم کو ضرورت یہ ہے کہ ان refugees کو کسی نہ کسی طرح سے جلد مدد پہنچائی جائے۔ اس وقت مجھے اس بات سے پورا اتفاق ہے کہ "کاٹیج انڈسٹریز" کو فوراً جاری کریں۔ ہم تھوڑے سے خرچ سے اور تھوڑے سے سرمائے سے اُن کے ہاتھ میں ایسا مواد دے سکتے ہیں جس کے ذریعہ سے وہ جہاں کہیں بھی ہوں خواہ درختوں کے نیچے اور خواہ سڑکوں پر اپنی روزی کما سکتے ہیں۔ پھر ایک اور بات کا ذکر کرنا چاہتا ہوں۔ وہ یہ ہے کہ میں ایک مسیحی نمائندہ ہوں۔ میں چاہتا ہوں کہ اس بات کا ذکر کروں کہ آپ کی زمین پر ہزارہا مسیحی مزارعین ہیں۔ جو کہ آپ کی زمینوں کی کاشت کرتے ہیں۔ اور آپ کے ہاتھ میں بہت زیادہ روپیہ دیتے ہیں ان کے متعلق آپ لوگوں نے سنا ہوگا۔ شاید نہ سنا ہو کہ یہ مزارع زمینوں سے اٹھائے جا رہے ہیں۔ میں چاہتا ہوں کہ ان مزارعوں کا کام جو کہ صدیوں سے پشت ہا پشت سے ان کے ہاتھ میں ہے ان سے نہ لے لیا جائے۔ اور ان کو اپنے گاؤں اور اپنی جگہوں میں ریفوجی نہ بنا دیا جائے بلکہ ان کو وہاں بسے رہنے دیا جائے۔

اس کے علاوہ آپ اس بات کی کوشش کیجئے کہ جو ریفوجی اس وقت مغربی پنجاب میں آ چکے ہیں ان کی اقتصادی پست حالی کو دور کرنے کیلئے انہیں ان مقامات پر جہاں کہ وہ اس وقت بیٹھے ہیں زیادہ سے زیادہ کام مہیا کیا جائے اور یہ صرف گھریلو صنعتیں جاری کرنے سے ہی ہو سکتا ہے۔ اب میں ایوان کا زیادہ وقت نہیں لینا چاہتا کیونکہ اور ممبران کو بھی اپنے اپنے خیالات کا اظہار کرنا ہے۔

Chaudri Bahawal Bukhsh (South East Gujrat, Muhammadan, Rural):

چودھری بہاول بخش :-

میری عرض یہ ہے کہ پہلے یہاں ایک لفٹننٹ گورنر ہوا کرتا تھا اور ایک فنانشل کمشنر۔ اور کام چل رہا تھا۔ اس کے بعد یہاں ایک ہز ایکسیلنسی ہوا اور تین فنانشل کمشنر ہوئے۔ اور کام چلتا رہا۔ اس کی تفاصیل میں یہاں بیان نہیں کر سکتا۔ پھر ایک ہز ایکسیلنسی تین فنانشل کمشنر۔ سپیکر صاحب۔ وزیراعظم اور ۴ یا ۵ وزیر صاحبان ہوئے اور جہاں تک سطحی طور پر نظر جاتی ہے رعایا کی بہبودی کے لئے اگلا اور پچھلا زمانہ برابر تھا۔ ہوا یہ کہ حکومت

کی صرف شان بڑھ گئی ● اور کچھ آدمیوں کو نوکری کا موقعہ مل گیا اور پبلک کے گاڑھے پسینہ کا کمایا ہوا روپیہ انہوں نے کھایا اور اُن کی ترقی کے لئے کوئی تجویز نہ کی اور نشستند و گفتند و برخواستند کا مصداق ہو گئے - اور اپنے گھروں کو واپس چلے گئے اور ہم نے ۳۰۰ روپیہ لے لیا اور کوئی کام نہ کیا - میرا منہ بھی کالا اور آپ کا بھی کالا - (قہقہہ) میری اس وقت ۸۰ برس کی عمر ہے مجھے معلوم ہے کہ یہ سب کچھ نمائشی ہے - میں تو یہ چاہتا ہوں کہ ہمارے لوگ ایسے ہوں جو مسلمان ہوں - خدا ترس ہوں - دیانت دار ہوں اور ایماندار ہوں - اور حکومت کا کام خدا کے احکام کے مطابق کریں تاکہ ہم کو فوراً معلوم ہو جائے کہ انگریزوں کی غلامی کے بدلے ہمیں اپنی حکومت ملی ہے - چند دنوں سے ہم بچے تو ہم کو اپنی حکومت ملی - ہماری حکومت اور پرانی حکومتوں میں بیّن فرق ہونا چاہئے ورنہ اگر سلسلہ اسی طرح جاری رہا تو لوگ زیادہ رنج کریں گے - کیونکہ اگر اپنا مارے تو رنج زیادہ ہوتا ہے اور بیگانہ مارے تو محسوس بھی نہیں ہوتا - ہم یہاں آتے ہیں اور غالباً ہماری تعداد ۱۰۳ ہے اور ہم سفر خرچ بھی لیں گے اور ہمیں تنخواہ تو ملتی ہے - لیکن ہم کیا کرتے ہیں میں ہر ایک ممبر سے کہونگا کہ وہ ایمانداری اور دیانتداری سے یہ سوچے کہ دراصل ہم غریبوں کے لئے - عاجزوں کے لئے - مسکینوں کے لئے کیا کر چلے ہیں ؟ میں باتیں کرنے والے اور باتیں بنانے والوں سے پوچھتا ہوں کہ کیا انہوں نے غریبوں اور مہاجرین کے لئے کوئی عملی کام کیا ہے یا نہیں - میں آج اس مجمع میں خدا کو حاضر و ناظر جان کر یہ کہتا ہوں کہ میں نے کیا ہے چونکہ یہ خود ستائشی کے مترادف ہے اس لئے میں اسے غیر متعلق سمجھتا ہوں اگرچہ یہ ایک حقیقت کا اعتراف ہے - میں اپنے آپ کو اور ان سب ممبران کو کہتا ہوں کہ گذشتہ چند ماہ میں انہوں نے بیچاروں - غریبوں اور مہاجرین کے لئے جو کچھ کام کیا ہے اس کا وہ عام اعلان کریں یعنی اس مجلس میں ظاہر کریں تاکہ ان کے اچھے نقش قدم پر دوسروں کو چلنے کی توفیق ہو - اگر ہم نے کچھ نہیں کیا اور محض تقریریں کر کے چلے گئے تو میں ان کو بتا دینا چاہتا ہوں کہ اس طرح اس ملک میں کبھی اصلاح نہیں ہوگی - ہم لوگ ہندوستان کے رہنے والے ہیں اور یہ وہ ملک ہے جہاں جو بھی حملہ آور آیا وہ لوٹ مار کر کے واپس چلا گیا اور یہاں حکومت اختیار کرنے سے گریز کیا اس لئے کہ اس کی اولاد کمزور نہ ہو جائے - یہاں مغل آئے اور کچھ دیر تک انہوں نے حکومت کی لیکن آج ان کی شکل و صورت کی شناخت تک نہیں ہو سکتی - یہ وہ ملک ہے جہاں کوئی چیز قائم نہیں رہ سکتی - اس لئے میں یہ عرض کرتا ہوں کہ تقریریں کرنے سے پہلے یہ سوچ لیں کہ آپ کس ملک کے رہنے والے ہیں - یہ لوگ غلامانہ ذہنیت رکھتے ہیں اور ہمیشہ غلامی کا طوق گلے میں ڈالے رہے ہیں - اور اگرچہ انگریز آپ کو پاکستان بنا کر دے گئے ہیں اور آپ نے زمام حکومت سنبھال لی ہے یعنی آخر کچھ نہ کچھ لے لیا ہے لیکن اس سے کچھ نہیں بنیگا - جب تک آپ کے اپنے دل میں اپنی قوم کی عزت - ترقی - احترام اور بہبودی پیدا کرنے کی خواہش نہ ہوگی اس وقت تک آپ کچھ نہیں کر سکتے اور نہ ہماری قوم کو کوئی فائدہ پہنچ سکتا ہے - اللہ تعالےٰ ہم کو صراط المستقیم پر چلائے - ؎

یا رب ایں آرزوئے من چہ خوش است
تو بدیں آرزو مرا برسان

میں خود سمجھتا ہوں اور کئی دفعہ آپ ہی آپ پشیمان ہونا پڑتا ہے جب کوئی عاجز لڑکا پیسہ مانگتا ہے اور میں منہ موڑ کر اور اسے جھڑک کر چل دیتا ہوں۔ پھر بعد میں خیال آتا ہے کہ میں نے بُرا کیا اور پھر دس قدم آگے نکل جانے کے بعد واپس آکر اُسے کچھ دے دیتا ہوں۔ اس لئے میری گذارش ہے کہ اس مجلس میں تقریریں کرنے سے پہلے یہ سوچ لیا کریں کہ آپ نے غریبوں کی مہاجرین اور قوم کی کیا خدمت کی ہے اور صحیح طور پر اور ایمانداری کے ساتھ اس کا اظہار کیجئے۔

چیئرمین (چودھری صلاح الدین) آپ کا وقت ختم ہو گیا ہے۔

چودھری بہاول بخش - بہت بہتر جناب والا۔

Chaudri Muhammad Sarfaraz Khan (North Sialkot, Muhammadan, Rural):

چودھری محمد سرفراز خان

محترم صدر۔ مشرقی پنجاب سے جو مسلم مہاجرین سلامتی کے ساتھ مغربی پنجاب میں آئے ہیں اور ان کے دوبارہ بسانے کے متعلق جو سوالات پیدا ہوئے ہیں میں بھی ان کے متعلق کچھ عرض کرنا چاہتا ہوں۔ میں حکومت کی خدمت میں یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ Border کے جو اضلاع ہیں مثلاً سیالکوٹ لاہور اور منٹگمری ان کے متعلق یہ خاص طور پر خیال رکھا جائے کہ ان میں صرف ان لوگوں کو آباد کیا جائے جو راجپوت اور جاٹ ہوں۔ بدقسمتی سے میرے ضلع میں جہاں دو سرحدیں ملتی ہیں ایک طرف کشمیر اور دوسری طرف انڈین ڈومینین کے وہ لوگ آباد ہوئے ہیں جو گورداسپور سے آئے ہیں اور جن کی پہلے بھی حالت یہ تھی کہ دریائے راوی میں ذرا طغیانی آئی اور وہ اپنا سامان لے کر چل پڑے اور سرگودھا تک چلے گئے اور پھر واپس آگئے۔ میں چاہتا ہوں کہ گورنمنٹ یہ فیصلہ کر دے کہ وہاں صرف جاٹ اور راجپوت آباد ہوں تو یہ زیادہ بہتر بات ہوگی۔ اس سے پہلے تو گورنمنٹ کا کام یہ تھا کہ وہ انسانوں کی جان بچائے۔ اور اب جبکہ وہ ان کو بچا کر لے آئی ہے۔ میں چاہتا ہوں کہ وہ بورڈر کے اضلاع لاہور۔ سیالکوٹ۔ شیخوپورہ اور منٹگمری کے متعلق یہ فیصلہ کر دے کہ وہاں صرف جاٹوں اور راجپوتوں کو بسایا جائے گا۔ ورنہ بورڈر کے اضلاع میں بصورت دیگر..... بہت تکلیف کا سامنا کرنا پڑیگا۔

دوسرے میں یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ اب تک گورنمنٹ کی کوئی واضح پالیسی باہر نظر نہیں آئی۔ میں نے جہاں جہاں اپنے علاقہ میں دورہ کیا ہے مجھے ایک بات دیکھ کر بڑی تکلیف ہوئی ہے اور وہ یہ ہے کہ جتنے غریب آدمی مشرقی پنجاب سے آئے ہیں ان کی حالت تو یہاں آکر اچھی ہوگئی ہے لیکن جو اوسط درجہ یا جن کی حالت

یہاں بہت اچھی تھی ان کی حالت یہاں آکر بہت خراب ہوگئی ہے۔ گورنمنٹ ان کی حالت سنبھالنے کی کوشش کر رہی ہے لیکن اس نوع میں بہت زیادہ کوشش کی ضرورت ہے۔ اس کے بعد میں یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ سرکاری اور غیر سرکاری لوگوں میں بددیانتی کو دور کیا جائے۔ میرے خیال میں ہندوستان کی حکومت کے سامنے یہ تجویز تھی کہ کشمیر کو ۱۵ دن کے اندر اندر ختم کر دیا جائے جس طرح کہ انہوں نے مشرقی پنجاب میں کیا۔ ہماری یہ خوش قسمتی تھی کہ کشمیر کا معاملہ طول پکڑ گیا۔ کشمیر کے لوگوں نے یہ سمجھ لیا کہ اگر ہم بھی مشرقی پنجاب کے مسلمانوں کی طرح بھاگے تو وہی حشر ہوگا جو ان کا ہوا ہے۔ انہوں نے بے عزتی اور عصمت دری پر موت کو ترجیح دی اور باطل کے خلاف تلواریں سونت لیں۔ اپنی آزادی کو برقرار رکھنے کے لئے اٹھ کھڑے ہوئے۔ بہرحال ہندو اور سکھوں نے جو دولت اور جائداد مغربی پنجاب میں چھوڑی ہے اگر اس کا خاطر خواہ انتظام کیا جاتا تو وہ اس قدر تھی کہ پاکستان کی اقتصادی حالت سدھر جاتی۔ پاکستان کے استحکام اور آیندہ نسلوں کی بہبودی کے لئے کارآمد ثابت ہوتی۔ لیکن بدامنی کے زمانے میں ایک ایسی غلط رو چلی کہ لوٹ کھسوٹ شروع ہوگئی۔ حکومت نے اس وقت دولت کی حفاظت کی نسبت مشرقی پنجاب کے مسلمانوں کی جانیں بچانے کو ترجیح دی جو واقعی مقابلتہً زیادہ اہم کام تھا۔ جس کا نتیجہ یہ ہوا کہ سرکاری اور غیر سرکاری اشخاص سب نے بددیانتی کی۔ میرے خیال میں بددیانتی بہت بڑا جرم ہے۔ اس کی سزا بھی قتل کی سزا کی طرح موت ہونی چاہئے (تالیاں) اگر کسی وزیر کے پاس یہ شکایت کی جائے کہ فلاں ملازم بددیانت ہے تو وہ جواب دیتے ہیں کہ کیا کیا جائے وہ سینئر ہے۔ اب پرانی روش کو ترک کر دینا چاہئے سینارٹی کے اصولوں کو ترک کر کے بہتر لوگوں کی حوصلہ افزائی کرنی چاہئے اور انہیں موقع دینا چاہئے۔ میں ان الفاظ کے ساتھ اپنی تقریر ختم کرتا ہوں۔

Malik Wasir Muhammad (Inner Lahore, Muhammadan, Urban) :-

ملک وزیر محمد۔

جناب عالی میں میاں نور اللہ صاحب کے ریزولیوشن میں ایک ترمیم پیش کرنا چاہتا ہوں کہ ہر جگہ مقامی کمیٹیاں ہونی چاہئیں۔ جو مرکزی کمیٹی کو اپنی رپورٹیں بھیجیں۔

جناب والا ممبران نے ایوان میں جن خیالات کا اظہار کیا ہے۔ وہ دیانتداری پر مبنی نہیں ہیں۔ (شور لعنت بھیجتے) یہ کہتے کچھ ہیں اور کرتے کچھ ہیں۔ دیانتداری ایک نہایت نیک صفت ہے۔ انسانیت کا گہنا ہے۔ وہ انسان نہیں جو بددیانت ہے۔ ہماری مسجدوں میں نمازی نمازیں تو پڑھتے ہیں۔ لیکن عموماً دیانتداری سے عاری۔ ہمارے مولوی خود اپنے کہے پر عمل نہیں کرتے۔ یہی وجہ ہے۔ کہ ان کی تقریریں بے اثر ہوتی ہیں۔ وہ خود بے عمل ہوتے ہیں۔ بھلا دوسرے لوگ ان کی باتوں پر خاک عمل کریں۔ میں ایوان میں اعلان کرتا ہوں کہ اسلامی روایات کو مدنظر رکھا جائے۔ اور عوام کو دھوکہ نہ دیا جائے۔ لیکن صاحب صدر ہم پر تو وہ

[Malik Waris Muhammad]

شعر صادق آتا ہے ؎

وضع میں تم ہو نصاریٰ تو تمدن میں ہنود
یہ مسلماں ہیں جنہیں دیکھ کے شرمائیں یہود

(قطع کلامی) آپ کی وضع بھی ویسی ہی ہے۔ باجی ہاں میں اپنی ذات کو مستثنیٰ قرار نہیں دے رہا ہوں۔ میں بھی آپ میں شامل ہوں

رشوت خوری اور بد دیانتی کا بازار گرم ہے۔ ادھر عوام بھی اپنے رشتہ داروں کو بلا لیتے ہیں۔ اور ان کی ناجائز اور غلط سفارشیں کرتے ہیں۔ میرے پاس ایک شخص آیا۔ اور ایک مہاجر کی سفارش کی۔ میں نے کہا۔ یہ تو ناجائز ہے۔ کہنے لگا آپ کرا تو دیں۔ جب تحقیقات ہوگی دیکھا جائیگا۔ آپ رئیسوں کے نمائندے ہیں۔ آپ کو کیا معلوم کہ قصبات و دیہات میں لوگوں کی کیا حالت ہے۔ اور وہ کس تنگدستی سے گذارہ کر رہے ہیں۔ مثال کے طور پر چند روز ہوئے میں انارکلی سے گذر رہا تھا۔ کہ دو عورتیں اور دو بچیاں کھڑی تھیں۔ ایک بچی نے میرے پاس آکر دست سوال دراز کیا۔ میں نے اُسے ایک چونی دی۔ اور دریافت کیا۔ کہ کہاں سے آئے ہو اور کہاں رہتے ہو۔ اُس نے بتایا ہم دہلی سے آئے ہیں۔ اور گلی بازار میں رہتے ہیں۔ میں چند دوستوں کے ہمراہ ان کی جائے رہائش پر گیا۔ اور دیکھ کر دنگ رہ گیا۔ کہ انہوں نے ایک گدا نیچے ڈالا ہوا ہے۔ اور اوپر ایک لحاف ڈال رکھا ہے۔ لیکن سونے والے چھ ہیں۔

ہم نے پوچھا۔ کھانے کے لئے کچھ ہے۔ جواب ملا کچھ نہیں۔ ہم نے ان کو کچھ پیسے دیئے۔ وہ انڈے لائیں۔ تو توے کا تو اتنا نہ تھا۔ جس پر انڈے تلے جا سکتے۔ یہ ایمان کی بات ہے۔ میں بالکل صحیح صحیح واقعہ بیان کر رہا ہوں۔ بلکہ اُس وقت ہمارے ایک دوست نے کہا۔ "تلی (ہتھیلی) پر تل لو"۔ اس عورت نے ایک ٹوٹے ہوئے گھڑے کا قطعہ حصہ لیا۔ اور اُس پر انڈے تلے یہ تھی ان کی حالت۔ پھر اس گھر میں نہ کوئی صفائی کا انتظام تھا۔ نہ کچھ اور ہم نے انہیں دو لحاف لا کے دیئے۔ پھر اس تمام گلی میں پھرے۔ اور دوسرے لوگوں کے حالات بھی دیکھے دیانتی جمع خرچ کرنا آسان ہے۔ مگر کچھ کام کر کے دکھانا بہت مشکل ہے۔ حق یہ ہے۔ کہ لاہور کے باشندوں نے مہاجرین کے لئے جو کچھ کیا ہے۔ کوئی اور شہر اس کی مثال پیش نہیں کر سکتا۔ ہر گھر نے دو دو لحاف اور ۱۰، ۱۷ روپے دیئے۔ اور پھر پولیس نے ڈانٹ ڈپٹ کر کئی کئی بار یہ چیزیں وصول کیں۔

کہتے ہیں افسر اچھے نہیں۔ میں کہتا ہوں۔ اگر لاہور میں محمد علی چیمہ جیسے افسر نہ ہوتے۔ تو مہاجرین کا حال بہت بُرا ہوتا۔ ایک دفعہ میں مہاجر کیمپ میں گیا۔ تو وہاں دیکھا مسٹر محمد علی چیمہ ڈاکٹر کی سفید وردی پہنے کانوں میں ٹونٹیاں لگائے پھر رہے ہیں۔ ایک دوست کہنے لگا کیا عجیب آدمی ہے ڈاکٹر ہے نہیں اور ڈاکٹر بنا پھرتا ہے۔ میں نے کہا۔ صرف اس لئے کہ مہاجرین بددل نہ ہوں انہیں تسلی دے رہے ہیں۔ اسی وجہ سے لاہور میں چیمہ صاحب کی اتنی عزت ہے۔ کہ وہ جس طرف جاتے ہیں۔ لوگ تعظیماً کھڑے ہو جاتے ہیں۔

اب میں تو عوام کا نمائندہ ہوں۔ اور وہی بات کہوں گا۔ جو عوام کی مرضی کے مطابق ہو۔ اس میں چاہے آپ ناراض ہوں یا نہ ہوں۔ مظفر علی قزلباش نے گھوڑا دولتی نکالنے کی اجازت لے لی۔ حالانکہ عوام کی مرضی نہ تھی۔ ہم نے سُنا۔ قربان علی خان کہتے ہیں میں گولی

چلا دوں گا۔ ہمیں یہ امید نہ تھی۔ مگر ہم نے کہا۔ ہم آپ کے اس فیصلہ کو لبیک کہتے ہیں۔ آپ گولی چلائیں۔ آپ دیکھیں گے۔ کہ عوام کس جذبہ سے گھوڑا (ڈنڈا) نکالتے ہیں۔ سب سے بڑی بات یہ ہے..... (ایک معزز ممبر:۔ گھوڑا (ڈنڈا) کس نے نکالا)۔ (وزیر مالیات علی نے مظفر علی نے بھی نکالا۔ مگر بعد میں۔ عوام یہ محسوس کرتے ہیں۔ کہ لیگ میں آنے یا نہ آنے کی کوئی جزا سزا نہیں ہے۔ اب دیکھئے یہاں میاں محمد ابراہیم برق پہلی صفوں میں بیٹھے ہوئے ہیں۔ اسی طرح نواب مظفر علی قزلباش بھی۔

صاحب سپیکر:۔

از راہ کرم کسی ممبر کا نام لے کر اس کے متعلق کچھ نہ کہیں۔

ملک وزیر محمد:۔

بعض ایسے ممبر مخالف بنچوں پر بیٹھے ہوئے ہیں۔ جو تمام عمر ہماری مخالفت کرتے رہے اور جن کی وجہ سے مسلمانوں کو سخت نقصان پہنچا۔

میں جانتا ہوں۔ کہ جناب رسول کریم (علیہ الصلوٰۃ والسلام) نے اپنے مخالفین سے نیک سلوک کیا۔ مگر ان کے سامنے بھی جب ایک ایسے شخص کو لایا گیا۔ جس نے حضور کے چچا کو شہید کیا تھا۔ تو آپ نے یہ فرمایا۔ کہ اس کو زندہ رہنے دو۔ مگر یہ میرے سامنے نہ آئے۔ مگر ہم نے اپنے مخالفوں کو پہلے بنچوں پر اپنے سامنے جگہ دے رکھی ہے۔

(ایک آواز:۔ ایوان کی رسم ہے کہ سابق وزیروں کو پہلے بنچوں پر جگہ دی جاتی ہے)

میں یہ کہہ رہا تھا۔ کہ سزا جزا لازمی ہے۔ اس کے بغیر کوئی پارٹی نہیں چل سکتی۔ پہلے کہتے تھے کہ یہ کر دیا جائے گا۔ وہ کر دیا جائے گا۔ مگر جب برسر اقتدار آئے۔ کچھ بھی نہ کیا۔ اصل بات یہ ہے کہ ہر شخص اپنے طبقہ کا لحاظ کرتا ہے۔

میاں عبدالحق:۔

معزز ممبر زیر غور تحریک پر تقریر نہیں فرما رہے۔

ملک وزیر محمد:۔

میرا مقصد ان ممبروں پر ذاتی حملہ کرنا نہ تھا۔ نہ میری ان سے کوئی ذاتی رقابت ہے۔ میں تو عوام کے جذبات آپ کے سامنے پیش کر رہا ہوں۔ میں یہ نہیں چاہتا کہ کسی کی بے عزتی ہو۔

Premier (The Hon'ble Khan Iftikhar Husain Khan):

آنریبل خان افتخار حسین خاں:۔

جناب والا! میرے دوست میاں محمد نور اللہ نے جو تحریک پیش کی ہے۔ اس سے جیسا کہ مجھ سے پہلے تقریر کرنے والے بہت سے اصحاب فرما چکے ہیں۔ کسی کو اختلاف نہیں۔ مجھے اس بات سے کلی اتفاق ہے۔ کہ اراضی برسر نو آباد کرنے کے کام میں دانستہ اور نادانستہ طور پر کئی غلطیاں ہوئیں جن کے باعث مہاجرین کو بہت تکالیف ہوئیں۔ اور اس تحریک کو پیش کرنے کا مقصد بھی یہی

[The Hon'ble Khan Iftikhar Husain Khan]

ہے۔ کہ مہاجرین کو جلد از جلد آباد کیا جائے۔ اور جہاں تک ممکن ہو۔ ان کی تکالیف کا ازالہ کیا جائے۔ معزز ممبران اس تحریک پر تقریریں کرتے ہوئے بہت سی غیر متعلقہ باتیں بھی بیچ میں لے آئے ہیں۔ جس کا نتیجہ یہ ہوا ہے۔ کہ تمام معاملہ ایک معجون مرکب کی صورت اختیار کر گیا ہے۔ اب میرے لئے ان تمام غیر متعلقہ امور کا جواب دینا مشکل ہے۔ مجھے یہ وقت پیش آ رہی ہے۔ کہ میں کس چیز کا جواب دوں اور کس کا جواب نہ دوں۔

جہاں تک گورنمنٹ کی پالیسی کا تعلق ہے۔ میں یہ کہنا چاہتا ہوں کہ شروع ہی سے گورنمنٹ کی یہ کوشش تھی۔ کہ مہاجرین کو مغربی پنجاب سے گئے ہوئے غیر مسلموں کی املاک پر آباد کیا جائے اور اس کے ساتھ ہی یہ بھی کوشش جاری رکھی جائے۔ کہ زمینداروں اور کاشتکاروں کو زمینوں پر آباد کیا جائے۔ دوکانداروں کو دوکانوں پر اور صنعت کاروں کو صنعتوں پر۔ لیکن اگر اس پالیسی کو عملی جامہ پہنانے میں کوئی خرابی رہ گئی ہے۔ تو ہمیں یہ دیکھنا چاہئے۔ کہ واقعات کیا ہیں۔ میں آپ کی خدمت میں یہ عرض کروں گا۔ کہ یہ واقعات جو مشرقی پنجاب میں ہوئے ہیں۔ اور جس طریق سے مہاجرین یہاں آئے ہیں۔ ہم ان کے لئے پہلے سے تیار نہ تھے۔ نہ ہمیں ان کا علم تھا۔ اور نہ توقع۔ یہ واقعات ہمارے لئے نہایت غیر متوقع تھے۔ اور گورنمنٹ ان کے مقابلہ کے لئے تیار نہ تھی۔ دوسری وجہ یہ ہے۔ کہ ہمارے پاس سٹاف کی کمی تھی۔ ہمارے بہت سے افسر مشرقی پنجاب میں رہ گئے تھے۔ تیسری وجہ یہ تھی۔ کہ مشرقی پنجاب میں جس بے دردی سے مسلمانوں پر ظلم ڈھائے جا رہے تھے۔ اس کے پیش نظر ہماری گورنمنٹ کا یہ فرض تھا۔ کہ جہاں تک ممکن ہو۔ وہاں کے مسلمانوں کو جلد از جلد وہاں سے نکال لیا جائے۔ چوتھی وجہ مہاجرین کے آنے کی رفتار تھی۔ یہ مہاجرین کا ایک ایسا سیلاب تھا۔ جنہیں آنے کے ساتھ ہی کسی منظم طریق کے ساتھ آباد کرنا ناممکن تھا۔ ہمیں اتنی فرصت ہی نہ ملتی تھی۔ کہ ان کے لئے کوئی پلین بنائیں۔ اس کے بعد میں یہ بھی عرض کروں گا۔ کہ اگر مہاجرین کو از سر نو آباد کرنے کے کام میں کچھ خامیاں رہ گئی ہیں۔ تو ان کے لئے صرف افسر ہی ذمہ دار نہیں بلکہ میں سمجھتا ہوں۔ کسی حد تک انصار بھی اور خود مہاجرین بھی۔

مثال کے طور پر مہاجرین کے متعلق میں یہ عرض کرنا چاہتا ہوں۔ کہ مشرقی پنجاب کے کاشتکار مہاجرین جو یہاں تشریف لائے ہیں۔ انہوں نے یہ معلوم کر لیا تھا۔ کہ مغربی پنجاب کے کون سے اضلاع ایسے ہیں۔ جن کی زمینیں اچھی ہیں۔ اور کونسے ایسے ہیں۔ جن کی زمینیں خراب ہیں۔ چنانچہ انہوں نے ان اضلاع کا رخ کیا۔ اور ان میں سے بیشتر لائلپور، منٹگمری، سرگودھا، ملتان اور شیخوپورہ کے پانچ اضلاع میں پہنچے۔ وہاں پہنچ کر ہر مہاجر کی یہی کوشش تھی۔ کہ وہ جس ضلع میں پہنچ چکا ہے۔ اسے وہی زمین دی جائے۔

حکومت پنجاب اور مرکزی مہاجر کونسل (Central Refugee Council) نے انہیں سہولتیں بہم پہنچانے کے لئے سکیمیں بھی تیار کیں۔ یہ بھی کوشش کی گئی کہ مہاجرین کو آباد کرنے کے لئے قواعد مرتب کئے جائیں۔ یہاں تک کہ اس امر کا بھی فیصلہ کیا گیا۔ کہ کس ضلع میں کس کو آباد کیا جائیگا اس کے علاوہ یہ بھی طے پایا۔ کہ کن کن اضلاع کے مہاجرین کن کن اضلاع میں آباد کئے جائینگے مگر افسوس کہ حالات نے مہلت نہ دی۔ اور باوجودیکہ ہم ہر قسم کی سکیمیں طے کر چکے تھے۔ تاہم ان پر عمل نہ کر سکے۔ اس کی سب سے بڑی وجہ یہ تھی کہ یہ مسئلہ یکایک پیدا ہوا۔ لاکھوں مہاجرین خانماں برباد ہو کر پہنچے۔ ہجرت کی صورت ایک سیلاب کی سی تھی۔ یہ توقع کہ اسی وقت منظم اور

باقاعدہ سکیم کے ماتحت ان کو آباد کیا جاتا۔ عبث ثابت ہوتی۔ اگر ہم اس وقت ان کو روک لیتے۔ اور یہ معلوم کرنے کے درپے ہو جاتے۔ کہ کاشتکار کون ہیں اور غیر کاشتکار کون۔ اور وہ کس ضلع سے آئے ہیں۔ تو میں سمجھتا ہوں۔ کہ اس طرح ایک ایک کر کے انہیں آباد کرنے کے لئے اور بھی زیادہ وقت لگتا۔ دراصل اس وقت کاشتکار اور غیر کاشتکار کی تمیز اور ضلع وار سکیم بالکل ناممکن تھی۔ اور اس طرح ہمیں ایک قافلے کو ہفتوں روکنا پڑتا۔ اس وقت ہمارے سامنے سب سے بڑا مسئلہ یہ تھا۔ کہ جتنے مہاجرین آ چکے ہیں۔ انہیں کہیں نہ کہیں بٹھا دیا جائے تاکہ جانیں ضائع نہ ہوں۔ جانچ پڑتال checking بعد میں ہوتی رہے گی۔ چنانچہ ان لمحوں کے پیش نظر ہمیں (جو مہاجر جہاں پہنچا) اسے وہیں آباد کرنا پڑا۔ اب جب کہ مہاجرین کی آمد کم ہو گئی ہے۔ ہم نے انہیں صحیح طور پر آباد کرنے کے لئے جانچ پڑتال شروع کر دی ہے۔

جناب والا۔ چونکہ کام بہت زیادہ تھا۔ اور اسے پورا کرنے کے لئے ہم پہلے سے تیار نہ تھے اور نہ ہی ہمیں اس کے متعلق کوئی تجربہ تھا۔ لہذا قدرے بدانتظامی ضرور ہوئی۔ اور افسروں سے بے قاعدگیاں بھی ہوئیں۔ میں یہ نہیں کہتا کہ وہ بالکل پاک باز ہیں۔ میں یہاں ان کی ڈیفنس کے لئے کھڑا نہیں ہوا۔ تاہم ہمیں ایسے افسروں کو بھی نظر انداز نہیں کرنا چاہئے جنہوں نے بڑی تن دہی اور محنت سے کام کیا ہے۔ ہمیں دونوں قسم کے افسروں کا خیال رکھتے ہوئے انہیں ایک ہی رسی سے نہیں باندھنا چاہئے۔ میں مانتا ہوں۔ کہ ہمارے بعض افسروں نے رشوت ستانی بھی کی ہے۔ مگر ان کے ساتھ ہی ایسے افسر بھی موجود ہیں۔ جنہوں نے نہایت دیانتداری سے کام کیا ہے۔ یہاں میں اس امر کا اظہار بھی ضروری سمجھتا ہوں۔ کہ اگر افسروں سے بے قاعدگیاں سرزد ہوئی ہیں۔ تو مہاجرین نے بھی کچھ کم نہیں کیا۔ میرے نزدیک مہاجرین اور انصار دونوں قصوروار ہیں۔ انہوں نے بھی کئی ایک بدعنوانیاں کی ہیں۔

جناب والا۔ مہاجرین کی ایک بڑی تعداد جو مشرقی پنجاب اور دیگر مقامات سے ہمارے صوبے میں پہنچی ہے۔ دوبارہ بسائی جا چکی ہے۔ یہ کام ہمارے افسروں نے ہی سرانجام دیا ہے۔ ہم وزراء میں سے تو کسی نے جا کر انہیں آباد نہیں کیا۔ اور یہ سب کچھ یا تو مرکزی مہاجر کونسل (Central Refugee Council) کے احکام کے ماتحت یا ہمارے کابینہ کی ہدایات کے مطابق کیا گیا ہے۔ بہرحال مہاجرین کو ان افسروں نے ہی آباد کیا ہے۔ میں نے یا آپ نے نہیں کیا۔ چونکہ یہ کام افسروں نے سرانجام دیا ہے۔ اور ان میں سے بعض سے بے قاعدگیاں بھی سرزد ہوئی ہیں۔ لہذا بہت سی شکایات موصول ہوئی ہیں۔ ان شکایات کے ازالے کے لئے حکومت نے ایک کمیٹی مقرر کی ہے۔ جو ان بے قاعدگیوں کی جانچ پڑتال کرے گی۔ اس کمیٹی کے دو ممبر صوبائی مسلم لیگ سے اور تین اضلاعی مسلم لیگوں کی مجلس (Working Committee) سے لئے جائیں گے۔ ان میں سے دو کے نام (اگر ایوان مجھے اجازت دے) میں بتا سکتا ہوں۔ (ضرور۔ ضرور کی آوازیں) یہ دونوں حضرات نہایت مخلص اور محنتی ہیں۔ ایک تو گوجرانوالہ مسلم لیگ کے سیکرٹری چودھری محمد شریف ہیں۔ اور دوسرے گورداسپور مسلم لیگ کے سیکرٹری ملک عبدالعزیز ایڈووکیٹ ہیں۔ یہ دونوں اصحاب مسلسل بڑے خلوص و محبت سے کام کر رہے ہیں۔ اور میں وثوق سے کہہ سکتا ہوں۔ کہ ان کی دیانتداری پر کسی کو شبہ نہیں ہو سکتا۔ اس کے علاوہ مرکزی مہاجر کونسل نے بھی یہ ہدایات جاری کی ہیں۔ کہ تمام ضلعوں میں ایسی کمیٹیاں بنائی جائیں اور ان کمیٹیوں کی تشکیل اس ڈھنگ سے کی جائے۔ کہ ان میں

[The Hon'ble Khan Iftikhar Husain Khan]

تمام وہ مقامی آدمی آجائیں۔ جنہوں نے لوگوں کو اور خاص کر افسروں کو بے قاعدگیوں۔ بدعنوانیوں اور رشوت ستانی سے باز رکھنے کے لئے نمایاں کام کیا ہو۔

اس میں شک نہیں۔ کہ بعض افسروں نے ایسی ایسی بے قاعدگیاں کی ہیں جنکی جانچ پڑتال کرنا نہایت ضروری ہے۔ بنا برین یہ کمیٹی بنائی گئی ہے۔ جو مرکزی مہاجر کونسل کے فیصلوں کے مطابق عمل کرے گی۔ علاوہ ازیں اسی کام کو وسیع پیمانے پر سرانجام دینے کے لئے اضلاعی کمیٹیاں بنانے پر زور دیا گیا ہے۔ اور تحصیل وار کمیٹیاں بنانے کا بھی فیصلہ کیا گیا ہے۔ جو حکومت کے ساتھ پورا پورا تعاون کریں گی۔ چنانچہ اسی مقصد کے پیش نظر ایوان ہذا میں ایک بل پیش ہونے والا ہے۔ جس کا مقصد یہ ہے۔ کہ جن افسروں نے بے اعتدالیاں کی ہیں۔ ان کے متعلق جانچ پڑتال کی جائے۔ اور بعد ازاں رپورٹیں ایک ٹریبونل کے سامنے پیش کی جائیں گی۔ چنانچہ اس کے فیصلے کے مطابق متعلقہ افسروں کو سزائیں بھی دی جائیں گی۔ اسی ضمن میں میں یہ بھی بتا دوں۔ کہ ایسے افسروں کو (جن کے خلاف جرم ثابت ہوں گے) ہرگز معاف نہیں کیا جائے گا۔ بلکہ سخت سزائیں دی جائیں گی۔ پھر جہاں تک افسروں کی بدعنوانیوں یا کسی ناجائز الاٹمنٹ کا تعلق ہے۔ ہم چاہتے ہیں۔ اور حکومت کی یہی پالیسی ہے۔ کہ متعلقہ افسروں کے بارہ میں تحقیقات کی جائے۔ اور جرم ثابت ہونے پر انہیں مناسب سزائیں دی جائیں۔ اور میں امید کرتا ہوں۔ کہ ایوان کے سامنے جب وہ بل پیش ہوگا۔ تو وہ اسے منظور کرے گا۔

مجھے اس ایوان کے ممبران سے ایک اور شکایت بھی ہے۔ وہ بھی میں آپ کی خدمت میں پیش کرتا ہوں۔ آج اس ایوان میں جو تقریریں کی گئی ہیں۔ ان کو سن کر مجھے انتہائی خوشی حاصل ہوئی ہے۔ اور وہ بھی اس لئے کہ آج مجھے ایوان ہذا کے ممبران کے صحیح جذبات معلوم کرنیکا موقع ملا ہے۔ میں نے محسوس کیا ہے۔ کہ بیشتر ممبران کا مقصد محض حکومت پر نکتہ چینی کرنا ہے۔ چنانچہ ان تقاریر میں وزارت پر شدید حملے بھی کئے گئے ہیں۔ ان حملوں کے پیش نظر میں سمجھتا ہوں۔ اور مجھے حق پہنچتا ہے۔ کہ ایوان ہذا کا ممبر ہونے کی حیثیت سے میں ان کا جواب دوں۔ آپ کو معلوم ہے۔ کہ جب کبھی کسی صوبے یا نظام میں خرابی ہوتی ہے۔ تو اس کی ذمہ داری یا تو وہاں کی وزارت پر ہوتی ہے یا نظام حکومت پر۔ لہذا مہاجرین کے سلسلے میں بے اعتدالیوں اور بے قاعدگیوں کے سلسلے میں اگر آپ ہمیں ذمہ دار ٹھہراتے ہیں۔ تو آپ کو چاہئے۔ کہ ان کی بیخ کنی کے لئے ہمارا ساتھ دیں۔ حکومت پر صرف نکتہ چینی ہی نہ کیجئے۔ بلکہ آج سچے دل سے یہ فیصلہ کیجئے۔ اور میں آپ کو یقین دلاتا ہوں۔ کہ ہم سب کی یہی پالیسی ہونی چاہئے۔ کہ جو غیر مسلم مغربی پنجاب چھوڑ گئے ہیں۔ ان کی جائداد اور زمینوں وغیرہ پر مہاجرین کے سوا کسی کا حق نہیں اور یہ انہیں کا حصہ ہے۔ (تالیاں)

جناب والا۔ ہم ان ایوان میں بیٹھ کر اچھے اچھے جذبات کا اظہار کرتے ہیں۔ لیکن میرا ذاتی تجربہ ہے۔ کہ یہاں سے اٹھ کر جب میں اپنے دفتر میں جاؤں گا۔ تو وہاں میرے پاس اس قسم کے کئی وفد آئیں گے۔ جو یہ کہیں گے کہ صاحب غیر مسلموں کی جائداد وغیرہ میں ہمارا حصہ بھی ہونا چاہئے۔ میں اس ایوان کے تمام ممبران سے درخواست کروں گا۔ کہ آج جہاں وہ اس اہم امر کے متعلق فیصلہ کرنے والے ہیں۔ وہاں وہ اس بات کا تہیہ بھی کر لیں۔ کہ آئندہ وہ مہاجرین کے حقوق پر ڈاکہ ڈالنے کے لئے میرے پاس ہرگز تشریف نہ لائیں گے۔ (تالیاں)

جناب والا۔ جہاں تک اس کمیٹی کا تعلق ہے۔ جو میاں صاحب نے تجویز کی ہے۔ میرے

بھائی رانا عبدالحمید خان نے فرمایا تھا۔ کہ مہاجرین کو زمینیں تقسیم کرنے کے بارے میں حکومت کی کوئی پالیسی نہیں ہے۔ کسی ضلع میں بھی ایک جیسی پالیسی پر عمل نہیں کیا جاتا۔ ہر ضلع میں مختلف اصولوں کی بنا پر مہاجرین کو زمینیں دی جاتی ہیں۔ ان کی خدمت میں میں یہ عرض کر دینا چاہتا ہوں کہ مرکزی مہاجر کونسل اور ہماری حکومت نے اس سلسلے میں بعض اصول طے کئے ہیں۔ یعنی یہ کہ بعض ہی ضلعوں میں جہاں زمینیں بہت اچھی ہیں۔ ایک خاندان کو پانچ ایکڑ زمین دینے کی اجازت ہے۔ یعنی کسی حالت میں بھی کسی خاندان کو پانچ ایکڑ سے کم زمین نہیں دی جائے گی۔ اور جو اراضی اس کے علاوہ ہیں۔ وہاں ۱۲½ ایکڑ زمین دینے کی اجازت ہے۔ دوسری بات یہ ہے کہ ایک معزز ممبر، کیا وزیر اعظم اس ایوان کے ان معزز ممبران کا نام بتائیں گے جنہوں نے ان کے پاس جا کر یہ استدعا کی تھی۔ کہ غیر مسلموں کی جائیداد وغیرہ میں سے انہیں بھی حصہ ملنا چاہیئے۔ میرا دوسرا سوال اپنے اس ایوان کے ممبران کی طرف نہیں ہے۔ میں نے پہلے عرض کیا ہے کہ چند واقعات ایسے ہو سکتے ہیں۔ آج مسلم لیگ پاکستان کی بڑی پارٹی ہے۔ بہرحال جناب والا بعض اضلاع سے یہ بھی اطلاعیں آئی ہیں۔ کہ وہاں کے مسلم لیگ کے کارکنوں نے بھی لوٹ مار میں کوئی کم حصہ نہیں لیا ہے۔ چونکہ یہ باتیں ظاہر نہیں کی جایا کرتیں۔ اس لئے میں سمجھتا ہوں۔ فی الحال ایسے لوگوں کے نام ظاہر کرنے کی ضرورت نہیں ہے جن کے خلاف مقدمات دائر ہوں گے۔ ان کے نام ظاہر ہو ہی جائیں گے۔ جہاں تک اس گورنمنٹ کا تعلق ہے۔ میں یہ یقین دلاتا ہوں۔ کہ بدعنوانیاں کرنے والے خواہ وہ اس ایوان کے ممبر ہوں۔ خواہ وزیر ہوں۔ یا پبلک کے اشخاص یا مسلم لیگ کے کارکن ہوں۔ انہیں ضرور سزا دی جائے گی۔ (تالیاں)

پھر جناب والا۔ میرے معزز دوست نے افسروں کے متعلق ذکر کرتے ہوئے فرمایا تھا۔ کہ حکومت کی مشینری خراب اور نکمی ہے۔ اس لئے بہت سے افسروں کو بدل دینا چاہیئے۔ میں اس سلسلہ میں یہ عرض کروں گا۔ جیسا کہ آپ کو معلوم ہے۔ ۱۵ اگست کو موجودہ حکومت قائم ہوئی۔ اس وقت بیشتر افسران ایسے تھے جو یونینسٹ پارٹی کے رنگ میں رنگے ہوئے تھے۔ میں نے موقع دیا ہے۔ کہ وہ اپنے خیالات میں تبدیلی پیدا کریں۔ اور بعض حد تک خیالات میں تبدیلیاں واقع ہوئی ہیں۔ علاوہ ازیں میں حکومت کی مشینری کو صاف کرنے کے بارے میں یہ بھی عرض کر دینا ضروری سمجھتا ہوں۔ کہ کئی افسران ایسے بھی ہوں گے۔ جو اپنے خیالات میں تبدیلی پیدا نہیں کر سکیں گے۔ اور انہیں نکالا جا سکے گا۔ اور کئی ایسے افسر بھی ہوں گے۔ جنہیں نکالا نہیں جا سکتا۔ لیکن ان سے بنتے حالات کے مطابق اپنے رویہ میں تبدیلی پیدا کرنے کے لئے کہا جا سکتا ہے۔ اس سلسلہ میں میں ان افسروں کا بھی ذکر کروں گا۔ جن کو ہمارے ان کی خدمت کے صلہ میں ترقیاں دی گئی ہیں۔ مثال کے طور پر ان دو سرکاری افسروں کے نام پیش کئے جا سکتے ہیں۔ جنہیں میں نے اس ضمن میں ترقیاں دی ہیں۔ اور انہیں ترقیاں دینے وقت کئی سینیئر افسروں کو Supersede کرنا پڑا ہے۔ پہلے افسر کا نام راجہ حسن اختر ہے۔ جو منٹگمری میں ڈپٹی کمشنر ہیں۔ یہ پہلے گورداسپور میں اے ڈی ایم تھے۔ یہ جونیئر افسر تھا۔ چنانچہ اسے دس بارہ افسروں کو Supersede کر کے ترقی دی گئی تھی۔ میں ایوان کو یقین دلاتا ہوں۔ کہ میرا انتخاب بالکل صحیح تھا۔ اور اس بارے میں ایوان کو پورا پورا اطمینان ہونا چاہیئے (تالیاں) میرا انتخاب بالکل درست ثابت ہوا ہے۔ اس افسر نے منٹگمری میں بے حد قابل تعریف کام کیا ہے۔ آپ

[The Hon'ble Khan Iftikhar Husain Khan]

منٹگمری میں کمیٹی مقرر کریں یا کوئی صاحب جا کر معلوم کرنا چاہیں۔ تو خوشی سے ایسا کر سکتے ہیں۔ مجھے یقین ہے۔ کہ آپ کو کوئی آدمی ایسا نہ ملے گا۔ جو اس افسر کے خلاف آواز بلند کرے (تالیاں) دوسرے افسر مشتاق احمد چیمہ ہیں۔ جو اب ڈپٹی کمشنر جھنگ ہیں (تالیاں) یہ بھی میرا انتخاب تھا۔ یہ افسر بھی جونیئر افسر تھا۔ جسے ترقی دینے میں حکومت کو ۲۰ یا ۲۵ افسروں کو Supersede کرنا پڑا۔ لہذا جناب والا! میں پورے بھروسے اور اعتماد سے کہہ سکتا ہوں۔ کہ باقی افسران بھی ان مثالوں کو دیکھتے ہوئے اچھا کام کر رہے ہیں۔ اور حکومت ان کے کام سے مطمئن ہے۔ آخر حکومت کی مشینری کو بدلتے بدلتے دیر لگا کرتی ہے۔ اس لئے موجودہ مشینری کو بدلنے کے لئے بھی ایک عرصہ درکار ہے۔ میں امید دلاتا ہوں۔ کہ انشاءاللہ تعالےٰ حکومت کی مشینری میں بہت جلد تبدیلیاں ہوں گی۔ اور جو افسر لگائے جائیں گے۔ وہ نہایت موزوں اور صحیح افسر ہوں گے۔ جیسا کہ میں نے بعض افسروں کے متعلق ذکر کرتے ہوئے عرض کیا ہے۔ کہ وہ نہایت کامیاب ثابت ہو رہے ہیں۔ مجھے امید ہے۔ اب آئندہ بھی جو تبدیلیاں ہم کریں گے۔ وہ نہایت جائز اور صحیح ہوں گی۔ جناب والا! جہاں تک اس ریزولیوشن کا تعلق ہے میں نے پہلے بھی عرض کیا ہے۔ کہ مجھے اس سے کلی اتفاق ہے۔ جہاں میرے معزز دوست میاں محمد نور اللہ نے ایک کمیٹی کی تجویز پیش کی ہے۔ میں ان سے کہوں گا۔ کہ وہاں وہ ایک کی بجائے دو کمیٹیاں مقرر کرنے کی تجویز کر دیں۔ جو کہ یقیناً بہتر ہوگی (تالیاں) ایک کمیٹی از سر نو بسانے کے معاملات کے لئے مقرر کی جائے۔ اور دوسری بدعنوانیوں کی تحقیقات کے لئے مقرر کر دی جائے۔ اگر ہم اس دوسری کمیٹی کو پورا وقت دیں۔ اور وہ تندہی سے کام کرے جس کے متعلق ہمیں یقین ہے کہ وہ کریگی۔ تو مجھے امید واثق ہے۔ کہ یہ کمیٹی ان خرابیوں کو جو وہاں موجود ہوں۔ بہت جلد دور کر سکے گی

مہاجر کی تعریف کے سلسلہ میں جب بار بار زور دیا جاتا ہے۔ تو مجھے دکھ ہوتا ہے۔ معزز ایوان کو معلوم ہونا چاہئے۔ کہ بعض حالات ایسے ہوتے ہیں۔ جو ہمارے بس کے نہیں ہوتے۔ مثال کے طور پر پچاس لاکھ مہاجرین ہمارے اس صوبہ میں آئے۔ اور ان کے بسانے کے لئے (Inter-Provincial Conference) میں جو فیصلہ ہوا وہ یہ تھا۔ کہ ۷½ لاکھ باہر چلے جائیں۔ ۵۰ لاکھ سندھ کے لئے تجویز کئے گئے۔ ایک لاکھ صوبہ سرحد کے لئے ۵۰ ہزار بہاولپور کے لئے ۵۰ ہزار خیرپور کے لئے اور ۵۰ ہزار بلوچستان کے لئے تجویز کئے گئے۔ مگر حضور والا آپ سن کر حیران ہوں گے۔ کہ مہاجرین کی یہ کیفیت ہے۔ کہ جب انہیں بتا دیا جاتا ہے۔ کہ آپ کو سندھ جانا ہے۔ اور آپ کو بلوچستان تو وہ جانے کے لئے آمادہ نہیں ہوتے۔ جو مہاجرین آپ کو گلیوں یا سڑکوں پر پڑے نظر آتے ہیں۔ وہ ایسے مہاجرین ہیں۔ جنہیں باہر جانا ہے۔ لیکن نہیں جا رہے۔ جن مہاجرین کو ہمیں مغربی پنجاب میں آباد کرنا تھا۔ انہیں ہم کر چکے ہیں۔ مگر آپ دیکھیں گے۔ کہ ایسے لوگ جنہیں پنجاب میں رہنا ہے۔ پچاس ساٹھ ہزار سے زیادہ نہیں ہوں گے۔ اور جن کو سندھ میں بھیجنے کا فیصلہ کیا گیا تھا۔ میں اپنے ملتان کے دورہ میں ان سے ملا ہوں۔ بات چیت بھی کی ہے۔ اور ان کے خیالات بھی معلوم کئے ہیں۔ دراصل ان کے خیال میں ایک چیز ہے۔ وہ سمجھتے ہیں۔ اگر وہ سندھ چلے گئے۔ اور املاک کے حصے ہوئے۔ تو ان کی جائدادیں جو پیچھے رہ گئی ہیں۔ ان کا حصہ انہیں سندھ میں نہیں ملے گا۔ اس لئے ان کی سب

سے بڑی کوشش یہ ہے۔ کہ مغربی پنجاب میں رہ سکیں۔ تاکہ جب فیصلہ ہو۔ وہ اس میں اپنا حصہ لے سکیں۔ یہ کام توجہ کے قابل ہے۔ اور کرنے کا کام ہے۔ اس لئے میں ان کو یقین دلاتا ہوں۔ کہ جو بھی اس صوبہ سے باہر جائے گا۔ اور وہ جہاں کہیں بھی ہوگا اپنے تقسیم املاک میں پورا پورا حصہ لے گا۔

حضور والا! اب میں ان مہاجرین کا ذکر کرتا ہوں۔ جو سردی اور بیماری کی وجہ سے مر رہے ہیں۔ جہاں تک مہاجرین کو سردی سے بچانے کا تعلق ہے۔ اپنی کشمیر کو ضروری ہدایات دی گئی ہیں۔ اور وہ ان پر بطرز احسن عمل کر رہے ہیں۔ بیشمار لحاف اور کمبل مہاجرین کے لئے حاصل کئے گئے ہیں۔ اور آپ سن کر خوش ہوں گے۔ کہ لاکھوں کی تعداد میں لحاف تقسیم کئے گئے ہیں۔ لحاف اور کمبل تقسیم کرنے کا کام ابھی تک جاری ہے اور جب تک ہم محسوس کرتے رہیں گے۔ کہ اس کام کی ضرورت ہے۔ یہ کام جاری رہے گا۔ باقی رہا بیماریوں کا سوال۔ میں نے دیکھا ہے۔ کہ انگلینڈ سے آئے ہوئے ڈاکٹر بیمار مہاجرین کے علاج میں انتھک کام کر رہے ہیں۔ وہ بیماروں کے پاس جانے میں کسی قسم کا پرہیز نہیں کرتے۔

لیکن مہاجرین کی یہ کیفیت ہے۔ کہ مثال کے طور پر اگر کسی بچے کو چیچک کی بیماری ہے۔ اور جس وقت ڈاکٹر کیمپ کے معائنہ کے لئے جاتا ہے۔ وہ ایک ایک کوٹھری میں گھس کر دیکھتا ہے۔ تو بچے کی ماں یا بھائی یا باپ لحاف اس کے اوپر ڈال دیتے ہیں۔ اس بات کی ڈاکٹروں نے شکایت کی ہے۔ اور وہ خود بھی جانتے ہیں۔ کیمپ والوں نے تسلیم کیا ہے۔ کہ جب ڈاکٹر پوچھتا ہے کہ بیمار تو نہیں ہے؟ تو وہ کہہ دیتے ہیں۔ کہ سو رہا ہے۔ قصہ دراصل یہ ہے۔ کہ وہ بیچارے یہ محسوس کرتے ہیں۔ کہ خدا معلوم انہیں کہاں آباد ہونا ہے۔ کیمپ میں زیادہ عرصے تک رہ نہیں سکتے۔ اگر ڈاکٹر کو بتا دیا۔ تو وہ بچے کو ہسپتال میں لے جائے گا۔ اور انہیں دکھ ہوگا۔ وہ اس بات کا خیال نہیں کرتے۔ کہ یہ متعدی بیماری ہے۔ جو صرف اسی بچے کی موت کا باعث نہیں ہوگی۔ بلکہ شاید اور کئی لوگوں کو لے لیگی۔ تو اس قسم کی باتیں ہیں۔ جن کے سمجھانے کی ضرورت ہے۔ میں نے اس چیز کا انتظام کیا ہے۔ کیمپوں میں باقاعدہ پروپیگنڈا کیا جائے۔ اور ان کو یقین دلایا جائے۔ کہ جب ان کا بچہ تندرست ہو جائے گا۔ تو ان کے حوالہ کر دیا جائے گا۔ اور اگر کیمپ میں ان کے ٹھہرنے کا انتظام نہ ہو تو بچے کے تندرست ہونے تک وہ سب وہیں ٹھہریں گے۔ یہ چند باتیں تھیں۔ جو میں عرض کرنا چاہتا تھا۔

جناب والا! مجھے میاں صاحب کی تجویز سے اتفاق ہے۔ جیسا کہ میں نے عرض کیا ہے۔ اگر میاں صاحب دونوں کمیٹیاں بنانا منظور کر لیں۔

میاں محمد نور اللہ:۔ مجھے یہ منظور ہے۔

[illegible] :۔ تو وہ انشاء اللہ بن جائیں گی۔ مجھے کچھ نام دیئے گئے تھے۔ اور اس میں چونکہ تجویز کا یہ جزو یہ بھی ہے۔ کہ ایسٹ پنجاب سے جو لوگ آئے ہیں۔ ان کو بھی شامل کیا جائے۔ اور چونکہ اس وقت لیڈر آف دی پارٹی یہاں موجود نہیں ہیں۔ میں ان کا انتظار کر رہا ہوں۔ میں ان سے وہ نام لے لوں گا۔ اور جو نام مجھے دیئے گئے ہیں۔ ان کے متعلق ایک نئی شق یہ نکل آئی ہے۔ کہ ایسے

اصحاب کو لیا جائے۔ جنہوں نے کسی غلط کام میں حصہ نہیں لیا۔ اب مجھے معلوم نہیں۔ کہ ان میں وہ ہیں یا نہیں۔ اگر ایوان دوبارہ غور کرنا چاہے۔ تو یا تو ایوان میں فیصلہ ہو جائے یا میاں محمد نور اللہ صاحب اس مسئلہ کو پارٹی میٹنگ میں دوبارہ پیش کر کے فیصلہ کرائیں۔

چودھری روشن دین:۔ جنہوں نے کچھ کیا ہے۔ وہ خود اپنا نام واپس لے لیں۔

وزیر اعظم:۔ جب فیصلہ ہو رہا تھا۔ تو میں یہی بات کہنا چاہتا تھا۔ لیکن میں نے مناسب نہ سمجھا۔ اگر آپ دوبارہ اس پر غور کر لیں۔ تو زیادہ مناسب ہوگا۔ مجھے نام دے دیئے جائیں۔ میں اعلان کر دوں گا۔

راجہ سید اکبر:۔ حضور والا! میں آپ کی وساطت سے آنریبل وزیر اعظم سے جو کہ خود بھی مہاجر ہیں۔ مہاجر کی تعریف پوچھنا چاہتا ہوں۔ تاکہ اس کی وضاحت ہو جائے۔ ہمیں نہ وزیر خزانہ نے۔ نہ وزیر مال نے۔ اور نہ ہی وزیر اعظم نے بتایا ہے۔ کہ مہاجر کی تعریف کیا ہے۔ اور مہاجر کون ہے۔ جب یہ کمیٹی کام کرے گی۔ تو یہ بے دخل کس کو کرے گی۔ جب کہ مہاجر کی کوئی تعریف ہی نہیں ہے۔ کہ مہاجر کون ہے۔ وزیر اعظم صاحب۔ چونکہ خود بھی مہاجر ہیں۔ اس لئے آپ ہی مہاجر کی تعریف کر دیں۔

وزیر اعظم:۔ میرا خیال ہے۔ کہ میرے جو دوست ابھی بول رہے تھے۔ انہوں نے دو قسم کے مہاجر بتائے تھے۔ ایک مہاجر اور دوسرا لوکل مہاجر۔ میرے خیال میں معزز ممبر سمجھ چکے ہوں گے۔ اور پھر اس کا فیصلہ پارٹی میٹنگ میں ہو جائیگا۔

Syed Nau Bahar Shah (Kabirwala, Muhammadan, Rural) :

سید نوبہار شاہ:۔ صاحب سپیکر!۔ سب سے پہلے میں اتنا عرض کرنا چاہتا ہوں کہ جو کچھ ایوان کے بعض ممبران.....

وزیر اعظم:۔ کیا اس کے بعد مجھے جواب کا موقع دیا جائیگا۔

میاں محمد نور اللہ:۔ اگر محرک جواب دے تو؟

سید نوبہار شاہ:۔ جناب والا! ایوان پر یہ الزام لگایا گیا ہے۔ کہ اس میں بد دیانت لوگ ہیں۔ یہ بہت بڑی بات ہے۔ اور ایسی بات کہنے کی کسی ممبر کو جرأت نہیں ہونا چاہئے۔ یہ اخلاق سے سراسر بعید ہے۔ اور یہ کہنا کہ وہ بد دیانت ہیں۔ اخلاق سے گری ہوئی بات ہے۔ اور میں حیران ہوں۔ کہ تمام ایوان میں سے کسی نے اس طرف توجہ نہیں دی۔ کہ ان کو بد دیانت کہا جائے۔ اور کسی نے اس کے خلاف پروٹسٹ نہیں کیا۔ کہ ان پر کیوں یہ الزام عائد کیا جائے۔ کہ وہ بد دیانت ہیں۔ سب

سے پہلے وزیر محمد صاحب کو اس بات کا احساس ہو۔ کہ انہوں نے غلط کہا ہے کہ ہم بد دیانت ہیں (ملک وزیر محمد) معافی مانگنا چاہیئے۔

ملک وزیر محمد:- میرا مطلب یہ نہیں تھا۔ میں اپنے لفظ واپس لیتا ہوں۔

سید نوبہار شاہ:- دوسری بات ہمارے علماء کے متعلق ہے۔ ہم اس کو گوارا کرنے کے لئے تیار نہیں۔ اور یہ ماننے کے لئے تیار نہیں۔ کہ ہمارے علماء بھی بد دیانت ہیں۔ اور بے ایمان ہیں ہاں کی باتوں کا ایوان میں کہنا قابل تعریف ہے۔ اور مجھے اس بات کا افسوس ہے۔ کہ ہمارے تمام مسلمان بھائی جو ایوان میں موجود ہیں۔ ان میں ایک بھی ایسا نہیں ہے۔ جو اس بات کے خلاف احتجاج کرتا کہ ہمارے علماء وہیں جو اس وقت ہمارے رہبر ہیں۔ جو ہمیں اسلامی تعلیم دیتے ہیں۔ اور جن کی وجہ سے اسلام باقی ہے۔ اور جن سے ہم چل سکتے کہ مسلمان رہتے ہیں۔ اور جو واقعی اس قابل ہیں۔ کہ ہم ان کی عزت کریں۔ ان پر کیوں یہ الزام لگایا گیا ہے۔ کہ وہ بد دیانت ہیں۔ یہ اچھی بات نہیں ہے۔ اور میرے خیال میں اس کی اجازت نہیں ہونا چاہیئے۔

ملک وزیر محمد:- سید نوبہار شاہ صاحب سمجھے نہیں ہیں۔

صاحب صدر:- ریزولیوشن کے متعلق تقریر فرمایئے۔

سید نوبہار شاہ:- تو ریزولیوشن کے متعلق عرض یہ ہے۔ کہ جیسا کہ وزیر اعظم صاحب نے فرمایا ہے۔ کہ کمیٹیاں بنائی جا رہی ہیں۔ تو اگر یہ دو کمیٹیاں بنا دی جائیں۔ تو ان دو کمیٹیوں کے پاس لاکھ مہاجرین کو مل کر ان کے حالات دریافت کرنے میں میرے خیال میں اتنا وقت لگے گا۔ اور کام اتنا ہوگا۔ کہ یہ ناممکن ہے کہ وہ تھوڑے عرصے میں بحال ہو جائے۔ اس سے تو یہ بہتر ہوگا۔ کہ ہر شہر میں ایسی کمیٹی مقرر کی جائے تاکہ وہ اچھی طرح کام کر سکے۔ مثلاً ملتان کے متعلق عرض ہے۔ کہ وہاں ساڑھے سات لاکھ انسان آباد ہوئے ہیں۔ اب ایک کمیٹی کے لئے یہ بڑا مشکل ہے۔ کہ وہ ان سب کی تکلیفات کو دیکھ سکے۔ یہ ناممکن ہے۔ کہ وہ تھوڑے عرصہ میں ان کی تکلیفات کی تحقیق کر سکے۔

باقی Rehabilitation کے متعلق عرض یہ ہے۔ کہ جیسا وزیر اعظم صاحب نے فرمایا ہے۔ مہاجرین کو اس وقت سردی سے بچانا نہایت ضروری ہے۔ اس وقت جو حالات ہیں۔ وہ قطعاً تسلی بخش نہیں ہیں۔ اگر یہ کام چند دن میں نہ کیا گیا۔ تو ہزاروں انسان سردی کی وجہ سے مر جائیں گے۔ اور ابھی جنوری کا مہینہ ہے۔ جب کہ بڑی سخت سردی پڑتی ہے۔ اگر اس مہینے میں ان کا انتظام نہ کیا گیا۔ تو انہیں سخت تکلیف ہوگی۔ اور ہمارے مہاجرین ہزاروں کی تعداد میں مر جائیں گے۔

دوسری بات یہ ہے۔ کہ نہروں کو کھدوانے کا کام ہو رہا ہے۔ لیکن میں اتنا کہنا چاہتا ہوں کہ بعض زمینیں جو بنجر ہیں۔ اور اس قابل ہیں۔ کہ آباد ہو سکیں۔ اور بہت سی ہو سکتی ہیں جہاں نہریں موجود ہیں۔ وہاں سے پانی لیا جائے۔ اور ان مہاجرین کو ان زمینوں پر آباد کیا جائے تاکہ مہاجرین

کو اس طریقے سے بسایا جا سکے۔

وزیر مالیات کی خدمت میں مزید عرض یہ ہے۔ کہ ہمارے ضلع میں جو مسلمان مزارعین تھے وہ ہندوؤں اور سکھوں کی زمینیں کاشت کیا کرتے تھے۔ اب ان کو بیدخل کیا جا رہا ہے۔ ان کو نوٹس دیئے جا رہے ہیں۔ کہ آئندہ فصل کے لئے زمین تیار نہ کریں۔ یہ ایک ایسی غلطی ہے۔ جس سے ہماری زراعت کو نقصان پہنچے گا۔ اور مسلمان مزارعین بیکار ہو جائیں گے۔ بے خانمان ہو جائیں گے۔ وہ مہاجروں کی حیثیت میں ہو جائیں گے۔ اور زراعت کو نقصان پہنچے گا۔

اس صورت میں ہمیں سخت نقصان پہنچے گا۔ اس میں عیسائی مزارعین بھی شامل ہیں۔ اور مسلمان مزارعین بھی۔ دوسرے فصلیں پک گئی ہیں۔ اور کاٹی بھی جا رہی ہیں۔ اور زمینیں تیار کرنے کا وقت آ چکا ہے۔ اگر اس وقت ان کو کام نہ کرنے دیا گیا۔ تو فصل خریف کو بہت نقصان پہنچے گا۔ اس لئے میں درخواست کرتا ہوں۔ کہ ایسا کام نہ کیا جائے۔ جس سے، پہلے لوگوں کو تکلیف ہو۔ کیونکہ اس طرح زراعت میں کمی واقع ہو جائے گی۔ اور ملک کے مفاد کو نقصان پہنچے گا۔ پس ان کو بے دخل کرنا ٹھیک نہیں ہے۔ اور جو بیدخل کر دیئے گئے ہیں۔ ان کو اسی جگہ واپس لانا چاہیئے۔

Mr. Speaker : Does the honourable mover wish to exercise his right of reply.

Mian Muhammad Nurullah (Toba Tek Singh, Muhammadan, Rural) :

میاں محمد نور اللہ۔

جی ہاں۔ جناب عالی مجھے خوشی ہے۔ ہر ایک نے اس ریزولیوشن کو support کیا ہے اور گورنمنٹ نے اسے منظور کر لیا ہے۔ صرف ایک دو باتیں کہنا چاہتا ہوں۔ چودھری فضل الٰہی صاحب نے فرمایا تھا۔ کہ کئی مسیحی مزارعین بھی بیٹھے ہیں۔ میں ان کو یقین دلاتا ہوں۔ کہ ہماری گورنمنٹ ان سے ایسا ہی سلوک کرے گی۔ جیسے مسلمان مزارعین سے ان سے کسی قسم کی زیادتی نہیں ہوگی۔ اگر ہوگی۔ تو سہولت ہوگی۔ اور مسلمانوں سے زیادہ آرام دیا جائے گا۔

دوسرے وزیر اعظم صاحب نے فرمایا تھا۔ کہ کمیٹیاں ایک کی بجائے دو ہونا چاہئیں۔ یہ نہایت ضروری ہے۔ کیونکہ resolution کا مقصد یہی ہے۔ کہ جلد سے جلد لوگوں کو اپنے کام پر لگا کر ملک کی production کو بڑھایا جائے۔ اور اپنے آپ کو مضبوط کیا جائے۔ اگر دو کمیٹیاں بنائیں گے تو کام جلد ختم ہو جائے گا۔ بلکہ میں تو تجویز کروں گا۔ کہ جب کمیٹی کسی ضلع یا تحصیل میں جائے۔ تو اس کی irregularities کی interim report دیتی جائے تا کام جلد ہوتا جائے۔ بجائے اس کے کہ وہ سارے صوبہ کا دورہ کرنے کے بعد اکٹھی رپورٹ پیش کرے۔ اور اصل مقصد فوت ہو جائے۔ اگر کسی طرح یہ انتظام کر دیا جائے۔ تو ٹھیک ہوگا۔ آنریبل ریونیو منسٹر صاحب نے اعلان کیا تھا۔ کہ ایک کمیٹی مقرر کر دی گئی ہے۔ یعنی (Subsidiary Committee) اس کمیٹی کے سامنے یہ کمیٹی اپنی رپورٹ پیش کرے گی۔ کہ یہ ہونا چاہئے۔ اور یہ نہیں ہونا چاہئے۔ میں یہ چاہتا ہوں۔ کہ تمام اختیارات independently ایسی کمیٹی کو دے دیئے جائیں۔ اور اسے کسی دوسرے کے سامنے پیش کرنے کی ضرورت نہ پڑے۔ تاکہ وہ پورے طور پر اس کام کو کر سکے۔ اور آپ کے لئے زیادہ سے زیادہ مفید

ثابت ہو۔ یہ کمیٹی allot کی ہوئی چیزوں کا بھی جائزہ لے اور privately arrange کی ہوئی چیزوں کا بھی۔

Premier (The Hon'ble Khan Iftikhar Husain Khan):

آنریبل خان افتخار حسین خان:۔

جناب عالی جہاں تک اس کمیٹی کے تقرر کا سوال ہے۔ اس کا مقصد یہ نہیں ہے کہ اس کو اتنے اختیارات دیے دیئے جائیں جس سے وہ پہلے allotment orders کو منسوخ کر سکے اس کے لئے گورنمنٹ نے ایک کمیٹی بنا دی ہے۔ ایک ٹریبیونل بھی بنا دیا ہے۔ اگر مکمل اختیارات کے ساتھ مزید کمیٹیوں پر کمیٹیاں بناتے چلے گئے۔ تو بجائے اس کے کہ کام میں سہولت ہو مشکلات بڑھتی چلی جائیں گی۔ پس اس کمیٹی کے اختیارات صرف اس حد تک ہونے چاہئیں کہ جہاں کہیں یہ کمیٹی افسران کی بے اعتدالیوں کو دیکھے یا allotment میں اسے کسی قسم کا نقص نظر آئے یا اسے محسوس ہو۔ کہ بے انصافی سے کام لیا گیا ہے۔ تو وہ Subsidiary Committees کو اصل حالات سے آگاہ کر دے۔ اور سفارش کرے۔ کہ یہ ناجائز ہے۔ اور کہ حقدار کو حق دیا جائے۔ نہ یہ کہ وہ خود ہی دخل دے کر پہلی allotment کو منسوخ کر دے۔ جس طرح پنجاب گورنمنٹ نے اس کام کے لئے ایک کمیٹی بنائی ہے۔ اسی طرح Refugees Council نے بھی ایک کمیٹی بنائی ہے۔ اگر ہم نے اور کمیٹیاں ابھی اختیارات کے ساتھ بنا دیں۔ تو یہ اتنی کمیٹیاں بن جائیں گی کہ پھر آپس کے اختیارات پر چھاپے مارنے شروع کر دیں گی۔ اور ہمارا انتظام صحیح نہیں رہے گا۔ اور جو کام ہم کرنا چاہتے ہیں۔ شاید اس میں بھی کسی حد تک روک پڑ جائے بلکہ بہت بڑی خرابی پیدا ہو جانے کا احتمال ہے۔ میں پھر محترک سے درخواست کروں گا۔ کہ وہ اپنی تجویز کے اس حصہ پر جو کمیٹی کو مکمل اختیارات دینے کے بارہ میں ہے۔ زیادہ زور نہ دیں۔ انہیں یقین ہونا چاہئے۔ کہ جو انکوائری کمیٹی گورنمنٹ نے بنائی ہے۔ اس میں بھی نان آفیشل عنصر موجود ہے۔ حکومت کا صرف ایک آدمی ہے۔ اور وہ بھی اس لئے کہ ہمیں اسے کچھ اختیارات دینے ہیں۔

دوسرے میاں نور اللہ صاحب نے فرمایا ہے۔ کہ سینما میں allotment کے لئے جو طریقہ اختیار کیا گیا ہے۔ وہ صحیح نہیں تھا۔ اس سے یہ معلوم ہوتا ہے۔ کہ میاں صاحب یہ چاہتے ہیں۔ کہ Allotment Board جو ہے۔ اس پر بھی اس کمیٹی کو نکتہ چینی کا اختیار دے دیا جائے۔ انہیں یہ معلوم ہوگا۔ کہ یہ allotment بورڈ تو Refugee Council نے بنایا ہے۔ اس میں پاکستان کے نمائندے بھی شامل ہیں۔ اور پنجاب کے بھی اور دہلی بورڈ پالیسی lay down کرتا ہے۔ کہ کس کو allotment ہونی چاہئے۔ اور یہ کہ اس سلسلہ میں کن کن باتوں کا لحاظ رکھنا چاہئے۔ آج جو کمیٹی ہم بنا رہے ہیں۔ اگر ہم اس کو اختیار دے دیں۔ تو اس کے یہ معنے ہوں گے۔ کہ پاکستان کی مرکزی گورنمنٹ اور پنجاب کی گورنمنٹ نے جو مشترکہ انتظام کیا ہے۔ اس کو ختم کر دیں۔ اور اس کے بعد یہ سارا انتظام شروع کیا جائے۔ میں پھر عرض کروں گا۔ کہ میاں صاحب کو اس پر اچھی طرح غور کر لینا چاہئے۔ سینما پر بڑا زور دیا جا رہا ہے۔ میں سمجھتا ہوں۔ کہ وزیر مالیات کی تقریر کے بعد اتنا خیال نہیں

[The Hon'ble Khan Iftikhar Husain Khan]

کرنا چاہیئے۔ اگر ہم کوئی واضح پالیسی نہ رکھیں۔ اور کوئی طریق کار اختیار نہ کریں۔ تو اس کا نتیجہ یہ ہوگا۔ کہ ہر شخص ہر چیز مانگنے کے لئے آجائیگا۔ کاشتکار ہوٹل لینے کے لئے فوراً پہنچ جائیگا۔ اور ہوٹل چلانے والے زمینیں لینے کے لئے فوراً پہنچ جائیں گے۔ آخر resettlement کے لئے گورنمنٹ کو کوئی نہ کوئی طریق کار تو اختیار کرنا ہی پڑے گا۔ اگر ہم روزانہ نئی کمیٹیاں بناتے چلے گئے۔ اور پہلی کمیٹیوں کے طریق کار یا پالیسی کو غلط ثابت کر کے بدل ڈالتے رہے۔ تو کام کب ہوگا۔ اس لئے کیوں وہی طریق کار اختیار نہ کیا جائے۔ جو پہلی کمیٹی تجویز کر چکی ہے۔ میں پھر عرض کروں گا۔ کہ میاں صاحب دوبارہ اس پر غور کریں۔

Mian Muhammad Nurullah Sir, in view of the assurance given by the Hon'ble Premier, I beg leave to withdraw my resolution.

The resolution was by leave withdrawn.

ELECTION OF MEMBERS TO SERVE ON THE PUBLIC ACCOUNTS COMMITTEE.

Secretary : As required by rule 139 of the West Punjab Legislative Assembly Rules of Procedure the Assembly has to elect five members from amongst its members to serve on the Public Accounts Committee. The election has to take place according to the principle of proportional representation by means of the single transferable vote. The term of office of the members will be one year.

Nominations are invited for election to this committee by 3 P.M. on Friday the 23rd January, 1948. Nominations should be made in the printed form which can be had from the Assembly office and should be signed by the member proposing and the member seconding the proposal. The member being proposed should also sign in token of his agreement to serve on the committee, if elected.

In case more members are nominated than the number of members to be elected, an election will take place on Monday, the 26th January 1948, after the day's business is over.

The Assembly then adjourned till 9 A.M. on Friday, the 9th January, 1948.

Din Muhammadi Press, Lahore.

WEST PUNJAB LEGISLATIVE ASSEMBLY.

FIRST SESSION OF THE 1ST WEST PUNJAB LEGISLATIVE ASSEMBLY.

Friday, 9th January, 1948.

The Assembly met in the Assembly Chamber at 9 a.m. of the clock. Mr. Speaker in the Chair.

LEAVE OF ABSENCE

Mr. Speaker: I have received the following applications from the members of the Assembly for permission to be absent from the meetings thereof:—

Makhdum Syed Ghulam Mustafa Shah Jilani, in his application dated the 5th January, 1948 writes: "Suffering from dysentry. Cannot undertake journey. Kindly excuse till recovery."

Raja Khair Mehdi, in his application dated the 6th January, 1948, applies for leave to absent himself during the present session, owing to his indisposition due to malarial fever.

Khan Sahib Captain Chaudhri Asghar Ali, in his application dated the 8th January, 1948, applies for leave to absent himself during the present session owing to illness.

The question is:—

That the permission asked for by the honourable members be granted.

The motion was carried.

NOMINATION OF MEMBERS TO THE COMMITTEE OF PETITIONS.

Secretary: Under Rule 146 (1) of the Assembly Rules of Procedure the Hon'ble Speaker has been pleased to nominate the following gentlemen to constitute the Committee of Petitions for the current session of the Assembly:—

1. Sardar Barkat Hyat Khan,
2. Mian Abdul Hamid Dasti,
3. Chaudhri Aziz Din, and
4. Raja Said Akbar Khan.

The Deputy Speaker, when elected, will be an Ex-Officio Chairman of the Committee.

ELECTION OF DEPUTY SPEAKER

Mr. Speaker: The House will now proceed with the election of Deputy Speaker.

Rana Abdul Hamid Khan: Sir, I propose the name of Mr. Fazl Ilahi to be the Deputy Speaker of the House.

Begum Jahan Ara Shah Nawaz: I second the proposal.

Mr. Speaker: As there is only one candidate, I declare Mr. Fazl Ilahi elected as the Deputy Speaker of the House. (*Cheers*).

Mr. Fazl Ilahi: Sir, I thank you all very much for the honour that you have done me, but I want you to clearly understand that this should not be considered as a substitute for a ministership which has been a legitimate demand of my community.

WEST PUNJAB MUSLIM PERSONAL LAW (SHARIAT) APPLICATION BILL.

Minister of Finance (The Hon'ble Mian Mumtaz Muhammad Khan Daultana): I beg to introduce the West Punjab Muslim Personal Law (Shariat) Application Bill.

Minister of Finance: I beg to move—

"That the West Punjab Muslim Personal Law (Shariat) Application Bill be taken into consideration."

جناب والا - ایوان کے سامنے اس بل کو پیش کرتے ہوئے میرے خیال سے میرے لئے یہ ضروری نہیں ہے کہ کسی تفصیل کے ساتھ گورنمنٹ کی پالیسی کی وضاحت کروں - کیونکہ اس پالیسی کی وضاحت بار بار ہو چکی ہے - جس دن اس اسمبلی کی ابتدا ہوئی تھی اُس روز جناب وزیر اعظم نے نہایت غیر مبہم الفاظ میں یہ اعلان کیا تھا کہ مسلم لیگ کی یہ وزارت اپنے تمام کاموں میں اسلامی روایات اور اسلامی قوانین کا خیال رکھے گی - اور اپنے طرز حکومت کو اسلامی اصولوں پر استوار کرنے کی کوشش کرے گی - اور میرے خیال سے جناب والا! وزیر اعظم کا یہ وضاحت کرنا ضروری بھی نہ تھا - کیونکہ مسلم لیگ کا ہمیشہ یہی بنیادی اصول رہا ہے - مسلم لیگ کی جنگ آزادی جس کا ثمر ہمارا پاکستان ہے - اسی نعرے پر لڑی گئی تھی - کہ مسلمان قوم ان تمام زنجیروں کو پاش پاش کرنے پر آمادہ ہے - جو اُسے اپنی زندگی اور اپنی حکومت کو اپنے شاندار تمدن - اپنی تہذیب اور اپنی زندۂ جاوید اور سنہری روایات کے مطابق چلانے سے روکتی ہیں - اب خدا کے فضل و کرم سے ہم نے اِن زنجیروں کو پاش پاش کر دیا ہے - (خوب - خوب) اور ہمارے عوام آج منتظر ہیں کہ ہم کس طور سے اپنے وعدوں کو اور اعلانات کو پورا کرتے ہیں میری خوش قسمتی ہے کہ آج میرے سپرد یہ کام ہوا ہے کہ میں اس بنیادی اصول کا دوبارہ اعادہ کروں کہ ہماری حکومت آپ کی مسلم لیگ حکومت کا یہ فیصلہ ہے کہ موجودہ وزارت اپنی تمام پالیسی اور طرز حکومت اسلامی اصولوں - روایات اور اسلامی شریعت کے مطابق چلانے کی کوشش کرے گی - میرے خیال سے ہماری قوم کی سب سے بڑی طاقت یہی چیز ہے - کیونکہ جہاں تک مادی طاقتوں کا تعلق ہے - جہاں تک اقتصادی دولت کا تعلق ہے - کئی ملک ہم سے بڑھے ہوئے ہیں - لیکن ہم مسلمانوں کا یہ خیال ہے - بلکہ ایمان ہے کہ جہاں تک اس اخلاقی طاقت کا تعلق ہے - دُنیا کی کوئی حکومت اس بات میں ہم سے زیادہ

فائق نہیں ہے۔ ہماری رائے میں اسلام اور اسلامی شریعت ایک progressive طرزِ حیات ہے۔ جو اخوت اور مساوات اور انصاف کے اصولوں کے مجموعہ کا نام ہے۔ ہمیں آج اپنے طرزِ حکومت اور سیاسیات سے دنیا پر یہ واضح کرنا ہے کہ ہم صحیح اسلامی روایات کے مطابق صحیح اسلامی اصولوں کے مطابق۔ انصاف کے مطابق اور مساوات کے مطابق اپنی سیاسیات چلائیں گے۔

اس بل کے متعلق میرے خیال میں زیادہ بحث کرنے کی ضرورت نہیں ہے۔ صرف ایک بات میں آپ کی خدمت میں واضح کرنا چاہتا ہوں اور وہ یہ ہے۔ کہ یہ شریعت بل فی الحقیقت ایک اعلان اور ایک declaration کی صورت رکھتا ہے۔ یہ شریعت اسلامی کو نافذ کرتا ہے۔ جہاں تک شریعت کی وضاحت یا codification کا تعلق ہے۔ وہ بعد میں رفتہ رفتہ ہوتی رہیگی یہ ایک ایسا کام ہے۔ جو ایک دن میں پورا نہیں ہو سکتا۔ اور جسے مغربی پنجاب ہی نہیں بلکہ پاکستان کے تمام حصے پورا کرنے میں شریک ہوں گے۔

مسلم لیگ اسمبلی پارٹی کا یہ فیصلہ ہے اور مجھے یقین ہے۔ کہ ممبران اسمبلی کو بھی یہ فیصلہ منظور ہوگا کہ جب تک شریعت کی codification ہوتی رہے۔ جب تک ہم ان تمام چیزوں کو جو مبہم ہوں یا جو مختلف اصولوں کی ہوں synthesis کریں۔ اس وقت تک ہم اس اعلان کو نہیں روک سکتے کہ ہم پنجاب کے مسلمان صرف اسلامی اصولوں کے مطابق اپنی زندگی چلائیں گے جہاں تک اس ایکٹ کا تعلق ہے۔ یہ codification نہیں کرتا بلکہ صرف اعلان کرتا ہے کہ یہاں پنجاب میں اس کے ذریعہ مسلم قانون نافذ کئے جائیں گے اور اس لئے میں لازمی سمجھتا ہوں کہ اس ابہام کو نکال دوں۔ اس غلط فہمی کو رفع کر دوں کہ اس بل کا کوئی تعلق اس بحث سے نہیں کہ موجودہ اسمبلی کی فلاں مسئلہ پر کیا رائے ہے۔ ہمیں صرف اس اصول کا اعلان کرنا ہے کہ ہم اسلامی شریعت کے مطابق چلیں گے۔

آخر میں اس قانون کا ایک نہایت خوش گوار پہلو بھی ہے اور اس سے مجھے انتہائی مسرت ہے کہ اسلامی قانون کی یہ پہلی قسط پنجاب کی خواتین سے تعلق رکھتی ہے۔ کیونکہ اس بل کا سب سے اہم حصہ یہ ہے۔ کہ آئندہ سے ورثہ اسلامی قانون کے مطابق ہوگا۔ نہ کہ رواج کے مطابق۔ اور میں سمجھتا ہوں، کہ اس صورت سے صدیوں کی ایک سنگین حق تلفی کی جو ہم نے کر رکھی تھی تلافی ہو جائے گی۔ (خوب۔ خوب) اور اس کا مطلب یہ ہے کہ مسلم لیگ وزارت کا پہلا قدم جو وہ آپ کے سامنے اٹھا رہی ہے۔ وہ ایک صورت سے اعتراف ہے ان قومی اور ملی خدمات کا جو مسلم خواتین نے انتہائی سرگرمی۔ سرفروشی اور ایثار کے ساتھ سرانجام دی ہیں۔

مجھے اس بات سے مسرت ہے۔ اور میں اس موقعہ سے فائدہ اٹھاتے ہوئے

اعلان کرتا ہوں کہ ہم اس حکومت میں ہر لحاظ سے مسلمان عورتوں کے حقوق کی حفاظت کریں گے۔ اور ہم قائداعظم کے ساتھ اس بات پر مکمل اور کلی طور سے متفق ہیں کہ عورتوں کی بیداری ان کی ترقی اور ان کی awakening پر ہماری ترقی بیداری اور سربلندی کا انحصار ہے۔

جناب والا! ان الفاظ کے ساتھ میں قانون اطلاق مسلم شخصی قانون (شریعت) مغربی پنجاب آپ کے سامنے پیش کرتا ہوں۔

Mr. Speaker : Motion moved—

"That the West Punjab Muslim Personal Law (Shariat) Application Bill be taken into consideration."

Malik Muhammad Feroz Khan Noon (Rawalpindi Division Towns, Muhammadan, Urban) :

Sir, I beg to move that the West Punjab Muslim Personal Law (Shariat) Application Bill be referred to a Select Committee.

جناب والا! میں اس بل کی پوری پوری تائید کرتا ہوں جو کہ دولتانہ صاحب نے پیش کیا ہے اور مجھے اس بل سے لفظ بلفظ اتفاق ہے۔ میں بہت عرصے سے اس بات کا خواہشمند تھا۔ کہ ملک میں شرعی قانون جاری ہو جائے۔ اور ہماری بیٹیوں اور بیویوں کو اپنا شرعی حصہ ورثہ میں ملے اور ان کے حقوق محفوظ ہوں۔ اس وقت تک ہم رواج کے مطابق اور شریعت کے خلاف اپنے ملک میں جو کچھ کرتے رہے ہیں۔ اس کا مجھے بہت صدمہ ہے۔ ہم اپنے رسول اور خدا کے احکام سے باہر رہ کر کام کرتے رہے ہیں۔ اس بل کے ذریعہ ان تمام باتوں کی تلافی ہوتی ہے۔ اس لئے میں تہ دل سے اس بل کی تائید کرتا ہوں۔ اس بل کے متعلق ہماری پارٹی میٹنگ میں بہت باتیں ہوتی رہی ہیں۔ اور اس کے متعلق میں نے اپنی رائے کا جو اظہار کیا تھا۔ آپ کو یاد ہوگا۔ اس کا مدعا یہ تھا۔ کہ یہ قانون جس شکل میں اس وقت آپ کے پاس موجود ہے۔ شرع محمدی کو پورا نہیں کرتا۔ اس میں نقائص ہیں۔ اس میں لکھا ہے۔ کہ اگر کوئی رسم و رواج شریعت کے خلاف ہے۔ تو شریعت کی بات مانی جائے گی۔ لیکن اگر کوئی قانون انگریزوں کا بنایا ہوا ہے۔ یا ہمارا بنایا ہوا ہے۔ اور وہ شریعت کے خلاف ہے۔ تو اس کو یہ بل منسوخ نہیں کرتا۔ میں چاہتا ہوں کہ ہم شریعت کا قانون ایسا بنائیں کہ اگر کوئی قانون بھی اس کے خلاف ہو تو وہ ہمارے شرعی قانون کے مقابل کوئی اثر نہ رکھے۔ اس لئے چاہیئے کہ جہاں پارٹی میٹنگ میں تجویز کے الفاظ میں رواج اور رسم لکھے ہیں اس کے آگے ہی لفظ قانون بھی ثبت کیا جائے۔

Mr. Speaker : What took place in the party meeting cannot be discussed on the floor of this House.

Malik Muhammad Feroz Khan Noon :

اچھا تو پھر یوں سمجھ لیجئے کہ میری رائے میں جہاں لفظ "رواج" اور "رسم" کا ہے

اس کے آگے لفظ "قانون" بھی آنا چاہیئے۔ لفظ قانون لکھ دینے سے تمام وہ قانون بھی جو مسلمانوں کے لئے خاص طور پر مسلمان زمینداروں کی حفاظت کے لئے بنائے گئے تھے۔ اور وہ شرع محمدی سے ٹکراتے ہیں۔ بے اثر ہو جائیں گے۔ مثلاً ایکٹ انتقال اراضی ہے۔ یہ زمینداروں کے لئے ایک مفید قانون تھا لیکن چونکہ یہ شرع محمدی کے خلاف ہے۔ اس کی وجہ سے بے اثر ہو جائے گا ایسی ہی دوسری باتوں پر جو اس سے متعلق تھیں غور کرنے کیلئے سردار شوکت حیات صاحب مکیانی صاحب اور میں اکٹھے بیٹھے اور بہت سوچ بچار کے بعد ہم اس نتیجہ پر پہنچے کہ اس بل میں بہت سے نقائص ہیں جن کو دور کرنا نہایت ضروری ہے۔ چنانچہ ہماری یہ رائے ہوئی کہ قانون کو فوراً پاس کرنے کی بجائے ایک Select Committee بنائی جائے۔ جو اس بل کو اس طرح مکمل کرے اور اسے اس صورت میں وضع کرنے کہ شرع محمدی پورے طور پر نافذ ہو سکے۔ لفظ قانون لکھ دینے سے بھی معلوم ہوتا ہے۔ کہ مدعا پورا نہیں ہو سکتا۔ کیونکہ اگر یہاں لکھ دیں کہ کوئی قانون بھی اس کے خلاف اثر انداز نہیں ہو سکتا تو اس کے معنی یہ ہوں گے۔ کہ جو باتیں ہم نے زمینداروں اور غریب مسلمانوں کی اقتصادی حفاظت کے لئے اس وقت تک کی ہیں۔ وہ سب کی سب ملیا میٹ ہو جائیں گی۔ میں عرض کرتا ہوں۔ کہ میرے علم کے مطابق ابھی اس بات کی ضرورت ہے۔ کہ ہم کچھ بڑے بڑے عالموں سے مشورہ کریں اور پھر فیصلہ کریں۔ مثلاً ایک مسلمان مر جاتا ہے۔ اس کے متعلق اسلامی شریعت یہ کہتی ہے۔ کہ اسے دفن کرنے سے پہلے اس کا قرضہ ادا ہونا چاہیئے۔ اگر ایسا کیا جائے تو دنیا بھر میں سوائے چند ایک مسلمانوں کے کوئی بھی ایسا نہیں ہوگا۔ کہ اس کے مرنے کے بعد اس کے پسماندگان کو کوئی حصہ ملے۔ آپ کو معلوم ہے کہ ہمارے زمینداروں کی اقتصادی حالت کیا ہے۔ اس لئے جب آپ قانون انتقال اراضی کو منسوخ کریں گے۔ تو آپ کو چاہیئے۔ کہ اس کے ساتھ ہی ان سود خواروں اور قرضہ دینے والوں کے خلاف بھی جو اندر ہی اندر گھن کی طرح غریب زمینداروں کو کھا جاتے ہیں۔ غریب زمینداروں کی حفاظت کا طریق سوچیں اور دوسرے راستے نکالیں۔ جن سے ان لوگوں کی حالت خراب نہ ہونے پائے۔ جیسے United Provinces اور Sind میں انتقال اراضی کا قانون تو لاگو نہیں ہے۔ لیکن ایسے قوانین پاس کر دیئے گئے ہیں۔ جن سے غریب زمینداروں کی اقتصادی طور پر حفاظت ہو جاتی ہے۔ میں صرف یہ ترمیم آپ کے سامنے پیش کر رہا ہوں۔ جس کا مدعا یہ ہے کہ ایک سلیکٹ کمیٹی بنائی جائے جو اس مسودہ قانون پر غور کرے۔ اور Alienation of Land Act اور اسی طرح کے جو دوسرے مفید ایکٹ ہیں ان کو مدنظر رکھ کر صحیح اور مکمل شرعی محمدی قانون بنائے پھر اسی طرح ایک اور مثال لیجئے ایک مسلمان ہے۔ وہ مر جاتا ہے۔ اور اس کا ورثہ بانٹا جاتا

ہے۔ (یہ تو آپ کو معلوم ہی ہے۔ کہ کئی زمیندار غیر زراعت پیشہ عورتوں سے شادی کر لیتے ہیں اور کئی زمیندار عورتیں غیر زراعت پیشہ مردوں سے شادی کر لیتی ہیں) حصہ بانٹتے وقت جب زمین فروخت ہونے لگے گی۔ اور غیر زراعت پیشہ پسماندگاں کو حصہ ملنے لگے گا۔ تو شریعت تو اس وقت اس کی اجازت دے رہی ہوگی۔ لیکن ایکٹ انتقال اراضی جس کا مقصد مسلمان زمینداروں کی اقتصادی حالت کو گرنے سے بچانا ہے۔ سد راہ ہوگا۔ تو ایسی چھوٹی چھوٹی باتیں بیان کرنے سے میرا مقصد یہ ہے۔ کہ یہ قانون آسانی سے pass نہیں ہو سکتا۔ اس پر ہمیں اچھی طرح غور کرنا ہوگا۔ کہیں "اگے دوڑے پیچھے چوڑ" والا معاملہ نہ ہو جائے۔ اور وہ سب مسلمان جن سے ہم ووٹ لے کر یہاں آئے ہیں۔ ہم کو ملزم گردانیں اور بعد میں پھر دوسرا فیصلہ کرنا پڑے۔ آپ کو اچھی طرح معلوم ہے۔ کہ کراچی میں پاکستان اسمبلی نے بڑے قانون دانوں کی ایک کمیٹی مقرر کی ہے۔ جس میں بڑے بڑے علماء بھی ہیں۔ مثلاً مولوی شبیر احمد صاحب ہیں۔ ہائی کورٹ کے Judges ہیں اسی طرح اور بہت سے عالم اور قانون دان ہیں۔ وہ اس بات کی تحقیقات کر رہے ہیں۔ کہ شرعی قانون کو حکومت کس طرح عمل میں لایا جائے قائد اعظم نے کئی دفعہ اپنی تقریروں میں بیان کیا ہے۔ کہ ہم اپنے تمام قوانین کو اسلامی اصولوں کے پیش نظر از سر نو مرتب کریں گے۔ اسی لئے میری خواہش ہے کہ ایک Select Committee بنائی جائے۔ جس کا کام یہ ہو کہ اس بل میں جتنی بھی خامیاں ہیں ان کو دور کرے اور مکمل اور صحیح بل پیش کرے اور اگر ہو سکے تو اس کو ایسی صورت دی جائے۔ جس سے مسلمانوں کی اقتصادی طور پر حفاظت بھی ہو سکے۔ جب سردار شوکت حیات صاحب کیانی صاحب اور میں بیٹھے ہوئے اس بل پر غور کر رہے تھے۔ تو مجھے اس میں ایک خامی نظر آئی۔ میں نے کہا دیکھئے اس میں یہ فقرہ ذو معنی ہے۔ اس کو درست کرنا چاہیئے۔ وہ فقرہ یہ تھا۔

"Special property for females including personal property inherited or obtained under contract or gift....."

کیانی صاحب نے بھی جو آپ کے قانونی مشیر ہیں۔ مان لیا کہ ہاں اس سے دو معنے نکلتے ہیں۔ اسی طرح اور بھی کئی خامیاں ہوں گی۔ اس لئے اچھی طرح غور کر کے ہمیں آخری فیصلہ دینا چاہیئے۔ پھر اسی طرح اس قانون میں رہن یا بیع یا انتقال کا کوئی ذکر نہیں آیا۔ ان معاملات میں انگریزی قانون پر عمل ہوگا یا شرعی قانون پر ان تمام باتوں کا قانون میں ذکر آنا چاہیئے۔ پھر ایک "مزارعین موروثی" کا قانون ہے اگر آپ اس قانون کو بھی تبدیل نہیں کریں گے۔ تو یہ بھی شریعت کے خلاف ہوگا یہ تمام قوانین ایسے ہیں جو مسلمانوں کی اقتصادی طور پر حفاظت کرتے ہیں۔ جب ہم ان سب قوانین کو یکسر بدل ڈالیں گے۔ اور شریعت کے قانون کو نافذ کریں گے۔ تو ہمارے لئے ضروری ہوگا۔ کہ ہم ان سب باتوں کو تفصیل سے اس قانون میں

داخل کریں جو مسلمانوں کی اقتصادی حالت کے لئے ضروری ہیں۔ تاکہ وہ پہلے خلاف شرع قوانین کا بدل بن جائیں۔ لیکن ایسا مکمل قانون ایک دن میں تیار نہیں ہو سکتا۔ اس کے لئے ہفتہ بیس دن چاہئیں تاکہ منتخب کمیٹی بیٹھ کر اس پر اچھی طرح غور کرے اور صحیح فیصلہ کرے۔

Mr. Speaker : Motion moved :

"That the West Punjab Muslim Personal Law (Shariat) Application Bill be referred to a Select Committee.

Now, both the Original motion as well as the amendment are before the House for discussion.

Mrs. J. A. Shahnwaz (Outer Lahore, Muslim, Women) :

بیگم جہاں آرا شاہنواز (بیرونی لاہور۔ مسلم خواتین) : محترم صدر میں اس ترمیم کی جو ملک صاحب نے پیش کی ہے۔ پر زور مخالفت کرنے کے لئے کھڑی ہوئی ہوں۔ اور یہ چاہتی ہوں کہ اس بل کو سلیکٹ کمیٹی کے سپرد نہ کیا جائے۔ پیشتر اس کے کہ میں اپنے خیالات کا اظہار کروں۔ میں آپ سے یہ اجازت چاہتی ہوں۔ کہ چونکہ اس وقت محترم ملک صاحب نے پارٹی میٹنگ کی کسی کارروائی کے متعلق کچھ کہا ہے۔ اس لئے میں بھی چند ایک فقرے ان باتوں کے جواب میں کہہ سکوں

Mr. Speaker : I am afraid I cannot allow reference to proceedings in the party meeting.

بیگم جہاں آرا شاہنواز مجھے اپنے لیڈر صاحب سے ایک شکایت کرنا ہے اور وہ یہ ہے کہ جب پارٹی میٹنگ میں غالب اکثریت سے یہ فیصلہ ہو چکا تھا کہ شریعت بل کو آج پاس کیا جائے گا۔ تو پارٹی کو کیا حق حاصل ہے کہ اس وقت جب کہ میٹنگ میں ممبروں کے نمائندے موجود نہ ہوں۔ وہ اس سوال کو دوبارہ زیر بحث لائے اور جو پہلے فیصلہ ہو چکا ہے اسے بدل دے۔ اس کے بعد میں یہ عرض کرنا چاہتی ہوں کہ اس وقت جو تحریک ملک صاحب نے پیش کی ہے۔ اس کی غرض اس بل کو توقف میں ڈالنے کے سوا اور کچھ نہیں ہے۔

ملک فیروز خاں نون: ہرگز نہیں۔

بیگم جہاں آرا شاہنواز ہم اسے اچھی طرح سمجھتے ہیں۔ اسی لئے میں اس کے خلاف اپنی آواز بلند کرتی ہوں۔ میں آپ کو بتا دینا چاہتی ہوں کہ میں صرف اپنی طرف سے نہیں بلکہ صوبے کی نصف آبادی کی طرف سے آواز بلند کر رہی ہوں۔ اور آپ سے التجا کرتی ہوں کہ خدا کے لئے اس بل کو جسے سالہا سال پہلے پاس ہو جانا

چاہیئے تھا۔ اور جس کے متعلق اس حصہ پاکستان میں حکومت نے پہلا قدم اُٹھایا ہے۔ کسی طرح معرض التواء میں نہ ڈالا جائے۔ بیشتر اس کے کہ جو کچھ ملک صاحب نے بیان کیا ہے میں اس کے متعلق کچھ کہوں میں یہ عرض کرنا چاہتی ہوں کہ ۱۱ صوبوں میں سے پنجاب ہی ایک ایسا صوبہ ہے۔ جس میں اس وقت شریعت بل نافذ نہیں ہے۔ اگر بقیہ دس صوبوں میں اس پر عمل درآمد ہو رہا ہے۔ اور صوبہ سرحد میں تو ۷ سال کا عرصہ ہوا اس بل کو پاس کیا گیا تھا۔ تو کیا وجہ ہے کہ پنجاب میں شریعت بل اس وقت نافذ نہیں ہو سکتا۔ ملک صاحب نے فرمایا ہے۔ کہ قانون انتقال اراضی کی بعض ایسی دفعات ہیں جن کی وجہ سے ممکن ہے کہ کئی دقتیں پیدا ہو جائیں۔ میں اُن سے اور باقی بھائیوں سے یہ دریافت کرنا چاہتی ہوں کہ کیا اب قانون انتقال اراضی کی کوئی ضرورت باقی رہی ہے۔ اس کے جو نکات شریعت کے خلاف ہوں۔ . . . . . .

ملک محمد فیروز خاں نون :۔ میں انہی کو تو منسوخ کرانا چاہتا ہوں۔

Mrs. J. A. Shahnawaz : I am on my leges. Please do not interrupt.
Malik Muhammad Feroz Khan Noon : You must not misstate things.
Mrs. J. A. Shahnawaz : I am not making a misstatement.
Mr. Speaker : You cannot give a personal explanation at this stage.

بیگم جہاں آرا شاہنواز

میری گذارش ہے۔ کہ اگر قانون انتقال اراضی کی کوئی ایسی شقیں ہیں۔ جو اس بل کے برعکس جاتی ہوں۔ تو ہمیں قانون انتقال اراضی کا خاتمہ کر دینا چاہیئے ایکٹ مذکور کی اس وقت تک ضرورت تھی۔ جب ہمیں یہ خدشہ تھا کہ ساہوکار مسلمانوں کی زمینوں۔ مسلمانوں کے مال اور مسلمانوں کی جائیداد پر قابض ہو جائیں گے۔ اس سے اب ہمیں ڈرنے کی ضرورت نہیں۔ جہاں تک شرع محمدی کا تعلق ہے۔ وہ مکمل شرع ہے۔ اس میں کسی codification کی ضرورت نہیں اگر ایسی ضرورت محسوس ہوئی تو یہ کام پاکستان گورنمنٹ کرے گی اور کرنا چاہیئے اور ہمیں کوئی حق حاصل نہیں ہے۔ کہ ہم اس کی کوڈیفکیشن کریں۔ جو دوسرے پاکستانی صوبوں میں نہ ہو۔ نماز ادا کرنے کا قرآن کریم میں سات سو مرتبہ حکم دیا گیا ہے۔ مگر کسی جگہ یہ نہیں لکھا۔ کہ اگر ایک مسلمان نماز نہ پڑھے تو وہ جہنم میں جائیگا اور خالدین فیہا یعنی ہمیشہ ہمیشہ وہیں رہیگا لیکن جہاں شرع محمدی کے مطابق ورثہ کا ذکر آتا ہے وہاں یہ لکھا ہے۔ کہ اگر تم اپنی جائداد کے حصے شرع محمدی کے مطابق نہ کرو گے۔ تو جہنم میں جاؤ گے۔ اور خالدین فیہا اور اس میں ہمیشہ رہو گے

اس آیت کے ہوتے ہوئے میں آپ سے پوچھتی ہوں۔ کہ آپ کو کیا حق حاصل تھا کہ آپ رسم و رواج کی قیود اور پابندیوں کا ذکر چھیڑ دیتے۔ آپ کی پارٹی کی اجازت ہمیں حاصل ہے۔ اور یہ بل اس ایوان میں اس ریزولیوشن کے پیش نظر آیا ہے۔ جسے آپ نے بغیر کسی حجت کے پاس کر دیا تھا۔ اور آج بجائے اس کے کہ آپ اور دوسرے بھائی یہ کہتے ہوئے کہ الحمد للہ آج قرآن کریم کا ایک بڑا حکم پورا ہوا اسے پاس کر دیتے۔ اس میں کچھ خامیاں نکال رہے ہیں۔ میں آپ کی خدمت میں یہ عرض کرتی ہوں کہ خدا کے لئے اس ترمیم کو واپس لے لیجئے۔ آج اس بل کو بڑی اچھی طرح۔ بڑی خوشی اور دلی مسرت کے ساتھ پاس کیجئے۔ تاکہ وہ طبقہ بھی اپنے حقوق حاصل کر سکے۔ جو آج تک اپنے تمام ان حقوق سے محروم رہا جو کہ ۱۴۰۰ سال پہلے بانیٔ اسلام نے ان کو عطا کئے۔ کس وقت عطا کئے۔ اس وقت جب لڑکی کو زندہ گاڑ دیا جاتا تھا۔ اس وقت جب کہ عورت کو میراث سمجھ کر اس سے جانور ایسا سلوک کیا جاتا تھا۔ اس وقت بانیٔ اسلام نے عورت کو وہ حق دیا۔ جو آج تک دنیا میں کسی مذہب نے نہیں دیا۔ اسلام نے عورت کو شرعی اور ملکی حقوق میں مساوات کا درجہ دیا ہے۔ اور انہیں independent members of the state قرار دیا گیا ہے۔ اور عورت کو بہن کی حیثیت سے۔ بیٹی کی حیثیت سے اور بیوی کی حیثیت سے وراثت میں حصہ دیا گیا ہے اس کے علاوہ کیا آپ نے کبھی اس بات پر غور کیا کہ غلامی کی ذہنیت جو آپکی قوم میں آئی۔ یہ کس طرح سے آئی۔ اس کے کئی سبب ہیں۔ مجھے یقین کامل ہے۔ اور سب بھائی میرے ساتھ اتفاق کریں گے۔ کہ اس کا سب سے بڑا سبب یہ ہے۔ کہ عورت کو اقتصادی آزادی حاصل نہ تھی۔ قوم نے اور آپ نے اسے یہ آزادی نہ دی۔ بلکہ اس کو چھین لیا۔ نتیجہ یہ ہوا کہ اس میں غلامی کی ذہنیت پیدا ہو گئی۔ اور ترقی کرتی چلی گئی۔ یہاں تک کہ وہ اپنے آپ کو غلام سمجھنے لگ گئی۔ یاد رکھئے کہ اگر آپ ایک غلام کو گھر میں رکھیں اور چاہیے۔ آپ خزانہ کی کنجیاں بھی اس کے ہاتھ میں دے دیں۔ لیکن جب تک وہ آپ کا نوکر اور غلام اور تنخواہ دار ہے۔ اس میں کبھی بھی sense of independence خود مختاری کا جذبہ پیدا نہیں ہوگا۔ یہ عورتوں کی غلامی کی ذہنیت ہے۔ جس کی وجہ سے آپ کی قوم میں آزادی کی وہ روح آزادی کا وہ جوش پیدا نہ ہوا اور آپ کے سپوتوں اور بیٹوں میں آزادی کی وہ سپرٹ پیدا نہ ہوئی جو آزاد قوموں میں ہوتی ہے۔ الحمد للہ کہ آج یہ دن آیا کہ اس صوبہ کے بڑے بڑے زمینداروں نے عورتوں کو وراثت میں حصہ دینے کا ارادہ کیا ہے۔ ہماری وزارت نے ایسا اچھا قدم اٹھایا ہے۔ اب کیا وجہ ہے کہ آپ اس بل کو معرض التوار میں ڈالنا چاہتے ہیں۔ اس میں اگر کوئی نقص ہے۔ کوئی سقم ہے۔ تو آپ ترمیم پیش کیجئے۔ آج کیجئے۔ کل کیجئے۔ پرسوں کیجئے۔ تین چار دن میں کیجئے۔ میں آپ سے پوچھتی ہوں کہ آپ اسے سلیکٹ

کمیٹی میں پیش کر کے کس نقص کو دور کرنا چاہتے ہیں ۔ میں آپ صاحبان کی خدمت میں التماس کرتی ہوں کہ خدا کے لئے اس motion کو منظور نہ کیجئے اور جو پرسوں کی پارٹی میٹنگ میں فیصلہ ہوا تھا اس کے مطابق آج undiluted شریعت بل جس قدر جلد ممکن ہو پاس کیا جائے ۔

ملک فیروز خان نون پھر آپ پارٹی کی میٹنگ کا حوالہ دے رہی ہیں ۔ صاحب سپیکر آپ نے تو مجھے روک دیا تھا ۔

Mr. Speaker : Will the hon. member not refer to the decision of the party meeting ? Please do not refer to what happened at the party meeting.

بیگم جہاں آرا شاہ نواز :

صدر محترم جس طرح میرے آنریبل بھائی ایوان کے ممبر رہ چکے ہیں ۔ میں نے بھی آٹھ سال ایوان میں کام کیا ہے ۔ انہیں معلوم ہونا چاہیئے کہ میں پارٹی کی کسی بحث کا انکشاف نہیں کر رہی ۔ جیسا کہ پارٹی کے جنرل رولز کے مطابق . . . . .

Mr. Speaker : Even the decisions of the party meeting cannot be disclosed on the floor of the House.

Mrs. J. A. Shahnawaz : Why did he start the thing ?

Mr. Speaker : I stopped him'

Malik Muhammad Feroz Khan Noon : I did not tell you what happened in the party meeting.

بیگم جہاں آرا شاہنواز :

میں آپ سے درخواست کرتی ہوں کہ خدا را اس بل کے پاس کرنے میں توقف نہ کیجئے ۔ اس بل کو جس طرح اور صوبوں نے پاس کیا ہے ۔ اس ایوان میں بھی پاس کیجئے ۔ کیوں کہ اس وقت صوبہ کی آبادی کا نصف حصہ آپ کی طرف دیکھ رہا ہے ۔ اور جیسا کہ میرے بھائی نے ابھی فرمایا ہے ۔ جو قربانیاں انہوں نے کی ہیں اُن کو مدِ نظر رکھتے ہوئے ۔ اگر آپ اس بل کو پاس نہ کریں گے تو آپ ان سے بہت بڑی بے انصافی کریں گے ۔ ان الفاظ کے ساتھ میں ملک صاحب کی تحریک کی سخت مخالفت کرتی ہوں ۔

Mian Muhammad Nurullah (Toba Tek Singh, Muhammadan, Rural) :

میاں محمد نور اللہ :- میں پارٹی کے کسی فیصلہ کی طرف آپکی توجہ مبذول نہیں کرانا

چاہتا۔ اور نہ کسی ایسے فیصلہ کو یہاں زیر بحث لانا چاہتا ہوں۔ آج ملک صاحب نے اپنی تقریر میں دو باتیں کہی ہیں۔ ان باتوں کا کچھ جواب تو بیگم صاحبہ نے دیدیا ہے۔ باقی ایک دو باتوں کا جواب میں عرض کر دینا چاہتا ہوں۔ انہوں نے فرمایا۔ کہ کراچی میں اس امر کے متعلق ایک کمیٹی بن چکی ہے۔ اور وہ اس امر پر بحث و تمحیص بھی کر رہی ہے۔ یہ ٹھیک ہوگا۔ ضرور وہاں اس قسم کی کمیٹی بن چکی ہوگی اور وہ اس امر پر بحث بھی کر رہی ہوگی۔ لیکن اس معاملہ میں اس کا ہم سے کوئی تعلق نہیں (ملک فیروز خاں نون۔ میں نے یہ نہیں کہا) جیسا کہ بیگم صاحبہ نے کہا ہے۔ کہ صوبہ سرحد میں شریعت ایکٹ نافذ ہے۔ مجھے یاد ہے۔ کہ جب میرے بڑے بھائی سنٹرل اسمبلی میں ممبر بن کر گئے۔ اس وقت میں نے ان پر زور دیا۔ کہ وہاں شریعت بل پیش کیا جائے۔ وہاں انہوں نے بل پیش کیا۔ اور وہ پاس بھی ہو گیا۔

اسی طرح صوبہ سرحد نے بھی یہ قانون پاس کر دیا ہوا ہے۔ اور اس کے خلاف کوئی شکایت سننے میں نہیں آئی۔ جناب والا ہم مسلمان کافی عرصے سے اس چیز کے منتظر تھے۔ کہ ہمیں آزادی حاصل ہو۔ تو پھر یہ قانون پاس کیا جائے۔ اب موقعہ آگیا ہے۔ اور اس میں مزید تاخیر درست نہیں ملک صاحب کی ترمیم کے مطابق اسے منتخب کمیٹی کے سپرد کرنا مفید ہے۔ بہت سے ٹیکنیکل نقائص دور ہو جائینگے۔ لیکن اس ترمیم میں میں یہ اضافہ کرنا چاہتا ہوں۔ کہ الفاظ "ایک منتخب کمیٹی کے سپرد کیا جائے" کے بعد الفاظ "جو ۲۵ جنوری ۱۹۴۸ء تک اپنی رپورٹ پیش کرے" ایزاد کر دیئے جائیں۔

وزیر مالیات:۔ میں جنوری سے پیشتر اپنی رپورٹ پیش کرے۔

میاں محمد نور اللہ:۔ ۲۵ جنوری ۱۹۴۸ء سے پیشتر اپنی رپورٹ پیش کرے۔

صاحب سپیکر:۔ معزز ممبر کو چاہیئے۔ کہ وہ ترمیم پیش کرنے سے پیشتر ترمیم لکھ کر میرے حوالے کریں۔

میاں محمد نور اللہ:۔ جناب والا میں لکھ کر کچھ بھی نہیں دینا چاہتا۔ میرا مطلب تو صرف یہ ہے۔ کہ سانپ بھی مر جائے۔ اور لاٹھی بھی نہ ٹوٹے۔ (قہقہہ) میں صرف یہ چاہتا ہوں۔ کہ تاخیر بھی نہ ہو۔ اور نقائص بھی دور ہو جائیں۔ اور یہ قانون اسمبلی کے اسی اجلاس میں پاس ہو جائے۔

Sh. Fazle Haque Piracha (Bhalwal, Muhammadan, Rural)):

شیخ فضل حق پراچہ:۔

جناب والا۔ جو تحریک ملک صاحب نے یعنی اس بل کو سیلیکٹ کمیٹی کے سپرد کرنے کے لئے پیش کی ہے۔ اس سے مجھے کوئی اختلاف نہیں ہے۔ منتخب کمیٹی کے سپرد کرنے سے بعض نقائص دور کئے جا سکتے ہیں۔ اگر یہ بل آج ہی جلدی سے پاس

کر دیا گیا۔ تو نقائص رہ جانے کا احتمال ہے۔ جو پھر بعد میں دور کرنا پڑیں گے۔ لیکن اب علماء کے مشورے کی ضرورت نہیں ہے۔ جہاں تک وراثت کے مسئلے کا تعلق ہے۔ یہ قرآن پاک میں بالوضاحت درج ہے۔ البتہ حفظ ماتقدم کے طور پر تاکہ یہ دوسرے قوانین سے نہ ٹکرائے۔ اسے منتخب کمیٹی کے سپرد ضرور کر دینا چاہیئے۔ اس بل کا پاس کیا جانا نہایت لازمی ہے۔ ہمارے وزراء نے اپنے گذشتہ دورے میں جگہ جگہ اس امر کا اعلان کیا ہے۔ کہ ہم شریعت ایکٹ ضرور پاس کر دیں گے۔ اس وعدے کو ایفا کرنا چاہیئے۔ ورنہ لوگوں کے الزامات سے بچنا محال ہو جائے گا۔ میں میاں صاحب کی پیش کی ہوئی ترمیم سے اتفاق کرتا ہوں۔ اور ان کی تائید کرتا ہوں۔ کہ یہ بل اسمبلی کے اس اجلاس میں پاس کر دیا جائے۔

Syed Mohi-ud-Din Lal Badshah (Attock, Muhammadan, Rural) :

سید محی الدین لال بادشاہ:۔

جناب والا میں آپ کی وساطت سے حکومت کو مبارکباد پیش کرتا ہوں۔ کہ انہوں نے یہ بل پیش کر کے ایک اہم فرض ادا کیا۔ مگر میں ملک صاحب کی اس تجویز کی پُر زور مخالفت کرونگا۔ کہ بل کو مزید غور کے لئے کمیٹی کے سپرد کیا جائے۔ جبکہ ہمارا ایمان ہے۔ کہ ہمارا دین مکمل ہے۔ اور اللہ اور اللہ کے رسولؐ کے احکام میں کوئی تبدیلی نہیں کی جا سکتی۔ قرآن پاک کے احکام میں کوئی رد و بدل نہیں ہو سکتا۔ تو اس میں اب علماء و مشائخ کیا تبدیلی کریں گے۔ ہمیں تو اب صرف یہ فیصلہ کرنا ہے۔ کہ جو حق ہم صدیوں سے غصب کئے بیٹھے ہیں۔ وہ حقداروں کو واپس دیں۔ میں نہایت ادب سے عرض کروں گا۔ کہ اس بل کو فی الفور پاس کر کے اس کو نافذ کرا دیں۔ میں یہ سمجھنے سے قاصر ہوں۔ کہ ملک صاحب اسے منتخب کمیٹی کے سپرد کرا کر اسے غیر معین عرصہ تک کیوں ملتوی کرانا چاہتے ہیں۔ جب کہ اصولاً کوئی کمیٹی اس میں کوئی تبدیلی نہیں کر سکتی

Ch. Bahawal Bakhsh (South Eastern Gujrat, Muhammadan, Rural) :

چوہدری بہاول بخش:۔

صاحب صدر خدا کا شکر ہے۔ کہ ہم مسلمان یہاں اکٹھے جمع ہوئے ہیں اور ہمیں اللہ نے اپنی حکومت دی ہے۔ جناب والا کتاب پاک میں موجود ہے۔ کہ تابعداری کرو۔ اللہ کی اور اللہ کے رسول کی۔ اور حکام کی جو تم میں سے ہوں۔ اگر کہیں اختلاف پیدا ہو جائے۔ تو رجوع کرو قرآن پاک کی طرف۔ یعنی اللہ اور رسول کے احکام کی طرف۔ اس آخری چیز کا مطلب یہ ہے۔ کہ اگر کہیں اختلاف رائے ہو۔ تو ہمیں علماء سے مشورہ لینا چاہیئے۔ لیکن بدقسمتی سے ہمارے علماء کی حالت بھی کچھ گنگا جمنی سی ہے۔ بہر صورت ہمیں تو انکی طرف توجہ کرنی پڑتی ہے۔ قانون تو پہلے ہی موجود ہے۔ پھر ایک نیا قانون شروع کرنا بے معنی نظر آتا ہے۔ قانون تو ۱۳ سو سال سے موجود ہے۔ قرآن پاک فقہ اور حدیث سب کچھ موجود ہے۔ پھر ایک نئے قانون کی کیا ضرورت ہے تو خواہ مخواہ دخل در معقولات کرنے والی بات ہے۔ ہمیں خدا اور اس کے رسول کی

اطاعت کرنا چاہیئے۔ اور جائز حد تک حاکم وقت کی تابعداری کرنا چاہیئے۔ اس بارہ میں نیا قانون پیش کرنا دخل در معقولات ہے۔ تاکہ ہمارا نام بھی شہیدوں میں درج ہو جائے۔

Begam Tasaduq Husain (Inner Lahore, Muhammadan, Women, Urban) :

بیگم تصدق حسین (اندرون لاہور۔ مسلم خواتین۔ شہری حلقہ)

صاحب صدر! ہمیں امید تھی۔ کہ آج یہ بل پاس ہو جائے گا۔ اور ہم اپنی حکومت کو شریعت بل پاس کرنے پر مبارکباد پیش کر سکیں گے۔ لیکن افسوس ہے۔ کہ اسے پھر معرض التوا میں ڈالا جاتا ہے۔ معلوم ہوتا ہے۔ کہ حکومت کی نیت نہیں کہ عورتوں کو ان کے حقوق دیئے جائیں۔ حکومت کو یاد رکھنا چاہیئے۔ کہ اب دنیا کی کوئی بڑی سے بڑی طاقت بھی عورتوں کو ان کے جائز حقوق سے محروم نہیں کر سکتی۔ اگر سیلیکٹ کمیٹی نے کوئی ایسا فیصلہ کیا۔ تو عورتیں وہ ایجی ٹیشن کریں گی۔ کہ حکومت کو سمجھ آ جائے گی۔ اور اسے دوبارہ شریعت بل کو ایوان میں لانا پڑے گا۔ جب تک منتخب کمیٹی میں عورتوں کی کوئی نمائندہ نہیں ہو گی۔ اس وقت تک ہم اس کے فیصلے کو منظور نہیں کریں گے۔ میں تجویز کرتی ہوں۔ کہ محترمہ بیگم شاہ نواز کو اس کمیٹی پر لے لیا جائے۔ (ایک آواز: وہ منتخب کمیٹی میں ہیں۔ آپ کی خواہش پوری ہو گئی) لیکن میں سب سے پہلے تو یہ بل منتخب کمیٹی کے سپرد کئے جانے ہی کی مخالف ہوں۔ جب ہمارے پاس قرآن مجید موجود ہے۔ تو پھر میں نہیں سمجھتی۔ اس بل کو منتخب کمیٹی کے سپرد کرنے کی کیا ضرورت ہے۔ میں ہم دونوں خاتون ممبروں کی طرف سے حکومت تک یہ آواز پہنچا دینا چاہتی ہوں۔ کہ ہم اپنے حقوق نہایت صحیح اور صالح طریق میں ہی قبول کریں گی۔ ہم یہ برداشت نہ کریں گی۔ کہ ہمارے حقوق میں کاٹ چھانٹ کی جائے۔ (ایک آواز: ایسا ہو ہی نہیں سکتا) قرآن مجید کی موجودگی میں میں نہیں سمجھتی آپ کون سے بڑے فقیہہ لے آئیں گے جو اس معاملہ میں قرآن مجید کی پیش کردہ چیز میں ترمیم پیش کر سکیں گے۔ قرآن پاک میں جو کچھ اللہ تعالےٰ نے فرما دیا ہے۔ اس میں کیا ترمیم ہو سکتی ہے۔ منتخب کمیٹی کیا ایسی چیز بنا تراش کے لے آئے گی جو پہلے سے قرآن میں موجود نہیں۔

ان الفاظ کے ساتھ میں زیر بحث تحریک کی مخالفت کرتی ہوں۔

Sirdar Barkat Hyat Khan (North Punjab, Labour) :

سردار برکت حیات خاں

صدر محترم! معزز ممبروں کی تقاریر سے یہ بات واضح ہو چکی ہے۔ کہ اس بل کو معرض التوا میں ڈالنا چنداں مفید نہیں۔ ملک فیروز خاں صاحب نے معاملہ کو منتخب کمیٹی کے سپرد کرنے کی ترمیم پیش کی ہے۔ پانچ سات روز میں منتخب کمیٹی اپنی رپورٹ پیش کر دے گی۔ کسی کا مقصد خدانخواستہ ٹال مٹول کرنا یا اس بل کو معرض التوا میں ڈالنا نہیں۔ ہم تو یہ چاہتے ہیں۔ کہ رسم و رواج کی یہ زنجیریں دور ہوں۔ یہ ہماری بدقسمتی تھی۔ کہ ہم آج تک ان پابندیوں میں جکڑے رہے۔ ملک صاحب کی ترمیم کا یہ مقصد ہے۔ کہ اس بل کے الفاظ میں جو سقم رہ گیا ہو۔ وہ دور ہو جائے۔ میری رائے میں اس ترمیم کو منظور کر لینے سے کوئی حرج واقع نہیں ہو جائیگا۔ شیخ محمد بیان نور اللہ کی مزید ترمیم کی تائید کرتا ہوں۔ کہ منتخب کمیٹی پانچ سات روز تک اپنی

رپورٹ پیش کر دے۔

صاحب سپیکر:۔ میاں نور اللہ کی کوئی تجویز اس وقت ہاؤس کے سامنے نہیں۔ وہ ایک مشورہ تھا۔

سردار برکت حیات:۔ میں زیر بحث ترمیم میں یہ مزید ترمیم پیش کرتا ہوں۔ کہ منتخب کمیٹی کو ہدایت کر دی جائے۔ کہ وہ اپنی رپورٹ ۲۰ جنوری ۱۹۴۸ء تک پیش کر دے۔ اگر یہ ترمیم منظور کر لی جائے۔ تو بل کو معرض التوا میں ڈالنے کا اعتراض دور ہو جائے گا صرف پانچ سات روز کا التوا ہوگا۔ جو کوئی التوا نہیں۔

Mr. Speakar : An amendment has been moved to the amendment moved by Malik Feroz Khan Noon that the Select Committee should be given directions to submit its report by the 20th January, 1948.

The original motion, the amendment as well as the amendment to the amendment are before the House.

Minister of Finance (The Hon'ble Mian Mumtaz Muhammad Khan Daultana) :

آنریبل میاں ممتاز خاں دولتانہ:۔

جناب والا! تحریک زیر بحث کی ترمیم اور ترمیم مزید پر بعض ایسے اعتراضات کئے گئے ہیں۔ جن کی ضرورت نہ تھی۔ میں حکومت کی طرف سے غیر مبہم الفاظ میں یہ اعلان کر دینا اپنا فرض سمجھتا ہوں۔ کہ شریعت بل اسی اجلاس میں پاس کر دیا جائے گا۔ اور حکومت کسی ایسی تحریک کی حمایت نہیں کرے گی۔ جس کا مقصد اس بل کو اگلے اجلاس تک معرض التوا میں ڈالنا ہو۔ (تالیاں) جہاں تک ملک صاحب کی ترمیم کا تعلق ہے۔ اس کا مقصد صرف یہ ہے کہ شریعت ایکٹ نافذ کرنے میں جو دقتیں ہیں۔ انہیں دور کر دیا جائے۔ جیسا کہ بیگم شفیق صاحب نے فرمایا ہے۔ شریعت کی شقات میں کوئی تبدیلی نہیں کی جا سکتی۔ ملک صاحب کی خواہش یہ تھی۔ کہ شریعت ایکٹ نافذ کرنے میں جو دقتیں اور پیچیدگیاں ہیں۔ وہ رفع ہو جائیں۔ تاکہ اس ایکٹ کو پورے طور پر بغیر کسی دقت کے نافذ کیا جا سکے۔ حکومت ملک صاحب کی ترمیم اور سردار برکت حیات کی ترمیم در ترمیم منظور کرنے کو تیار ہے۔ کہ منتخب کمیٹی ۲۰ تاریخ تک اپنی رپورٹ پیش کر دے۔ میں ہاؤس کو اس بات کا یقین دلاتا ہوں۔ کہ یہ بل اسی اجلاس میں پاس کر دیا جائیگا۔ خواہ اس کے لئے حکومت کو اجلاس میں توسیع کرنی پڑے۔ شریعت ایکٹ اسی اجلاس میں پاس کر کے نافذ کر دیا جائے گا۔ (مسلسل تالیاں)

Malik Muhammad Feroze Khan Noon (Rawalpindi Division Towns, Muhammadan, Urban) :

ملک محمد فیروز خاں نون:۔

جناب والا! میں ایک مثال کے ذریعہ یہ واضح کرنا چاہتا ہوں۔ کہ کس طرح [illegible]

کے خلاف جا رہے ہیں۔ مثلاً میں نے ضلع منٹگمری کی اپنی زمین اپنی بیٹیوں کے نام منتقل کروا دی ہوئی ہے۔ اس بل سے پہلے ہی۔ صرف خدا کے ڈر سے۔ اگر یہ بل اسی شکل میں قانون بنا دیا جائے۔ تو میری لڑکیاں اپنی زمین کسی غیر زراعت پیشہ کے پاس فروخت نہیں کر سکیں گی۔ خواہ وہ انہیں زیادہ قیمت ہی کیوں نہ دیتا ہو۔ ایکٹ انتقال اراضی ایسا کرنے کے راستہ میں حائل ہو گا۔

مجھے اپنی زندگی میں بہت سے ملکوں میں جانے کا اتفاق ہوا ہے۔ اور میں بعض ایسے ملکوں میں بھی گیا ہوں۔ جہاں خواتین کی بہت قدر کی جاتی ہے۔ اس لئے میری نسبت یہ خیال نہیں کیا جا سکتا۔ کہ میں خواتین کو حقوق دیئے جانے کی مخالفت کروں گا۔ مجھے اپنے ایک دوست کی بیوی اور دوست کی بیٹی کے خلاف تقریر کرتے ہوئے افسوس ہوتا ہے مگر جب وہ اپنا ہی نقصان کر رہی ہوں۔ اس وقت میرا یہ اخلاقی فرض ہو جاتا ہے۔ کہ میں انہیں بتاؤں کہ کس طرح ان کا نقصان ہے۔ اور اس طرح فائدہ۔ وہ منہ سے تو یہ کہتی ہیں۔ کہ شریعت بل کی حمایت کر رہی ہیں۔ مگر اپنے رویہ سے اس کی مخالفت کر رہی ہیں کیونکہ ایکٹ انتقال اراضی کی موجودگی میں یہ بل نافذ نہیں ہو سکے گا۔ بعض ممبر صاحبان نہایت ہوشیاری سے چل رہے ہیں۔ ایک طرف وہ شریعت بل کی حمایت کر رہے ہیں۔ دوسری طرف ایکٹ انتقال اراضی کی حمایت کر رہے ہیں۔ ساتھ ہی یہ بھی تسلی رہی کہ فیروز خان نون کی مخالفت ہو گئی۔ باہر جا کر زمینداروں کو بھی کہہ دیں گے۔ کہ دیکھا ہم نے کیسی ہوشیاری دکھائی۔ اور کیسی چال چلی۔ ایکٹ انتقال اراضی کو بھی بچا لیا۔ اور شریعت بل کی بھی حمایت کر رہے ہیں۔ یہ دو دھاری تلوار ہے۔ جسے وہ استعمال کر رہے ہیں۔ ایکٹ انتقال اراضی کو بچا رہے ہیں۔ اور ساتھ ہی چلا رہے ہیں۔ کہ شریعت بل کو جلدی پاس نہیں کیا جا رہا۔ میری ترمیم کا مقصد شریعت بل میں رکاوٹ ڈالنا نہیں۔ بلکہ اس بل کو مکمل کرنا ہے۔ موجودہ صورت میں یہ بل نامکمل ہے۔ منتخب کمیٹی بے شک ۱۷ کی بجائے ۱۹ جنوری کو اپنی رپورٹ دے دے مجھے اس سے بھی کوئی غرض نہیں کہ کون کون اس منتخب کمیٹی کے ممبر ہوتے ہیں۔ میری طرف سے تو بے شک بیگم تصدق حسین کو پورا اختیار دے دیا جائے۔ کہ وہ اپنی پسند کے ممبروں پر منتخب کمیٹی بنا لیں۔ میں تو صرف یہ چاہتا ہوں۔ کہ بل مکمل صورت میں پاس ہو تاکہ میری بیٹیوں کا نقصان نہ ہو۔ ہماری بہنوں کا نقصان نہ ہو۔ باقی بیگم صاحب کو پورا اختیار دے دیا جائے۔

جناب والا میں نے تو ایکٹ انتقال اراضی کا ذکر کیا تھا۔ اگر معزز ممبران میں سے کوئی میرا مطلب نہ سمجھ سکا ہو۔ تو اس میں میرا کیا قصور ہے۔ اگر کوئی ممبر قانونی نکتوں اور باریکیوں کو سمجھنے سے قاصر ہے تو مجھ پر یہ فرض عائد ہوتا ہے۔ کہ میں صحیح چیز ان کے سامنے پیش کر دوں۔ لیکن جہاں تک موضوع زیر بحث کا تعلق ہے۔ میں یہ بات واضح کر دینا چاہتا ہوں۔ کہ اپنے فرض کو چھوڑ دینا۔ اور اپنی قوم اپنی بہنوں اور بیٹیوں سے اغماض سے چشم پوشی کرنا میرے لئے کسی حالت میں بھی ممکن نہ ہو گا۔ لہٰذا میں پھر آپ کی خدمت میں عرض کروں گا۔ کہ اگر آپ ایک کمیٹی مقرر کر دیں۔ جو بیس تاریخ تک اس سلسلے میں اپنی رپورٹ پیش کر دے۔ تو میں اس کے فیصلے کو بسر و چشم منظور کرنے کے لئے تیار ہوں۔

Mrs. J. A. Shahnawaz : On a point of personal explanation :

جناب والا معلوم نہیں یہ سب کچھ میرے خلاف کیوں کہا گیا ہے۔ میرے محترم بھائی شاید میرا مطلب نہیں سمجھے۔ میرا مطلب یہ تھا۔ کہ اگر اس بل کو منتخب کمیٹی کے سپرد کیا گیا۔ تو اس کے منظور ہونے میں کافی وقت لگے گا۔ اور اس کے نفاذ میں تاخیر ہو جائے گی۔ اس نظریئے کے پیش نظر میری سمجھ میں نہیں آتا۔ اور میں حیران ہوں۔ کہ مجھ پر یہ نکتہ چینی کیوں کی گئی ہے

I never speak to the galleries.

Mr. Speaker : This it not a personal explanation ; this is demanding a personal explanation from the hon'ble member.

The question is—

"That the West Punjab Muslim Personal Law (Shariat) Application Bill be referred to a Select Committee with the direction to submit its report by the 20th January, 1948.

The motion was carried.

Mr. Speaker : The next point is as to who should be the members of the Select Committee. Will the hon'ble Minister suggest the names of the members of the Select Committee and also suggest the quorum ?

Minister of Finance : Sir, I move that the Select Committee may consist of the following :—

1. Malik Feroze Khan Noon.
2. Chaudhri Fazl Ilah.
3. Khan Abdus Sattar Khan Niazi.
4. Sheikh Fzle Haque Piracha.
5. Sheikh Karamat Ali.
6. Syed Ashiq Husain.
7. Pir Sahib of Makhad.
8. Pir Muhammad Nawaz Khan.
9. Begam Jehan ara Shah Nawaz and the quorum be 2/3 of members.

The motion was carried.

Secretary : In accordance with Rule 87 of the Assembly Rules of Procedure, the Minister to whose department a Bill relates, the member-in-charge of the Bill, the Advocate-General and the Deputy Speaker shall also be the members of the select committee.

RESOLUTION REGARDING MUHAJIR TAX.

Mr. Speaker : I understand that Government is not moving this resoluion. A private member will move it and the Government has given time for its discussion.

Chaudhri Aziz Din (Lyallpur, Muhammadan, Rural) : Sir, I beg to move—

"That this Assembly recommends to the Government to levy a cess of two

annas in the rupee on all land revenue and abiana as Muhajir Tax with effect from the Kharif harvest 1947-48, and that, if necessary, legislation be immetiately undertaken for the imposition of this cess."

چودھری عزیز الدین:۔ حضور والا۔ ایوان کے سامنے بجٹ پیش ہو چکا ہے۔ یہ تو ہم نے دیکھ ہی لیا ہے۔ کہ بجٹ میں کس قدر خسارہ ہے۔ اس کے علاوہ مہاجرین پر (جو تقریباً پچاس ساٹھ لاکھ کی تعداد میں ہمارے صوبے میں آ چکے ہیں۔) مزید روپیہ خرچ ہونے والا ہے۔

جناب والا۔ شاہی مسجد لاہور کی مرمت کے لئے معاملہ اراضی پر گذشتہ چند سالوں سے ایک ٹیکس لگا ہوا تھا۔ مگر اس فصل سے وہ منسوخ ہو چکا ہے۔ مہاجرین کے مسئلے کو حل کرنے کے لئے حکومت نے روپے کی ضرورت محسوس کی ہے۔ لہٰذا اس ضرورت کو ایک ٹیکس کے ذریعہ پورا کرنے کی تجویز کی گئی ہے۔ اور اس ٹیکس کا نام مہاجر ٹیکس رکھا گیا ہے۔ میں سمجھتا ہوں۔ کہ یہ ٹیکس حکومت کی طرف سے ایسے تمام اخراجات پورے کرنے کے لئے لگایا جائیگا جو مہاجرین کی بحالی وغیرہ کے سلسلے میں برداشت کرنے پڑیں گے۔ اس کی شرح دو آنے فی روپیہ تجویز کی گئی ہے۔ میرے خیال میں مہاجرین کی بحالی کے سلسلے میں یہ نہایت ہی قابل قدر اقدام ہے۔ حکومت کو اس ٹیکس سے تقریباً پچاس لاکھ روپیہ وصول ہوگا۔ لہٰذا میری تجویز یہ ہے اور میں امید کرتا ہوں۔ کہ ایوان بھی اسے منظور کرے گا۔

ان الفاظ کے ساتھ میں یہ قرارداد پیش کرتا ہوں۔

Mr. Speaker : The resolution moved is—

"That this Assembly recommends to the Government levy a cess of two annas in the rupee on all land revenue and abiana as Muhajir Tax with effect from the Kharif harvest 1947-48, and that, if necessary, legislation be immediately undertaken for the imposition of this cess."

Minister of Revenue (Hon'ble Sirdar Shaukat Hyat Khan) :

آنریبل سردار شوکت حیات خان:۔

جناب والا۔ مجھے آج اس وقت انتہائی خوشی ہوئی۔ جب میرے معزز دوست نے یہ ریزولیوشن پیش کیا۔ اس کے ذریعے مہاجر ٹیکس عائد کرنے کی تجویز کی گئی ہے۔ یہ ٹیکس مہاجرین کی حالت بہتر بنانے اور انہیں خوشحال زندگی بسر کرنے کے لئے ضروریات بہم پہنچانے کی غرض سے تجویز کیا گیا ہے۔ یہ ٹیکس ہر ایسے شخص سے جو خدا کے فضل و کرم سے مغربی پنجاب میں رہتا ہے۔ وصول کیا جائیگا۔ مجھے یقین ہے۔ کہ جب اس ٹیکس کی وصولی شروع ہوگی۔ تو لوگ خود بخود اپنی خوشی سے دو آنے فی روپیہ ادا کریں گے۔ اور اس کار خیر میں حصہ لیں گے۔

جناب والا۔ اس سے پہلے بھی پنجاب کے زمینداروں سے ایک ٹیکس وصول کیا جاتا تھا۔ وہ بادشاہی مسجد لاہور کی مرمت کے اخراجات برداشت کرنے کے لئے عائد کیا گیا تھا۔ تو زمینداروں اور عوام نے بڑی خندہ پیشانی سے اس کا خیر مقدم کیا تھا۔ وہ ٹیکس تین یا تین

فی روپیہ کے حساب سے وصول کیا جاتا تھا۔ مگر مجوزہ مہاجرین ٹیکس کی شرح دو آنے فی روپیہ ہو گی۔ یہ ٹیکس فقط مہاجرین کی تکالیف دور کرنے کے لئے وصول کیا جائے گا۔ مجھے امید ہے۔ کہ جب بھی اس کی وصولی شروع ہو گی۔ لوگ بخوشی اسے ادا کریں گے۔ لہذا میں حکومت کی طرف سے اس تجویز کو منظور کرنے کے لئے تیار ہوں۔

Rana Abdul Hamid Khan (Pakpattan, Muhammadan, Rural):

رانا عبدالحمید خاں:

جناب والا۔ میں اس موقعہ پر صرف یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ مجھے مہاجرین کی بہتری و بہبودی کے لئے زمینداروں سے کوئی رقم فراہم کر کے خرچ کرنے پر بالکل کوئی اعتراض نہیں۔ لیکن اصولی طور پر اختلاف ضرور ہے۔ اور وہ یہ کہ جب بھی حکومت کو روپے کی ضرورت ہوتی ہے۔ تو وہ ضرور کوئی نہ کوئی ٹیکس تجویز کرتی ہے۔ چنانچہ اس کی وصولی کے لئے سب سے پہلے زمینداروں پر نظر پڑتی ہے اور انہیں اس کا نشانہ بنایا جاتا ہے۔ یہ ایک ایسی چیز ہے جو voluntary نہیں بلکہ اس کے برعکس obligatory ہے۔ اگر ہمارے وزیر مال اپیل کرتے تو بہتر ہوتا اور زمیندار خود بخود ہی اس قسم کے ٹیکس دینے کے لئے تیار ہو جاتے اور اپنے طور پر پیشکش بھی کرتے۔ چونکہ یہ obligatory ہے اور اس میں کسی زمیندار کی رضا و رغبت کا کوئی خیال نہیں رکھا گیا۔ اس لئے میں ان کی خدمت میں عرض کر دینا چاہتا ہوں کہ جب کبھی حکومت اس قسم کا کوئی ٹیکس لگانے کا خیال رکھتی ہو تو اسے چاہیئے کہ وہ اس سلسلے میں زمینداروں سے ضرور مشورہ کر لیا کرے۔ کیونکہ ان پر اچانک کوئی ٹیکس عائد کر دینا ان کے لئے انتہائی تکلیف کا باعث ہوتا ہے۔

Then, Sir, I must draw your attention to certain other items in the budget. The figures are never pleasant to read, but any way they do show some indication as to how things are going. I feel that as compared with the expenditure provided for the whole Punjab, as given in column 3 of our Budget, we are spending a bit more and that it could have been less than 16 per cent ; while it is more than 20 per cent. Just for example, you take any figure in the Budget. In the Memorandum on page 3, you will find under Head ' Direct Demands on the Revenue ' for the whole Punjab, the figure is Rs. 98,45,000 and the expenditure on our side in 7½ months is Rs. 39,85,000, that is, 41 per cent. It is too high indeed as compared to the actual revenue. I think after proper supervision and after proper and thorough investigation, this expenditure could be reduced and unless we are able to reduce it, it may be very difficult for us to continue in such a manner. You will find another instance on page 5. The provision under Head ' Miscellaneous ' is Rs. 3,67,660. I do not think such a provision was necessary and also in many other cases no details are given but big sums are provided.

Now, I will draw your attention to the question of Panchayats. A good Act was passed by the Unionist Government regarding Panchayats, but practically it was not enforced. Now it is time to encourage Panchayats so that corruption in courts may stop and the expenditure which the people have to incur, when they go to District Headquarters, may come down. It may be of interest to my honourable friends. In any way, I feel that people should also have speedy justice. I was also suggesting that to reduce expenditure on refugees in camps, the most urgent need is to take immediate action of scrutinising all allotments of land. The Government should devote all its attention to the question of settling the refugees in camps on land at once. Had the Honourable Minister of Revenue been here, I would have requested him to spend his time as actively as he did for 4 days at Lyallpur with all the heads of departments in the district, so that this work may be expedited and unless this is done there would be great strain on our finances as has been provided in this budget which we may not be able to afford. This question should be given the first priority. The Hon'ble Revenue Minister and the Financial Commissioner, I understand, have drafted rules under which scrutiny shall take place. I wish I had also been called, but that was not done. They should have asked me for help, as I was the greatest critic and had constructive suggestions to make. But now I feel that this question has been shelved. This is the most important question. Why should not people who possess land in more than one district or who are tilling their own land give up the land. If you want to keep non-zamindars in some places, tell us, so that we may know the exact position. But now you are reducing the efficiency of the people as well as the land. I would draw the attention of the Honourable Premier instead of the Honourable Minister of Revenue, to a circular that has been issued to the zamindars saying that they should consider the tenancy as temporary and that they are to vacate the land in June. It may be right from certain points of view, but it is a very serious question for the immediate consideration of the Government. Nobody is taking interest in ploughing the land for the coming Kharif crop. You should tell these squatters, who are in unauthorised possession of land, that they will be turned out of these lands. If you have a proper scheme and if you want to settle persons from the

East in a district in the West or if you want to give them the entire village in order to bring about homogeneity, then it is all right. But if this is not so, this circular might cause us great loss and people may not sow their crops.

Premier : That circular is in connection with the squatters.

Mian Muhammad Nurullah : We have received complaints in this respect. What is the definition of a squatter ? It means that only those people who come under this definition should go and others must remain. Only one half of the people may be squatters and 1/4th of the land may be recoverable. If you want to save the province, give this land to the people in camps.

I would also draw your attention to the special pay under the Head ' Motor Vehicles '. Then there is an item " deposits from Indian States " on page 131. It is a deduct entry. I could not for myself find out what are these Indian States. Have they so far not come into Pakistan ? The question of Indian States and Indian Penal Code still continues. Changes should be made according to the exact position in which we are.

Then in order to increase the efficiency of zamindars who have come from the East and do not possess proper paraphernalia, i. e. Hal, gadda and bullocks etc, you must give them as much *taccavi* as possible immediately, because unless this is done as they have not got their proper material to carry on agriculture the efficiency of agriculture may go down with the result that foodgrains might be short of our expectations and we might be faced with shortage of foodgrains. So we must try to avoid it and must keep up the efficiency of agriculture in any case.

Now I come to another item of Jallo Rosin Factory on page 105 of the Budget. There you will find that the Managing Agents allowance is Rs. 21,610. I wonder if there is any chance of giving this allowance to certain other persons from amongst the refugees, who can run this factory properly. Now this is being run by some rich European firm.

Then, Sir, I felt that complaints had been received by certain honourable members including myself that practice of giving lumbardari square in each village abandoned by non-Muslims is becoming a source of corruption. When a village is vacated a lumbardar is appointed and he is given 1/2 square of land. I would ask the Government not to appoint such lumberdars and not make them permanent. Take away these squares from them and stop this source of corruption.

I need not take more time of the House. I am sorry that I could not do full justice to the Budget because I had to go through many items last night hurriedly and some of them I forgot to note. But I must refer to the Shahpur canal. That is the only canal which is running at a loss. This loss can be avoided by the next budget. How can you avoid this loss. Open the canal, run the water and let the zamindars enjoy the fruit of that water and then I can assure you that during the next budget you will find that instead of that recurring loss you will get a surplus. That will help you in your own finances.

Begum Jahan Ara Shah Nawaz (Outer Lahore, Muhammadan, Women, Urban) :

بیگم جہاں آرا شاہ نواز :-

صدرِ محترم! سب سے پہلے میں اجازت چاہتی ہوں کہ اپنے محترم بھائی کو ان کی پہلی تقریر پر مبارک باد پیش کروں۔ اس کے بعد مجھے یہ عرض کرنا ہے کہ جہاں تک میری آج کی تقریر کا تعلق ہے، اگرچہ اس میں بھی بعض چیزوں پر تنقید ضروری ہوگی تاہم میں یہ سمجھتی ہوں کہ ہماری قوم اس وقت ایک ایسے نازک دور سے گزر رہی ہے اور ہمیں اپنی قوم کے ذمہ دار نمایندے ہوتے ہوئے اس ذمہ دار ایوان میں نہایت ذمہ داری سے تقریریں کرنا چاہئیں اور جہاں تک ہوسکے تخریبی نکتہ چینی سے بچتے ہوئے اپنا وقت تعمیری مشورے دینے میں صرف کرنا چاہئے۔ آنریبل وزیر خزانہ سے میری یہ گزارش ہے کہ جہاں انہوں نے ہمیں اپنی مالی پوزیشن سے آگاہ کیا ہے وہاں ان کا یہ بھی فرض تھا کہ وہ ہمیں بتاتے کہ صوبہ کی آئندہ تعمیر کے متعلق ان کے کیا ارادے ہیں۔ (ایک آواز :- خطرناک) میں اپنی آج کی تقریر میں ایوان کے سامنے صوبہ کے مستقبل کے متعلق کچھ تجاویز پیش کروں گی۔ مگر اصل تقریر سے پہلے میں یہ گزارش کرنا ضروری سمجھتی ہوں کہ مجھے شروع ہی سے یہ تعلیم دی گئی تھی، اور گھٹی میں یہ سبق ملا ہے، کہ انسان کو ایسی تقریر کرنا چاہئے جس میں الفاظ کم ہوں اور مطالب زیادہ۔ اور مجھے اس بات پر فخر ہے کہ میں نے آج تک، ایوان میں یا ایوان سے باہر کبھی ایسی تقریر نہیں کی جس کا مقصد محض سامعین کی تحسین و آفرین حاصل کرنا ہو۔

بہرکیف مجھے آج کی تقریر میں ایوان کے سامنے صوبہ کے مستقبل کے لئے بعض تعمیری تجاویز پیش کرنا ہیں۔ اور جیسا کہ میں پہلے عرض کر چکی ہوں ممکن ہے مجھے تھوڑی سی تنقید میں بھی جانا پڑے۔ ہم میں سے بعض نے آج سے بہت پہلے اپنی حکومت کے سامنے ایسی مفید تجاویز پیش کی تھیں کہ اگر ان پر اس وقت سے عملدرآمد ہوتا تو آج ہماری بہت سی پریشانیاں ہمارے سامنے نہ ہوتیں مثلاً میں نے ۱۰ اگست کو یہ عرض کیا تھا کہ تمام صوبہ کے ٹرانسپورٹ کو قبضہ میں لے لیا جائے مگر مجھے یہ جواب دیا گیا کہ یہاں چند کمپنیاں ہیں جو ٹرانسپورٹ کا کام کرتی ہیں۔ اگر ہم ٹرانسپورٹ پر قبضہ کرلیں تو ان کمپنیوں کے مالک کیسے گزارہ کریں گے۔ چند لوگوں کی خاطر ہزاروں جانیں تلف ہوگئیں۔ اگر اس وقت میری تجویز پر عمل درآمد ہو جاتا تو آج سینکڑوں نہیں بلکہ ہزاروں جانیں تلف ہونے سے بچ جاتیں۔ لیکن جو ہوا سو ہوا۔ میری تقریر کا مقصد تو مستقبل کے بارے میں تجاویز پیش کرنا ہے۔ میرے محترم بھائی میاں نور اللہ اس بجٹ پر کافی روشنی ڈال چکے ہیں۔ لیڈر آف دی ہاؤس کی خدمت میں میری یہ گزارش ہے کہ وہ اب تعمیری کام کی طرف زیادہ توجہ دیں۔ آنریبل وزیر خزانہ کو ان کی موجودہ ذمہ داریوں سے سبکدوش کرکے وزیر پلیننگ بنا دیا جائے تاکہ وہ صوبہ کے مستقبل کے متعلق پلان تیار کریں اور یہ کام ایسے ہی بغیر کسی پروگرام کے نہ ہوتا رہے بلکہ سابقہ حکومتِ ہند کی پالیسی تعمیری کمیٹی کی طرح ہم بھی اپنے لئے ایک مقصد متعین کریں کہ ہم نے اپنے صوبہ کو آئندہ پندرہ یا بیس برس کے عرصہ میں کیا بنانا ہے۔ روس نے ۳۱ سال میں ایک نئی دنیا تعمیر کرلی تھی۔ امریکہ نے ۱۵۰ برس کے عرصہ میں اپنے آپ کو ایک مکمل دنیا میں تبدیل کر لیا تھا۔ اتنا بڑا مقصد نہ سہی۔ تاہم ہم اپنے سامنے کوئی مقصد تو رکھ سکتے ہیں۔ مہربانی آپ ۱۸۷۰ء کے برطانیہ ہی کو

اپنا مطمح نظر قرار دے سکتے ہیں۔ ہم اپنے لئے مقرر کر سکتے ہیں کہ ۵ سال میں ہم یہ کام کریں گے، دس سال میں یہ کریں گے اور ۱۵ سال میں یہ کریں گے۔ بلکہ ہمیں چاہیئے کہ آج کل میں یہ فیصلہ کریں کہ اس سے آگے ہمارا پروگرام کیا ہوگا تاکہ ہم اپنے عوام کو بامِ ترقی کے زینہ پر قدم بہ قدم لے جا سکیں۔

صدرِ محترم، ایک اور چیز جو میں اپنے بھائی کی خدمت میں عرض کرنا چاہتی ہوں وہ یہ ہے کہ جہاں تک برطانیہ کے نظام کا تعلق ہے وہ اب دقیانوسی اور فرسودہ ہو چکا ہے۔ چنانچہ میں نے امریکہ میں ایک دلچسپ لطیفہ سنا۔ کسی نے مذاق کے طور پر کہا کہ ایک مرتبہ لیگ آف نیشنز کی عمارت کو آگ لگ گئی۔ اور جب اس کو بجھانے کا سوال پیش ہوا تو برطانوی وفد کے لیڈر نے یہ تجویز پیش کی کہ ۱۳ اشخاص پر مشتمل ایک کمیٹی بنائی جائے جو یہ فیصلہ کرے کہ کون سی قوم اس آگ کو بجھائے۔ دوسری جنگِ عظیم میں جب جرمن وانکا تک پہنچ چکے تھے اس وقت برطانوی کارخانہ دار یہ سوچ رہے تھے کہ رنگوں کے بنانے میں جرمن قوم پیش پیش تھی اب برطانیہ کو اس کی ساخت بڑھا کر اس مارکیٹ کو اپنا بنانا چاہیئے۔ آج دنیا کا بہترین نظام حکومت وہ سمجھا جاتا ہے جس کے پروگرام پر عمل کر کے قوم جلد از جلد ترقی کر سکے۔ لیکن برطانوی طرزِ حکومت ابھی تک وہی ہے کہ پہلے ایک فائل سب سے چھوٹے افسر سے شروع ہوتی ہے۔ اور کئی مرحلوں کے بعد وہ سیکرٹری تک پہنچتی ہے۔ پھر خواہ وہ کئی ماہ تک طاق پہ دھری رہے۔ ہمیں اب اس فرسودہ نظام کو خیرباد کہہ کر اپنی حکومت کو اس طرح چلانا چاہیئے کہ ہر کام جلد از جلد پایۂ تکمیل تک پہنچ سکے۔

میری دوسری گذارش یہ ہے کہ یہ بجٹ تو درمیانی عرصہ کے لئے تھا اور پیش ہو چکا لو آئندہ حکومت بجٹ پیش کرنے بلکہ تیار کرنے سے پہلے اس ایوان کے تمام ممبروں یا بعض ممبروں پر مشتمل ایک کمیٹی سے ضرور مشورہ کرے اور ان کے سامنے اپنی بجٹ سے متعلقہ تجاویز رکھے۔ تاکہ ممبر صاحبان بھی بجٹ کے بارے میں اپنی تجاویز حکومت کے سامنے رکھ سکیں۔ یہ (موجودہ طریق کے مطابق مکمل صورت میں ایوان کے سامنے پیش کیا جاتا ہے اور ہم اس میں بعض چھوٹی موٹی تبدیلیوں کے سوا کوئی بڑی تبدیلی نہیں کرا سکتے۔ یہ طریق درست نہیں ہے۔ اسے بالکل بدل دینا چاہیئے۔

رشوت کے بارہ میں بہت کچھ کہا جا چکا ہے۔ ہر طرف اسی کا رونا رویا جا رہا ہے۔ اس کے انسداد کے لئے بعض اقدامات بھی کئے گئے ہیں۔ مگر جہاں تک میں سمجھتی ہوں اصل بنیادی چیز کی طرف توجہ ہی نہیں دی گئی (میری رائے میں بعض ایسے امور ہیں کہ اگر ان کی طرف بھی توجہ کی جائے تو رشوت خود بخود ہی دور ہو سکتی ہے۔ اس سلسلہ میں میں سب سے پہلے یہ عرض کروں گی کہ ایگزیکٹو اور جوڈیشل کو بالکل بالکل علیحدہ کر دینا چاہیئے (تالیاں) دنیا کے کسی بھی مہذب ملک میں یہ نہیں کہ ایک ہی شخص سزا دے اور وہی پھر مجسٹریٹ بن کر اس سزا کی اپیل بھی سنے۔ میری رائے میں وزارت کو سب سے پہلے یہ کام کرنا چاہیئے کہ ایگزیکٹو اور جوڈیشل کو الگ الگ کرائے۔ یہ چیز رشوت کے انسداد میں بہت زیادہ ممد و معاون ثابت ہوگی۔ افسروں کو دیانت دار بنانے کے لئے میں دوسری تجویز یہ پیش کرتی ہوں کہ ایفی شنسی بار کو لاگو کر دیا جائے۔ مثلاً ۵۰۰ روپے تک۔ ۵۰۰ کے بعد ترقی دینے کے لئے قابلیت اور دیانت داری کو معیار قرار دیا جائے۔ یہ نہ ہو کہ افسروں کو اس کے بعد بھی بطور رومین ترقیاں ملتی رہیں خواہ ان کا کام کیسا ہو۔ خواہ وہ نااہل ہوں یا بد دیانت۔ اگر یہ طریقہ استعمال کیا جائے تو یقیناً افسران کی صفوں میں بددیانتی

اور رشوت ستانی کا خاتمہ ہو سکتا ہے - جیسا میں نے عرض کیا ہے کہ حسن کارکردگی کی حد (Efficiency Bar) ضرور ہونی چاہیئے - میں یہ بھی عرض کروں گی کہ مختلف محکموں میں حسن کارکردگی کی حد کے بعد ترقی کے لئے افسران کا انتخاب پبلک سروس کمیشن کے ذریعے ہونا چاہیئے پبلک سروس کمیشن کا معیار وہی ہونا چاہیئے جو دنیا کی اعلیٰ قوموں نے مقرر کر رکھا ہے - اس کے ممبر کا رتبہ کسی حالت میں بھی ہائیکورٹ کے جج سے کم نہ ہونا چاہیئے - اور مختلف محکموں میں ایسے امیدوار بطور افسر لئے جائیں جن کے خلاف قوم کو کوئی اعتراض نہ ہو اور جن کا ماضی ہر قسم کی آلودگیوں سے پاک ہو -

صدر محترم - اب مجھے جیلوں اور اندرونی محکمے (Home Department) کے متعلق کچھ عرض کرنا ہے - میں سمجھتی ہوں کہ ہمارا جیلوں کا نظام نہایت فرسودہ اور دقیانوسی ہے - اس میں تبدیلیاں ضرور عمل میں لائی جائیں - چنانچہ اس سلسلے میں ہمیں بین الاقوامی قوانین سے بھی استفادہ کرنا چاہیئے اور جیلوں میں نمایاں تبدیلیاں کرنی چاہئیں - جہاں تک سزاؤں کا تعلق ہے (Capital Punishment) تو پہلے ہی ہمارے ملک میں دی جاتی ہے - مگر اس سلسلے میں ہمیں ترقی یافتہ ملکوں کی مثالیں نظر انداز نہیں کرنی چاہئیں - بلکہ وہاں رائج شدہ قوانین کے مطابق ضروری تبدیلیاں کرنی چاہئیں - یہ تو ایک علیحدہ چیز ہے کہ ہمارے ہاں قتل کی وارداتیں بہت ہی زیادہ ہوتی ہیں - مگر اس کا مطلب یہ نہیں کہ ہم ان کو روکنے کی کوشش نہ کریں - بعض ممالک میں تو جرائم کی حالت ہمارے ملک سے کہیں زیادہ ہوا کرتی تھی - یہ ان کی اپنی کوششوں کا نتیجہ ہے کہ آج وہ دنیا میں سربلند ہیں - ہم بھی ان کے نقش قدم پر چل کر یقیناً اپنے ملک میں جرائم کم کر سکتے ہیں - لہذا ہمیں اس سلسلے میں انتہائی کوشش کرنی چاہیئے -

صدر محترم - میں ایوان کی توجہ (Juvenile Offenders) کم سن مجرموں کی طرف منعطف کرانا چاہتی ہوں - ہمیں اس سلسلے میں بھی قوانین تسوید کرنے چاہئیں - اور بچوں کی عدالتیں (Children Courts) قائم کی جانی چاہئیں - ہمارے ہاں ان کی سخت ضرورت ہے - اس شعبے کو یعنی بچوں میں جرائم کی بیخ کنی کرنے کے لئے ہنگری کے ملک میں بہت زیادہ ترقی دی گئی ہے - چنانچہ وہاں (Reformatory Institutions) قائم کی گئی ہیں - ہمیں بھی اس سے کچھ اخذ کرنا چاہیئے اس ملک میں بچوں کو جرائم سے باز رکھنے کے لئے نہایت اعلیٰ انتظامات کئے گئے ہیں - وہاں جرائم پیشہ لوگوں کے بچوں پر تجربات کئے جاتے ہیں - یہ تجربات سائنسدان اور ڈاکٹر ہی (جو اسی مقصد کے لئے مقرر کئے جاتے ہیں) کرتے ہیں - وہ research کے ذریعے ان کی اصلاح کے لئے لگاتار کوشش کرتے رہتے ہیں - ایسا ہی کوئی اقدام ہماری حکومت کو بھی کرنا چاہیئے - جب بیرونی ممالک نے محسوس کیا کہ ایسے جرائم دن بدن بڑھ رہے ہیں تو انہوں نے فوراً اپنے سائنسدانوں اور ڈاکٹروں سے فائدہ اٹھایا اور مذکورہ تبدیلیاں کر دکھائیں - ہم بھی اپنے ملک میں جرائم کی روک تھام کے لئے ایسی تبدیلیوں پر عمل کر کے جرائم کا انسداد کر سکتے ہیں - میں یہ عرض کرنا چاہتی ہوں کہ ہمیں اس سلسلے میں League of Nations کے مرتب کردہ قوانین سے بھی فائدہ اٹھانا چاہیئے -

محکمہ مال کے متعلق میں صرف یہ عرض کرنا چاہتی ہوں کہ ہمارے محکمہ مال کا طریق کار نہایت ہی ناقص اور دقیانوسی ہے - ہمیں اب نئے نئے طریقے سوچنے چاہئیں - اور انہیں اپنے ہاں رائج کرنے کی کوشش کرنی چاہیئے - آپ دیکھیں گے کہ جب ان پر عمل کیا جائے گا تو مالیہ اراضی میں کس طرح اور کتنا اضافہ

ہوتا ہے۔ اگر آپ روس اور امریکہ کے (Systems) طریق کار کا مطالعہ کریں تو آپ انہیں پسند کریں گے اور میں وثوق سے کہہ سکتی ہوں کہ انہیں اس صوبے میں جاری کرنے پر کسی کو اعتراض نہ ہوگا۔ (Graduated Scale) طریقہ تو جو وہاں رائج ہے یہاں بھی آزمانا چاہیئے۔

جناب صدر۔ اسی سلسلے میں میں یہ بھی عرض کرنا چاہتی ہوں کہ ہمارے صوبے میں (water logging) سیم دن بدن بڑھتی جارہی ہے۔ ہمارے ہاں اس کے متعلق کوئی (Research Deptt.) محکمہ تحقیقات نہیں ہے۔ کہیں کہیں (Lining) کا بندوبست کیا گیا ہے۔ مگر وہ کامیاب ثابت نہیں ہوئی۔ اس کے متعلق روس اور امریکہ میں مزید تحقیقات ہو رہی ہے۔ ہمیں بھی ان ممالک کی تحقیقات سے فائدہ اٹھانا چاہیئے اور اپنے ہاں اقدام کرتے وقت ان کی جدید ترین تحقیقات کو نظر انداز نہیں کرنا چاہیئے۔ اگلے روز محترم مرزا بشیر الدین محمود احمد صاحب اپنے لکچر میں فرما رہے تھے کہ ہمارے صوبے میں سیم (water logging) کا بڑا بھاری خطرہ ہے۔ یہ لکچر سن کر مجھے بہت خوشی ہوئی اور میں ان کے مطالعے کی داد دیئے بغیر نہیں رہ سکتی۔ انہوں نے فرمایا کہ اگر اس کی روک تھام نہ کی گئی۔ تو صوبے کی بہترین اراضیات بالکل ناقص ہو جائیں گی۔ اور اس میں کوئی پیداوار نہ ہو سکے گی۔ فی الحال تو (Lining) ہی ایک ایسا طریقہ ہے جس کی بدولت ہمیں کسی قدر فائدہ پہنچ سکتا ہے۔ میں حکومت سے پرزور درخواست کرتی ہوں کہ وہ اس معاملے کی طرف جلد از جلد متوجہ ہو۔

اس کے ساتھ ہی میں یہ بھی عرض کر دینا چاہتی ہوں کہ نئی نہریں ایسے طریقے سے بنائی جانی چاہئیں کہ بعد میں ہمیں وہی دقتیں پیش نہ آئیں جو اب آرہی ہیں میں یہ تجویز کرتی ہوں کہ اس کام کے لئے ہمارے یہاں ایک (Planning Minister) ہونا چاہیئے جو اس قسم کی (Planning) وغیرہ کی نگرانی کر سکے۔ اور ایسے کام خوش اسلوبی سے پایۂ تکمیل تک پہنچائے۔ تھل پروجیکٹ (Thal Project) کے متعلق ہمارے وزیر مال فرماتے ہیں کہ وہ بہت جلد مکمل ہونے والا ہے۔

صدر محترم۔ آج مہاجرین کا مسئلہ ایک بہت بڑا اور انتہائی توجہ طلب مسئلہ ہے۔ مہاجرین کو بسانے کے لئے بڑی تیزی سے کام کیا جا رہا ہے۔ ان میں سے بیشتر کو زمینیں دی جا چکی ہیں۔ ہمارے صوبے کی بارہ یا سولہ لاکھ ایکڑ زمین تھل کی نہر وغیرہ سے سیراب ہو رہی ہے۔ اس کے علاوہ بہت سی زمین ایسی ہے جسے قابل کاشت بنانا ہے۔ میں نے وزیر خزانہ کی خدمت میں گذارش کی تھی کہ اگر وہ اس وقت تھل والی زمین خرید کر اور کچھ روپیہ خرچ کر کے مہاجرین کو دے دیں تو وہ اس سے دگنا روپیہ قسطوں پر وصول کر سکتے ہیں۔ حکومت یہ روپیہ مالکوں کو دے سکتی ہے۔ بہرحال میں سمجھتی ہوں کہ مہاجرین کو بسانے کے پیش نظر حکومت کو جلد از جلد اراضی کی مقدار میں اضافہ کرنے کی ترکیبیں سوچنی چاہئیں۔

صوبہ پنجاب میں اسی یا پچاسی فیصدی زمینیں زمینداروں کی ملکیت ہیں۔ اس میں ایک اوسط درجہ کے خاندان کے خرچ کے لئے ۱۱ء۱۷ ایکڑ زمین درکار ہے اب حالت یہ ہے کہ اشتمال کھاتہ جات کے بعد ایک زمیندار کی زمین صرف ۸ء۶ ایکڑ رہ جاتی ہے۔ اس سے صاف ظاہر ہے کہ اشتمال کی وجہ سے ایسے خاندان کی زمین کا ⅔ حصہ چھن جاتا ہے۔ اور صرف ⅓ حصہ اس کے پاس رہ جاتا ہے۔ یہ ہے اس صوبے میں اشتمال کھاتہ جات کا نتیجہ۔ اب آپ خود ہی فرمائیں کہ اس زمین پر اس کا گذارہ کیسے ممکن ہو سکتا ہے۔ میں جس چیز پر زور دینا چاہتی ہوں وہ یہ ہے کہ اشتمالی کھاتہ جات کے سلسلے میں اقتصادی پہلو کو بالکل نظر انداز کر دیا گیا ہے۔

صدر محترم (سنہ ۱۹۲۱ء سے لے کر سنہ ۱۹۳۱ء تک ہمارے صوبے کی آبادی میں ۱۱ فیصدی کا اضافہ

ہوا تھا۔ سنہ ۱۹۳۰ء سے لے کر سنہ ۱۹۴۷ء تک ۱۶ فیصدی اور اب جہاں تک میری معلومات ہیں یہ اضافہ ۱۸ فیصدی تک پہنچ چکا ہے۔ یہ سب چیزیں ایسی ہیں جن پر حکومت کو غور و خوض کرنا چاہئے۔ اس کے ساتھ ہی میں یہ بھی عرض کرنا چاہتی ہوں کہ ہمارے ہاں جو اشتمال کھاتہ جات کا کام عمل میں آیا ہے۔ وہ بالکل غیر اقتصادی اصول کی بنا پر کیا گیا ہے۔ اسے اقتصادی معیار کے مطابق جلد از جلد کیا جانا چاہئے۔ اور یہاں (Fragmentation of Holdings) کے متعلق قانون وضع کیا جانا چاہئے۔ ہالینڈ پہلا ملک ہے جس نے نہایت کامیاب طریق پر قانون کے ذریعہ (Fragmentation) کا انسداد کیا تھا۔ میرا مطلب یہ ہے کہ ہمیں بھی (Fragmentation of Holdings) کے متعلق قوانین وضع کرنے چاہئیں۔ میں آپ کی اطلاع کے لئے یہ بھی عرض کر دوں کہ جرمنی نے بھی ایسا ہی کیا ہے۔ اور ہالینڈ میں تو یہ دستور نہایت کامیاب طریق پر عرصہ سے رائج ہے۔

اس کے بعد میں جنگلات کا ذکر کروں گی۔ ہماری ٹمبر کی دولت بہت بڑی اہمیت رکھتی ہے۔ ٹمبر کے متعلق سب سے پہلے میری گزارش یہ ہے کہ ہم نے نہریں بناتے وقت اس دولت کا خیال نہیں کیا۔ ہم نے کیا یہ کہ نہریں بنائیں اور آدمی بساتے چلے گئے ہیں۔ نتیجہ یہ ہوا کہ وہ زمین صاف کرتے چلے گئے اور لکڑی کی کوئی پرواہ نہ کی۔ حضور والا۔ صوبہ کی زمین کا بہت بڑا حصہ آئندہ کے لئے لکڑی تیار کرنے کے لئے وقف کرنا چاہئے۔ کیا یہ ضروری نہ تھا کہ پلانٹیشن کا کام پہلے شروع کیا جاتا؟ اگر ایسا نہیں کیا تو آئندہ نہریں بناتے وقت اس کا لحاظ ضرور کرنا چاہئے۔ اگر وزیر مالیات صوبہ کی زمین کو تباہی سے بچانا چاہتے ہوں تو ہمیں بتائیں کہ وہ نہر میں کتنی زمین میں پلانٹیشن پودے اگا رہے ہیں۔ وہ اسے مدنظر ضرور رکھیں۔ پھر میری پرزور گزارش ہے کہ انہیں Grazing کی طرف بھی پوری پوری توجہ کرنی چاہئے۔ جس علاقے میں آبادکار لوگوں کے مویشی اور بھیڑ بکریاں تمام پودے کھا جاتے ہیں وہاں اس کا سدباب کرنے کے لئے (Anti Grazing Legislation) ضروری ہے ورنہ حکومت کی کوشش رائگاں جائیگی۔

علاوہ بریں (Erosion) (دریا بردگی) بڑھتی جا رہی ہے۔ یہ بدقسمتی ہے کہ جو علاقہ پاکستان کو ملا ہے وہ دریا بردگی والا ہے۔ آپ اگر کراچی سے چلیں تو راستہ میں دیکھیں گے کہ قریب قریب سارا علاقہ دریا بردگی سے خراب ہوا ہوا ہے۔ لہذا میں عرض کروں گی کہ اگر حکومت نے دریا بردگی کا انسداد نہ کیا تو ہمارا زرخیز علاقہ بھی دریا بردگی کی نذر ہو جائے گا۔ میں ابھی حال ہی میں راولپنڈی سے آ رہی تھی میں نے دیکھا کہ راولپنڈی سے جہلم تک کی زمین نہایت اچھی تھی۔ مگر دریا بردگی سے ناکارہ ہو چکی تھی۔ میں سوچ رہی تھی کہ کاش اگر یہ اراضیات دریا بردگی کی نذر نہ ہو گئی ہوتیں تو یہاں گلستان نظر آتے۔ لہذا میری گزارش ہے کہ حکومت کے لئے Anti-Erosion کا کام از حد ضروری ہے۔ اور یہ نہایت مناسب ہوگا اگر حکومت یہ کام خود کرے ایک مربع زمین پر تین یا چار ہزار روپیہ خرچ آتا ہے۔ اگر گورنمنٹ خود یہ کام کرے تو یہی مربع زمین صاف کر کے چھ سات ہزار میں فروخت کی جا سکتی ہے۔

اب میں آپ کی توجہ قومی تعمیر کے محکمہ (Nation-Building Deptts.) کی طرف منعطف کراتی ہوں۔ اس سلسلہ میں مجھے یہ عرض کرنا ہے کہ یہ ایسے محکمے ہیں جن میں ہمیں پہلے (Planning) کا کام کرنا ہوگا۔ بغیر پلیننگ یہ کام سرانجام دینا قریب قریب ناممکن ہوگا۔ مجھے افسوس ہے کہ میں پاکستان ایجوکیشنل کانفرنس میں شریک نہ ہو سکی۔ چونکہ مجھے یہاں اغوا شدہ لڑکیوں کے متعلق منعقدہ میٹنگز میں شریک ہونا تھا اس لئے میرا کراچی جانا ناممکن ہوگیا۔ (Planning for Education)

کرتے وقت آپ کو وہی خیال رکھنا چاہئے جو قالین بناتے وقت قالین بننے والوں کو رکھنا پڑتا ہے۔ قالین تیار کرنے سے پہلے جولاہے سوچتے ہیں کہ فلاں قالین کے لئے کس قسم کے دھاگے اور کس قسم کے رنگ ہونے چاہئیں۔ نقشہ کے مطابق دیکھا جاتا ہے کہ کون سا دھاگا کام دے گا اور کونسا رنگ ٹھیک رہے گا۔ اُس کے بعد رنگ بھرا جاتا ہے اور نقشہ کے مطابق قالین تیار کیا جاتا ہے۔ مگر جب نقشہ ہی نہ ہو تو دھاگے اور رنگ ادھر اُدھر کے لگا کر قالین کیسے خوش نما بن سکتا ہے۔ لہذا میری گزارش ہے کہ حکومت سب سے پہلے پلیننگ کی طرف توجہ دے اور نقشہ تیار کرے۔ اب آپ مثال کے طور پر پنجاب کو لیں۔ آبادی کا ۸۷ فیصدی یعنی ۱۱ و ۸۶ فیصدی حصہ دیہات میں بستا ہے۔ اس حصہ میں پہلے پرائمری نصاب ہونا چاہئے جیسا کہ سارجنٹ رپورٹ میں ۸ سال کا پرائمری کورس ہے۔ تاکہ جو بچے سکولوں سے نکل کر اپنے گھروں میں جائیں وہ لکھا پڑھا یاد رکھ سکیں۔ یہ نہ ہو کہ گھروں میں جانے کے بعد تھوڑے عرصے کے اندر ہی اندر وہ پھر جاہل ہو جائیں۔ اس بارے میں میں یہ بھی گزارش کرنا چاہتی ہوں کہ ہمیں یورپین ممالک کی طرح Agricultural centres بھی کھولنے چاہئیں جس میں کورس دو سال کا ہو۔ کورس پڑھانے کے دوران جو لڑکے زیادہ ہوشیار نظر آئیں اُن کو منتخب کر لیا جائے۔ باقی سب بچے زراعتی امور سیکھیں کہ کس طرح وہ زمین کو صاف رکھ سکتے ہیں۔ پیداوار بڑھا سکتے ہیں۔ اور آمدنی میں اضافہ کر سکتے ہیں۔ علاوہ بریں دیہاتی لڑکیوں کے لئے بھی جنہیں کل کو بچوں کی مائیں اور گھر کی ملکہ بننا ہے ایسا نصاب ہونا چاہئے جس میں انہیں بتایا جا سکے کہ وہ کس طرح زراعتی کاموں میں اپنے مردوں کا ہاتھ بٹا سکتی ہیں۔ مویشیوں کی بیماریاں کیا ہیں اور وہ مویشیوں کی کس طرح خورد و پرداخت کر سکتی ہیں۔ میں آنریبل وزیر تعلیم کی خدمت میں عرض کروں گی کہ وہ نیا نصاب تعلیم جس کے بنانے میں اس خاکسار کا بھی حصہ تھا کیا ہوا وہ نصاب آج تک رائج نہیں ہوا۔ آخر اُسے رائج کرنے کا کب موقع آئے گا۔ جہاں تک لڑکیوں کے نئے نصاب کا تعلق ہے میں یہ چاہتی ہوں کہ اس میں تبدیلی کرنے کی بجائے اُسے بالکل بدل دیا جائے۔ لہذا میں تجویز کروں گی کہ جتنے کالج یا ہائی سکول ہیں ان میں سے نصف کو وزیر تعلیم ہوم سائنس کالج اور سکول بنا دیں۔ ہوم سائنس بڑی ترقی کر رہی ہے اور آج کل اس سائنس کی طرف عام رجحان بھی ہے یہ ایک مکمل تعلیم ہے اس لئے اسے نصاب تعلیم میں ضرور شامل کیا جانا چاہئے۔ عام رجحان کے علاوہ ہم ہوم سائنس کو اعلیٰ تعلیم میں بھی کارفرما دیکھ رہی ہیں۔ آج اُس میں بچے کی نفسیات بھی شامل ہو چکی ہے جس میں بتایا گیا ہے کہ بچے کی نفسیات کا خیال رکھتے ہوئے اُن کی تربیت کس طرح کی جانی چاہئے۔ اور چھوٹے بچوں کی عادتیں جو بڑے ہو کر پختہ ہو جاتی ہیں انہیں شروع میں کس صحت مند طریقے سے درست کیا جا سکتا ہے۔ اس کے علاوہ اس میں غذائیت کا بھی لحاظ رکھا گیا ہے۔ مثال کے طور پر بتایا گیا ہے کہ ایک سال کے بچے سے لے کر سو سال کے بوڑھے تک کو کون کون سی غذا اور کون کون سی خوراک دینی چاہئے۔ پھر اس نصاب میں (Book Keeping) بھی شامل ہے۔ calories کا ذکر بھی موجود ہے کہ کس خوراک میں کتنی calories کی ضرورت ہے اور اس کا صحت پر کیا اثر پڑتا ہے۔ مثال کے طور پر آلو میں کیا غذائیت ہے۔ اس کا صحت پر کیا اثر پڑتا ہے اور اگر اس کے ساتھ ساگ کی رکابی بھی کھانے کے لئے رکھ دی جائے تو صحت پر کیا اثر پڑے گا۔ میں نے یہ باتیں پہلے بھی عرض کی تھیں کہ ہمارے ہاں لڑکیوں کو جو تعلیم مل رہی ہے وہ انہیں ان مسائل کے متعلق بہت کم آگاہ کرتی ہے جو بہت انہیں آج کل دوچار ہونا ہے۔ جیسا کہ میں نے پہلے عرض کیا ہے کہ انہیں گھر کی ملکہ بننا ہے

انہیں یہ دیکھنا ہے کہ بچوں کی غور و پرداخت کس طرح کرنی ہے۔ اس لئے آپ اب مہربانی کرکے ہوم سائنس کی طرف ان کی تعلیم کو بدل دیجئے تاکہ آپ کی لڑکیاں آیندہ زندگی کے مسائل سے آگاہ ہی نہیں بلکہ اُن کے لئے تیار ہو سکیں۔ اس کے بعد مجھے شہری آبادی کی تعلیم کے متعلق یہ کہنا ہے کہ اس آبادی میں ۹ اور ۱۱ فیصدی لوگ کارخانوں میں کام کرتے ہیں انہیں کم از کم مڈل سکول تک تعلیم دی جائے۔ تاکہ کل کو یہ لوگ ماہرانہ کام (Skilled Labour) پر لگائے جاسکیں اور اس کے (Industrial Centres) ہونے چاہئیں۔ میں سمجھتی ہوں آٹھ جماعت تک تعلیم پانے کے بعد وہ ماہرانہ کام کرنے کے قابل ہو سکتے ہیں۔ اگر کوئی یہ چاہتا ہے کہ ہمارا بچہ شوفر بنے یا انجن چلانے کا کام کر سکے تو اُس کے لئے کام سیکھنے کی گنجائش ہونی چاہئے۔ یعنی جو پلیننگ کرنا ہے حکومت اُس میں ان سب باتوں کا خیال رکھے کیونکہ جب تک صنعتی مراکز (Industrial Centres) اور ماہرانہ کاموں کے لئے سکول نہ ہوں گے اُس وقت تک آپ دوسرے ترقی یافتہ ممالک کے ساتھ مقابلہ نہیں کر سکتے۔ میرے خیال میں دیہاتی آبادی کے لئے پرائمری سکول کی تعلیم اور شہری آبادی کے لئے مڈل سکول تک تعلیم ہو۔ ان میں سے منتخب شدہ ہوشیار بچے اعلیٰ تعلیم کے لئے بھیجے جاویں۔ میٹرک کے لئے دو سال ہوں اور تین سال ڈگری کے لئے ہوں۔ اس طرح آپ کی ملازمت کے لئے لڑکے تیار ہو سکتے ہیں۔

اب میں Medical and Public Health کی طرف آتی ہوں۔ اس میں میری بہت سی تجویزیں ہیں۔ جہاں تک پبلک ہیلتھ کا تعلق ہے میں نے ایک تجویز کئی بار پیش کی ہے۔ اور یہ میری تقریروں میں موجود ہے۔ آپ پڑھ سکتے ہیں۔ دوسرے بڑے بڑے ملکوں میں پہلی چیز جو میری نظر سے گذری وہ یہ تھی کہ وہاں لوگ اپنے ہر شہری، اپنے ہر Individual Member of State کا دنیا میں آنے سے پہلے اور مرتے دم تک خیال رکھتے ہیں۔ یہی وجہ ہے کہ ان کی جسمانی صحت ہماری جسمانی صحت سے بہت زیادہ اچھی ہے۔ اور ان کی عمریں ہماری عمروں سے بہت زیادہ ہیں۔ مگر اس کی وجہ کیا ہے؟ اس کی وجہ یہ ہے کہ وہاں Infant Welfare Centres قائم کئے گئے ہیں۔ الحمد للہ کہ اب ہمارے صوبہ میں بھی قائم ہو گئے ہیں۔ اب یہ کہ Infant Welfare Centres کیوں قائم کئے جاتے ہیں۔ میں عرض کرتی ہوں کہ یہاں یہ سنٹر قائم کرنے میں آپ کی ریڈ کراس نے بہت مدد کی ہے۔ اور اس میں کچھ اس خاکسار کا بھی ہاتھ رہا ہے۔ Infant Welfare Centres کا کام یہ ہوتا ہے کہ Expectant Mothers کا خیال رکھا جائے۔ ان سینٹرز کی انچارج ہیلتھ وسیٹرز ہوتی ہیں جن کا کام یہ ہوتا ہے کہ بچہ کا دنیا میں آنے سے پہلے خیال رکھا جائے۔ اس کے بعد جونہی بچہ دنیا میں آتا ہے اس کا کارڈ رکھا جاتا ہے۔ اور ہر مہینے بچوں کی مائیں انہیں وہاں لے جا کر تولتی ہیں اور چار سال کی عمر تک follow up کیا جاتا ہے۔ اس کے بعد سکولوں میں بچوں کی میڈیکل انسپکشن ہوتی ہے۔ آپ یہ سن کر حیران ہوں گے کہ شملہ کی میونسپل کمیٹی کے سکولوں میں جب یہ چیز رائج ہوئی۔ اور ایک سکول میں جب میڈیکل انسپکشن ہو رہی تھی تو میں بھی وہاں موجود تھی۔ وہاں میں نے دیکھا کہ ۷۰ فیصدی بچوں کی آنکھوں میں ایسے نقص تھے کہ اگر شروع میں ان کا انسداد کیا جاتا تو بچوں کو یہ تکلیف نہ ہوتی ورنہ بعد میں بعض تو بے چارے اندھے ہو جاتے ہیں۔ یہاں چونکہ ایسا کوئی طریقہ رائج نہیں ہے اس لئے ہمارے بچوں کے کانوں۔ دانتوں اور آنکھوں کی یہ چھوٹی چھوٹی تکلیفیں زیادہ عمر میں بڑھ جاتی ہیں۔

اور بعد میں ایسی خراب صورت اختیار کر لیتی ہیں کہ ان کی صحت پر بہت برا اثر پڑتا ہے۔ یہ خوشی کی بات ہے کہ اب یہاں یہ Infant Welfare Centres قائم ہونے شروع ہو گئے ہیں۔ ہمارے یہاں آٹھ سو بڑی تحصیلیں اور بڑے گاؤں ہیں۔ اس لئے میری رائے میں ہر تحصیل میں ایک ایسا سنٹر ہونا چاہئے۔ اس سلسلے میں اعداد و شمار وزیر تعلیم کے پاس موجود ہیں۔ وہ دیکھ سکتے ہیں کہ جہاں یہ سنٹر قائم کیا جاتا ہے وہاں Infant Mortality کم ہو جاتی ہے۔ یہ بڑی بدقسمتی کی بات ہے کہ ہندوستان میں سب سے زیادہ اور اب پاکستان اور ہندوستان میں سب سے زیادہ بچوں کی موتیں واقع ہوتی ہیں۔ اور سب سے زیادہ مائیں مرتی ہیں۔ جب میں لیگ آف نیشنز کی Women and Children Committee میں شریک ہوئی تو مجھے یہ معلوم کر کے شرمندہ ہونا پڑا۔ بہر حال میں یہ عرض کر رہی تھی کہ جہاں یہ Infant Welfare Centre قائم کیا جاتا ہے وہاں آپ دیکھیں گے کہ بچوں کی موتیں پہلے اگر پانچ ہوتی تھیں تو اب وہاں کم ہو کر تین رہ جاتی ہیں۔ اور جہاں پہلے بیس بچوں میں سے گیارہ مر جاتی تھیں اب وہاں بیس میں سے چھ مرتی ہیں۔

علاوہ ازیں میری رائے میں آپ کو چاہئے کہ پبلک ہیلتھ اور میڈیکل ڈیپارٹمنٹ جو ایک ہی wing میں آتی ہیں ان کے there should be two wings of one department اور اس کا ایک ہیڈ ہونا چاہئے۔ انہیں الگ الگ رکھنے میں بڑی over-lapping اور confusion ہوتا ہے۔ دونوں ایک دوسرے پر ذمہ داری ڈالتے ہیں۔ اس لئے اس کے دو wing ہونے چاہئیں۔ ایک اور وجہ ایسا کرنے کی یہ بھی ہے کہ اس کی ایک تو preventive side ہے اور دوسری curative side ہے۔ تو میرے خیال میں جب تک ان دونوں کاموں میں مکمل تعاون نہ ہو۔ اس وقت تک قوم کی صحت اچھی نہیں ہو سکتی۔

اب دوسری چیز میڈیکل تعلیم ہے۔ مجھے اس کے مطالعہ کا بہت شوق ہے۔ ایک زمانے میں میرا خیال تھا کہ ڈاکٹر بنوں۔ بہر کیف میری گذارش ہے کہ میں جس ملک میں بھی گئی میں نے وہاں کے ہسپتال ضرور دیکھے۔ میں افریقہ گئی تو میں نے وہاں کے ہسپتال بھی دیکھے۔ ہمارے یہاں کا میو ہسپتال اب اتنا pre-historic ہو گیا ہے کہ میرے خیال میں اسے up-to-date بنانے کے لئے کم از کم پانچ لاکھ روپیہ کی چیزیں منگوانے کی ضرورت ہوگی۔ ان چیزوں میں مختلف قسم کے instruments اور screens وغیرہ کی ایسی چیزیں شامل ہوں گی مختلف امراض کے متعلق بے شمار نئی چیزیں ایجاد ہو چکی ہیں۔ میں عرض کروں گی کہ ان چیزوں کو منگوائیے اور خدا کے لئے اس ہسپتال کو up-to-date بنائیے۔ ایک اعلیٰ main ہسپتال کا ہونا بہت ضروری ہے۔

محترم صدر! مجھے افسوس ہے کہ میں نے ایوان کا اتنا وقت لیا ہے۔ اب میں آپ کی اجازت سے زراعت کے متعلق کچھ عرض کرنا چاہتی ہوں۔ میری گذارش یہ ہے کہ زراعت کے سلسلہ میں ہمیں ابھی بہت تعلیم حاصل کرنی ہے۔ اس کے لئے خواہ آپ یہاں سے اپنے آدمی امریکہ بھیجیں یا وہاں سے (expert advice) حاصل کریں لیکن میں سمجھتی ہوں کہ یہ بہت ضروری چیز ہے۔ امریکہ کی Arizona State میں میں نے ایسی زمینوں کو دیکھا جو پہلے بالکل سنگلاخ تھیں لیکن اب گلزار بنی ہوئی ہیں۔ انہیں دیکھنے کے بعد میں سمجھتی ہوں کہ ہمارے ملک میں جو زمینیں بالکل ریتلی اور سنگلاخ پڑی ہیں، انہیں بھی گلزار بنایا جا سکتا ہے۔ Arizona State میں جو

زمینیں سنگلاخ پڑی تھیں ان میں سے نصف میں ایک نئی دنیا بس گئی ہے۔ وہاں ہمارے پنجابی بھائی بھی ہیں جو اعلیٰ کاشتکار ہیں۔

دوسرے ہمیں Intensification of Agriculture کی طرف توجہ دینی چاہیئے۔ اس کے ذریعہ ایک ایکڑ سے پانچ گنا زیادہ اور اُس وقت تو ہماری زراعتی فارموں سے تین گنا زیادہ اناج پیدا کیا جاتا ہے۔ مگر اس کے لئے ہمیں artificial fertilizers کی ضرورت ہے۔

اس سلسلہ میں میں ایک اور بات عرض کروں گی۔ وہ بات یہ ہے کہ ہماری بدقسمتی سے صوبہ پنجاب میں Mineral resources کی survey نہیں ہوئی۔ میرا لڑکا جو امریکہ ہی میں سائنس کی تعلیم حاصل کر رہا ہے ایک دن ذکر کر رہا تھا کہ لاکھوں ٹن gypsum نقل ایریا میں جہاں نقل پراجیکٹ شروع کی گئی ہے پڑا ہے لیکن اُس کو نکالنے کا ابھی کوئی انتظام نہیں کیا گیا۔ جس وقت نہر جاری ہو جائے گی سارا gypsum خراب ہو جائے گا۔ اس نے بتایا کہ یہ صوبہ پنجاب کی ایک بہت بڑی دولت ہے اگر اس کا خیال نہ کیا گیا تو یہ ضائع ہو جائے گی۔ اب اور جہاں بھی gypsum موجود ہے اس کو استعمال کرنے کی ترکیبیں سوچنی چاہئیں۔ اور اراضیات سے زیادہ سے زیادہ پیداوار حاصل کرنے کی پوری کوشش کرنی چاہئے۔ اور اس کے لئے ہر ممکن ترکیبیں سوچنی چاہئیں۔ آپ یہ سُن کر حیران ہوں گے کہ ہمارے پنجابی بھائی جو کیلے فورنیا (California) اور ایری زونا (Arizona) میں آباد ہیں جب وہاں میں اُن سے ملی تو انہوں نے بتایا کہ انہوں نے ایک ایک مربعہ چالیس چالیس ہزار کا خریدا تھا۔ اب وہ ایک مربعہ زمین ہی سے پانچ ہزار روپیہ سالانہ سے لے کر پندرہ ہزار روپیہ سالانہ کما رہے ہیں۔ اگر اس ملک کے لوگ اپنی زمین میں سے اتنی آمدنی پیدا کر سکتے ہیں تو کیا وجہ ہے کہ ہم نہیں کر سکتے۔

اب میں پبلسٹی ڈیپارٹمنٹ کے متعلق کچھ کہنا چاہتی ہوں۔ میرے بھائی عبدالستار صاحب نیازی نے فرمایا تھا کہ پبلسٹی ڈیپارٹمنٹ کی کوئی ضرورت نہیں میں اُن کی خدمت میں عرض کروں گی کہ آپ کو اس کا بالکل اندازہ ہی نہیں کہ پبلسٹی چیز کیا ہے۔ پبلسٹی کی دو قسمیں ہیں۔ ایک internal اور ایک External پہلے لیجئے Internal پبلسٹی کو۔ اب تک غیر قوم آپ پر حکومت کر رہی تھی۔ اس قوم نے جو چاہا آپ پر نافذ کر دیا اس کا فیصلہ ناطق تھا اور عوام اس کو ماننے پر مجبور۔ لیکن اب عوام کی حکومت ہے۔ اب آپ کے ملک میں جمہوریت کا دور دورہ ہے۔ اب آپ کی جمہوری حکومت اس وقت کامیاب ہو سکتی ہے۔ جب آپ وہ طریق اختیار کریں جو باہر کی کامیاب جمہوری حکومتیں اپنے اپنے ممالک میں اختیار کر رہی ہیں۔ اب آپ کو کیا کرنا ہے اس کے ذریعہ آپ سے وہ کچھ کرنا ہے جو جنگ کے زمانے میں Information Department نے کیا۔ آپ کو ہر قانون وضع کرنے سے پہلے اپنی پبلک کو یہ سمجھانا ہوگا کہ اس کا کیا فائدہ ہے یا اس کے نافذ کرنے کی صورت میں اس سے کیا نقصان پہنچ سکتا ہے۔ مثلاً آپ anti-grazing legislaion بنا رہے ہیں۔ اس کے لئے ضروری ہے کہ اس کے پاس کرنے سے پہلے آپ کو لیکچروں کے ذریعہ۔ سلائیڈز کے ذریعہ۔ پوسٹروں اور ریڈیو کے ذریعہ سے

پبلک کو یہ بتانا ہوگا کہ اگر timber کی دولت تباہ ہوگئی تو اس سے آپ کی زمینوں کو کتنا نقصان پہنچے گا۔ اور اگر آپ اپنی اس دولت کو ضائع کرتے رہے جس طرح اب کر رہے ہیں تو ڈیڑھ دو سو سال کے بعد آپ کی زمینیں بھی ناکارہ ہو جائیں گی۔ اسی طرح آپ جو legislation بھی لانا چاہیں پہلے اس کیلئے public opinion پیدا کریں تاکہ جو آواز بھی اٹھے وہ صرف آپ ہی کی آواز نہ ہو بلکہ وہ پبلک کی آواز ہو پبلک کہے کہ ایسا ہونا چاہیئے۔ یہ internal publicity ہے اور یہ اس کا کام ہے۔ پھر exrernal publicity بھی ضروری ہے دنیا نہیں جانتی کہ آپ کیا کر رہے ہیں۔ مثلاً آپ ایسے کام کرتے ہیں جو آپ کے لئے مفید ہیں اور جو آپ کی دنیا کی بڑی قوموں کی صف میں لا کھڑا کر سکتے ہیں اور وہ اخلاق اور دنیوی قوانین کے خلاف بھی نہیں۔ لیکن ہو سکتا ہے کہ آپ کے مخالف آپ کے حالات کو ایسے رنگ میں دنیا میں پیش کریں کہ دنیا آپ کے خلاف ہو جائے اور آپ کی حرکات کو ناپسندیدہ سمجھ کر آپ کو ابھرنے نہ دے۔ وہ نہیں چاہتے کہ آپ اچھے طریق اختیار کر کے دنیا کی بڑی قوموں میں شامل ہو سکیں۔ اور وہ آپ کے گرانے کے لئے ہر ممکن طریق اختیار کریں گے ایسے دشمنوں کے جال کو توڑنا اور دنیا کے سامنے اپنی پوزیشن کو صاف کرنا یہی foreign publicity کا کام ہے۔ اگر آج آپ کا Foreign Department کمزور نہ ہوتا بلکہ مضبوط اور مکمل ہوتا تو آج یو۔ این۔ او میں ہماری پوزیشن safe ہوتی اور ہمارے وفد کے لیڈر کا کام پہلے سے بہت زیادہ آسان ہوتا۔ یہی وقت ہے کہ ہم اپنے ہر محکمہ کو مضبوط کریں اس وقت کو ہاتھ سے نہیں جانے دینا چاہیئے اب میں دوسری چھوٹی چھوٹی باتیں چھوڑتی ہوں اور Industries کی طرف آتی ہوں انڈسٹریز کے متعلق مجھے یہ عرض کرنی ہے کہ جنگ کے زمانہ میں ہم لوگوں نے ڈیفنس کونسل میں یہ تجویز پیش کی تھی کہ ہمیں اجازت دی جائے کہ ہم موٹر کاریں یہاں بنائیں انہوں نے کہا کہ موٹر کاروں کا ڈھانچہ تو پہلے ہی یہاں بن رہا ہے۔ ہم نے کہا کہ انجن بنانے کی بھی اجازت دی جائے۔ کانگرسی نمائندوں نے اس وقت شور مچایا اور دھواں دار تقریریں کی کہ ہمیں expert advice دی جائے۔ experts نے اور انہوں نے ہمیں بتایا کہ پرزے جو انجن کے لئے چاہیں اور جتنی تعداد میں بن کر ہر فیکٹری میں سے نکلنے چاہئیں تاکہ موٹروں کی قیمت اتنی ہو سکے جتنی کہ مارکیٹ میں ہے اس کے لئے چھ سال درکار ہوں گے کیونکہ سرمست ہمارے ملک میں machine tools کی بھی factories نہیں ہیں ہمیں اب Basic Industries پر بہت زور دینا چاہیئے۔ یہ خیال یا محض خوش فہمی ہے کہ Basic Industries قائم کئے بغیر ہم آسمان پر چلے جائیں گے اور دوسری اعلیٰ اور ترقی یافتہ قوموں کا مقابلہ کر سکیں گے machine tools جلد از جلد تیار کروائے جائیں اور ضروری ہے کہ skilled labour کے لئے ادارے بھی بہت جلد قائم کئے جائیں خوش قسمتی سے اس جنگ کی وجہ سے بہت سے مسلم technicians اور mechanics موجود ہیں۔ وہ جنگ کے بعد اپنے اپنے گھروں کو آ گئے ہیں جب میں جنگ کے آلات بنانے کے کارخانے دیکھنے گئی

تھی اس وقت مجھے بہت خوشی ہوئی کہ اُن میں سے چالیس فیصدی پنجابی تھے اور اکثر مسلمان
اگر اُن technicians کو جو کام چھوڑ چکے ہیں کام پر اس طرح لگایا جائے کہ وہ
دوسروں کو کام سکھائیں تو ہمارے لئے industries centres جلد کھل سکتے
ہیں۔ اگر آپ کچھ نوجوانوں کو مزید تعلیم حاصل کرنے کے لئے باہر بھیجیں تو یہ بھی ہمارے لئے
مفید ہوگا اور اس طرح اپنی کوششوں سے ہم چند سالوں میں سوئی سے لے کر موٹر کاروں
تک سب چیزیں اپنے گھر میں تیار کر لیا کریں گے اور ان چیزوں کے لئے ہمیں دوسروں کا
دست نگر نہ ہونا پڑے گا۔ اسی سلسلہ میں میں آپ کی خدمت میں یہ التماس بھی کروں گی کہ
آپ سب سے پہلے ایک expert منگوائیں جو Mineral resources کی
survey کرے۔ Mineral resources تو بہت موجود ہیں۔ اس
کے متعلق میں خود بھی کچھ جانتی ہوں مگر یہاں اس کے ذکر کرنے کی ضرورت نہیں
اگر ہمارے young blood scientists کو اس کا موقع دیا جائے تو وہ آپ
کو یہ بتائیں گے کہ کن کن چیزوں سے ہم کیا کیا بنا سکتے ہیں چاہیئے کہ expert advice
لی جائے اور young blood کو یہ موقع دیا جائے تاکہ وہ بھی آپ کو بتا سکیں کہ
کس طرح وہ کام جو دوسرے ملکوں میں کامیاب طور پر ہو رہے ہیں اس صوبہ میں بھی کئے
جا سکتے ہیں۔ اور عام چیزوں سے کیا کیا کچھ بنایا جا سکتا ہے محترم صاحب صدر اب
finance کی طرف آتی ہوں۔ سب سے پہلے مجھے یہ عرض کرنا ہے کہ
ان تجاویز کو عملی جامہ پہنانے کے لئے ہمیں بہت روپے کی ضرورت ہے مثلاً Nation
Building Department کو لے لیجئے free compulsory education
کے لئے ہی ایک کروڑ بیس لاکھ recurring expenditure کی ضرورت ہے
اسی طرح دوسرے کاموں کے لئے بھی بے انتہا اخراجات کی ضرورت ہے۔ اب ہمیں ان
ضروریات کو پورا کرنے کے لئے کوئی صورت نکالنی ہوگی۔ میں اپنے بھائی وزیر مال کی خدمت
میں عرض کروں گی کہ اگر وہ ۱۹۴۵ء کی International Labour Conference کے
Director کی رپورٹ کا مطالعہ کریں تو انہیں واضح طور پر یہ نظر آئے گا کہ جب دنیا
پر financial crisis آیا اور دنیا کے اکثر ملکوں کے پاس روپیہ نہ رہا تو اس
وقت جاپان کی حکومت نے سب سے زیادہ کام کیا تھا۔ انہوں نے یہ کیا کہ عوام سے
روپیہ لیا۔ عوام کو کہا کہ روپیہ پڑا رہے تو کوئی فائدہ نہیں اس کو circulate کرنا
چاہیئے۔ اس طرح سے حکومت کو بھی فائدہ ہوگا اور تم کو بھی۔ اس طرح اگر یہاں کے لوگوں
سے روپیہ مانگا جائے تو مجھے یقین ہے کہ وہ کبھی بھی انکار نہیں کریں گے۔ اگر آپ اس غرض
کے لئے عورتوں سے روپیہ مانگیں گے تو وہ اپنے زیورات تک دینے کے لئے تیار ہو
جائیں گی انشاء اللہ تعالےٰ آپ اپنی قوم سے روپیہ مانگئے اور پھر اس روپیہ کو تعمیری
سرگرمیوں پر خرچ کیجئے۔ مثلاً بڑی بڑی نہروں کی ضرورت ہے۔ سکولوں کی ضرورت
ہے۔ ہسپتالوں کی ضرورت ہے۔ ان کو بنوائیے۔ اس کے ساتھ آپ کی آمدنی بھی زیادہ
ہوگی اور بیکاری میں کمی ہوگی۔ اس کے علاوہ آمدنی بڑھانے کے نئے نئے ذرائع تلاش
کیجئے۔ ابھی بہت سے ذرائع ایسے ہیں جو tap نہیں ہوئے۔ ان کو تلاش کیجئے اس

سے ہماری آمدنی بڑھ جائے گی۔ اس کے لئے دوسرے ممالک سے ماہرین کا مشورہ لیجئے۔ اب جناب والا میں سمجھتی ہوں کہ میں نے آپ کا بہت سا وقت لے لیا ہے کچھ اور تجویزیں بھی میرے ذہن میں ہیں جنہیں کسی دوسرے موقعے پر پیش کروں گی۔ اب میں اپنی تقریر اس دعا کے ساتھ ختم کرتی ہوں کہ خدا کرے کہ آئندہ ۲۰ سال میں ہمارا ملک اس بام ترقی کو پہنچ جائے جس کی میں آج خواب دیکھ رہی ہوں۔

Khan Abdus Sattar Khan Niazi (Mianwali North, Muhammadan, Rural):

خان عبدالستار خان نیازی:۔ محترم صدر ہم نے جس روز وزیر خزانہ کی تقریر سنی اس وقت میں نے تو یہ سمجھا تھا کہ بجائے اس کے کہ انہوں نے ہمارے سامنے ایک سٹریٹری ڈائجسٹ پیش کر دیا ہے (ہیر ہیر) اسے ایک ادبی شاہکار تو کہا جا سکتا ہے لیکن اس کے متعلق یہ کہنا کہ یہ دنیا کے آزاد ممالک میں سے آزاد پاکستان کے صوبہ مغربی پنجاب کا بجٹ ہو سکتا ہے درست نہیں ہے۔ اسے آزاد ممالک کے بجٹ سے دور کا واسطہ بھی نہیں مجھے یاد ہے کہ پچھلے سال مارچ کے مہینہ میں جب یہاں غدار وزارت نے بجٹ پیش کیا تھا۔

Mr. Speaker: Please do not use strong language.

خان عبدالستار خان نیازی:۔ جناب والا یہ حقیقت کا اظہار ہے اب میں اسے مرحوم وزارت کہوں گا۔ جب آپ کے سامنے اس مرحوم وزارت نے بجٹ پیش کیا تھا تو اس کے بجٹ پر آپ بڑی بحثیں کرتے تھے اور آپ کا ہر ممبر اس کے نقص بال بال کر پیش کرتا تھا لیکن آج جب اپنی حکومت کا بجٹ پیش ہو رہا ہے۔ تو آپ کو ساری تنقید اور دلائل بھول گئے۔ میرا تو یہ حال ہے کہ جب میں آپ کے بجٹ کا مطالعہ کرتا ہوں تو مجھے معلوم ہوتا ہے کہ اس بجٹ اور اس انجمانی وزارت کے بجٹ میں کوئی فرق نہیں ہے بجز اس کے کہ آپ کے بجٹ میں آپ کی نئی ضرورتیں پیدا ہو گئی ہیں۔ اور ان کے لئے آپ نے نئے ٹیکس لگا دیئے ہیں۔ آپ کا یہ بجٹ فرنگی حکومت کے گذشتہ فرسودہ بجٹ کی پوری نقل ہے اور اس میں اسلامی رنگ نام کو نہیں بنا بریں یہ بجٹ ان معنوں میں اینگلو محمڈن بجٹ ہے جیسا کہ ملک خضر حیات نے پیش کیا تھا۔ میں نے سارے بجٹ کا باریکی سے مطالعہ نہیں کیا اور نہ ہی میں اس وقت اس کی تفاصیل میں جانا چاہتا ہوں جیسا کہ مجھ سے پہلے دو اپوزیشن ممبر صاحبان نے تبصرہ کیا ہے۔ میں بجٹ کی ہر مد کے اور ہر ڈیپارٹمنٹ کے متعلق ہر حاصل تبصرہ نہیں کر سکتا اور نہ ہی کوئی تجویز پیش کر سکتا ہوں (ایک ممبر: کیونکہ آپ نے اسے پڑھا نہیں) نہیں پڑھا ہے۔ (ایک ممبر: غور سے پڑھا ہے) ہاں ہاں بڑے غور سے پڑھا ہے۔ میرا مطلب یہ ہے کہ میں ایسی تجاویز نہیں پیش کرنا چاہتا جیسی کہ ابھی ابھی آپ کے سامنے پیش ہوئی ہیں اس لئے میں مثل مشہور ہے Jack of all trade master of none

ہر مد اور ہر جزو پر بحث نہیں کروں گا اس وقت تک کوئی مضبوط اور معقول تجویز آپ کے سامنے پیش نہیں کی گئی۔ اور میں بھی یہ نہیں کرنا چاہتا کہ محض ایک داستان کے لئے پہلے ایک محکمہ پولیس کو لوں پھر محکمہ تعلیم کو لے لوں اور پھر پی۔ ڈبلیو ڈی کو زیر بحث لے آؤں اور ایسے سارے بجٹ کو زیر بحث لے آؤں جیسا کہ ابھی آپ کے سامنے کیا گیا ہے۔ مجھے افسوس کے ساتھ کہنا پڑتا ہے کہ ان تجاویز میں کوئی مضبوط اور معقول تجویز نہ تھی۔ اگر واقعی آپ کی کوئی تجویز معقول اور مضبوط تھی اور اگر آپ کی بے تابی واقعی قوم کے لئے تھی اور اگر آپ نے یہ ساری تجاویز بڑے اخلاص سے پیش کی ہیں تو آپ کو چاہیئے تھا کہ آپ وزیر خزانہ سے کچھ عرصہ پہلے مل کر انہیں پیش کرتے میں تو اس لئے پیش نہیں کر سکا اور شاید پیش بھی نہیں کر سکتا کیونکہ جن تصورات کی بنا پر میرے دوست وزیر فنانس نے یہ بجٹ پیش کیا ہے یہ وہی ہیں جو پہلے تھے۔ میں نے اس بجٹ پر ہر لحاظ سے غور کر کے دیکھا ہے کہ اس کی ہر مد (item) میں انگریزی نظام حکومت۔ انگریزوں کے تصورات تمدن و معیشت اور انگریزوں کی طرز فکر کے نقوش جھلکتے نظر آتے ہیں۔ اور باوجود تلاش کے یہ دیکھ نہیں سکا کہ آیا اس میں اللہ اور اللہ کے رسول کے دین کے متعلق بھی کچھ موجود ہے کہ نہیں۔ لیکن اس میں ایسی کوئی چیز نظر نہیں آتی۔ میں نہیں دیکھ سکا کہ کبھی اس میں خدائے بزرگ و برتر کے پاک نبی کی پاک شریعت اور پاک حکومت و بادشاہت کو قائم کرنے کے لئے بھی کوئی تجویز یا ضرورت پیدا کی گئی ہو۔ بلکہ اس میں وہی انگریزی نظام حکومت اور لعنتی پارلیمنٹری نظام کے اثرات ہیں کہ جن میں محض کلرک نوازی اور محکمہ سازی کر کے چند بابوؤں اور اینگلو محمڈن طبقہ کی جڑوں کو مضبوط کرنے کے لئے حکومت کی جا رہی ہے اس کے علاوہ اور کچھ بھی نہیں ہے۔ آپ اس پر اعتراض کریں گے کہ میں جو بات آپ کے سامنے پیش کرتا ہوں وہ عمل میں نہیں آ سکتی۔ اور نہ ہی یہ تصور سمجھ میں آ سکتا ہے۔ میں کہتا ہوں کہ یہ تصور اس قدر صاف واضح اور غیر مبہم ہے کہ بآسانی ذہن میں اتر سکتا ہے۔ لیکن کیا کیا جائے دانش حاضر کے زہریلے اثرات کا کہ موجودہ اینگلو محمڈن مسلمان اس کو عجیب و غریب کہتے ہیں۔ یہ تصور اس دماغ میں اتر سکتا ہے جب وہاں پر خدا کا خیال ہو اور خدا کا خیال بھی کبھی آ سکتا ہے جب ذہن صاف ہو۔ بقول حضرت علامہ اقبال ؎

بیاں میں نکتہ توحید آ تو سکتا ہے
تیرے دماغ میں بت خانہ ہو تو کیا کہئے

بات یہ ہے یہ سارا انگریزی تعلیم کا فساد مکلد نظر ہے میرے معزز دوست جانتے ہیں کہ جب انگریزی تمدن کے ڈنڈھورچی لارڈ ولیم بنٹنگ یہاں آئے تو لارڈ مکالے کا نظام تعلیم بھی یہاں لے آئے تو انہوں نے یہاں آ کر ایک ایسا نظام تعلیم رائج کیا جو سراسر کافرانہ خیالات و عقائد پر مشتمل تھا۔ اور یہاں بجائے اس کے کہ ہندوستانیوں کو شریک حکومت بنانے میں یہ نظام ممد و معاون ہوتا اس نظام نے اپنی صدیوں کی تہذیب و معاشرت کی بنیادیں متزلزل کر دیں اور مکمل طور پر ہمیں نئی تہذیب کا غلام بنا دیا۔ اس نظام نے ہمیں اسلام سے بیگانہ بنا دیا بلکہ اس نظام تعلیم نے تو آپ کے ذہنی ڈھانچے۔ آپ کے رجحان اور تصورات تک کو بدل ڈالا ہے۔ علامہ اقبال بجا فرماتے ہیں۔

مکتب کا جواں گرچہ زندہ نظر آتا ہے
مردہ ہے مانگ کے لایا ہے فرنگی سے نفس

موجودہ نظام تعلیم کے تراشیدہ بتانِ عصر حاضر جب قومی مسائل کا ادراک کرتے ہیں۔ تو بالکل دوغلی ذہنیت اور اینگلو محمڈن طریق سے بنا بریں آپ کے بجٹ میں جو چیزیں پیش کی سامنے آتی ہیں اور جو محکمے نئے بنائے جاتے ہیں ان میں سے کسی ایک میں بھی اسلامی تعلیم اور اسلامی روایات کو مدنظر نہیں رکھا جاتا۔ اور نہ ہی یہ کہا جا سکتا ہے کہ آپ کا بجٹ اخلاق اسلامی کا آئینہ دار ہے جب میں آپ کے سامنے ان تصورات کو پیش کرتا ہوں تو میں یہ بھی محسوس کرتا ہوں کہ حکومت کے بعض معتبر نائی اس کے متعلق یہ کہیں گے کہ دیکھئے جناب نیازی دیوانہ ہے بجٹ میں اسلام کو لے آیا ہے کیونکہ مسلمانوں کی واحد نمائندہ جماعت کو ہی تمام مصیبتوں کا حل بتایا ہے یہ معتبر نائی کہتے ہیں کہ کیا مسلم لیگ امرت دھارا ہے کہ ہر مسئلہ کو اس کے زاویۂ نگاہ سے دیکھا جائے میں بتانا چاہتا ہوں کہ وہ معتبر نائی اس بات کو بھول گئے ہیں کہ یہ مسلم لیگ کی ہی بے پناہ قوت تھی جس نے حکومت کے معتبر نائیوں کو آج حکومت کے ستون بنا دیا اور وہ وزارت کی مونچھ کا بال بن گئے یہ مسلم لیگ ہی تھی کہ جس نے ان لوگوں کو وزارت کی گدی پر بٹھا دیا جو زبان کھولنا اور قلم پکڑنا تک نہ جانتے تھے کیا آج مسلم لیگ میں قوت نہیں ہے؟ اور آج مسلم لیگ کی ضرورت نہیں ہے؟ اور اس کے لئے نئے محکمے نکالے جاتے ہیں جب ان کو کہا جائے کہ تمہاری قومی جماعت تمہارے نشر و اشاعت اور دیگر تبلیغی و تنظیمی امور کو بطرز احسن سرانجام دینے کے لئے تیار ہے تو یہ لوگ کیوں ناک بھوں چڑھاتے ہیں۔ اور یہ کہتے ہیں کہ مسلم لیگ کی اب کوئی ضرورت نہیں اور کہ مسلم لیگ کی سرکاری حیثیت اب ختم ہو گئی ہے۔ وزارت مل جانے کے بعد اب تو جمعداروں کی نمبرداروں کی، ذیلداروں کی سفید پوشوں کی اور آپ کے پبلسٹی افسروں کی ضرورت ہے اور مسلم لیگ کی کیا ضرورت رہ گئی ہے۔ اور اب وہ اس سے کیوں کام لیں وہ اسے نہیں چاہتے۔ جتنا روپیہ آپ پبلسٹی افسروں پر خرچ کر رہے ہیں۔ اگر وہ آپ مسلم لیگ کی مقامی لیگ کمیٹیوں پر کریں اور ان کی جائز مدد کر کے اور ان کے تعاون سے کام کریں تو آپ کا کام کتنا بہتر طریق پر ہو سکتا ہے اس طرح سے آپ کو صرف ایک مرکزی محکمہ نشر و اشاعت کی ضرورت ہو گی جو پہلے بھی تھا۔ اس مرکزی دفتر کی امداد مسلم لیگ کی اضلاعی اور شہری شاخیں کریں گی۔ کیا آپ کو معلوم کہ آخر یہ مسلم لیگ ہی کی قوت تھی کہ جس نے آپ کو قعر مذلت سے اٹھا کر بام ترقی تک پہنچا دیا ہے۔ پبلسٹی ڈیپارٹمنٹ کے متعلق میں اپنے خیالات واضح طور پر ابھی آپ کے سامنے رکھونگا۔ لیکن قبل اس کے کہ میں آپ کے سامنے رکھوں میں اُن چند باتوں کا جو محترمہ بیگم شاہنواز صاحبہ نے ابھی ابھی ارشاد فرمائی تھی جواب دینا ضروری سمجھتا ہوں۔ انہوں نے یہ فرمایا کہ عورتیں بھی رائے دے سکتی ہیں۔ شائد اُن کو یہ غلط فہمی ہے کہ میں اُن کی رائے کو وقعت نہیں دیتا۔ انہوں نے میری کل کی تقریر کو نہیں سمجھا میں نے کل جو حدیث پڑھی تھی اس میں رائے کا ذکر نہ تھا امور سلطنت میں دخیل ہونے کا ذکر تھا۔ باقی رہا رائے رکھنے کا سوال اور مشورہ دینے کی بات تو کس احمق نے کہا ہے کہ عورتیں رائے نہیں دے سکتیں۔ آپ رائے دے سکتی ہیں اور آپ کی رائے سے

ہم استفادہ کریں گے۔ پھر اسی سلسلہ میں آج یہاں پر ایوان میں میں نے ایک اور بات سنی تھی جو محترمہ بیگم تصدق حسین صاحبہ نے بیان کی تھی۔ انہوں نے یہ فرمایا تھا کہ ہم اپنے حقوق کے لئے لڑیں گی۔ اسلام کی سارے تاریخ پڑھ جایئے اس میں کہیں بھی آپ کو اس نوع کی کلاس وار نظر نہیں آئے گی اور نہ ہی آپ کو اس قسم کی کوئی مثال نہیں ملے گی جہاں عورتوں نے اپنے حقوق کے لئے جنگ کی ہو۔ آپ کے خدا نے آپ کے لئے حصہ مقرر کر دیا ہے۔ واضح حق مقرر کر دیا ہے۔ آج اگرچہ پاکستان بنا ہے تو کیا آپ پاکستان میں کلاس وار کو کھڑا کرنا چاہتی ہیں؟ آپ کو انشاء اللہ اس کی ضرورت بھی نہیں پڑے گی۔ ہم سب یہاں اس لئے جمع ہیں کہ ملت کے اجتماعی مسائل کا حل سوچیں مسئلہ نسواں ہم سے جدا نہیں ہے۔ یہ تو ہماری قومی زندگی کا بنیادی مسئلہ ہے۔ اور اس کی بابت کسی کو بھی اختلاف نہیں ہم پاکستان میں اب اس قسم کی لڑائی کو نہیں کھڑا کرنا چاہتے جو کلاس وار ہو۔ چاہے یہ حقوق نسواں کے لئے ہو چاہے امیر و غریب کے درمیان ہو۔ ہماری جنگ تو صرف حق کے دشمنوں اور دین کے منکروں سے ہے ہم دہریت کے تمام تصورات کو رد کرتے ہیں اور ان کی بجائے اسلامی اقرار و تصورات کو رواج دیتے ہیں۔ ہم قوم کا رخ ماسکو (دارالخلافہ روس) کی بجائے Mosque یعنی مسجد کی جانب پھیرنا چاہتے ہیں۔ ہمارے سامنے اللہ کے رسولؐ نے نہایت ہی ارفع اور اعلیٰ ترین تصورات زندگی پیش کئے ہیں کہ اگر ہمارے دوست چاہتے اور یقینی طور پر یہ ان کا فرض تھا کہ وہ یہ چاہتے تو ان کے پیش نظر وہ اپنے لئے اور اپنی قوم کے لئے نہایت اعلیٰ اقتصادی پروگرام پیش کر سکتے تھے۔ لیکن معاف کیجئے آپ ان تصورات کو کیسے پیش کر سکتے تھے آپ تو مغرب کی چھوڑی ہوئی ہڈیوں کو دیکھ کر ان پر حریص کتوں کی طرح لپکنے کے عادی ہو چکے ہیں۔ (ملک فیروز خاں نون۔ یہ غیر پارلیمنٹری الفاظ ہیں) میں انہیں واپس لیتا ہوں۔ حریص اور خود غرض انسانوں کی طرح لپک کر پڑنے والے کہتا ہوں میں یہ چیز کلیتہً آپ کے اور اس ایوان کے سامنے پیش کر کے اس کے متعلق مستحکم اور صحیح تصفیہ چاہتا ہوں کہ اگر آپ اپنے آپ کو فرنگی کی مشینری میں فٹ نہیں کر سکتے تو اس کو چھوڑ دیں۔ فرنگی کی مشینری تو آپ کو کہیں کا نہیں چھوڑے گی۔ اور آپ کا وہی حال ہوگا جو کہ ہندوستانی مسلمانوں کا ہوا۔ ولیم ہنٹر اپنی کتاب Indian Mussalmans میں لکھتا ہے کہ ہندوستان میں لارڈ میکالے کے نظام تعلیم کے اجراء کے بعد وہ مسلمان جو کہ ایک آتشیں اور زبردست شریعت کے حامل تھے۔ بے یار و مددگار ہو کے رہ گئے اور ہندوستان دارالحرب بن کر رہ گیا۔ بلکہ یہاں کے ہندوستانی ایک ایسی قوم میں بدل گئے جس کا جسم تو ہندوستانی تھا لیکن ان میں روح فرنگی کی کام کر رہی تھی۔

اس حوالہ سے میرا مقصد صرف یہ ہے کہ فرنگی نظام تعلیم نے ہمیں اپنی تاریخ، اپنی روایات اور اپنے کلچرل سرمایہ سے بالکل بیگانہ بنا دیا۔ اور یہی وجہ ہے کہ آج کا مسلمان قوت تخلیق سے عاری ہو کر ہر بات میں مغرب کی نقالی کر رہا ہے ہمارے رہنماؤں کے عقیم اور بانجھ ذہن تعمیر ملت اور استحکام سلطنت کے لئے نئی منصوبہ بندی کی بجائے اس وقت مسئلہ مہاجرین میں الجھ کر رہ گئے ہیں۔ اور افسوس ہے کہ اس مسئلہ کا حل بھی انہوں

نے کوئی تلاش نہیں کیا۔ نہ کوئی پلان ہے اور نہ ہی کوئی سکیم۔

ہاں تو میں یہ کہہ رہا تھا کہ اگر ہمارے وزیر خزانہ بجٹ تیار کرتے وقت اسلامی فکر کو سامنے رکھتے تو مسلم لیگ اور پبلسٹی ڈیپارٹمنٹ کے بعد اور ردعمل کو قطعاً قبول نہ کرتے۔

اصل بات یہ ہے کہ جو کام نیک ارادے اور خلوص سے شروع کیا جائے اُس کا انجام بھی درست ہوتا ہے۔ لیکن ہماری حکومت کوئی کام بھی خلوص اور نیک ارادے سے شروع نہیں کرتی۔ میں نے پبلسٹی کے افسران پر اخراجات کو مفصل دیکھا ہے۔ یہ کوئی ایسی چیز نہ تھی جس پر یہاں بحث کی جاتی ذاتی طور پر اس محکمہ میں نہ تقرریوں سے اور نہ ہی اس کے دفتر سے مجھے کوئی دلچسپی تھی۔ مجھے کیا کہ۔ گاؤ آمد و خر رفت۔ ہماری بلا سے خواہ کوئی پبلسٹی افسر مقرر ہو۔ لیکن جب ہم نے آپ کو وزارت کی کرسیوں پر بٹھایا ہے تو کم از کم ہم سے مشورہ تو لیا جاتا کہ اس کام کے لئے کیا مشینری بنانی چاہیئے اور کس طرح اپنی پالیسی کی نشر و اشاعت کا اہتمام ہوگا۔ جب مسلم لیگ کی بدولت آپ برسر اقتدار ہیں تو اُسے نظر انداز کیوں کیا جا رہا ہے۔ اب کوئی معتبر نائی کہیگا کہ نیازی کے خیال میں مسلم لیگ کوئی امرت دھارا ہے۔ میں حکومت کے معتبر نائیوں کو بتا دینا چاہتا ہوں کہ یہ لوگ جو بالکل گونگے تھے اور انہیں قلم پکڑنے کا شعور نہ تھا آج ان کرسیوں پر مسلم لیگ کی بدولت ہی متمکن ہیں۔ اور مسلم لیگ ہی کی وجہ سے اُن کی سرکاری حیثیت بنی ہے۔ اب مسلم لیگ کو عضو معطل بنا کر نت نئی محکمہ سازی اور کلرک نوازی کہاں تک جائز ہے۔ ہمیں مسلم لیگ کو ہی اپنی بنیادی ٹیک سمجھنا چاہیئے۔ اصل بات تو یہ ہے مسلمانوں کی پبلسٹی ان کے اعمال کے ذریعہ ہونی چاہیئے۔ نہ کہ پبلسٹی کے ڈراموں اور نئی پارٹیوں کے مروجہ نظام سے۔ ایک مسلمان کی پبلسٹی تو مسلمان کے ایک ہاتھ میں قرآن اور دوسرے ہاتھ میں خود حفاظتی کی تلوار ہونی چاہیئے تھی۔ وہ جہاں جاتے ان کے اعمال اُن کی پبلسٹی ہوتے۔ اس کی پبلسٹی ہونی چاہیئے ایک برسر اقتدار گروہ کی ذاتی اغراض اور آئندہ کے منصوبوں کی ہمیشہ انگریز کی چھوڑی ہوئی ہڈیوں کو نہیں چبانا چاہیئے۔ بلکہ ہمارا اپنا نظام موجود ہے اس پر عمل کرنا چاہیئے ہمارا نظام بتاتا ہے کہ مومن کا تصور آفاقی ہے تسخیر عالم کا جذبہ اُس کی سرشت میں داخل ہے وہ تو دنیا کے کسی خطہ میں سر چھپانے کو جھونپڑا کے طور کچھ ٹکڑا زمین لے بیٹھتا ہے اور وہاں پر اپنی خودی کو مرتکز کر کے چار دانگ عالم پر اپنی تسخیری قوتوں کو غالب کرتا ہے۔ ہم اس تصور کو سامنے رکھتے ہوئے ہندوستان کی اس ملکی تقسیم پر قانع نہیں ہو گئے بلکہ ہمارا پروگرام تو تسخیر عالم کا پروگرام ہے۔ ہم صرف ایک قوم نہیں ہیں بلکہ ایک امت ہیں جو خود ایک الگ نظام رکھتی ہے جس کے عناصر ترکیبی میں ہی اس کا آئین موجود ہے ہمیں اس نظام پر عمل پیرا ہونا ہے لیکن افسوس ہماری سیاست ابھی تک وہی فرنگیانہ انداز ہے یہاں سامراجی فکر و نظر ہے جو ہماری ملی تعمیر میں رخنہ اندازی کر کے ہمیں اپنے مقصود سے دور پھینک رہا ہے ہمیں فرنگی کے ملعون مردود۔ خبیث اور ناپاک نظام کا قطعی استیصال کرنا ہے اور اس کی تخریب پر اپنی تعمیر کرنا ہے۔

صاحب سپیکر ۔ آپ اپنی تقریر میں ثقیل اور بوجھل الفاظ کی بجائے نرم الفاظ سے

کام لے سکتے ہیں۔

خان عبدالستار خاں نیازی مجھے غیر اسلامی تصور سے اس قدر نفرت ہے کہ یہ الفاظ از خود زبان سے نکل گئے۔ جناب والا اگر ان اینگلو محمڈن ارکان کے سامنے کوئی تجویز پیش کی جائے تو کہا جاتا ہے کہ اسے آئین ساز اسمبلی میں پیش کیجئے یا قائداعظم کے ہاں پیش کیجئے۔ بلاشبہ قائداعظم ہمارے محسن ہیں اور انہوں نے ایک سو سال کے بعد پھر ہمیں ہندوستان کے نقشے پر جگہ دلا دی ہے لیکن ہمارے عقیدہ و نظر کے مسائل ایسے ہیں جنہیں ہم خود سلجھا سکتے ہیں۔ حلال و حرام کی تمیز ہم خود کر سکتے ہیں ہمیں قرآن نے ان امور کی بابت واضح احکامات دے دیئے ہیں ہم حدود اسلامی میں کسی کی انتظار نہیں کرنا چاہتے۔ محکمہ آبکاری کو لیجئے۔ اسلامی تصور کو سامنے رکھیں تو ہمیں اس محکمہ کی کوئی ضرورت ہی نہیں پڑتی۔ شراب پینا اور پلانا دونوں حرام ہیں۔ اور اس کے لئے محکمہ کی کوئی ضرورت نہیں ہے اسے سرے سے اڑا دینا چاہئے۔ بلکہ اس کی جگہ ایک محکمہ احتساب ہونا چاہیئے جو شرعی قوانین کی خلاف ورزی کرنے والوں کو سزا دے سکے۔ ایسے مولوی سب انسپکٹروں کی ضرورت نہیں ہے جنہیں انسپکٹر جنرل پولیس بھرتی کر رہا ہے۔ بلکہ ہمیں تو ایسے مولوی چاہیئں جو تعزیر کرنے پر انسپکٹر جنرل پولیس کو بھی ڈرے لگا سکیں۔ ہمارا عدالتی اور انتظامی نظام ایک دوسرے سے جدا ہے۔ ایک دفعہ فاروق اعظم حضرت شریحؓ کی عدالت میں مدعا علیہ کی حیثیت سے پیش ہوئے۔ حضرت شریحؓ تعظیماً کھڑے ہو گئے۔ تو آپ نے فرمایا کہ یہ انصاف کے سراسر منافی ہیں۔ عدالت میں مدعا علیہ اور مدعی دونوں برابر ہیں ان کے ساتھ ایک سا سلوک ہونا چاہیئے یہ ہیں ہماری روایات۔ ہمارے ہاں عدالت نے ہی ہمیشہ نظامت کی گردن خم کی ہے اور اسے صحیح طریق پر چلایا ہے۔ افسوس کہ ہم نے اپنی روایات پارینہ کو ترک کر دیا۔ ولولہ جہاد فی سبیل اللہ دوبارہ پیدا کرنے کی ضرورت ہے خاص طور پر مغربی پنجاب میں اس چیز کی کمی ہے۔ اللہ تعالےٰ نے آپ کو وہ خطہ دیا ہے جہاں پر آپ کو مجاہدین کی لاتعداد جمعیت مل سکتی ہے۔ اسی پنجاب کے بل بوتے پر تو انگریز نے ۱۸۵۷ء کے انقلاب کو دبایا تھا۔ پہلی جنگ عظیم فتح کی تھی اور دوسری جنگ عظیم میں اٹلی و جرمنی کو شکست فاش دی ہے۔ لیکن آج اس کے بجٹ میں ۵ کروڑ روپے کا خسارہ دکھایا جا رہا ہے۔ یہ کس کا قصور ہے؟ سارا قصور رہنماؤں کا ہے۔ ساری خداوندان اقتدار کی بے تدبیری اور غیر مستقل مزاجی کا سبب ہے۔ لیکن کیا ہو سکتا ہے۔ افسوس آج ہمیں ضرورت تھی محمد بن قاسم کی۔ لیکن مل کون گئے محمد شاہ رنگیلے۔ ہمیں ضرورت تھی احمد شاہ ابدالی جیسے مجاہدین کی اور ہماری قسمت کے مالک کون بن گئے؟ واجد علی شاہ۔

ملک محمد فیروز خاں نون آنریبل ممبر غیر پارلیمنٹری زبان استعمال کر رہے ہیں انہوں نے وزراء پر حملہ کیا ہے۔

خان عبدالستار خاں نیازی محمد شاہ رنگیلا تو بادشاہ تھا ہمارے وزراء کس

شمار قطار میں ہیں۔ وہ ان سے بہتر تھا۔ ہمیں اسوقت جہاد جفاکشی۔ محنت اور اخلاص کی ضرورت ہے۔ اور اگر اس وقت ہم نے ان صفات مومنانہ اور مجاہدانہ کو اپنا لیا تو ہماری سلطنت جہانگیر ہوگی اور ہم بفضل تعالےٰ خدا کے باغیوں سے اُس کی پاک زمین واپس لے کر دم لیں گے۔ اللہ تعالےٰ کا ارشاد ہے۔

اَلَّذِیْنَ جَاهَدُوْا فِیْنَا لَنَهْدِیَنَّهُمْ سُبُلَنَا (القرآن)

(جو ہمارے راستے میں جہاد کرتے ہیں ہم اُن کے لئے راہیں کھول دیتے ہیں)

آپ بھی جہاد فی سبیل اللہ کے لئے قدم اٹھائیں گے تو فتح و نصرت آپ کے قدم چومیگی۔ آج بھی اگر ہم اپنے اندر یہ خصوصیتیں پیدا کر لیں تو ہماری مشکلات حل ہو سکتی ہیں لیکن کیا کیا جائے ہم تو اس وقت کنبہ پروری اور اقربا نوازی میں لگے ہوئے جو لوگ پبلسٹی افسر مقرر ہوئے یا جو ڈائریکٹر صاحبان ہیں اُن پر بے اندازہ خرچ ہو رہا ہے اور سراسر فضول میں نے پبلسٹی کے محکمہ کے اخراجات میں دیکھا ہے کہ افسران کی تنخواہ کے سامنے ادا شدہ لکھا ہوا ہے مشترکہ تنخواہیں دی ہوئی ہیں لیکن علیحدہ علیحدہ نہیں دکھائی گئی ہیں۔ حالانکہ فرنگی کے زمانہ میں ہر ملازم کی تنخواہ الگ الگ دکھائی جاتی تھی۔ اب ان افسران کی تعلیمی قابلیت اور جو ہر ذاتی کا حال سنیئے۔ ان میں اکثر تو میٹرک فیل ہیں اکثر ایسے ہیں کہ جن کا نام پہلی بار سننے میں آیا ہے۔ انہوں نے مسلم لیگ کی کیا خدمات سرانجام دی ہیں۔ مجھے قلق ہوتا ہے کہ ہمارے وزراء بھی انہی گندے طریقوں پر چل رہے ہیں جو یونینسٹ وزارت کے طریقے تھے۔ جنہیں اس قدر بلند عہدوں پر فائز کر دیا گیا ہے وہ اس کے اہل نہیں یہ ہرگز اس قابل نہیں ہیں کہ انہیں اس قدر ذمہ دار عہدوں پر فائز کیا جائے۔ لیکن معیار انتخابات قابلیت کوئی مقرر نہیں بلکہ وزارتی کوٹھیوں کا طواف ہے۔ اگر خواہ مخواہ اپنی وزارت کی جڑیں مضبوط کرنے کے لئے ایسے طائفے کی ضرورت بھی تھی تو ان کا تقرر ملازمت کے متعارف اور مروجہ اصول طریق پر ہوتا اور ان افسران کے انتخاب کا معاملہ پبلک سروس کمیشن کے سپرد کیا جاتا باقاعدہ انٹرویو ہوتے جو موزوں ہوتا اُسے تعینات کیا جاتا۔ لیکن یہاں یہ ہوا ہے کہ جو زیادہ خوشامدی اور چاپلوس تھا اُسے بڑا عہدہ دیا گیا ہے۔ اور اس طرح سے عنصر کی طرح وزارتی بھانڈوں کا ایک گروہ مقرر کیا گیا ہے جو قوم کے روپیہ سے چل رہا ہے لیکن کون کون کے گائے گا وزارت کے

صاحب سپیکر براہ مہربانی اتنے سخت الفاظ استعمال نہ کیجئے بلکہ نرم الفاظ سے کام لیجئے جو زیادہ موثر ہوتے ہیں

خان عبدالستار خان نیازی جناب والا! میں نے تو صرف افسران کے فرائض منصبہ کا ذکر کیا ہے۔ ان کی قابلیت تو وزیر متعلقہ کی ذاتی پسند ہے۔ لیکن یہاں قابلیت کو کون پوچھتا ہے۔ یہاں بھی انگریز کی طرح خوشامد ہی کی قدر کی جاتی ہے۔ وہی فرنگیانہ انداز اور وہی فکر و نظر ہے۔ فرنگی کی چھوڑی ہوئی ہڈیوں کو چبایا جا رہا ہے کیا اس طرح سے ہماری وزارت پبلسٹی کو مضبوط بنا رہی ہے؟ جب اس کی بنیاد ہی خود غرضی پر ہے اور جب اس محکمہ کی تخلیق

ہی مفت خوروں کو قومی بیت المال سے پالنا ہے تو ہماری وزارت نے امانت اور دیانت میں کون سا نمونہ پیش کیا ہے

اگر آپ پاکستان کو ایک اسلامی سلطنت اور مرکز رشد و ہدایت بنانا چاہتے ہیں تو آپ کو اس امر کا احساس کر لینا چاہیئے کہ آپ کو فرنگی نظام کے تمام نقش و نگار ختم کرنا ہوں گے۔ اور اسے مٹا کر اپنے معتقدات کی روشنی میں اور اپنے نظریات کی متابعت میں اپنا الگ نظام حکومت پیش کرنا ہوگا۔ آپ کو اپنا نظام خود بنانا ہے۔ اپنا قانون بنانا ہے۔ اپنا آئین بنانا ہے۔ آپ اپنی ذمہ داری آئین ساز اسمبلی پر ڈال کر اس سے سبکدوش نہیں ہو سکتے۔ آنریبل وزیر تعلیم کو معلوم ہونا چاہیئے کہ ہماری آئندہ ترقی کے لئے ضروری ہے کہ تاریخ کو از سر نو مرتب کیا جائے۔ اب تک فرنگی اسے اپنے ناپاک مقاصد کے لئے استعمال کرتا رہا ہے۔ اب ضرورت ہے کہ اس کی از سر نو تدوین ہو۔ علاوہ ازیں ایک محکمہ مقرر کیا جانا چاہیئے جو ہمیں اپنے لئے دینی نظام اختیار کرنے کے بارہ میں غور و خوض کر کے مشورہ دے سکے۔ جو ہمارے سیاسی نظام میں ایسی تبدیلیاں پیدا کرنے کے بارے میں سوچے جو ہمیں اسلام سے زیادہ قریب لائیں۔ ضرورت تھی کہ اس وقت تک محکمہ تعلیم کی طرف سے اسلامی ریسرچ کے لئے کوئی چیئر مقرر کر دی گئی ہوتی۔ اگر ایسے کاموں کے لئے ۵ کروڑ کی بجائے بجٹ میں دس کروڑ کا بھی خسارہ دکھایا جاتا تو ہم اسے خوشی سے قبول کرتے۔ اگر اس کے لئے ہمیں اور ٹیکس بھی دینا پڑتے تو ہمیں قطعاً کوئی عذر نہ ہوتا۔ انہیں معلوم ہونا چاہیئے کہ ہماری مذہبی تعلیم دنیوی تعلیم سے جدا نہیں ہے ہم ان دونوں کو الگ الگ نہیں کر سکتے۔ ہمارے نزدیک مذہب اور سیاست ایک ہی چیز ہیں۔ ہمارا سیاسی راہنما وہی ہے جو ہمارا مذہبی راہنما بھی ہو۔ ہٹلر اور فاروق اعظم یا حیدر کرار کی خودی میں یہ فرق ہے کہ ہٹلر خدا کے قانون کا پابند نہیں مگر فاروق اعظم اور حیدر کرار آئین خداوندی یعنی شریعت کے پابند ہیں۔ اور اسی لئے اول الذکر کافر ہے اور موخر الذکر حضرات مومن بلکہ مومنوں کے سردار ہیں۔ اس وقت آپ کی اپنی حکومت ہے آپ کو اختیار حاصل ہے کہ جو قانون چاہیں بنا سکیں آپ کو اللہ تعالےٰ کا ارشاد سامنے رکھنا چاہیئے اللہ تعالےٰ نے فرمایا ہے۔

وَعَدَ اللّٰهُ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا مِنْكُمْ وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ لَيَسْتَخْلِفَنَّهُمْ فِي الْاَرْضِ كَمَا اسْتَخْلَفَ الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ وَلَيُمَكِّنَنَّ لَهُمْ دِيْنَهُمُ الَّذِي ارْتَضٰى لَهُمْ وَلَيُبَدِّلَنَّهُمْ مِّنْ بَعْدِ خَوْفِهِمْ اَمْنًا يَعْبُدُوْنَنِيْ وَلَا يُشْرِكُوْنَ بِيْ شَيْئًا۔ (القرآن) (اللہ تعالےٰ نے ان لوگوں کے ساتھ کہ جو ایمان لائے اور اعمال صالحہ کئے وعدہ کیا ہے کہ انہیں زمین پر سلطنت اور حکمرانی عطا کرے گا جس طرح کہ ان سے پہلے ایمان دار اور نیکو کاروں کو حکومت و سلطنت عطا کی تھی اور یہ بھی وعدہ کیا ہے کہ ان کے لئے ان کے دین کو مضبوط و محکم بنا دے۔ اس دین کو جو کہ ان کے پسندیدہ ہے۔ ان کے خوف کو امن و امان سے بدل دے۔ یہ لوگ مجھے اپنا حاکم اور بادشاہ مان کر میری عبادت کریں اور میرے اقتدار و اختیار میں کسی دوسرے کو شریک نہ کریں گے) اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں کہ ہم تمہیں خلافت اور سلطنت دیں گے۔ مگر شرط یہ ہے کہ ہمارے بنائے ہوئے

قوانین کی پابندی کرو۔ ہمارے نظام کو نافذ کرو۔ باطل سے کنارہ کشی اختیار کرو۔ میرے بندے بنے رہو۔ بلا چون وچرا میرے حکم کو مانو۔ صرف میری شریعت کی پیروی کرو۔ امریکہ کا قانون نہیں۔ جرمنی کا قانون نہیں۔ انگریز کا قانون نہیں۔ صرف اسلامی قانون اور صرف اسلامی شریعت اور اس کی پوری پوری متابعت۔ یہ نہیں کہ پچاس فیصدی مسلمان اور پچاس فیصدی کچھ اور۔ کچھ چیزیں اسلامی شریعت سے لے لیں اور کچھ کافرانہ نظاموں سے۔ اللہ تعالیٰ نے فرمایا ہے۔

يَاأَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا ادْخُلُوا فِي السِّلْمِ كَافَّةً وَلَا تَتَّبِعُوا خُطُوَاتِ الشَّيْطَانِ ۝ (القرآن) (ترجمہ۔ اے ایمان دارو اسلام میں پورے طور پر داخل ہو جاؤ اور شیطانی اعمال کی اتباع نہ کرو) ۔

میں آنریبل وزیر تعلیم سے درخواست کرتا ہوں کہ وہ ادھر توجہ فرمائیں۔ اگر ہماری حکومت نے اسلامی ریسرچ کے لئے کوئی ادارہ قائم کیا ہوتا کوئی ایسا ادارہ قائم کیا ہوتا جو اسلامی تمدن کے سلسلہ میں یا ہمارے نظام سیاسی کے بارے میں کچھ کام کرتا تو میں آج اسے مبارک باد پیش کرتا۔ مگر اب میرے لئے انہیں مبارک باد پیش کرنا مشکل ہے۔

میں آنریبل وزیر تعلیم کے سامنے تین چیزیں پیش کرتا ہوں جو بہت ضروری ہیں اور کوئی کام کرنے کے لئے ان پر عمل درآمد کرنا لازمی ہے۔ سب سے پہلے تعلیم پھر صحت اور تیسرے حربی تربیت۔ میں ان سے تیسری چیز کو بہت ضروری سمجھتا ہوں۔ اور مجھے امید ہے کہ وہ اپنے آئندہ بجٹ میں جو ہمارا مستقل بجٹ ہوگا۔ ان چیزوں کو ضرور سامنے رکھیں گے اور ایسی تجاویز لائیں گے جن کا اثر صوبہ کے دور دراز کونوں میں بھی پہنچے۔ ہمیں پڑھے لکھے لوگوں نے اگر ووٹ دیئے تھے تو صرف اس لئے کہ انہیں امید تھی کہ ہم برسر اقتدار آنے کے بعد ملک میں ایسی تبدیلیاں لائیں گے جو ملک کو اسلامی رنگ میں رنگ دیں گی۔ مگر مجھے افسوس سے کہنا پڑتا ہے کہ ابھی تک اس قسم کے کوئی آثار نظر نہیں آ رہے۔ تعلیم اور صحت کا مسئلہ بھی بے حد اہم ہے لیکن ہماری قوم کے نوجوانوں کی تعلیم کا حال ناگفتہ بہ ہے بہت سے نوجوان طلبا ایسے ہیں جن کی رہائش کا کوئی خاطر خواہ انتظام نہیں۔ جن کی خوراک کا کوئی خاطر خواہ انتظام نہیں۔ ایک ایک کمرے میں پانچ پانچ نوجوان گھسے ہوئے ہیں اور کمرے بھی ایسے جو غسل خانوں سے بدتر ہیں۔ اور جن کی صفائی کا بھی کوئی انتظام نہیں غسل خانوں اور بیت الخلاؤں کا حال ناقابل بیان ہے یہ نوجوان امتاع قوم ہیں۔ ہماری آئندہ کی امیدیں ان پر ہی ہیں۔ ہمیں ان کی تربیت کرنا ہے نہ کہ انہیں اس طرح ضائع کرنا۔ امید ہے کہ حکومت آئندہ کے لئے صحت اور حربی تربیت کے علاوہ ہماری تعلیم کے بارے میں ایسی تجاویز کو سامنے رکھے گی جو خدا اور خدا کے رسولؐ کے منشاء کے مطابق ہوں۔ تعلیم کے سلسلہ میں ایک دلچسپ مدا اینگلو انڈین تعلیم کی مد ہے۔ اب تو ہم ہندوستان سے بھی الگ ہو چکے ہیں اور انگریز سے بھی چھٹکارا حاصل کر چکے ہیں اب تو ایسی چیزیں نہیں رہنی چاہئیں۔

باطل دوئی پسند ہے حق لاشریک ہے
شرکت میانۂ حق و باطل نہ کر قبول

خدا علامہ اقبال کو غریق رحمت کرے کیا بات فرما گئے ہیں۔ مومن اگر مومن ہے تو اس کا باطل کے ساتھ کوئی تعلق نہیں۔ اینگلو کا محمڈن سے کیا ربط ہو سکتا ہے (ایک آواز یہ مد اینگلو

انڈین ہے) پھر اس سے بھی بدتر ہے کیونکہ دو باطل ایک جگہ جمع ہو جائیں تو خبیث ثابت بن جاتے ہیں۔ (قہقہہ)

جناب والا! اب میں جیلوں کے بارے میں کچھ کہنا چاہتا ہوں محترمہ بیگم صاحبہ مجھ سے پہلے حکومت کی توجہ اس کی طرف منعطف کرا چکی ہیں ہمیں اپنی آزادی کی جدوجہد میں کچھ عرصہ کے لئے جیلوں میں جانے کا موقع ملا تھا۔ اور ہم وہاں کی حالت اپنی آنکھوں سے دیکھ چکے ہیں ہم دیکھ چکے ہیں کہ قیدیوں سے چارپایوں سے بدتر سلوک ہوتا ہے۔ ان کی خوراک کا تسلی بخش انتظام نہیں۔ جیل کے اندر جو کوئی جاتا ہے اسے وہاں کے ملازمین اور افسران بے رحم اور خطرناک درندوں کی طرح دبوچ لیتے ہیں۔ ہمیں اب اپنے ان ہم صفیران قفس کو بھول نہیں جانا چاہیئے۔ اب جبکہ ہمیں اقتدار حاصل ہو چکا ہے ہمیں سب سے پہلا یہ کام کرنا چاہیئے کہ ان جیل خانوں کو اصلاح خانوں میں تبدیل کر دیں۔ تاکہ قیدی وہاں کچھ سال قید کاٹنے کے بعد وہاں سے اصلاح یافتہ ہو کر نکلیں۔ اب انگریز کی حکومت نہیں۔ اب قومی حکومت ہے۔ ہماری اپنی حکومت ہے اور اس کی کوشش ہونی چاہیئے کہ یہاں کے تمام انسانوں سے بہتر سلوک کیا جائے۔ ضرورت ہے کہ فرنگی کے بنائے ہوئے منحوس قوانین کے مسموم اثرات سے اس ملک کو جلد از جلد پاک صاف کیا جائے۔

افرنگ زخود بے خبرت کرد وگرنہ
اے بندۂ مومن تو بشیری تو نذیری

تجھے فرنگی نے اپنے آپ سے بے خبر کر دیا ہے۔ ورنہ تو دنیا کو بشارتیں سنانے والا اور ڈرانے والا ہے۔

اے اسیر رنگ پاک از رنگ شو
مومن خود کافر افرنگ شو

آپ کا یہ فرض ہے کہ آپ فرنگی تصورات سے خواہ وہ کسی نوع کے بھی ہوں انکار کر دیں اور اسلامی تصورات کو اپنائیں۔ ان سے وابستہ ہوں اور انہیں عملی صورت میں لانے کی کوشش کریں۔ جناب والا! مجھے ان تمام تکلیفوں اور دقتوں کا احساس ہے جو ان تمام چیزوں پر عمل پیرا ہونے کے راستے میں حائل ہیں۔ میں یہ بھی جانتا ہوں کہ یہ تبدیلیاں ایک دن میں نہیں لائی جا سکتیں۔ مگر ہمارے وزراء اپنے لئے یہ راستہ تو مقرر کریں۔ اپنی منزل مقصود تو ان تبدیلیوں کو قرار دیں۔ مگر یہاں تو صورت ہی دوسری ہے۔

قسم کہ بکعبہ نہ رسی اے اعرابی
ایں رہ کہ تو می روی بہ انگلستان است

وہ ایسا راستہ متعین کریں جس سے معلوم ہو کہ وہ اس طرف جا رہے ہیں۔ اگر ایسا ہو جائے تو ہم صبر و تحمل سے انتظار کر سکتے ہیں۔ ہم انہیں وقت اور مہلت دے سکتے ہیں۔ اور اس صورت میں ہم ان کی پوری پوری تائید اور حمایت کریں گے۔ ہمیں اپنے وزیر صاحبان سے کوئی حسد نہیں کوئی رقابت نہیں۔ وہ ہمارے بھائی ہیں۔ وہ ہمارے سردار ہیں اور ہم میں سردار وہی ہے جو قوم کا سب سے زیادہ خادم ہو۔

اس وقت میں یہ کہنا چاہتا ہوں کہ میرے بعض معزز دوستوں نے یہ تجویز پیش کی ہے اور جیسا کہ میاں محمد نور اللہ صاحب نے فرمایا ہے۔ کہ ہمیں اسلامی روایات کے مطابق عمل پیرا ہونا چاہیئے۔ اور اسلامی قانون نافذ کرنا چاہیئے۔ آج انسان کی قدر پیسے سے کی جاتی ہے۔ یہ بالکل غیر اسلامی چیز ہے۔ ہمیں انسان کی قدر کا اندازہ اس کے اعمال سے لگانا چاہیئے۔ یہ فرنگی کا نظریہ تھا۔ کہ جو شخص سو روپے ماہوار تنخواہ لیتا تھا۔ اسے اس شخص کی نسبت حقارت کی نگاہ سے دیکھا جاتا تھا۔ جو دو یا تین ہزار روپے ماہوار تنخواہ پاتا ہو۔ انگریز کی دیکھا دیکھی ہم نے بھی یہی معیار قائم کر لیا اور کم تنخواہ مثلاً پچاس یا ساٹھ روپے ماہوار تنخواہ پانے والے شخص کو بالکل نظروں سے ہی گرا دیا۔ افسوس کہ آج مسلمان اسلامی تاریخ اور اپنی قوم کی سنہری روایات فراموش کر چکا ہے۔ کیا آپ کو معلوم ہے۔ کہ صدیق اکبرؓ کیا تنخواہ لیا کرتے تھے۔ ان کی تنخواہ صرف اسی روپے ماہوار تھی۔ اس طرح حضرت فاروق اعظم ایک صد روپیہ ماہوار اور حضرت عثمانؓ کا حال تو نرالا تھا۔ وہ بیت المال سے ایک حبہ تک نہ لیتے تھے اور ان کی کوئی تنخواہ نہ تھی۔ مگر کیا ان کا معیار زندگی کم تھا۔ ہرگز نہیں۔ شعر

آں مسلمانان کہ میری کردہ اند
در شہنشاہی فقیری کردہ اند

ہمارے سامنے اپنے اسلاف کی ایسی سینکڑوں مثالیں موجود ہیں کہ انہوں نے جو کی روٹی کھائی لیکن میدانِ جہاد میں شیرانِ غاب سے بڑھ کر تھے۔ آج بھی اگر ہم اپنے اندر یہ کیفیت پیدا کریں تو وہی نتائج دوبارہ پیدا ہو سکتے ہیں۔ ہم پھر ایک بار اس ربع مسکوں میں ارنا ولاغیری کا ڈنکا بجا سکتے ہیں۔ آج پٹیل بڑے رعب اور فخر سے کہتا پھرتا ہے۔ کہ ہم سومناتھ کو دوبارہ تعمیر کریں گے ہم اس کی وہی شان و شوکت بحال کریں گے۔ جو اس کے شہرہ آفاق ہونے کا موجب تھی۔ میں کہتا ہوں۔ ہمیں اور کیا چاہیئے۔ ہم اس بت پرست کے چیلنج کو قبول کرتے ہیں۔ ہمارے سامنے اسوہ شبیریؓ موجود ہے۔ اور اب بھی اس کی صدا ہمارے کانوں کو سنائی دے ہی رہی ہے کہ ع حقا کہ بنائے لا الہ ہست حسین خوب فرمایا حضرت علامہ اقبال نے ؎

ریگ عراق منتظر و دشت حجاز تشنہ کام
خونِ حسین باز دہ کوفہ و شام خویش را

آج مسلمانوں کے لئے غور کا مقام ہے۔ انہیں بھی اسلامی روایات کو مدنظر رکھتے ہوئے۔ اسکی باتوں پر ذرا گہری نظر ڈالنی چاہیئے۔ وہ اگر سومناتھ بنا رہا ہے تو بڑی خوشی سے ایسا کرے۔ وہ اسے تعمیر کرلے۔ اس کے لئے ضرور کوئی غزنوی پیدا ہوگا۔ ہم اس کی گیدڑ بھبکیوں سے گھبرانے والے نہیں۔ شعر

کارگہِ حیات میں کیا کوئی غزنوی نہیں
بیٹھے ہیں کب سے منتظر دیر و حرم کے سومنات

میں کہتا ہوں کہ ہم اس کا یہ چیلنج قبول کرتے ہیں۔ ہم بُت شکن ہیں۔ بُت پرست نہیں۔ ہم اپنی روایات اور اسلامی اخلاق کے مطابق اس سومناتھ پر چڑھائی کریں گے۔ اور خدا کے فضل و کرم سے فتح و نصرت بالآخر ہماری ہوگی ہم کامیاب ہوں گے اور دشمن جو اسوقت ہماری نرمی اور بردباری سے فائدہ اٹھانے کی کوشش میں ہے۔ بری طرح پسپا ہوگا۔ اور سومناتھ کی تعمیر کرنے والے ذلیل و رسوا ہوں گے۔

جب سے فرنگی ہندوستان پر قابض ہوا اس نے مسلمان پر قابو پانے کی غرض سے اُسے گمراہ کیا۔ حاکم ہوتے ہوئے محکوم کو دماغی اور ذہنی لحاظ سے پسپا کیا۔ ورنہ فرنگی دماغی اور ذہنی لحاظ سے مسلمان سے کسی طرح بھی بہتر نہیں تھا۔ میں آپ کو یقین دلاتا ہوں کہ اگر آپ فرنگی کے غلبے اور تسلط کو اپنے دماغ سے نکال دیں۔ اسے بالکل فراموش کر دیں۔ اور صحیح اسلامی نقطہ نظر سے مسلمانوں پر نظر دوڑائیں۔ تو آپ کو معلوم ہوگا۔ کہ مسلمانوں میں ایسے ایسے دماغ موجود ہیں۔ جو محض حوصلہ افزائی کے محتاج ہیں۔ اور اگر نہیں سوچنے اور کام کرنے کے مواقع دیئے جائیں۔ تو وہ ہماری قوم کا بہترین سرمایہ ثابت ہو سکتے ہیں۔ مجھے معلوم ہے۔ کہ مسلمانوں میں ایسے ایسے ہنرمند لوگ ہیں۔ جو بہترین قسم کا اسلحہ تیار کر سکتے ہیں۔ مگر افسوس کہ انہیں کبھی موقع ہی نہیں دیا گیا۔ اور حوصلہ افزائی کا تو سوال ہی پیدا نہیں ہوتا۔ میں یہ تجویز کروں گا۔ کہ اس وقت جب کہ ہماری قومی حکومت معرض وجود میں آ چکی ہے۔ اور ہمیں ایسے لوگوں کی ضرورت ہے۔ ہمیں ان کے لئے انعامات مقرر کرنے چاہئیں۔ تا کہ وہ مسلمانوں کی بہتری کے لئے اور اپنی قوم اور حکومت کے استحکام کے لئے مفید مشورے اور تجاویز پیش کر سکیں۔ مجھے یقین ہے کہ ایسے ہنرمند لوگ ہماری قومی ضروریات کے کفیل ہو سکتے ہیں۔ میرا ایمان ہے کہ خداوند تعالیٰ نے اس قوم کو وہ جوہر عطا کئے ہیں کہ اسے کسی غیر قوم یا شخص کی امداد کی ضرورت نہیں۔ اور اس کے افراد ہر کام نہایت خوش اسلوبی سے سرانجام دے سکتے ہیں۔ میں مانتا ہوں کہ انگریز نے علوم و فنون میں ترقی کی اور اپنی مکاری اور حیلہ بہانوں سے دنیا کو بیوقوف بنائے رکھا مگر آپ کو یہ بات فراموش نہیں کرنا چاہیئے۔ کہ جو کام عربوں نے سرانجام دیا اور جو ترقی علوم و فنون کی دنیا میں انہوں نے کی انگریز کا سر بھی اس کے سامنے جھکتا ہے۔

" The Arab " says Draper " has impressed his intellectual stamp upon Europe and not in too remote a future will Christendom concetle this truth (Intellectual Development of Europe—The Middle Ages Draper).

ڈریپر اپنی کتاب " ازمنہ وسطیٰ میں یورپ کا ذہنی ارتقاء " میں اقرار کرتا ہے کہ " عربوں نے اپنی قابلیت کا سکہ سارے یورپ میں بٹھا دیا ہے اور وہ وقت دُور نہیں جب

عیسائی دنیا اس حقیقت ثابتہ کا اقرار کرے گی۔ آج ہم فرنگی کی ایجاد کردہ چیزوں کو انتہائی تعجب اور حیرانی سے دیکھتے ہیں۔ یہ محض اس لئے کہ ہمیں انگریز نے اپنے عہد حکومت میں علوم وفنون کے سلسلے میں گمراہ کئے رکھا۔ اور ہمیں صحیح معنوں میں ان سے بہرہ مند نہ ہونے دیا۔ تاہم میں آپ کو یقین دلاتا ہوں کہ ان مظالم اور جور وستم کے باوجود بھی آج پاکستان کا مسلمان علوم وفنون سے اتنا بے بہرہ نہیں جتنا اسے خیال کیا جاتا ہے۔ میں آپ کو بتا سکتا ہوں کہ ہمارے ہاں ایسے ایسے لوہار موجود ہیں۔ جو بہترین قسم کا اسلحہ تیار کر سکتے ہیں۔ اگر ہم ان ہنرمندوں سے فائدہ اٹھانا چاہیں تو وہ ہمیں بہترین قسم کا اسلحہ مہیا کر سکتے ہیں۔ ابھی کل ہی میرے پاس ایک لوہار آیا ہوا تھا۔ جو مجھے بتا رہا تھا کہ وہ ((Anti Aircraft Gun)) تیار کر سکتا ہے۔ (قطع کلامیاں) میں غلط نہیں کہتا۔ اگر آپ بھی اس سے ملنا چاہیں تو میں آپ کو بھی ملا سکتا ہوں۔ ہاں۔ تو میں عرض کر رہا تھا۔ کہ اگر ہم اپنے ہنرمند اور صنعت پیشہ لوگوں کو تقویت پہنچائیں اور ان کی حوصلہ افزائی کریں تو ہمیں فرنگی یا کسی غیر ملک کا محتاج نہ ہونا پڑے۔ میں حکومت پر زور دونگا کہ وہ ایسے لوگوں کی حوصلہ افزائی کرے۔ اور ان کے لئے ایک Brain Trust قائم جہاں پر بہترین سکیم اور اختراع واکتشاف پیش کرنے والوں کو اعلیٰ ترین سہولتیں اور گراں قدر انعامات واعزازات دیئے جائیں۔ اور اپنی ضروریات کی کفیل ہونے کے لئے یہاں کارخانے قائم کرے۔ صنعت وروں کی حوصلہ افزائی کرنے سے ملک کو دو فائدے ہوں گے۔ ایک تو یہ کہ ہمارے ملک میں صنعت ترقی کرے گی۔ اور دوسرے یہ کہ ملک دولت مند ہوگا۔ اور ایسی مشکلات جو اس وقت ہمارے ملک کے لئے پریشانی کا باعث ہیں حل ہو جائیں گی۔ اور اسلحہ وغیرہ یا کسی اور قسم کا سامان جو اس وقت ہمارے پاس نہیں ہے۔ اور اگر ہے تو بہت ہی قلیل مقدار میں بافراط پیدا ہونا شروع ہو جائے گا۔ جناب صدر میں آپکی وساطت سے یہ چیز اپنے وزراء صاحبان کی خدمت میں پیش کرنا چاہتا ہوں کہ اس وقت خالی ((propaganda) یا ((publicity)) کی چنداں ضرورت نہیں۔ ضرورت تو عمل کی ہے۔ حکومت کو چاہیئے کہ عوام کی زندگی کے ہر شعبے میں عملی رنگ پیدا کرے۔ یہ حکومت خدا داد پاکستان ہے۔ یہ ایک اسلامی حکومت ہے۔ ہمیں اس کی بنیادوں کو مضبوط اور مستحکم بنانے کے لئے عوام کو بیدار کرنا چاہیئے۔ اور ملکی ترقی کے لئے عوام کی حوصلہ افزائی کرنی چاہیئے۔

آج ہمارے سامنے زندگی کا معیار صرف روپیہ ہے۔ مگر میں اسے کوئی معیار نہیں سمجھتا۔ یہ سبق لوگوں کو فرنگی کے مدرسے نے پڑھایا ہے۔ اور یہ نظریہ اس کا پیدا کردہ ہے۔ کہ جس کا غذیر بادشاہ کی صورت ہو وہ روپیہ ہے۔ اور یہی انسان کی قدر وقیمت کا معیار ہے۔ مگر دولت ایمان، قوم کے

نوجوانوں کے سرخ اور گرم خون کو روپیہ نہیں سمجھا جاتا ۔ کاغذ کے ذلیل ٹکڑے کو روپیہ سمجھا جاتا ہے اگر کرنسی کا یہ تصور بدل جائے اور آپ اپنی قوم کے افراد کو نشو و نما کا پورا موقع دیں۔ تو آپ دیکھیں کہ پاکستان کے اندر ہر کاریگر اپنی بھٹی کے سامنے بیٹھ کر اعلیٰ ترین ہتھیار تیار کرے ۔ اور پاکستان کا کسان یہاں کی سرزمین کے چپہ چپہ اور انچ انچ کو گلزار بنا دے ۔ اور اس سے سیم و زر اگلوا دے ۔ آخر کرنسی کیا ہے ۔ یہ تو کسی قوم کی ہمت ، محنت اور قوت تخلیق کی ایک علامت ہے ۔ جس کے بدل جانے سے کائنات بدل جاتی ہے ۔ صحیح مسلمانوں کی نگاہ میں دولت کوئی چیز نہیں یہ (currency) کیا ہے ۔ یہ انگریز کی پیدا کردہ چیز ہے ۔ اور لوگوں کو گمراہ کرنے کا ایک ذریعہ ہے ۔ مگر مسلمان جس کے پاس قرآن پاک جیسی نعمت موجود ہو ۔ کبھی گمراہ نہیں ہو سکتا۔ رسول کریم کی حدیث ہے ۔ کہ ۔

لا تجتمع امتی علی الضلالۃ

یعنی میری امت کبھی گمراہی پر جمع نہیں ہو سکتی (قطع کلامیاں)

جناب والا یہ بجٹ ہمیں قبول ہے ۔ اور میں جملہ ممبران کی خدمت میں عرض کروں گا ۔ کہ یہ بجٹ ان کے لئے کسی طرح نقصان دہ نہیں ۔ آپ اس پر ایک طرف نظر دوڑانے سے اپنے مستقبل کا اندازہ لگا سکتے ہیں ۔ قبول اس صورت میں کہ ہماری تجاویز کو سامنے رکھا جائے ۔

جیسا کہ آپ کو معلوم ہے ۔ میں نے پچھلے دنوں ایک بیان دیا تھا ۔ یعنی اس وقت جب کہ ابھی آپ کو اختیار وزارت نہیں ملا تھا ۔ میں نے اس وقت یہ کہا تھا ۔ کہ ہماری پولیس کے محکمہ کے ملازم یا نئے بھرتی شدہ سپاہی جب پھلور ٹریننگ کے لئے جاتے تھے ۔ تو وہاں انہیں ڈنڈے کودنے کی ٹریننگ دی جاتی تھی ۔ مگر وہاں کے دستور کے متعلق مجھے یہ بتایا گیا کہ جو ملازم یا نیا بھرتی شدہ سپاہی اپنے آپ کو اسلامی زندگی کے سانچے میں ڈھالنے کی کوشش کرتا تھا اسے انتہائی نفرت کی نگاہ سے دیکھا جاتا تھا اور ایسے شخص کو وہاں کے افسر اور پرنسپل بہت حقیر جانتے تھے ۔ یہ انگریز کا فعل تھا ۔ وہ ہمیشہ مسلمان کو خدا کے احکام کی بجا آوری سے باز رکھ کر گمراہ کرنے کی انتہائی کوشش کیا کرتا تھا ۔ اسے معلوم تھا کہ اسلامی زندگی کی عنصر صیات کیا ہے ۔ اور اس میں کتنی قوت ہے ۔ مگر میں سمجھتا ہوں ۔ کہ پولیس کی اس ٹریننگ کی تربیت خداوند تعالیٰ کے احکام کی بجا آوری کرنے والوں کو کب تک ایسا کرنے سے روک سکتی تھی ۔ کس قدر شرم اور افسوس کا مقام ہے ۔ کہ خداوند تعالیٰ کی عبادت کرنے والوں اور ڈاڑھی رکھ کر اپنے رسول مقبول کی سنت پر عمل کرنے والوں کو نفرت کی نگاہ سے دیکھا جاتا تھا ۔ میں آپ کی وساطت سے حکومت پر زور دونگا اور پولیس کے محکمے اور افسروں سے یہ اپیل کروں گا ۔ کہ وہ اپنا پرانا نظریہ بدل ڈالیں اور اب جب کہ ہماری قومی حکومت قائم ہو چکی ہے ۔ اپنی قومی روایات کے پیش نظر اپنا فرض نہایت تن دہی اور جانفشانی سے سرانجام دیں ۔ انگریز اپنے عہد اقتدار میں ظالم اور بد تر بھیڑیا تھا ۔ وہ اپنی حکومت میں رعب اور دبدبہ جتاتا تھا ۔ مگر اب حالات بدل چکے ہیں ۔ اب پولیس کے نظریئے میں تبدیلی کی فوری ضرورت ہے ۔ اس کے ساتھ ہی عوام کو بھی اپنا نظریہ بدلنا چاہیئے

میں چاہتا ہوں کہ ہم مسلمانوں کو پولیس والوں کے سامنے سے گزرتے ہوئے وہی ڈر اور جھجک محسوس نہیں کرنی چاہیئے۔ جو نوکر شاہی زمانے میں کیا کرتے تھے۔ بلکہ اب جب بھی ہم انہیں اپنا فرض سرانجام دیتے ہوئے دیکھیں تو ہمارے دل میں ان کے لئے احترام کا جذبہ موجزن ہونا چاہیئے۔ شعر

ضعیف اگر نظر پڑے رسول کا جمال بن
قوی اگر ہو سامنے تو قہر ذوالجلال بن
خدا کے آگے سر جھکا کہ سرکشوں کا سر جھکے
قضا ستمگروں کی ہو ستمزدوں کی ڈھال بن

(قطع کامیاں) لیکن یہ تبدیلی تب آئے گی جب ہمارے پولیس والے اسلامی تربیت حاصل کریں۔ حضور والا میں کئی اور چیزیں بھی پیش کرنا چاہتا ہوں۔ خصوصاً یہ کہ اس دور میں جب کہ مسلمان حکومت قائم ہو چکی ہے۔ وہی لوگ جو انگریز کے زمانے میں با اقتدار تھے۔ اب آپ کے زمانے میں بھی موجود ہیں۔ انہوں نے بدعنوانیاں کی ہیں یہ ایک کھلی ہوئی حقیقت ہے۔ لہذا میری گزارش ہے کہ انہوں نے جو جو بدعنوانیاں کی ہیں ان کے لئے انہیں قرار واقعی سزائیں دی جانی ضروری ہیں۔ حضور والا یہاں تک کہ کئی قتل ایسے ہوئے کہ ان کی تحقیقات نہیں کی جا سکی۔ مظلوموں کے دلوں سے آہیں نکلتی تھیں۔ ان مسلمانوں کی آہوں کا خیال کیجئے۔ جن کے ماں باپ یا بچے اور بیویاں ماری گئیں۔ مگر قاتل کو قرار واقعی سزائیں دینا تو ایک طرف مقدمات کی تحقیقات نہیں کی جا سکی۔ وہ وقت ہمیں یاد ہیں۔ جب پرنسپلٹ ایم۔ ایل۔ اے کو خوش کرنے کے لئے کسی عزت دار کی پگڑی اچھالی جاتی تھی۔ میں آپ کو ایک اپنا واقعہ سناتا ہوں۔ الیکشن سے پہلے کی بات ہے۔ میں اپنے چچا زاد بھائی اور پھوپھی زاد دو بھائیوں کے ساتھ زمین کے سلسلہ میں بطور ثالث حاضر ہوا تھا تھانیدار بے رحمی سے پیش آیا۔ میں اپنے دونوں بھائیوں کے ساتھ موجود تھا۔ میرے بار بار درخواست کرنے پر بھی کوئی توجہ نہ دی گئی۔ اصل واقعہ یہ تھا کہ چونکہ پرنسپلٹ ایم۔ ایل۔ اے مجھ سے خطرہ محسوس کرتا تھا۔ اس لئے تھانیدار نے مجھے یہ کہا۔ کہ دو ایک روز کے بعد آؤں۔ میں نے قبول نہ کیا۔ تھانیدار نے کہا اگر آپ نہیں مانتے تو آپ کو بھی ان کے ساتھ شامل کیا جائے گا۔ چنانچہ میں نے بات نہ مانی اور اپنی بات پر قائم رہا۔ آخر تھانیدار نے دھمکی دی کہ میں آپ دونوں بھائیوں کو سزا دوں گا۔ معاملہ نے نازک صورت اختیار کر لی اور مجھے ۱۵۱ اور ۱۰۷ میں گرفتار کیا گیا۔ لیکن عدالت میں جب کیس پیش ہوا۔ تو یہ ثابت ہو گیا کہ تھانیدار نے زیادتی کی ہے۔ میں بطور ثالث کے بلایا گیا تھا۔ (قہقہہ) ہنسیئے نہیں آپ کے ساتھ بھی ایسا ہی ہو گا۔

میرے خلاف جو بیان دیا گیا۔ وہ افسران کے ایما سے دیا گیا۔ غرضیکہ ایسے واقعات ہزاروں آپ کو ملیں گے۔ جہاں لوگ سچائی کی خاطر اپنی جان خطرے میں ڈال کر ان فرعون مزاج افسروں سے برسرپیکار ہوتے ہیں اور بصد مشکل اپنی جان بچاتے ہیں۔ ہاں تو

جناب والا تین دن کے بعد ڈپٹی کمشنر سید زمان خاں کے سامنے رو داد پیش کی جاتی ہے۔

Mr. Speaker : Hon'ble member should not mention any officer by name.

خاں عبدالستار خاں نیازی بہت اچھا جناب والا۔ اس ڈپٹی کمشنر کے سامنے جو ستمبر میں وہاں تھا۔ واقعات پیش کئے جاتے ہیں مگر محض اس لئے کہ جو باتیں میں کر رہا تھا۔ قطع نظر اس کے کہ وہ مبنی بر صداقت تھیں اُن کے قریب اس لئے درخور اعتنا نہ تھیں۔ کہ مجھے ڈپٹی کمشنر کی چاپلوسی اور خوشامد کی عادت نہ تھی۔ لہذا میرا سب کچھ کہا سنا بیکار جاتا ہے۔ اور مجھ سے یہ کہا جاتا ہے۔ چونکہ بیانات سے تمہاری برأت ثابت نہیں ہوتی اس لئے تمہیں جیل میں کیوں نہ بھیج دیا جائے۔ میں نے ڈپٹی کمشنر سے کہا تم اور کر بھی کیا سکتے ہو۔ پہلے اپنے وزیر اعظم کو بھی جیل میں بھیج دو۔ جس سے صوبہ بھر کے مسلمان ناراض پھرتے ہیں۔ جب ڈپٹی کمشنر نے اصل واقعات سمجھے اور معاملہ کی اصلیت اُسے معلوم ہوئی تو فوراً ۲۰ منٹ کے بعد کہنے لگا۔ تم جیل میں نہیں جاؤ گے۔ واپس آ جاؤ میں نے کہا اب میں جیل ضرور جاؤں گا۔ بالآخر بڑی کے افسران نے میرے پاس آ کر کہا۔ تمہاری وجہ سے مسلمان اس ڈی سی کی ایذا رسانیوں سے محفوظ ہیں۔ آپ اب اس کے دوسرے حکم کے بعد جیل جانے پر اصرار نہ کریں۔ چنانچہ میں نے مان لیا اور ڈی۔سی کے جذباتی ہونے سے بار بار عزت اور بے عزتی ہوتی رہی۔ اس کی منشا یہی تھی کہ ضلع میں فساد ہو۔ مسلمانوں کو بھڑکایا گیا۔ کہ کس طرح فساد ہو مگر آپکو یاد ہوگا۔ جب آپ کے علاقوں میں فسادات کی آگ بھڑکی ہوئی تھی۔ میانوالی میں کچھ نہیں ہوا تھا۔ اس کی وجہ جیسا کہ میں نے بیان کی ہے محض یہی تھی کہ ہم لوگ ضلع کے افسران کی کوئی چال کارگر ثابت نہیں ہونے دیتے تھے۔ ایسے واقعات ان افسروں کے ہاتھوں صرف ایک ہی ضلع میں نہیں ہوئے بلکہ ایسے واقعات کئی ضلعوں میں ہوئے ہوں گے۔ ہم نے ان دشمنوں کی چالوں کا مقابلہ کیا۔ اور ناکام کر دیا۔ مجھے یہ بیان کر کے صرف واہ واہ کی ضرورت نہیں ہے۔ بلکہ ہم نے سوچا تھا۔ کہ وقت آنے پر ہم ان واقعات کو وزیر اعظم کے سامنے دکھیں گے۔ مگر کیا کریں ابھی تک حکومت میں تمام تر ناپاک عنصر موجود ہیں۔ بلکہ کرسٹان ابھی تک موجود ہیں جن کے منحوس اثرات ابھی تک تصاویر کی صورت میں اس ایوان کی دیواروں پر بھی موجود ہیں۔ اس لئے ضرورت کسی ایسے انقلاب کی تھی۔ کہ یہ منحوس اثرات پاکیزگی سے دھل جاتے ہم نے آپ کے نظام قائم کرنے پر اعتماد کیا۔ مگر آپ نے جو نظام قائم کیا ہے۔ اس میں افسروں نے اپنے آدمیوں کو فائدہ پہنچایا ہے۔ اور مسلم لیگ کے ساتھ تعاون نہیں کیا۔ نتائج آپ کے سامنے ہیں۔ اگر آپ نے کسی صحت مند نظام کے مطابق عمل کیا ہوتا۔ تو ہم کہہ سکتے تھے کہ بدیانتیوں کی کوئی اور وجہ ہو سکتی ہے۔ یہ درست ہے کہ کئی مسلم لیگ کے افسران اور

کارکنوں کو معطل کیا گیا۔ مگر ہماری یہ استدعا ہے۔ کہ ایسے لوگوں کو عبرتناک سزائیں ملنی چاہئیں۔ اس روز کسی سرکاری اور غیر سرکاری ارکان کو کمیٹی میں شامل کرنے کی ترمیم جو پیش کی گئی تھی۔ اس کا منشا بھی یہی تھا۔ کہ دونوں قسم کے لوگوں کو قرار واقعی سزائیں دی جائیں۔ اگر گرنے سے بچنا ہے۔ اور اپنی قوم کو سرخرو کرنا ہے۔ تو اسلام کے اصول موجود ہیں۔ اُن پر عمل کرنا از بس ضروری ہے۔ اگر آپ لفظ آزادی کے معنی اور مفہوم سے آگاہ نہیں ہیں اور اُسے سمجھنے سے قاصر ہیں۔ تو الفاظ پر نہ جائیں۔ کوئی عمل کرا کے دکھائیں۔ خداوند تعالیٰ نے آپ کو دین فطرت دیا ہے۔ جس کے طفیل ہم اس پر عمل کرنے کے بعد فضل ربی کے ساتھ اپنی قوم کو اس طرح اٹھائیں گے کہ پاکستان جنت نشان کا حسن دوبالا ہو جائیگا اور وہ دن دور نہیں۔ جب اس دین فطرت کی بدولت مسلمان قوم اپنے آزاد ملک میں فارغ البال زندگی بسر کرے گی۔

Raja Said Akbar Khan (Gujar Khan, Muhammadan, Rural) :

راجہ سید اکبر خاں جناب والا۔ میں اپنے محترم بھائی آنریبل وزیر فنانس کو ہدیہ تبریک پیش کرتا ہوں کہ انہوں نے ایسا بجٹ پیش کیا جو فی الواقع ہر لحاظ سے قابل صد تحسین ہے۔ جن نامساعد حالات سے ہماری گورنمنٹ گزشتہ چند مہینوں سے گزر رہی ہے۔ اور جو اہم معاملہ قوم کے درپیش ہے۔ اس کے پیش نظر اگر یہ دیکھا جائے کہ بجٹ میں صرف پانچ کروڑ اور چند لاکھ کا خسارہ ہے۔ تو اُس کو خسارہ نہیں سمجھنا چاہیئے خاص کر جب کہ انہوں نے اپنے بجٹ میں ایک فقرہ ایسا بھی بیان فرمایا ہے۔ جو میں سمجھتا ہوں کہ ایوان کے کسی آدمی کو حوصلہ نہ تھا۔ کہ ایسا فقرہ بجٹ میں رکھتا اور وہ یہ کہ جو بجٹ چند مہینوں کے بعد پیش ہوگا۔ وہ متوازن بجٹ ہوگا۔ انہوں نے یہ بھی فرمایا ہے۔ کہ پناہ گزینوں کے مسئلہ پر انہیں نئے سرے سے بسانے کے مسئلے پر ہمارے جو کام لمبے عرصے کے لئے جاری ہیں جاری رہیں گے۔ بلکہ عنقریب وہ تعمیری کام کرنے کے قابل ہو سکیں گے۔ اُن کا یہ کہنا کہ آئندہ پیش ہونے والا بجٹ متوازن ہوگا۔ نہایت حوصلہ افزاء ہے۔ لہٰذا میں اپنا فرض سمجھتا ہوں کہ انہیں ہدیہ تبریک پیش کروں۔

جہاں تک میری بہن بیگم شاہنواز کی تقریر کا تعلق ہے۔ انہوں نے یہ ظاہر کیا ہے کہ اگرچہ اس بجٹ میں commission کے نقائص نہیں ہیں تاہم omission کے نقائص ضرور ہیں اور میں بھی یہی سمجھتا ہوں کہ ان کی یہ نکتہ چینی بالکل درست ہے۔

جناب والا اگر اس بجٹ کو 'refugees' بجٹ کہا جائے بالکل بجا ہوگا۔ کیونکہ مطبع سے لے کر مقطع کے آخری لفظ تک ساری کی ساری غزل refugees problem پر مشتمل ہے۔ اس کے علاوہ اور کوئی دوسری بات نہیں کہی گئی۔ اس میں شک نہیں کہ یہ مسئلہ اتنا بڑا اور اہم ہے کہ کسی اور مسئلہ پر تبصرہ کرنے کی گنجائش ہی نہیں رہتی۔ لیکن

میں یہ سمجھتا ہوں کہ دوسرے مسائل کو بھی کسی نہ کسی صورت میں پیش کرنا ضروری تھا۔ انہوں نے فرمایا ہے۔ کہ ابھی تک نو لاکھ آدمی گورنمنٹ کے کیمپوں میں پڑے ہیں اور اگر وہ لوگ جو شاہدرہ سے لے کر راولپنڈی تک سڑک کے دونوں جانب پڑے ہوئے ہیں۔ نو لاکھ کی figure سے زائد ہیں۔ تو یہ ایک نہایت بھیانک بات ہے۔ اور ہماری قوم کے لئے شرمناک ہے۔ ہم نے اپنی تمام achievements کے باوجود کچھ حاصل نہیں کیا۔ ہم دنیا کے سامنے گردن سیدھی کر کے نہیں چل سکتے۔ آپ کو معلوم ہے۔ کہ ایک ایک دن میں ایک ایک رات میں اس کڑکڑاتی ہوئی سردی میں سینکڑوں پناہ گزین مر رہے ہیں۔ جو کہ موت کی آغوش سے نکل کر پاکستان میں پہنچ جانے کے بعد یہ سمجھتے تھے کہ اب ان کی زندگیاں محفوظ ہیں۔ بلاشبہ پاکستان کی سرزمین پر ان کا جائز حق ہے۔ اگر اتنی بڑی تعداد میں یہ لوگ اس بےرحمی کے ساتھ موت کے گھاٹ اترتے ہوئے دیکھے جاتے ہیں۔ تو یہ ہمارے لئے نہایت ہی بُرا شگون ہے۔ یہ ایک ایسا مسئلہ ہے۔ جس پر ہمیں غور کرنا چاہیئے۔ جہاں تک اس ایوان اور میرے دوسرے ممبر بھائیوں کا تعلق ہے۔ میرے خیال میں دنیا کا کوئی طبقہ مغربی پنجاب کے لوگوں کو یا اس ایوان کے ممبروں کو مطعون نہیں کر سکتا۔ کیوں؟ اس لئے کہ ساری کی ساری ایڈمنسٹریشن ہم نے refugees کے حوالے کر دی ہے۔ ہمارے وزیر اعظم خود refugee ہیں وزیر مال بزور شمشیر refugee ہیں۔ اور وزیر تعلیم ½ refugee ہیں۔ اسی طرح صوبہ لیگ کے صدر بھی کچھ نہ کچھ لحاظ سے refugee ہیں۔ ایڈمنسٹریشن میں جتنے دوسرے عہدے ہیں مثلاً فنانشل کمشنر کمشنر صاحبان۔ ڈپٹی کمشنر وغیرہ سب کے سب refugees کے پاس ہیں۔ صرف ایک خزانے کی چابی ہمارے پاس ہے۔ کیونکہ وزیر خزانہ refugee نہیں ہیں۔ اس لحاظ سے میں یہ عرض کروں گا۔ کہ خزانہ میں روپیہ جمع کرنے والے refugee ہیں۔ یا روپیہ نکالنے والے refugee ہیں۔ صرف حفاظت اور چابی ہمارے پاس موجود ہے۔ اس لئے اگر اس problem کو صحیح طریقہ سے tackle نہیں کیا گیا۔ اور اتنی بڑی تعداد میں refugees مر رہے ہیں۔ تو اس کے لئے دوسرے پناہ گزین ذمہ دار ہیں۔ اور ان refugees کو ان لوگوں کی طرف توجہ کرنی چاہیئے۔ جو ان کے refugee بھائی ہیں اور مغربی پنجاب کی ایڈمنسٹریشن چلا رہے ہیں دیکھا یہ گیا ہے کہ refugees کے مسئلہ کے حل کے لئے کوئی خاص set پالیسی وضع نہیں کی گئی۔ اگر کہیں کسی نقطۂ نگاہ سے کوئی الاٹ منٹ ہوئی ہے اور ایک set of officers مقرر ہوئے ہیں تو چند دنوں کے بعد ایک دوسری پالیسی شروع ہو گئی ہے۔ اور ایک دوسرے set of officers آ گئے ہیں جنہوں نے پہلے پناہ گزینوں کو نکال دیا اور الاٹ منٹ دوسرے آدمیوں کے نام کر دی۔

یہ بھی دیکھا گیا ہے کہ پناہ گزینوں میں بھی وہ لوگ فائدہ میں رہے جو کہ صحیح معنوں میں ہماری توجہ کے اس قدر مستحق نہیں تھے۔ اور جو لوگ صحیح معنوں میں مفلوک الحال

تھے۔ مظلوم تھے۔ اور جن لوگوں نے صحیح معنوں میں قربانیاں کی تھیں۔ وہ آج بھی اسی طرح بے خانماں ہیں۔ جس طرح کہ وہ ہندوستان کی سرحد سے نکلتے وقت تھے۔ میں اس پالیسی کو حد درجہ ناقص سمجھتا ہوں کہ open auction کی جائے اور اس کے ذریعے چالیس یا پچاس ہزار روپیہ میں کوئی دوکان کسی مہاجر کو دی جائے۔ یا کسی بڑی رقم پر کوئی کارخانہ دیا جائے۔ میں سمجھتا ہوں کہ ہر سوچنے سمجھنے والے آدمی کو اس نتیجہ پر پہنچنا چاہیئے کہ جس آدمی نے چالیس یا پچاس ہزار روپیہ ایسے ہی مصیبت کے ایام میں جمع کر لیا ہے اس کی دو ہی صورتیں ہیں یا تو کوئی بے نامی transaction ہوئی ہے۔ یعنی کوئی مقامی آدمی اتنی بڑی رقم بطور بے نامی دار کے مہاجر کو دے رہا ہے۔ یا یہ بلیک مارکیٹ کی کمائی ہے۔ یا کسی اور ناجائز طریقہ سے حاصل کیا ہوا مال ہے۔ جو آدمی وہاں سے روپیہ لے کر آئے ہیں۔ وہ آدمی اس قسم کے ہوتے ہیں جن کو کہتے ہیں لڑتوں کے پیچھے اور بھاگتوں کے آگے۔ کہ جب وہاں لوگ مصیبت میں مبتلا تھے۔ جب مسلمان سسک سسک کر جانیں دے رہے تھے جب ان کی تکا بوٹی ہو رہی تھی تو اس وقت یہ لوگ موقعہ کو غنیمت جان کر اپنے لوگوں کو مصیبت اور الم میں چھوڑ کر وہاں سے چلتے بنے۔ اور یہاں اپنے عزیزوں اور رشتہ داروں کی مدد سے اعلیٰ اعلیٰ چیزیں حاصل کریں اور فائدے میں رہے۔ دوسری طرف میں نے مسلم لیگ کے کارکنوں کو دیکھا کہ بعض مشرقی پنجاب کی اسمبلی کے ممبر ہیں جو نہایت معزز اور اعلیٰ مرتبہ کے لوگ تھے۔ مگر محض اس لئے گھاٹے میں رہ گئے۔ کہ وہ آخری دن تک اپنے لوگوں کے درمیان رہے۔ اور وہاں سے چلتے وقت چند پیسے بھی ان کی جیب میں نہ تھے۔ جو کچھ مال و اسباب تھا وہ لٹا کر آ گئے۔ کوئی چیز بھی ان کے پاس نہ تھی۔ اور انہیں یہاں پہنچتے پہنچتے کافی دیر ہو گئی اتنے میں خوانِ یغما لٹ چکا تھا۔ اور جو کچھ باقی رہ گیا تھا۔ اس کو حاصل کرنے کے لئے چالیس یا پچاس ہزار روپیہ چاہیئے تھا۔ کارخانوں کے لئے اس سے زیادہ کی ضرورت تھی یا سفارش کی ضرورت تھی، یا ناجائز طریقوں کی ضرورت تھی۔ میری گذارش یہ ہے کہ صرف یہ کہہ دینا کافی نہیں کہ یہاں سفارش نہیں چلے گی۔ کہنے میں یہ کتنا حسین جملہ ہے۔ کہ favouritism نہیں ہوگا۔ دوست نوازی نہیں ہوگی۔ اقرباء پروری نہیں ہوگی۔ یہ کتنے خوبصورت الفاظ ہیں۔ کتنی اعلیٰ ترکیبیں ہیں۔ کتنی خوبصورت بندشیں ہیں۔ ؎

کہ خوشی سے مر نہ جاتے اگر اعتبار ہوتا

پھر میں نے یہ دیکھا ہے کہ مشرقی پنجاب کی اسمبلی کے وہ کامیاب ممبر جنہوں نے بڑی بڑی اکثریت سے اپنے مخالفین کو پچھاڑا تھا وہ بے چارے سب کچھ لٹا کر یہاں کسی عزیز یا رشتہ دار کے پاس بیٹھے ہوئے ہیں۔ اور آف تک نہیں کر سکتے۔ مگر ان کے مخالفین ان سے بہتر حالت میں ہیں کیونکہ ان کو یونینسٹ پارٹی نے لائل پور۔ شیخوپورہ اور منٹگمری میں دو دو چار چار مربعے عطیہ کے طور پر دے دیئے تھے۔ اور جو جیت گئے تھے ان کو اب کوئی جگہ نہیں ملتی۔ اس طرح کے بے شمار ایسے باضمیر لوگ ہیں۔ اتنے مخلص لوگ ہیں جو مصیبت اور الم میں مبتلا ہیں۔ بخلاف اس کے جن لوگوں نے اسلحہ کی بلیک مارکیٹ کی تھی۔ جنہوں نے فرنٹیر سے اسلحہ منگوا کر سکھوں کے پاس بیچا تھا۔ اور جنہوں نے اپنی

آخری bullet بلیک مارکیٹ میں بیچ دی تھی اور جو نہایت آرام اور اطمینان سے اپنی قوم کو مصیبت میں دیکھ کر نکل آئے تھے انہوں نے فی الفور بڑی بڑی بلڈنگیں اور بڑے بڑے بزنس سنبھال لئے۔ میرے محترم بھائی فنانس منسٹر نے کہا ہے کہ پناہ گزینوں کو بسانے کے لئے تو کیا بلکہ ان کے سر چھپانے کے لئے گورنمنٹ کے پاس کوئی جگہ نہیں ہے، کوئی عارضی shelter بھی نہیں ہے۔ کیا گورنمنٹ کے پاس اتنی بڑی بڑی بلڈنگیں نہیں ہیں؟ میں سمجھتا ہوں کہ اُن بلڈنگوں کو تقسیم کرتے وقت مناسب تدابیر اختیار نہیں کی گئیں۔ کیا یہ صحیح نہیں ہے کہ کئی ایک خود غرض لوگوں نے ایسی ایسی بلڈنگیں سنبھالی ہوئی ہیں جن میں سے ایک ایک میں کئی سو مہاجر shelter حاصل کر سکتے ہیں۔ کیا یہ صحیح نہیں ہے کہ کئی ایک چند افراد کے مختصر خاندانوں نے اتنے اتنے شاندار محلات پر قبضہ کیا ہوا ہے جن میں سے ہر ایک میں درجنوں مہاجرین کو پناہ دے کر موت سے بچایا جا سکتا ہے۔ اب بھی اگر گورنمنٹ تنبیہ کرے اور ہر ذمہ دار آدمی اپنی ڈیوٹی کو سمجھتے ہوئے عوام کے سامنے اپنے رویہ کو اتنا اطمینان بخش طور پر پیش کرے کہ عوام اس کی ہر بات ماننے کے لئے تیار ہو جائیں تو میں کبھی یہ باور نہیں کر سکتا کہ ہمیں اتنی buildings نہ مل سکیں کہ ہمارے مظلوم بھائیوں کو سر چھپانے کے لئے جگہ نہ مل سکے۔ اس کے علاوہ آپ کو یہ معلوم ہے کہ بے شمار ایسی بلڈنگیں ہیں اور بے شمار ایسا مال ہے کہ جن کے ہندو مالک یہاں پر موجود نہیں ہیں وہ اس وقت ہندوستان کی سرزمین میں رہتے ہیں۔ جہاں تک وزارت کا یہ رویہ ہے کہ ہندوؤں کی جائیداد کی حفاظت کرنی چاہئے اور اُن کو ہر طرح کی facilities دینی چاہئیں اگر وہ یہاں پر چاہیں تو رہیں اور اگر چاہیں تو تجارت بھی کریں اس سے کسی کو اتفاق کئے بغیر چارہ نہیں بلکہ جہاں تک ہو سکے اُن سے اچھا سلوک کرنا چاہئے ہماری گورنمنٹ یقیناً بہت فراخدلی کا ثبوت دے رہی ہے۔ اس وقت گورنمنٹ نے اسمبلی کے ہندو ممبروں کی حفاظت کے لئے پولیس کا انتظام کر رکھا ہے اور صرف اس وجہ سے کہ شاید کسی وقت وہ آ جائیں گورنمنٹ پولیس کا اتنا خرچ برداشت کر رہی ہے۔ میں سمجھتا ہوں کہ یہ اتنی فراخ دلی ہے کہ موجودہ زمانہ میں کسی حکمران قوم نے اپنی اقلیت کے ساتھ ایسا سلوک نہیں کیا۔ یہ ہندو ممبران اُدھر چلے گئے ہیں۔ اور بھی بے شمار ہندو جا چکے ہیں۔ اب میں پوچھتا ہوں کہ وہ لوگ جن کی جائدادیں تو ادھر ہیں لیکن وہ رہتے دہلی میں ہیں اور وہاں پر ہر خوفناک سازش میں جو مظلوم مسلمانوں کے خلاف ہوتی ہے اُس میں نہ صرف شریک ہوتے ہیں بلکہ اپنی وہ دولت بھی اس میں لگاتے ہیں جو اُن کے مسلمان ایجنٹوں کے ذریعہ سے ماہ بماہ اُن کو ہندوستان پہنچتی ہے۔ اور مسلمانوں کے قلع قمع میں ہر طرح کی کوشش کرتے ہیں مگر یہاں اُن کے کاروبار مختلف آدمیوں کے ذریعہ چل رہے ہیں۔ اور اُنکی جائدادیں محفوظ ہیں۔ اور کسی refugee کو allot نہیں کی گئیں۔ کیا وہ پاکستان کے national کہلانے کے مستحق ہیں۔ ایسے شخص تو ہندوستان کے ہیں وہ پاکستان کے national نہیں ہو سکتے۔ کیا میں پوچھ سکتا ہوں کہ ایک آدمی کبھی دو states کا national ہو سکتا ہے۔ کیا اس کے مقابل پر ایک مثال بھی مشرقی پنجاب یا ہندوستان کے کسی دوسرے حصہ میں موجود ہے۔ کیا کسی مسلمان کا کاروبار بھی وہاں محفوظ ہے اس صورت میں کہ وہ مسلمان پاکستان میں آ گیا ہو مجھے علم ہے کہ یوپی کے بعض مسلمان افسروں سے اس لئے باز پرس کی گئی کہ ان کے بعض ایسے رشتہ داروں کی طرف سے انہیں چٹھیاں موصول ہوئیں جو پاکستان میں تھے ڈنڈوت اور پرنام کرنے پر بھی جھنڈے کی سلامی دینے پر بھی مسلمانوں کا قصور معاف نہیں ہو سکا۔ اور اُن سے کہا گیا ہے کہ وہ اس وقت

تک ہندوستانی یونین کے وفادار نہیں سمجھے جا سکتے جب تک کہ وہ یہ resolution پاس نہ کریں کہ پاکستان کی گورنمنٹ اور وہاں کے مسلمانوں کا رویہ کشمیر کے متعلق بُرا ہے اور ہم اس کو ناپسند کرتے ہیں۔ میں اس بات کو بُرا نہیں سمجھتا کہ اپنی میناریٹی کے ساتھ اچھا سلوک کیا جائے۔ بلکہ یہ ایک اچھا اقدام ہے۔ مگر وہ لوگ جو عملاً اپنے آپ کو پاکستان کے National ثابت نہیں کر رہے۔ بلکہ یہاں سے چلے گئے ہیں اور ہندوستان میں جا کر پاکستان کے خلاف اور مسلمانوں کے خلاف عملی طور پر حصہ لے رہے ہیں کیا اُن لوگوں کے ساتھ بھی ایک national والا سلوک ہونا چاہیئے۔ کیا اُن کو اجازت دے دینی چاہیئے کہ وہ اسی طرح پاکستان میں اپنی تجارت چلاتے رہیں۔ کیا یہ international law کی کسی دفعہ کے ماتحت جائز ہے۔ آخر وہ کون سی بات ہے جو آپ کو ایسے کمزور رویہ پر مجبور کر رہی ہے۔

اس کے علاوہ یونینسٹ پارٹی کے زمانے کی حکومت کے متعلق چند بھائیوں نے اعتراضات کئے ہیں۔ میں بھی یہ سمجھتا ہوں کہ یونینسٹ پارٹی کے زمانہ میں چند وزراء نے حکومت کی کچھ چیزیں حاصل کی تھیں۔ مثلاً موٹر کاریں وغیرہ۔ کیا اب جبکہ وہ حکومت سے علیحدہ ہو گئے ہیں ابھی یہ چیزیں اپنے پاس ہی رکھیں گے۔ کیا یہ چیزیں اُن کے پاس ہی رہنے دی جائیں گی اور کیا یہ جائز ہے کہ وہ دس ہزار والی موٹر کار خرید کر پندرہ یا بیس ہزار میں بیچ دیں۔ کیا اُن کا اخلاقی فرض نہ تھا کہ حکومت سے علیحدہ ہونے کے بعد یہ سب چیزیں واپس کر دیتے۔

میرے بھائی نیازی صاحب نے آپ کے سامنے ایک لوہار کا واقع بیان کیا ہے جو اچھے درجہ کا صناع ہونے کے باوجود بیکار ہے اور اپنی روزی نہیں کما سکتا۔ میں سمجھتا ہوں کہ اس قسم کے بے شمار لوگ مارے مارے پھر رہے ہیں۔ اس قسم کے لوگ بڑی تعداد میں بے خانماں پھر رہے ہیں۔ لیکن ہم ان کی طرف توجہ ہی نہیں کرتے۔ حقیقت یہ ہے کہ صحیح معنوں میں ان کو اپنے جوہر دکھانے کے مواقع ہی میسر نہیں اور نہ مل سکتے ہیں۔ اس لئے کہ ان کے پاس افسران بالادست تک پہنچنے کے ذرائع موجود نہیں ہیں۔ میں نے اپنے شہر گجر خاں میں انبالہ سے آئے ہوئے ایک صاحبزادہ کو دیکھا جس بے چارے کو نہ کوئی دوکان ملی ہے اور نہ اُس کے پاس ایسا کوئی ٹھکانہ ہے کہ جہاں پر اپنا کام چلا سکے۔ ایک ریڑھی پر کچھ کھلونے رکھے ہوئے لئے پھر رہا تھا۔ کھلونے عمدہ تھے اور اُس نے خود پتھر سے لوہے کے ٹکڑوں کو سیدھا کر کے بنائے تھے۔ اس آدمی کو دیکھ کر میں نے بے اختیار یہ شعر پڑھا ؎

یوں پھریں آشفتہ حال اہل کمال افسوس ہے
اے کمال افسوس ہے تجھ پر کمال افسوس ہے

ایسے کئی صناع ہوں گے جو آج خانماں برباد ہو کر مارے مارے پھر رہے ہیں۔ حکومت کو چاہیئے کہ اُن کو کام میں لگا کر اپنے لئے بھی فائدہ حاصل کرے اور اُن کی روزی کا سامان بھی کرے۔

میرے بھائی وزیر خزانہ نے اپنے بجٹ میں یہ بیان فرمایا ہے کہ پانچ ایکڑ سے لے کر آٹھ ایکڑ تک نہری زمین refugees کو دی جائے گی اور وہ علاقے جو نہری نہیں ہیں وہاں آٹھ ایکڑ سے بھی زیادہ زمین دی جائے گی۔ بیگم شاہ نواز صاحب نے بجا طور پر فرمایا ہے کہ چھ افراد کے خاندان کے لئے ۱۷۵ ایکڑ زمین ہی ایک economic holding ہو سکتی ہے اور اس سے کم پر کسی طرح گزارہ نہیں ہو سکتا۔ ان حالات میں کیا میں یہ نہیں پوچھ سکتا کہ راولپنڈی کے علاقہ میں جب کہ ماسوائے چند ایک

کے باقی سب ایسے لوگ ہیں جن کے پاس ۱۷/۸ ایکڑ تو الگ رہا۔ ۸ ایکڑ چھوڑ ۔ ۸ کنال چھوڑ چند مربعوں کے سوا کچھ بھی نہیں اُن کی economic holdiug کا کیا ہوگا۔ ذیلداروں کے متعلق کہا جاتا ہے کہ ان کا درجہ دوسرے لوگوں سے اونچا ہوتا ہے کیونکہ ان کی اقتصادی پوزیشن عوام کے مقابلہ میں زیادہ اچھی ہوتی ہے۔ لیکن جہاں ذیلدار کا سالانہ مالیہ دو اڑھائی روپے ہو تو آپ خود خیال فرما سکتے ہیں کہ باقی لوگوں کا کیا حال ہوگا۔ اور سوائے اس کے کہ تنومند اور صحت والے نوجوان اپنی زندگیاں اور عمریں برباد کر دیں اور ان کی بھلائی اور ترقی کے لئے کوئی راستہ نہیں کھلا۔ آپ دریائے جہلم سے ذرا پار چلے جائیے تو آپ وہاں بنجر سنگلاخ اراضی پائیں گے۔ میں بعض دفعہ خود حیران ہو جاتا ہوں کہ اس علاقہ میں لوگ کس طرح رہتے ہیں۔ اور اگر رہتے ہیں تو کھاتے کیا ہیں۔ ان کی حالت نہایت ہی ناگفتہ بہ ہے۔ اور جیسا کہ میں نے پہلے عرض کیا ہے کہ اس بجٹ میں ایک سرے سے لے کر دوسرے سرے تک ماسوائے رفیوجی پرابلم کے اور کچھ نہیں ہے۔ اور جیسا کہ سرگودھا کے لوگوں کا قاعدہ ہے کہ جب وہ عدالت میں گواہی دینے کے لئے جاتے ہیں تو عدالت پر اپنے زہد و تقوے کی دھاک بٹھانے کے لئے ہر فقرہ لفظ نماز کے ساتھ شروع کرتے ہیں اور لفظ نماز کے ساتھ ختم کرتے ہیں۔ جیسے میں نماز پڑھ چکا تو یہ ہوا میں نماز پڑھ چکا تو میں نے یہ واقعہ دیکھا میں نے یہ واقعہ دیکھنے کے بعد نماز پڑھنی شروع کی۔ میں نماز پڑھ رہا تھا تو میں نے شور سنا اسی طرح یہ بجٹ بھی رفیوجی بجٹ ہے۔ اور اس کا ہر فقرہ رفیوجی پرابلم سے شروع ہوتا ہے اور رفیوجی پرابلم پر ختم ہوتا ہے۔ میں سمجھتا ہوں کہ آج ہر افسر کو رفیوجی پرابلم کی ایک ڈھال مل گئی ہے جس کے ذریعہ وہ دوسرے لوگوں کا فوراً منہ بند کر سکتا ہے۔ یہ ایک چیز ہے جس پر قطعاً اعتراض نہیں ہو سکتا کیونکہ اگر دوسرے لوگ اعتراض کریں تو فوراً یہ کہہ دیا جاتا ہے کہ کتنے سنگ دل لوگ ہیں لاکھوں آدمی مر رہے ہیں انہیں اور باتوں کی سوجھ رہی ہے۔ آج ہر افسر کو یہ بہانہ مل گیا ہے۔ جس افسر کے پاس چلے جاؤ خواہ یہ فنانشل کمشنر ہو یا مجسٹریٹ ہو یا سیشن جج ہو۔ ہر کوئی ان میں سے یہ کہے گا کہ رفیوجی پرابلم سے فرصت نہیں ملتی۔ رات کو دو بجے تک کام کرتا رہا اور صبح اٹھا ہوں تو رفیوجیز کی طرف دھیان ہے اور کم فرصتی کا یہ عالم ہے کہ اور کسی بات کی طرف توجہ نہیں کر سکتے۔ آج ہمارے علاقہ کی طرف کسی کو دھیان نہیں ہے۔ جو کہ بالکل بارانی ہے۔ آپ نے دوسرے علاقوں کے لئے نہریں کھولی ہیں اور بڑے بڑے انتظامات کئے ہیں۔ کہیں پر وجکٹ بن رہے ہیں اور کہیں نہریں بنائی جا رہی ہیں جن سے اراضی آبپاش ہوتی ہیں۔ لیکن آپ نے میرے بارانی ضلع کو ہمیشہ نظر انداز کئے رکھا ہے اور اب بھی آپ نظر انداز کر رہے ہیں۔ آپ کو اس علاقہ کے لوگوں کے لئے بھی کوئی ایسی سکیم بنانی چاہیئے جس سے یہ لوگ بھی خوشحالی کی زندگی بسر کر سکیں۔ انگریزوں کے مدنظر تو ایک ہی بات تھی اور وہ یہ کہ وہ ان کو اپنی استعمار کی جنگ میں لڑانا چاہتا تھا۔ انگریز کو کسی نہ کسی طرح یہ محاورہ معلوم ہو گیا تھا کہ بھوکا بٹیر خوب لڑتا ہے۔ اس لئے اس نے ان کو بھوکا رکھا گو جو خان کی تحصیل میں جہاں فوجی زیادہ تعداد میں بھرتی ہوتے ہیں کوئی ایسا طریق نہیں اختیار کیا گیا جس سے غریبوں کی حالت درست ہو سکے۔

Mr. Speaker : Only five minutes more.

راجہ سید اکبر خاں ۔ صاحب صدر کسی بجٹ میں جو آج تک یہاں پیش ہوتے رہے ہیں اور اس بجٹ میں بھی قوم کے اتنے بڑے مفلوک الحال طبقہ کے لئے کوئی توجہ نہیں کی گئی ۔ اگر آپ کے مدنظر بھی وہی بات ہے اور آپ بھی انہیں اپنی کسی استعمار کی جنگ میں لڑانا چاہتے ہیں تو یہ اور بات ہے لیکن اب جبکہ آپ فوج کی ملازمت کو عام کرنا چاہتے ہیں تو آپ کا یہ فرض ہے کہ آپ ان لوگوں کے لئے ذریعہ معاش پیدا کریں ۔ اور علاقوں میں بارش کو باران رحمت کہا جاتا ہے لیکن جو علاقے پہاڑ کے دامن میں واقع ہیں وہاں بسا اوقات بارش زحمت بن جاتی ہے ۔ جب بارش کی ضرورت ہوتی ہے بارش نہیں ہوتی ۔ جب بارشیں زیادہ ہوتی ہیں تو ان سے تھوڑی بہت زرخیزی جو زمین کی باقی ہوتی ہے وہ بارش کے سیلاب سے سیدھی بہ کر بحیرۂ ہند میں پہنچ جاتی ہے اور وہاں کسی مقدس زمین کے ساتھ مل جاتی ہے اس سے وہاں کے لوگوں کی تکالیف میں اور بھی اضافہ ہو جاتا ہے اس کے علاوہ لوگوں کو کئی اور چیزوں کے باعث بھی تکلیف ہو رہی ہے ۔ مثلاً آپ کو معلوم ہے کہ آج کل ٹرانسپورٹ نہ ہونے کے باعث پبلک کو غذا کے معاملہ میں اس قدر تکلیف کا سامنا کرنا پڑا ہے ۔ غذا کا معاملہ نہایت اہم ہے ۔ قوم کا ایک حصہ سکھوں کی ہوس رانیوں کا شکار ہو گیا ہے تو اگر قوم کے دوسرے ایسے حصہ کو آپ کی عدم توجہی کے باعث بھوک کا شکار ہونا پڑا تو میرے خیال میں یہ بہت زیادہ افسوسناک واقعہ ہو گا ۔ اس وقت ٹرانسپورٹ کے معاملہ میں دقت ہو رہی ہے ۔ لاریاں نہیں چلتیں ۔ ٹرک نہیں چلتے حتیٰ کہ گاڑیوں پر سوار ہونے میں بھی بہت دقتیں حائل ہیں نتیجہ یہ ہے کہ باہر سے غلہ نہیں آ سکتا مقامی طور پر یہ کافی مقدار میں پیدا نہیں ہوتا ۔ لہذا لوگ بھوکے مر رہے ہیں ۔ میں نے سنا ہے کہ کوئی آرڈر جاری کیا گیا ہے جس کے ذریعہ سے دیہات کے اندر راشننگ کلیتاً بند کر دیا گیا ہے ۔ میں یہ سمجھتا ہوں کہ جن علاقوں میں زمیندار سے کافی مقدار میں غلہ پیدا ہوتا ہے وہاں اگر حکومت اس قسم کا آرڈر جاری کر دے تو مناسب ہو گا ۔ لیکن جن علاقوں میں مثلاً مری کہوٹہ ۔ گوجر خاں اور راولپنڈی کے بہت سارے علاقہ میں آپ کو ایسے ایسے گاؤں ملیں گے جن کی مجموعی سالانہ پیداوار غلہ ایک دن کے لئے بھی کافی نہیں ۔ وہاں تکلیف اور مصیبت کا یہ عالم ہے کہ جب میں کل وہاں سے آ رہا تھا تو میں نے دیکھا کہ بے شمار فاقہ کش لوگ آگے پیچھے دوڑے جا رہے تھے اور کہتے تھے کہ کوئی نیا آرڈر آ گیا ہے اور اب ان کو راشن کی کوئی چیز بھی نہیں مل سکے گی ۔ غلہ نہیں ملے گا اور آپ خود انتظام کریں میں یہ سمجھتا ہوں کہ اگر یہی حالات رہے تو یہ بہت خطرناک بات ہو گی ۔ اور ہر شخص غالب کا یہ شعر پڑھے گا ۔

یہ تو مانا کہ تغافل نہ کرو گے لیکن
خاک ہو جائیں گے ہم تم کو خبر ہونے تک

میری محترمہ بہن نے یہ کہا ہے کہ ہمیں اپنے سامنے کوئی نہ کوئی Target ضروری رکھنا چاہئے ۔ اور جو Target انہوں نے ہمارے سامنے رکھا وہ برٹن آف سنہ ۱۸۷۰ء ہے اور پھر خود ہی فرما دیا کہ انگریزوں جیسا دقیانوسی نظام کسی کا نہیں ۔ ان کا موجودہ نظام دقیانوسی ہے

اور اگر ہم ۷ یا ۸۰ برس پیچھے کی طرف چلے جائیں تو ان کے نزدیک یہ نظام پروگریسو ہو جائے گا۔ ایسا معلوم ہوتا ہے کہ وہ مسلمانوں کو لنگا کبوتر بنانا چاہتی ہیں۔ کہ اگر وہ دس قدم آگے جانا چاہیں تو دس قدم پیچھے جا پڑیں گویا وہ مسلمانوں کی قوم کو پچھل پیری بنانا چاہتی ہیں کہ جانا آگے کی طرف چاہیئے مگر حقیقت میں پیچھے کی طرف جائے۔ ہمیں کوئی نہ کوئی ٹارگٹ ضرور مدنظر رکھنا چاہیئے کیا اچھا ہوتا اگر میری بہن یہ فرماتیں کہ ہمیں حضور سرور کائنات کے اسوۂ حسنہ کو اپنے سامنے رکھنا چاہیئے اور خلافت راشدہ کی مثال اپنے سامنے رکھنی چاہیئے۔ اگر حضور سرور کائنات کا شاندار اسوۂ حسنہ اور واضح طریق ہمارے سامنے موجود ہے تو اس کی موجودگی میں ہمیں کیا ضرورت ہے کہ ہم کسی اور ملک کے طریق کو اپنے سامنے رکھیں۔

Mr. Speaker : Please wind up.

راجہ سید اکبر خاں۔ بہتر جناب والا۔ آخر میں اپنے محترم بھائی میاں محمد ممتاز خاں دولتانہ کو یہ بجٹ پیش کرنے پر مبارکباد پیش کرتا ہوں کہ انہوں نے نہایت نامساعد حالات کے باوجود اتنا اعلےٰ بجٹ پیش کیا ہے۔

Chaudhri Aziz Din (Lyallpur, Muhammadan, Rural) :

چوہدری عزیز دین:۔

صدر محترم میں وزیر خزانہ کی خدمت میں آزاد پاکستان کے اندر آزاد مغربی پنجاب کا پہلا بجٹ پیش کرنے پر مبارکباد پیش کرتا ہوں۔ مجھے نیازی صاحب کے اس اعتراض سے اختلاف ہے۔ کہ اس بجٹ اور یونینسٹ گورنمنٹ کے بجٹ میں کوئی فرق نہیں ہے۔ اس بجٹ کا زیادہ حصہ مہاجرین پر خرچ کیا گیا ہے۔ اسی بات سے ظاہر ہے۔ کہ یہ بجٹ پہلے بجٹوں سے مختلف ہے لیکن میں اس بجٹ کو ایک حوصلہ افزا بجٹ نہیں سمجھتا ہوں۔ اس لئے نہیں۔ کہ یہ خسارے کا بجٹ ہے۔ بلکہ اس لئے کہ مہاجرین بھائیوں اور پولیس وغیرہ پر جو مصارف برداشت کئے گئے ہیں۔ ان سے جسقدر فائدہ اٹھایا جا سکتا تھا۔ نہیں اٹھایا گیا ہے۔ وزیر خزانہ سے امید تھی۔ کہ وہ ایک حوصلہ افزا بجٹ پیش کریں گے۔ اس میں افلاس زدہ لوگوں کی فلاح و بہبود کا بندوبست ہوگا۔ جیسا کہ مسلم لیگ کی پیشگوئیوں میں ہماری اپنی حکومت واضح کر چکی تھی۔ اس لئے علاوہ فلاح و بہبود کے دیگر محکمہ جات پر اخراجات گورنر کے بجٹ سے بھی کم کر دیئے گئے ہیں۔

مہاجرین پر جو روپیہ خرچ کیا جا رہا ہے۔ مجھے اس پر کچھ اعتراض نہیں ہے۔ بلکہ اگر اس سے بھی زیادہ خرچ کیا جائے۔ تو بھی جائز ہوگا۔ لیکن طریقہ صرف میں اصلاح کی ضرورت ہے۔ آج مسلم لیگ پارٹی برسر اقتدار ہے۔ جو ایک عوامی جماعت ہے۔ اس میں نہایت دیانتدار اور اعلیٰ کارکن موجود ہیں۔ جن کی مدد اور تعاون سے افسران مہاجرین کو پھر سے بسانے کا کام بطریق احسن انجام دے سکتے تھے۔ لیکن افسران اسی پرانی روش پر جادہ پیما ہیں۔ کسی سے تعاون نہیں کرتے ادھر ہماری وزارت پر یک لخت اس قدر بھاری بوجھ پڑ گیا ہے۔ کہ وہ اس قدر توجہ ہی نہ دے سکی۔

افسران نے کسی اور پر بھروسہ ہی نہ کیا۔ کام اس قدر زیادہ تھا۔ کہ اس کے لئے زیادہ سے زیادہ اشخاص کی ضرورت تھی۔ افسران کا عملہ بڑھتا گیا۔ جو زیادہ خرچ کا موجب بنا۔ یہی کام مسلم لیگی کارکنوں کے تعاون سے افسران کی پہلی معمولی سی تعداد نہایت خوش اسلوبی سے سرانجام دے سکتی تھی۔ جس سے خرچ میں بھی بچت رہتی۔ افسران کے عملہ میں ایزادی کے باوجود ابھی لوگ سڑکوں پر پڑے جاڑے سے ٹھٹھر رہے ہیں۔ انہیں ذریعہ معاش بہم پہنچانا تو علیحدہ رہا۔ ان کے پاس لحاف بھی نہیں ہیں۔ تاکہ وہ سردی سے بچ سکیں۔ عوام نے تو ہر قسم کی قربانی کی ہے۔ اور مہاجرین کی مدد میں کوئی فروگذاشت نہیں کی ہے۔ لیکن افسران کے عدم تعاون کی وجہ سے ابھی یہ مشکل حل نہیں ہو سکی۔ اگر افسران کا عملہ بڑھانے کی بجائے مسلم لیگی کارکنوں سے کام لیا جاتا تو یہ کام بلا شبہ نہایت کم خرچ سے ہو سکتا تھا۔ ایک وزیر اور ایک اعلےٰ افسر کے علاوہ زیادہ افسران کی ضرورت بھی نہ پڑتی۔ اب بھی مسلم لیگ کے کارکنوں پر بھروسہ کر کے ان سے کام لینا چاہیئے۔ تاکہ جو روپیہ بچے وہ مہاجرین کے کسی اور کام آسکے۔

دوسری بات میں یہ عرض کرنا چاہتا ہوں۔ کہ جلسوں اور پارٹی میٹنگوں میں تو یہ کہا جاتا تھا۔ کہ غریبوں کو اونچا کیا جائیگا۔ اور سرمایہ داری کا خاتمہ کیا جائے گا۔ مگر عملاً اس کے بالکل برعکس ہو رہا ہے۔ جہاں تک آراضیات کی تقسیم کا تعلق ہے۔ اسے ایک کنبہ کو ۵ سے ۸ ایکڑ تک تقسیم کیا جانا بیان کیا گیا ہے۔ مگر لائل پور ضلع میں جو ہمارے صوبہ کا زرخیز ترین ضلع ہے۔ ایسا نہیں ہے۔ وہاں ایک آدمی کے لئے ۵ ایکڑ نہیں وہاں ایک آدمی کے لئے صرف ایک ایکڑ ہے۔ اگر ایک گھر کے تین افراد ہیں۔ تو انہیں تین ایکڑ اراضی ملے گی۔ اور ۵ افراد ہوں ۵ ایکڑ ۸ افراد تک ۸ ایکڑ ملے گی۔ اور ۸ سے زائد ہوں تو بھی ۸ ایکڑ۔ ۱۲ افراد کے کنبہ کو بھی ۸ ایکڑ ہی ملے ہیں۔ میری یہ گذارش ہے۔ کہ ۸ ایکڑ یا ۵ ایکڑ سے کسی خاندان کا گذارہ ہونا ناممکن ہے۔ محترمہ بیگم شاہ نواز صاحبہ اپنی تقریر میں بتا چکی ہیں۔ کہ ایک خاندان کے گذارہ کے لئے کم از کم ۱۷ ایکڑ اراضی ہونی ضروری ہے۔ دوسرا اس کا نقصان یہ ہوگا۔ کہ لائل پور کا ضلع جو آج تک سرپلس کا ضلع رہا ہے۔ وہاں اس قسم کی تقسیم کی وجہ سے کاشت نفع آور نہ رہے گی۔ اور خطرہ ہے۔ کہ وہ ضلع بھی کہیں ڈی فسٹ ضلع ہو کر نہ رہ جائے۔ کیونکہ ۵ ایکڑ اراضی کے کاشتکار کو بیلوں کی ایک جوڑی بھی رکھنی پڑے گی۔ کم از کم ایک بھینس بھی پالنی پڑے گی۔ پھر ان جانوروں کے لئے چارہ بھی چاہیئے . . . . . اب اجناس کی کاشت کے لئے کیا زمین رہ گئی۔ اور اگر اجناس کی کاشت نہ ہوئی۔ تو ضلع لائل پور جو اب تک اپنی ضروریات سے زیادہ اجناس پیدا کر رہا ہے۔ الٹا اس لحاظ سے ضرورت مند ضلع ہو جائے گا۔ میں سمجھتا ہوں کہ ہمارے صوبہ میں جو اراضی غیر مسلم چھوڑ گئے ہیں۔ وہ مہاجرین کے لئے کافی نہیں ہے۔ مگر گورنمنٹ کے پاس بہت سی سرکاری زمینیں پڑی ہوئی ہیں۔ اور حکومت ان کو بھی غیر مسلموں کی چھوڑی ہوئی اراضی کے ساتھ مہاجرین میں تقسیم کر سکتی ہے۔ اور ہر کنبہ کو نصف مربعہ تک اراضی دے سکتی ہے۔ لیکن مشکل یہ ہے۔ کہ ابھی تک گورنمنٹ نے ہمارے سامنے کوئی واضح سکیم نہیں رکھی۔ کہ کتنی اراضی ہے۔ اور اس پر کتنے زمیندار بسانے ہیں۔ اس وقت تک بھی ہمیں پتہ نہیں۔ کہ یہاں غیر مسلم کتنی اراضی چھوڑ گئے ہیں۔ اور سرکار نے اپنی طرف سے کتنی اور اراضی مہاجرین میں تقسیم کرنی ہے۔ یہ اندازہ لگانا کوئی بہت مشکل نہ تھا۔ حکومت کے پاس مشینری

موجود ہے۔ ڈپٹی کمشنر ہیں۔ کلکٹر ہیں۔ کالونی اسسٹنٹ ہیں۔ پھر سرکاری ریکارڈ موجود ہیں۔ تین چار روز کے اندر غیر مسلموں کی چھوڑی ہوئی تمام اراضی کا اندازہ کیا جاسکتا تھا۔ اور پھر حکومت اس اندازہ کے مطابق اپنی پالیسی کا فیصلہ کرسکتی تھی۔ اگر ایسا ہوا ہوتا۔ تو لوگوں کو اس قدر تکلیف نہ ہوتی۔ ان کو ایک جگہ بیٹھ کر پھر وہاں سے اٹھنا نہ پڑتا۔ حکومت کو بھی دوہرا خرچ برداشت نہ کرنا پڑتا۔ پہلے حکومت کو دس پندرہ روز کے اندر اپنی پالیسی مقرر کرلینی چاہیئے۔ اور پھر اس کے مطابق تمام کام چلانا چاہیئے۔ پھر ہماری حکومت نے شروع سے یہ فیصلہ نہ کیا۔ کہ ایک ضلع میں مشرقی پنجاب کے کسی ضلع کے کتنے مہاجرین جانے ہیں۔ پہلے کتنے جاچکے ہیں۔ اور کتنوں کی گنجائش ہے۔ اس کا نتیجہ یہ ہوا۔ کہ جس ضلع کے متعلق مہاجرین کو خیال ہوا۔ کہ وہاں کی زمین اچھی ہے۔ سب نے ادھر ہی کا رخ کرلیا۔ اور وہاں پہنچ گئے۔ اور جب وہاں اراضی نہ ملی۔ تو پھر اور ضلعوں میں جانا پڑا۔ اس طرح ہمیں خواہ مخواہ اخراجات بھی برداشت کرنے پڑے۔ اور دقتیں بھی ہوئیں۔ اگر حکومت نے پہلے سے کوئی پالیسی مقرر کی ہوتی۔ اور اس کے مطابق تمام کام ہوتا۔ تو نہ یہ تکلیفیں ہوتیں۔ اور نہ دوبارہ خرچ لوگ ایک ہی بار ایک جگہ جاکر بس جاتے۔ اب بھی حکومت کو اندازہ کرنا چاہیئے۔ اب کپاس کی فصل تو ختم ہوئی۔ اگلی فصل کا وقت آنے والا ہے۔ اس کے لئے زمین تیار کرنا ہے۔ اس لئے ضروری ہے۔ کہ جلد از جلد تمام صوبہ کے لئے ایک پالیسی کا تعین ہو جس کے مطابق اراضی دی جائے۔ جس کے مطابق افسران کاربند ہوں اور کام چلایا جاسکے۔

اب میں فیکٹریوں کی تقسیم کی طرف آتا ہوں۔ جناب والا! ہمارے وزیر خزانہ اس سے پہلے کئی بار یہ ظاہر کرچکے تھے۔ کہ ان کی پالیسی غریبوں کو ترقی دینا ہے۔ ان کی پالیسی سرمایہ دار کو اور سرمایہ دار بنانا نہیں۔ مگر جہاں تک فیکٹریوں کی تقسیم کا تعلق ہے۔ . . . . . اس اصول کا کوئی خیال نہیں رکھا گیا۔ اس میں بہت کوتاہی ہوئی ہے۔ کارخانے ایسے لوگوں کو دیئے گئے ہیں۔ جو پہلے ہی سرمایہ دار تھے۔ گویا سرمایہ داروں کو اور بڑے سرمایہ دار بنانے کی کوشش کی گئی ہے۔ میں ایک قصبہ چک جھمرہ کی مثال پیش کرتا ہوں۔ یہ ایک منڈی ہے۔ جہاں چار کپاس کے کارخانے ہیں۔ پہلے ایک کارخانہ ایک مسلمان کا تھا۔ اور باقی تین غیر مسلموں کے۔ اب غیر مسلموں کے یہاں سے چلے گئے بعد باقی دو اور کارخانے بھی مسلمانوں کو دے دیئے گئے ہیں۔ یہ مسلمان بھی پہلے مسلمان کارخانہ دار کے رشتہ دار ہیں۔ اور ان تینوں نے پول کیا ہوا ہے۔ دل چاہے تو کسی سے کپاس لیتے ہیں۔ اور نہ دل چاہے تو نہیں لیتے۔ باہر سے جو زمیندار کپاس لے کے آتے ہیں۔ انہیں تین چار روز تک بٹھا چھوڑتے ہیں۔ تاکہ وہ مجبور ہو کر انہیں جس قیمت پر کارخانے والے چاہتے ہیں۔ اس قیمت پر کپاس دے جائیں۔ چار ماہ سے ایسا ہو رہا ہے۔ فیکٹریوں کی تقسیم میں زمینداروں کی ان تکالیف کا خیال نہیں رکھا گیا۔ میں نے آنریبل وزیر انڈسٹری سے اس بارہ میں گذارش کی تھی انہوں نے فرمایا۔ کہ انتظام کر دیا ہے۔ مگر ابھی تک حالات وہی ہیں۔ پہلے تو کتنا عرصہ کارخانے بند پڑے رہے۔ اس کی تین چار وجوہات تھیں۔ ایک تو یہ تھی۔ کہ الاٹمنٹ وقت پر نہیں ہوتی تھی دوئم بعض کارخانے مرمت طلب تھے۔ تیسری وجہ کوئلے کی تھی۔ جو اب تو کچھ رفع ہوتی جاتی ہے پھر جب الاٹمنٹ ہوئی۔ تو انہی مسلمانوں کو اور کارخانے مل گئے۔ جن کے پاس پہلے کارخانے موجود تھے۔ اور انہوں نے ساتھ ہی اس مال پر قبضہ کرلیا۔ جو کارخانوں میں پڑا ہوا تھا۔ اب یہ حالت ہے

کہ تمام منڈی پر ان کا قبضہ ہے۔ اور جو قیمت وہ مقرر کرتے ہیں۔ اسی پر زمینداروں کو کپاس فروخت کرنا پڑتی ہے۔ جس سے زمینداروں کو الگ نقصان پہنچ رہا ہے۔ اور گورنمنٹ کو الگ۔ اس لئے حکومت کی خدمت میں گذارش ہے۔ کہ وہ الاٹمنٹ کو چیک کرے۔ اور اس بات کا خیال رکھا جائے کہ سرمایہ دار کو اور سرمایہ دار نہ بنایا جائے۔ پبلک کو فائدہ پہنچایا جائے۔ نہ کہ ان لوگوں کو جو پول کر کے زمینداروں کو جن پر حکومت کا دارومدار ہے۔ ہزاروں لاکھوں اور کروڑوں کا نقصان پہنچا رہے ہیں۔

اس کے علاوہ اخراجات کے متعلق بھی مجھے کچھ عرض کرنا ہے۔ یہ ٹھیک ہے۔ کہ مہاجرین پر حکومت کو کچھ خرچ کرنا پڑا اور انہوں نے خرچ کیا ہمیں کوئی اعتراض نہیں اگر اس سے بھی زیادہ خرچ مہاجرین پر کرنا پڑتا۔ تو ہم کرتے اور خوشی سے کرتے۔ مگر میری گذارش یہ ہے۔ کہ اگر اس کام کیلئے نئے آدمی بھرتی کرنے کی بجائے ان محکموں کے عملے سے مہاجرین کے کام لے لیا جاتا۔ جو ان دنوں بند پڑے تھے۔ تو کیا حرج تھا۔ اس طرح خرچ کی بہت بڑی بچت ہو سکتی تھی۔ نئے آدمیوں کو اتنی بڑی تنخواہیں نہ دینا پڑتیں۔ اور یہ تمام روپیہ بچ جاتا۔ مثال کے طور پر ۱۵ اگست سے محکمہ پنچایت کوئی کام نہیں کر رہا ہے۔ اسی طرح weight and measures والے کیا کر رہے ہیں۔ ایک طرف تو ہم یہ کہتے ہیں۔ کہ دن رات کام کرو۔ محنت کرو۔ اور دوسری طرف بعض ایسے محکموں پر پبلک کا روپیہ خرچ ہو رہا ہے۔ جو کچھ نہیں کر رہے۔ اگر آپ ان محکموں کو بند نہیں کرنا چاہتے۔ تو کم از کم اتنا تو کیجئے۔ کہ ان کے عملے کو مہاجرین کے کام پر لگا دیجئے۔ تاکہ اس طرح جو رقم بچے۔ وہ مہاجرین کے کام آ سکے ویسے تو اب ان محکموں کی کوئی ضرورت نہیں۔ یہ صرف پوسٹ آفس کا کام دے رہے ہیں۔

اس کے علاوہ کمشنر کا دفتر ہے۔ جو قطعاً کوئی مفید کام نہیں کرتا۔ ہمارے وزراء صاحبان موجود ہیں۔ وہ اچھی طرح جانتے ہیں۔ کہ ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ کے دفتر کو اس دفتر سے کیا تعلق ہے۔ میں سمجھتا ہوں۔ کہ اس پر جو ہزارہا بلکہ لاکھوں روپیہ خرچ ہوتا ہے۔ اس سے کوئی مفید مقصد حاصل نہیں ہوتا۔ لہذا میرے خیال میں اس کی بھی کوئی ضرورت نہیں۔ میں آنریبل وزیر خزانہ سے درخواست کروں گا۔ کہ آئندہ بجٹ میں اس امر کا بھی خاص خیال رکھا جائے۔

اس کے علاوہ میرے بھائیوں نے اس بات پر بھی زور دیا ہے۔ کہ وزیروں کی تنخواہیں کم ہونی چاہئیں۔ یہ درست ہے۔ اگر ان میں کمی ہو سکتی ہو۔ تو ضرور کرنی چاہئے۔ مگر ساتھ ہی میں یہ بھی عرض کر دوں کہ ہمیں اس امر کو بھی ملحوظ رکھنا چاہئے۔ کہ تنخواہیں کم کرنے کے متعلق قریب لوگ کہتے ہیں۔ مگر یہ کوئی نہیں کہتا۔ کہ ان میں کتنی کمی کی جانی چاہئے۔ اور آیا اس کمی کے بعد ان تنخواہوں میں ہمارے وزراء کا گزارہ ہو سکے گا۔ وزراء کی تنخواہیں کم کرنے کے لئے تو بیشتر ممبران نے آواز بلند کی ہے۔ مگر میں حیران ہوں۔ کہ کسی شخص نے ایسے افسروں کی تنخواہوں میں کمی کرنے کے بارے میں کچھ نہیں کہا۔ جو تین تین ہزار روپے ماہوار تنخواہیں پاتے ہیں۔ اس ضمن میں یہ بھی کہا گیا ہے۔ کہ چونکہ اخراجات بہت بڑھ گئے ہیں۔ اس لئے ملازمین کی تنخواہیں کم کر دینی چاہئیں۔ تو اس سلسلے میں میری گذارش یہ ہے۔ کہ زیادہ تنخواہیں پانے والے افسروں کی تنخواہیں تو بیشک کم ہونی چاہئیں مگر تھوڑی تنخواہ لینے والے ملازمین جو پہلے ہی مہنگائی کی وجہ سے ضرورتمند ہیں۔ تنخواہوں میں کمی ہو جانے سے شاید مہنگائی کے بوجھ تلے اور دب جائیں۔ اور ان کی حالت بد سے بدتر ہو جائے۔ میرا خیال ہے۔ کہ زیادہ تنخواہ پانے والے افسروں

کی تنخواہوں میں کمی کر کے اسی روپے سے کم تنخواہ لینے والے ملازمین کی مدد کی جائے۔ اور اگر کوئی گنجائش ہو۔ تو حکومت ان کی تنخواہوں میں مزید اضافہ کر دے۔ میں امید کرتا ہوں۔ کہ آئندہ بجٹ تیار کرتے وقت اس امر کا بھی خاص خیال رکھا جائے گا۔

جناب والا۔ محترمہ بیگم صاحبہ نے جوڈیشل اور ایگزیکٹو عدالتوں کے متعلق جو کچھ فرمایا ہے۔ وہ بالکل درست ہے۔ اگر ہم چاہتے ہیں۔ کہ ہمارے صوبے میں انصاف کا دور دورہ ہو۔ تو ہمیں جوڈیشل اور ایگزیکٹو عدالتوں کو علیحدہ علیحدہ کر دینا چاہئے۔ لہذا میں اس تجویز کی پرزور تائید کرتا ہوں۔

جناب والا۔ اب میں مہاجرین کی جائیداد کے متعلق کچھ عرض کروں گا۔ اس وقت پاکستان کو قائم ہوئے پانچ مہینے ہو چکے ہیں۔ مہاجرین کا مسئلہ جو پاکستان کے قیام کے ساتھ ہی شروع ہوا تھا۔ ابھی تک ویسے کا ویسا ہی نظر آتا ہے۔ ابھی تک ہمارے سامنے کوئی تجاویز نہیں آئیں۔ جب بھی دریافت کیا جاتا ہے۔ کہ مہاجرین کی جائداد کے متعلق کیا انتظامات کئے گئے ہیں۔ تو جواب ملتا ہے۔ کہ فی الحال یہ معاملہ زیر غور ہے۔ میں سمجھتا ہوں۔ کہ مہاجرین کی جائیداد کے متعلق کسی ضلع میں کوئی انتظام نہیں کیا گیا۔ اس کے متعلق ضلعوں کے حکام اعلےٰ کے پاس بھی کوئی احکام نہیں پہنچے۔ وہ بھی من مانی کارروائیاں کر رہے ہیں۔ یہاں میں لائل پور کے متعلق ایک حقیقت آپ کے سامنے رکھنا چاہتا ہوں۔ اور وہ یہ کہ پاکستان قائم ہونے کے بعد لائل پور میں مقیم غیر مسلم اپنی جائیداد اور املاک بدستور فروخت کرتے رہے۔ چنانچہ مسلمانوں نے ان میں سے بیشتر خرید لیں۔ مگر بعد ازاں معلوم نہیں حکومت کو کیا سوجھی کہ انہیں لوگوں کی جائیدادیں یا زمینیں وغیرہ خریدنے کی ممانعت کر دی گئی ہے۔ لہذا اگر کوئی شخص جائیداد یا زمین وغیرہ خریدے یا خریدنے کی کوشش کرے تو اسے منظوری نہیں دی جاتی۔ بعض حالات میں تو یہ بھی دیکھنے میں آیا ہے۔ کہ غیر مسلموں کی جائیداد وغیرہ کے لئے کسی شخص کو مختار ہی تسلیم نہیں کیا جاتا۔ خواہ اس نے اصل مالک سے قانونی لحاظ سے مکمل مختارنامہ ہی کیوں نہ حاصل کر رکھا ہو۔ میں آپ کی وساطت سے حکومت کی خدمت میں گذارش کروں گا۔ کہ وہ اس بارے میں کوئی واضح پالیسی مرتب کرے نیز ایسے مسلمانوں کے متعلق بھی مناسب فیصلے کرے جنہیں حکومت کی طرف سے کارخانے یا صنعتی ادارے مل چکے ہیں۔ اور الاٹمنٹ ہو جانے کے بعد ان کے اصل مالکوں نے ان کی واپسی کا مطالبہ کر رکھا ہو۔ اور اگر آئندہ غیر مسلم مالکوں کے مختار یا وہ خود آجائیں۔ تو اس حالت میں کیا کرنا چاہئے۔ مثلاً ہم دیکھتے ہیں۔ کہ برکا نے اب اپنا ایک مختار بھیج دیا ہے۔ جو اس کی تمام جائداد کا قبضہ لے رہا ہے۔ چنانچہ اس شخص نے برکا کی جائیداد کا بیشتر حصہ اکٹھا کر لیا ہے۔ ابھی حال ہی میں اس نے چک جھمرہ کے سٹیشن پر پڑے ہوئے اس مال کا قبضہ لیا ہے۔ جو نیلام ہو چکا ہے۔ میں سمجھتا ہوں۔ یہ بہت بڑی بدنظمی ہے۔ اس کی اصلاح کے لئے حکومت کو جلد از جلد کوئی پالیسی مرتب کرنی چاہئے۔ اور بحث مباحثے کے بعد اسے عملی جامہ پہنانا چاہئے۔

جناب والا۔ اب میں صرف ایک گذارش اور کرنی چاہتا ہوں۔ اور وہ اس کمی کے متعلق ہے۔ جو رفاہی محکموں Beneficent Deparments کی بجٹ میں کی گئی ہے۔ میں سمجھتا ہوں۔ کہ یہ کمی بالکل غیر موزوں ہے۔ ہمارا خیال تھا۔ کہ ان محکموں کے اخراجات میں آئندہ بجٹ میں کچھ اضافہ کیا جائے گا۔ مگر واقعات ہماری توقعات کے بالکل برعکس ہیں۔ میرے خیال میں

ایسے محکمہ جات کے بجٹ میں جن سے عوام کو زیادہ سے زیادہ فائدہ پہنچ سکتا ہو ہرگز کمی نہیں کرنی چاہیئے۔ ان میں سے ایک محکمہ صنعت و حرفت (Industries Department) ہے۔ اس محکمہ پر پہلے میزانیہ کے مطابق اس عبوری عرصہ میں ۲۷ لاکھ روپیہ خرچ ہونا تھا۔ مگر ہمارے وزیر خزانہ نے اسے بھی کم کر دیا ہے۔ ۱۵۔ اگست سے لیکر اس مالی سال کے اختتام تک نواب گورنر بہادر کے بجٹ کو تو پہلے کی طرح ویسے کا ویسا ہی رہنے دیا ہے۔ مگر مغربی پنجاب کے رفاہی محکموں میں کئی لاکھ کی کمی کر دی گئی ہے۔ اسی طرح کوآپریٹو کا محکمہ ہے۔ جسے چاول وغیرہ کی خرید کا کام سپرد کیا گیا ہے۔ یہ محکمہ نہایت ہی مفید کام سرانجام دے رہا ہے۔ مگر کمی کرتے وقت اس کا بھی لحاظ نہیں رکھا گیا۔ اس محکمے کا بجٹ ۲۷ لاکھ روپے تھا۔ مگر اب اسے کم کر کے ۱۷ لاکھ کر دیا گیا ہے۔ اسی طرح حضور والا۔ پبلک ہیلتھ اور ویٹرنری وغیرہ کے محکمہ جات ہیں۔ جن کے بجٹ میں کمی کی گئی ہے۔ میں امید کرتا ہوں۔ کہ آنریبل وزیر خزانہ آئندہ بجٹ تیار کرتے وقت ان محکمہ جات کا خاص خیال رکھیں گے اور ہماری تجاویز کو نظر انداز نہیں کریں گے۔ ان الفاظ کے ساتھ میں اپنی تقریر ختم کرتا ہوں۔ اور وزیر خزانہ کو ان کی جامع تقریر بجٹ پر مبارکباد پیش کرتا ہوں۔

Chaudhri Muhammad Sarfraz Khan (Sialkot Central, Muhammadan, Rural).

چودھری محمد سرفراز خاں:۔

صدر محترم۔ میں آپ کی وساطت سے وزیر خزانہ کو زیر غور بجٹ پیش کرنے پر مبارکباد دیتا ہوں۔

جناب والا۔ ابھی ابھی میرے دوست چودھری عزیز ذین اس امر کے متعلق ذکر کر رہے تھے۔ کہ زیادہ تنخواہ پانے والے افسروں کی تنخواہیں کم کر کے کم تنخواہ پانے والے ملازمین کی مدد کی جائے۔ میں ان کی خدمت میں یہ گذارش کروں گا۔ کہ اول تو بڑے بڑے افسر تعداد میں بہت ہی کم ہیں اور ان کے مقابلے میں کم تنخواہ لینے والے ملازمین بہت زیادہ ہیں۔ دوسرے یہ کہ بڑے بڑے افسروں کی تنخواہیں کم کرنے سے اتنا فائدہ نہیں ہوگا۔ جتنا کم تنخواہ پانے والے ملازمین کی تنخواہیں بڑھانے سے نقصان ہوگا۔ لہذا میں سمجھتا ہوں۔ کہ ان کی تجویز کسی صورت میں بھی حکومت کے لئے قابل قبول اور صوبے کی مالی حالت کے لئے مفید ثابت نہیں ہو سکتی۔

جناب والا۔ اس کے بعد میں اپنے علاقے سے متعلق چند گزارشات پیش کرنا چاہتا ہوں میرے علاقے میں لوگوں کو بہت سی مالی مشکلات درپیش ہیں۔ اس علاقے میں ایک تھانہ ہے۔ جس کا نام [illegible] کے ہے۔ اس تھانے کے علاقے کو ایک نالہ سیراب کرتا تھا۔ جو جموں سے آتا ہے۔ مگر اب اس نالے نے اپنا رخ بدل لیا ہے۔ اور وہاں لوگوں کو پانی کی قلت کی فکر دامنگیر ہے۔ اس علاقے میں جو کنوئیں ہیں ان میں پانی بالکل خشک ہو چکا ہے۔ انتخابات کے دوران میں جب میں وہاں گیا۔ تو اس علاقے کے لوگ میرے پاس آئے۔ اور انہوں نے مجھے اپنی شکایات اور تکالیف

سے آگاہ کیا۔ ساتھ ہی انہوں نے مجھے ایک شرط پر ووٹ دینے کا وعدہ کیا۔ وہ شرط یہ تھی۔ کہ ہم آپ کو ووٹ اس وقت دیں گے۔ جب آپ ہماری زمینوں کے لئے پانی کا کوئی بندوبست کریں گے چنانچہ میں نے اس کا جواب یہ دیا۔ کہ فی الحال تو میں آپ کی کوئی مدد نہیں کر سکتا البتہ آپ کو اتنا یقین ضرور دلا سکتا ہوں کہ کل جب مسلم لیگ برسر اقتدار آئے گی۔ تو چونکہ وہ آپ کی اپنی حکومت ہوگی۔ اور اس وقت اختیارات عوام کے نمائندوں کے ہاتھ میں ہوں گے۔ لہذا آپ کی تمام شکایات اور تکالیف رفع کرنے کی ہر ممکن کوشش کی جائے گی۔ اس وقت چونکہ میرے پاس کوئی ایسی طاقت نہیں۔ جس کی مدد سے میں آپ کی تکالیف رفع کر سکوں۔ اس لئے میں آپ سے وعدہ کرتا ہوں۔ کہ اگر آپ مجھے ووٹ دیں گے۔ تو میں آپکے لئے پانی کا بندوبست کرنے کے لئے ہر ممکن کوشش کروں گا۔

میں نے عوام کو یقین دلایا۔ کہ اپنی قوم کا ساتھ دیں۔ اگر مسلم لیگ کامیاب ہو گئی۔ تو لیگ کی طاقت آپ کی طاقت ہوگی۔ میں اس معاملہ کو ایوان کے سامنے رکھوں گا۔ کہ جس علاقے سے ریا برانچ بہتی ہے اسے سیراب نہیں کرتی۔ لیکن اگر پانی میں اضافہ کر دیا جائے۔ تو وہ علاقہ بھی سیراب ہو سکتا ہے۔ مگر شرط یہ ہے۔ کہ ریا برانچ میں پانی کا اضافہ کیا جائے۔ جب چودھری ٹکارام ہمارے علاقے میں یونینسٹ ایم۔ ایل۔ اے کی امداد کے لئے گئے۔ تو اس وقت چالیس پچاس ہزار کا مجمع تھا۔ چنانچہ چودھری ٹکارام نے اس وقت کئی ارکان کو یقین دلایا تھا۔ کہ ان کی زمینوں کو سیراب کیا جائے گا۔ مگر زیادہ مطمئن نہ ہوئے۔ ہاں اگر چودھری ٹکارام کی بجائے چودھری چھوٹو رام آنجہانی ہوتے۔ تو عوام کی تسلی کر سکتے۔ ٹکارام عوام کی تسلی نہ کر سکے۔ انہوں نے کہا۔ کہ آپ لوگ یونینسٹ امیدوار کی امداد کریں۔ یہ باتیں بعد میں ہوں گی۔ چودھری ٹکارام کے جانے کے بعد یہ معاملہ کھٹائی میں ڈال دیا گیا۔ نہایت افسوس کی بات ہے۔ کہ ٹکارام اور اس کے ساتھیوں نے جن کے ہاتھ میں اس وقت طاقت تھی۔ اپنی بات کا پاس نہ کیا۔ چنانچہ جب ووٹ لینے کی ہماری باری آئی۔ تو ہم نے بھی کہا۔ کہ آپ سچے دل سے ہمارے امیدوار کی امداد کریں۔ اگر مسلم لیگ کامیاب ہوئی۔ تو اللہ کے فضل و کرم سے یہ کام پورا ہو سکے گا۔ میں نے بھی علاقے کے لوگوں کو یقین دلایا۔ کہ میں ممبر ہوا اسا جو بھی ہوا۔ آپ کی اس معاملہ میں ضرور امداد کرے گا۔ اب خدا کے فضل سے مسلم لیگ کی حکومت برسر اقتدار ہے۔ لہذا ریا برانچ میں پانی کا اضافہ کر کے وہاں کی زمین سیراب کرنے کے لئے کچھ کرنا چاہئے۔ پہلے وہ آبادی چاہتی آبادی تھی۔ اب کنوئیں بھی بیکار ہو گئے ہیں۔ لہذا وہ کوئی کام نہیں دے سکتے۔

اس کے بعد میں وزیر تعلیم کی خدمت میں عرض کرنا چاہتا ہوں۔ کہ ہمیں اب آزادی مل گئی ہے لیکن آزادی کی تڑپ پیدا نہیں ہوئی دیکھنا یہ ہے کہ پہلا نظام تعلیم برا کیوں تھا۔ برا اس لئے تھا۔ کہ تعلیم کی پالیسی خاطر خواہ نہ تھی۔ لہذا ہمارے تعلیمی نصاب میں اخلاقی تعلیم کو ضرور شامل کیا جانا چاہئے۔ آنریبل وزیر تعلیم کو خیال رکھنا چاہئے۔ کہ تعلیم ایسی ہو۔ کہ جس سے ہمارے اخلاق بگڑے نہ ہوں۔ اگر تعلیم سے ہمارے اندر وہ اعلیٰ اوصاف پیدا نہ ہو سکیں گے۔ جو غیر ممالک کے ترقی یافتہ لوگوں میں ہوتے ہیں۔ تو پھر ایسی تعلیم ناقص تعلیم کہلائے گی۔ لہذا میں امید کرتا ہوں۔ کہ نصاب میں اخلاقی تعلیم شامل کرنے کے بارے میں وزیر تعلیم ضرور کوئی نہ کوئی عملی قدم اٹھائیں گے۔ مجھے حال ہی میں لائل پور جانے کا اتفاق ہوا۔ اس علاقے کے زمینداروں اور دیگر لوگوں نے مجھ سے

پوچھا۔ کہ سنائیے ہماری گورنمنٹ کا کیا حال ہے۔ اور کشمیر کے جھگڑے کے متعلق ان کی کیا رائے ہے۔ میں نے ان سے کہا۔ کہ آپ کو ہر طرح اطمینان رکھنا چاہیئے۔ ہماری گورنمنٹ اس وقت کمزور ہے یا مضبوط۔ اس کا خیال نہ کریں۔ بلکہ جس بات کی ضرورت ہے۔ وہ یہ ہے۔ کہ آپ سچے مسلمان بننے کی کوشش کریں۔ فتح آپ کی ہوگی۔ آپ یقین رکھیں اگر آپ صحیح مسلمان ہوں گے۔ تو آپ کی گورنمنٹ بھی بڑی مضبوط ہوگی۔

اب حضور والا۔ میں چند باتیں مہاجرین کے متعلق عرض کرنی چاہتا ہوں۔ میں سمجھتا ہوں۔ میرے علاقے میں جو فصل ہوئی تھی۔ اس سے گورنمنٹ کو خاصی آمدنی ہوئی ہے۔ مگر وہاں مہاجرین کی آبادی کی وجہ سے خوراک میں کمی واقع ہوگئی ہے۔ لہذا میری گذارش یہ ہے۔ کہ حکومت وہاں کے ڈپٹی کمشنر کو ہدایت کرے۔ کہ وہ اجناس خوردنی خرید کر دے۔ اس طرح بڑی آسانی ہو جائے گی جیسا کہ میں نے آپ کی خدمت میں خوراک کی کمی کے متعلق عرض کیا ہے۔ اس کے متعلق حکومت کو کچھ نہ کچھ کرنا چاہیئے۔ ورنہ میں سمجھتا ہوں۔ یہ ایک ایسی مشکل ہو جائے گی۔ کہ اس پر قابو پانا ناممکن ہو جائے گا۔ میری رائے یہ ہے کہ آمدنی جو ہو۔ اس سے خرچ کی رقم وضع کر لی جائے۔ مہاجرین یہ دیکھے بغیر کہ زمیندار ہیں یا غیر زمیندار زمینوں پر بسا دیئے گئے ہیں۔ اس کی وجہ سے کافی زمین کاشت نہیں ہو سکی۔ یہی وجہ ہے ابھی تک زمینیں غیر آباد پڑی ہیں۔ میں نے جیسا کہ عرض کیا ہے۔ اگر حکومت نے صحیح قدم نہ اٹھایا۔ تو خوراک کی بہت کمی ہو جائے گی۔ ہمارے صوبہ میں گندم کی پیداوار ہی ایسی چیز ہے۔ جو ہمیں اس قابل بناتی ہے کہ ہم اپنی ضرورت کی اشیاء دوسرے ممالک سے حاصل کر سکتے ہیں۔ اب جبکہ ہماری حکومت برسر اقتدار ہے۔ اس کا فرض ہے۔ کہ وہ دیکھے۔ کہ فصل کمزور اور پیداوار کم نہ ہو جائے۔ لہذا میری گذارش ہے۔ کہ غیر زمینداروں کو زراعتی اراضی سے اٹھایا جائے۔ اس بارے میں یہ بھی عرض کر دینا ضروری سمجھتا ہوں۔ کہ مہاجرین کو ربیع کی فصل کے بعد اٹھایا جانا چاہیئے۔ اب اٹھایا گیا تو انہیں تکلیف ہوگی۔ اور فصل کو بھی نقصان ہوگا۔ میں آنریبل وزیر اعظم کی خدمت میں عرض کر دینا ضروری سمجھتا ہوں۔ کہ اس چیز کو جہاں تک ہو۔ عملی شکل دینی چاہیئے۔

اب میں چند باتیں ان بددیانتیوں کے متعلق عرض کرنا چاہتا ہوں۔ جو افسروں اور لیگ کے ورکروں سے سرزد ہوئی ہیں۔ جناب والا بددیانتیوں اور بدعنوانیوں کی شکایت سارے صوبہ میں بیان کی جا رہی ہے۔ میری گذارش یہ ہے۔ کہ جس علاقے میں کسی ذمہ دار افسر یا پبلک کے آدمی کے خلاف بددیانتی کی شکایت ہو۔ گورنمنٹ کو اس کے خلاف بڑی سختی کے ساتھ قدم اٹھانا چاہیئے۔ اگر یہ طریقہ اختیار کیا جائے۔ تو میں سمجھتا ہوں۔ بددیانتی بہت کم ہو جائے گی لہذا اس کمیٹی کو جو مزید بدعنوانیوں اور بددیانتیوں کے انسداد کے لئے بنائی گئی ہے۔ کسی بددیانت آدمی سے چشم پوشی نہیں کرنی چاہیئے۔ خواہ وہ ایم۔ ایل۔ اے ہو۔ یا کوئی اور ذمہ دار افسر ہو اگر میری گذارش پر عمل کیا گیا۔ تو نتیجہ یہ ہوگا۔ کہ ہر علاقہ بددیانتی کی لعنت سے پاک ہو جائیگا۔ میرے خیال سے اگر کسی ضلع کا ڈپٹی کمشنر دیانتداری سے کام کرتا ہے۔ تو اس کا فائدہ سارے عوام کو ہوتا ہے۔ اور اگر کسی ضلع میں ذمہ دار افسر بددیانت ہے۔ تو اس کی تکلیف سارے علاقہ کو بھگتنی پڑتی ہے۔ جہاں جہاں ذمہ دار افسر بددیانت ہیں میں کسی کا نام لینا نہیں چاہتا۔ وہاں یہی ہوتا ہے۔ کمزوری ایک دو آدمیوں کی ہوتی ہے۔ مصیبت سارے علاقے کو برداشت کرنی پڑتی ہے۔ لہذا

حکومت کو اس سلسلہ میں کوئی سخت قدم اٹھانا چاہیئے۔

اس کے بعد میں یہ عرض کرنا چاہتا ہوں۔ کہ پاکستان میں بہت زیادہ جانور ذبح ہو رہے ہیں۔ ہمارا ملک ایک زراعتی ملک ہے۔ اور میں سمجھتا ہوں۔ کہ جو جانور ذبح کئے جاتے ہیں۔ اس سے ہماری زراعت کو نقصان پہنچے گا۔ ان جانوروں کے گوشت کا نام بھی پاکستانی گوشت رکھا گیا ہے یہ جانور اتنی تعداد میں ذبح کئے جاتے ہیں۔ کہ میری رائے میں گورنمنٹ کو جلد اس کے متعلق کوئی قدم اٹھانا چاہیئے۔ کیونکہ اگر یہی حالت رہی۔ تو اس کا نتیجہ یہ ہوگا۔ کہ جانوروں کی بہت زیادہ کمی ہو جائے گی۔ اور اس کمی کی وجہ سے ہمارے ملک کو جو بڑا زرخیز ہے۔ اور جس کی زراعت پر ہمارا سارا دارو مدار ہے نقصان پہنچے گا۔ میں سمجھتا ہوں۔ کہ ہندوؤں نے جو گائے کی پرستش شروع کر رکھی ہے۔ وہ بھی کچھ اسی وجہ سے ہے۔ اس میں شک نہیں۔ کہ گائے کی قربانی جائز ہے۔ مگر یہ فرض عائد نہیں کیا گیا۔ کہ ہم گائے کی قربانی دیں گے تبھی مسلمان ہوں گے۔ ورنہ نہیں۔ میں نے پچھلے دنوں میں دیکھا ہے کہ بڑے بڑے اچھے جانوروں کو ذبح کر دیا گیا۔ میں سمجھتا ہوں۔ کہ گورنمنٹ کو ایسا قدم اٹھانا چاہیئے جس سے یہ چیز رک جائے۔ جیسا کہ میں عرض کر چکا ہوں۔ ہمارا ملک ایک زراعتی ملک ہے۔ اور اگر یہ چیز جاری رہی۔ تو جانوروں کی کمی ہو جانے سے ہمیں نقصان پہنچے گا۔

جناب والا! ان الفاظ کے ساتھ میں اپنی تقریر ختم کرتا ہوں۔

Chaudhri Nasar Din (Sialkot, Muhammadan, Rural) :

چودھری ناصر دین۔

حضور والا! اس سے پہلے میری محترم بہن نے ایک تعمیری اور فاضلانہ تقریر کی ہے۔ اب ان تقریروں کے بعد چنداں ضرورت نہیں رہتی کہ اس بجٹ پر اور نکتہ چینی کی جائے۔ لیکن حضور والا! میں اپنے محبوب قائد خان افتخار حسین خاں وزیر اعظم مغربی پنجاب اور ان کے رفقائے کار کو خراج تحسین ادا کرنا چاہتا ہوں۔ کہ انہوں نے ۱۵ اگست کو جب حکومت سنبھالی۔ تو کن حالات میں سنبھالی۔ یہ تو پانچ کروڑ تیئیس لاکھ روپیہ کا خسارہ ہے۔ میں یہ کہتا ہوں۔ کہ اگر اس سے زیادہ خسارہ بھی ہوتا تو بھی ہمیں پرواہ نہ ہوتی۔ کیونکہ ہماری حکومت کو وہ ہتھیار ملے تھے۔ کہ جن کا استعمال انہوں نے کیا۔ وہ ہتھیار کیا تھے؟ حکومت کو تو انہوں نے سنبھال لیا۔ لیکن یہ کس طرح چلائی تھی۔ یہ کس ذریعہ سے چلائی تھی۔ یہ ہم بھول گئے۔ وہ پوسٹیسٹ افسر کہ جن پر ہماری حکومت کو اعتماد نہیں تھا۔ اور یہ ہماری حکومت اچھی طرح جانتی تھی۔ کہ اگر ان کو برطرف کیا گیا۔ تو ہمیں مشکلات کا سامنا ہوگا۔ انہوں نے ان افسروں سے ایسے آڑے وقت میں اس طرح بردباری اور تحمل سے کام لیا۔ کہ اس آڑے وقت میں وہ کامیاب ہو گئے۔ ہمیں بھی بہت سی تکالیف اس صوبہ مغربی پنجاب میں ہوئیں کیونکہ وہ افسر اعتبار نہیں کر سکتے تھے۔ کہ پاکستان کا قیام عمل میں آئے گا۔ وہ افسران پاکستان کے نظریہ کے خلاف تھے۔ وہ مسلم لیگ کی تنظیم کے خلاف تھے۔ لہذا ہماری حکومت کے برسر اقتدار آتے ہی ان افسروں نے ہر ممکن طریقہ سے کوشش کی۔ کہ اس نظام حکومت کو اس نظریہ حکومت کو پیشتر اس کے کہ وہ وجود میں آئے۔ ختم کر دیا جائے جہاں کہیں بھی کسی ضلع میں کسی ایسے افسر سے کوئی بات چیت کرتا ہے یا کسی مجمع عام میں جہاں وہ موجود ہوتا

ہے تو یونینسٹ افسر یہی کہتا ہے۔ کہ دیکھ لیا پاکستان۔ یہ پاکستان ہے یا قبرستان؟ انہوں نے ایسے آڑے وقت میں جبکہ مشرقی پنجاب میں قتل و غارت کا بازار گرم تھا۔ اور وہ یونینسٹ افسر اپنے اس عقیدہ اور نظام کے مطابق یونینسٹ وزارت کے پروگرام کو پورا کرنے کے لئے پوری طرح اور سرگرمی سے کام لے رہا تھا۔ اس وقت خضری وزارت کی کرم فرمائی کی وجہ سے ایک پروگرام مسلمانوں کو تباہ و برباد کرنے کا پروگرام مشرقی پنجاب اور مغربی پنجاب میں مرتب کیا گیا تھا۔ اسے کس نے مرتب کیا تھا؟ گلینسی۔ خضر حیات۔ بھیم سین سچر نے اور اس پروگرام کے ماتحت ان افسروں نے کام کیا۔ جو اس وقت اس وزارت کے افسر تھے۔ اور جنہیں یہ پروگرام دیا گیا تھا۔ اور اسی پروگرام کے ماتحت مشرقی اور مغربی پنجاب میں یہ جزائیاں ہوئیں۔ اگر میں ان افسروں کی بغاوتیاں گنوانے لگوں۔ تو پورا ایک دن بلکہ ایک دن سے زیادہ عرصہ لگ جائے گا۔ مثال کے طور پر جب وزارت کی طرف سے حکم جاری کئے جاتے تھے۔ تو وزارت کے ڈپٹی کمشنر صاحبان ان یونینسٹ وزارت کے ہم پرستوں ہوئے افسران نے جنہوں نے قوم سے غداری کی تھی کبھی ایک حکم کی بھی پرواہ نہ کی۔ اور ہمارے وہ افسر جو الیکشنوں کے دنوں میں غیر جانبدار رہے تھے جنہوں نے اپنے ضمیر سے کام لیا تھا۔ ان افسروں کی حوصلہ افزائی نہ ہوتی۔ کیوں؟ اس لئے کہ انہوں نے دیکھا۔ کہ وزارت کے ماتحت بھی چونکہ ان یونینسٹ افسروں کے خلاف کوئی کارروائی ہماری حکومت نہیں کر سکتی تھی۔ اس لئے ان غیر جانبدار افسروں نے ان باضمیر، دیانتدار اور ایماندار افسروں نے بھی ذرا سستی سے کام لیا۔ اس لئے کہ وہ یہ سمجھتے تھے۔ بلکہ تمام مغربی پنجاب کے مسلمان یہ سمجھتے تھے۔ کہ لیگ کے برسر اقتدار آنے پر اگر اس صوبہ میں دور ہو گا۔ تو انصاف کا اور دیانتداری کا۔ لیکن جب یہ دیکھا گیا۔ کہ وہ یونینسٹ افسر مستحکم ہیں۔ تو انہوں نے یہ سمجھا کہ اس تبدیلی سے کوئی خاص فرق نہیں ہوا۔ میری گزارش ہے کہ آپ ذرا دیکھ لیجئے۔ کہ ان یونینسٹ افسروں نے کیا کچھ کیا۔ ہم مسلمانوں کو پبلک کو انہوں نے چور بنا دیا۔ ہم مسلمان پبلک کو انہوں نے ترغیب دی کہ وہ برے کام کریں۔ انہوں نے کسی مکان کا ایک آدمی کو دخل دیا۔ وہاں سامان مقفل کر دیا گیا۔ لیکن پھر دوسرا افسر جاتا ہے۔ اور اس کا قفل توڑ دیتا ہے۔ سامان لے جاتا ہے۔

اب غلام کا مسئلہ لیجئے۔ وہ کن کے سپرد ہوا۔ وہ بھی انہی کے سپرد ہوا۔ جو پاکستان کے دشمن تھے۔

صاحب سپیکر: بجٹ کے متعلق بھی کچھ فرمائیے۔

چودھری ناصر دین: یہ باتیں بجٹ سے ہی تعلق رکھتی ہیں۔ میں ان لوگوں کی حالت واضح کرنے کے بعد یہ کہنا چاہتا ہوں۔ کہ کیا ہم ایسے افسروں کی تنخواہوں کو جو ہمارے دشمن ہیں بجٹ میں منظور کر لیں۔ جنہوں نے ہمارے صوبہ کو تباہ کرنے میں کوئی کسر اٹھا نہیں رکھی۔ انہیں پھر اپنے پہلو میں بٹھا لیں۔ اور خود ہی ان کی منشوونما کریں۔ آپ کو معلوم ہے۔ کہ پچھلے انتخابات کے بعد پہلے دن جب اسمبلی بیٹھی تھی۔ تو ہمارا پہلا مطالبہ ہی یہی تھا۔ کہ جو افسر اس الیکشن میں یونینسٹ وزارت کے آلہ کار بنے رہے ہیں۔ اور جنہوں نے غریب مسلمانوں پر اس وجہ سے ظلم ڈھائے ہیں۔ کہ وہ ان کی بدخواہشات کو پورا کرنے کے لئے تیار نہ تھے جنہوں نے

الیکشنوں کے دوران میں مسلم لیگ کے دوڑوں پر کئی دفعہ لاٹھی چارج کیا۔ اور بہت سے مسلمانوں کو شہید کیا۔ انہیں برطرف کیا جائے۔ اور شدید ترین سزائیں دی جائیں۔ اس وقت مخالف حالات کی وجہ سے ہم کچھ نہ کر سکے۔ مگر کیا آج جبکہ حکومت ہمارے ہاتھ میں ہے۔ ہم پر یہ فرض عائد نہیں ہوتا۔ کہ اس مطالبہ کو پورا کریں۔ اب تو یہ حکومت کا فرض ہے۔ کہ وہ ایک تحقیقاتی کمیٹی مقرر کرے۔ جو ان افسروں کے متعلق جنہوں نے سروسز (services) کو بدنام کیا ہے۔ تحقیقات کرے۔ جناب عالی اگر اس دور میں بھی ہماری حکومت نے ان بدنام دشمنوں اور ذلیل افسروں کے خلاف جنہوں نے الیکشن کے دنوں میں حصہ لیا۔ جب کہ انہیں سرکاری ملازم ہوتے ہوئے independent رہنا چاہیئے تھا اگر کوئی اقدام نہ اٹھایا۔ تو کیا یہ نہ سمجھا جائیگا۔ کہ یہ حکومت بھی عوام کے جذبات کو دبانے کے لئے انہی افسروں کو استعمال کرے گی۔ یہ عوام کا مطالبہ ہے کہ ایسے افسروں کو برطرف کیا جائے۔ تاکہ جن افسروں نے دیانتداری سے کام کیا تھا۔ اور اپنے فرائض کو اچھی طرح ادا کیا تھا۔ ان کی حوصلہ افزائی ہو پس ضروری ہے۔ کہ ایک تحقیقاتی کمیٹی مقرر کی جائے۔ جو ان افسروں کی بدعنوانیوں کو منظر عام پر لے آئے۔ تاکہ ان افسروں کو جلد از جلد مغربی پنجاب کے صوبہ سے نکال دیا جائے تاکہ وہ اس کی فضا کو مزید مکدر کرنے کا باعث نہ ہوں۔ جناب عالی۔ اسی بارے میں ایک اور بات بھی عرض کرنا چاہتا ہوں۔ ہمارے صوبہ کا تقریباً تینتیس لاکھ روپیہ زمیندارہ لیگ فنڈ کے نام سے اس یونینسٹ وزارت نے اکٹھا کیا تھا۔ یہ روپیہ انہوں نے چھوٹے چھوٹے زمینداروں کسانوں اور مزدوروں سے فراہم کیا تھا۔ کیا ہم اپنی حکومت سے یہ پوچھ نہیں سکتے۔ کہ وہ فنڈ جو یونینسٹ وزارت نے زمینداروں کسانوں اور مزدوروں کے گاڑھے پسینے کی کمائی سے اکٹھا کیا تھا۔ کہاں گیا۔ یہ فنڈ کیا ہوا؟۔ آخر وہ روپیہ کہاں ہے؟۔

صاحب سپیکر:۔ اگر وہ روپیہ وصول ہو بھی جائے۔ تو بجٹ میں شامل نہیں کیا جائے گا۔

چودھری ناصر دین:۔ آپ بجا فرماتے ہیں۔ لیکن میں عرض کرونگا کہ جن دنوں ملک خضر حیات خاں (آنجہانی) سیالکوٹ میں تھے۔ وہاں کے افسروں نے غریب لوگوں سے روپیہ حاصل کر کے ان کی خدمت اقدس میں ایک لاکھ چونتیس ہزار کی تھیلی پیش کی تھی۔ کیا ہم اس کے متعلق یہ تحقیقات کرنے کا حق نہیں رکھتے کہ وہ روپیہ کہاں گیا۔ (ممبران:۔ ضرور۔ ضرور) کیا ہم ان افسروں کا بجٹ پاس کر دیں جنہوں نے عوام سے زبردستی روپیہ بٹورا۔ کیا ہم ان کو یونہی چھوڑ دیں (قہقہہ) پس یہ سب کچھ بجٹ سے متعلق ہے۔ ہمارے لئے اب یہ ضروری ہے۔ کہ ہم یہ عوام کے سامنے ثابت کر دیں۔ کہ جن افسروں نے ان پر ناجائز دباؤ ڈالا۔ اور ان سے زبردستی روپیہ چھینا ان سے ان کی حکومت نے باز پرس کی ہے۔ ہمیں وہ روپیہ حاصل کرنا ہے۔ اور اس کا صحیح استعمال کرنا ہے۔ اگر اس وقت محاسبہ نہ کیا گیا۔ تو یہ لوگ اور دلیر ہو جائیں گے۔ اور دوسروں کو ایسا کرنے کی جرأت دلائیں گے۔ ممکن ہے۔ کہ کل یہی حکومت اس چکر میں پھنس جائے۔ اگر آج محاسبہ نہ ہوا تو کل حکومت کا کون محاسبہ کرے گا۔ حضور والا۔ ایک اور ضروری بات ہے۔ میری بہن نے صاف الفاظ میں بتایا تھا۔ کہ مغربی پنجاب کی دیہاتی آبادی ۸۰ فیصدی کاشتکاروں پر مشتمل ہے۔ دیہاتیوں کے لئے تقریریں تو بہت اچھی ہو جاتی

ہیں۔ اور ۱۹۳۷ء سے ہم رسیلی اور سجیلی تقریریں سنتے آئے ہیں۔ لیکن دیہات کی حالت دیکھو تو وہ ناگفتہ ہے۔ سڑکیں ہیں تو کچی اور ان کی حالت اتنی خستہ ہے۔ کہ بیل گاڑیاں ان پر چل نہیں سکتیں۔ ٹانگے نہیں چل سکتے۔ کسی اور traffic کا انتظام نہیں۔ ہسپتال بھی پندرہ پندرہ میل کے فاصلہ پر ہیں۔ اور سکول تو ڈھونڈنے سے بمشکل ملتا ہے۔ وہ دیہاتی جو دو۔ دو کنال اراضی کے مالک ہیں۔ وہ تعلیم کہاں حاصل کریں۔ شہروں میں آکر اور کہاں رہ کر بورڈنگ ہاؤس کے اخراجات کے لئے پیسے کہاں سے لائیں۔ انہی وجوہات کی بنا پر وہ تعلیم حاصل ہی نہیں کر سکتے۔ پس میں وزیر تعلیم کی توجہ اس امر کی طرف مبذول کرانا چاہتا ہوں۔ کہ ان کی تعلیم کا کوئی انتظام کریں۔ اور وہ وزیر جو طبی محکمہ سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان سے عرض کروں گا۔ کہ وہ بھی دیہاتی آبادی کی طرف دھیان دیں۔ غریب کسانوں اور مزدوروں کو بروقت طبی امداد نہ ملنے کی وجہ سے بے انتہا تکالیف برداشت کرنی پڑتی ہیں۔ اور ہزاروں جانیں ہماری اپنی غفلت کی وجہ سے تلف ہو رہی ہیں۔ اگر ان کو بروقت مدد مل سکے۔ تو ممکن ہے۔ ہمارے بیماریوں اور تکالیف میں پھنسے ہوئے بیچارے زمیندار بھائی آرام پائیں اور سکون کی زندگی بسر کر سکیں۔ پھر زمینداروں کی کمائی کا موجب مویشی ہیں۔ اگر مویشی زیادہ تعداد میں مر جائیں۔ تو بیچارے غریب زمینداروں کو بہت نقصان ہوگا۔ لہذا میں ان کی خدمت میں عرض کروں گا۔ جانوروں کے لئے بھی ویٹرنری ہسپتال کھولنے چاہئیں۔ اگر اس ۸۷ فیصدی آبادی کا ہماری اپنی حکومت خیال نہ کرے گی تو اور کون کرے گا۔ میں آپ کی خدمت میں یہ عرض کر دینا چاہتا ہوں کہ یہ زمیندار وہ ہیں جنہوں نے اپنے مشرق سے آنے والے بھائیوں کی حتی المقدور روپے پیسے سے اور دیگر طرح امداد کی ہے۔ آپ سب حضرات کو معلوم ہے کہ چودھری عزیز الدین صاحب نے سب سے پہلے مہاجر ٹیکس لگانے کی تجویز پیش کی۔ اور اس ہاؤس نے نہایت فراخدلی سے کہا۔ کہ ہم یہ ٹیکس لگا دیں گے۔ اور ہم دو آنے فی روپیہ دینے کے لئے تیار ہیں لیکن جب ہم یہ مطالبہ کرتے ہیں کہ زمینداروں کے لئے جو ہر وقت اور ہر کام میں آگے آتے ہیں سڑکیں۔ سکول اور ہسپتال بنائے جائیں۔ تو اس کا ہمیں جواب یہ ملتا ہے۔ کہ اس کے لئے بجٹ میں گنجائش نہیں۔ اگر آپ غور کریں تو آپ کو معلوم ہوگا۔ کہ مہاجرین کو آرسر نو بسانے کے کام میں انہوں نے وہ امداد کی ہے۔ کہ جس کی مثال ڈھونڈے نہیں ملے گی۔ انہوں نے مہاجرین کو لحاف دیئے۔ چارپائیاں دیں۔ غلہ دیا۔ مویشی دیئے۔ غرضیکہ وہ ان کو ہر قسم کی سہولتیں دے رہے ہیں۔ اور دے چکے ہیں۔ حضور والا۔ میں آپ کی وساطت سے حکومت کو یہ بتا دینا چاہتا ہوں۔ کہ ان زمینداروں نے مہاجرین کو جو ان کے علاقوں میں آئے۔ بیل دیئے۔ کیونکہ اس وقت حکومت نے ان کو بیل خریدنے کے لئے تقاوی قرضے نہیں دیئے تھے۔ ان کے پاس بونے کے لئے بیج نہ تھا غریب زمینداروں نے مہاجرین کو اپنے پاس سے بیج دیئے۔ اور خود ان کی زمینیں کاشت کر دیں۔ لیکن حکومت ان کی طرف کوئی توجہ نہیں کر رہی۔ اور وہ کونسا وقت ہوگا۔ جب وہ اپنی حکومت سے مطالبہ کریں کہ ۸۷ فیصدی زمینداروں کے لئے کچھ کیا جائے۔ جناب والا ہم الیکشنوں کے دوران میں پلیٹ فارموں سے تو یہ باتیں کہا کرتے تھے۔ کہ ہم اس ایوان میں پہنچ کر کسانوں اور مزدوروں کے فائدہ کے لئے قانون بنائیں گے۔ وہ کیا ہوئے تمہارے وعدے؟ ہم ان کو جا کر کیا منہ دکھا سکتے ہیں۔ پھر میاں افتخار الدین صاحب۔ اگر آپ اجازت دیدیں تو نام لے لوں۔ اپنی تقریروں میں یہ فرماتے پھرتے ہیں۔ کہ اراضیات کو nationalize کر دیا جائے۔ یہ بہت نیک بات ہے۔ اراضی کو nationalize کر دیجئے لیکن پہلے ایسے زمینداروں کی اراضی کو nationalize کیجئے۔ جو اس ہاؤس کے ممبر ہیں۔ وہ مہاجرین کی تکالیف کو

اچھی طرح جانتے ہیں۔ اور وہ ان کو از سر نو بسانے کے لئے نہایت فراخدلی کے ساتھ اپنی زمینیں دے سکتے ہیں۔ اگر میاں ممتاز محمد خان دولتانہ صاحب پہلے ایسی مثال قائم کریں۔ اور مہاجرین کو از سر نو بسانے کے لئے اپنی اراضیات ان میں بانٹ دیں۔ تو ہم ان کی تقلید کرنے کے لئے تیار ہیں۔ صاحب صدر مغربی پنجاب میں ایک کروڑ ۵۷ لاکھ مسلمان رہتے ہیں۔ اور اب یہاں ایک بھی غیر مسلم موجود نہیں۔ اگر حساب لگائیے۔ تو تین تین چار چار انصار کے ذمہ ایک ایک مہاجر آتا ہے۔ ان کو از سر نو بسانے کا کام مشکل نہیں ہے ذرا صاحبان اور صوبہ مسلم لیگ کے صدر قربانیوں کا وہ نمونہ پیش کریں۔ جس کی طرف میں نے ابھی ابھی اشارہ کیا ہے۔ اگر وہ فراخدلی کے ساتھ ایسا کریں۔ تو میں آپ کو یقین دلاتا ہوں کہ صوبہ مغربی پنجاب کے مسلمان ان کے نقش قدم پر چل کر قربانیوں کا وہ نمونہ پیش کریں گے جو آج تک کسی نے نہ پیش کیا ہو۔ اور جس کی تاریخ میں ڈھونڈے سے مثال نہیں ملے گی۔ اگر آپ اراضی کو nationalize کرنا چاہتے ہیں۔ تو بسم اللہ کیجئے۔ اور پہلے اس کام کو اس ہاؤس سے شروع کیجئے۔ خصوصاً کرسی وزارت سے۔ اگر یہ کام کرسی وزارت سے شروع ہو۔ تو اس صورت میں صوبہ صدر مسلم لیگ کا یہ فرض ہوگا۔ کہ ان کی مثال پیش کرتے ہوئے دوسرے لوگوں کو ان کی تقلید کرنے کی ہدایت کریں۔ صاحب صدر آپ کو معلوم ہے۔ کہ ایک مرحلہ ایسا بھی آیا تھا۔ جب کہ صوبہ مشرقی پنجاب میں کوئی مسلمان نہ رہا۔ کہ جس کی تمام جائیداد۔ مکان دکانیں وغیرہ سکھوں نے لوٹ نہ لی ہوں۔ یہ اکثر ہوتا ہے کہ جب ہمیں کسی چیز کا خدشہ ہو۔ تو ہمیں رات دن نیند نہیں آتی۔ لیکن ہمارے آنریبل وزراء کو دیکھو۔ کہ ان کے سامنے یہ سارا تماشہ ہوتا رہا اور مسلمانوں سے ہر چیز چھینی گئی۔ لیکن انہوں نے ان مشکلات میں ان کا ساتھ نہ دیا۔ اور ان کے ساتھ ہمدردی کا ویسا ہی ثبوت دیا۔ جو آنریبل ملک خضر حیات آنجہانی .....

صاحب سپیکر۔ اس طرح نام لے کر کسی کی طرف اشارہ کرنا آداب پارلیمنٹ کے خلاف ہے۔

چودھری ناصر دین۔ بہت بہتر۔ انہوں نے ان کے ساتھ ایسا ہی سلوک کیا۔ جیسا کہ سابق وزیر اعظم کیا کرتے تھے۔ اگر وہ بہ نسبت تقریروں کے ان سے عملی ہمدردی کا ثبوت دیتے۔ تو یہ زیادہ بہتر ہوتا۔ اگر ہمارے محبوب قائد اعظم نے سردار پٹیل کی سازش کو قتل نہ کیا ہوتا۔ تو انہوں نے مسلمانوں کو تباہ کر ہی دیا تھا۔

اب جناب والا میرے بھائی خان عبدالستار خان صاحب نیازی نے فنانس منسٹر پر نکتہ چینی کی ہے۔ اگر غور سے دیکھا جائے۔ تو یہ بجٹ ۱۵ اگست ۱۹۴۷ء سے لیکر مارچ ۱۹۴۸ء تک کا ہے۔ اور جو تجاویز اور سکیمیں میرے بھائی نے ایوان میں پیش کی ہیں۔ وہ آنریبل وزیر خزانہ آئندہ بجٹ میں پیش کرنے والے ہیں۔ آپ سب کو معلوم ہے۔ کہ انہوں نے ڈسٹرکٹ کو فروغ دینے کے لئے تمام صوبہ کی انڈسٹریل convention بلائی۔ اور اس convention کو پینلز میں تقسیم کر کے تمام صوبہ کے کارخانہ داروں اور صنعتوں سے تعلق رکھنے والے لوگوں کو دعوت دی۔ کہ وہ ان پینلز میں کام کریں۔ ہر پینل جلدی وزیر موصوف کو اپنی رپورٹ پیش کرے گا۔ تاکہ آئندہ بجٹ کے دوران میں ان کو

زیر بحث لایا جا سکے۔ یہ موجودہ بجٹ تو ۱۵ اگست ۱۹۴۷ء سے لیکر مارچ ۱۹۴۸ء تک کے لئے ہے۔ اور آپ جانتے ہیں۔ کہ کن نامساعد اور مشکل حالات میں سے پیش کیا گیا ہے۔ اس کے علاوہ میری محترم بہن نے جو تجاویز آنریبل وزیر فنانس کے سامنے رکھی ہیں۔ اور جو سکیمیں وہ بنا کر دیں گی۔ وہ بھی آئندہ بجٹ میں شامل ہوں گی۔ جہاں تک میرے معزز دوست نیازی صاحب کی تقریر کا تعلق ہے۔ جو انہوں نے پبلسٹی ڈیپارٹمنٹ کے متعلق کی ہے۔ اس کے بارہ میں میری گذارش یہ ہے۔ کہ کیا ہی اچھا ہوتا۔ کہ جن باتوں پر وہ آج زور دے رہے ہیں۔ اور جو مشورے وہ آج ایوان میں پیش کر رہے ہیں وہ اس وقت پیش کرتے جب کہ پارٹی میٹنگ منعقد ہوتی۔ قدا سوچئے ۱۵ اگست کے بعد جب فسادات ہوئے اور مشرقی پنجاب سے نکل کر مسلمان مغربی پنجاب میں آئے۔ اور ان کے اس صوبہ کے دارالحکومت لاہور میں اکٹھا ہو جانے سے جو صورت حال پیدا ہوئی اس کے متعلق ہماری وزارت نے کس سے مشورہ لیا تھا؟ انہیں یونینسٹ افسران سے جو بے اعتماد تھے۔ نتیجہ کیا ہوا؟ جو کچھ یونینسٹ افسران نے انہیں کہا۔ وہ انہوں نے کیا۔ میں یہ نہیں کہتا کہ ہمارے لیڈر گمراہ ہو سکتے تھے۔ بلکہ وقت کے مطابق جو ان سے ہو سکا۔ وہ انہوں نے کیا۔

اب گھڑی فصلوں کو نیلام کرنے کا مسئلہ لیجئے! مہاجرین کہتے ہیں۔ کہ ان کی فصلات تو نیلام کر دی گئی ہیں۔ اور اب وہ بیچارے غلہ کا کہاں سے انتظام کریں۔ وہ اپنے مویشیوں کیلئے چارہ کہاں سے لائیں۔ اب اگر ان فصلوں کو بیچا جانا تھا۔ تو اس کے متعلق کوئی پالیسی ہونی چاہئے تھی۔ جس کے ماتحت کام کیا جاتا۔ مگر اس قسم کی کوئی پالیسی وضع نہیں کی گئی۔ اگر بفرض محال ایسی کوئی پالیسی بھی وضع بھی کر دی گئی ہو۔ تب بھی جو ماتحت ملازم ہیں۔ وہ اس کی ایک جگہ سے دوسری جگہ اطلاع پہنچانے میں اتنی دیر کرتے ہیں۔ کہ جو کام کرنے والے ہیں۔ وہ جب اپنا کام پورا کر چکتے ہیں۔ تو ان کو اس کے متعلق علم ہوتا ہے۔

حضور والا۔ جیسا کہ میں عرض کر چکا ہوں۔ مہاجرین کو بسانے کے سلسلہ میں حکومت کی واضح پالیسی نہیں ہے۔ اکثر اوقات ایسا ہوتا ہے۔ کہ حکومت کی طرف سے ہدایات موصول ہونے سے پیشتر مقامی افسران اپنا کام ختم کر چکے ہوتے ہیں۔ جس کے متعلق حکومت کی ہدایات موصول ہوتی ہیں۔ یہ کام افسران جو اکثر یونینسٹ ہیں کی بدعنوانیوں سے اور بھی پیچیدہ ہو چکا ہے۔ نامعلوم یونینسٹ افسران پر کیوں زیادہ اعتماد کیا جا رہا ہے۔ جبکہ ہمارے پاس ہمارے ضلع کے ڈپٹی کمشنر واجد احسن اختر اور سید مسعود احمد جیسے لائق اور دیانتدار افسر موجود ہیں۔ جن کی ان تھک کوششیں اور جانفشانی قابل تحسین ہے۔ ان کے علاوہ مسٹر اختر حسین جیسے دیانتدار افسر بھی موجود ہیں جنہیں آنریبل ملک خضر حیات خان نے سیالکوٹ سے صرف اس لئے بدل دیا تھا۔ کہ وہ دیانتدار تھے۔ اور ان کا آلہ کار نہیں بننا چاہتے تھے۔ یونینسٹ افسران کی بجائے لائق اور دیانتدار افسران سے کام لینا چاہئے۔ حیرانی کی بات ہے۔ کہ پاکستان کے حصول پر بھی وہی افسران حکومت کا دست راست بنے بیٹھے ہیں۔ اس لئے کہ وہ وزراء کی کوٹھیوں کا طواف کر سکتے ہیں!

مسلم لیگ پر بھی بدعنوانیوں کا الزام لگایا جاتا ہے جو سراسر غلط اور ناجائز ہے اس ناجائز تہمت کی تخلیق کے موجب بھی وہی یونینسٹ افسران ہیں۔ یہ غلط اور جھوٹا پروپیگنڈا اسی کی طرف سے ہو رہا ہے۔ تاکہ وہ پھر ایک بار صف اوّل میں آجائیں۔ وہ پاکستان کو ایک آنکھ نہیں دیکھ سکتے۔ ان کی خواہش ہے۔ کہ پاکستان نابود ہو جائے تاکہ ان کا پرانا وقار بحال ہو جائے۔

یہ ذیلدار اور یونینسٹ افسر ہی حکومت کو مسلم لیگ کے خلاف بھڑکا رہے ہیں۔ جب وزراء دورے پر جاتے ہیں۔ تو یہ لوگ ان کے گرد گھومتے ہیں۔ اُن کی خوشامد کرتے ہیں۔ یہ انسانی کمزوری ہے۔ وہ خوشامد کئے جانے سے خوش ہوتا ہے۔ (قہقہہ) میں ان میں سے ایک ایک کا نام لے سکتا ہوں۔

صاحب سپیکر: کسی کا نام نہ لیجئے۔

چودھری ناصر دین: حضور والا میں گذارش کرتا ہوں۔ کہ مغربی پنجاب میں مہاجرین آباد کرنے کے سلسلہ میں سب سے زیادہ مدد اور قربانی دیہاتیوں نے کی ہے۔ ان کی فلاح و بہبود کا انتظام اس بجٹ میں کہیں نہیں کیا گیا ہے میں وزیر تعلیم سے درخواست کرتا ہوں۔ کہ صاحب موصوف دیہاتی علاقوں میں ہسپتالوں سڑکوں اور تعلیم کا زیادہ سے زیادہ پیمانے پر انتظام کریں۔ اب جبکہ یہ سننے میں آیا ہے۔ کہ سرکاری ملازمتوں میں بھرتی کرنے کا معیار صرف قابلیت ہی ہوگا۔ تو اگر دیہاتیوں کو اعلیٰ تعلیم حاصل کرنے کا موقعہ ہی نہ ملا۔ اور ان کے لئے اعلیٰ تعلیم کا انتظام ہی نہ کیا گیا۔ تو وہ سرکاری ملازمتیں کیسے حاصل کریں گے۔ نتیجہ یہ ہوگا۔ کہ وہ ان سے محروم رہ جائیں گے۔ دیہاتیوں کے لئے تعلیم کا خاطر خواہ بندوبست کرنا از حد ضروری ہے تاکہ وہ مقابلے کے امتحانات میں بیٹھنے کی قابلیت پیدا کر سکیں۔

ضلع سیالکوٹ میں سڑکوں کی حالت ناگفتہ بہ ہے مثلاً پھلکیاں سے سیالکوٹ پہنچنے میں چار دن صرف ہوتے ہیں جس چیز کی قیمت پھلکیاں میں دو روپے ہوتی ہے سیالکوٹ میں پہنچ کر پندرہ روپے ہو جاتی ہے۔ کیونکہ راستہ خراب ہونے کی وجہ سے باربرداری کے اخراجات بہت زیادہ ہیں۔ اسی طرح میں آنریبل وزیر اعظم کی توجہ سیالکوٹ جموں سرحد کی طرف مبذول کرانا چاہتا ہوں سیالکوٹ کے ۱۶ گاؤں بیرونی حملہ آوروں نے نذر آتش کر دیئے ہیں اور اُن کی بروقت حفاظت نہیں کی جا سکی۔ سڑکیں خراب تھیں اور فوج بروقت نہیں پہنچ سکی۔ میں آنریبل وزیر خزانہ کی توجہ اس امر کی طرف مبذول کرانا چاہتا ہوں کہ انہیں کرسی وزارت پر بیٹھ کر اپنے حلقہ انتخاب کو نہیں بھولنا چاہیئے۔

The Assembly then adjourned till 9 a.m. on Tuesday, the 13th January, 1948

Din Muhammadi Press, Lahore.

WEST PUNJAB LEGISLATIVE ASSEMBLY.

FIRST SESSION OF THE 1st WEST PUNJAB LEGISLATIVE ASSEMBLY.

Tuesday, 13th January, 1948.

The Assembly met in the Assembly Chamber at 9 a.m. af the clock. Mr Speaker in the Chatr.

LEAVE OF ABSENCE.

Mr. Speaker: I have received an application from Sirdar Bahadur Khan Dreshak for leave of absence from the Assembly to the following effect :—

> **"I was laid down with fever from the 5th December, 1947 to the 3rd January, 1948 and could not, therefore, attend the meeting of the Assembly. I hope that I shall be able to attend the Assembly on or about the 20th."**

The question is :—

That the permission asked for by the honourable member be granted.

The permission was granted.

BUDGET—GENERAL DISCUSSION.

Mr. Speaker: The House will now resume general discussion of the Budget. As this is the last day for the general discussion, and besides the honourable members the Ministers would also like to speak, I have decided to prescribe the following time limit for speeches today :

Hon'ble Ministers, other than the Finance Minister: half an hour each ;

Hon'ble the Finance Minister: one hour; other Members ten minutes each.

Khan Muhammad Arif Khan (Jhang West, Muhammadan, Rural) :—

خان محمد عارف خان:-

جناب والا۔ وزیر خزانہ نے جو بجٹ پیش کیا ہے۔ اس میں پانچ کروڑ ساٹھ لاکھ روپے کا خسارہ دکھایا گیا ہے۔ یہ ایک غیر معمولی رقم ہے جو اس صوبے کی مالی حالت کے پیش نظر بطور خسارہ دکھائی جا سکتی تھی۔ مگر میں واضح کر دوں۔ کہ اگر آپ صحیح طور پر ان حالات کا اندازہ کریں۔ جن کی وجہ سے ہمیں یہ خسارہ ہوا ہے۔ تو میں سمجھتا ہوں۔ آپ محسوس کریں گے کہ یہ کوئی ایسا خسارہ نہیں جو صوبے کے لئے ناقابل برداشت ہو۔ جناب والا۔ جن حالات میں یہ بجٹ تیار ہوا۔ ان سے جملہ ممبران بخوبی واقف ہیں۔ اور آپ بھی جانتے ہیں۔ کہ اس کی تیاری کے دوران میں حالات کس قدر نازک اور پیچیدہ تھے۔ ۱۵ اگست کو جب مسلم لیگ کی حکومت معرض وجود میں آئی۔ تو اس وقت مشرقی پنجاب میں ظلم و ستم کی انتہا ہو چکی تھی۔ مسلمانوں کا حزن امن تباہ ہو چکا تھا ہزاروں

نوجوان موت کے گھاٹ اتارے جا چکے تھے۔ یہ ایسے واقعات تھے۔ جن کی مثال دنیا کے کسی ملک کی تاریخ پیش نہیں کر سکتی۔ وہ ایسا وقت تھا۔ جب کہ حکومت کی مشینری بالکل درہم برہم ہو چکی تھی۔ اس وقت ہر مسلمان کا یہی خیال تھا۔ کہ جتنی جلدی ہو سکے۔ مہاجرین کو مغربی پنجاب میں لانے کی ہر ممکن کوشش کی جائے۔ اس وقت ہمارے پاس ان کی حفاظت اور دلجوئی کے لئے جتنے ذرائع بھی ممکن ہو سکتے تھے۔ ہم نے ان سے کام لیا۔ مگر سب سے بڑی مشکلات جو ہمارے راستے میں حائل ہوئیں۔ وہ کوئلے اور فوجی حفاظتی دستوں کی کمی تھی۔ کوئلے کی کمی کی وجہ سے گاڑیاں نہیں چل سکتی تھیں۔ اور فوجی حفاظتی دستوں کی عدم موجودگی میں مہاجرین کو بحفاظت لانا ناممکن تھا۔ میں سمجھتا ہوں۔ کہ اگر ایسے حالات کا سامنا کسی پختہ کار اور کہنہ مشق حکومت کو بھی کرنا پڑتا۔ تو اس کے پاؤں ڈگمگا جاتے۔ مگر ان مشکلات اور ناگہانی مصیبتوں کا جس صبر و استقلال سے ہماری حکومت نے مقابلہ کیا اس کے متعلق کسی شخص کو شک نہیں ہو سکتا۔ بلکہ ہر کوئی اس کا معترف ہے۔ اس امر کے متعلق کہ مہاجرین کی جو اس قدر مشکلات اور تکالیف برداشت کرنے کے بعد ہمارے ہاں پہنچے۔ امداد نہیں کی گئی۔ میں آپ کی خدمت میں عرض کروں گا۔ کہ اس کی ذمہ داری کلیتاً حکومت پر ہی عائد نہیں ہوتی۔ بلکہ کسی قدر عوام پر بھی ہوتی ہے۔ جہاں حکومت کے کارندوں اور افسروں نے بے اعتدالیاں کی ہیں۔ وہاں مہاجرین کو آباد کرنے کے سلسلے میں ان کی مشکلات میں اضافہ کرنے کی ذمہ داری کسی قدر عوام پر بھی عائد ہوتی ہے۔ آپ کو اسلامی روایات پر کاربند ہونا چاہئے۔ مہاجرین بیچارے تو پہلے ہی خانماں برباد ہیں۔ ان کی تکالیف میں اضافہ کرنا نہایت ہی اخلاق سوز حرکت ہے۔ آپ کو انصار مدینہ کے نقش قدم پر چلنا چاہئے۔ اور مہاجرین کی تکالیف رفع کرنے کے سلسلے میں حکومت کا ہاتھ بٹانا چاہئے آپ کو معلوم ہے۔ پیغمبر اسلام نے مہاجرین مکہ کو مدینہ کی سرزمین میں داخل ہوتے ہی لوگوں کے گھروں میں بھیج دیا تھا۔ انصار مدینہ نے ہر طرح سے ان کی خدمت کی۔ اور انہیں ہر قسم کے آرام و آسائش مہیا کئے۔ کچھ عرصہ کے بعد وہ لوگ پیغمبر اسلام کی خدمت میں حاضر ہوئے۔ اور عرض کی۔ یا حضرت ہمیں یہاں ہر طرح کا آرام مہیا ہے۔ انصار ہر طرح سے ہماری خدمت کرتے ہیں۔ اور ہمیں کسی قسم کی تکلیف نہیں پہنچنے دیتے۔ مگر عرض یہ ہے۔ کہ وہ ہمیں کام نہیں کرنے دیتے۔ خود ہی کام کرتے ہیں۔ اور ہمارے لئے آرام و آسائش کا بندوبست کرتے ہیں۔ حضرت نے انہیں بلا کر کہا۔ یہ درست ہے۔ کہ مہاجرین مکہ سے بڑی مصیبتوں اور کلفتوں کے بعد آپ کے پاس پہنچے ہیں۔ اور آپ نے ہر لحاظ سے ان کی خدمت اور دلجوئی کی ہے۔ بے شک وہ آپ کے بھائی ہیں اور مصیبت زدہ ہیں۔ مگر اس کا مطلب یہ نہیں۔ کہ آپ ان کی سہولتوں کے لئے خود تو محنت کریں۔ اور انہیں بیکار ہی بیٹھے رہنے دیں۔ آپ کو چاہئے۔ کہ آپ انہیں بھی کام پر لگائیں۔ چنانچہ انصار مدینہ نے حضرت کے ارشاد کی تعمیل کی۔ اور انہیں کام پر لگا دیا۔ کچھ عرصہ بعد پھر مہاجرین نے حضرت کے پاس یہ شکایت کی۔ کہ وہ لوگ خود تو سخت کام کرتے ہیں۔ اور ہمیں نرم کام دیتے ہیں۔ جناب والا! میں یہ چیز اس لئے پیش کر رہا ہوں۔ کہ یہ مہاجرین کا مسئلہ جو نہایت اہم اور پیچیدہ تھا۔ بڑی آسانی سے سلجھایا جا سکتا تھا۔ مگر ہمارے انصار نے انصار مدینہ کے نقش قدم پر چلنے کی کوشش نہیں کی۔ چنانچہ اس سلسلے میں کچھ بدعنوانیاں بھی ہوئیں جس کی کئی وجوہات ہیں۔

شروع شروع میں جب یہ لوگ ہمارے ہاں آئے۔ تو انصار نے ان کے ساتھ انتہائی ہمدردی کا سلوک کیا۔ اس وقت حکومت کے لئے اس کے سوا اور کوئی چارہ نہ تھا۔ کہ انہیں ضلع وار بٹھا دیا جائے۔ چنانچہ وقتی طور پر تو یہی کیا گیا۔ مگر بعد میں جوں جوں ان کی تعداد میں اضافہ ہوتا گیا۔ مہاجرین عوام کے لئے بار کی صورت اختیار کرنے لگے۔ لہذا ہمدردی کم ہونے لگی۔ اور بدعنوانیاں بڑھنے لگیں۔ بعد ازاں جو کچھ مہاجرین پر گزری اسے ہم سب بخوبی جانتے ہیں۔ مہاجرین جو گاہے گاہے ہمارے صوبے میں آتے رہے۔ اگر وہ ایک ہی دفعہ آجاتے۔ یا انہوں نے ایک دفعہ آنا ہوتا۔ تو اس صورت میں حکومت ان کے لئے مناسب انتظامات کر سکتی تھی۔ مگر چونکہ وہ آہستہ آہستہ اور تھوڑی تھوڑی تعداد میں آتے رہے۔ اور ایک جگہ جہاں انہیں بٹھایا جاتا تھا نہ بیٹھے۔ اسی لئے انہیں مشکلات کا سامنا کرنا پڑا۔

علاوہ ازیں مہاجرین کی تکالیف میں اضافے کی ایک وجہ یہ بھی تھی۔ کہ مغربی پنجاب میں کئی ایک مہاجر افسر ایسے بھی مقرر کئے گئے۔ جو اسلامی روایات کو بالائے طاق رکھکر اپنے رشتہ داروں کو بے جا مراعات مہیا کرتے رہے۔ اور کنبہ پروری میں محو رہے۔ میں حکومت سے درخواست کروں گا۔ کہ ایسے افسروں کے خلاف جنہوں نے ہر وقت اپنے فرض سے کوتاہی کی۔ اور حکومت اور مہاجرین کی تکالیف میں اضافے کا موجب ہوئے سخت کارروائی کی جائے۔ میں اس امر پر بھی زور دونگا۔ کہ حکومت کسی ایسے شخص کو معاف نہ کرے جو کسی بے قاعدگی کا مرتکب ہوا ہو۔ اس سلسلے میں انہیں سخت سزائیں دی جانی چاہئیں۔

جناب والا۔ محکمہ پولیس کے متعلق کہا جاتا ہے۔ کہ یہ محکمہ اپنی پرانی روایات پر قائم ہے اور اس کے عملے میں کوئی تبدیلی واقع نہیں ہوئی۔ وہ ویسا ہی ہے۔ جیسا کہ نوکر شاہی زمانے میں ہوتا تھا۔ میرا خیال ہے۔ کہ اب جب کہ پاکستان بن چکا ہے۔ اور ہم ایک آزاد قوم کے افراد ہیں۔ ہمیں آزاد ملکوں کا سا نقطہ نظر پیدا کرنا چاہئے۔ اور ویسے ہی زندگی بسر کرنی چاہئے۔ یہی مشورہ میں پولیس کے عملے اور افسروں کو دوں گا۔ انہیں اپنی گذشتہ روایات جو آزاد ملکوں کیلئے باعث شرم ہیں۔ فراموش کر دینی چاہئیں۔

اب ایک مسئلہ یہ پیدا ہو رہا ہے۔ کہ سرمایہ داری کو ختم کیا جائے۔ میری سمجھ میں یہ بات نہیں آتی۔ کہ اگر سرمایہ داری اسلام میں جائز نہ ہوتی۔ تو اسلامی حکومتیں دنیا میں کیسے کامیاب ہوتیں۔ اب جبکہ یہ کوشش کی جا رہی ہیں۔ کہ حکومت اسلامی قوانین اور روایات پر چلائی جائے۔ تو اس کا کیا مطلب؟ اسلامی تاریخ پر نظر ڈالنے سے یہ کہیں معلوم نہیں ہوتا۔ کہ پیغمبر اسلام نے کسی کی جائیداد چھین لی یا کسی امیر کو غریب بنا دیا ہو۔ (قطع کلامیاں) ہاں تو حضور والا۔ یہ کہا جا رہا ہے۔ کہ زمیندار سرمایہ دار ہیں۔ میں یہ کہنے کے لئے تیار ہوں۔ کہ زمیندار سرمایہ دار نہیں ہے۔ اس کا تو آبیانہ اور مالیہ ادا کر کے گزارہ مشکل سے ہوتا ہے۔ اس کے پاس بچتا کیا ہے جس سے وہ سرمایہ دار بن جائے گا۔ حضور والا۔ ایک تو دیہاتی لوگوں کے پاس نقد نہیں پھر زمین نہیں۔ ہم آج تعمیر پاکستان اور عوام کی امداد کے لئے غریبوں کی مدد کرنے کے لئے ہر مصیبت کا مقابلہ کرنے کے لئے تیار ہیں۔ لہذا میں گذارش کروں گا۔ کہ زمیندار کی ضروریات کا خیال رکھا جائے۔ جہاں نہروں کی قلت ہے۔ وہاں نہریں پہنچائی جائیں۔ اگر میرے علاقے کو آج تک نہر نہ مل سکی۔ تو اس کا یہ مطلب نہیں۔ کہ آج ہمارا حق جاتا رہا۔ اب جبکہ تعمیری کام ہو رہے ہیں۔ ہماری زمینوں کو نہر

ملنی چاہیئے۔ میں گذارش کروں گا۔ کہ موجودہ نہر کی طرف وزیر مالیات توجہ دیں۔ پھر پٹوتال کی طرف بھی حکومت کو پوری توجہ دینی چاہیئے۔ جو زمین زرخیز نہیں ہے۔ وہ زیادہ قابل توجہ ہے۔ دوسرے یہ کہ سڑکیں پکی ہونی چاہئیں۔ خاص طور پر جھنگ سے ملتان جانے والی سڑک اور پھر جھنگ سے مظفر گڑھ والی سڑک ضرور پکی بنوائی جائے۔ میں یہ بھی عرض کروں۔ کہ جولی پروجیکٹ کا جو حصہ ایک فصلہ ہے۔ اس کو دو فصلہ کرنا ضروری ہے۔ کیونکہ اس علاقے میں پانی کی بہت تکلیف ہے۔ جولی پروجیکٹ کے پانی سے ضلع ملتان کو تو سیراب کیا جا رہا ہے۔ مگر ضلع جھنگ کو محروم رکھا گیا ہے۔ اس حق تلفی کی تلافی لازمی ہے۔

ان الفاظ کے ساتھ میں اپنی تقریر ختم کرتا ہوں۔

Syed Nau Bahar Shah (Kabirwala, Muhammadan, Rural) :

سید نوبہار شاہ:

جناب والا! بجٹ کے متعلق کلام نہیں۔ کہ یہ اچھا بجٹ ہے۔ لیکن ہماری گورنمنٹ کا بہت سا روپیہ انگریز افسروں کی تنخواہوں پر خرچ ہو رہا ہے۔ یہ نہایت ناموزوں ہے۔ جب تک ہماری حکومت یہ طریقہ نہیں بدلے گی۔ وہ ترقی نہیں کر سکتی۔ میری گذارش ہے۔ کہ اس طرح صوبہ کا روپیہ ضائع نہ کیا جائے۔ میں سمجھتا ہوں۔ کہ یہ روپیہ ایک طرح ہماری حکومت کو تباہ و برباد کرنے کے لئے خرچ کیا جا رہا ہے۔ دنیا اچھی طرح جانتی ہے۔ کہ انگریز قوم نے ہمارے ساتھ انصاف نہیں ہوتا۔ انہیں معلوم ہے۔ کہ اس قوم نے ہمیں سخت نقصان پہونچایا ہے۔ کتنا نقصان پنجاب کے ٹکڑے کر دینے پر ہوا۔ اور کتنا بنگال کی تقسیم پر ہوا۔ ریڈکلف نے کیا انصاف برتا۔ ماؤنٹ بیٹن جو شاہی خاندان سے تعلق رکھتا ہے۔ اس نے ہمارے ساتھ کیا کیا۔ ناانصافیاں نہ کیں۔ غرض یہ مسلمہ امر ہے۔ کہ انگریز نے مسلمانوں کو سخت نقصان پہنچایا ہے۔ اس لئے نہیں۔ کہ انہیں قائداعظم کی پالیسی سے اختلاف تھا نہ اس لئے کہ ان کی کوئی بڑی روایت تھی۔ یا پنجاب کے مسلمانوں سے دشمنی تھی یا پنجاب کے صوبہ یا وزیراعظم سے دشمنی تھی نہیں نہیں یہ بات نہ تھی۔ بلکہ جیسا کہ جنکنز کے خطوط سے معلوم ہوتا ہے۔ ان کو باحیثیت قوم کے ہماری قوم سے دشمنی تھی۔ اس دشمنی میں ان کو قومی فائدہ نظر آ رہا ہے۔ لہذا میں اپنی حکومت سے استدعا کرتا ہوں۔ کہ اب بھی یہ سمجھیں۔ کہ یہ قوم ہماری قوم کو فائدہ نہیں پہنچا سکتی۔ لہذا انگریز ہمارے لئے جو بھی کرے گا۔ وہ خطرے کا موجب ہوگا۔

حضور والا۔ اگر ہمارے پاس ٹیکنیکل اکسپرٹ نہ تھے۔ تو امریکہ یا روس سے منگائے جا سکتے تھے۔ ٹرکی سے منگانے کی کوشش کی جاتی۔ جب دنیا کے دیگر ممالک سے ایسے ایکسپرٹ مل سکتے ہیں۔ تو پھر ہم انہیں کیوں رکھیں۔ مجبوری کی صورت میں جب کہیں سے ایکسپرٹ نہ مل سکیں۔ تب ہم ان انگریزوں کی طرف توجہ کر سکتے ہیں۔ ہمارے پاس تجربکار آدمی موجود ہیں۔ جن کے دلوں میں خدمت کرنے کا احساس اور پاکستان کو ترقی دینے کا جذبہ موجود ہے۔ لہذا انہیں سرکاری ملازم رکھنا چاہیئے۔ میری گذارش یہی ہے۔ کہ صرف وہی ٹیکنیکل سٹاف ملازم رکھا جائے۔ جو مسلمانوں کی دیانتداری کے ساتھ خدمت کر سکے ایسے آدمیوں کو ملازم رکھنا جنہیں مسلمانوں سے دشمنی ہو۔ یقیناً ہمارے ملک کی تباہی کا باعث

ہوگا۔ ان کی کوششیں ہمیشہ یہی ہوں گی۔ کہ ہم برباد ہو جائیں۔ ہماری بڑی رقم دو انگریز افسروں کی جیبوں میں جا رہی ہے۔ شاید وہ اچھا کام کرتے ہوں گے۔ لیکن یاد رکھیئے۔ بالآخر وہ ہماری قوم کو ایک نہ ایک دن نقصان پہنچائیں گے۔ لہذا وہ روپیہ جو ان انگریز افسروں کی تنخواہوں پر صرف ہوگا۔ وہ بالکل رائیگاں جائے گا۔

دوسری بات جس کا ذکر کرنا میں ضروری سمجھتا ہوں یہ ہے۔ کہ وہ صفت کونسی ہے جو خداوند تعالےٰ نے صفات اعلےٰ میں بہتر قرار دی ہے۔ وہ صفت عدل و انصاف ہے لہذا میری گذارش ہے۔ کہ ہر کام میں عدل و انصاف سے کام لیا جائے جس ملک یا جس قوم میں انصاف نہیں ہوتا۔ وہ برباد ہو جاتی ہے۔ انگریز نے جو حکومت کی تھی۔ اس میں انصاف نہ تھا۔ سو دیکھ لیجئے۔ وہ خود بخود ختم ہو گئی۔ حضور والا۔ میری گذارش اپنے معزز وزراء سے یہ ہے۔ کہ وہ اس امر کا خیال رکھیں کہ ہمارے صوبہ میں انصاف سے کام کیا جائے خاص طور پر ہمارے غریب لوگوں سے جو شہروں سے دور رہتے ہیں منصفانہ سلوک کیا جانا چاہیئے۔ انصاف ہی ایک ایسی چیز ہے جس سے انسان مطمئن ہو سکتا ہے۔ حکومت کی بہتری اور سرخروئی انصاف ہی میں پوشیدہ ہے۔ لیکن غریب کے ساتھ انصاف نہیں ہوتا۔ ہماری حکومت میں یہ جنس مہنگی ہے۔ جسے غریب حاصل نہیں کر سکتا۔ ایک غریب پہلے کوسوں سفر کرے۔ شہر میں پہنچے۔ وکلاء کی جیبیں بھرے۔ منشیوں کو کھلائے۔ کورٹ فیس لگائے۔ مجسٹریٹوں کے اردلیوں کو خوش کرے۔ ان کے منشیوں اور مثل خوانوں کو خوش کرے۔ ان کا پیٹ بھرے۔ تب جا کر وہ انصاف کا طلبگار ہو سکتا ہے۔ اتنے مصائب اس غریب کو برداشت کرنے پڑتے ہیں۔ جس کے بچے بھوکے ہوں۔ وہ وکیلوں کو کس طرح فیس دے۔ منشیوں کا کس طرح پیٹ بھرے اور اردلیوں اور مثل خوانوں کا کس طرح پیٹ بھرے۔ وہ گورنمنٹ کے ٹیکس کیسے ادا کرے۔ یہ ٹیکس جو آپ غریبوں پر لگاتے ہیں۔ یہ ان کے مال پر ڈاکہ ڈالنے کے مترادف ہے۔ ان کی عصمتیں چھینی جاتی ہیں۔ مگر ان کی کوئی شنوائی نہیں ہوتی۔ الغرض غریب کے ساتھ انصاف نہیں ہوتا۔ میری گذارش ہے۔ کہ اس کے لئے کوئی خاص انتظام کیا جائے۔ اس کے لئے انصاف سستا کیا جاوے۔ غریب کو انصاف بہت مہنگا حاصل ہوتا ہے۔ میں حکومت سے اس کے وزیروں سے عرض کروں گا۔ کہ وہ اپنے افسران ضلع کو ہدایات جاری کریں۔ کہ وہ ہفتہ میں کم از کم تین دن ایسے مقرر کریں۔ جب کہ غریب ان کو اردلیوں اور چپراسیوں کی وساطت کے بغیر مل سکیں۔ کوٹھیوں میں نہیں۔ کھلے اجلاس میں مل سکیں۔ اور منشیوں اور وکیلوں کے ذریعے سے نہیں بلکہ براہ راست انصاف حاصل کر سکیں۔ اور ضلع افسران ان کا ریکارڈ رکھیں۔ ان کے حالات سنیں۔ اور اس بات کی کوشش کریں۔ کہ ان کی تکلیفیں دور ہوں۔ اور انہیں انصاف حاصل ہو۔ صرف اسی طرح غریب کو انصاف حاصل ہو سکتا ہے۔ آج کل جو مقدمات میں دقت پیش آ رہی ہے۔ وہ بہت زیادہ ہے۔ غریب کوسوں دور چلتا ہے۔ شہر میں آتا ہے۔ لیکن آج کل ہمارے مجسٹریٹ اس قدر مصروف نظر آتے ہیں۔ کہ ان کے مقدمات سننے کے لئے ان کے پاس وقت ہی نہیں ہوتا۔ ان کو

rehabilitation کا ایک بہانہ مل گیا ہے۔ جب مقدمات کے لئے لوگ آتے ہیں۔ دھکے کھا کھا کر آتے ہیں۔ کیونکہ سفر کا انتظام اچھا نہیں ہے۔ conveyance اچھی نہیں ہے۔ گاڑیوں کی چھتوں پر بیٹھ کر آتے ہیں۔ سردی کھا کر آتے ہیں۔ روپیہ خرچ کرتے ہیں۔ اور پھر کیا ہوتا ہے؟ پھر یہ ہوتا ہے۔ کہ مثل خوانوں کی شکم پروری کرتے ہیں۔ تاریخ لیکر واپس چلے جاتے ہیں۔ اس طرح قوم کا وقت ضائع ہو رہا ہے۔ اور لوگوں کو تکلیف ہو رہی ہے روپیہ بے فائدہ ضائع ہو رہا ہے۔ اگر ہمارے مجسٹریٹ فارغ نہیں۔ اور وہ اس کے سوا کچھ نہیں کر سکتے۔ کہ تاریخ دے دیں۔ تو اس سے بہتر ہے۔ کہ لوگوں کو گھروں ہی میں یہ اطلاع مل جائے۔ اس سے غربا کو جس تکلیف کا سامنا ہوتا ہے۔ وہ اس سے بچ جائیں۔ جو روپیہ خرچ ہوتا ہے۔ جو وقت خرچ ہوتا ہے۔ وہ تو بچ جائے۔ اور غریب وہ روپیہ اپنے بچوں کی خدمت پر خرچ کر سکیں۔ وہ وقت اپنی روزی کمانے میں صرف کر سکیں۔ لہذا گورنمنٹ سے میری استدعا ہے۔ کہ وہ اس چیز کا انسداد کرے۔ تاکہ لوگوں کی تکلیفیں دور ہو جائیں۔

تیسرے میں یہ عرض کرنا چاہتا ہوں۔ کہ مشرقی پنجاب میں ہماری قوم کو جن مصیبتوں کا سامنا ہوا۔ جو تکلیفیں پہنچیں۔ جو بربادی ہوئی۔ جو نقصانات ہوئے۔ ہماری گورنمنٹ فوراً ایک کمیٹی مقرر کرے۔ جو ان مصائب کی ایک تاریخ لکھے۔ وہ کمیٹی شہر بہ شہر گاؤں بہ گاؤں جا کر اور ہر ایک مہاجر سے مل کر ان کے اصل حالات دریافت کرے۔ تاکہ ہماری تاریخ صحیح صحیح لکھی جا سکے۔ جس سے آئندہ نسلیں آگاہ ہو جائیں۔ کہ مشرقی پنجاب میں ان کے مسلمان آباؤ اجداد پر کیا مصیبتیں گذریں۔ اور یہ صرف اس صورت میں ہو سکتا ہے کہ کمیٹی ہر ایک مہاجر کو ملے۔ اور اصل حالات سے اس تاریخ کو مرتب کرے۔

میں گورنمنٹ کی اس چیز سے خوش ہوں۔ کہ اس نے کوآپریٹو سوسائٹیوں کا انتظام کر دیا ہے۔ کہ جس سے ہماری زراعت اور زمینداروں کو کافی فائدہ پہنچا ہے۔ مجھے ان کے اچھے انتظام پر خوشی ہے۔ ان سوسائٹیوں نے غلہ خریدنا شروع کر دیا ہے۔ چاول گندم وغیرہ خریدنا شروع کر دیا ہے۔ کچھ نہ کچھ کپڑا بنانے کی تجویز بھی کی جا رہی ہے۔ یہ ایک بڑا اچھا اقدام ہے۔ اس سلسلے میں اتنا ہی کہہ دینا میرے خیال میں کافی ہے۔

اس کے بعد یہ عرض کروں گا۔ کہ غریبوں کو کوئی ذریعہ معاش نہیں مل رہا۔ کوئی مزدوری نہیں مل رہی۔ اس لئے میں گورنمنٹ سے استدعا کروں گا۔ کہ دیہات میں cottage industries کا انتظام ہونا چاہئے چھوٹی چھوٹی industries جاری کر دی جائیں۔ تاکہ بیکار لوگوں کو مزدوری مل جا سکے۔

ان الفاظ کے ساتھ میں اپنی تقریر ختم کرتا ہوں۔

Chaudhri Abdul Ghafur Qamar (Shakargarh, Muhammadan, Rural) :

چودھری عبدالغفور قمر:

جناب والا۔ میں آنریبل وزیر خزانہ کی قابلیت کی داد دیتا ہوں (وزیر خزانہ۔ شکریہ) جنہوں نے بجٹ کے اوپر refugees کو مسلط کر دیا ہے۔ اور اسے ایسے یتیمانہ انداز میں پیش کیا ہے۔ کہ یہ بجٹ اچھا خاصا یتیم بجٹ معلوم ہوتا ہے۔ جناب والا! اس اسمبلی کی تاریخ میں غالباً یہ اپنی قسم کا پہلا بجٹ ہے۔ اور میری دعا ہے۔ کہ یہ اپنی قسم کا آخری بجٹ ہو۔

جناب والا! حالات نہایت غیر معمولی تھے۔ اور میں سمجھتا ہوں۔ کہ تاتاریوں نے اسلام پر جو حملہ کیا تھا۔ اس سے اسلام آج تک bleed کر رہا ہے۔ میں سمجھتا ہوں کہ سکھوں نے تاتاریوں سے بڑھ کر حملہ کیا ہے۔ اور شاید اسلام صدیوں تک اس سے bleed کرتا رہے گا۔ جنگ کے زمانے میں یہ سمجھنے لگا تھا۔ کہ جاپانی دنیا کی سب سے زیادہ وحشی اور ظالم قوم ہے۔ لیکن حالات نے ثابت کر دیا ہے کہ ہمارے سکھ جاپانیوں سے بھی زیادہ وحشی ہیں۔

جناب والا! میں آپ کی وساطت سے وزیر خزانہ کی توجہ اپنی شکر گڑھ تحصیل کی طرف لے جانا چاہتا ہوں۔ یہ تحصیل مغربی پنجاب میں غالباً سب سے پسماندہ تحصیل ہے۔ یہ تحصیل گورداسپور ضلع کا حصہ تھی۔ تقسیم کے بعد گورداسپور ضلع کی تین تحصیلیں ایک طرف ہو گئیں۔ اور شکر گڑھ تحصیل کو ضلع سیالکوٹ کے ساتھ ملا دیا گیا۔ یہ تحصیل تین مہینے تک فسادات کے دوران میں ایک جزیرہ نما بنی ہوئی تھی۔ باہر کی مہذب دنیا کے ساتھ اس کا کوئی تعلق نہ تھا اور خدا ہی جانتا ہے۔ کہ اس تین مہینے کے عرصہ میں اس تحصیل پر کیا بیتی ہے۔

جناب والا! موجودہ بجٹ میں اس تحصیل کے لئے جس میں ایک بھی گورنمنٹ ہسپتال نہیں کوئی گنجائش نہیں رکھی گئی۔

یہاں ایک بھی گورنمنٹ ہائی سکول نہیں ہے۔ نہ لڑکوں کے لئے اور نہ ہی لڑکیوں کے لئے اور یہ وہ تحصیل ہے۔ جہاں کہ کوئی نہر ہے۔ اور نہ ہی ٹیوب ویل کا سسٹم ہے۔ اور جناب والا نہ ہی اس تحصیل کے لئے موجودہ بجٹ میں کوئی گنجائش رکھی گئی ہے۔

جناب عالی! اس کے بعد آپ کی وساطت سے میں اپنی وزارت کی توجہ تحصیل شکر گڑھ کی سرحدوں کی طرف سے جانا چاہتا ہوں۔ تحصیل شکر گڑھ کی چالیس سے پچاس میل تک لمبی سرحد ہے۔ یہ تحصیل تین اطراف سے دشمن کے نرغہ میں ہے۔ صرف ایک طرف سیالکوٹ کا ضلع لگتا ہے اس کے ایک طرف جموں اور کشمیر کا علاقہ ہے۔ اور دوسری اور تیسری طرف انڈین یونین کی سرحد ہے۔ جموں کی سرحد کی طرف سے مسلح غنڈوں نے تحصیل پر حملہ کیا۔ اور اٹھارہ گاؤں جلا دیئے۔ ان اٹھارہ گاؤں میں تقریباً ۸۵ لاکھ روپے کا مالی نقصان ہوا ہے۔ یہ گاؤں جل کر خاکستر ہو گئے ہیں۔ اور یہاں کے لوگ خانماں برباد۔ نہ ان لوگوں کو refugees میں شامل سمجھا جاتا ہے۔ اور نہ انہیں کسی اور قسم کی کوئی مراعات یا سہولتیں دی جاتی ہیں۔ ان کے مکانوں کی چھتیں گر گئی ہیں۔ اور اب وہ آسمان کی چھت کے نیچے

سردی کی شدید ٹھنڈی راتیں گذارتے ہیں۔ ان کا تمام غلہ جلا دیا گیا ہے۔ اس لئے ان کے پاس کھانے کو کچھ نہیں۔ اور ان کے تن ڈھانکنے کے کپڑے بھی نذر آتش ہو چکے ہیں۔ اور وہ کچھ پہننے سے بھی محروم ہیں۔ پچھلی دفعہ جب آنریبل وزیر خزانہ شکر گڑھ گئے۔ تو میں نے ان سے عرض کیا تھا۔ کہ ان اٹھارہ گاؤں کے متعلق اپنی پالیسی کا اعلان کریں۔ انہوں نے وعدہ بھی فرمایا تھا۔ کہ میں جلسے میں اپنی پالیسی کی وضاحت کروں گا۔ لیکن انہوں نے ایسا نہیں کیا۔ شمالی سرحد جو جموں سے ملتی ہے۔ اس کا تو یہ حال ہے۔ اب مشرقی اور جنوبی سرحدوں کا حال بھی سن لیجئے۔ جیسا کہ میں پہلے بتا چکا ہوں۔ یہ سرحدیں انڈین یونین سے ملتی ہیں۔ ریڈکلف اپنے بیان میں کہتا ہے۔ کہ جب اُچ کا دریا پار کر کے پنجاب میں داخل ہوتا تو وہ پاکستان اور انڈین یونین میں حد فاصل کا کام دے گا۔ اس لحاظ سے تحصیل شکر گڑھ کے ۲۴ گاؤں دریا کے پرلی طرف ہونے کی وجہ سے پاکستان سے باہر رہ جاتے ہیں۔

ریڈکلف کا دوسرا بیان یہ بھی ہے۔ کہ ساری تحصیل شکر گڑھ پاکستان میں ہوگی۔ اس طرح یہ ۲۴ گاؤں بھی ہمارے قبضہ میں آتے ہیں۔ یہ ایک حل طلب امر ہے۔ اس کو جلد حل کرنا چاہئے اسی طرح دریا کے اس طرف پٹھانکوٹ تحصیل کے دو گاؤں سنبل اور سکول ہیں۔ وہ بھی ہمارے قبضہ میں آتے ہیں۔ اس بات پر نہ اس وقت پاکستان گورنمنٹ کوئی ایکشن لے رہی ہے اور نہ ہندوستان گورنمنٹ۔ میں حیران ہوں کہ گورنمنٹ نے اب تک کیوں شکر گڑھ کے ان ۲۴ دیہات اور تحصیل پٹھانکوٹ کے دو دیہات کی طرف توجہ نہیں۔ حکومت کو اس معاملہ میں جلد کارروائی کرنی چاہئے۔ جناب صدر اس کے بعد میں اپنی سرحد کی defence کی طرف آتا ہوں۔ ۴۰ - ۴۵ میل کی لمبی سرحد پر تقریباً تین تین میل بعض اوقات چار چار میل اور بعض اوقات تو سات سات میل فاصلہ پر چوکیاں (Pickets) بنائی گئی ہیں۔ اور وہ بھی سرحد سے تین تین میل اندر ہیں۔ میں عرض کرتا ہوں۔ کہ تین تین میل تک جو گاؤں سرحد کے ساتھ واقع ہیں ہم ان کا تحفظ کیسے کر سکتے ہیں۔ لوگوں ہراساں ہیں۔ وہ وہاں پر سکونت اختیار نہیں کر رہے۔ اور زمینیں برباد ہو رہی ہیں۔ فصلوں کو بونے کا وقت گذر چکا ہے۔ میرے عرض کرنے پر اس کے متعلق بھی وزیر خزانہ صاحب نے فرمایا تھا۔ کہ اس پر غور کروں گا۔ لیکن افسوس ہے۔ کہ ابھی تک انہوں نے اس طرف کوئی توجہ نہیں کی۔ جناب عالی شمالی سرحد کے ساتھ ریاست کے دو اضلاع جموں اور کٹھوعہ واقع ہیں۔ جو مظالم ان دو اضلاع میں مسلمانوں پر کئے گئے ہیں۔ میں سمجھتا ہوں۔ کہ ان کی نظیر کہیں نہیں مل سکتی۔ اکتوبر اور نومبر کے مہینے میں میں خود ایک دفعہ سرحد پار کر کے ایک دو میل تک گیا۔ اور اس مقام کو دیکھا۔ جہاں مسلمانوں کا قتل عام ہوا تھا۔ میں نے خود اپنی آنکھوں سے لاکھوں مردوں اور عورتوں کی لاشوں کو دیکھا ہزاروں مائیں مردہ پڑی تھیں۔ ان کے بچے ان کو ڈھونڈ رہے تھے۔ اور ماں ماں پکار رہے تھے۔ ان کو پتہ نہ تھا۔ کہ ہماری مائیں مر چکی ہیں۔ ظالموں کے ہاتھوں سے بچے ہوئے کشمیری مہاجر تحصیل شکر گڑھ میں پڑے ہیں۔ لیکن ہماری گورنمنٹ نے انسانیت نوازی کا کوئی ثبوت نہیں دیا۔ اور ان کے لئے کسی قسم کی کوئی سہولیت مہیا نہیں کی۔ سرحدوں کے متعلق میں نے سب کچھ آپ کی خدمت میں پیش کر دیا ہے۔ ایسے حالات کے بعد اب وہاں کے عوام کا یہ مطالبہ ہے۔ کہ سرحد سے تین تین میل اندر تک اسلحہ مفت تقسیم کر دیا

جائے۔ اور میری رائے یہ ہے۔ لوگوں کے morale کو بلند کرنے کے لئے ریڈیو سیٹ مفت تقسیم کئے جائیں۔ اور میری ایک تجویز یہ بھی ہے۔ کہ شکر گڑھ کو جو پٹھان کوٹ سے ۱۰۰ میل دور ہے سب ڈویژن بنا دیا جائے۔ چونکہ شکر گڑھ میں اس وجہ کپاس کی پیداوار کم ہوتی ہے۔ اور سوتی کپڑا نہیں مل سکتا۔ اس لئے coarse کپڑا مہیا کیا جائے۔

اب میں عرض کرتا ہوں۔ کہ آپ نے افسروں کے خلاف بہت کچھ کہا ہے۔ لیکن اچھے کام کرنے والوں کے متعلق کچھ بھی نہیں کہا۔ میں تجویز کرتا ہوں۔ کہ جن افسروں نے پاکستان گورنمنٹ کی خدمت کے لئے اچھا کام کیا ہے۔ ان کو خوشنودی کی سندیں عطا کی جائیں۔ اس کے بعد میں شکر گڑھ تحصیل کے متعلق خاص طور پر دوبارہ توجہ دلانا چاہتا ہوں۔ کہ یہ تحصیل صدیوں سے پس ماندہ ہے۔ اور اگر اس کی طرف جلد توجہ نہ دی گئی تو یہ اور بھی پسماندہ ہو جائے گی۔ آج شکر گڑھ کے ہر بچے کی زبان پر یہ شعر جاری ہے

ہم بھی منہ میں زباں رکھتے ہیں
کاش پوچھو کہ مدعا کیا ہے

Malik Muhammad Firoz Khan Noon : (Rawalpindi Division Towns, (Muhammadan) Urban) : Sir, it is no common praise or compliment which I offer to the Finance Minister for the manner in which he is handling the finances of our province. I believe he is the youngest Finance Minister that any government in India has ever had the pleasure to guide its finances. You all know that his father, who came into the first reformed legislature in 1920, laid down his life in the political service of his country, and he spent all he had on the political work of this province ; and I am glad to say that the Finance Minister is following in the footsteps of his father in the service of his mother land. No democratic form of government can ever work successfully unless the people whom it represents are able to produce men of brain and men of education and possibly also of will, who are willing to sacrifice their all not only their wealth but their comfort and their financial prospects for the service of the country ; and I hope and pray that God will produce and continue to produce young men in our country who will make the political service of the Punjab as their life's career and will sacrifice their wealth, their comfort and their careers in the service of the people. (*Amen*) I am glad to say that we have in our Finance Minister a young man of brain, of education and of integrity and honesty of purpose, (*Hear, hear*) in whose hands our funds and our finance and the future prosperity of our people is placed with confidence and that he will render to his people unselfish and ceaseless service that we deserve if we have to become one of the foremost democratic and advanced people of the world. There are many difficulties that this province is facing and is to face, but I am sure that with the help of Providence and our own determination and will to sacrifice we shall surmount all those difficulties. I wish to make just a few suggestions for our government and this House's consideration. We all know that on the outbreak of these disturbances there was a complete breakdown in this province of our financial system. Practically all our banks were in the hands of non-Muslims, and I know it for a fact that the

directors of these banks put all their books and their money, cash deposits and all their account records in the æroplanes and took them out of the province, and for months and months Muslims, who had current accounts with these banks, were unable to draw their money. On the other hand our Government that depended to a great extent for its financial system on the aid that we have been receiving from the Central Government—an aid which it was our right and share to receive-that aid ceased, and the banks on which our provincial government had in the past depended for financial assistance, practically closed their doors, so that you can realise the difficulties that this young legislature and this young Finance Minister had to face. But thanks to Providence and the hard work that our Ministers have put in we are gradually surmounting these difficulties. I feel that we must take some steps which will prevent the occurrence of a thing of this nature in future, particularly when we realise that our community is not very conversant nor very keen on the banking system. Therefore I suggest to the Finance Minister for the consideration of Government that in this province we establish a government bank which will have branches in all districts and in all tehsils to deal with our revenue collections and our financial disbursements. The old system, under which we had treasurers in each tehsil-and practically all these treasurers were non-Muslims—is no longer suited for our province, nor are there banks or branches even of the Imperial Bank of India spread enough in our province to provide us with offices where our taxes can be paid. Therefore I feel that the time has arrived for our government to organise a government bank for the collection and disbursement of our revenue and our salaries and expenditure.

Secondly, I would like to suggest that time has arrived when our Province should have a separate Treasury Service. Under the old system, for every job in the world an Indian Civil Service Officer was considered suitable. Those officers were Deputy Commissioners one day, experts in other matters another day. They were made Heads of medical departments and short of actually attending on patients as doctors in hospitals they occupied every chair under the sun. The I.C.S. officer was considered suitable for every department and every work. I feel that we should, as is the system in all civilized and democratic countries, have a separate treasury department which must be manned by men who are experts in finance and economics, men who are capable of laying down policies and expressing an opinion which the Council and the Ministry can accept. Ministers may come and Ministers may go. The Ministers even in England are never financiers. They are taken from the legislature. In their Parliament any member can be the Chancellor of the Exchequer. In Great Britain, one of the most complicated systems that one has to deal with is the financial system of a modern and advanced country like England, but the Treasury is manned from top to bottom by men who are first-rate men ; their education—basic education in finance and economy—is very high and they make Treasury as their life's career so that there is nothing which is not known to the Treasury and I suggest that we take immediate steps to establish a separate Treasury Department and the officers who are taken in that department shall not be transferred to any other department and the officers of other departments shall not be allowed to go into the Treasury Department, because that will be a team of experts

whose opinion we can trust and whose opinion will be worth accepting. (*Hear, hear*).

Now, one suggestion I would like to make to the Finance Minister and that is the question of agricultural income-tax. Under the existing law the imposition of an agricultural income-tax belongs to the Provincial sphere and I feel that the financial stress through which we are passing justifies the Finance Minister's considering the possibility of an agricultural income-tax in this Province. (*Hear, hear*). If he does not do it, I can tell him that the Pakistan Government will. They may even now stop him from levying an agricultural tax because they want to impose it themselves. If they do, they are welcome, but we must have extra fund.

Major Syed Mubarak Ali Shah: Will they interfere with the Provinces in this respect ?

Malik Muhammad Firoz Khan Noon: You see the question of Provinces and Centre does not arise. We are one people, we are one Government. Their money is our money and our money is their money. So long as the money is raised in a proper and just manner and spent on the people, for the people in a proper and just manner, we do not mind through which source it comes (*Loud applause*). There was a time when we in the Provinces resented interference from the Centre, where it was not our Government and not responsible to us, but the same conditions do not apply to-day. There is no question of resenting now because the people in the Centre, in Karachi, are just as much your servants and your nominees as the people in your Province. (*Hear, hear*).

Mr. Speaker: I had prescribed a time limit of 10 minutes for speeches by the honourable members, but in the case of Malik Muhammad Firoz Khan Noon I will relax that limit because he is making suggestions which carry considerable weight and deserve serious consideration and, therefore, I give him half an hour.

Honourable members: Yes, Yes, most certainly. (*Loud cheers*).

Malik Muhammad Firoz Khan Noon: Thank you. There are one or two more suggestions which I would like to make to the Government. I would like to pay a tribute to their vision in establishing a Cotton Corporation or whatever they call it. Cotton is a crop which is the mainstay of not only the farmers but also of the business—men in this provnice and I feel that if we fail here, the finances of the provinte will fail. Our cotton in villages is being sold at Rs. 8 to Rs. 9 per maund whereas according to world parity in cotton prices, the price should be somewhere between Rs. 24 and Rs. 25. There are foreign representatives sitting in Karachi wanting to buy our raw cotton immediately it arrives in Karachi and at the prices I am telling you—Rs. 24 and Rs. 25 per maund. Why is the zamindar getting only Rs. 8/- or Rs. 9/-? Because the cotton is not being ginned, it is not being bought and is not reaching Karachi and I welcome the step that the Government have taken in establishing a Corporation which is going to buy this raw cotton or advance money for the purchase of raw cotton and it is for this reason that the price of cotton in this province has already risen, and if it is handled properly, I am sure that the price will still rise further until we get our market price.

I would like to suggest to Government, Sir, that following that

example, they also take up the question of cotton seed. Cotton seed in this province is being sold at Rs. 6/- per maund and if the cotton seed is cheap, the price of cotton also will come down because the price of cotton goes up if the price of cotton seed goes up. Cotton seed from the Punjab is bought usually by the East Punjab or by the United Provinces. It does not go down to Bombay ordinarily and the prices in the East Punjab and in the United Provinces are about Rs. 20/- per maund. Now, if the sale and purchase of cotton seed were regulated properly, the market value of cotton seed should be somewhere between Rs. 10/- and Rs. 12/- per maund and if that takes place, the price of raw cotton will automatically go up by another Rs. 4/- or Rs. 5/- per maund. I understand that the Government of India or the people from India, since they are able to buy cotton in the open market here at Rs. 6 to Rs. 7 per maund, are not willing to come to an agreement with our Government to buy this cotton seed at Rs. 10 or Rs. 11 per maund. Therefore, I suggest to the Government that they should take steps to buy up the whole cotton seed which is lying in their province at market price. We do not mind if the holders of cotton seed suffer and the Punjab Government purchase it at Rs. 6 to Rs. 7 a maund and they sell this cotton seed at the market price to the East. I would like to place before them the example of the Sind Government, who by purchasing the whole of the wheat crop in their country in the past years and by putting a little money on to the price, have collected crores of rupees which have gone to pay off their canal debt and I feel that in view of the breakdown of all commercial systems in our Province, Government have got to step in and buy these commodities which are there for you to buy at very low prices and if profits are to be made, I feel, the profits ought to go into the pocket of the Government and not into the pocket of the merchants from outside country.

Mian Muhammad Nurullah : Why not zemindars ?

Malik Muhammad Firoz Khan Noon : Cotton seed, I am afraid, which is now in the Punjab, is out of the zemindars' hands. It is either with merchants or with banks or lying in godowns or it may be in the possession of ginning factories. It is a small difference but I think it makes the situation clearer.

I feel, Sir, that in the case of wheat, for instance, the price of wheat was fixed by the Government of India in Lord Wavell's time at Rs. 9/8/- per maund, but the Government in India, in Delhi, admitted that Rs. 9/8/- was not the market value of the wheat that the Government were paying, because the cost of production was not taken into consideration. The Government of India refused to look at the cost of production of wheat and by a rule of thumb, they fixed Rs. 9/8/- because it happened to be more than what the zemindar had been receiving before. Therefore, the agriculturists of the Punjab throughout the course of the war have been deprived of millions of rupees because of the compulsory fixing of this price at this low rate. I was reading in a paper the other day that the Government of India had been offered wheat in Australia free on board the ship at a price which I worked out in rupees to be equal to Rs. 16 per maund in a port in Australia. Now that is a matter for our financial experts to enquire into and if the price of wheat in the world is more than the price of wheat that we have fixed in the Punjab, there is no reason why wheat exported from Pakistan should be exported at a price which is lower than the world

price of wheat and if it is to be purchased by Government at a low price, then I feel that the profit should go into the pocket of the Provincial or the Pakistan Government and not into the pockets of people from outside Pakistan who buy that wheat from us. The things as they are, the way is being pointed to more and more influence of the Governnent on our economic policy through fairly well-organised and well-balanced control in purchases and in prices and this is a matter in which our Government may easily be able to raise more funds for their own purposes.

There is one other small matter, Sir, that I would like to suggest with regard to refugees. I think there are quite a considerable number of Muslim women who have come into this province and who are educated, and I feel that Government should take steps to find out where these women are—and I know that there are many-and try and give them appointments either in the Education Department or Medical Department or clerical appointments in other offices. The other day the Orient Airways advertised for Women Hostesses for their service and quite a number offered themselves. Some of these educated women may be starving and unable to go about hunting for employment for themselves and I feel some efforts should be made to take care of these educated women.

Secondly, I would like to suggest that we are spending a very large amount of money on refugees in any case and it may be desirable to consider the possibility of recruiting a Pioneer Corps. I would not like to call it Labour Corps, Pioneer may be a more suitable name, and recruit some of these youngmen, who today in many cases are turning into thieves going about and stealing things from house to house during night or during day time. This will not only bring them under discipline but it will also give you a Force which you can usefully employ on various works, whether it is canal works or your roads or your buildings. You may form societies of them Co-operative Societies of builders, masons and of men of all professions. We can get hold of and organise them in a way and get them out of harm's path, if possible.

There are a few other matters, but I do not wish to take the time of the House, but there is one matter to which I would like to refer, and that is the collection of funds from the public through the agency of Government servants. I think, it is a most reprehensible system that has been established in this country. Our predecessor Governmet squeezed lakhs of rupees out of the public and we do not know how much went into the pockets of the Governmen servants—public servants-who collected those funds and how much went into the hands of Government that collected that fund. Belive me, the same thing may happen to us. We are no angels ; we are human beings and we cannot control all the public servants who collect funds for us. If we have to continue this system of collecting funds for very worthy objects through public servants, then, we must immediately bring about a law which will control collection and accounting of such subscriptions from the public (*Hear, hear*).

I went out last Sunday and was told that along a certain canal bank, between one village and another there were at least 60,000 trees and not one tree stands on that canal bank today and you cannot find any trace of one. Every tree has been dug deep and the earth levelled. I was told that the Sub-Inspector of Police of that area, the Canal Ziladar and the Baildars combined together to sell that wood. Even if you sell each tree for ten

rupees, which is a small price considering that the price of fuel in Lahore is Rs. 4/8 per maund, it gives you straightaway six lakhs of rupees, which these people have swallowed up. Then these people have ingratiated themselves with Government and say " All right we collect money for the Qaid-i-Azam Relief Fund ". They have collected money from the zamindars in cash and then they have gone and bought, I am told, ornaments and jewellery from the refugees at a fairly low price and presented the metal as a gift towards the Qaid-i-Azam Relief Fund saying that the people have given this willingly whereas it is purchased jewellery. Now, nobody knows how much money these men have collected and swallowed themselves and no one will know ever how much of that money will reach our hands. Therefore, I suggest, Sir, that the Government bring about a law which will enable them to hold inquiries into collection of funds and to bring to book people who have collected money from refugees or who have collected money and have not handed it over to the Government or for the purpose for which it was collected. (An Honourable Member: Which is that canal?). I do not want to refer to that. Sir the time is over and there is one very important matter to which I should like to refer and that is, that I have read in the papers this morning that Mahatma Gandhi has decided to fast unto death. No country in the world has produced a greater man, leaving apart the religious founders than India has produced in Mahatma Gandhi and his efforts in bringing about peace in Calcutta during recent weeks have met with considerable success and his efforts in Delhi also to try and prevent the outbreak of violence has been meeting with considerable success. Unfortunately, there are some people on the other side who cannot see beyond their noses and they are committing political suicide and carrying us along with them in this avalanche also. India today is at a very critical stage. We can expect no help from anywhere outside our own countries in resolving our differences. If there are any people in Pakistan or India who think that U. N. O. is going to solve our differences, they are mistaken (Hear, hear). I tell you that the people in the West, if any thing, will be glad and they will be happy to encourage a war between India and Pakistan. (*Khan Abdus Sattar Khan Niazi : They are doing it already*). Look at China! For the last 30 years the war has been going on in China. Chinese fighting against the Chinese. It helps Europeans to have a war in China. China cannot progress. Their industry is gone, their wealth is gone and they are spending all that they have in buying armaments from Europe. Each section of Chinese is rushing after America or England and I tell you that they are planning to bring about in India and Pakistan the same condition which exists in China to-day and I tell you nobody will be more pleased than these countries who want to sell their goods to you. If for another 20 years you and India go on fighting, your industry cannot be organized, your factories cannot be organized and whatever little wealth you have you will have to spend in buying arms from one country or the other. Why to-day the people of Pakistan and of India are running after England or America for assistance is because we are quarreling with each other. If there is peace between us, we do not have to run after anybody and we can spend our wealth for the benefit of our people and not for arming ourselves to fight against each other for our liberty. But I should like to take this opportunity of saying that if India has gone to U. N. O. she must remember that we have many complaints too. We know how this

Boundry Award was given. We know that that award was changed. Radcliffe told the Members on the Boundry Commission what the terms of his Award were going to be, but when he reached Delhi these terms were changed. The Award now given is not the original Radcliffe Award. It was because of giving a route to Kashmir, through areas which were originally ours. Kashmir to-day is an ulcer to the Government of India. Fortunately, we are not involved. We are not spending money, but we have been involved in the sense that every drop of blood of a Kashmiri Musalman killed in Kashmir is our blood (Hear, hear) and we cannot visualize a Pakistan in which Kashmir loses its freedom and is allowed to go under the domination of people in India. (Loud applause). They can fight for 500 years and Muslims will never give up the claim to full freedom of their brothers in Kashmir (Hear, hear). I would like to give this warning to people in India who are allowing themselves to be used as instruments in the hands of foreign power for not only destroying our freedom but the freedom of the Hindus in the whole of India. Let them remember that if they continue this policy of aggression against Pakistan and against the Muslims, nothing but destruction will await them and the sooner they realize that their prosperity and our prosperity lies in amity and friendship, the better for both. Look at the United States of America and Canada. They are two different countries and the United States of America have treated the Canadians so well that to-day every Canadian considers himself a brother and a friend of the citizens of the United States of America. Similarly, if the people in Delhi were to consider us as their friends and we were given what is our due, and our share, in friendship and amity, we could walk hand in hand and create a power in Pakistan and India which will be the envy of the world (Hear, hear) but war mongers in Delhi, who are defying Mahatma Gandhi, these war mongers are leading their country to destruction, but I want to tell them this much that in the Punjab we are suffering financially because we are housing refugees, who have been turned out of the whole of India, who have come from Ajmer, from Delhi, from the United Provinces, from Madras, from C.P., from Bombay. From all over India Muslims have left their homes and come and sought refuge in the Punjab and if this pressure by the bigoted Hindus in Delhi who are in power and who are defying Mahatma Gandhi, continues, more and more men will continue to come here for the next ten years until India is empty of Muslims. How are we, Sir, going to house these people and feed them or clothe them in this country. This land of ours, which has been given to us is not enough, and we must be obliged to place before the U.N.O. our claim for more territory. (*Khan Abdus Sattar Khan Niazi: Corridor*). At least the territory in which we had a majority of Musalmans. We all know that Pandit Jawahar Lal Nehru and our Muslim League Government in Karachi had agreed on a formula that majority areas must go to each community, but Radcliffe Award has gone against that agreement between the Hindus and Musalmans of India and given to the other side territories which were ours and if we had got those territories which were ours, our boundary would have been the Sutlej River at least and, therefore, if the India Government have gone to the U.N.O. I hope and pray that our representatives will also bring before the U.N.O. all the problems which are the cause of our economic and financial difficulties to-day. But let us sincerely hope that better counsel will prevail in India and that Mahatma Gandhi's advice will be taken and accepted by his people, who, I hope, will

save his life and will save their own country also from the certain ruination which faces India to-day if they continue to follow the mad policy and the mad and selfish and bigoted lead given to them and to their Government by some of other leaders (Hear, hear).

Major Syed Mubarik Ali Shah (Jhang Central, Muhammadan, Rural) :—

Major Syed Mubarik Ali Shah :

میجر سید مبارک علی شاہ:۔

حضور والا ۔ قبل اس کے کہ میں کچھ عرض کروں۔ مجھے ایک شعر یاد آگیا ہے وہ آپکی خدمت میں پیش کرتا ہوں۔

فکر معاش عشق بتاں یاد رفتگاں
اس مختصر سی عمر میں کیا کیا کرے کوئی

عرض یہ ہے کہ بجٹ جو پیش کیا گیا ہے۔ اس پر اظہار خیال تو ایک لمبا قصہ ہے۔ مگر یہ دس منٹ جو مجھے تقریر کرنے کے لئے دیئے گئے ہیں۔ اس کے لئے ناکافی ہیں۔ تاہم خیر حکم حاکم مرگ مفاجات بجٹ پر اظہار خیالات کرنے سے پہلے ہر ایک مقرر کو ایک رسم ادا کرنی پڑتی ہے۔ لہذا میں بھی وہی رسم ادا کرتے ہوئے مغربی پنجاب کے وزیر خزانہ کو اس بجٹ پیش کرنے پر ہدیہ تبریک پیش کرتا ہوں۔ جن غیر معمولی اور نامساعد حالات میں انہوں نے یہ بجٹ تیار کر کے پیش کیا۔ وہ واقعی انہیں کا حصہ ہے اور میں بھی اسے محسوس کرتا ہوں۔ لہذا اگر اس وقت میں انہیں مبارکباد پیش نہ کروں۔ تو یقیناً میں اپنے فرض سے کوتاہی کروں گا۔

حضور والا۔ اس کے ساتھ ہی اگر میں فنانس ڈیپارٹمنٹ کے عملے کا شکریہ ادا نہ کروں اور خاص طور پر حافظ عبدالمجید صاحب کا جو بیک وقت چیف سیکرٹری بھی تھے۔ اور فنانس سیکرٹری بھی اور انہوں نے بڑی جانفشانی سے بجٹ تیار کرنے میں وزیر خزانہ کا ہاتھ بٹایا۔ تو میں اپنا فرض صحیح معنوں میں ادا کرنے سے قاصر رہونگا۔

حضور والا کسی بجٹ کے بہتر ہونے کا معیار یہ نہیں ہوتا۔ کہ وہ خسارے کا بجٹ ہے یا فاضلے (Surplus) کا۔ بلکہ دیکھنا یہ ہوتا ہے۔ کہ (Taxation) ٹیکسوں کی تشخیص کیسے کی گئی ہے اور آمد کو کس طرح خرچ کیا گیا ہے۔

جناب والا بجٹ میں ایک چیز ایسی ہے۔ جسے دیکھکر میں بہت ہی حیران ہوا۔ وہ یہ کہ تقسیم کونسل (Partition Council) اور حکومت نے ہمارے آبخانی صوبہ پنجاب کا سارا کا سارا قرضہ ہمارے صوبے یعنی مغربی پنجاب پر تھوپ دیا ہے۔ باوجود اس امر کے کہ ہمارے صوبے کے ممبر اس (Partition Council) تقسیم کونسل میں موجود تھے۔ اور ہمارے وزیر خزانہ جو انشاء اللہ نہایت زیرک اور ہوشیار نوجوان ہیں۔ اور جن کی قابلیت کی شہرت کے قصے ہم تقسیم کونسل سے باہر والے افراد نے بھی سنے اور خائبانہ داد بھی دیتے رہے۔ کہ انہوں نے مغربی پنجاب کے کیس کو حسب بیان اخبارات بڑی خوش اسلوبی سے تقسیم کونسل میں پیش کیا۔ تاہم میں سمجھتا ہوں۔ کہ وہ جس مقصد کے لئے وہاں گئے تھے۔ اس میں کامیاب نہیں ہوئے۔ ورنہ یہ تو سیدھی سادی بات تھی۔ کہ صوبہ پنجاب جو ۱۵ اگست ۱۹۴۷ء

سے پہلے ایک صوبہ تھا۔ بحیثیت ایک صوبہ ہونے کے ان تمام قرضوں کا ذمہ دار تھا جن کا وہ تحمل ہوا۔ اس کے متعلق میں وزیر خزانہ سے درخواست کروں گا۔ کہ وہ اس ایوان میں اس امر پر روشنی ڈالیں۔ آیا وہ اس سلسلے میں اپنی کوشش میں کامیاب ہوئے ہیں یا نہیں یا تقسیم کونسل (Partition Council) کے ممبر ہونے ہوئے بھی وہ بعض وجوہات کی بنا پر اپنے مقصد کو پورا نہیں کر سکے۔ اور مشرقی پنجاب کی بنیا حکومت نے حسب معمول آخری دھوکا ہمارے مسلم اراکین تقسیم کونسل کو دیا۔ جس سے غربی پنجاب کو بہت بھاری نقصان اٹھانا پڑا۔

حضور والا — میں محسوس کرتا ہوں کہ اپوزیشن کا سر ایوان میں ہونا ضروری ہے ہمارے ہاں آج اپوزیشن ہی موجود نہیں۔ جو تعمیری نکتہ چینی کرتی۔ ہاں البتہ آنجہانی یونین کے بعض پس ماندگان ہیں۔ جو ان بنچوں پر بیٹھے ہوئے ہیں۔ وہی تھوڑی بہت نکتہ چینی بھی کرتے۔ مگر نکتہ چینی کا بیشتر حصہ میرے دوست نیازی صاحب کے ذمے آپڑا۔ ان کے خطبات اور لمبے طویل وعظوں سے مجھے اپنی زمانہ طالب علمی کی ماک mock پارلیمنٹ یاد آگئی جس میں طلباء اپوزیشن اور وزارتی بنچ قائم کیا کرتے تھے۔ اور دوران بحث میں خوب جوش و خروش کا مظاہرہ بھی ہوا کرتا تھا۔ مگر آج یہاں اپوزیشن ہی ندارد۔ بہر حال یہ مجبوری ہے کہ آنجہانی صوبہ کے بعض ارباب اختیار نے ان قرضوں کو برداشت نہ کرتے ہوئے اس حکومت کے سر تھوپ دیئے۔

حضور والا جس وقت کہ مغربی پنجاب کی حکومت معرض وجود میں آئی۔ اُس وقت جیسا کہ آپکو معلوم ہے ایسے نازک مسائل شروع ہو چکے تھے۔ کہ جن کے متعلق تاریک سے تاریک تصویر پیش کرنا بھی حقیقت سے کم ہوگا۔ مشرقی پنجاب میں مسلمانوں پر جو مظالم ڈھائے گئے وہ تو یا دس اگست کو شروع ہو گئے تھے اور جس تعداد میں لوگ موت کے گھاٹ اتارے گئے اور جس بُری حالت میں وہاں سے مسلمان اس صوبہ میں وارد ہوئے اسکے متعلق میں یقین سے کہہ سکتا ہوں کہ اگر بہترین حکومت بھی ہوتی۔ تو اس کی بھی حالت چکرا جاتی۔ مگر خوشی کا مقام ہے۔ کہ سیاسی طور پر ان نوزائیدہ وزراء (قہقہہ) نے جو کہ کام کے لحاظ سے بلاشک وشبہ بالکل ناتجربہ کار اور بچے تھے۔ اس تدبر اور فرزانگی کیساتھ کام کو سنبھالا کہ میں آج انہیں ان کی کامیابی پر مبارکباد دینا اپنا فرض سمجھتا ہوں۔

Begum Tasaduq Husain (Inner Lahore, Muhammadan, Women Urban) :—

بیگم تصدق حسین :۔

جناب والا۔ اس بجٹ پر جو کہ اس ایوان میں آنریبل وزیر خزانہ نے پیش کیا تھا۔ دو روز سے بحث ہو رہی ہے۔ اور ان دو ایام میں نہایت مفید تجویزیں حکومت کے سامنے پیش کی گئی ہیں۔ ان مشوروں اور تجویزوں کے بعد جو ایوان میں پیش کی گئی ہیں یہ ضرورت محسوس نہیں ہوتی۔ کہ کوئی اور چیز پیش کی جائے۔ اس بجٹ میں آنریبل وزیر خزانہ نے اپنی پوزیشن دیانتداری سے واضح کر دی ہے۔ آپ فرماتے ہیں۔

In a manner also, I must apologize for this Budget. It is not the Budget of a whole year, and even of the 7½ months period to which it relates, four months have already elapsed. It is in all senses of the word an interim

Budget, a Budget which no more than reflects and registers the contingencies of an existing but exceptional position. It is presented under circumstances which do not permit of a final or certain appraisal of our financial position. Moreover, it is presented at a time when a full stock-taking of our circumstances and resources was not possible and when the various measures by which our Receipts can and will be augmented could not be introduced. Nor does it reflect in any way the burdens and benefits which the policy and programme of the present Muslim League Ministry entail, and which may well issue in the form of revolutionary adjustments in our economic system—both of land and of Industry—during the Budget proposals of the next financial year. I would, therefore, request to you to regard this Budget as a preliminary expendient without implications or indications of policy, more in the nature of a patched garment improvised to use, but to be discarded and forgotton as soon as the season improves, as by God's grace, I am confident that it will.

جناب والا۔ اس سے صاف ظاہر ہے۔ کہ اس وقت حالات اور واقعات کیا تھے اور میں سمجھتی ہوں۔ ان کا اور تجزیہ کرنے کی ضرورت نہیں۔ یہ بجٹ درحقیقت حضرت پارٹی کو پیش کرنا تھا۔ وہ ایسا نہ کر سکی۔ صوبہ کی تقسیم کے فوراً بعد بے انتہا مظالم شروع ہو گئے۔ سب سے پہلے ہمیں مہاجرین کا مسئلہ درپیش تھا۔ ۲۵ کروڑ کا خسارہ جو بجٹ میں دکھایا گیا ہے۔ اس کا بہت زیادہ حصہ مہاجرین پر خرچ ہوا۔ پولیس کے اخراجات اور مہاجرین کو از سر نو بسانے کے اخراجات بہت بڑھ چکے ہیں۔ بلکہ یہ اخراجات ابھی گھٹتے نظر بھی نہیں آتے۔ اس لئے آنریبل وزیر خزانہ نے صفحہ ۷ پر فرمایا ہے۔

From the financial point of view I would venture to make two general observations on the refugee problem. The first is a warning. The resources of the West Punjab, extend them as you will, have a saturation point, and the saturation point may soon be all but reached. Whether we can escape disaster depends upon the speed and the completeness with which refugees can be rehabilitated, so as to stand on their own legs and cease to be an unproductive strain on the economy of the country.

جناب والا۔ اس کو پڑھنے کے بعد کیا ہمارے لئے کوئی لمحہ فکریہ پیدا نہیں ہوتا؟ کیا ہمیں آنریبل وزیر خزانہ کا یہ انتباہ سوچنے پر مجبور نہیں کرتا۔ کہ حالات کس حد تک پہنچ چکے ہیں۔ آنریبل وزیر خزانہ نے ہمیں متنبہ کیا ہے۔ کہ حالات اس حد تک پہنچ چکے ہیں۔ کہ ہمیں ایک خطرہ اور مصیبت کا سامنا کرنا پڑے گا۔ اس نازک صورت میں ہماری ناؤ ایک بھنور میں پھنس چکی ہے۔ کہ آسانی سے اس کا نکلنا مشکل نظر آتا ہے۔ ایوان کی طرف سے کئی تجویزیں پیش ہو چکی ہیں۔ میں بھی چند ایک پیش کرنا چاہتی ہوں۔ میرے خیال میں اگر میں جس وقت ۱۵ اگست کو حکومت نے اختیار لیا۔ اور جو رقم اس کے ہاتھ میں آئی۔ اس کا ذکر کر دوں۔ تو غیر مناسب نہ ہوگا۔

حکومت نے ۴۷ لاکھ ۸۷ ہزار روپیہ لیا۔ جبکہ ریزرو بنک میں ۶۰ لاکھ پڑا تھا۔ اور علاوہ ازیں گورنمنٹ سیکیورٹیوں کا روپیہ ۶ کروڑ ۴۰ لاکھ تھا۔ جو کہ دونوں صوبوں کی جانب سے رکھی گئی تھیں۔ ان کی تقسیم ہونے کے بعد لازمی تھا۔ کہ کوئی کارروائی اس بارے میں عمل میں لائی جاتی فنانس سیکرٹری کی جو رپورٹ ہے اس میں درج ہے۔

"The above discussion clearly indicate that our Ways and Means position will be extremely difficult unless we get our due share of the securities, (worth about Rs. 14 crores) lying frozen with the Reserve Bank of India. Our alterative means of raising finances are limited. The Pakistan Dominion has no money markets so that it becomes impossible to sell any treasury bills for short term borrowing. The future of the Reserve Bank is uncertain vis-a-vis Pakistan."

اگر یہ حال ہے۔ تو کیا اب یہ ضروری نہیں۔ کہ ہم ایسے ways & means اختیار کریں اور سوچیں۔ کہ ہم حالات کو کس طرح بہتر بنا سکتے ہیں۔

بنا بریں میری پہلی سفارش یہ ہے۔ کہ ایک ways & means committee مقرر کی جائے اور اس کا فرض ہو۔ کہ وہ تمام اقتصادی معاملات پر غور کرے۔ اور ملک کے اقتصادی حالات کو بہتر بنانے کی کوشش کرے۔ اور اس کمیٹی میں اس ایوان کے سرکردہ اور فنانس کا تجربہ رکھنے والے اور اقتصادیات کے ماہر ممبروں کو شامل کیا جائے۔ اور کچھ ایسے لوگوں کو باہر سے بھی لیا جائے جو اس معاملہ میں اکسپرٹ ہوں اور جن کی خدمات مفید ثابت ہوں۔ ساتھ ہی پبلک opinion (رائے عامہ) کو move کیا جائے اور ان کو تمام معاملہ سے آگاہ کیا جائے۔ تاکہ ان کو معلوم ہو۔ کہ حالات کیا ہیں۔ ہماری ذمہ داریاں کیا ہیں۔ تاکہ جو ٹیکس گورنمنٹ لگائے۔ ان کے بارے میں انہیں معلوم ہو۔ کہ ہماری گورنمنٹ انصاف سے اور ضرورت کے پیش نظر ٹیکس لگا رہی ہے۔ اور وہ اسے ظلم نہ خیال کریں۔

اس کے بعد صاحب صدر (ایک دو چیزیں اور ہیں جو بہت ضروری ہیں۔ ایک تو سول سروس یعنی انڈین سول سروس انڈین پولیس اور ایجوکیشن کے محکمہ کے متعلق ہے۔ جن میں بہت بڑے بڑے آدمی ملازم ہیں۔ میں پوچھتی ہوں کہ یہ services آخر کس کے لئے ایجاد کی گئی تھیں! کن کے لئے اتنی بڑی بڑی تنخواہیں مقرر کی گئی تھیں! میں تو کہوں گی۔ کہ یہ انگریزی سامراج کی یادگار ہیں۔ پہلے جب ہم یہ تنخواہیں دیا کرتے تھے۔ تو ان کے لئے منظوری دیتے وقت ان کے خلاف پروٹسٹ کیا کرتے تھے۔ اس تفاوت کے خلاف جو ان تنخواہوں سے پیدا ہوتا ہے۔ ہم ہمیشہ یہ کہا کرتے تھے۔ کہ یہ زمین و آسمان کا فرق جو ایک قانونگو کمشنر اور ایک پٹواری کی تنخواہ میں ہے۔ آخر کیوں ہے۔ ہم یہ جانتے ہیں۔ کہ ہمارے افسران کی ایک dignity ایک status اور ایک standard of living ہو۔ مگر ساتھ ہی ہم یہ بھی چاہتے ہیں۔ کہ یہ زمین و آسمان کا فرق مٹا دینا چاہئے۔ زیادہ نہیں تو کسی حد تک اس کا مٹانا ضروری ہے۔ اس کے علاوہ یہ الاؤنس جو تنخواہوں کے ساتھ دیئے جاتے ہیں۔ ان میں کمی کرنی چاہئے۔

Mr. Speaker: Hon'ble Member's time is up. I can not deprive Ministers from their right of reply.

بیگم سلمٰے تصدق حسین: ابھی تو ضروری باتیں باقی ہیں۔

Mr. Speaker : I am sorry. Hon'ble member's time is up.

Syed Mohi-ud-Din Lal Badshah (Attock South, Muhammadan, Rural) :

سید محی الدین لال بادشاہ

صاحب صدر! میں آپ کی وساطت سے اپنے محترم فنانس منسٹر کی خدمت میں ہدیۂ تبریک پیش کرنا چاہتا ہوں۔ موجودہ مصیبت اور انقلابی دور میں جس قابلیت اور محنت سے انہوں نے صوبہ کے مالیات کا اندازہ لگایا اور اسے پیش کیا وہ قابل مبارک باد ہیں۔ میرے خیال میں اس انقلاب اور مصیبت کے زمانے میں اس سے بہتر کوئی اور بجٹ پیش کرنا ناممکن تھا۔ میں یہ محسوس کرتا ہوں۔ کہ ہماری گورنمنٹ کو لاکھوں کی تعداد میں پناہ گزینوں کو یہاں بسانے میں بے حد تکالیف اور مشکلات کا سامنا ہوا۔ مگر میں اپنے بے بس بھائیوں کی وہ تکلیفیں۔ جو میں نے اپنی آنکھوں سے دیکھیں، بھول نہیں سکتا۔ یہ تکلیفیں کسی حد تک میرے خیال میں ناگزیر تھیں۔ کیونکہ ہمارے مقامی افسران نے اس سلسلے میں توجہ نہیں کی۔ یا یوں کہیئے۔ کہ کوئی ایسی تجویز نہیں کی گئی۔ جس کے ماتحت ان لوگوں کو بسایا جا سکتا۔ اگر ہماری گورنمنٹ یہ سکیم بناتی کہ ایک ضلع کے سارے لوگوں کو نکال کر براہ راست یہاں کے کسی ایک ضلع میں بسا دیتی۔ تو میرے خیال میں ان لوگوں کی ثقافت اور برادرانہ تعلقات قائم رہتے۔ اور ہمارے لئے بھی مصیبت کم ہوتی۔ میں یہ عرض کروں گا۔ کہ اب بھی ایسا ہو سکتا ہے۔ کہ ایک جگہ کے آدمی اپنے برادری میں اکٹھے رہیں۔ اگر ہم نے کوئی اس قسم کی سکیم بنائی تو میرے خیال میں اب بھی مہاجر بھائی اپنے آپ کو ایک جگہ اکٹھا کرنے کی کوشش کریں گے۔

دوسری عرض یہ ہے۔ کہ اگر اب تک ہمارے پناہ گزین بھائی صرف آسمان کی چھت کے نیچے پڑے ہیں۔ تو یہ بھی ہماری حکومت کی کم ہمتی۔ سستی اور نا قابلیت کی وجہ سے ہے۔ یہ کہا جاتا ہے۔ کہ یہاں سے ۳۴ لاکھ غیر مسلم نکلے ہیں اور ۶۰ لاکھ کے قریب مسلمان بھائی آئے ہیں۔ تو آپ اندازہ لگا سکتے ہیں۔ کہ جو چونتیس لاکھ غیر مسلم نکلے ہیں۔ ان کی مالی حیثیت۔ ان کے مکانوں کی حیثیت ایسی تھی کہ ان کی جگہ ساٹھ لاکھ مہاجرین کو آسانی سے بٹھایا جا سکتا تھا۔ میرے خیال میں یہاں کئی ایک ایسی جگہیں اور خاص طور پر لاہور میں ہیں جہاں ایک ایک بلڈنگ میں ایک ایک سو کے قریب آدمی آباد ہو سکتے تھے۔ اور یہ مکانات اس مقصد کے لئے استعمال کئے جا سکتے تھے۔ لیکن افسوس ہے کہ باوجود اس سامان مہیا ہونے کے خاطر خواہ انتظام نہیں ہو سکا۔ اور اس کی وجہ صرف یہ ہے۔ کہ افسروں نے لاپرواہی اور کوتاہی برتی ہے۔ اور اس وقت تک یعنی پانچ مہینوں میں جو کچھ ہونا چاہیئے تھا وہ نہیں ہوا۔

حضور والا اب میں ایک اہم ضرورت یعنی عوام کی ضروریات زندگی کی طرف حکومت

کی توجہ منعطف کرانا چاہتا ہوں ۔ اس کے متعلق میں یہ عرض کروں گا ۔ کہ انگریزوں نے جب ہر چیز پر کنٹرول کیا تھا ۔ تو ان کا ایک خاص مقصد تھا ۔ کہ جنگی ضروریات کیلئے ہر چیز آسانی سے مہیا ہو سکے ۔ ان کو اس بات سے غرض نہ تھی کہ عوام کو یعنی عمول آبادی کو ضرورت کی چیزیں میسر آتی ہیں یا نہیں ۔ یا کہ کنٹرول کی پابندیاں عوام کی زندگی پر کس طرح اثر انداز ہوتی ہیں ۔ مثال کے طور پر میں اپنے ضلع اور ان ضلعوں کی حالت کے بارے میں کچھ عرض کروں گا ۔ جو اس وقت کمی والے اضلاع کہلاتے ہیں ۔ وہاں گندم تو الگ، لوگوں کو باجرہ تک نہیں ملتا ۔ اور اس کی وجہ صرف یہ ہے ۔ کہ حکومت نے ہمارے غلہ اور اجناس خوردنی پر پابندی لگا دی ہے ۔ اس کی نقل و حرکت اور خرید و فروخت پر پابندی ہے ۔ حکومت کے پاس اس کا بڑا جواب یہ ہوگا ۔ کہ ہمارے پاس ذخائر نہیں ۔ اگر ہم غلہ کی نقل و حرکت پر سے پابندی ہٹا دیں ۔ تو جب ہمارے پاس ذخائر نہیں ۔ تو پھر دوسری جگہوں پر لوگوں کو اجناس کس طرح مہیا کریں گے ۔ میری گذارش یہ ہے کہ اگر اجناس خوردنی کی نقل و حرکت پر پابندیاں نہ ہوں ۔ تو زمینداروں اور تاجروں نے جو غلہ اور جو اجناس سٹاک کی ہوئی ہیں ۔ وہ انہیں مارکیٹ میں لے آئیں گے ۔ اور مقابلۃً ارزاں فروخت کریں گے ۔ اس طرح جن اضلاع میں اس وقت کمی ہے ۔ وہاں بھی حالت بہتر ہو جائے گی ۔

دوسری چیز جو میں اس وقت پیش کرنا چاہتا ہوں ۔ وہ تجارت کی اجارہ داری سنڈیکیٹ ۔ ڈپو اور لائیسنس سسٹم کے متعلق ہے ۔ میرے خیال میں گورنمنٹ کو چاہیئے کہ وہ سنڈیکیٹ اور ڈپو والوں کو ان کی مرضی پر نہ چھوڑے ۔ کیونکہ اس سے بہت سا غلہ بلیک مارکیٹ میں چلا جاتا ہے ۔ اور عوام کو بڑی دقت کا سامنا ہوتا ہے ۔ اگر گورنمنٹ لائیسنس سسٹم اور اجناس خوردنی کی نقل و حرکت پر جو پابندیاں عائد ہیں ۔ ان کو ہٹا دے ۔ اور بے شک نرخ مقرر کر دے ۔ تو میرے خیال میں اس سے یہ فائدہ ہوگا ۔ کہ لوگ اپنی اجناس مارکیٹ میں لے آئیں گے ۔ اور عوام کی تکالیف بہت حد تک رفع ہو جائیں گی ۔

کیا گورنمنٹ بتا سکتی ہے ۔ کہ اس نے پندرہ اگست سے لے کر اب تک یا اس سے پہلے کا کوئی ایسا ریکارڈ رکھا ہے ۔ جس سے پتہ لگے کہ کمی والے اضلاع کو surplus اضلاع سے کتنی گندم بھیجی گئی ہے ۔ جو بارانی علاقے ہیں ۔ اور جہاں غلہ کم پیدا ہوتا ہے ۔ وہاں کی سابقہ آبادی اور اب مہاجرین کو ملا کر موجودہ آبادی کے لحاظ سے کتنا غلہ کم ہے ؟ اور اس کمی کو پورا کرنے کے لئے کیا انتظام کیا گیا ہے ؟ اس وقت کمی والے اضلاع یعنی ایسے اضلاع جہاں گندم ضرورت سے کم پیدا ہوتی ہے ۔ وہاں کے باشندے ایک ایک دانے کو محتاج ہیں ۔ گورنمنٹ کو چاہیئے کہ تجارت کی اجارہ داری کو دور کرے ۔ یہ بنیا گورنمنٹ کی ایجاد کردہ پالیسی تھی ۔ اب اس کو بدل دینا چاہیئے ۔ تاکہ عوام کی مشکلات میں کمی آئے ۔

Raja Khair Mehdi (Jhelum, Muhammadan, Rural) : راجہ خیر مہدی :۔

صاحب صدر اس سے پہلے کہ میں اپنے خیالات کا اظہار کروں میں ضروری سمجھتا

ہوں کہ آنریبل میاں ممتاز محمد دولتانہ کو ہدیۂ تبریک پیش کروں - انہوں نے جو بجٹ پیش کیا ہے - وہ ہر لحاظ سے مکمل ہے - بعض دوستوں نے اس بجٹ پر نکتہ چینی کی ہے - لیکن وہ دماغی عیاشی کے سوا کچھ بھی نہیں - میں تو انہیں یہی کہوں گا کہ یا تو انہوں نے بجٹ دیکھا ہی نہیں اور یا وہ یہ سمجھتے ہیں کہ انہیں ہر ایک نیک کام کی مخالفت ضرور کرنی ہے - صاحب صدر آپ کو اچھی طرح معلوم ہے کہ چودہ اگست کے بعد ہماری گورنمنٹ کو کن مشکلات سے گزرنا پڑا - جس خوبی اور جوانمردی سے اس وزارت نے اس کام کو نبھایا - وہ یقیناً قابل تحسین ہے انڈین یونین نے پاکستان گورنمنٹ کو تباہ کرنے کے لئے ہر ممکن طریق اختیار کیا - انہوں نے ایک سوچی ہوئی ترکیب کے ماتحت مسلمانوں کو وہاں سے مار کر بھگانا شروع کیا تاکہ پاکستان جو پہلے ہی ایک چھوٹا سا ملک ہے - اگر سب مسلمان وہاں چلے گئے تو کمزور ہو کر تباہ ہو جائے گا - اور ہندوستان پھر ایک ہو جائے گا - اور ان کی خواہش پوری ہو جائے گی - یہ ہماری ہی وزارت کا استقلال تھا کہ اس نے اتنے بڑے کام کو اتنی خوش اسلوبی سے سرانجام دیا اور اس کے لئے ہر قسم کے مصائب اور اخراجات برداشت کئے صاحب صدر آپ اچھی طرح جانتے ہیں - کہ ضلع جہلم میں بہت سی (Industries) جاری کی جا سکتی ہیں - اگر گورنمنٹ کوشش کرے تو تھوڑے سے اخراجات سے کروڑوں روپے کما سکتی ہے - وہاں ڈالمیا سیمنٹ کمپنی موجود ہے - لیکن بند ہے - اس سے ڈالمیا نے کروڑوں روپیہ کمایا ہے - مجھے اس بات کا احساس ہے - کہ اگرچہ اس وقت گورنمنٹ پر موجودہ مصائب کی وجہ سے بہت بوجھ ہے - تاہم اگر وہ کوشش کر کے کچھ سرمایا لگائے اور اس کام کو جاری کر دے - تو اس سے اسے کروڑوں روپے کی آمد ہو سکتی ہے - کھیوڑے کی کان پر سنٹرل گورنمنٹ کا قبضہ ہے - اور وہ وہاں سے کروڑوں روپے کما رہی ہے - میں منسٹر صاحب سے عرض کروں گا - کہ سیمنٹ کے کارخانے کی طرف ضرور متوجہ ہوں - اس کے علاوہ تحصیل پنڈ دادن خاں اور تحصیل چکوال میں کوئلہ تیل اور پٹرول کافی مقدار میں موجود ہے - میرے خیال میں اگر کچھ روپیہ خرچ کیا جائے تو کروڑوں کی آمدنی ہو سکتی ہے - اور ہمارا ضلع جو مالی لحاظ سے کمزور ہے اس سے تقویت حاصل کر سکتا ہے - اور یہاں کے باشندے ان کارخانوں میں کام کر کے اپنا پیٹ پال سکتے ہیں -

جناب عالی ! جہاں تک ہمارے ضلع کی خدمات کا سوال ہے ہم آج بجا طور پر اس پر فخر کر سکتے ہیں - پہلے کہا جاتا تھا کہ راولپنڈی ڈویژن والے سترہ روپے کے نوکر ہیں - اور صرف روپیہ کمانے کے لئے فوج میں بھرتی ہو جاتے ہیں - لیکن آج خود پاکستان گورنمنٹ نے یہ تسلیم کیا ہے - کہ اگر یہ سترہ روپے کے ملازم فوجی ٹریننگ حاصل نہ کرتے تو آج پاکستان کی حفاظت کرنے والا کوئی نہ ہوتا - اس وقت پاکستان گورنمنٹ کے جو چار میجر جنرل ہیں ان میں سے تین ضلع جہلم سے تعلق رکھتے ہیں - (تالیاں) میجر جنرل اکبر خاں میجر جنرل محمد افتخار خاں دونوں

سکے بھائی ہیں۔ اُن کے ایک عزیز بھائی راجہ سرفراز خان ایم۔ ایل۔ اے یہاں پر موجود ہیں۔ تیسرے میجر جنرل نذیر احمد ہیں۔ یہ تین میجر جنرل ضلع جہلم کے ہیں۔ پھر ہوائی فوج کے سب سے بڑے مسلمان افسر ایم۔ کے جنجوعہ بھی ضلع جہلم کے ہیں۔ اس پر مزید روشنی ڈالنے کی ضرورت نہیں۔ کیونکہ آپ سب کچھ اچھی طرح جانتے ہیں۔

جناب عالی ہمارا ضلع بارانی ہے۔ اس وجہ سے یہاں گندم کم پیدا ہوتی ہے۔ اس کمی کو پورا کرنے کے لئے کوئی صورت کی جانی چاہیئے۔ مختصراً اس وقت میں آپ کو یہ کہنا چاہتا ہوں۔ کہ آپ ہماری مشکلات کی طرف متوجہ ہوں۔ اور اُن کو دور کرنے کی کوشش کریں۔ ایک طرف ہماری خدمات کو دیکھیں اور پھر ان کے مقابل پر ہماری تکالیف کا اندازہ لگائیے۔ مجھے امید ہے کہ آپ ہماری تکالیف کا ازالہ فرمانے کی کوشش کریں گے۔ اس وقت ہماری یہ حالت ہے۔ کہ ہمیں ہمارے علاقہ دہنار تحصیل پنڈ دادن خان میں پینے کو پانی تک نہیں ملتا۔ وہاں کے باشندوں کے لئے یہ ایک بہت بڑی مصیبت ہے ہم نے افسران بالا کی خدمت میں عرض کیا تو انہوں نے فرمایا کہ آپ اپنے علاقہ دہنار سے ۲۵ ہزار روپیہ اکٹھا کر کے خزانہ میں جمع کروا دیں۔ باقی رقم آپ کو حکومت دے دے گی۔ ہم نے آج سے دو ماہ قبل ۲۵ ہزار روپیہ جمع کروا دیا ہے اب میں اس کی خدمت میں عرض کروں گا۔ کہ حکومت اپنی طرف سے جو روپیہ ہمیں دینا چاہتی ہے دے تاکہ پینے کے پانی کے پمپ جلد لگوائے جا سکیں۔

صاحب صدر اس کے علاوہ بعض علاقے ہمارے ضلع میں ایسے ہیں۔ جہاں پانی کے چشمے بہت زیادہ ہیں۔ مثلاً چوہا سیدن شاہ کلر کہار اور پھٹیاں۔ اسی طرح اور بھی کئی جگہیں ہیں جہاں پانی کثرت سے نکلتا ہے۔ اگر حکومت اس پانی کی طرف تھوڑی سی توجہ کرے۔ اور اس کو محفوظ کرے۔ تو ہزارہا ایکڑ رقبہ اس سے سیراب ہو سکتا ہے۔ چوہا سیدن شاہ کا پانی چشموں سے نکل کر تین چار میل تک بہنے کے بعد نمک کے اثرات سے کڑوا ہو جاتا ہے۔ اس پانی کو محفوظ کر کے اس سے بہت فائدہ اٹھایا جا سکتا ہے۔

Sirdar Barkat Hyat Khan (North Punjab, Labour) :

سردار برکت حیات خاں

جناب عالی! بجٹ کے متعلق میرے دوستوں نے مختلف آراء کا اظہار کیا ہے میں سمجھتا ہوں کہ یہ بجٹ جو ہمارے سامنے پیش کیا گیا ہے۔ اس سے بہتر ہو سکتا تھا بشرطیکہ حالات سازگار ہوتے۔ ان غیر معمولی حالات کے ماتحت اس سے بہتر اور کوئی تجویز نہیں ہو سکتی تھی۔ میں سمجھتا ہوں کہ جس وقت حالات قدرے بہتر ہو جائیں اور ہماری حکومت کو فراغت کا موقع ملا تو اس سے بہتر بجٹ پیش کیا جائے گا۔ موجودہ حالات میں ہمارے سامنے سب سے بڑا مسئلہ مہاجرین کا مسئلہ ہے انہوں نے ہمیں سر کھجانے کا موقع نہیں دیا۔ جس وقت تک ہم اس سے

کلی طور پر عبوری نہیں پا سکتے - میں سمجھتا ہوں کہ ہم کسی اور کام کی طرف مکمل طور پر اپنی توجہ نہیں دے سکتے - صاحب سپیکر چونکہ آپ نے تقریروں کیلئے وقت بہت تھوڑا رکھا ہے - اس لئے بجائے اس کے کہ میں کسی لمبی تقریر میں الجھ جاؤں میں اختصار کے ساتھ ہاؤس کے سامنے چند تجاویز پیش کرنا چاہتا ہوں - جو ممکن ہے - کہ حکومت کے قابل قبول ہوں -

سب سے پہلے میں یہ سمجھتا ہوں - کہ اب جب کہ پاکستان قائم ہو چکا ہے اور یہ دنیا میں سب سے بڑی اسلامی حکومت ہے - اس لئے یہ ضروری ہے - کہ اس ملک کے اندر ایک مرکزی مذہبی ادارہ قائم ہو تاکہ ہمارے علماء اس کے اندر جا کر باقاعدہ طور پر تعلیم حاصل کریں - اور پھر ملک کے بقیہ حصص میں جا کر لوگوں کو اس سے مستفید کریں - آج کل علماء کی حالت بہت بری ہے - میرے وہ دوست جو دیہات میں رہتے ہیں - جانتے ہیں کہ ہمارے علماء کی کیا حالت ہے - آج کل شادی کا مسئلہ ہی ایک ایسا مسئلہ ہے - جس پر سارے پاکستان کے اندر شریعت کے مطابق نہائت سختی سے پابند ہو رہی ہے - لیکن شادیوں کے بارہ میں بھی مولوی صاحبان اپنے فتوے علیحدہ علیحدہ دیتے ہیں - ایک صاحب یہ کہہ دیتے ہیں کہ فلاں کی شادی جائز ہے - دوسرے مولوی صاحب اس فتویٰ کے خلاف فتویٰ دے دیتے ہیں کہ یہ شادی ناجائز ہے - اسی طرح طلاق کے متعلق بھی ہو رہا ہے - ایک کہہ دیتا ہے کہ طلاق صحیح ہے - دوسرا کہتا ہے - کہ یہ صحیح نہیں ہے - اور چونکہ آئندہ ہم نے شریعت پر سختی سے پابندی کرنی ہے - اس لئے بہتر ہوگا کہ ہمارے علماء ایسے عالم فاضل ہوں کہ ان کی طرف کوئی انگلی نہ اٹھا سکے - اور ان کے انصاف پر سب قانع ہوں - اگر ہم انہیں دینی علوم کی باقاعدہ تعلیم دے کر مختلف اضلاع میں بھیج دیں اور حکومت ان کی معاونت کرے - جیسا کہ باقی ممالک میں ہوتا ہے - اور انہیں کوئی الاؤنس وغیرہ دے دے - تو وہ اپنی رائے آزادانہ طور پر دے سکیں گے اور لوگ بھی کسی مصیبت میں نہیں الجھیں گے -

دوسری بات یہ ہے کہ ہمارے ہاں پہلے ہی شفاخانہ جات کم ہیں اور نرسوں کی تو بے حد کمی ہے - اور اب غیر مسلموں کے چلے جانے کے بعد ہمارے صوبہ کے اندر اکثر شفاخانہ جات ایسے ہیں جو کہ بند پڑے ہوئے ہیں - اور لوگ بچارے در بدر پھرتے ہیں - اور ان کی صحتیں برباد ہو رہی ہیں - مہاجرین کی صحت تو بے حد خراب ہے اور انہیں کسی قسم کا صحیح علاج مہیا نہیں ہوتا - نرسوں کے متعلق میں خاص طور پر کہنا چاہتا ہوں - جو حضرات بڑے بڑے قصبات میں رہتے ہیں - ان کی حالت تو مقابلۃً بہتر ہے مگر گاؤں کے رہنے والے اچھی طرح سے جانتے ہیں کہ زچگی کی حالت میں کس قدر اموات واقع ہو جاتی ہیں - ہماری دائیاں جو گاؤں میں ہوتی ہیں - انہیں بالکل کچھ پتہ نہیں ہوتا - کہ یہ کام کس طرح کرنا ہے - اس لئے میں یہ تجویز پیش کروں گا - کہ ایک ایسا مرکزی ادارہ قائم کیا جائے - جہاں نرسوں کو باقاعدہ ٹریننگ دی جائے - اور ان نرسوں کو جو کہ باقاعدہ طور پر تعلیم پا لیں پھر

اضلاع میں بھیج دیا جائے۔ کم از کم ہر ایک ضلع کی ہر تحصیل اور تھانہ میں ایک ایکسٹنشن ہونی چاہیئے۔ پھر یہ نرسیں اپنے علاقوں میں واقع گاؤں میں جائیں اور وہاں جو دائیاں ہوں ان کو باقاعدہ تعلیم دیں۔ اس طرح یہ کام ہو سکتا ہے۔ مگر چونکہ ہمارے نرسز بہت کم ہیں۔ اس لئے میرا خیال ہے۔ کہ حکومت اس بوجھ کو برداشت نہیں کر سکے گی۔ بہرحال یہ دوسرا معاملہ ہے۔

تیسری بات یہ ہے کہ بدقسمتی سے ہمارے ملک کی تقسیم کچھ ایسی ہوئی ہے کہ جنگلات کے بارہ میں بھی ہمیں بہت خسارہ اٹھانا پڑتا ہے۔ پہلے لڑائی بھی اس اس بات کا باعث ہوئی۔ جس کی وجہ سے ہمارے بہت سے درخت کٹ گئے اس کے بعد مہاجرین یہاں آ گئے۔ انہوں نے بھی بہت سے درختوں کو کاٹا اور استعمال کیا۔ ایسا کرنے سے ہمارے جنگلات کی دولت بہت کم ہو گئی ہے۔ اس لئے میں حکومت سے استدعا کروں گا۔ کہ وہ مختلف اضلاع میں اپنے افسروں کو ہدایت کرے کہ وہ دیہاتوں اور اگر بڑے بڑے قصبات میں بھی ممکن ہو سکے۔ تو وہاں بھی درخت نصب کرنے کے لئے ایک خاص ہفتہ مقرر کریں اور ہر شخص کے لئے یہ قرار دیا جائے کہ وہ کم از کم پانچ پودے نصب کرے۔ اگر یہ سلسلہ دس سال تک جاری رہا تو اس سے یہ کمی بہت حد تک دور ہو جائے گی۔ علاوہ ازیں میرے مہربان دوستوں کو علم ہے کہ جو درخت ابھی تک سڑکوں پر کھڑے رہے ہیں۔ ان کی حالت بہت ناگفتہ بہ ہے۔ بدقسمتی سے ہمارے جو جاجر بھائی ہیں۔ وہ انہیں خراب کرنے کے قصور کے زیادہ مرتکب ہوئے ہیں۔ مگر ان کے متعلق تو یہ کہا جا سکتا ہے کہ مرتا کیا نہ کرتا۔ بہرحال ان نازک حالات میں ان درختوں کو نہایت بے رحمی سے چھیلا گیا ہے۔ میں سمجھتا ہوں کہ ان کو اس طرح خراب کرنے سے مہاجرین کو بمشکل ایک من لکڑی حاصل ہوئی ہوگی۔ مگر ان کی چھیل اس طرح اتار دی گئی ہے۔ کہ اب ان کے زندہ رہنے کی امید نہیں ہے۔ اس سے تو یہ بہتر ہوتا۔ اگر ہماری حکومت ۵۰ فیصدی درخت کاٹ کر مہاجرین کو جلانے کے لئے دے دیتی۔ اس سے ان کی ضرورت بھی پوری ہو جاتی۔ اور کچھ درخت بچ بھی رہتے۔ لیکن اب حالت یہ ہے۔ کہ درختوں کو بہت بری طرح خراب کیا گیا ہے۔ میں حکومت سے استدعا کرتا ہوں۔ کہ وہ ان کی طرف توجہ کرے۔ جیسے ہمارا ایگریکلچر سسٹم ہندوستان بھر میں مشہور ہے۔ اس طرح ہمارا روڈ سسٹم بھی ہونا چاہیئے۔ اور اگر ہماری سڑکیں بغیر درختوں کے رہیں تو ان کی شان میں بہت فرق آ جائے گا۔ میں وزیر متعلقہ سے درخواست کروں گا۔ کہ وہ اپنے محکمہ والوں کو ہدایت کرے کہ وہ سڑکوں کی دونوں اطراف میں زیادہ سے زیادہ پودے نصب کرنے کی طرف توجہ کریں

اب رہا ایک اور سوال اور وہ قومی ترانے کے متعلق ہے۔ میرا خیال ہے کہ ہر مہذب حکومت کا کوئی نہ کوئی اپنا قومی ترانہ ہوتا ہے۔ ممکن ہے کہ میرے بعض دوست یہ سمجھتے ہوں کہ میں مزدگی کے رنگ میں رنگا گیا ہوں۔ اور اس لئے قومی ترانے کا

مطالبہ کر رہا ہوں۔ یہ قومی ترانہ ایک ایسا ترانہ ہوگا۔ جسے ہم باقاعدہ طور پر اپنے عقائد پر پابندی کرتے ہوئے گا یا بجا سکیں گے جس سے ہم میں ایک ایسی کیفیت پیدا ہوگی۔ جس کے اندر جذبہ اور ولولہ معجزن ہوگا۔ اس لئے میں سمجھتا ہوں کہ حکومت کو قومی ترانے کی طرف بھی توجہ مبذول کرنی چاہیئے۔ اور اگر وہ اس پر غور کرنے کے بعد یہ سمجھے کہ اس کی طرف بہتر طور پر پاکستان کی حکومت توجہ کر سکتی ہے۔ تو وہ ان کی توجہ اس طرف منعطف کرائے تاکہ وہ ماہرین کی ایک کمیٹی مقرر کر کے قومی ترانہ مرتب کرے۔ جناب والا میں حکومت کی توجہ ایک اور اہم معاملہ کی طرف منعطف کرانا چاہتا ہوں۔ یہ معاملہ مویشیوں کے تحفظ کے متعلق ہے۔ بعض لوگ کہیں گے کہ میری ہندوانہ ذہنیت ہے۔ لیکن میں یہ کہے بغیر نہیں رہ سکتا۔ کہ اگر مویشی ایسی رفتار پر ذبح ہوتے رہے جس پر کہ اس وقت ہو رہے ہیں تو ہماری کھیتی باڑی کو سخت نقصان پہنچے گا۔ دوسری ہماری صحتیں بھی باقی ہندوستان کے لوگوں کی طرح گر جائیں گی ایسے قوانین نافذ کرنے چاہئیں۔ کہ ایک خاص عمر تک کے مویشی نہ ذبح کئے جائیں۔ یا ہفتے میں بعض دنوں میں گوشت کی فروخت کی ممانعت کر دی جائے اس طرح مویشیوں کے ذبح ہونے میں کمی واقع ہو جائے گی۔

ایک اور توجہ طلب امر یہ ہے۔ کہ ان افسران کی حوصلہ افزائی کی جانی چاہیئے جنہوں نے اس نازک وقت میں جلیل القدر خدمات سرانجام دی ہیں۔ اب جونیئر افسر سینیئر کی فرسودہ رٹے کو ترک کر کے لائق اور مستحق لوگوں کو ترقیاں دینی چاہیئے۔ کچھ معزز ممبران نے ایوان میں بعض افسران کے نام لے کر ان کو سراہا ہے۔ یہ غلط طریق ہے۔ اس سے باقی افسران بد دل ہو جاتے ہیں۔ کسی افسر کا نام نہیں لینا چاہیئے۔ ویسے ترقی دے کر اس کی حوصلہ افزائی کرنی چاہیئے۔

لینڈ پالیسی کا ابھی کوئی فیصلہ نہیں ہوا۔ لیکن میں حکومت کے گوش گزار یہ بات کرنا چاہتا ہوں کہ جب یہ معاملہ پیش ہو اس وقت ان لوگوں کا خیال ضرور رکھا جائے۔ جو اس وقت کاشتکاروں کے ہاں نوکر رہ کر کام کرتے ہیں۔ مزارعین تو زیر غور ہوں گے ہی لیکن ان پسماندہ لوگوں کا بھی خیال رکھنا ضروری ہے۔ جن کی حالت مزارعین سے بھی زیادہ ناگفتہ بہ ہے

Rana Abdul Hamid Khan (Pakpattan, Muhammadan, Rural) :

رانا عبدالحمید خاں

جناب والا! مجھ سے پیشتر تقاریر کرنے والے تمام معزز ممبران نے وزیر خزانہ کو اس بجٹ میں مبارک باد دی ہے۔ میں بھی ان میں اپنا نام شامل کرنے کے لئے انہیں رسمی طور پر ہدیہ تبریک پیش کرتا ہوں۔

چوہدری عبدالغفور قمر: ۔ براہ مہربانی ذرا بلند آواز سے تقریر کیجئے۔

رانا عبدالحمید خاں: ۔ بہت بہتر میرا گلا خراب ہے ورنہ آپ کو اس شکایت کا موقعہ نہ ملتا۔ اس ایوان میں زیر بحث بجٹ پر بہت سی تقاریر ہو چکی ہیں اور جناب وزیر خزانہ کی توجہ اس بجٹ کے نقائص کی طرف مبذول کروائی جا چکی ہے۔ مجھے بھی کئی احباب کی طرف سے کہا گیا ہے کہ میں چند نقائص کی طرف وزیر خزانہ کی توجہ منعطف کراؤں۔ اس بجٹ میں سب سے بڑا خرچ مہاجرین کے سلسلہ میں دکھایا گیا ہے۔ جو تین کروڑ اور ۲۷ لاکھ ہے۔ یہ خرچ دو چیزوں پر ہوا ہے۔ اول مہاجرین کو لانے پر دوم کیمپوں پر۔ ان کو لانے پر ۵۰ لاکھ ۴۵ ہزار روپیہ صرف ہوا ہے۔ اور دو کروڑ چالیس لاکھ روپیہ کیمپوں پر خرچ کیا گیا ہے۔ ۳۶ لاکھ روپیہ عملے کی تنخواہوں پر صرف ہوا ہے۔ میں وزیر خزانہ کی توجہ اس امر کی طرف منعطف کرانا چاہتا ہوں کہ اگر یہ کام رضاکارانہ طریق پر مسلم لیگ کے کارکنوں سے لیا جاتا تو عملے کے خرچ میں کمی ہو سکتی تھی۔ مثال کے طور پر میں ایک واقعہ پیش کرتا ہوں۔ ہمارے ضلع میں نہر ٹوٹ گئی ملازمین نہر کا تخمینہ تھا کہ یہ بند دو ماہ میں باندھا جائے گا۔ اور اس پر پانچ لاکھ روپیہ صرف ہوگا۔ ہم نے زمینداران علاقہ سے اپیل کی کہ وہ سب مدد کریں۔ ایک ہفتہ میں نہر کا بند باندھ دیا گیا۔ اور لاگت کچھ بھی نہ آئی۔ رضاکارانہ طریق پر کام کروانے سے ایک تو خرچ کم ہو جاتا ہے۔ اور دوسرے رضاکار مخلص ہوتے ہیں اور نہایت تندہی سے کام کرتے ہیں۔

ایک اور امر جس کی طرف میں وزیر خزانہ کی توجہ منعطف کرانا چاہتا ہوں وہ پاکستان فنانس کارپوریشن ہے۔ اس کارپوریشن کے چار حصے دار ہیں۔ پاکستان گورنمنٹ مغربی پنجاب گورنمنٹ، آسٹریلیشیا بنک اور حبیب بنک۔ اس کا کل سرمایہ چھ کروڑ روپیہ ہے۔ اس کا مقصد یہ تھا۔ کہ چونکہ بیوپاری چلے گئے ہیں۔ اور سرمایہ دار موجود نہیں ہیں اس لئے جو اشخاص کپاس کے کارخانے چلانا چاہیں۔ انہیں سرمایہ بہم پہنچایا جائے تاکہ کپاس کی قیمتیں نہ گریں اور زمینداروں کو نقصان نہ ہو۔ یہ پروگرام تو نیک تھا لیکن مجھے نہایت افسوس سے کہنا پڑتا ہے۔ کہ آج ۱۳ جنوری ہو چکی ہے کپاس کی بہت سی فصل اتر چکی ہے۔ بلکہ سوائے مالدار زمینداروں کے باقی نے کپاس منڈی میں پہنچا دی ہے۔ لیکن فنانس کارپوریشن نے ابھی تک کام ہی شروع نہیں کیا اور کس طرح کی امداد بہم نہیں پہنچائی۔ یہاں بھی باقی قرضخواہوں کی طرح مارواڑی سپرٹ موجود ہے کہ زیادہ سے زیادہ نفع حاصل کیا جائے۔ یہ سپرٹ معلوم نہیں ہمارے نمائندوں میں ہے یا پاکستان کے نمائندوں میں ہے۔ یا معلوم نہیں وہ بنکوں کے نمائندوں میں ہے۔ وہ شرائط اس قدر کڑی ہیں۔ کہ کوئی شخص ان شرائط پر روپیہ نہیں لے سکتا۔ شرط یہ ہے کہ جننگ فیکٹری بیلڈ کاٹن پر روپیہ دینے سے پہلے پیشگی سود لا دی لے گی۔ جس کے پاس روپیہ نہ ہو۔ وہ اگر روپیہ لینے کے لئے بیلڈ کاٹن رکھے

دے تو پھر اسے بیچے کس طرح۔ اسے چھڑائے کس طرح۔ یہی وجہ ہے کہ آج ۱۳ جنوری تک اس ۹ کروڑ میں سے کس شخص کو ایک پیسہ تک نہیں ملا۔ گویا اس سلسلہ میں جتنی کوششیں ہوئی تھیں۔ مثلاً ہمارے وزیر خزانہ دو تین دفعہ کراچی گئے اور بھی بہت کچھ ہوا تھا۔ وہ تمام کوششیں ضائع گئیں۔ میری یہ گزارش ہے کہ کوئی ایسی صورت ہونی چاہیئے۔ جو سب کے لئے قابل قبول ہو۔ میری رائے میں ہمیں پاکستان فنانشل کارپوریشن کی کوئی ضرورت نہیں۔ ہمیں اپنے پاؤں پر کھڑا ہونا چاہیئے۔ ہمیں اپنے صوبہ میں بنکوں یا کوآپریٹو سوسائٹیوں کو بڑھانا چاہیئے تاکہ ایسے لوگوں کو قرضہ مل سکے۔ اور آسانی سے مل سکنے میں ساتھ ہی ایک اور ضروری چیز کی طرف بھی حکومت کی توجہ مبذول کرانا چاہتا ہوں۔ اور وہ یہ کہ راء کاٹن یعنی خام کپاس اور بنولوں پر بھی قرضہ پیشگی دیا جانا چاہیئے۔ خیر آج وزیر خزانہ نے بتایا ہے۔ کہ وہ اونچی کمشنروں کو طلب کر رہے ہیں اور ان سے مشورہ کریں گے۔

اس بجٹ میں نکتہ چینی تو بقول انگریزی محاورہ مرے ہوئے گھوڑے کو مارنے کے مترادف ہے۔ گھوڑا تو مر چکا۔ کام ہو چکا۔ خرچ بھی ہو چکا۔ اب یہ کہنے سے کیا فائدہ ہوگا کہ فلاں کام اچھا ہوا۔ اور فلاں کام اچھا نہیں ہوا۔ بہتر یہ ہوگا۔ کہ ہم آئندہ بجٹ کے لئے تعمیری مشورے پیش کریں۔ آنریبل وزیر خزانہ نے اپنی تقریر میں فرمایا ہے۔ کہ آئندہ بجٹ اسی طرح ہوگا۔ جیسا کہ ایک آزاد صوبہ کا ہونا چاہیئے۔ جس قسم کا بجٹ وہ پیش کر رہے ہیں۔ میں اس کے ضمن میں صرف اتنا مشورہ دوں گا۔ کہ وہ چند باتوں کا خیال رکھیں۔ ایک تو جیلوں کا انتظام بہت خراب ہے۔ ہمیں ملک خضر حیات کی وزارت نے چند روز کے لئے۔ ایک ماہ کے قریب۔ جیلوں میں جانے کا موقعہ دیا تھا۔ اور ہم ان کے مشکور ہیں۔ ہم نے وہ وقت ضائع نہیں کیا۔ بلکہ اسے جیلوں کے نقائص معلوم کرنے پر صرف کیا۔ اسلامی نکتہ نگاہ سے تو جیل ہے ہی نہیں۔ مگر آج کل جیل ضروری ہے۔ تاکہ اپنے سیاسی حریفوں کو وہاں قید کیا جا سکے۔ جیلوں کے انتظام کی طرف توجہ دینی ضروری ہے۔ دوسری ایک بات جو ہمیشہ میرے دماغ میں چکر لگاتی رہتی ہے یہ ہے کہ حکومت کی آمدنی کس طرح بڑھائی جا سکتی ہے۔

صاحب سپیکر : محترم ممبر کا وقت ختم ہو چکا ہے۔ اب مسٹر فضل الٰہی تقریر کریں گے

Mr. Fazl Ilahi (East Central Punjab, Pakistani Christian) :

مسٹر فضل الٰہی جناب والا ! آپ کی بہت مہربانی۔ آپ کا بہت شکریہ۔ بجٹ پر بہت کچھ کہا گیا ہے۔ میں تو یہ سمجھتا ہوں کہ آنریبل فنانس ممبر نے جو کچھ پیش کیا ہے۔ حالات کے زیر اثر کیا ہے۔ موجودہ بجٹ حالات کے زیر اثر مرتب اور پیش کیا گیا ہے۔ سالانہ بجٹ میں ایک بات ضرور ہوتی ہے کہ اندازہ

ہوتا ہے کہ ملک کے سامنے کیا پیش آنے والا ہے۔ کون سے حالات پیش آنے والے ہیں۔ جن کے مطابق بجٹ تیار کیا جائے۔ مگر ان کو جو حالات پیش آئے ہیں۔ وہ اتنے غیر متوقع تھے۔ کہ نہ ان کے دماغ میں پہلے آ سکتے تھے اور نہ کسی اور کے دماغ میں کہ ان کے مطابق آنریبل وزیر خزانہ اس بجٹ کر سکتے۔

اس بجٹ کا ایک item ایسا ہے جو پہلے کبھی بھی آنریبل وزیر خزانہ کے دماغ میں نہیں آیا ہوگا۔ وہ cosmatics کا بل ہے۔ معلوم نہیں انہوں نے ادا کیا ہے یا نہیں۔ مگر پہلے کبھی ان کے خیال میں یہ بات نہیں آئی ہوگی۔ کہ انہیں اپنے بجٹ میں اس قسم کے اخراجات بھی رکھنے پڑیں گے۔

ایک اور بات ہے۔ کہنے کی تو بہت سی باتیں ہیں لیکن وقت کی قلت کے باعث میں صرف ضروری باتیں ہی پیش کروں گا۔ آنریبل ملک فیروز خاں نون نے اپنی فاضلانہ تقریر میں بجٹ کے متعلق بہت کچھ فرمایا تھا۔ ایک بات انہوں نے یہ بھی کہی تھی کہ ہماری کپاس اور اجناس خوردنی جنگی نرخوں پر بک سکتے ہیں۔ مثلاً ۱۸، ۲۰، ۲۵ روپے فی من۔ بک تو سکتے ہوں گے مگر ان کو خریدے گا کون؟ ہمارے غریب لوگ تو آٹا گندم وغیرہ موجودہ نرخوں پر ہی نہیں خرید سکتے۔ اگر اس سے تین گنا مہنگا ہوگیا تو پھر کون خریدے گا۔

درختوں کے متعلق تو پہلے ہی کہا جا چکا ہے۔ کہ بہت بڑے حالات ہیں۔ جن کا فوری انسداد ہونا چاہیئے۔ سڑکیں اور جنگل کٹ گئے ہیں اور اجڑ گئے ہیں۔ ایک اور ضروری بات بنکوں کے متعلق ہے۔ یہاں صرف ایک بنک کام کر رہا ہے۔ حبیب بنک۔ اور بہت کام کر رہا ہے۔ اتنا کام کر رہا ہے۔ جتنا وہ نہیں کر سکتا۔ وہ صرف ایک یا دو گھنٹے اسے کھلا رکھتے ہیں۔ اور پھر بند کر دیتے ہیں۔ میری یہ استدعا ہے۔ کہ یہاں اور بنک کھولے جائیں۔ بنک ہماری فوری ضرورت ہیں۔ ہم اس وقت تک صنعتی اور تجارتی لحاظ سے ترقی نہیں کر سکتے۔ جب تک یہاں بنک نہ ہوں گے۔ میں لاہور میں جس جگہ آکر ٹھہرتا ہوں وہاں پہلے ۱۴ بنک تھے۔ اور اب صرف ایک بنک ہے۔ یعنی حبیب بنک۔ باقی سب کے سب بند پڑے ہیں۔

اب میں ایک اور بات کی طرف آتا ہوں۔ جو نہایت افسوسناک ہے۔ انگریزوں پر سب لوگ بڑی نکتہ چینی کرتے تھے۔ مگر سو سالی کے عرصہ میں جب تک وہ یہاں رہے۔ کبھی اس قدر قتل و غارتگری نہ ہوئی تھی۔ جو اب یہاں دیکھنے میں آئی ہے۔ اگر اس میں انگریز کا ہاتھ تھا۔ تو قابل ملامت ہے اور کسی اور کا تو وہ بھی۔ سب سے بڑا معجزہ پاکستان کا بغیر کشت و خون کے معرض وجود میں آنا تھا۔ محض قائد اعظم کی کوششوں سے لیکن قدرت کو یا علم نہیں کس کو، یہ منظور نہ ہوا کہ یہ ملک جو بغیر کشت و خون کے معرض وجود میں آگیا تھا۔ اسی طرح چلتا رہے۔ بڑے افسوس کی بات ہے۔ پہلے کبھی اتنا کشت و خون

نہیں ہوا تھا - خون کی ندیاں چل گئیں - معلوم نہیں ہمارے ملک میں اس طرح کیوں ہوا اگر یہ انگریز کی وجہ سے ہوا تو ہم انگریز کی بات نہ مانتے - افسوس اس قدر جانیں ناحق ضائع گئیں -

اب میں کچھ طبی کام کے متعلق عرض کروں گا - جس کی ہمارے ملک کو بہت ضرورت ہے - راولپنڈی میں ایک ٹیلی ہسپتال ہے - جس میں وسیع اور اعلیٰ پیمانے پر کام چلایا جاتا ہے - اس میں نرسوں کو بھی تربیت دی جاتی ہے - اور جیسا کہ بعض آنریبل ممبران فرما چکے ہیں - ہمارے ملک کو تربیت یافتہ نرسوں کی ازحد ضرورت ہے - یہ ہسپتال پاکستان مغربی پنجاب کی طبی ضروریات نیز نرسوں کی تربیت کے سلسلہ میں بہت مدد سکتا ہے - اس لئے حکومت کو ضرور اس کی مالی امداد کرنی چاہیئے - میں نے پچھلی حکومت سے لڑ جھگڑ کر اس ہسپتال کے لئے ۴ لاکھ روپیہ کی رقم منظور کرائی تھی - پہلے تو وہ منظور نہیں کرتے تھے - مگر میری کوششوں کی وجہ سے بعد میں منظور کر لی - اس میں سے دو لاکھ روپیہ اس ہسپتال کو مل چکا ہے - اور دو لاکھ ابھی باقی ہے - حکومت کی خدمت میں گذارش ہے - کہ وہ دو لاکھ روپیہ بھی اس ہسپتال کو دلایا جائے - اور اس کی اور امداد بھی کی جائے - کیونکہ وہ نرسوں کو تربیت دینے - طبی امداد بہم پہنچانے کے بارہ میں ہماری ایک بڑی ضرورت کو پورا کر رہا ہے - اس ہسپتال کے کل اخراجات کا اندازہ ۲۵ لاکھ ہے - ضروری ہے کہ حکومت اس کی حوصلہ افزائی کرے اور اسے مالی امداد دے تاکہ وہ اپنا کام مکمل کر سکے -

میں ایک دفعہ پھر آپ کا شکریہ ادا کرتا ہوں - کہ آپ نے مجھے اظہار خیالات کا موقع دیا ہے -

Chaudhri Faz] Ilahi (Gujrat North, Muhammadan, Rural) :

چودھری فضل الٰہی

حضورِ والا : کل اور آج بہت سی تقریریں اس بجٹ کے متعلق ہوئی ہیں - ان میں سے بعض تو ایسی تھیں جن میں اعتراض محض اعتراض کی خاطر کئے گئے تھے لیکن بعض ایسی تھیں جن میں فی الواقع تعمیری نکتہ چینی کی گئی اور یہ کوشش کی گئی - کہ حکومت کی توجہ ان امور کی طرف مبذول کرائی جائے - جن پر عمل کرنے سے ہمارے ملک اور قوم کی حالت بہتر ہو سکے -

حضورِ والا - میں آپ کی خدمت میں یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ پاکستان کے قیام سے لے کر اب تک ہماری حکومت کو جن مشکلات کا سامنا کرنا پڑا - ان کی نظیر کہیں نہیں ملتی - جس وقت یہ حکومت معرضِ وجود میں آئی - حالات نے کچھ ایسی صورت اختیار کی کہ صوبے کی ترقی کے لئے سکیمیں تیار کرنا تو درکنار حالات کا مقابلہ کرنا ہی بہت مشکل نظر آتا تھا - عنانِ حکومت سنبھالتے ہی سب

سے بڑی مصیبت جو اس صوبے پر نازل ہوئی وہ مہاجرین کا مسئلہ تھا۔ مہاجرین لاکھوں کی تعداد میں۔ خاندان برباد مشرقی پنجاب سے ہمارے صوبے میں نہایت بے بسی کی حالت میں داخل ہوئے۔ ان کے لئے خوراک اور رہائش کا انتظام کرنا اس حکومت کا فرض اولین تھا۔ بعض آنریبل ممبروں نے مہاجرین کے متعلق حکومت کے انتظامات پر نکتہ چینی کی ہے۔ میں اس سلسلہ میں یہ عرض کروں گا کہ حکومت نے شروع شروع میں انہیں کیمپوں میں رکھنے اور بعد ازاں ان کی بحالی کے متعلق انتظامات کرنے کا فیصلہ کیا۔ اس کے متعلق کئی پلان بنائے گئے۔ مگر مہاجرین اتنی زیادہ تعداد میں یہاں آنے شروع ہوئے۔ کہ ان پر عمل کرنا ہمارے لئے ناممکن ہو گیا۔ شروع شروع میں مہاجرین پاکستان میں کئی جگہ سے داخل ہوئے۔ واگہ۔ ڈیرہ بابا نانک اور قصور سے جو مہاجرین پاکستان میں داخل ہوئے ان کی تعداد کسی شخص کو معلوم نہ تھی۔ لہٰذا اس وقت انہیں ضلع وار تقسیم کرنے کا تو سوال ہی پیدا نہ ہوتا تھا۔ اسی خیال کے پیش نظر انہیں کیمپوں میں ٹھہرانے اور کچھ عرصہ کے لئے انہیں وہیں خوراک وغیرہ مہیا کرنا مناسب سمجھا گیا۔ لہٰذا اس کے مطابق عمل کیا گیا۔ یہ بھی ہم مانتے ہیں کہ شروع شروع میں کیمپوں میں بھی کئی نقائص تھے۔ مگر بعد ازاں خدا کے فضل و کرم سے وہ بھی درست ہو گئے۔ اگرچہ مہاجرین کے مسئلے کو حل کرنے کے لئے بروقت حکومت کے پاس کوئی انتظام نہ تھا۔ تاہم میں سمجھتا ہوں کہ اس معاملے کو جس خوش اسلوبی سے ہماری حکومت نے سرانجام دیا ہے اگر کوئی اور حکومت ہوتی تو شاید وہ اس مشکل کام سے عہدہ برآ نہ ہو سکتی۔

بعد ازاں مہاجرین کے جو قافلے ہمارے ہاں آتے تھے۔ ان کو بھی ضلع وار بٹھا دیا جاتا تھا۔ مگر بجائے اس کے کہ انہیں ہماری مشکلات کا احساس ہوتا انہوں نے بڑی بدنظمی کا ثبوت دیا۔ مثال کے طور پر جس قافلے کو سیالکوٹ بھیجا جاتا تھا۔ اس کے افراد وہاں پہنچ کر چند دن قیام کے بعد اپنا سامان وغیرہ لاد کر اپنے اپنے رشتہ داروں کے پاس چل دیتے تھے کوئی لائل پور کی طرف ہو لیتا اور کوئی ملتان کی طرف۔ اور یہی حالت دوسرے شہروں مثلاً سرگودھا اور گوجرانوالہ کے کیمپوں میں تھی۔ مہاجرین کی اس بدنظمی سے حکومت کے انتظامات میں بہت حرج ہوا۔ اور اخراجات میں بھی کافی اضافہ ہوا۔ ایسے حالات میں چالیس یا پچاس لاکھ کی آبادی کا تبادلہ کوئی آسان کام نہ تھا۔ ہماری حکومت نے اس سلسلے میں جو کچھ کیا میں سمجھتا ہوں کہ اس سے زیادہ کچھ کرنا اس کے بس کا روگ نہ تھا جتنا سب ولا۔ اب میں بجٹ کی طرف آتا ہوں۔ بجٹ میں جو خسارہ دکھایا گیا ہے۔ اس کے متعلق میں صرف یہ عرض کرنا چاہتا ہوں۔ کہ بعض ممبران غلط فہمی کا شکار ہوتے ہیں۔ انہیں معلوم ہونا چاہیئے۔ کہ یہ خسارہ ان اخراجات کی بنا پر ہوا ہے۔ جو حکومت کو مہاجرین کے کیمپوں وغیرہ کے سلسلے میں برداشت کرنے پڑے جہاں تک مسلمان مہاجرین کو سہولتیں بہم پہنچانا تھیں۔ اور ان کے کیمپوں کا خاطر خواہ انتظام کرنا تھا۔ وہاں ان غیر مسلموں کے کیمپوں کا انتظام بھی ہمارے ذمے تھا جو چالیس یا پچاس لاکھ کی تعداد میں مغربی پنجاب سے ہندوستان جانے والے تھے۔ میں سمجھتا ہوں کہ اگر وہ بجٹ کا بغور مطالعہ کرتے تو شاید انہیں اس اعتراض کا مکمل جواب مل جاتا

جناب والا - آنریبل وزیر مال اور حکومت کی مالیہ کی پالیسی پر بھی اعتراض کئے گئے ہیں - میں معترض ممبر صاحبان کی خدمت میں گزارش کروں گا - کہ مالیہ کے متعلق ایک سکیم پر حکومت غور کر رہی ہے - جب وہ تیار ہو جائے گی - تو ایوان ہذا کے جملہ ممبران کی خدمت میں پیش کی جائے گی - امید ہے کہ اس سکیم پر غور و خوض کے دوران میں وہ خرابیاں جو مالیہ کی موجودہ پالیسی میں پائی جاتی ہیں دور ہو جائیں گی -

اب میں نہروں کے متعلق کچھ عرض کروں گا - میرے دوست چودھری محمد سرفراز نے رعیۃ برانچ کے متعلق شکایت کی ہے - میں ان کی خدمت میں یہ عرض کروں گا - کہ ہر ایک ضلع کے مقامی حالات الگ الگ ہے - پانی کی کمی یا زیادتی کے متعلق ہر ضلع میں مقامی زمینداروں کو شکائت ہوتی ہے - مگر حکومت نے تمام صوبہ کے حالات کو مدنظر رکھنا ہوتا ہے - تاہم حکومت اس امر کے لئے ہر ممکن کوشش کر رہی ہے - کہ آبپاشی کی حالت زیادہ تسلی بخش ہو جائے - مگر یہاں میں یہ بھی عرض کر دوں کہ ہماری حکومت کو معرض وجود میں آئے ہوئے ابھی چند ماہ ہی تو ہوئے ہیں - اس تین چار ماہ کے عرصہ میں جبکہ حالات غیر معمولی صورت اختیار کئے ہوئے تھے - حکومت کے لئے ہر طرف دھیان دینا ناممکن تھا - میں آپ کو یقین دلاتا ہوں - کہ حکومت ان مشکلات کے باوجود بھی مناسب تبدیلیاں ضرور عمل میں لائے گی

نہروں کے متعلق ایک بڑی مشکل یہ ہے - کہ دریاؤں کا سارا پانی نہروں کے ذریعہ اسی صوبے میں استعمال نہیں کیا جا سکتا - اس پانی میں حکومت سندھ کا بھی کچھ حصہ ہے - لہذا کچھ مقدار اس کے لئے بھی چھوڑنی پڑتی ہے - نہروں کے ذریعے آبپاشی کی کمی کو پورا کرنے کے لئے حکومت کے زیر غور بہت سی سکیمیں ہیں - ان میں سے ایک بجلی کے ذریعہ آبپاشی کے لئے سہولتیں مہیا کرنے کے متعلق ہے ایسے اضلاع میں جہاں نہروں کے ہوتے ہوئے آبپاشی کے لئے پانی کافی مقدار میں دستیاب نہیں ہوتا - یا دیگر اضلاع - مثلاً جہلم - گجرات اور راولپنڈی کے وہ علاقے جہاں نہریں بنانے کی کوئی سکیم کامیاب نہیں ہو سکتی - وہاں اس قسم کی سکیموں سے کام لیا جائے گا - یہ معاملہ فی الحال زیر غور ہے - جونہی یہ سکیمیں مکمل ہو جائیں گی - ان کو عملی جامہ پہنایا جائے گا - جہلم - گجرات اور راولپنڈی میں تربند بنانے کی ایک سکیم زیر غور ہے - جس کے ذریعہ پانی کافی مقدار میں اکٹھا کیا جائے گا - جو بوقت ضرورت فصل کے لئے استعمال کیا جا سکتا ہے - ایسے علاقوں میں جہاں بارش کم ہوتی ہے - یا بعض اوقات نہیں ہوتی اس پانی کو استعمال کیا جا سکتا ہے - ایسے پانی کو نہ صرف فصل اگانے کے لئے استعمال کیا جا سکتا ہے - بلکہ جیسا کہ میری معزز بہن بیگم شاہ نواز صاحبہ نے فرمایا ہے - پہاڑی علاقوں میں اسی پانی کو پھول وغیرہ اگانے کے لئے استعمال کیا جا سکتا ہے - اور اس طرح ان کو سرسبز و شاداب بنایا جا سکتا ہے - میرا خیال ہے کہ یہ ایسی سکیمیں ہیں جن سے آبپاشی کی کمی کافی حد تک پوری کی جا سکتی ہے -

معزز ارکان کو معلوم ہونا چاہیئے۔ کہ ان سکیموں کو عمل میں لانے کے لئے آخر وقت کی ضرورت ہے۔ حکومت کے پاس کوئی الہ دین کا چراغ نہیں کہ رگڑا اور جو چاہا کر دالیا۔

پھر جناب والا یہ بھی اعتراض کیا گیا ہے۔ کہ کو اپریٹو کریڈٹ سوسائیٹیوں کی طرف سے تجارتی اغراض کے لئے قرضے دیئے جائیں۔ اس میں کوئی شک نہیں۔ کہ بنک بند ہو گئے ہیں۔ محاصلات حاصل نہیں ہو رہے۔ صوبہ کی کریڈٹ شیئرز بند پڑی ہے۔ کہا گیا ہے۔ کہ ان مشکلات کو دور کیا جائے حضور والا۔ حکومت نے محکمہ امداد باہمی کے قواعد کو از سر نو ترتیب دینے کے لئے ایک کمیٹی کی تشکیل کی تھی۔ تاکہ موجودہ مشکلات کو حل کیا جا سکے۔ کمیٹی نے بہت جلدی کام ختم کر کے رپورٹ پیش کر دی ہے۔ اور کریڈٹ کی مشکلات کو حل کرنے کی کوشش کی ہے۔ اسی سلسلہ میں میٹرک۔ ایف۔ اے اور بی۔ اے کے امیدواروں کو ماڈل ٹاؤن میں ٹریننگ جا رہی ہے تاکہ آئندہ بنکنگ کے لئے ہمارے پاس کافی عملہ مہیا ہو سکے۔ محکمہ امداد باہمی نے ایک اور بھی کام کیا ہے۔ وہ یہ ہے۔ دھان اور چاول کی فصل کا وقت تھا۔ اس کا انتظام نہیں کیا گیا تھا حکومت متفکر تھی۔ فصل کی قیمت گر جانے کا احتمال تھا۔ کپاس کے متعلق بھی یہی شکایت تھی۔ اسے آٹھ یا دس روپیہ من زمیندار سے خریدا جا رہا تھا جب سے انجمن ہائے امداد باہمی نے ان فصلوں کو خرید کر اپنے ہاتھ میں لیا ہے۔ نتیجہ یہ ہوا ہے۔ اس کی قیمت ۱۸ روپیہ کے قریب پہونچ گئی ہے۔ جوں جوں وقت گزرتا جائیگا۔ بین الاقوامی قیمت آپ ہی آپ مقرر ہوتی چلی جائے گی۔ پنجاب میں کپاس کی قیمت مقرر ہو جائے گی۔

پھر میرے معزز دوست عبدالستار خاں نیازی نے کہا تھا۔ کہ اضلاع میں حکومت کی مشینری مسلم لیگ کے ساتھ کوئی تعاون نہیں کر رہی۔ اس کے متعلق میں عرض کرنا چاہتا ہوں۔ کہ نیازی صاحب اکثر و بیشتر اپنے ضلع سے غیر حاضر رہتے ہیں۔ اس لئے انہیں اپنے ضلع کے حالات کا علم نہیں ہوتا۔ اگر ان کا اپنے ضلع میں زیادہ وقت گذرا ہوتا۔ تو انہیں علم ہوتا۔ کہ ہر ضلع میں vigilance کمیٹیاں بنائی گئی ہیں۔ جو مسلم لیگ کی مقرر کردہ ہیں جن میں مسلم لیگ ورکر اور ایم ایل اے بھی شامل ہیں۔ ان کے سپرد کام یہ ہے۔ کہ ڈپٹی کمشنر یا ضلع کے جو افسران ہیں۔ اگر وہ عوام کو ستاتے ہیں۔ یا کوئی بد دیانتی یا زیادتی کرتے ہیں۔ تو وہ اصل حالات اور واقعات حکومت کے نوٹس میں لا سکتی ہیں۔ اگر کسی vigilance کمیٹی نے کوئی نئی پالیسی پیش کی ہو۔ تو اس کا فرض ہے۔ کہ وہ ڈپٹی کمشنر سے اس کے بارہ میں مشورہ کرے۔ اگر ڈپٹی کمشنر اس کے ساتھ متفق نہ ہو۔ تو متوخلا ذکر کو اختیار نہیں ہے۔ کہ اس پالیسی کو رد کر کے اپنا فیصلہ صادر کر سکے۔ بلکہ رپورٹ اور فیصلہ وزارت کے پاس بھیجنا پڑتا ہے۔ اگر میرے فاضل دوست خان عبدالستار خاں نیازی vigilance کمیٹی میں شامل ہو کر ضلع کی پالیسی کو چلانے کی کوشش کریں۔ تو میں سمجھتا ہوں۔ کہ انہوں نے جو شکایت کی ہے۔ کہ افسران میں تدبر کم ہے۔ وہ خود دیکھ لیں گے۔ کہ ان کی یہ شکایت درست نہیں ہے۔ اگر انہوں نے قبل ازیں ایسا نہیں کیا۔ تو میں سمجھتا ہوں۔ کہ ایوان میں ایسی تقریر کرنے سے کوئی فائدہ نہیں ہے۔

اب میں ٹرانسپورٹ سسٹم کے متعلق عرض کرنا چاہتا ہوں۔ کہا گیا ہے کہ پنجاب کی تقسیم ہونے سے یہ سسٹم ختم ہو چکا ہے۔ صوبہ میں نقل و حرکت بہت مشکل ہے اور اس وجہ سے عام استعمال کی اشیاء کے حاصل کرنے میں بہت سی دقتیں پیدا ہو گئی ہیں۔ اس میں کوئی شک نہیں۔ کہ یہ درست ہے۔ مگر اس کی وجہ غیر معمولی حالات ہیں ٹرانسپورٹ کا بیشتر حصہ ابتک

مشرقی پنجاب سے مہاجرین کو لانے میں استعمال ہوتا رہا ہے۔ اور یہ کام سب سے مقدم تھا۔ ٹرانسپورٹ کو قومی بنانے کے متعلق ایک سکیم تیار کی گئی ہے جس کی اطلاع ممبران صاحبان کو پہونچ چکی ہے۔ کل اجلاس ہوگا۔ جس میں ٹرانسپورٹ کے مسئلوں پر غور و خوض کیا جائیگا۔ حکومت اس طرف پوری توجہ دے رہی ہے۔ انشاء اللہ اس کے ہر ممکن پہلو پر غور و فکر کیا جائے گا۔ اور میں امید کرتا ہوں۔ کہ تین سال میں یہ سسٹم قومی ملکیت بن جائیگا۔

پھر انڈسٹری کے متعلق بہت کچھ کہا گیا ہے۔ آپ نے اخباروں میں پڑھ لیا ہوگا۔ کہ یہاں انڈسٹریل کنونشن منعقد ہوئی تھی۔ یہ کنونشن آنریبل وزیر خزانہ کے ارشاد کے ماتحت منعقد کی گئی تھی۔ اب یہ سب کمیٹیوں میں منقسم ہو چکی ہے۔ ہر ایک سب کمیٹی مختلف قسم کی انڈسٹریز کے متعلق اپنی اپنی رپورٹ پیش کرے گی۔ اور ان پر غور و پرداخت کے بعد عمل کیا جائیگا۔ میں یہ بھی عرض کر دوں۔ کہ پہلے اصول اور سکیم پر غور کیا جائیگا۔ پھر اس پر عمل کیا جائیگا۔ بغیر غور کئے کسی پر عمل نہ کیا جائے گا۔ یہ کہہ دینا کہ یہ بات نہیں ہوئی اور وہ نہیں ہوئی جائز معلوم نہیں ہوتا حکومت انڈسٹری کے متعلق بہت کچھ کرنے کا ارادہ رکھتی ہے۔ آخر حکومت تین مہینے کے عرصے میں کیا کچھ کر سکتی تھی۔ اعتراض کرتے وقت اس کی مشکلات پر غور نہیں کیا جاتا۔

پھر جناب والا gypsum کے متعلق بہت کچھ کہا گیا ہے۔ میں اس کے متعلق بتلا دینا چاہتا ہوں۔ کہ سابقہ حکومت نے مصنوعی کھاد تیار کرنے کے لئے انتظام کیا تھا اور اس کے لئے جپسم کھیوڑہ سے حاصل کیا جائے گا۔ مگر گورنمنٹ کی پولیسی یہ تھی۔ کہ مسلم اکثریت کے علاقہ میں انڈسٹری کو فروغ حاصل نہ ہو سکے۔ اس لئے فیکٹری کی لوکیشن (location) بہار میں کی گئی تھی۔ ایسا جان بوجھ کر کیا گیا تھا۔ اب اس مسئلہ کے متعلق غور ہو رہا ہے۔ کہ کھیوڑہ کے نزدیک کس جگہ پر یہ کام شروع کیا جائے۔ خام مواد جو مل سکتا ہے اسے کہاں اکٹھا کیا جائے۔ اور کون کون سے مفید طریقے اختیار کئے جائیں۔ اس بارے میں فیکٹریاں قائم کرنے کی سکیمیں بھی زیر غور ہیں۔

چونکہ اب آنریبل وزیر تعلیم کو تقریر کرنا ہے۔ اس لئے میں زیادہ وقت لینا نہیں چاہتا۔ اس لئے میں ان الفاظ کے ساتھ اپنی تقریر ختم کرتا ہوں۔

Minister of Education (The Hon'ble Sheikh Karamat Ali) :

آنریبل شیخ کرامت علی:۔

جناب والا۔ ایوان کے معزز ارکان نے موجودہ بجٹ پر پیش کئے جانے پر وزیر خزانہ کو جو رسمی طور پر تحفہ مبارکباد پیش کیا ہے میں سمجھتا ہوں وہ اگر بجٹ پر غور و خوض کرنے کے بعد پیش کرتے تو اس کی اہمیت اور بڑھ جاتی۔ حضور والا! جس وقت حکومت کی باگ ڈور یا قلمدان وزارت ہمارے سپرد کیا گیا اس وقت ملک میں ایک حشر برپا تھا۔ ایسے نازک حالات میں مشرقی پنجاب کے اضلاع سے مسلمان ہزاروں کی تعداد میں اور مختلف امراض میں مبتلا جن میں سے بعض خطرناک متعدی امراض میں مبتلا تھے آنے شروع ہو گئے تھے۔ ابتدا میں نہ آنے والوں کی کوئی ترتیب تھی نہ امراض پر قابو پانے کا کوئی انتظام تھا۔ قصور میں کمپوں

کے اندر مسلمان بڑی تشویشناک حالت میں پڑے تھے بیماری کا یہ عالم تھا کہ ہر لمحہ یہی خدشہ تھا کہ کہیں مغربی پنجاب کی تمام تر آبادی اُن متعدی امراض سے متاثر نہ ہو جائے small-pox, cholera بخار اور اس کے ناسوا نمونیا وغیرہ امراض بکثرت پھیلی ہوئے تھے اور اس کے ساتھ ہی محکمہ تعلیم کے استاد۔ ہزاروں کی تعداد میں اور لاتعداد طالبعلم جو سکولوں اور کالجوں سے آ رہے تھے۔ حکومت کے لئے تشویش کا موجب تھے۔ ظاہر ہے کہ ان تشویشناک معاملات سے عہدہ برآ ہونے کے لئے وزیر خزانہ کے تعاون اور امداد کی ضرورت تھی۔ اگر اس وقت وزیر خزانہ نکتہ چینی کرتے اور ہم سے تعاون نہ کرتے تو ہم اپنی مساعی میں کامیاب نہ ہوتے اور اپنے فرائض سے عہدہ برآ نہ ہو سکتے۔ مگر وزیر خزانہ نے ہمارے ساتھ وہ سلوک رواداری برتا۔ اس فراخ دلی کا ثبوت دیا کہ میں نے جو ہدیہ تبریک پیش کیا ہے یہ کوئی رسمی مبارک باد نہیں ہے بلکہ حقیقی مبارک باد ہے جس کے وہ مستحق ہیں۔ (خوب خوب)

اس کے بعد میں ان اعتراضات کی طرف آتا ہوں جو ایوان کے بعض معزز ممبران نے کئے ہیں۔ اس معزز ایوان کے بعض اراکین نے ہم سے بعض ایسی چیزوں کا تقاضا کیا ہے جو ان کے بیان کے مطابق بجٹ میں موجود نہیں ہیں اور جن کے لئے اس میں کوئی خاص رقوم مختص نہیں کی گئیں اور اس سے انہوں نے یہ نتیجہ نکالا کہ حکومت مغربی پنجاب اس بات کی خواہش مند ہے کہ یہاں کے رہنے والے لوگوں کو اس قسم کی سہولتیں بہم نہ پہنچائی جائیں۔ مجھے افسوس سے کہنا پڑتا ہے کہ میرے معزز دوستوں نے یہ خیال نہیں کیا کہ ان کے تقاضے normal times کے ہیں۔ وہ ذرا ان غیر معمولی حالات۔ غیر معمولی مصائب۔ تکلیفات اور پریشانیوں کا میزان اپنی نگاہ کے سامنے رکھیں اور اس پس منظر کو دیکھتے ہوئے خود فیصلہ کریں کہ ایک نو وارد حکومت نے جس کو یہ وہم و گمان بھی نہ تھا کہ پندرہ کی رات تقسیم ہو گی اور سولہ سے لے کر ہر روز وہ بے پناہ ہجوم آتے جائیں گے کہ جن کی روز مرہ کی ضروریات کو پورا کرنا محال تھا حکومت کس طرح اس کٹھن کام کو اپنے نحیف کندھوں پر اٹھایا اور سرانجام دیا۔ ان حالات کے پیش نظر یہ تصور کر لینا کہ یہ وزارت معمولی حالات میں کام کر رہی تھی ایک ظلم ہے میں اپنے ان معزز دوستوں سے کہوں گا کہ وہ اب بھی اس بجٹ کو غور سے پڑھیں۔ اور انہیں معلوم ہو جائے گا کہ ہم نے ان چیزوں کے لئے مزید روپیہ دیا جن کے لئے ہمارے پاس کوئی گنجائش نہ تھی۔ اگر وہ غور کریں تو انہیں معلوم ہو جائے گا کہ میرے محکموں کے لئے۔ محکمہ صحت کے لئے۔ میڈیکل اور تعلیم کے لئے وزیر خزانہ نے ہمیں سابقہ بجٹ سے زیادہ روپیہ دیا۔ (خوب۔ خوب) وہ شاید ابھی نہیں سمجھے۔ میں انہیں یہ بتانا چاہتا ہوں کہ ہمارے پاس یہاں سولہ ضلعوں میں جو ہسپتال۔ صحت کے مراکز اور تعلیم کے ادارے تھے وہ معمولی ضروریات کے لئے تھے مگر اس کے علاوہ کیا ہوا؟ مشرقی پنجاب سے آنے والوں کے لئے یہ تمام چیزیں غیر معمولی طور پر مہیا کرنی پڑیں۔ اور یاد رہے کہ یہ ایسی ضروریات تھیں جن کا کوئی قیاس نہ تھا۔ جن کا کوئی اندازہ نہ تھا۔ ان مہاجرین کیلئے mobile units ڈاکٹر صحت کے مراکز۔ ہسپتال اور چھوٹے ہسپتال۔ ان سب چیزوں کی فوری ضرورت تھی۔ مشرق سے آنے والوں کی اس کثیر آبادی کے لئے ہمیں یہ سہولتیں مہیا کرنی پڑیں بیشک یہ سب کچھ ہمارا فرض بھی تھا مگر میں فخر سے کہتا ہوں کہ جو بار گراں ہم پر پڑا اور جس طریق

سے ہم اس سے عہدہ برآ ہوئے وہ بہت کم دیکھنے میں آئے گا۔ (خوب۔ خوب) مگر مجھے افسوس سے کہنا پڑتا ہے کہ میرے نکتہ چین بھائیوں نے اس کام کی اہمیت اور اس بار کی گرانی کی طرف توجہ نہیں دی اور یہ سمجھنے کی کوشش نہیں کی کہ وزارت نے کس ہمت جانفشانی اور استقلال سے کام کیا اور اس سے کیا نتائج برآمد ہوئے۔ ان کے تقاضے جائز ہیں مگر وہ normal times کے۔ معمولی حالات کے تقاضے ہیں۔ مجھے یہ کہنے میں تامل نہیں کہ اگر ایسے حالات۔ ایسے غیر معمولی حالات سے ہمیں دوچار نہ ہونا پڑتا۔ جن کے سلسلے میں ہمیں معمول سے دوگنا بلکہ تین گنا کوشش کرنی پڑی۔ تو کوئی وجہ نہ تھی کہ صحت کے مراکز قائم نہ ہوتے۔ rural ڈسپنسریاں قائم نہ ہوتیں۔ ہسپتالوں کی حالت بہتر نہ ہوتی اور آپ کے تقاضے پورے نہ ہوتے۔ میں حکومت مغربی پنجاب کی طرف سے یقین دلاتا ہوں کہ جہاں تک ان اداروں کو قائم کرنے چلانے اور بہتر بنانے کا تعلق ہے۔ یقیناً آپ دیکھیں گے کہ آئندہ بجٹ میں آپ کی یہ تمام خواہشات بہت حد تک پوری کر دی جائیں گی (خوب۔ خوب) میں اس موقع پر اپنے ان دوستوں سے جنہوں نے یہ کہا تھا کہ مراکز صحت کی کمی کی وجہ سے دیہاتی آبادی کو نقصان پہنچا ہے اور دیہاتی آبادی تباہ ہو رہی ہے پوچھ سکتا ہوں کہ جو آبادی مشرق سے مغرب میں اور جو زیادہ تر شہروں میں پہنچی تھی کیا اس میں دیہاتی آبادی نہ تھی؟ کیا اس دیہاتی آبادی کی پرداخت نہیں کی گئی تھی؟ کیا اس آبادی کو سہولتیں بہم نہیں پہنچائی گئی تھیں؟ مگر حقیقت یہ ہے کہ انہوں نے غور ہی نہیں کیا۔

جناب والا! میں آپ کی وساطت سے اپنے نکتہ چین دوستوں کو یہ بتانا چاہتا ہوں کہ refugees کی problem وہ problem تھی۔ وہ مسئلہ تھا کہ جس سے عہدہ برآ ہونے اور جسے حل کرنے کے لئے چھ مہینے تو کیا اگر ایک سال بھی لگ جاتا تو تعجب نہ تھا۔ ان لاکھوں کی تعداد میں آنے والے مسلمانوں۔ لٹ لٹا کر آنے والے بے خانماں مسلمانوں کو آباد کرنا کوئی آسان کام نہ تھا۔ ان ساٹھ لاکھ انسانوں کو ان کی ابتدائی ضروریات مہیا کرنا۔ ان کی طبی اور تعلیمی ضروریات کو پورا کرنا ایک ایسا کام تھا کہ جس پر اعتراض کرنا آسان ہے مگر جسے کر کے دکھانا بے حد کٹھن تھا۔ اس کام کو سرانجام دینے کے لئے کس چیز کی ضرورت نہ تھی۔ اور کون سی چیز تھی جو یہاں بافراط موجود تھی؟ یہی وجہ ہے کہ ہمارا یہ بجٹ ایک refugee بجٹ ہے۔ ہمارے پاس جو کچھ تھا وہ اس لئے اور غیر متوقع بوجھ کا متحمل نہ ہو سکتا تھا۔ وزارت نئی۔ ایڈمنسٹریشن درہم برہم۔ مہاجرین کا ایک سیلاب تھا کہ امنڈا چلا آتا تھا اور اس پر طرہ یہ کہ وبائی امراض آئیں اور اس شدت سے آئیں کہ مہاجرین تو ایک طرف خود یہاں کے رہنے والوں کی جانوں کے لالے پڑ گئے۔

جب ہیضہ پھوٹا تو ہمارے پاس cholera vaccine معمولی مقدار میں تھی جو جلد ہی ختم ہو گئی۔ جب یہ وبا زیادہ پھیلی تو ہم نے کوشش کی۔ امریکہ سے۔ انگلستان سے۔ بمبئی سے اور انڈین یونین سے غرضیکہ ہر طرف سے vaccine حاصل کرنے کی کوشش کی اور ہمیں کامیابی ہوئی۔ اور اتنا vaccine اکٹھا ہو گیا کہ جو چالیس لاکھ آدمیوں کو ٹیکہ لگانے کے لئے کافی تھا۔ سترہ لاکھ انسانوں کو ٹیکہ لگایا گیا۔ اور اس متعدی مرض کی روک تھام کے لئے ہر ممکن طریقہ اختیار کیا گیا۔ مرض اس قسم کا تھا کہ اس سے پہلے

کبھی نہ ہوا تھا۔ ڈاکٹروں نے۔ امریکن اور انگریز ڈاکٹروں نے تحقیقات کی اور وہ اس نتیجہ پر پہنچے کہ آج سے بیس سال پہلے تک اس قسم کا cholera کبھی نہیں ہوا۔ اور نہ ہی اس کا مقابلہ اس قدر مستعدی اور جانفشانی سے کیا گیا جیسے اس وقت کیا گیا اور اموات کی تعداد پچھلے پچیس سال کی average سے کم ہے۔

گذشتہ بیس سال میں اس بیماری سے موت کی اوسط اسی پچاسی فیصدی رہی ہے۔ مگر اس نازک زمانہ میں مسلمان ڈاکٹروں، حفظان صحت میں کام کرنے والوں اور پبلک کی کوششوں کی وجہ سے اموات کی اوسط صرف ۲۰ رہی۔ مختلف ضلعوں کے اموات کے نقشے میرے پاس موجود ہیں۔

لاہور میں ۷۹۱۳ اشخاص بیمار ہوئے اور دو ہزار چار سو سینتیس مرے
سیالکوٹ میں ۶۹۸ اشخاص بیمار ہوئے اور ۲۱۰ مرے
گوجرانوالہ میں ۱۳۶ اشخاص بیمار ہوئے اور ۶۹ مرے
شیخوپورہ میں ۲ اشخاص بیمار ہوئے اور موت کوئی بھی نہیں ہوئی
گجرات میں ۳۱ اشخاص بیمار ہوئے اور ۱۸ مرے
راولپنڈی میں ۱۸ اشخاص بیمار ہوئے اور ۸ مرے
اٹک میں ۱۴ اشخاص بیمار ہوئے اور ۹ مرے
میانوالی میں ۱۵ اشخاص بیمار ہوئے اور ۸ مرے
منٹگمری میں ۱۰۳۱ اشخاص بیمار ہوئے اور ۴۰۷ مرے
لائل پور میں ۵۵ اشخاص بیمار ہوئے اور ۲۰ مرے
جھنگ میں ۵۰ اشخاص بیمار ہوئے اور ۲۵ مرے
ملتان میں ۴۳۷ اشخاص بیمار ہوئے اور ۱۳۳ مرے
ڈیرہ غازی خاں میں ۶ اشخاص بیمار ہوئے اور ۵ مرے

ڈیرہ غازی خاں میں نسبتاً زیادہ آدمی مرے ہیں۔ معلوم ہوتا ہے کہ cases بہت زیادہ خراب تھے کہ سوائے ایک کے کوئی بھی نہ بچا۔ اس نقشہ سے یہ ظاہر ہے کہ اس دفعہ اموات کی اوسط ۳۰ فیصدی رہی ہے۔ یہ ہمارے بھائیوں کی کوششوں کا ہی نتیجہ ہے کہ انہوں نے ایسی عالمگیر وبا کو جو ملکوں کے ملک صاف کر دیتی ہے روک دیا۔ آپ نے دیکھا ہوگا کہ پنا بگزین کی بجائے رہائش کے پاس بیماروں کے علاج کے لئے الگ کیمپ لگا دیئے گئے تھے۔ پھر لاہور اتنی بڑی بستی ہوتے ہوئے بھی اس بیماری سے محفوظ رہا۔ اتنی بڑی بستی ہونے کے علاوہ یہاں پر پنا بگزین بھی کثرت سے آئے۔ اس کے باوجود بھی اس شہر کو بیماری سے بچا لینا بڑا کام ہے اب میں ہسپتالوں کے متعلق کچھ عرض کرتا ہوں۔ پندرہ اگست کے بعد پنجاب کے تقسیم ہونے کی وجہ سے بہت سا عملہ مشرقی پنجاب میں چلا گیا جس سے ہمارے ہاں ڈاکٹروں کی تعداد کم ہو گئی۔ پنجاب کی تقسیم سے پہلے ان کی تعداد حسب ذیل تھی۔

سول سرجن پی ایم۔ ایم۔ ایس کلاس فرسٹ		۱۶
اسسٹنٹ سرجن	(مرد)	۱۱۰
اسسٹنٹ سرجن	(عورتیں)	۱۰

سب اسسٹنٹ سرجن	(مرد)	۳۰۱
سب اسسٹنٹ سرجن	(عورتیں)	۴۷
subsidized dispensaries		۸۳
Rural Medical Officers		۱۱۶

اور پنجاب کی تقسیم کے بعد ان کی تعداد میں مندرجہ ذیل یہ کمی ہو گئی ۔

اسسٹنٹ سرجن	(مرد)	۲۳
اسسٹنٹ سرجن	(عورتیں)	۳
سب اسسٹنٹ سرجن	(مرد)	۱۹۰
سب اسسٹنٹ سرجن	(عورتیں)	۸
rural dispensaries		۶۵
Subsidized Medical Practitioners		۳۶

بیگم شاہ نواز :- کیا آپ نے private practitioners کو utilize کیا ہے۔

وزیر تعلیم صاحب صدر میں انہیں بتلانا چاہتا ہوں کہ ہم نے private practitioners کو ہی کام پر لگایا ہے۔ اس وقت تک ہم نے اس کمی کو پورا کرنے کے لئے چالیس نئے اسسٹنٹ سرجن جن میں ۹ عورتیں شامل ہیں ۔ اسی سب اسسٹنٹ سرجن جن میں سات عورتیں بھی شامل ہیں ۔ اور ۱۰۰ dispensers لئے ہیں ۔ اگر بیگم صاحبہ کی نظر میں کوئی ایسے private practitioners ہوں جن کے بارہ میں میڈیکل کونسل یہ کہے کہ ہم اس قابل نہیں کہ اتنے بڑے سفید ہاتھی کو باندھ لیں تو میں سمجھتا ہوں کہ اُن کے نہ ہونے میں کوئی خسارہ نہیں ۔ میری کوشش یہی رہی ہے کہ کام کے جتنے بھی ڈاکٹر ہیں اُن کو کام پر لگا لیا جائے ۔ خواہ وہ پارسی ہوں یا عیسائی ۔ ایسے حالات میں جب کہ ڈاکٹر نہیں ملتے ۔ میں حیران ہوں کہ اس اعتراض کا کیا جواب دوں کہ سات ماہ کے بجٹ میں ہمارے وزیر خزانہ نے لوگوں کے لئے ڈاکٹری کے مراکز کھولنے کے لئے کوئی رقم نہیں رکھی ہماری rural dispensaries تو پہلے ہی غیر آباد پڑی ہیں ۔ سامان موجود ہے ۔ مگر آدمی نہیں ۔ ایسی صورت میں مزید ہسپتال کھولنے سے کیا فائدہ ۔ میں دعوت دیتا ہوں کہ اگر کسی معزز ممبر کو علم ہو کہ ایسے اصحاب مل سکتے ہیں تو وہ ہمیں اطلاع دیں ۔ ہم ان کو بخوشی ملازم رکھنے کو تیار ہیں ۔ بیگم شاہ نواز صاحبہ نے ارشاد فرمایا تھا کہ میو ہسپتال لاہور میں صفائی نہیں ہے اور اس میں پہ اتنے اوزار ہیں بلکہ بہت سے ایسے اوزار بھی جو ڈاکٹر استعمال کرتے ہیں موجود نہیں ہیں ۔ اُن کا اندازہ ہے کہ اس ہسپتال کو مکمل کرنے کے لئے پانچ لاکھ روپیہ خرچ ہو گا ان کا اندازہ صحیح ہو گا ۔ میں اُن کے اطمینان قلب اور خوشنودی کے لئے بتا دینا چاہتا ہوں کہ اُن کے ارشاد سے پہلے ہی اس کا اہتمام ہو چکا ہے پنجاب کی گورنمنٹ نے اپنا ایک طبی ماہر باہر بھیجا ہے جو جدید آلات دوائیں سامان لائے گا ۔ تاکہ اس ہسپتال کو ایک نمونہ بنا دیا جائے ۔ (تالیاں) ڈاکٹروں کے متعلق میں بہانگ دہل کہتا ہوں کہ ہمارے پاس بہترین ڈاکٹر موجود ہیں ۔ میو ہسپتال میں کئی ماہرین فن موجود ہیں

جن کے بدلی ہندوستان میں بھی موجود نہیں ۔ نام لینے کی مجھے ضرورت نہیں ۔ لیکن مثال کے طور پر میں کہنا چاہتا ہوں کہ ہمارے ڈاکٹری کالج کے پرنسپل (کرنل الٰہی بخش) ہیں ۔ ان کا ذکر غیر اقوام نے بھی کیا ہے ۔ کرنل ملک شیر محمد ۔ یہ کسولی انسٹیٹیوٹ کے انچارج رہ چکے ہیں ۔ میں یہ بھی بتانا چاہتا ہوں کہ ہمارا طبی شعبہ کوشش کر رہا ہے کہ اگلے سال ویکسین (vaccine) یہاں بنائی جائے اور ہر قسم کے ٹیکے بھی یہاں پر تیار کئے جائیں ۔ ایسے ہی لوگوں کی کوششوں سے امید ہے کہ ایک سال کے اندر اندر ہم یہ کام کر سکیں گے ۔ ایک اور ڈاکٹر صاحب کا میں ذکر کرنا چاہتا ہوں جو نہ صرف ہندوستان کے ڈاکٹروں کے ساتھ مقابلہ کر سکتے ہیں بلکہ اُن کا چہ چا پیرونی دنیا میں بھی ہے ۔ وہ اناٹومی (Anatomy) کے پروفیسر مسٹر صدیقی ہیں ۔ یہ اس قابل ہیں کہ ان پر ناز کیا جائے ۔

بیگم تصدق حسین :- کیا آنریبل وزیر تعلیم از راہ کرم بیان فرمائیں گے کہ اگر کوئی ماہر ہندوستان کے کسی صوبے سے مغربی پنجاب میں آنا چاہے تو اس کے لئے یہاں کوئی گنجائش ہو سکتی ہے ۔ ؟

وزیر تعلیم :- صاحب صدر میں اپنی بہن کی خدمت میں یہ عرض کروں گا کہ اگر کوئی ماہر ہمارے صوبے میں اس غرض سے آنے کے لئے تیار ہو کہ یہاں آکر اسے بہتر تنخواہ ملے یعنی دوسرے الفاظ میں وہ ہمارے صوبوی خزانہ کے لئے بوجھ ثابت ہو تو اس کے لئے ہمارے ہاں کوئی گنجائش نہیں ۔ مگر چونکہ میری بہن نے خاص طور سے یہ امر دریافت کیا ہے ۔ اس لئے میں ان کی اطلاع کے لئے یہ عرض کر دینا چاہتا ہوں کہ اگر کوئی ان کا ملنے والا (قبلہ) میرا مطلب ہے کوئی ایسا شخص ہو جو ان کا عزیز ہو اور اس کے متعلق انہیں یقین ہو جائے کہ وہ واقعی ہمارے صوبے کے لئے مفید اور کارآمد ثابت ہو سکتا ہے ۔ تو اس حالت میں میں اسے اس صوبے میں ملازم ہونے کا موقع دوں گا ۔

اس کے بعد میرے دوستوں نے صحت عامہ کے متعلق جو ارشاد فرمایا ہے ۔ اس کے متعلق میری عرض یہ ہے کہ صحت ایک ایسی چیز ہے جس پر قوم کی ترقی کا دارومدار ہے ۔ میں سمجھتا ہوں کہ ہماری قوم کی صحت جتنی اچھی ہو گی اتنی ہی اس کی دماغی حالت بہتر ہو گی اور ہمیں بہتر نتائج ہو گا ۔ میں اس کی طرف خاص توجہ دے رہا ہوں ۔

اس کے بعد میں نیازی صاحب کے اعتراضات کی طرف آتا ہوں ۔ نیازی صاحب کا میرے دل میں بڑا احترام ہے ۔ وہ مذہبی معاملات میں سب سے پیش پیش ہیں ۔ بعض دوست وہ الیوان بلا میں اپنے آپ کو ایسے رنگ میں پیش کرتے ہیں جس سے معلوم ہوتا ہے گویا ہم سب الحاد پسند ہیں ۔ اور صرف وہی خدا کو ماننے والے ہیں ۔ انہوں نے فرمایا ہے کہ زیر بحث بجٹ میں خدا اللہ و نیاز حسین کی کوئی رقم نہیں ہے ۔ اس بجٹ میں اسلامی خدمت کے لئے کوئی گنجائش نہیں رکھی گئی ۔ آپ نے یہ بھی ارشاد فرمایا ہے کہ میں نے سارے بجٹ کو پڑھا ہے ۔ اس بجٹ کی تعریف کرنے والے سب اسلام سے بے بہرہ ہیں ۔

جناب صدر میں اپنے بھائی کی خدمت میں عرض کروں گا کہ اسلام ایک وسیع مذہب

ہے۔ اسلام کسی تنگ دائرے میں محدود یا مقید نہیں ہے۔ آپ تو خواہ مخواہ اسلام میں مشکلیں پیدا کر رہے ہیں۔ اسلام شریعت اور خدا کے احکام کی پیروی کا نام ہے۔ میں آپ کو بتانا چاہتا ہوں کہ ہم نے اسلام کو آپ کی طرح بوتل میں بند نہیں کر رکھا (قہقہہ) ہم ہر نیک کام کو اسلام کی خدمت سمجھتے ہیں (تالیاں) میرے دوست آپ کے اعمال کا اثر تو مجھ پر ہو سکتا ہے۔ مگر آپ کی زبان کا نہیں ہو سکتا۔

جناب والا۔ میرے کچھ دوستوں نے جن میں میرے دوست میاں محمد نور اللہ بھی شامل ہیں تعلیم کے متعلق کل کچھ ارشاد فرمایا تھا۔ ان کی نکتہ چینی چونکہ تعمیری پہلو سے متعلق ہے لہذا میں اس کے متعلق کچھ عرض کر دوں گا۔

میاں صاحب نے ارشاد فرمایا تھا کہ غیر مسلموں کے مغربی پنجاب چھوڑ جانے کے بعد ہندوؤں کے تعلیمی ادارے اس صوبے میں بند ہو چکے ہیں۔ لہذا ان کو حکومت کی طرف سے جو مالی مدد دی جاتی تھی وہی اب اسلامی اداروں کو ملنی چاہیئے۔ میں ان کی خدمت میں عرض کر دوں کہ مغربی پنجاب میں غیر مسلموں کا صرف ایک ادارہ تھا جو حکومت سے گرانٹ لیتا تھا۔ اور وہ ایس۔ ڈی۔ کالج تھا۔ اگر وہ یہاں سے چلا گیا ہے تو اس کی بجائے مشرقی پنجاب سے دو کالج یعنی (M. A. O.) کالج مرتسر اور اسلامیہ کالج جالندھر آ چکے ہیں۔ اس کے علاوہ باقی تمام اسلامی درسگاہیں اور پرائیوٹ تعلیمی ادارے جو مشرقی پنجاب میں تھے اس گڑبڑ کے بعد یہاں پہنچ چکے ہیں۔ آپ کے اطمینان کے لئے میں یہ بھی بتانا چاہتا ہوں کہ وہ لوگ جو مشرقی پنجاب کے سکولوں میں ملازم تھے یا طالب علم تھے جب ہمارے ہاں پہنچے تو ڈائریکٹر پبلک انسٹرکشن نے میری ہدایات کے مطابق ان کی ہر طرح سے مدد کی۔ اور ان کو مناسب سہولتیں بہم پہنچائیں۔ اس سلسلے میں میں اپنے رفیق کار جناب وزیر خزانہ کا بے حد مشکور ہوں جو بڑا دل اور مدبر دماغ رکھتے ہیں۔ اور جنہوں نے مشرقی پنجاب کے تعلیمی اداروں سے تعلق رکھنے والے تمام اساتذہ، طالبات اور طالبعلموں کو یہاں پہنچنے پر ہر ممکن مالی مدد دینے کے لئے وعدہ فرمایا اور یہ بھی ارشاد فرمایا کہ کوئی لڑکا یا لڑکی ایسی نہ رہے جو مالی مشکلات کی وجہ سے تعلیم سے محروم رہ جائے چنانچہ اب حالت یہ ہے کہ سب اسلامیہ کالج اور دوسرے تعلیمی ادارے مغربی پنجاب منتقل ہو چکے ہیں۔ اور بڑی خوش اسلوبی سے اپنا کام چلا رہے ہیں مشرقی پنجاب کا کوئی اسلامی تعلیمی ادارہ مالی مشکلات کی وجہ سے بند نہیں ہوا۔ ان میں سے ہر ایک کو زیادہ سے زیادہ گرانٹ دی گئی ہے۔ چنانچہ اسی سلسلہ میں میں یہ بھی عرض کر دوں کہ عام حالات میں ایک سکول کو چھ ہزار روپے سالانہ سے زیادہ گرانٹ نہیں دی جاتی تھی۔ مگر ہم نے مشرقی پنجاب سے آئے ہوئے سکولوں کو پانچ مہینے کے عرصہ کے لئے پانچ ہزار روپے تک گرانٹ دی ہے۔ اور میں یہ واضح کر دوں کہ یہ سب سہولتیں میرے رفیق کار جناب وزیر خزانہ کی وجہ سے ہیں جنہوں نے ہر وقت نہایت فراخ دلی سے کام لیتے ہوئے مالی امداد بہم پہنچا کر میرے کام کو پورا کیا۔

اب اس کے بعد مجھے یہ عرض کرنا ہے کہ بعض طلبا اور طالبات کے متعلق ہمیں یہ معلوم ہوا ہے کہ مالی مشکلات کی وجہ سے انہوں نے تعلیم کو خیرباد کہہ دیا ہے۔ بعض ایسی طالبات

اور طلبہ بھی ہیں جن سے استادوں نے فیسوں کے تقاضے کئے اور انہوں نے تقاضوں کی وجہ سے سکول اور کالج جانا چھوڑ دیا۔ جناب والا! یہ طلبہ اور طالبات ایسی بے نوائی کی حالت میں آئے تھے کہ ان کو مجبوریوں سے تنگ آ کر تعلیم کو خیرباد کہنا پڑا۔ حکومت مغربی پنجاب نے فیصلہ کر لیا ہے کہ وہ ایسے غریب لڑکے یا لڑکیوں کی فیس خود ادا کرے گی جن کی یہ استطاعت نہیں کہ وہ سکول یا کالج کی فیس ادا کر سکیں۔ میں ایوان کو مطلع کر دوں کہ ریڈیو پر عنقریب اس امر کا اعلان کر دیا جائے گا کہ ایسے مہاجرین طلبہ جو فیس ادا کرنے کے قابل نہیں ہیں ان کی فیس حکومت ادا کرے گی۔ نہ صرف یہ بلکہ انہیں وظائف دئے جائیں گے اور وہ اس وقت سے نہیں دئے جائیں گے جب سے وہ مغربی پنجاب میں آئے بلکہ ۱۵ اگست سے دئے جائیں گے (تالیاں) اس کے ساتھ ساتھ طلبہ کو کتابیں اور کپڑے بھی ملیں گے (تالیاں) پھر جناب والا۔ یہ کہا گیا ہے کہ مغربی پنجاب نے تعلیم کے متعلق کیا پالیسی مرتب کی ہے۔ میں عرض کر دوں کہ کل پاکستان کانفرنس کے نتائج پر غور کرنے کے بعد ہم اس فیصلے پر پہنچے تھے کہ یہ صحیح نہیں کہ تعلیمی پالیسی کے بارے میں پاکستان کے مختلف یونٹس میں اختلاف ہو یعنی اس کے ایک حصہ میں ایک پالیسی پر عمل درآمد ہو اور دوسرے میں دوسری پر۔ یہ صحیح نہیں پاکستان کا جو تعلیمی نظام ہو وہ ایک ہونا چاہئے۔ پھر جناب والا۔ یہ دریافت کیا گیا ہے کہ پاکستان میں بچوں کو سکولوں میں کس قسم کی تعلیم دی جائے گی۔ میں آج یہ اعلان کرتے ہوئے نہایت خوشی محسوس کر رہا ہوں کہ سکولوں اور کالجوں میں فوجی تعلیم لازمی قرار دی گئی ہے۔ ہر کالج میں رائفل کلب کھول دی گئی ہے۔ جنگی تربیت اور جنگی ڈرل لازمی قرار دی گئی ہے۔ آپ یہ سن کر بھی خوش ہوں گے کہ تعلیمی پالیسی کے ہر پہلو پر اسلامی نظریہ کو پیش رکھتے ہوئے فیصلہ کیا گیا ہے علاوہ ان سب کے مذہبی تعلیم بھی لازمی قرار دی جائیگی (تالیاں)

پھر جناب والا، ذریعہ تعلیم کے متعلق پوچھا گیا اور کہا گیا کہ حکومت کو اس بارے میں جلد از جلد فیصلہ کرنا چاہئے کہ وہ کون سا ذریعہ تعلیم اختیار کرے گی۔ ہر صوبہ میں اس بات پر زور دیا جاتا ہے اور کہا جاتا ہے کہ وہ قوم اس وقت تک مکمل نہیں ہوتی جب تک کہ تعلیم اس کی اپنی زبان میں نہ ہو۔ یہ خوشی کا مقام ہے کہ آل پاکستان تعلیمی کانفرنس نے فیصلہ کر دیا ہے کہ ذریعہ تعلیم اردو ہو (تالیاں) اگرچہ اس کے اجراء کے لئے وقت درکار ہے اور اس کے نفاذ کے لئے ہمیں کئی مراحل سے گذرنا ہوگا۔ جیسا کہ میں نے کہا اس کے نفاذ کے لئے کافی وقت درکار ہوگا تاکہ ہم کتابوں کے تراجم کرا سکیں۔

بیگم نصدق حسین: کیا لڑکیوں کے لئے سکولوں میں میڈیکل لائن کے لئے سائنس کا کوئی انتظام کیا گیا ہے؟

وزیر تعلیم: میری فاضل بہن نے یہ دریافت کیا ہے کہ کیا لڑکیوں کے لئے سکولوں میں سائنس کا کوئی انتظام کیا گیا ہے؟ میں انہیں بتا دینا چاہتا ہوں کہ اب بھی لاہور کالج فار وومن میں سائنس کا مضمون پڑھایا جاتا ہے۔ اور بھی بہت سے مقامات پر لڑکیوں کے لئے اس مضمون کے پڑھنے کے لئے انتظامات موجود ہیں۔

اب میں نصاب تعلیم کے متعلق کچھ عرض کرتا ہوں۔ بہت سے معزز ارکان نے کہا ہے کہ اس بات کی وضاحت کر دی جانی چاہیئے کہ ہم کون سا نصاب مقرر کریں گے۔ اس سلسلہ میں مجھے صرف یہ عرض کرنا ہے کہ نصاب کی وضاحت کے لئے سب کمیٹیاں کام کر رہی ہیں جب اُن کی ساری کارروائی مجھے موصول ہو گی اس وقت میں اس پر تفصیل کے ساتھ روشنی ڈال سکوں گا۔ بہرحال میں آپ کو یقین دلاتا ہوں کہ یہ تعلیمی کمیٹیاں اس وقت تک کام نہیں کریں گی جب تک ایوان کے معزز ارکان ان میں شرکت نہ کریں گے وہ عوام الناس کے نمائندوں کی حیثیت میں وہاں موجود ہوں گے اور پھر جناب والا جگہ جگہ کے حالات الگ الگ ہوتے ہیں۔ مختلف علاقوں کے مختلف تقاضے ہوتے ہیں۔ ان کا خیال رکھنا بھی ازبس ضروری ہے۔ بہرحال ہم معزز ارکان کے مشورے کے ساتھ سب کمیٹیوں میں وقت کی ضرورت اور حالات کے تقاضے کے مطابق کام کر سکیں گے۔

میں ان الفاظ کے ساتھ اپنی تقریر ختم کرتا ہوں تاکہ اب میرے معزز رفیق آنریبل وزیر خزانہ تقریر کر سکیں۔

Finance Minister (The Hon'ble Mian Mumtaz Muhammad Khan Daultana):

آنریبل میاں ممتاز محمد خاں دولتانہ:۔

جناب والا ابتدا میں میرا یہ نہایت خوش گوار فرض ہے کہ میں اپنے ان تمام احباب اور دوستوں کا دلی شکریہ ادا کروں جنہوں نے اپنی تقاریر کے سلسلہ میں مجھے ناچیز کے متعلق استحسان و تعریف اور حوصلہ افزائی کے الفاظ استعمال کئے ہیں۔ میں جانتا ہوں کہ جس صورت میں یہ بجٹ پیش کیا گیا ہے اس میں یہ اشارے بٹائد محض رسمی ہوں کیونکہ جن حالات میں یہ بجٹ پیش کیا جا رہا ہے اور جن کا تذکرہ میں آگے جا کر کروں گا اس بجٹ سے میری اہلیت یا نااہلیت کا کوئی اندازہ نہیں لگایا جا سکتا۔ بہرحال مجھے اعتراف ہے اس ذاتی محبت کا۔ اس ذاتی پیار کا۔ اس ذاتی ہمدردی کا کہ جس کی بنا پر ہر ممبر نے جس نے تقریر کی اسی الفاظ میں کم از کم میری تعریف ضرور کی۔ جناب والا ابتدا میں میں کچھ تھوڑی سی گذارشات اس پس منظر کے متعلق کرنا چاہتا ہوں کہ جس میں یہ بجٹ پیش کیا گیا ہے۔ جناب والا کو علم ہے کہ ۱۵ اگست کو مغربی پنجاب کے صوبہ کی حکومت مسلم لیگ کے سپرد کی گئی تھی۔ مگر کن حالات میں نئے صوبہ کی حکومت نئی حکومت کے سپرد کی گئی؟ آپ جانتے ہیں کہ اس صوبہ میں ۴½ یا ۵ سال تک ایک غدار عنصر کی حکومت رہی۔ اس عنصر کی حکومت کہ جس نے ہماری سیاسی فضا کو مکدر اور غلیظ کر رکھا تھا۔ اس عنصر نے کچھ ایسے مبتذل طور پر کام کیا جس نے عام ایڈمنسٹریشن کے اخلاق کو سلب کر دیا۔ انہوں نے مسلمانوں کی تمام طاقتوں صلاحیتوں اور خوبیوں کو ہر طریق سے معدوم اور کمزور کرنے کی کوشش کی جس وقت قوم کمزور ہو چکی تھی۔ جبکہ ایڈمنسٹریشن میں بہت سی خرابیاں آ چکی تھیں یہ حکومت ہمارے سپرد کی گئی۔ ساتھ ہی ساتھ پارٹیشن (تقسیم) کی تلوار ہم پر بیدردانہ طور پر چلائی گئی جس نے ایڈمنسٹریشن کے ٹکڑے کر دیئے پارٹیشن کچھ اس طور سے کی گئی کچھ ایسے سیاسی اصولوں کو مدنظر

رکھکر کی گئی تھی کچھ لوگوں نے جن پر ہمارے کچھ دوستوں کو اعتماد تھا اس صورت سے مسلمانوں کا گلا کاٹا کہ پارٹیشن کے بعد ایڈمنسٹریشن کی تمام مشینری درہم برہم اور تباہ ہوگئی جس کا نتیجہ یہ ہوا کہ آپ کے اخراجات تو بڑھتے چلے گئے مگر ساتھ ہی ساتھ آپ کی آمدنی کے ذرائع لا اینڈ آرڈر کی خرابیوں کی وجہ سے کم ہوتے چلے گئے۔ ان حالات میں آپ کی حکومت نے ان مصائب و آلام و مظالم کا مقابلہ کیا کہ جنہیں ہم مشرقی پنجاب کے انسانیت سوز واقعات کے نام سے موسوم کرتے ہیں۔ آپ کو معلوم ہے کہ ہر لحاظ سے بربریت میں بہیمیت میں اور اخلاق انسانی کی تاریخ میں جو بے پناہ ظلم و ستم مشرقی پنجاب کے غریب مسلمانوں پر روا رکھے گئے ہیں نہیں جانتا کہ تاریخ کے تاریک ترین صفحات میں بھی ان کی کوئی مثال مل سکتی ہے۔ آپ جانتے ہیں کہ اس کا نتیجہ۔ اس کا عملی نتیجہ ہماری اقتصادیات پر کیا ہوا وہ تھا ریفوجی پرابلم۔ (پناہ گزینوں کا مسئلہ) آپ جانتے ہیں کہ پنجاب میں ۱۵ تاریخ کو حکومت مسلمانوں کے سپرد کی گئی۔ لیکن پناہ گزین ۱۱ تاریخ سے آنے شروع ہو گئے تھے۔ ۱۵ تاریخ کو جب نواب صاحب نے حلف وفاداری اٹھایا اس وقت ۳ لاکھ سے زیادہ ریفوجی (پناہ گزین) لاہور میں موجود تھے۔ ان حوصلہ آزما حالات میں اس حکومت کی باگ ڈور ہمارے سپرد کی گئی۔ ساتھ ہی ساتھ فسادات کی تباہ کاریوں سے آپ یقیناً بے خبر نہیں۔ تجارت کے تمام ذرائع بند ہو گئے۔ ہماری آمدنی معدوم ہو گئی اور ساتھ ہی ساتھ رسل و رسائل کے ذرائع میں تعطل واقع ہو گیا تھا۔ ان حالات میں جبکہ ہماری مشینری ٹوٹی ہوئی تھی جبکہ ایڈمنسٹریشن میں اس جوش اور اخلاقی بلندی کا فقدان تھا جس کی ہمیں ضرورت تھی ان تمام مصائب کا ہمیں دفعۃً مقابلہ کرنا پڑا۔ اور کن کو مقابلہ کرنا پڑا؟ میں اس بات کے اعتراف کرنے میں کوئی شرم محسوس نہیں کرتا کہ اس چیز کا مقابلہ ان وزراء کو کرنا پڑا جو اس کام میں بلندی اور ناتجربہ کار تھے اور جن کی تجربہ کاری صرف اتنی تھی کہ چار سال انہوں نے آپ کے ساتھ مل کر عوام کو اس چیز کے لئے متحد کیا تھا کہ وہ اپنی ملی آزادی حاصل کریں۔ اس کے علاوہ انہیں اور کوئی ایڈمنسٹریٹو تجربہ نہ تھا۔ مجھے اعتراف ہے کہ اس سلسلہ میں کوتاہیاں ہوئیں مجھے اعتراف ہے کہ غلطیاں برتی گئیں۔ اور مجھے اعتراف ہے کہ تجربہ کار آدمی شاید اس کام کو بہتر سرانجام دے سکتے تھے۔ لیکن میرا خیال ہے کہ ہاؤس میرے ساتھ متفق ہوگا کہ باوجود ان حالات کے انہوں نے اچھے طور پر یہ کام سنبھالا ہے (میز پر) باوجود ان حالات کے وہ اس حد تک ان مشکلات پر غالب آئے کہ صوبہ کی حکومت سنبھل گئی اور جس صورت سے انہوں نے ان تباہ کن حالات کا مقابلہ کیا یہ سب کچھ آپ کے سامنے ہے۔ جناب والا یہ تھا وہ پس منظر جس کے متعلق بہت زیادہ دوستوں نے تقریریں کی ہیں میں زیادہ وضاحت کے ساتھ اس کے متعلق عرض نہیں کرنا چاہتا میں صرف یہ چاہتا ہوں کہ میرے دوست اس پس منظر کے پیش نظر اس بجٹ کا مطالعہ کریں۔ جو میں نے ان کی خدمت میں پیش کیا ہے

جناب والا میرے کچھ دوست اس چیز کو سمجھ گئے ہیں کہ یہ بجٹ صحیح معنوں میں بجٹ نہیں ہے۔ یہ ایسا بجٹ نہیں ہے جیسے کہ عام بجٹ ہوا کرتے ہیں۔ میرے بعض دوستوں کو معلوم ہوگا کہ قانونی لحاظ سے ہمارے لئے یہ لازم نہ تھا کہ ہم یہ بجٹ یہاں

پیش کرتے۔ قانونی لحاظ سے سنٹرل یعنی پاکستان گورنمنٹ کا ایک آرڈر نافذ ہو چکا تھا۔ اور اگر ہم چاہتے تو ہم اس عبوری دور کا یعنی ۷½ ماہ کا بجٹ گورنر سے منظور کرا سکتے تھے۔ چنانچہ پاکستان کی حکومت نے یہ کیا اور مشرقی بنگال کی حکومت نے بھی یہی کیا۔

جناب والا۔ بجٹ کی روایات کیا ہیں؟ بجٹ کہتے کس چیز کو ہیں؟ بجٹ ہوتا ہے آئندہ اخراجات کا اندازہ۔ اور اندازہ اس طور سے کیا جاتا ہے کہ اس سے گورنمنٹ کی پالیسی واضح ہو جائے۔ پرانے اخراجات میں کمی کی جائے اور آئندہ اخراجات کا اندازہ کسی پلین کے مطابق کیا جائے۔ یہ دونوں چیزیں اس بجٹ میں نہیں ہیں۔ یہ ۴½ مہینہ جو گذر چکے ہیں۔ اور ۳½ مہینہ جو باقی رہ گئے ہیں ان کا بجٹ ہے۔ یہ پچھلی سرگزشت ہے جو آپ کے سامنے سنائی جا رہی ہے اس میں کسی نئی پالیسی کو منعکس نہیں کیا گیا۔ اور جناب والا وہ اخراجات کس صورت کے تھے۔ وہ اخراجات اس صورت کے تھے کہ کسی پالیسی میں تبدیل کر کے انہیں کم نہیں کیا جا سکتا تھا۔ میں کوئی ایسی پالیسی وضع نہیں کر سکتا تھا کہ جتنی خوراک دینا لازم ہے اس سے کم کھا کر آدمی زندہ رہ سکے۔ اور سیاسی حالات ایسے تھے اور اخراجات اس صورت کے تھے کہ کوئی وزارت اور خاص کر آپ کی حکومت جس حکومت کو یہ احساس تھا کہ یہ ہمارے بھائی جو مشرقی پنجاب میں تباہ ہوئے اور جنہیں اپنے گھروں سے صرف اس لئے نکالا گیا کہ وہ مسلمان تھے ان کو محفوظ رکھنے اور بچانے میں بخیلی نہیں کر سکتی تھی۔ اس لئے اخراجات اس صورت کے تھے کہ نہ تو وہ بڑھائے جا سکتے تھے اور نہ گھٹائے جا سکتے تھے۔ چنانچہ یوں کہیئے کہ اس بجٹ کے اخراجات گذشتہ وقت کے ہیں جن کا اندازہ لگایا جا سکتا ہے لیکن جنہیں کم نہیں کیا جا سکتا۔ بجٹ کی دوسری خصوصیت یہ ہوتی ہے کہ اس میں نئے سال کی آمدنی کا اندازہ ہوتا ہے۔ اس میں گورنمنٹ کی پالیسی کا عکس دکھایا جاتا ہے۔ بجٹ میں یہ دکھایا جاتا ہے کہ کس طرح آمدنی بڑھائی جا سکتی ہے۔ عوام الناس کے ان طبقوں پر نیا بوجھ ڈالا جاتا ہے جو بوجھ سہارنے کے قابل ہوں اور جن کو ریلیف دینے کی ضرورت ہو انہیں ریلیف دیا جاتا ہے۔ کچھ ایسی وجوہ ہیں کہ جن کی بنا پر یہ کام اس بجٹ میں نہیں کیا گیا۔ ان میں سے دو یا تین وجوہ میں آپ کی خدمت میں پیش کرتا ہوں۔

ایک تو بجٹ کی روایت ہے۔ اور وہ یہ کہ بجٹ میں کوئی انقلابی تبدیلیاں Budgetary year سے پہلے نہیں لائی جا سکتیں۔ آپ کے بجٹ کا سال اپریل سے شروع ہوتا ہے اور اگر کوئی انقلابی تبدیلی آپ کے اقتصادیات کے نظام میں لانے کی ضرورت ہوئی تو اس کا یہ وقت نہیں ہے۔ اس کے لئے اور وقت ہے۔ یہ نامناسب تھا کہ میں اس ابتدائی دور میں۔ اس مہینہ کے بجٹ کو پیش کرتے وقت انقلابی چیزوں کے لئے آپ کی منظوری طلب کرتا۔

دوسری چیز وہ حالات ہیں جن کا مقابلہ اس حکومت کو کرنا پڑا۔ وہ مشکلات اور آلام و مصائب جن کا اسے سامنا کرنا پڑا۔ حالات ایسے تھے کہ ہمارے لئے اپنی فنانشل پوزیشن (مالی حالت) کا صحیح اندازہ لگانا مشکل تھا۔ اتنی فرصت ہی نہ تھی کہ ہم اسے عمیق نگاہی سے دیکھتے یا صحیح القامتی سے ایک ایک خرچ کی مد کا اندازہ کرتے اور اسی طرح آمدنی کے تمام ذرائع کا جائزہ لیتے۔ حالانکہ اپنی مالی استعداد کو مستقل اور پائندہ بنانے کے لئے یہ چیزیں ضروری تھیں۔

تیسری چیز اگر آپ مجھے اجازت دیں تو میں کہوں گا میری ڈپلومیسی (حکمت عملی) تھی۔ مشرقی

پنجاب سے آنے والے عامۃ الناس ایسی تکالیف اور مصائب سے گزر کے آئے تھے۔ جن کی مثال نہیں ملتی۔ اور انہوں نے ان آلام کو ضبط ہمت اور استقلال سے برداشت کیا تھا۔ میں نہیں چاہتا تھا کہ ان پر یہاں آتے ہی بوجھ ڈال دیئے جائیں۔ میرا خیال تھا کہ یہ بے چارے مصائب سے گزر کر آئے ہیں۔ اب انہیں چند روز آرام کر لینے دو۔ انہیں اطمینان کا سانس لینے دو۔ حالت بہتر ہو جانے دو۔ واقعات کی صورت بدل جانے دو۔ یقیناً ہم نے پاکستان کو مضبوط بنانا ہے اور اس کے لئے سبھی کو قربانیاں دینی ہوں گی۔ مگر قربانیاں طلب کرنے کے لئے بھی موقع تلاش کرنا ہوتا ہے۔ چنانچہ اس بجٹ میں آپ کو اسی پالیسی کا عکس نظر آئے گا جو میں اوپر بیان کر چکا ہوں۔

جناب والا! ساتھ ہی ساتھ میں معزز ممبروں سے یہ گزارش کروں گا کہ وہ اس بجٹ کو اس طرح سے دیکھیں کہ یہ ہماری آئندہ پالیسی کا بجٹ نہیں بلکہ یہ ہمارے ناگزیر اخراجات کا اقتصادی عکس ہے اگر آپ اس کو اس طرح جانچیں گے تو شاید اس پر اتنی زیادہ تنقید ضروری نہ رہے۔ یہ تھے وہ واقعات جو میں آپ کی خدمت میں پیش کرنا چاہتا تھا۔ اور یہ تھے وہ حالات جن میں میں نے اس بجٹ کو ایوان کے سامنے پیش کرنے کا فیصلہ کیا۔

جناب والا! ایک اور چیز جس کی طرف میں ایوان کی توجہ دلانا چاہتا ہوں۔ وہ یہ ہے کہ اس بجٹ میں مکمل ایمانداری سے ہر ایک چیز آپ کے سامنے پیش کی گئی ہے۔ میرے دوست یہ ضرور مانیں گے کہ ان سے کوئی چیز چھپائی نہیں گئی۔ تمام تلخ حقیقتیں پورے طور پر آشکار کر دی گئی ہیں۔ پوری ایمانداری سے تمام پس منظر آپ کے سامنے لایا گیا ہے۔ اور یہ اس لئے ضروری تھا کہ آپ نے آئندہ ایک مضبوط سلطنت کی بنیادیں اٹھانی ہیں۔ وقت آ گیا ہے کہ ہم stock taking کریں۔ ہم تمام حالات کا جائزہ لیں اور ان کا تجزیہ کریں ہم نے ان تمام مشکلوں اور دقتوں کا سامنا کیا۔ اور مضبوطی اور استقلال سے ان کا مقابلہ کیا۔ ہم آئندہ بھی ایسے یا ان سے بدتر حالات کا جو امروزی سے مقابلہ کر سکتے ہیں۔ آئندہ دو ماہ تک جو بجٹ پیش ہوگا۔ اسے میں پیش کروں یا کوئی اور۔ اس میں انشاء اللہ آپ کو اپنے تصورات اور تعمیری خیالات کا عکس نظر آ جائے گا۔

جناب والا! بجٹ پر پچھلے دو دن کی بحث سن کر میں بہت خوش ہوں۔ مجھے خوشی ہے کہ محترم ممبروں نے میری توقعات کو پورا کیا۔ ان میں سے ہر ایک نے کسی نہ کسی تعمیری رنگ میں تنقید کی۔ یہ چیز میرے لئے باعث فخر اور عزت ہے۔ بعض حضرات نے نہایت قیمتی مشورے دیئے ہیں۔ جن سے میرے خیال میں کروڑوں کا فائدہ پہنچ سکتا ہے۔ مسلم لیگ کو آئندہ پالیسی وضع کرتے وقت ان مشوروں سے انتہائی مدد ملے گی۔ ایک اور خاص وجہ بھی تھی اس بجٹ کو اس وقت پیش کرنے کی۔ کیوں اسے گورنر سے منظور نہ کرایا گیا بلکہ ایوان کے سامنے پیش کیا گیا۔ کیوں میں قانونی دیوار کے پیچھے نہیں چھپا۔ اور وہ خاص وجہ یہ تھی کہ اس بجٹ سے ہمارا جو حصہ بڑھتا ہے۔ اس بجٹ سے ہم اپنے مستقبل کے متعلق پُر امید ہو جاتے ہیں۔

ملاحظہ فرمائیے۔ یہ بدترین حالات تھے جو کسی ملک کو پیش آ سکتے تھے۔ ہم نے بہادری کے ساتھ ان کا مقابلہ کیا ہے۔ اب بدترین حالات گزر چکے ہیں۔ اور پچھلے ۵½ ماہ کے حالات کا اقتصادی عکس آپ کے سامنے ہے۔ صرف ۵½ کروڑ کا خسارہ ہے۔ کوئی بڑا خسارہ نہیں۔ معمولی سا

خسارہ ہے۔ بالخصوص جب ہم یہ دیکھتے ہیں کہ حالات کس قدر غیر متوقع تھے اور مہاجرین کا بوجھ کس قدر زیادہ تھا اور مجھے فخر ہے کہ ہم نے اس بوجھ کو اکیلے برداشت کیا۔ یہ ایک عظیم الشان تاریخی ذمہ داری تھی جسے مغربی پنجاب نے اکیلے اٹھایا۔ میں حکومتِ پاکستان کا گلہ نہیں کرتا۔ وہ بھی ہماری اپنی حکومت ہے۔ اور ابھی نئی نئی وجود میں آئی ہے۔ اس کی مشکلات ہماری مشکلات ہیں۔ ہم نے اکیلے ان حالات کو سنبھالنا ہے اور سنبھالیں گے۔ ہم میں اتنی طاقت ہے۔ اتنی سکت ہے۔ اتنی استعداد اور اس قدر فوج ہے۔ آپ دیکھ چکے ہیں ہماری ذمہ داریاں کس قدر عظیم الشان تھیں اور نئے اخراجات کس قدر زیادہ تھے۔ اور اس کے ساتھ آپ یہ بھی دیکھ رہے ہیں کہ صرف ۵½ کروڑ کا خسارہ ہے۔ اب اس کے ساتھ یہ بھی خیال میں رکھیئے کہ بہت سے ایسے ذرائع آمدنی تھے جو ہمیں نہیں ملے پچھلے سالوں میں صوبہ کو انکم ٹیکس سے ایک حصہ ملتا تھا۔ گذشتہ سال صوبہ پنجاب کو اس حصہ سے ۳۰، ۳۵ لاکھ کی آمدنی ہوتی تھی۔ مگر اس سال ہمیں اس مد سے کچھ نہیں ملا۔ خرچ میں تو اضافہ ہو گیا۔ مگر آمدنی جو پہلے تھی وہ بھی نہ رہی۔ میں نہ تو اس آمدن کا مطالبہ کر رہا ہوں اور نہ ہی نہ ملنے کا گلہ۔ صرف ایک چیز آپ کے سامنے رکھ رہا ہوں۔ اور میرے خیال میں تمام ایوان مجھ سے متفق ہوگا کہ اگر پاکستانی حکومت کو اس روپے کی ضرورت ہے اپنے اخراجات کے لئے تو وہ اسے بخوشی استعمال کرے۔ وہ ہماری حکومت ہے۔ ہم میں اور اس میں کوئی فرق نہیں۔ مملکتِ پاکستان میں مرکز اور صوبوں میں کوئی فرق نہیں۔ اسی لئے ہم نے ان تمام مصائب کو بخوشی اکیلے برداشت کیا ہے جو تمام پاکستان کا حصہ تھے۔ ہم اپنی مضبوطی سے پاکستان کو مضبوط بنائیں گے۔ ہم پاکستان سے الگ نہیں۔ نہ ہماری ضروریات پاکستان کی ضروریات سے زیادہ اہم ہیں۔ میں صرف ایوان کے سامنے یہ چیز رکھنا چاہتا تھا کہ وہ انکم ٹیکس کا حصہ ہمیں نہیں ملا۔ دوئم پچھلی پنجاب حکومت کو متحدہ ہندوستان کی حکومت نے چار کروڑ روپے کی ایک sub-vention (اعانت) دینے کا وعدہ کیا ہوا تھا۔ اور اسی بنا پر انہوں نے اپنا گذشتہ بجٹ تیار کیا تھا۔ آئندہ سال کے لئے یہ تجویز منظور ہو چکی تھی کہ مرکز کی طرف سے انہیں ۸ کروڑ روپے کا قرضہ دیا جائیگا ۸ کروڑ دے گیا۔ ۴ کروڑ دے گیا۔ ۲ کروڑ انکم ٹیکس کے نہیں ملے۔ کروڑوں روپے کم ہوئے۔ زبردست نئے اخراجات برداشت کئے اور خسارہ صرف ۵½ کروڑ۔

ساتھ ہی ساتھ میں دو اور چیزیں بھی آپ کے سامنے رکھنا چاہتا ہوں۔ ایک تو یہ کہ ہم نے عامۃ الناس پر کسی نئے ٹیکس کا اور بوجھ نہیں ڈالا۔ اور دوسرے یہ کہ سرکاری اراضیات کو ہاتھ نہیں لگایا۔ جنابِ والا! ساتھ ہی ساتھ ایک اور قابلِ غور چیز یہ ہے کہ باوجود اس عظیم الشان بوجھ کے اور باوجود ان حالات کے جو کسی کے تصور میں بھی نہیں آ سکتے تھے۔ اور جن کا قطعاً اندازہ نہیں کیا جا سکتا تھا حکومت نے کسی افادی محکمہ مثلاً تعلیم، حفظانِ صحت وغیرہ کے اخراجات میں کوئی کمی نہیں کی۔ گویا ترقی کی جس منزل پر پنجاب اب تک پہنچ چکا تھا اُسے اس سے ذرہ بھر بھی پیچھے نہیں ہٹایا گیا۔

جنابِ والا۔ یہ بجٹ میں نے خاص طور پر ایک پالیسی کے تابع آپ کی خدمت میں پیش کیا ہے تاکہ آپ کو اندازہ ہو سکے کہ حکومت کے راستے میں کون کون سی مشکلات حائل

رہیں۔ اور ساتھ ہی یہ بات بھی ثابت ہو جائے کہ ہم میں اتنی جرأت اتنی طاقت اور اتنی سکت موجود ہے کہ ہم مرواد وار اپنی مشکلات کا مقابلہ کر سکتے ہیں۔

جناب والا۔ ان ابتدائی گذارشات میں بہت زیادہ وقت صرف ہو گیا ہے۔ اب میرا فرض ہے کہ میں ان اعتراضات کا جواب دوں جو میرے معزز دوستوں نے اس بجٹ پر کئے ہیں۔ ابتدا میں میں ایک گذارش یہ کروں گا کہ اس بجٹ سے آئندہ کے لئے ہمیں کچھ سبق حاصل ہوتے ہیں۔ کچھ lessons ہیں جو ہم نے draw کئے ہیں۔ پہلی چیز تو یہ ہے کہ ہمارے دشمنوں کی سازش ناکام رہی ہے۔ ہمارے دشمنوں نے کوشش کی کہ ہمیں حوادث کے سیلاب میں بہا دیں لیکن خدا کا شکر ہے کہ ان کا یہ خواب خواب پریشاں ثابت ہوا اور امید ہے کہ اب ہماری ہمت اور جرأت کی حقیقت ان کے خواب کو مزید پریشان کرے گی۔ ہم نے ان تمام سازشوں کو جو ہمارے دشمنوں نے کی تھیں کہ ہماری نو زائیدہ حکومت کو مصائب اور آلام کے سیلاب میں ڈال کر برباد کر دیں بیکار بنا دیا ہے۔ ان کی سازش ناکام رہی ہے اور یہ بجٹ اس کا ایک عکس ہے۔

جناب والا۔ اس کے ساتھ ہی یہ بھی لازمی ہے کہ ہم میں یہ احساس پیدا ہو کہ ہم نے کس قدر عظیم ذمہ داریاں اٹھائی ہیں اور کس قدر زبردست کام ہے جو ہمیں کرنا ہے۔ ہم نے تقریباً nothing یعنی scratch سے نئی بنیادیں رکھنی ہیں اور ایک مضبوط حکومت کو استوار کرنا ہے۔ ایک ایسی حکومت کو جو نیفا سے لے کر سنگلیج تک کی مسلمان ریاستوں کی مضبوط زنجیر میں سب سے مضبوط کڑی ہے (نعرہ ہائے تحسین) بلکہ میں تو یہاں تک کہنے کی جرأت کروں گا کہ ہم نے اس حکومت کو ایسی حکومت بنانا ہے کہ تیرہ سو سال پہلے اگر عرب کو یہ شرف حاصل ہوا تھا کہ اسلام کا نور وہاں سے چمکا تو آج یہ شرف ہمیں حاصل ہو کہ دوبارہ اس نور کی چمک پاکستان سے فروزاں ہو (بلند نعرہ ہائے تحسین) مگر اس مقصد کے حصول کے لئے ہمیں بعض ذمہ داریاں اپنے کندھوں پر لینی ہوں گی۔ بعض فرائض سرانجام دینے ہوں گے اور بعض مقاصد کے حصول کے لئے سر توڑ کوشش کرنا ہو گی پہلی ذمہ داری جس سے ہمیں فی الفور عہدہ برآ ہونا ہے وہ Refugees Problem ہے۔ اس کے سلسلہ میں جیسا کہ میرے بعض دوستوں نے اپنی تقاریر کے دوران میں کہا ہے بڑی محنت اور ہمت سے کام کرنے کی ضرورت ہے اور اس کی کامیابی پر ہماری آئندہ بہبودی اور ترقی کا انحصار ہے۔ اور اس بات پر بھی ہے کہ ہم کس قدر اخلاص اور ہمت سے وہ ذرائع پیدا کرتے ہیں جن سے ہم مہاجرین کو اپنے اقتصادی نظام میں جذب کر لیں۔ اسی طرح سے ہم اپنی آئندہ زندگی کی بنیادیں مضبوط اور استوار کر سکتے ہیں اور اپنے اقتصادی نظام کو ترقی دے سکتے ہیں۔ میں آپ کو یقین دلاتا ہوں کہ جہاں تک میرا تعلق ہے جہاں تک محکمہ فنانس کا تعلق ہے ہم نے اس مسئلہ کو حل کرنے کی پوری پوری کوشش کی ہے اور ہم اپنی ذمہ داری کو پوری طرح محسوس کرتے ہیں اور اس ذمہ داری کے احساس کا عکس آپ کو اس بجٹ میں ملے گا۔

میں یہ بھی کہوں گا کہ یہ فرض کسی خاص شخص یا کسی خاص طبقے پر عائد نہیں ہوتا بلکہ ایوان کے ہر ممبر پر۔ ہم میں سے ہر انسان پر یہ فرض یکساں طور پر عائد ہوتا ہے کہ ہم اپنی پوری

کوشش اس بات پر صرف کر دیں کہ مہاجرین جلدی سے جلدی ہمارے اقتصادی نظام میں جذب ہو جائیں۔ چنانچہ ہماری پہلی ذمہ داری تو یہ ہے کہ ہمیں ان refugees کو بسانا ہے مگر ساتھ ہی ساتھ یہ بھی ضروری ہے کہ ہم اپنے ذرائع آمدنی کا جائزہ لیں اپنے Revenue کے وسائل کا پتہ لگائیں۔ انہیں ڈھونڈیں۔ انہیں پیدا کریں اور اگر اس میں ہمیں کسی مشکل کا سامنا ہو تو اسے مشکل نہ سمجھیں۔ مجھے یقین ہے کہ تھوڑی سی محنت کے ساتھ ہم اپنے مقصد میں کامیاب ہو سکیں گے۔

پھر یہ سوال پیدا ہوتا ہے کہ بجٹ (متوازن) balanced ہونا چاہئے۔ Revenue زیادہ ہو اور اخراجات کم۔ ممکن ہے کہ بعض محکموں کا خرچ کم کر کے اور کچھ ٹیکس لگا کر ان کی آمدنی کے ذریعہ بجٹ balanced ہو جائے مگر یہ تو ایک ابتدائی fallacy ہے۔ ہمیں اس قسم کا balanced بجٹ نہیں چاہئے۔ ہمیں تو progressive بجٹ چاہئے (خوب خوب) ایسا بجٹ جو قوم کی مضبوطی کا باعث ہو۔ ایسا بجٹ جو ہمیں اپنی ذمہ داریاں پوری کرنے کی طاقت دے اور ایسا بجٹ جس سے عوام کو فائدہ پہنچے۔ ان کی حالت بہتر ہو یہ نہ ہو کہ حکومت کا خزانہ تو بھرا رہے اور عوام کی حالت بدتر ہو جائے۔ balanced بجٹ سر منوہر لال پیش کیا کرتے تھے اور سرکاری زمینیں بیچ بیچ کر surplus دکھایا کرتے تھے۔ اس چیز کی آپ ہم سے توقع نہ رکھئے گا۔ (خوب خوب) اس لئے کہ اگر ہم نے ترقی کرنی ہے۔ اگر ہم نے تعلیم کو ترقی دینی ہے۔ اگر ہم نے اپنی صنعت و حرفت کو ترقی دینی ہے۔ کاشتکاروں کی حالت کو بہتر بنانا ہے۔ عوام کی زندگی کو زیادہ مطمئن اور پر معنی بنانا ہے۔ اگر ہم نے اُن کو اس قابل بنانا ہے کہ وہ دنیا میں artistic and social کاموں میں حصہ لے سکیں — اگر ہم نے یہ تمام چیزیں کرنی ہیں تو اس کے لئے ہمیں progressive بجٹ کی ضرورت ہے اور ہمیں revenue کے نئے وسائل تلاش کرنے ہوں گے۔ اور یہ سب کچھ تبھی ہو سکتا ہے اگر ہم ہر قسم کے بوجھ اٹھانے کے لئے burdens کے لئے۔ ایثار اور قربانی کے لئے اپنے آپ کو تیار کریں۔

پھر جناب والا۔ میرے ایک فاضل دوست نے اپنی تقریر کے دوران میں urban اور rural یعنی زمیندار اور غیر زمیندار کا سوال اٹھایا تھا۔ میرا خیال ہے کہ مسلم لیگ نے جب سے اختیار سنبھالا ہے بلکہ جب مسلم لیگ نے اپنا جہاد شروع کیا تھا اسی دن یہ قصہ ختم ہو چکا ہے۔ میں یہ عرض کروں گا کہ لوگ شہروں میں بھی رہتے ہیں اور دیہات میں بھی رہتے ہیں۔ دیہات کے لوگوں کے حالات مختلف ہیں لیکن اگر ہم نے اپنے آپ کو مضبوط بنانا ہے۔ اگر ہم نے پورے طور پر اپنی مشکلات۔ آلام اور مصائب پر قابو پانا ہے اور اپنے آپ کو اس شاندار مستقبل کے لئے تیار کرنا ہے جو ہمارا منشا ہے تو ہمیں یہ زمیندار اور غیر زمیندار۔ شہری اور دیہاتی کے جھگڑے بالائے طاق رکھنے ہونگے۔ اور اپنے مستقبل کے حصول کے لئے دیہاتیوں اور شہریوں کو برابر۔ دوش بدوش اور پورے طور پر قربانیاں کرنی پڑیں گی۔ زمینداروں کے زمرہ میں میں بھی شامل ہوں مگر زمیندار یا غیر زمیندار شہری یا دیہاتی ہونے کی نسبت میرے لئے پاکستان کا شہری ہونا زیادہ باعث فخر ہے۔ اور اس لئے میں سمجھتا ہوں کہ ہر انسان کا قطع نظر اس سے کہ وہ کس طبقے یا گروہ سے تعلق رکھتا ہے یہ فرض ہے کہ وہ ایسی مشکلات جھیلنے اور ایسی قربانیاں دینے کے لئے تیار رہے جو اسے اپنے اعلیٰ مقاصد کے حصول کے لئے دینا ہوں گی۔ اور میں آپ کو یقین دلاتا ہوں کہ ہماری قوم میں

ہمارے معاشی اور مجلسی نظام میں اور ہمارے اقتصادی نظام میں اتنا لوچ ہے کہ ہم ان قربانیوں اور بوجھوں کے متحمل ہو سکیں۔

جناب والا۔ جہاں تک ہمارے اقتصادی پالیسی کا تعلق ہے میں آپ کو یقین دلاتا ہوں کہ آپ عنقریب اس میں تبدیلیاں دیکھیں گے۔ revolutionary changes دیکھیں گے اور ہمیں چاہیئے کہ ہم نہایت فراخدلی کے ساتھ ان انقلابی تبدیلیوں کے لئے تیار رہیں۔ اگر آپ ان کے لئے تیار نہ ہوئے تو یہ تبدیلیاں رُک نہیں جائیں گی۔ یہ ضرور آئیں گی اور اگر انہیں روکنے کی کوشش کی گئی تو یہ ایک bloody revolution کے ذریعہ آئیں گی پرامن تبدیلیاں ایسی ہوں گی کہ ان سے ہمارے اقتصادی نظام کی لوچ قائم رہے گی اور ساتھ ہی یہ ہمارے مقاصد اور ہماری اغراض کی کفیل بھی ہو سکیں گی۔

جناب والا۔ میں وزیر اعظم کی اجازت سے یہ کہنے کی جرأت کرتا ہوں کہ یہ مسلم لیگ وزارت آیندہ آپ کے سامنے جو اقتصادی نظام پیش کرے گی وہ ہماری آیندہ پالیسی کا آئینہ دار ہوگا اور اُس میں ان انقلابی تبدیلیوں کا پورا عکس ہوگا۔

جناب والا! یہ تھے چار ابتدائی گزارشات تھیں۔ ایک اور بات بھی ہے جو شاید relevant نہ ہو لیکن میں اس کے متعلق کچھ عرض کرنا چاہتا ہوں۔ مجھے نہایت خوشی ہوئی جب ملک فیروز خان صاحب نون نے اس برت کی طرف اشارہ کیا جو مہاتما گاندھی نے رکھا ہے۔ میں سمجھتا ہوں کہ یہ ہمارا فرض ہے کہ ہم عقیدت سے ان کے ساتھ ہمدردی کا اظہار کریں کیونکہ اس برت سے یہ ظاہر ہوتا ہے کہ مہاتما گاندھی اپنے دل میں مسلمانوں کے لئے ایک احساس رکھتے ہیں۔ ان کے دل میں جو یہ ہمدردانہ جذبہ ہے اس سے یہ معلوم ہوتا ہے کہ ہندوستان میں کم از کم ایک آدمی ایسا باقی ہے جو ہندوؤں اور مسلمانوں کے باہمی اتحاد کی خاطر جان تک دینے کو تیار ہے (ہیر ہیر) اگرچہ ہمسایہ ملک میں یہ غلط اور قابل افسوس روح آگئی جس سے ہمیں کئی شکایتیں ہیں اور اگرچہ اس نے کئی امور میں ہمارے ساتھ ایسا سلوک نہیں کیا جیسا کہ مہذب ممالک آپس میں کرتے ہیں پھر بھی ہم ان سے اپنی ہمدردی کا اظہار کرتے ہیں اور خیر مقدم کرتے ہیں کہ وہاں بھی ایک سچا مرد مومن ہے۔ میں سمجھتا ہوں کہ غیر مسلموں میں بھی ایسے آدمی ہیں جو اس غرض کے لئے جان تک دینے کو تیار ہیں کہ مسلمان ہندوستان میں زندہ رہیں۔ میں سمجھتا ہوں کہ ہمیں اس جذبہ کی تعریف کرنی چاہیئے جس کے ماتحت مہاتما گاندھی نے یہ روزہ رکھا ہے اور ہم یہ دعا کرتے ہیں کہ خدا کرے کہ انہیں اس روزہ کو زیادہ دنوں تک قائم رکھنے کی ضرورت نہ ہو اور جو احساس ان کے دل میں ہے وہ جلد ہندوستان کے ہندوؤں کے دلوں میں پیدا ہو جائے۔ میں ان کو یقین دلاتا ہوں کہ جو جذبہ اقلیتوں کی حفاظت کے لئے ان کے دل میں موجزن ہے آج وہی جذبہ یہاں ہر مسلمان کے دل میں موجزن ہے۔ (ہیر۔ ہیر)

خان عبدالستار خان نیازی آپ کے دل میں کسی شخص کی خواہ کتنی ہی محبت کیوں نہ ہو اور اس کا آپ کتنا ہی احترام کیوں نہ کرتے ہوں لیکن آپ کا کسی غیر مسلم کو یہ کہنا کہ وہ مرد مومن ہے درست نہیں ہے۔ گاندھی مشرک ہے مرد مومن نہیں ہے۔ مسٹر گاندھی کو مرد مومن کہنا اسلام سے نادانفیت ظاہر کرتا ہے اور اسلامی عقائد کے خلاف ہے۔

Minister of Finance : Mr. Niazi is a revered expert in religious and ecclesiastical matters. I withdraw the remarks made by me regarding Mr. Gandhi which he considers are not in accord with the most righteous Islamic spirit.

Mr. Speaker : Are you satisfied ?

وزیر خزانہ ۔ جناب والا یہ وہ پس منظر ہے جو میں نے آپ کے سامنے پیش کیا ہے ۔ اب ذرا dull سا کام شروع ہوتا ہے ۔ اب میں ان اعتراضات کو لیتا ہوں جو معزز ممبر صاحبان نے اپنی تقاریر میں پیش کئے تھے اور میں کوشش کروں گا کہ جلد از جلد ان کا جواب دیدوں ۔ سب سے پہلے میں اپنے فاضل اور قابل دوست میاں نور اللہ صاحب کے اعتراضات کو لیتا ہوں ۔ مجھے افسوس ہے کہ جیسے میاں صاحب نے خود فرمایا انہیں اس بجٹ کے مطالعہ کرنے کا وقت بھی ملا جب شب کی تاریکی صبح کے نور میں تحلیل ہو رہی تھی اور اس لئے شاید وہ اس کا اس عمیق نگاہی سے جائزہ نہیں لے سکے جس کی ہم سب کو ان کی صحیح الدماغی سے توقع تھی ۔ انہوں نے بعض ٹیکنیکل اعتراضات کئے ہیں آپ کی وساطت سے میں ان کی خدمت میں عرض کرتا ہوں کہ وہ ان کا جواب بھی سن لیں اور اپنی تشفی کے لئے بجٹ کی کتاب کھول لیں ۔ انہوں نے جو پہلا ٹیکنیکل اعتراض پیش کیا وہ بجٹ کے صفحہ ۷۳۶ سے تعلق رکھتا ہے ۔ یہ پناہ گزینوں کے بارہ میں اخراجات سے متعلق ہے ۔ انہوں نے فرمایا کہ دو کروڑ اور چالیس لاکھ کے خرچ کے متعلق تفاصیل نہیں دی گئیں ۔ دیگر ہنگامی ضروریات کی مد ۳ کروڑ ۳۸ لاکھ میں سے ۹۸ لاکھ کو منہا کیا گیا ہے اور اس طرح ۲ کروڑ ۴۰ لاکھ خرچ دکھایا گیا ہے ۔ اتنا بڑا خرچ اور اس کی تفصیل نہیں دی گئی ۔ یہ خرچ وہ ہے جو مہاجرین کے کھانے اور کپڑوں پر اور ان کے حمل و نقل کے سلسلہ میں ہوا ہے ۔ اس کا اندازہ ریفوجیز اینڈ ری ہیبلیٹیشن ڈیپارٹمنٹ نے ان کیمپوں کی گھٹتی بڑھتی ہوئی آبادی کو مدنظر رکھ کر لگایا ہے ۔ اور ۴ آنے فی کس کے حساب سے یہ اندازہ لگایا ہے ۔ مارچ کے اخیر تک کیمپوں کی جتنی varying آبادی ہوگی اس کو ۴ آنہ سے ضرب دے کر یہ رقم بنتی ہے ۔ جب خرچ کے یہ حسابات مکمل ہونگے تو اس وقت آپ کے سامنے پورا اکونٹ رکھا جائے گا ۔ اس وقت جن غیر یقینی حالات میں کام کیا گیا ہے ان میں یہ ممکن نہ تھا کہ ایسی تفاصیل پیش کی جاتیں میں یہ نہیں کہہ رہا کہ یہ حساب اٹکل پچو لگایا گیا ہے ۔ بلکہ جیسا کہ میں نے پہلے عرض کیا ہے کیمپوں کی گھٹتی بڑھتی ہوئی آبادی کے پیش نظر ۴ آنے فی کس کے حساب سے خرچ کا اندازہ لگایا گیا ہے ۔ اور یہ روپیہ پناہ گزینوں کی خوراک ۔ کپڑوں اور باقی ضروریات کا خرچ ہے ۔ یہ تو اندازہ ہے ۔ جب صحیح صحیح حسابات معلوم ہوں گے تو وہ ایوان کے سامنے پیش کر دیئے جائیں گے ۔

ان کا دوسرا اعتراض بجٹ کے صفحہ ۲۰۳ سے تعلق رکھتا ہے ۔ یہ اریگیشن کا خرچ ہے ۔ اس پر میاں نور اللہ صاحب کا اعتراض یہ تھا کہ unproductive irrigation اخراجات کے نیچے جو ورکس سب ہیڈ دیا ہوا ہے اس میں ۴۷۲۸۸۴۰ کی مد کی تفصیل نہیں دی گئی ۔ اس کی تفصیل دی گئی ہے ۔ میں ان کی توجہ بجٹ میمورنڈم کی طرف منعطف کراتا ہوں جو فنانس سیکرٹری صاحب نے تیار کیا ہے ۔ اگر وہ تکلیف فرمائیں اور اس کا صفحہ ۷۲ کھولیں

تو وہاں ان کو معلوم ہو جائے گا کہ اس کا تعلق نقل کی سکیم سے ہے۔ نقل کی سکیم پہلے منظور ہو چکی ہے۔ اس کے متعلق میمورنڈم میں یہ درج ہے۔

Works on stage 2 and II-1 are expected to be completed during 1947-48. Other works on stage II and II-1 have been provided according to the sanctioned project.

جو کام مرحلہ نمبر ۲ یا ۲-الف پر ہیں ان کے متعلق حسابات ریونیو منسٹر صاحب کے دفتر میں موجود ہیں اور جب میاں نور اللہ صاحب چاہیں ملاحظہ فرما سکتے ہیں۔ نقل پروجیکٹ کی سٹیج دو اور دو۔ اسے پر جو خرچ ہوگا اسی نسبت سے ہم نے یہ اندازہ لگایا ہے اور جو work in hand ہو اس کی تفصیل نہیں دی جاتی۔ یہ بجٹ کی کنونیشن ہے اور مجھے یقین ہے کہ بجٹ کی کنونیشنز کے متعلق میاں نور اللہ صاحب مجھ سے کہیں زیادہ واقف ہیں کیونکہ وہ تجربہ کار ہیں اور میں اناڑی ہوں۔

جناب والا بجٹ کے صفحہ ۲۰۳ پر ایک خرچ ہے جو ارگیشن کا suspense account ہے۔ پہلے تو میاں صاحب نے یہ فرمایا کہ یہ دو کروڑ دو لاکھ ہے۔ (میاں محمد نور اللہ: یہ دو لاکھ دو سو ہے) اب یہ بھی کوئی اعتراض ہے کہ یہ رقم دو لاکھ دو سو نہیں ہونی چاہیئے بلکہ دو لاکھ ہونی چاہیئے۔ یہ کوئی ایسی سنگین غلطی نہیں ہے۔

اب آیئے بجٹ کے صفحہ ۷۰۷ پر۔ میں ان تفاصیل میں اس لئے جا رہا ہوں کیونکہ میاں صاحب نے بھی بجٹ کو بالتفصیل ملاحظہ فرمایا ہے۔ اب صفحہ ۷۰۷ گردوارہ الیکشن کے متعلق ہے۔ اس کے ساتھ اگر آپ اسی کتاب کا صفحہ ۲۲۰ بھی دیکھ لیجئے تو وہاں پر آپ دیکھیں گے کہ ۲۴ ہزار روپے کی گرانٹ ان الیکشن اخراجات کے طور پر رکھی گئی ہے۔ جو صوبوی اور مرکزی لیجسلیچروں کے ہوتے ہیں۔ یہ بجٹ کی پرانی روایت چلی آتی ہے کہ یہ سارا روپیہ اکٹھا کر دیا جاتا ہے اور گوردوارہ کا ایک سب ہیڈ ہے۔ سٹاف وہی ہے۔ کام وہی ہے۔ یہ ایک اکونٹنگ device ہے اور ۲۴۰۰۰ میں ۱۲۰۰۰ گوردوارہ الیکشن کے کھاتے میں درج کر دیا جاتا ہے۔ گویا بجٹ کے صفحہ ۲۲۱ پر ۲۴ ہزار کی جو رقم ہے اس میں سے ۱۲ ہزار منہا ہے۔ اور متفرق اخراجات میں ہے۔ اب جب تقسیم کمیٹی کا آیندہ اجلاس ہوگا اس میں ہم گوردواروں اور گوردوارہ الیکشن کے بارہ میں سوچیں گے۔ کیونکہ اس وقت مغربی پنجاب میں ۱۵۸ گوردوارے ہیں۔ وہاں غور و خوض کے بعد جو فیصلہ ہوگا اس کے مطابق ہم اپنے اس خرچ میں کمی کر دیں گے۔

ایک اور اعتراض یہ کیا گیا تھا کہ صوبہ کی تقسیم کے بعد بھی محکمہ بحالیٔ اراضیات کے اخراجات میں کوئی کمی واقع نہیں ہوئی۔ کوئی فرق نہیں پڑا۔ فرق کیوں نہیں۔ فرق تو ہوا ہے۔ پہلے ۷ item تھے اب ۵ ہیں۔ پہلے اسسٹنٹ ۱۹ تھے اب ۱۵ ہیں۔ کام کم ہوا ہے مگر اتنا نہیں۔ مغربی پنجاب میں جو اراضی قابلِ بحالی ہے وہ کل پنجاب کی قابلِ بحالی اراضی کا ۹۸ فیصدی ہے۔ اب کام میں بھی تو اسی نسبت سے کمی ہوگی اور سٹاف میں کام کی نسبت سے کمی ہوگی۔ اتنی کمی تو ہو چکی ہے۔ اور کتنی کمی کرنی ہے یہ بعد میں دیکھا جائے گا۔ دوسرا سوال جو میاں صاحب نے اٹھایا تھا وہ چار جڈ اور آن چار جڈ اخراجات کے بارہ میں تھا۔ چار جڈ اخراجات کی مد کو انہوں نے غیر جمہوری

بتایا تھا۔ جناب والا! میں آپ کی وساطت سے قبلہ میاں صاحب کی خدمت میں یہ عرض کروں گا کہ ہمارے راستہ میں کچھ آئینی روکاوٹیں ہیں جن کے باعث ہم چار جڈ اخراجات کی مد کو حذف کرنے سے قاصر ہیں۔ جناب والا! میاں نور اللہ صاحب بہت پرانے ممبر ہیں اور اس کام سے واقف ہیں۔ وہ جانتے ہی ہوں گے کہ جب تک بعض آئینی تبدیلیاں نہ ہو جائیں ہمارے لئے ایسا کرنا ناممکن ہے۔ اب آئین ساز اسمبلی میں ان کے اپنے نمایندے موجود ہیں۔ وہاں سے پاس کرا دیں کہ ہمارے راستے میں آئینی روکاوٹ نہ رہے۔ ہم اس طریق کو ترک کر دیں گے۔ مگر میری رائے میں، میری اپنی رائے ہے۔ ہو سکتا ہے غلط ہو۔ میری رائے میں بعض اخراجات ایسے ہیں جو ہمیشہ چار جڈ رہیں گے۔ مثلاً قرضوں کا سود۔ اسے ایوان کے سامنے کیسے پیش کیا جا سکتا ہے۔ باقی میاں صاحب نے جو irrigation budget پر اعتراض کیا ہے اس کا پورا جواب آنریبل سردار شوکت حیات دیں گے۔ جہاں تک اس کے فنانشل پہلو کا تعلق ہے میں عرض کر دوں کہ ماہرین کی ایک کمیٹی مقرر کی جا چکی ہے اور جو تجاویز وہ بھیجے گی ان کی پوری تفصیل ایوان کے سامنے رکھ دی جائے گی۔ دوئم، ایک زمانہ میں یہ تجویز تھی کہ ریلوے کی طرح اِرگیشن کا بھی الگ بجٹ پیش کیا جائے۔ کیونکہ اِری گیشن کا نیشن بلڈنگ یعنی تعمیر قوم سے تعلق ہے اور اس کی آمدن خرچ سے کہیں زیادہ ہوتی ہے۔ آخر میں یہ فیصلہ ہوا کہ بجٹ تو ایک رہے مگر سالانہ بجٹ میں irrigation کی آمدن سے ورکنگ اخراجات منہا کر کے دکھائے جاویں تاکہ الگ بجٹ کے مقاصد ایک ہی بجٹ سے حاصل ہو سکیں۔ مگر یہ تو ایسی باتیں اور نکات ہیں جو ہمیں میاں صاحب سے سیکھنے چاہئیں۔

اب میں صفحہ ۷۸۹ پر آتا ہوں۔ اس کے متعلق یہ اعتراض ہے کہ اخراجات زیادہ واضح اور تفصیل وار نہیں دیئے گئے۔ میں میاں صاحب کی خدمت میں صرف اتنا عرض کرنا چاہتا ہوں کہ یہ صرف اندازہ ہے کہ گرین سپلائی سکیم پر ۹۳ لاکھ روپے خرچ کرنے پڑیں گے۔ یہ خرچ ایسا ہے جس میں نقصان کا کوئی اندیشہ ہے ہی نہیں، فائدہ یقینی ہے۔ مگر صرف آئندہ مالی سال کے شروع میں ہم حالات کا جائزہ لے کر اندازہ کر سکیں گے کہ گرین سپلائی پر تفصیل وار کیا اخراجات ہوئے ہیں۔ اس صورت میں انہیں آئندہ بجٹ میں تفصیل وار پیش کر دیا جائے گا۔ اگر میاں صاحب چاہیں تو میں خود کسی وقت ان کی خدمت میں حاضر ہو کر مزید تفصیلات سے انہیں آگاہ کر سکتا ہوں۔

اب میں صفحہ ۱۳۱ کی طرف آتا ہوں۔ یہاں deposits for Indian States پر اعتراض کیا گیا تھا۔ اب میں اس میں کیا کر سکتا ہوں کہ بعض انڈین سٹیٹس ہمارے ساتھ شامل ہیں۔ بہاول پور ہمارے ساتھ پاکستان کا ایک حصہ ہے۔ اور سلیمانکی ہیڈ پر آبپاشی کی سکیم میں ہمارے ساتھ شامل ہے۔ (ایک آواز:۔ پاکستان سٹیٹس میں ہے نہ کہ انڈین سٹیٹس میں) اچھا۔ لفظ انڈین پر اعتراض ہے۔ میں

مانتا ہوں۔

اب صفحہ ۱۰۵ کی طرف آئیے - جلو روزین فیکٹری کے بارہ میں یہ اعتراض ہے کہ ہمارا ان کے انتظام میں کیوں حصہ نہیں - ہم وہاں اپنا منیجر کیوں نہ رکھیں۔ بات یہ ہے کہ پہلی حکومت کا جلو فیکٹری سے ایک معاہدہ ہو چکا ہے اور جب تک اس کی مدت ختم نہ ہو لے آپ کی حکومت اس معاہدہ کی شرائط کی پابند ہے۔ اور فیکٹری کے انتظامی امور میں کوئی دخل نہیں دے سکتی - یہ ہماری طاقت میں نہیں کہ ہم انہیں مجبور کر سکیں کہ وہ ضرور فلاں کو منیجر مقرر کریں - یہ ان کی مرضی پر منحصر ہے - وہ جس سے چاہیں کام کرائیں -

باقی میاں صاحب کی تجاویز ایسی تھیں جن میں سے اکثر سے میں پورا اتفاق رکھتا ہوں۔ ایک تو انہوں نے یہ فرمایا تھا کہ اخراجات میں کمی ہونی چاہئے - وہ یقیناً کی جائے گی۔ اخراجات میں کمی کئے بغیر حکومت چل ہی نہیں سکتی - میں میاں صاحب کی اطلاع کے لئے عرض کرنا چاہتا ہوں کہ اس سلسلہ میں فیصلہ ہو چکا ہے کہ ایک تخفیف کمیٹی مقرر کر دی جائے گی - اور اس کی سفارشات اگلے بجٹ میں پیش کر دی جائیں گی - صرف وہی اخراجات رکھے جائیں گے جو ہمارے لئے لازمی ہیں - دوسرے انہوں نے فرمایا تھا کہ آمدنی بڑھانے کے طریقے سوچنے چاہئیں - مجھے اس سے بھی مکمل اتفاق ہے - بلکہ میں اپنے دل میں تو وہ طریقے سوچ بھی چکا ہوں - بعض ایسی چیزیں بھی ہوں گی جو شاید میرے دماغ میں نہ آئیں - اس لئے اس ضمن میں بھی ایک کمیٹی مقرر کر دی جائے گی اور اس کا اعلان اگلے اجلاس میں ہو جائے گا - اس سلسلہ میں میں باقی ممبر صاحبان سے بھی امید رکھتا ہوں اور التجا کرتا ہوں کہ وہ اپنے مشوروں سے مجھے مستفید فرمائیں -

میاں صاحب کا ایک اور اعتراض محکمہ سول سپلائی کے متعلق تھا - جہاں تک اس محکمہ کی رشوت ستانی کی شہرت کا تعلق ہے مجھے اس ضمن میں میاں صاحب سے مکمل اتفاق ہے - میں سمجھتا ہوں کہ نئے حالات میں، جبکہ رشوت ستانی کے نئے نئے مواقع پیدا ہوئے، اس محکمہ نے رشوت ستانی میں لیڈ کیا ہے، بڑھ چڑھ کر حصہ لیا ہے اور شاید اب بھی لے رہا ہے - ہم اس دھبے کو ہر طرح دور کرنے کی کوشش کر رہے ہیں - اور معزز ممبران کی مدد اور کوشش سے، مجھے امید ہے، یہ چیز کم ہو جائے گی۔ اس کام کے لئے ایک کمیٹی بھی مقرر کی جا چکی ہے - جس کے ممبر بعض مسلم لیگ کے مخلص نزیں کارکن، بعض معزز شہری اور اس ایوان کے بعض آنریبل ممبران مقرر ہوئے ہیں - مگر اس کمیٹی کو تو یہ گلہ ہے کہ لوگ اس کی مدد نہیں کرتے - بہرکیف میری یہ گذارش تھی کہ ہم اپنی طرف سے پوری کوشش کر رہے ہیں کہ محکمہ سول سپلائی میں رشوت ستانی کا انسداد ہو جائے -

اس کے بعد میاں صاحب نے ایک اور تجویز پیش کی تھی کہ کنٹرول اٹھا دیا جائے - مجھے افسوس ہے کہ میں ان کی اس تجویز سے اتفاق نہیں کر سکتا - کاش ایسا ہو سکتا - مگر حالات اس کی اجازت نہیں دیتے - انہوں نے بلیک مارکیٹ کے متعلق فرمایا تھا - مگر کنٹرول اور بلیک مارکیٹ لازم ملزوم ہیں - یہ ایک اقتصادی اصول ہے اور میاں

صاحب اس سے واقف ہی ہوں گے - جب ہمارے لئے کنٹرول اٹھانا ممکن ہوگا ہم ضرور اٹھا دیں گے - مگر اس وقت ممکن نہیں - حالات اجازت نہیں دیتے - ہر قسم کے لوگوں کو غلہ پہنچانا ضروری ہے - بعض کو گندم کی ضرورت ہوگی - بعض کو کپڑا چاہیئے - اور اس وقت ہمارے پاس تمام چیزیں اپنی ضروریات سے کم ہیں - پچھلے فسادات کے باعث تمام نظام درہم برہم ہوگیا - نہ کاشت ٹھیک ہوئی - نہ تجارت رہی - نہ ذرائع رسل ورسائل رہے - پھر لاکھوں کی تعداد میں مہاجرین آگئے - تمام حالات اوپر تلے ہو گئے - گندم جو عام حالات میں ہماری ضروریات سے زیادہ ہوتی تھی - اس میں کم از کم ساٹھ ہزار ٹن کا خسارہ ہوا - اس خسارے کے ہوتے ہوئے اگر ہم کنٹرول اٹھا دیں تو وہ اضلاع بالکل تباہ ہو جائیں گے جہاں گندم ضرورت سے کم پیدا ہوتا ہے - انہیں راشن نہیں مل سکے گا - راشن ختم ہو جائے گا - اور عامۃ الناس کی خوراک کی ابتدائی ضروریات پوری نہیں ہو سکیں گی - ساتھ ہی ساتھ ہم نے صرف اپنی ذمہ داری نہیں اٹھائی - مغربی پنجاب کی صرف اپنی ذمہ داری نہیں - ہم پاکستان کا ایک حصہ ہیں اور اس لحاظ سے ہم پر سارے پاکستان کی ذمہ داری ہے - اس میں فرنٹیئر بھی شامل ہے اور مشرقی بنگال بھی - اگر ہم نے کنٹرول اٹھا لئے تو اس سے بلیک مارکیٹ اور hoarding شروع ہو جائے گی - اور ہمارا تمام نظام بگڑ جائیگا -

میاں صاحب کا ایک اور اعتراض مقدم ہے - جس کا اعادہ زیادہ واضح طور پر رانا عبدالحمید صاحب نے کیا تھا اور یہ کپاس کے متعلق ہے - اب میں آپ کو بتاتا ہوں کہ اس سلسلہ میں ہماری مشکلات کیا تھیں - ۱۵ - اگست کو جب ساری مشینری ٹوٹ گئی تھی Banks and Ginning Factories وغیرہ بند ہو گئے تھے - کوئلہ کی بہم رسانی کا سلسلہ منقطع ہو چکا تھا - تو تقریباً ناممکن معلوم ہوتا تھا کہ ان تمام حالات میں جب کہ شروع سے آخر تک سب trade channels بند ہو چکی تھیں ان businesses کو برقرار رکھا جاتا اور ginning factories کو چلایا جاتا - بہرحال اس کے لئے کوشش کی گئی - فیکٹریوں کی allotment ہوئی جس کے سلسلہ میں چودھری عزیز دین صاحب نے اعتراض بھی کیا ہے مگر فیکٹریوں کی allotment کی صحیح position یہ ہے کہ اگر ہمیں ۲۰۰ allotments کرنی تھیں تو اس کے لئے ۵۰ سے زیادہ درخواستیں موصول نہیں ہوئی تھیں - کوئی ایسا آدمی نہیں تھا جو اس غرض سے آیا ہو اور جسے میں نے allotment نہ کی ہو - میں اب بھی کہتا ہوں کہ اگر کوئی موزوں آدمی ہے تو اسے لائیے - اس غرض کے لئے تو سندھ اور بمبئی سے آدمی لانے پڑے ہیں - میں تو یہ دقت درپیش رہی کہ آدمی نہیں آئے - درخواستیں اتنی تعداد میں موصول نہیں ہوئیں اگر کوئی موزوں آدمی ہو جو یہ ginning factories چلا سکے تو اسے لائیے مگر اس کام کے لئے سرمایہ درکار ہے - اس کے لئے ۲ یا ۳ لاکھ روپے کی ضرورت ہے اب اگر کسی کے پاس اتنا سرمایہ نہ ہو تو میں یہ کام کس طرح اس کے حوالہ کر دوں - میرے خیال میں اس سلسلے میں کسی کی حق تلفی نہیں ہوئی

جب میں کراچی گیا تھا تو میں نے Hon'ble Ghulam Muhammad Sahib آنریبل غلام محمد صاحب کی خدمت میں اپنی مشکلات کا ذکر کیا اور انہیں اس بات پر رضامند کر لیا کہ ایک banking corporatton ۴ کروڑ کے سرمائے سے کھولی جائے تاکہ ہم ginning factories کو فنانس (finance) کر سکیں۔ لیکن اصل سلسلہ میں ایک نئی دقت یہ پیش آئی کہ banking corporation والے baled cotton کی security روپیہ دینے کو تیار تھے مگر اس کے لئے چاہتے تھے یا اس کی بجائے یہ مطالبہ کرتے تھے کہ خسارہ کی صورت میں اس کی ذمہ داری حکومت اپنے سر لے۔ کیونکہ کچی کپاس کا اندازہ کرنا ایک نہایت دشوار اور ٹیڑھا کام ہے۔ اب بھی اگر حکومت یہ ذمہ داری لے تو وہ روپیہ دینے کو تیار ہیں۔ چنانچہ آج اڑھائی بجے ایک meeting ہو رہی ہے جس میں اس بات پر قطعی فیصلہ کیا جائے گا۔

Mr. Speaker: It appears that the Hon'ble the Finance Minister may not be able to complete his remarks by 1-30 P.M. I hope the House will agree to sit till he has completed his remarks. (Voice: yes, yes).

وزیر خزانہ: بہرحال ہم انتہائی کوشش کریں گے کہ ہم سرمایہ مہیا کر سکیں جس کی ginning factories کو کچی کپاس gin اور bale کرنے کے لئے ضرورت ہوگی۔ لیکن حکومت خسارہ برداشت کرنے کے لئے تیار نہیں۔ اب ممکن ہے ہماری یہ کوششیں پوری طرح بار آور نہ ہوئی ہوں یا ہم سے کوتاہیاں سرزد ہوئی ہوں مگر میرے دوست اس بات کا اعتراف کریں گے کہ اگر -/۲۴ روپے قیمت ہونی چاہئے تھی تو اب -/۲۱ یا -/۲۲ روپے ہے۔ اور عام طور پر -/۱۸ یا -/۱۹ ہے۔ میں تو یہ کہوں گا کہ یہ ایک معجزہ ہے کہ تمام trade مشینری کے بالکل ٹوٹ جانے کے بعد ایسے حالات میں بھی پچھلے تین سال کی (اوسط) average قیمت مل رہی ہے۔

اب جناب والا! میں سینما کی طرف آتا ہوں۔ سینما سے میاں صاحب خاص دلچسپی رکھتے ہیں (قہقہہ) اس سلسلہ میں عرض یہ ہے کہ سینما پر جب پچھلے ریزولیوشن (قرارداد) کے ضمن میں بحث ہوئی تھی تو میں نے حکومت کی پالیسی ان پر عیاں کر دی تھی کہ اس سلسلہ میں allotment کی تمام تر ذمہ داری حکومت پر ہی عائد نہیں ہوتی بلکہ اس میں Punjab Refugee Council کی بھی ذمہ داری ہے۔ میں نے یہ بھی عرض کیا تھا کہ سینما انڈسٹری کو فی الحال nationalize نہیں کیا جا سکتا اور نہ ہی اسے co-operative basis پر چلانا economic ثابت ہوگا۔ ہم اسی نتیجہ پر پہنچے ہیں کہ حکومت اس صنعت کو اپنے ہاتھ میں نہیں لے سکتی۔ کیونکہ ہمارا خیال ہے کہ شاید ایسا کرنا مناسب نہ ہو اور economic نہ ہو۔ لیکن میں نے پہلے بھی عرض کیا تھا۔ کہ جو نئی Allotment

Committee بنے گی وہ تمام کام پر review (نظرثانی) کرے گی۔ اگر سینما کی allotment (تقسیم) میں کوئی نقائص ہوئے تو وہ انہیں دور کرے گی اور کسی بہتر تجویز شدہ طریق پر سینماؤں کی تقسیم کر سکے گی۔ ہم نے جن لوگوں کو سینما دیئے ہیں ان میں سے کسی کا تعلق اگر کسی فلم سٹار سے ہو تو اس میں میرا کیا قصور ہے۔ اب میں کیسے مولانا عبدالستار نیازی کو سینما سے متعلق کر دوں؟ (قہقہہ) ظاہر ہے کہ جو لوگ سینما کا کاروبار کرتے ہیں ان کا فلم سٹاروں سے تعلق ہوگا۔ بہرحال میں کہتا ہوں کہ اگر یہ allotments غلط ہوئی ہیں تو آپ ان کو بدل سکتے ہیں اور اس کے لئے طریق کار تجویز ہو چکا ہے۔

اب میاں صاحب نے نمبرداروں سے مربعے لینے کے متعلق جو کچھ فرمایا ہے اس کا جواب تو ریونیو منسٹر صاحب دیں گے لیکن میں یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ ہم نظام میں جو تبدیلیاں کرنا چاہتے ہیں وہ صرف نمبرداروں سے مربعے لینے سے مکمل نہیں ہو سکتیں۔ بڑی بڑی تبدیلیاں کرنے کے لئے ہمیں نمبرداروں سے مربعے لینے سے کہیں زیادہ آگے قدم اٹھانے پڑیں گے۔

میاں نوراللہ صاحب کے اعتراضات کا جواب تو ختم ہوا۔ اب میں بیگم شاہ نواز صاحبہ کی تقریر کی طرف متوجہ ہوتا ہوں۔ میں ان کو خراج تحسین ادا کرتا ہوں ان کی اس تعمیری تقریر پر جس میں انہوں نے جگہ جگہ ہمارے مستقبل کے لئے قابل قدر مشورے دیئے ہیں۔ مجھے انتہائی خوشی ہوئی ہے کہ اس ایوان میں ایک ایسی تقریر کی گئی جس نے ہمارے دماغ کی روشنی میں اضافہ کیا۔ انہوں نے یہ گلہ فرمایا ہے کہ اس بجٹ میں آئندہ پالیسی کی طرف کوئی اشارہ نہیں ہے۔ یہ صحیح ہے۔ یہ بجٹ تو بجٹ ہے ہی نہیں۔ اس بجٹ کا اشارہ آئندہ کی طرف نہیں۔ ماضی کی طرف ہے۔

انہوں نے انڈسٹریز کی طرف اشارہ کیا۔ میں ان کی خدمت میں یہ عرض کرتا ہوں۔ کہ اس سلسلہ میں ہم نے ایک انڈسٹریل کنونشن بلائی ہے۔ مجھے خوشی ہے اور میں بڑے فخر سے کہہ سکتا ہوں کہ کسی صوبے نے ہم سے پہلے یہ قدم نہیں اٹھایا۔ لیکن اب اس کنونشن کو پینلز میں تقسیم کر دیا گیا ہے۔ اور وہ پینلز سرگرمی سے کام کر رہے ہیں۔ یہ پینلز ۲۰ کے قریب ہیں اور ہر ایک کا تعلق مختلف قسم کی انڈسٹریز سے ہے۔ اور یہ پینلز ۱۵ فروری تک مختلف انڈسٹریز کے متعلق اپنی اپنی بالتفصیل رپورٹیں پیش کر دیں گے۔ ان رپورٹوں پر بیٹھ کر اچھی طرح غور و خوض کرنے اور ان میں ضروری تبدیلیاں کرنے کے بعد اس صوبہ میں انڈسٹریل ڈیولپمنٹ کے لئے ایک مربوط plan فروری کے اواخر یا مارچ کے مہینہ کی ابتدا میں ہاؤس کے سامنے پیش کر سکوں گا۔ اسے یہاں پیش کرنے سے پہلے میری یہ کوشش ہوگی کہ میں پاکستان گورنمنٹ کو اسے اپنانے کی طرف راغب کر سکوں۔ ہمیں کچھ مشکلات انڈسٹریز کے متعلق پیش آئی ہیں۔ ایک مشکل تو سرمایہ کی دستیابی کے متعلق ہے۔ یہ کوئی آسان کام نہیں بیگم صاحبہ نے internal loan کے متعلق اپنی اس امید کا اظہار کیا ہے کہ اگر گورنمنٹ سرپرستی کرے تو انڈسٹریز کو فروغ دینے کے لئے بے انداز سرمایہ یہیں سے اکٹھا ہو سکتا ہے۔ میرا اپنا اندازہ

ہے کہ شاید اس حد تک اکٹھا نہیں ہو سکے گا جس کی ہمیں انڈسٹریل ڈویلپمنٹ کے لئے ضرورت ہے - دوسرے سرمایہ external loan کے ذریعہ اکٹھا کیا جا سکتا ہے - یہ بڑی بڑی حکومتیں ہی کر سکتی ہیں - اور صحیح طور پر ہماری یہ مشکلات پاکستان گورنمنٹ ہی حل کر سکتی ہے -

پھر ایک وقت ٹیکنیکل پرسنل کی کمیابی ہے اس اہم مسئلہ پر Industrial Committee کی متعلقہ panel سوچ بچار کر رہی ہے اور امید ہے کہ ان کی report ہماری راہ نمائی کرے گی - پاکستان گورنمنٹ بھی اس غرض کے لئے انڈسٹریل ٹیکنیکل سکول کھول رہی ہے - پھر پلانٹس حاصل کرنا بھی بہت مشکل ہے - اس کے لئے سرمایہ لازم ہے - مثلاً اگر کروڑ دو کروڑ روپیہ ہو تو میں اسے جیب میں لے کر لندن جاؤں اور کارخانہ داروں سے مل کر بات چیت کروں اور کہوں کہ یہ دو کروڑ روپیہ پڑا ہے - لاؤ پلانٹ - اس طرح تو ممکن ہے کہ ہمیں پلانٹ مل جائے مگر خالی ہاتھ لمبی خط و کتابت سے کچھ حاصل نہ ہوگا -

یہ بات بھی قابل غور ہے کہ جو انڈسٹریاں ہم نے یہاں جاری کرنی ہیں ان کے لئے ہمیں پلانٹ بھی مل سکیں گے یا کہ نہیں -

پھر انڈسٹریز کی نیشنلائزیشن کا سوال ہے - اس کے متعلق میں نے convention میں اپنی پہلی تقریر میں اپنی اور گورنمنٹ کی پوزیشن واضح کر دی ہے - ہم تمام انڈسٹریز کے nationalize کئے جانے کے حق میں ہیں - خاصکر ایسی انڈسٹریاں جو ہمارے اقتصادی نظام سے گہری وابستگی رکھتی ہوں اور ہمارے اقتصادیات ان کے بغیر چل نہ سکتے ہوں جیسے ٹیکسٹائیل اور heavy chemicals کی صنعت - مگر جب تک کوئی نیشنل پلین تیار نہ ہو اور جب تک سرمایہ پیدا نہ ہو اس وقت تک ان کے nationalize کرنے کے متعلق ذکر کرنا عبث ہے - اگر کوئی ایسے اشخاص ہوں جو اپنا سرمایہ لگا کر فیکٹریاں قائم کر سکتے ہوں تو گورنمنٹ ان کے راستہ میں رکاوٹ نہیں ڈالے گی - ہمارا رجحان یقیناً State Industrialisation کی طرف ہوگا مگر ساتھ ہی ساتھ ہم پورے طور پر کوشش کریں گے کہ جن پرائیویٹ انڈسٹریز میں سٹیٹ کو دخل دینے کی ضرورت نہیں ان میں ہم private enterprise کی ہر طرح امداد کریں - لیکن حکومت ان conditions پر جو اخلاقی لحاظ سے یا انڈسٹریل لحاظ سے ضروری ہوں گی پورا پورا کنٹرول کرے گی -

بیگم صاحبہ نے یہ بھی فرمایا کہ ہمیں معدنیات کا جائزہ لینا چاہئے - یہ ٹھیک ہے - اس کے متعلق انتظام کیا گیا ہے پاکستان گورنمنٹ بھی اس طرف متوجہ ہے - اس سلسلہ میں مجھے راجہ خیر محمدی صاحب کی تقریر سے بھی پورا اتفاق ہے جس میں انہوں نے سالٹ رینج کی ڈویلپمنٹ کے متعلق ذکر کیا ہے -

اب artificial fertilizer کا سوال آتا ہے اس کا سب سے پہلے تجربہ روس نے کوہستان یورال میں کیا تھا جہاں کہ اراضی کے چھوٹے چھوٹے ٹکڑے رہ گئے تھے - ان کی زرخیزی کو قائم رکھنے اور ان کو economic بنانے کے لئے وہاں artificial fertilizer استعمال کئے گئے تھے - اسی طرح اگر ہم نے مہاجرین کی holdings کو چھوٹا کرنا ہے تو ہمارے لئے لازم ہے کہ ہم ان کو economic بنانے کے لئے artificial fertilizer

استعمال کریں۔ یہ لازمی چیز ہے اس کی طرف ہمیں زیادہ توجہ کرنے کی ضرورت ہے۔

اب میں اگلے معاملہ کو لیتا ہوں۔ خوش قسمتی سے اگر میں اس پر پہلے پہنچ جاتا تو شاید میں اس پر زیادہ تفصیل سے بحث کر سکتا تھا۔ یہ معاملہ ایڈمنسٹریشن کے متعلق ہے۔ بیگم صاحبہ نے اور تقریباً ہر ممبر نے جس نے تقریر کی اس کی طرف توجہ دلائی ہے۔ ہر مقرر آج یہ تکلیف محسوس کر رہا ہے کہ مسلم لیگ کی وزارت آنے کے باوجود وہ تمام خرابیاں موجود اور قائم ہیں جس کو نابود کرنے کے لئے ہم چار سال تک لڑتے رہے۔ آپ صاحبان نے آج جس امر کی طرف میری توجہ منعطف کرائی ہے وہ موجودہ نظام کا سب سے غلیظ ناسور ہے۔ میں آپ سے پورے طور پر متفق ہوں کہ ہماری ایڈمنسٹریشن میں یہ ساری خرابیاں پائی جاتی ہیں مگر میں عرض کرتا ہوں کہ ۱۰۰ سال کی غلامی کی غلاظت ایک دن میں کیسے دور ہو سکتی ہے۔ وہ تمام خرابیاں۔ پرانی روایات بیوروکریسی کے وہ پرانے نشے۔ غرور۔ تکبر۔ رشوت ستانی عوام سے دوری کیسے ایک لمحہ میں ختم ہو جائیں (آوازیں۔ اوپریشن کرنے سے) اوپریشن کرنے سے کہیں ایسا نہ ہو کہ اوپریشن تو کامیاب ہو جائے لیکن مریض فوراً اجل ہو جائے۔ جناب والا میں جانتا ہوں کہ corruption پہلے بھی تھی۔ لیکن اب رشوت ستانی بہت بڑھ گئی ہے۔ اس لئے بھی بڑھ گئی ہے کہ اس وقت رشوت ستانی کے ایسے مواقع میسر آئے ہیں کہ تاریخ میں اس کی مثال نہیں ملتی۔ لیکن مجھے اپنے بھائیوں سے اور سب سے زیادہ اپنے Govt. servants افسروں سے جس اخلاقی بلندی کی توقع تھی وہ پوری نہیں ہوئی آخر کار یہ ہم ہی میں سے ہیں، ہمارے بھائی ہیں، کوئی ان میں سے ہمارا چچا ہے، بھائی ہے یا کوئی اور رشتہ دار ہے۔ اور یہ ہم سے زیادہ تعلیم یافتہ لوگ ہیں۔ ہم سے زیادہ لائق ہیں۔ اور انہیں ہم سے زیادہ بہتر ہونا چاہئے تھا۔ انہیں ہم سے زیادہ اپنے فرض اور ذمہ داری کا احساس ہونا چاہئے تھا۔ مگر قہر خدا عوام الناس میں corruption کم ہے اور افسروں میں زیادہ ہے۔ اس احساس کے پیش نظر اور آپ کی ہدایات کے مطابق اور کچھ اپنے مشتعل جذبات سے کام لیتے ہوئے ہم نے کچھ تجاویز کی ہیں جو گورنمنٹ اور آپ کے سامنے پیش ہیں۔ ایک ڈیپارٹمنٹل کمیٹی بنائی گئی ہے۔ دوسری کمیٹی الاٹمنٹ اور ریونیو کے متعلق ہے۔ اس دوسری کمیٹی میں ایوان کے ممبران بھی کام کریں گے۔ (آوازیں:۔ یہ کمیٹی ابھی تک نہیں بنی) بن جائے گی۔ اس میں کوئی تاخیر نہیں ہوگی۔ اس سلسلہ میں تیسری تجویز جو کی گئی ہے وہ اینٹی کرپشن بل ہے (مسودہ قانون انسداد رشوت ستانی) اس سے زیادہ سخت بل اور کوئی نہیں ہو سکتا۔ اگر آپ اسے زیادہ سخت بنانا چاہتے ہیں تو بنائیے۔ آپ تو رشوت ستانی کی بات کرتے ہیں ہم نے تو ان کی زندگیوں کو بدلنا ہے۔ ہم نے پرانی روایات کو توڑنا ہے۔ ان کی عوام سے دوری کو رفع کرنا ہے۔ ان کو ان سب خرابیوں کو دور کرنا پڑے گا کیونکہ آج ان کے پیچھے انگریز کی تلوار نہیں ہے۔ آج صرف عامۃ الناس کی خوشنودی ہی انہیں بچا سکتی ہے۔ اب اس ملک کا آئین اور نظام سب کے سب عوام کی رائے اور مرضی کے تابع ہیں۔ اور ان کی خوشنودی پر قائم ہیں۔ اگر عوام کی رائے کسی افسر کے خلاف ہوگی تو کوئی وزیر اسے نہیں بچا سکے گا۔ اسے جانا ہی پڑے گا۔ انہیں معلوم ہونا چاہئے کہ یہ وہی عوام ہیں جنہوں نے انگریزوں کی حکومت کو تباہ

کیا۔ ہندو اور سکھ سرمایہ داری کا یہاں سے بیج اٹھا دیا۔ یہ عوام ان کو بھی نکال سکتے ہیں۔ جو عوام ذلالت کو جانتے ہیں وہ اسے اپنے پاؤں تلے روند بھی سکتے ہیں۔ (تالیاں) اگر ہمارے سرکاری افسر عوام کی رائے کا احترام کرنا نہیں سیکھیں گے تو اس حکومت کو چلانا ناممکن ہو جائے گا۔ میں یہ پوری ذمہ داری کے ساتھ عرض کر رہا ہوں۔ میں ایڈمنسٹریشن کو انتباہ کرتا ہوں کہ وہ اپنے میں نیا جذبہ پیدا کریں۔ سرکاری افسر کا جذبہ نہیں، مسلمان مجاہد کا جذبہ۔ (تالیاں) اور اپنے آپ کو بدلیں۔ اپنے ذہنی رجحان کو بدلیں۔ اور عوام کا ان کی ضروریات اور تکالیف میں پورا پورا ساتھ دیں۔ ان کی پوری پوری مدد کریں۔

اب میں ایک اور مسئلہ کی طرف آتا ہوں جس کا ذکر چودھری عزیز دین اور محترمہ بیگم صاحبہ نے اپنی تقریروں میں کیا تھا۔ معلوم نہیں ہمارے وزیر اعظم صاحب کا اس کے متعلق کیا خیال ہے مگر میں اپنی رائے پیش کئے دیتا ہوں۔ جہاں تک میرا تعلق ہے۔ میں اپنے آپ کو وزیر نہیں سمجھتا۔ مجھے اپنے وزیر ہونے پر کوئی فخر نہیں۔ مجھے ایڈمنسٹریشن کا رکن ہونے پر کوئی فخر نہیں میں تو اپنے آپ کو ابھی تک مسلم لیگ کا ایک ادنےٰ خادم سمجھتا ہوں اور اسی پر مجھے فخر ہے یہی وہ جماعت ہے جس سے میں نے اپنی سیاسی زندگی کا آغاز کیا تھا۔ مجھے معلوم ہے عوام کی عزت ہی سب سے بڑی عزت ہے۔ میں اپنی ان آنکھوں سے ملک خضر حیات خان کی عزت دیکھ چکا ہوں۔ اب بھی پنجاب مسلم لیگ ہی ہماری اصل نمائندہ جماعت ہے۔ اور مسلم لیگ کا صدر ہی صحیح طور پر ہمارا لیڈر ہے۔ اب بھی لیڈر شپ مسلم لیگ ہی کے پاس ہے۔ وزارت بھی مسلم لیگ ہی کی ایک جھلک ہے۔ اس کی کارروائیوں کا ایک پہلو ہے عوام کی خدمت کا ایک طریق ہے۔ ہمارا دل مسلم لیگ ہے۔ مسلم لیگ ہی سے ہمارا وقار ہے اور مسلم لیگ ہی سے ہم سربلند ہیں۔ مجھے اپنی اس وزارت پر اتنا فخر نہیں جتنا فخر مجھے اس خدمت پر ہے جو میں نے چار سال شہر بہ شہر قریہ بہ قریہ اور گاؤں گاؤں پھر کر مسلم لیگ کی کی ہے۔

جناب والا! مسلم لیگ ہماری روح ہے۔ ہماری سیاسی جان ہے۔ اس کے کارکن ہمارا سرمایہ ہیں۔ ہم ان سے صرف اتنی توقع رکھتے ہیں کہ وہ اخلاص اور ضبط کے لحاظ سے دوسروں سے اونچے رہیں۔ دوسروں سے آگے رہیں تاکہ وہ اس لحاظ سے دوسروں کی رہنمائی کریں۔ اگر ان سے ان باتوں میں کوتاہی ہو تو آپ سمجھ سکتے ہیں۔ اس کا کس قدر برا اثر پڑ سکتا ہے۔

چودھری عزیز دین صاحب کی خدمت میں میری یہ گذارش ہے کہ ہم تمام اپنی کمشنروں افسروں اور دوسرے افسروں کو ہدایت بھیج رہے ہیں کہ وہ مسلم لیگ کی ہدایات کا لحاظ رکھیں اور مسلم لیگوں کے مشوروں پر عمل پیرا ہوں کیونکہ مسلم لیگ ہی موجودہ حکومت کی جڑ ہے۔

آخر میں میں یہ اعلان کرنا چاہتا ہوں کہ سرکاری ملازمتوں میں اوپر سے لے کر نیچے تک صرف قابلیت ہی کو معیار قرار دیا جائے گا (قطع کلامیاں) یہ تو مصلحت کا تقاضا ہے کہ پس ماندہ طبقات کے لئے کچھ تناسب رکھا جائے۔ مثلاً دیہاتی جو تعلیم میں شہریوں سے پیچھے ہیں۔ مگر تمام بھرتی مقابلہ سے ہوگی۔ جہاں صرف ایک معیار ہوگا۔ قابلیت۔ خالص مقابلہ سے بھرتی کی جائے گی ہم اس سلسلہ میں تجاویز سوچ رہے ہیں۔

محترمہ بیگم صاحبہ کی دو تجاویز قابل غور ہیں۔ ان کا تعلق تو وزیر اعظم صاحب کے محکموں سے ہے۔ میں یہاں صرف اپنی رائے پیش کرتا ہوں۔ جہاں تک ایگزیکٹو اور جوڈیشیل کو الگ الگ کرنے کا تعلق ہے۔ میں مانتا ہوں کہ یہ ایک اہم اصول ہے اور تمام سیاسی تھیوریسٹ اس پر ہمیشہ سے زور دیتے آئے ہیں۔ مگر ساتھ ہی ہر جگہ عملاً اس نظریہ کی مخالفت رہی ہے۔ جو بھی سیاسی پارٹی برسر اقتدار آتی رہی ہے وہ اسے عملی جامہ نہیں پہنا سکی۔

بیگم صاحبہ کا دوسرا مشورہ اپنی شخصی بار کے متعلق تھا کہ ۵۰۰ روپے کے بعد آئندہ ترقی کا دارومدار قابلیت اور دیانت داری پر ہو۔ آنریبل وزیر اعظم صاحب اس کے متعلق غور فرمائیں گے۔

جہاں تک زمین کی نیشنلائزیشن کا تعلق ہے حکومت کی طرف سے اس ضمن میں بعض تجاویز آپ کے سامنے پیش کر دی جائیں گی۔ میری رائے میں نیشنلائزیشن سے تمام نظام درہم برہم ہو جائے گا۔ ویسے یہ ایوان کی رائے پر منحصر ہے جو فیصلہ ایوان پسند کرے گا اسے نافذ کر دیا جائے گا۔ ممکن ہے ایوان اسی کو پسند کرے۔ جہاں تک میری رائے کا تعلق ہے میں کو اپریٹو فارمنگ کو بہتر سمجھتا ہوں۔

اب میں قبلہ نیازی صاحب کے اعتراضات کی طرف آتا ہوں۔ انہوں نے کوئی زیادتی نہیں کی۔ صرف یہ ہے کہ جو کچھ کہا ہے ذرا ترشی اور تندی سے کہا ہے۔ معلوم نہیں یہ کیوں۔ اس پارٹی کے ممبر ہوتے ہوئے معلوم نہیں انہیں اپنی پارٹی پر کیوں اعتبار نہیں رہا۔ اپنے لیڈر پر کیوں اعتبار نہیں رہا۔ ہم وہی ہیں جو پچھلے پانچ برس سے ان کے ساتھ مل کر کام کر رہے ہیں ان کی تنقید کا ایک پہلو، جو میری رائے میں غلط بھی نہیں، یہ تھا کہ ہم میں حضرت فاروق اعظم اور حضرت حیدر کرارؓ کی نگاہ نہیں۔ ہم مانتے ہیں کہ ہم میں یہ بلندی موجود نہیں۔ مگر افسوس تو یہ ہے کہ شاید نیازی صاحب میں بھی اس اخلاقی فضیلت کا فقدان ہو۔ میں اپنی کوتاہیوں کو تسلیم کرتا ہوں۔ میں جانتا ہوں۔ مجھے احساس ہے کہ ہمارا طرز حکومت ایک ادنےٰ طور سے بھی ایام خلافت کا عکس نہیں ہے۔ مگر آخر سب کچھ ایک ہی دن میں کیسے ہو جائے۔ پھر جناب والا نیازی صاحب نے فرمایا کہ تم محمد شاہ رنگیلے ہو۔ تم پر واجد علی شاہ کا رنگ ہے۔ میں نیازی صاحب سے، جناب والا، آپ کی وساطت سے پوچھتا ہوں، کیا میں نے ان کے ساتھ جیل کی سزائیں نہیں کاٹیں۔ مسلم لیگ کا کام وہ بھی کرتے تھے اور میں بھی۔ وہ خود ہی بتائیں جس نے زیادہ مستعدی سے کام کیا۔ انہوں نے یا ہم نے۔ کس نے زیادہ قربانی دکھائی۔ انہوں نے یا ہم نے۔ چاہیئے تھا کہ وہ کچھ تو یاد رکھتے۔ ابھی ہم نے باگ ڈور سنبھالی بھی نہیں تھی کہ ایک مشکلات کا سیلاب آ گیا۔ ان کا مقابلہ کس نے کیا۔ وہ مغل بادشاہ آخری دور کے تھے۔ انحطاط کے وقت کے۔ مگر ہم ابتدائی دور کے خادم ہیں۔ اور ابھی ہم نے اپنی اس نوزائیدہ سلطنت کو مضبوط اور کامیاب بنانا ہے۔ ہم بھی مسلمان ہیں۔ ہم میں بھی اسلام کا درد ہے۔ (ایک آواز:۔ آپ لندنی مسلمان ہیں)۔ لندن میں ہم ضرور گئے تھے مگر اسی وقت جب قائد اعظم وہاں تشریف رکھتے تھے۔ اور لندن سے آ کر ہی ہم نے اس لندنی حکومت کو پاش پاش کر دیا۔ مگر مجھے احساس ہے کہ یہ نیازی صاحب کا صرف اسلوب بیان ہے۔ ورنہ ان کا دل برا نہیں۔ پھر انہوں نے اپنی تقریر میں محکمہ پبلسٹی پر بھی اعتراض کیا تھا۔

کوئی ایسی بحث نہیں ہوتی جہاں وہ اس کا ذکر نہ لائے ہوں۔ کوئی ایسی میٹنگ نہیں ہوتی جہاں وہ اس اعتراض کو پیش نہ کرتے ہوں۔ میں ان کی خدمت میں یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ پبلسٹی ایک چیز ہے اور مسلم لیگ دوسری چیز ہے۔ ہر حکومت کے لئے محکمہ پبلسٹی لازمی ہوتا ہے۔ حکومت کسی چیز کے حصول کے لئے ایک پلان تیار کرتی ہے۔ فرض کیجئے حکومت یہ تجویز کرتی ہے کہ کل فلاں طریق سے اکٹھے کئے جائیں اور انھیں اکٹھا کرنے کے لئے ایک دن مقرر کیا جائے۔ اس فیصلہ کو مشتہر کرنا اور عوام کو اس کی تکمیل پر آمادہ کرنا publicity آرگنائزیشن کا کام ہے۔ اس publicity آرگنائزیشن کا ایک سیاسی جواز ہے۔ ہماری پبلسٹی ڈیپارٹمنٹ میں وہ لوگ ہیں جو مسلم لیگ کے کارکن تھے۔ اور مناسب بھی یہی تھا کہ publicity کی تنظیم کا کام انہی لوگوں کے ہاتھوں میں رہتا۔ یہ کارکن وہ ہیں جن سے آئندہ لیڈر شپ پیدا ہوگی اور یہی وہ لوگ ہیں جو مسلم لیگ کی تنظیم عمل میں لائے تھے۔ یہی وہ آرگنائزیشن ہے جو اتحاد پیدا کرنے independence یا آزادی کا مفہوم سمجھانے اور راستے دینا پر واضح کرنے میں مدد دے گی۔ بہرحال اس سلسلہ میں آنریبل وزیر مال پورا جواب دیں گے۔

راجہ سید اکبر نے بحالی کے کام پر جو تنقید کی، مجھے اس سے بڑی حد تک اتفاق ہے۔ خانہ بیاں بلاشبہ بہت سی ہیں۔ مگر یہ ماننا پڑے گا کہ یہ بڑی ہمت کا کام تھا کہ اب تک باون لاکھ میں سے سنتالیس لاکھ مہاجرین کو اس صوبہ میں آباد کر لیا گیا ہے۔ اس میں کلام نہیں کہ ہماری ذمہ داری بہت بڑی ہے۔ لیکن خدا کا شکر ہے کہ یہ ذمہ داری مکمل طور پر ہماری نہیں۔ بلکہ حکومت پاکستان بھی اس میں برابر کی شریک ہے۔ جو کچھ ہم نے کیا ہے اگر ہم اتنا بھی نہ کر سکتے تو بھی ہم پر گلہ نہیں ہو سکتا تھا۔ بہرحال مجھے امید ہے کہ اگر ہم سے اس سلسلہ میں کام کی زیادتی کے باعث کوئی کوتاہی ہوتی ہے تو اسے وہ کمیٹی دور کر دے گی جو معرض وجود میں آئے گی۔

(اب رہا allotments کا معاملہ۔ تو اس کے بارے میں شرائط کا مجھے خود اعتراف ہے) ایوان کی طرف سے جو نئی کمیٹی مقرر کی گئی ہے وہ اس بات کا خیال رکھے گی کہ اگر کہیں کام اچھا نہیں ہو رہا یا نہیں ہوا تو اسے درست کرے اور اس کی تکمیل کی کوئی بہتر صورت پیدا کرے۔ میں آپ کو یقین دلاتا ہوں کہ آپ کی حکومت یہ تہیہ کر چکی ہے کہ وہ ہر قسم کی بے ایمانیوں۔ کنبہ پروری اور ناجائز کارروائیوں کو ختم کر دے گی۔

جہاں تک weavers (بافندوں) کو بسانے کا تعلق ہے میں یہ عرض کر دینا چاہتا ہوں کہ فائل پور وغیرہ میں ان کی colonies (نوآبادیاں) قائم کی گئی ہیں۔ پانی پت سے آئے ہوئے کمیل بننے والوں کو جھنگ میں آباد کیا گیا ہے۔ اسی قسم کا انتظام ملتان میں بھی کیا گیا ہے۔ باقی بہت سے کاریگروں کے لئے سیالکوٹ میں بندوبست کیا جا چکا ہے۔ لیکن اس کے باوجود کچھ لوگ ایسے بھی ہیں جو ابھی تک کہیں آباد نہیں ہو سکے۔ آخر لاکھوں آدمیوں کو بسانے کا معاملہ تھا اور اگر چند ہزار کو ان کے پیشہ کے مطابق ابھی کسی موزوں مقام پر آباد نہیں کیا جا سکا تو اس کے لئے حکومت پر کوتاہی غرض کا اعتراض وارد نہیں ہوتا۔ بہرحال اس سلسلہ میں ہماری کوششیں بدستور جاری ہیں۔

راجہ سید اکبر نے (food) خوراک کے مسئلہ کی طرف بھی توجہ دلائی ہے۔ اس کے

متعلق میں یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ میرے خیال میں جب محکمہ civil supplies زیر بحث لایا جائے گا تو اس معاملہ پر تفصیل سے روشنی ڈالی جائے گی۔

میں چودھری محمد سرفراز خاں کو ان کی تقریر پر مبارکباد دیتا ہوں۔ ہم دونوں ایک ضلع یعنی سیالکوٹ کے نمائندے ہیں اور ہمارے ذاتی تعلقات نہایت دوستانہ ہیں میں انہیں مبارکباد دیتا ہوں کہ انہوں نے بڑی شاندار تقریر کی۔

پھر جناب والا! چودھری ناصر دین صاحب نے اپنی تقریر میں زمیندارہ لیگ فنڈ کا ذکر کیا تھا۔ اس کے بارے میں میرا یہ خیال ہے کہ اگر کسی نے ان کے متعلق کوئی معلومات حاصل کرنی ہوں تو وہ ایوان کے ایسے ممبران سے حاصل کر سکتے ہیں جو زمیندارہ لیگ کے ممبر تھے۔

چودھری ناصر دین: - میں نے بعض افسران کے انتخابات میں دخل دینے کا بھی ذکر کیا تھا۔

وزیر خزانہ: - اس کے متعلق آنریبل وزیر اعظم اپنی تقریر میں تفصیل سے روشنی ڈالیں گے۔ جہاں تک rural education کا تعلق ہے میں آپ کو یقین دلاتا ہوں کہ آئندہ بجٹ میں اس کا مناسب خیال رکھا جائے گا۔

کوئی بہت سی باتوں کا جواب دے چکا ہوں لیکن ابھی تھوڑی سی باتیں باقی ہیں جو basic ہیں۔ مثلاً مہر محمد عارف صاحب نے پولیس کے متعلق کہا تھا۔ میں جانتا ہوں کہ پولیس میں بہت سی خرابیاں ہیں۔ برائیاں ہیں کچھ اور قبیح روایات ہیں۔ جن کی اصلاح کی ضرورت ہے۔ مجھے یقین ہے کہ وزیر اعظم اپنی تقریر میں اس امر پر بھی روشنی ڈالیں گے۔ مگر یہ ہے موٹی سی چیز (قہقہہ)

سید نوبہار شاہ صاحب نے کوئی نئی بات نہیں کی nothing important, I am afraid جس کے جواب کی ضرورت پیش آئے۔

عبدالغفور قمر صاحب نے تحصیل شکر گڑھ کے متعلق فرمایا ہے۔ لیکن وہاں کوئی ایسی بری حالت نہیں ہے۔ وہاں حالت اب کافی secure ہے۔ وہاں کے متعلق صرف یہی سننے میں آتا ہے کہ cattle lifting وغیرہ ہوتی ہے اور یہ تو میرے خیال میں کوئی نئی بات نہیں۔ باقی رہا boundary (سرحد) کے تعین کا سوال۔ تو اس کے متعلق گذارش ہے کہ اس کا فیصلہ مشرقی اور مغربی پنجاب کا ایک مشترکہ کمشن کرے گا۔

ملک فیروز خان نون صاحب کی تقریر کی جتنی تعریف کی جائے کم ہے۔ اس میں بعض چیزیں خاص طور پر قابل غور ہیں۔ banking system کے متعلق عرض یہ ہے کہ ۱۵ اگست کے بعد سے تمام غیر مسلم بنک بند ہو گئے ہیں۔ امپیریل بنک نے بھی اس طرح کام کیا جیسے وہ انڈین union کا ایجنٹ ہو۔ اس نے بھی ہمیں بڑا دھوکا دیا ہے۔ اب کوآپریٹو بنک بڑا کام کر رہے ہیں۔ ان کے علاوہ آسٹریلیشیا بنک۔ حبیب بنک اور سنٹرل ایکسچینج بنک وغیرہ سب ہماری مدد کر رہے ہیں۔ مجھے اس بات کا اعتراف ہے کہ ہمیں اپنا بنک کھولنا چاہئے۔ ہم اس

تجویز پر غور کر رہے ہیں کہ Bank of Egypt ——— اور ——— Bank of Turkey کی قسم کے بنک کھولے جائیں۔ حکومت اس سلسلہ میں سوچ بچار کر رہی ہے۔

ایک آخری چیز۔ سید مبارک علی شاہ صاحب نے اعتراض کیا ہے اور یہ ایک فنی نکتہ ہے کہ liabilities کی allocation مشرقی پنجاب اور مغربی پنجاب میں برابر کیوں نہیں ہوتی۔ تمام ذمہ داری مغربی پنجاب پر کیوں ڈالی گئی ہے؟ اس کے واقعات یوں ہیں Punjab Partition Committee نے یہ فیصلہ کیا تھا کہ جس تناسب سے آمدنی دونوں میں تقسیم ہوئی ہے۔ اسی طرح قرضہ بھی دونوں میں تقسیم کیا جائے۔ مگر سنٹرل آرڈر یہ نافذ کیا گیا کہ ہر جگہ تقسیم شدہ ملک کے افضل اور بڑے حصہ کے ذمہ تمام liabilities سپرد کی جائیں۔ چنانچہ تقسیم شدہ پنجاب اور بنگال کی تمام financial ذمہ داریاں مغربی پنجاب اور مشرقی بنگال کے ذمہ لگیں اور متحدہ ہندوستان کی liabilities انڈین union کے سپرد ہوئیں۔ مگر میں یقین دلاتا ہوں کہ اس سے کوئی نقصان نہیں ہوگا۔ یہ تو ایک accounting device ہے

Constbiution will be made by each province according to their share of income and there will be no difficulty.

جناب والا! ان گذارشات کے بعد میرے خیال میں کسی peroration کا وقت نہیں رہا۔ میں اپنے ان دوستوں کا شکر گذار ہوں جنہوں نے میری تعریف کی اور ان دوستوں کی خدمت میں اپنا ہدیہ تبریک پیش کرتا ہوں جنہوں نے بجٹ پر نکتہ چینی کی اور بحث کے دوران میں کئی ایسی چیزیں بتائی ہیں۔ قیمتی مشورے دیئے ہیں جن سے اس مسلم لیگ وزارت کو اپنے آئندہ کام میں بڑی مدد ملیگی۔

جناب والا! ان الفاظ کے ساتھ میں اپنی تقریر ختم کرتا ہوں۔

The Assembly then adjourned till 9 a.m. on Thursday, the 15th January, 1948.

Din Muhammadi Press, Lahore.

WEST PUNJAB LEGISLATIVE ASSEMBLY.

FIRST SESSION OF THE 1ST WEST PUNJAB LEGISLATIVE ASSEMBLY.

Thursday, the 15th January, 1948.

The Assembly met in the Assembly Chamber, at 9 a.m. of the clock. Mr. Speaker in the Chair

---

STARRED QUESTIONS AND ANSWERS.

EXPENDITURE OF HINDU AND SIKH REFUGEES CAMP AT WAH

1. **Chaudhri Bahawal Bakhsh :** (i) Will the Honourable the Premier be pleased to state —

(a) whether it is a fact that the salary bill of the Hindu and the Sikh staff of the Refugees Camp at Wah amounts to Rs. 20,000 per mensem ;

(b) whether it is a fact that the officer-in-charge of the Camp is a retired Superintendent of the Jails Department and that his emoluments amount to Rs. 1,750 per mensem in addition to what he gets as pension ;

(c) whether it is a fact that the refugees at the Wah Camp are given eight chattaks of foodgrains per head as ration although the quota sanctioned for the West Punjab towns is only six chattaks per head of population ;

(d) whether it is a fact that the officer-in-charge of the Camp is permitted to procure dry as well as fresh fruit in addition to flower for the use of the refugees ;

(e) whether it is a fact that a bill for payment of Rs. 3,000 towards the purchase of cosmetics for the ladies in the Camp is under the consideration of the authorities concerned ;

(ii) if the answer to (i) above be in the affirmative, whether a parallel instance can be cited in the case of any Muslim Refugees Camp ; if not, the reasons for this differential treatment ?

The Hon'ble Khan Iftikhar Husain Khan : i (a) Yes. The salary bill amounted approximately to Rs. 21,000/- in April 1947, but was reduced later on to Rs. 2,000/- in October, due to retrenchment in staff.

(b) Yes. The Hindu Superintendent was drawing Rs. 1175/- per mensem plus free ration and free house accommodation. He was also allowed a car for which the Government paid Rs. 450/- per mensem.

(c) The reply is in the affirmative. The refugees were allowed six chhataks of wheat-flour per head but this was later on increased in accordance with the scale prescribed in the general instructions issued by the Punjab Government for refugee camps. This was, however, reduced to six chhataks on receipt of the revised orders.

(d) Fresh fruits were allowed to patients only in the hospital before the 15th of August, 1947, under the advice of the Medical Officer.

(e) No.

(ii) Does not arise.

REFUGEES

2. **Chaudhri Bahawal Bakhsh :** Will the Honourable the Premier be pleased to state —

(a) the number of Muslim Refugees evacuted so far from the East Punjab ;

(b) the number of Non-Muslim refugees so far evacuted from the West Punjab ;

(c) the means of transport employed in the case of the refugees mentioned above ;

(d) the expenditure incurred by the Government in the case of the refugees mentioned above ?

The Hon'ble Khan Iftikhar Husain Khan : (a) 46,80,000 Muslims up to the 10th December 1947.

(b) About 30 lakhs non-Muslims up to the same date.

(c) The refugees have been moved by motor transport, rail and on foot. The Government of India also chartered aircraft for the evacuation of non-Muslims which came loaded with Muslims.

(d) The figures of expenditure are not yet known as hire bills of motor vehicles have not yet been received and the Railway authorities have not intimated the cost of running special trains for the refugees.

EVACUATION OF NON-MUSLIM POPULATION FROM THE WEST PUNJAB

3. **Chaudhri Bahawal Bakhsh :** Will the Honourable the Premier be pleased to state whether the entire Non-Muslim population in the West Punjab has been evacuated from the province ?

The Hon'ble Khan Iftikhar Husain Khan : Mass evacuation of non-Muslims from the West Punjab has been completed. The clearing of pockets is in progress.

LEAVE OF ABSENCE.

Mr. Speaker : I have received an application from Sirdar Mumtaz Ali Khan saying that he is confined to bed since December 22nd with enteric fever and is, therefore, unable to attend the session of the Assembly. He requests for leave to be absent from the House.

The question is :—

That the permission asked for be granted.

The motion was carried.

NOMINATION OF MEMBERS TO THE LIBRARY COMMITTEE.

Secretary : The Honourable Speaker has been pleased to nominate the following gentlemen to constitute the Library Committee for the current year :—

(1) Chaudhri Muhammad Husain Chathha.
(2) Begum Jahan Ara Shah Nawaz.
(3) S. Mumtaz Ali Khan.

(4) Mian Muhammad Nurullah.
(5) Ch. Abdul Ghafur Qamar.

The Deputy Speaker will be the Chairman of the Committee and the Assistant Secretary to the Assembly will act as Secretary. The function of this Committee will be to advise the Honourable Speaker in the matter of improvement and development of the Assembly Library.

Mr. Speaker : There are three bills for to-day on the agenda paper. All the three bills stand in the name of Raja Said Akbar Khan. Since that is the only business on the Agenda and Raja Said Akbar Khan is absent no business can be transacted to-day.

The Assembly then adjourned till 9 a.m. on Friday, the 16th January 1948.

Din Muhammadi Press, Lahore.

WEST PUNJAB LEGISLATIVE ASSEMBLY.

FIRST SESSION OF THE 1ST WEST PUNJAB LEGISLATIVE ASSEMBLY.

Friday, 16th January, 1948.

The Assembly met in the Assembly Chamber at 9 a.m. of the clock. Mr. Speaker in the Chair.

STARRED QUESTIONS AND ANSWERS.

EVACUATION OF REFUGEES FROM THE EAST PUNJAB.

***4. Chaudhri Bahawal Bakhsh :** Will the Hon'ble the Premier be pleased to state :—

(a) the total number of refugees who have migrated since the emigration started from the East Punjab to the West Punjab to date ;

(b) the total number of refugees, district-wise with full details as to how many came by special trains, how many came on foot and how many with military or other convoys ;

(c) the total number of deaths among the refugees during transit and the causes thereof ;

(d) the hindrances reported to have been created in the way of the evacuation of refugees ; and the steps taken by the West Punjab Government to remove these hindrances ?

The Hon'ble Khan Iftikhar Husain Khan : (a) 47,96,000 upto the 7th January 1948.

(b) Upto 20-10-1947		21.0	lakhs.
From 21-10-47 to 7-1-1948	by rail	9.54	,,
	by motor convoy	0.82	,,
	on foot	16.6	,,

Separate figures for trains, motor transport and foot up to 20-10-1947 and details by districts are not available.

(c) Figures are not available.

(d) Armed mobs of Sikhs and Hindus, sometimes supported by police and military are reported to have attacked Muslim evacuees not only in their homes and camps, but also on convoys and trains. The evacuees were searched and deprived of their belongings and even the necessities of life were denied to them. Our motor convoys were on several occasions not allowed to enter certain areas, particularly in the States. The situation arising from these acts was discussed at high level meetings, including meetings with East Punjab and India representatives from time to time and protests were lodged with the East Punjab and India Governments by the West Punjab and Pakistan Governments.

FACILITIES PROVIDED TO THE MUSLIM REFUGEES BY THE EAST PUNJAB GOVERNMENT.

***5. Chaudhri Bahawal Bakhsh :** Will the Hon'ble the Premier be pleased to state :—

(a) the total number of non-Muslims evacuated from the West Punjab since the emigration started to date :

(b) the number of non-Muslim evacuees from the West Punjab districtwise.

(c) the facilities afforded to the non-Muslim refugees by the West Punjab Government in the matter of evacuation :

(d) whether, according to his information, such facilities were afforded to Muslim refugees by the East Punjab Government ; if not, what steps the West Punjab Government took to induce the East Punjab Government to provide the same ?

The Hon'ble Khan Iftikhar Husain Khan : (a) 32,37,000 upto 7th January 1948.

(b) District-wise figures are not available.

(c) Police and Military protection was given to the non-Muslim evacuees in their homes and camps and en route. Arrangements were also made for the supply of food, medical aid and other necessities of life.

(d) Similar facilities were sometimes provided by the East Punjab and India Authorities, but there have been numerous instances of maltreatment of Muslim evacuees in the East Punjab. Whenever such instances were brought to the notice of the authorities in the West Punjab, appropriate action was taken by making protests to the East Punjab and India Authorities and sending food and other supplies from the West Punjab.

COMPENSATION TO THE REFUGEES FOR THE LOSSES SUSTAINED BY THEM.

***6. Chaudhri Bahawal Bakhsh** :— Will the Hon'ble the premier be pleased to state according to official information :—

(a) the places, where the Muslim refugees were attacked during their evacuation to the West Punjab ;

(b) the loss of life and property sustained by the refugees as a result of the attacks ;

(c) the steps West Punjab Government have taken to secure compensation for the refugees for the losses sustained by them while travelling in trains, on foot and with convoys.

The Hon'ble Khan Iftikhar Husain Khan : I regret the information asked for by the Hon'ble Member is not yet ready. It will be supplied to him when ready.

LEAVE OF ABSENCE.

Mr. Speaker : I have received an application dated the 14th January 1948 from Khan Bahadur Nawab Malik Sir Allah Bakhsh Tiwana, M.B.E., M.L.A., which reads as follows :-

"I have the honour to submit that due to prolonged illness I am unable to attend this session of the Legislative Assembly and, therefore, request you to kindly get my leave sanctioned. A medical certificate is attached."

The question is that the permission asked for be granted.

The motion was carried.

SUSPENSION OF RULE 13.

Premier: Sir, I beg to move—

"That rule 13 of the West Punjab Legislative Assembly Rules of Procedure be suspended and Government business be transacted on Thursday the 22nd January 1948."

The motion was carried.

HOURS OF SITTING.

Mr. Speaker: I, Faiz Mohammad, Speaker of the West Punjab Legislative Assembly, in exercise of the powers conferred upon me by section 84 (3) of the Government of India Act, 1935 (as adapted and modified by the Pakistan (Provisional Constitutions) Order, 1947), hereby direct that the following modifications shall be made in rule 132 of the West Punjab Legislative Assembly Rules of procedure:—

1. In sub-rule 3, line 3, for the figures, letters and signs "6-30 p.m.", the figures, letters and signs "1-30 p.m.", shall be substituted.

2. In sub-rule 4, line 1-2, for the figures, letters and signs "5-0 p.m.", the figures and word "12 noon" shall be substituted.

DEMANDS FOR GRANTS.

GENERAL ADMINISTRATION.

Premier: Sir, I beg to move—

"That a sum not exceeding Rs. 78,55,700 be granted to the Governor to defray the charges that will come in course of payment for the period from 15th August 1947 to 31st March 1948, in respect of General Administration."

Mr. Speaker: The motion moved is—

"That a sum not exceeding Rs. 78,55,700 be granted to the Governor to defray the charges that will come in course of payment for the period from 15th August 1947 to 31st March 1948, in respect of General Administration."

Chaudhri Nasar Din (Sialkot North, Muhammadan, Rural):

I beg to move—

"That the total demand be reduced by Re. 1/-

چودھری ناصر دین:۔ جناب والا۔ ۱۵ اگست کو رات کے بارہ بجے مملکت پاکستان معرض وجود میں آئی۔ اور پاکستان زندہ باد کے نعروں سے فضائے آسمان گونج اٹھی۔ اس وقت مغربی پنجاب کے مسلمانوں کو یہ خیال تھا۔ کہ اب پاکستان کے قیام کے بعد اس صوبہ میں امن و چین ہو جائے گا۔ اور انصاف و ایمانداری کے دور دورے کا آغاز ہو جائے گا۔ مگر ادھر مشرقی پنجاب کے ہندوؤں اور سکھوں نے مسلمانوں کو تباہ و برباد کرنے کی ایک منظم سازش کر رکھی تھی۔ جس پر انہوں نے عملدرآمد شروع کر دیا۔ اور وہاں کے مسلمانوں کو اپنا گھر بار چھوڑ کر یہاں پناہ لینی پڑی۔ مسلمانوں کو اس سے پہلے ہی پرنسپل وزارت بنتے کر چکی تھی جان کو ایک معمولی چاقو لے کر چلنے کی بھی اجازت نہ تھی۔ ان مسلمانوں پر یہاں کے

رہنے والے ہندوؤں اور سکھوں نے حملے کرنے شروع کر دیئے حضور والا! ایڈمنسٹریشن کے افسروں کو اس بات سے آگاہ کیا گیا۔ ڈسٹرکٹ مجسٹریٹوں اور پولیس کے سپرنٹنڈنٹوں کو بتایا گیا۔ کہ ہندوؤں اور سکھوں کے یہ ارادے ہیں۔ اور ان کی تیاری ہے۔ ان کے پاس بندوقیں۔ رائفلیں۔ مشین گنیں۔ اور بریں گنیں موجود ہیں۔ مگر انہوں نے پیش از وقت کوئی حفاظتی تدابیر اختیار نہ کیں۔ یہاں تک کہ ہندوؤں اور سکھوں نے مسلمانوں پر حملے شروع کر دیئے۔ کئی مقامات کو جلایا گیا۔ کئی گاؤں نذر آتش کر دیئے گئے۔ کئی مسلمان شہید ہوئے۔ مگر افسر پھر بھی ٹس سے مس نہ ہوئے۔ مسلمانوں نے بہتیری چیخ و پکار کی۔ مگر ان کی داد فریاد کا حکام پر کوئی اثر نہ ہوا۔ وہ یہی جواب دیتے رہے۔ اب آپ کا پاکستان بن چکا ہے۔ اب آپ کو کیا خطرہ ہے۔ حضور والا! ان افسروں کی آنکھوں کے سامنے گاؤں جلائے گئے۔ مال و متاع لوٹا گیا۔ مسلمانوں کو شہید کیا گیا۔ مگر ان پر کچھ اثر نہ ہوا۔ وہ آگ جو پہلے شہروں میں بھڑکی تھی۔ پھر دیہات میں پھیلتی گئی۔ لوگ سمجھتے تھے۔ اب پاکستان قائم ہو چکا ہے۔ اب حکومت مسلم لیگ کے ہاتھ میں آ چکی ہے۔ اب تو ضرور ہماری شنوائی ہوگی۔ مگر جب تھانیداروں کے پاس اطلاع دی جاتی۔ کہ فلاں گاؤں پر سکھوں نے حملہ کر دیا ہے۔ اور اتنے مسلمان شہید کر دیئے ہیں۔ وہ تھانیدار تھانے سے باہر نکلنا گوارا نہ کرتے۔ کیونکہ وہ ہندوؤں اور سکھوں کے خریدے ہوئے تھے۔ اگر کسی گاؤں یا قصبے میں جاتے بھی تو اٹا وہاں کے مسلمانوں ہی کو ڈانٹتے ڈپٹتے۔ اور اگر کسی کے پاس ایک لاٹھی ہوتی۔ اپنی جان یا اپنی بہو بیٹیوں کی عصمت کے لئے تو وہ بھی اس سے چھین لیتے۔ اگر کسی کے پاس ایک چھاتو ہوتا۔ کہ اگر کہیں رستہ میں اس پر حملہ ہو جائے۔ تو کچھ نہ کچھ اپنی حفاظت کر سکے۔ تو وہ بھی اس سے چھین لیا جاتا۔ اور اتنا ہی نہیں بلکہ الٹا مسلمانوں کو جیلوں میں بھیج دیا جاتا رہا۔ بات یہ تھی۔ کہ ان افسروں نے ہندوؤں اور سکھوں سے رشوت لی ہوئی تھی۔

اب میں حضور والا! آپ کی وساطت سے آنریبل وزیر اعظم کی خدمت میں تھانہ پھلکیاں کا واقعہ پیش کرتا ہوں۔ تھانہ پھلکیاں میں ہندوؤں سکھوں کی اکثریت تھی۔ بلکہ بہت زیادہ اکثریت تھی۔ مسلمانوں نے ان پر کوئی حملہ نہیں کیا تھا۔ مگر وہ خود ہی اپنا مال و متاع لے کر ریاست جموں میں چلے گئے۔ اور پھر وہاں سے مسلح جتھوں کی صورت میں ہمارے ضلع سیالکوٹ کی حدود میں حملہ آور ہوتے رہے اور مسلمانوں کے خون سے ہولی کھیلتے رہے۔ عجیب بات یہ تھی۔ کہ تھانوں کے مقامات سے فرلانگ کے اندر حملے ہوتے رہے۔ اگر کوئی تھانیدار یا سپاہی تھانہ کے اندر ہی سے بندوق چلا دیتا۔ تو یقیناً وہ دیہات بچ سکتے تھے۔ مگر کسی نے اتنا بھی نہ کیا۔ نتیجہ یہ ہوا کہ ہندوؤں اور سکھوں نے باہر سے آ کر وہ ۸۶ کے ۸۶ گاؤں تباہ و برباد کر دیئے۔ جلا کر راکھ کر دیئے۔ مال و متاع لوٹا۔ اور یہاں تک ہی نہیں رہنے دیا۔ بلکہ فصلوں کو بھی تباہ کر دیا۔ حضور والا! جب اس کی اطلاع حکام ضلع کو پہنچائی گئی۔ تو انہوں نے یہ کہہ کر ٹال دیا۔ کہ وہاں اس موسم میں نہ تو فوج جا سکتی ہے۔ اور نہ کوئی اسلحہ وغیرہ کا انتظام ہو سکتا ہے۔ نتیجہ یہ ہوا کہ سینکڑوں کی تعداد میں مسلمان شہید ہوئے۔

حضور والا! پھر جب پھلکیاں کو تباہ و برباد کرنے کے بعد انہوں نے تھانہ چیرا ڈکا رخ کیا۔ تو ہم پھر حکام ضلع کے پاس گئے۔ کہ اب تو وہ تھانہ چیرا ڈ میں پہنچ گئے ہیں۔ وہاں بھی کئی دیہات نذر آتش کر دیئے ہیں اور کئی مسلمانوں کو شہید کر دیا ہے۔ مگر حکام ضلع نے قطعاً کوئی پرواہ نہ کی۔ وہ بدستور مسلمانوں کو لوٹتے رہے۔ ان کے مکانوں کو جلاتے رہے۔ ان کی فصلوں کو تباہ کرتے رہے۔

حضور والا۔ انہیں نے بجائے مسلمانوں کی حفاظت کرنے اور ان کی فصلیں بچانے خود بھی لوٹ مار میں حصہ لیا۔ انہوں نے یہ سمجھا۔

بابر بعیش کوش کہ عالم دوبارہ نیست

انہوں نے خوب لوٹا۔ ادھر مہاجرین جب ہمارے ضلع میں آئے۔ تو مسلمانوں نے انہیں زخم خوردہ دیکھ کر ان کے لئے کھانے کپڑے اور بستروں وغیرہ کا انتظام کیا مگر کرفیو کی سختی کی وجہ سے ان ہزارہا مہاجرین کو جو صدر مقام میں پہنچ چکے تھے۔ یہ تمام سہولتیں مہیا نہ کر سکے۔ حتیٰ کہ جمعہ کی نماز بھی بند کر دی گئی۔ اس کے لئے بھی کرفیو (Relax) ہٹایا نہ جاتا تھا۔ حضور والا۔ میں یہ بھی عرض کر دینا چاہتا ہوں۔ کہ جب کبھی کوئی وزیر وہاں تشریف لے جاتے۔ اور ان کے ساتھ مسلمانوں کو نماز جمعہ ادا کرنے کا موقعہ میسر آتا۔

اس کے علاوہ مقامی مسلمان مہاجرین کی کافی مدد کرتے رہے۔ اور حکومت کے انتظامات سے پہلے مقامی لوگ ہی ان کی ضروریات پوری کرتے رہے تھے۔ پھر جب مہاجرین کے مسئلے کو حکومت نے اپنے ہاتھ میں لیا۔ تو اس وقت بھی مقامی مسلمان مہاجرین کی امداد کے طور پر راشن۔ کپڑے اور بستر وغیرہ کیمپوں میں بھیجتے رہے۔ اس وقت کیمپوں میں جو افسر متعین تھے انہوں نے اس میں سے بھی اپنا حصہ نکالا۔ اچھے اچھے کپڑے اور بستر انہوں نے بجائے مہاجرین کو دینے کے اپنے قبضے میں کر لئے۔ میں تو یہاں تک کہوں گا۔ کہ اگر آپ احتیاط سے اس کی تحقیقات کریں تو آپ کو معلوم ہو گا۔ کہ ان افسروں نے کیا شہروں میں اور کیا دیہات میں نہایت قبیح حرکتیں کیں۔

بعد ازاں جب انہوں نے دیکھا۔ کہ ہندو اور سکھ اپنے مکانات اور زمینیں وغیرہ چھوڑ کر جا رہے ہیں۔ تو وہ ان کے مکانوں کی طرف راغب ہو گئے۔ اور انہیں لوٹنا شروع کیا۔ جب اس لوٹ کا دور ختم ہوا۔ تو اس کے بعد مہاجرین کو بسانے کا کام شروع ہوا۔ چونکہ وہ افسر ذاتی مفاد کو پیش نظر رکھتے تھے۔ اس لئے انہوں نے ان کو بھی تنگ کرنا شروع کیا۔ مکان اور زمین کے خواہشمند مہاجرین سے رشوت لینا شروع کر دی۔ نتیجہ یہ ہوا۔ کہ بیشتر مہاجرین گاؤں اور شہروں میں مکانوں اور زمینوں کے لئے مارے مارے پھرنے لگے۔ وہ مکانات ڈھونڈتے پھرتے۔ مگر کوئی ان کی مدد نہ کرتا۔ ادھر پٹواریوں۔ تحصیلداروں اور مال افسروں نے رشوت کا وہ بازار گرم کیا۔ جس کا کوئی اندازہ نہیں۔ ان افسروں نے غیر مسلموں کی فصلوں کو نیلام کیا۔ اور نیلامیوں سے بھی کافی نفع اٹھایا۔ غیر مسلموں کی پس ماندہ جو جائیداد (Abandoned Property) ان افسروں کی نگرانی میں چھوڑی گئی تھی۔ اس میں سے بھی انہوں نے ہر اچھی چیز مثلاً لحاف۔ بستر۔ بھینس گھوڑے اور گائے وغیرہ پر قبضہ کیا۔ اور دوسری قسم کی کئی چیزیں جو غیر مسلم چھوڑ گئے تھے یہ افسران کے مالک بن بیٹھے۔

حضور والا۔ ہمارے وزراء صاحبان جب دورہ پر جاتے۔ اور لوگ ان کے پاس شکایتیں لیکر پہنچتے۔ کہ فلاں افسر نے لوٹ مار کی ہے۔ یا عوام پر زیادتی کی ہے۔ تو وہ ان پر ہنس دیتے۔ اور ایسے افسروں کو بجائے سزا دینے کے بعد ازاں ترقیاں دی گئیں۔ میں اپنے وزراء صاحبان کی خدمت میں عرض کر دوں۔ کہ جب وہ دوروں پر جائیں۔ تو ان کو عوام کے نمائندوں کو بھی شرف ملاقات بخشنا چاہئے حکومت کی مشینری کی خامیاں عوام ہی ان کی خدمت میں پیش کر سکتے ہیں۔ اب آپ کے

سامنے شیخوپورہ کے متعلق چند حقائق پیش کرونگا۔ آپ کو معلوم ہے۔ وہاں کیا ہوا ہے وہاں جب ہمارے وزیر تشریف لے گئے۔ تو انہوں نے اوّل تو عوام کے نمائندوں کو ملاقات کا موقع ہی نہ دیا۔ اور اگر دیا بھی تو ان کی کسی خاطر خواہ شکایت کا جواب نہ دے سکے۔ وہ لوگ ہمارے وزیر کے رویے سے سخت مایوس ہوئے

Mr. Speaker : I may inform the House that I have decided to apply a time limit of 15 minutes for each speech.

Minister of Education : This notice is too late for the honourable member who is now speaking.

Chaudhri Nasar Din : Am I to take it that from now on you have prescribed the time limit of 15 minutes.

Mr. Speaker : No. Now you have only five minutes more.

چودھری ناصر دین :۔

حضور والا۔ میں شیخوپورہ کے متعلق عرض کر رہا تھا۔ اس ضلع کے لوگوں نے جب کسی شخص کے خلاف شکایات پیش کیں۔ اور بیان دیئے کہ فلاں شخص نے بے اعتدالیاں کی ہیں۔ تو بجائے اس کے کہ اس کے خلاف کوئی تادیبی کارروائی کی جاتی۔ اسے ڈپٹی کمشنر کا منصب دیا گیا۔ کیا ہمارے وزراء اسی کو عوام کی خدمت تصور کرتے ہیں۔

Malik Muhammad Feroz Khan Noon : On a point of order..... (Chaudhri Nasar Din remained standing in his seat).

Mr. Speaker : When a point of order is raised, the honourable member, who is in possession of the House, should resume his seat.

Malik Muhammad Feroz Khan Noon : My point of order is this that it has been the tradition of the House not to mention the names of officials when discussing any matter. Without mentioning names and describing the district and place, it gives sufficient information. I hope you will protect the services by not allowing their names to be brought in through indirect discussion, because they are not here to defend themselves.

Mr. Speaker : A very pertinent point of order has been raised. I would like to make the position clear. The honourable member who is in possession of the House is trying to say that such a person should not have been protected and I think he is, to that extent, justified. He is not mentioning any name but giving some facts.

Malik Muhammad Feroz Khan Noon : He has mentioned Sheikhupura district and he has mentioned a person who has been promoted as Deputy Commissioner. So it is quite easy to trace the man.

Mr. Speaker : I do not know the man concerned. Anyhow, the honourable member should take note of the point of order raised.

چودھری ناصر دین :۔ جناب والا۔ جب ہمارے وزراء صاحبان دوروں پر جاتے تھے۔ اور مسلم لیگ

کے کارکن یا عوام اپنے وزراء صاحبان کو ملنے کے لئے یا اپنی شکایات ان تک پہونچانے کے لئے حاضر ہوتے تھے۔ تو سب سے پہلے وہاں کے افسران۔ ڈپٹی کمشنر سیول سپلائی آفیسر پولیس کے افسران جو گارڈ پر ہوتے تھے۔ ان کو گھیر لیتے تھے۔ اور یہ ان کا salute ہوتے ہی سمجھ لیتے تھے۔ کہ ان سے اچھا کوئی نہیں ہو سکتا۔ salute ہوتے ہی یہ مسلم لیگ کارکنوں کو جو شکایت پہونچانے کے لئے آتے تھے بھول جاتے تھے۔ اور سب سے پہلے ڈپٹی کمشنر کو شرف باریابی بخشتے تھے۔ اور وہ شکایات پہونچانے والوں کے خلاف ان کو prejudice کر دیتے تھے۔ اور کہہ دیتے تھے۔ کہ دراصل شکایات کی کوئی بات ہی نہیں۔ نتیجہ یہ ہوتا تھا۔ کہ جب مسلم لیگ کارکن اور عوام اپنی شکایات وزیر صاحب کے پاس پیش کرتے تھے تو یہ پہلے چونکہ prejudice ہو چکے ہوتے تھے اسے تسلیم کرنے کے لئے تیار ہی نہ ہوتے تھے۔ مسلم لیگ کارکن جب اپنی شکایات ان کے سامنے پیش کرتے۔ وہ سننے کی تکلیف گوارا نہیں کرتے تھے۔ اب تادیبی کارروائیوں کا سوال کیسا وہ شکائتیں ہی دھری کی دھری رہ جاتی تھیں میں معلوم کرنا چاہتا ہوں۔ اگر شکائتیں ہم آنریبل وزراء سے نہ کریں۔ تو کس سے کریں۔ جب آنریبل وزیر موصوف نے اس ایوان میں یہ کہہ دیا۔ کہ ہمیں معلوم ہے۔ کہ سول سپلائی کے محکمے رشوت ستانی اور بدعنوانیوں میں پیش پیش ہیں۔ لیکن وہ تادیبی کارروائی کرنے میں بے بس کیوں ہیں۔ علاوہ بریں پولیس میں بددیانتی اور رہی ہے۔ بداعتدالی ہو رہی ہے۔ مجسٹریٹ رشوت لے رہے ہیں۔ جب حکومت یہ تسلیم کرتی ہے۔ تو پھر عوام کو وزراء تک شکایات پہونچانے کا کیوں موقع نہیں دیا جاتا۔ جب کوئی حکومت برسر اقتدار آتی ہے۔ تو بے بسوں کو موقع دیا جاتا ہے۔ کہ وہ اپنی شکایات کا اظہار کریں۔ تاکہ حکومت کو معلوم ہو۔ کہ اس کے محکموں میں کیا کیا بے انصافیاں ہوتی ہیں۔ جب ہم عوام میں یہ اعلان کرتے ہیں۔ کہ وہ اپنی شکایات پہونچائیں لیکن وہ شکایات وزراء تک پہونچانے میں بے بس ہو کر رہ جائیں۔ تو آپ اندازہ لگائیں کہ عوام کا کیا حال ہوگا۔ میں مانتا ہوں اینٹی کرپشن کمیٹیاں قائم کی گئی ہیں۔ مگر عوام رشوت ستانی اور بدعنوانیوں کے خلاف شکائتیں کیا پیش کریں۔ جب شکائتیں پیش ہوتی ہیں۔ تو حکم آتا ہے شکائتیں لکھ کر دو۔ جب لکھ کر دی جاتی ہیں۔ تو تادیبی کارروائی نہیں کی جاتی۔ اخباروں میں لکھا جاتا ہے۔ کہ شکائتیں آنے پر تادیبی کارروائی کی جائے گی۔ لیکن حقیقت میں یہ کوئی کارروائی نہیں کرتے۔ نتیجہ یہ ہے کہ اس اسمبلی دور میں ۱۵ اگست سے لیکر اب تک حکومت کی سستی کی وجہ سے عوام کا برا حال ہوا۔ لہذا میں کہوں گا۔ کہ مغربی پنجاب کے صوبہ میں پولیس دیانت دار نہیں۔ کوئی عدالت دیانتدار نہیں۔ کسی کی عزت محفوظ نہیں کسی کی جائیداد محفوظ نہیں۔ افسر نااہل اور نافرض شناس ہے۔ پولیس ناکارہ ہے جرائم بڑھ رہے ہیں۔ اس وقت تک جرائم اتنے ہو چکے ہیں۔ کہ ان کی تعداد بیان نہیں کی جا سکتی۔ میں ان الفاظ کے ساتھ ایوان سے گزارش کروں گا۔ کہ میری تحریک تخفیف منظور کی جائے۔

Mr. Speaker: Demand under consideration, motion moved is:—

"That the total demand be reduced by Re. 1/-."

Khan Abdus Sattar Khan Niazi (Mianwali North, Muhammadan, Rural):

خان عبدالستار خان نیازی:۔ صدر محترم! میں آپ کے سامنے عام نظم و نسق کے سلسلہ میں

کوئی جذباتی تقریر کرنی نہیں چاہتا۔ بلکہ نظم ونسق کی بابت اصولی بحث کرنا چاہتا ہوں۔ کہ آیا ہمارا ایڈمنسٹریشن نوع انسانی کے لئے بطور ایک خادم کے ہوگا۔ یا وہی فرسودہ کافرانہ نظام ہوگا۔ جس میں انسانوں کو اپنے اقتدار کے شکنجہ میں کسا جائے گا۔ یہ جذباتی تقریر نہیں۔ بلکہ ایک اصولی بحث ہے افسوس ہے۔ یہاں بیٹھے ہوئے میرے معزز دوست بدقسمتی سے جذبات سے خالی ہیں۔ وہ جذباتی نہیں۔ بلکہ جاذباتی ہیں۔ کیونکہ وہ جذبات سے دست کش ہو چکے ہیں۔ میں آپ کے سامنے واقعات کی کوئی تفصیل پیش نہیں کرنی چاہتا۔ بلکہ چند ایسی باتیں پیش کروں گا۔ جو موجودہ نظام حکومت پر روشنی ڈال سکیں گی۔ چونکہ موجودہ نظام پچھلے نظام کی پیداوار ہے۔ اس لئے اس میں وہی کارکن موجود ہیں۔ جو پہلے نظام میں تھے۔ اور جنہوں نے ہمیشہ پاکستان اور مسلم لیگ کی مخالفت کی تھی اور جنہوں نے آج اپنے معبد کو بدل کر قبلہ حاجات مسلم لیگ کو بنا لیا ہے۔ یہ ہوا کا رخ پہچاننے والے وہی لوگ ہیں۔ جو پہلے منافقین کی بارگاہ میں سربسجود رہتے تھے۔ اور آج موجودہ حکومت کی مشینری کے کل پرزے ہونے کی حیثیت میں اپنی ریشہ دوانیوں سے عوام کے لئے موجب پریشانی بنے ہوئے ہیں۔ اس لئے اگر آج ان ارباب اختیار نے قوم کو صحیح سبق نہیں دیا کہ صحیح نظام حکومت کیا ہوتا ہے۔ تو انہیں کل کو عوام کے سامنے جواب دے ہونا پڑے گا عوام کے نمائندوں کو عوام سے روگردانی کرنا کسی صورت ممکن نہیں ہوا کرتا۔ لہذا موجودہ حکومت کے پیش رو مخالفین نے جو نظام حکومت قائم نہ کیا تھا۔ آج اس کو قائم کرنے کی ضرورت تھی۔ ہماری گورنمنٹ کا فرض تو یہ تھا۔ کہ وہ ایسا نظام حکومت قائم کرے جس میں انسان کو انسان بنایا جائے جس میں حقوق اللہ حقوق العباد اور حقوق النفس کا خیال رکھا جائے۔ مگر افسوس فرنگی نے عوام کے ضمیر اور جوہر ادراک کو خریدنے کا جو طریقہ اختیار کیا تھا۔ اس حکومت نے اسے اپنے نظام میں وہی تحفظ دیا۔ آج جب اعتراضات کئے جاتے ہیں۔ تو میرے دوست یہ فرماتے ہیں۔ کہ وہ بلندی تھے اناڑی تھے۔ یہ درست ہیں کہ وہ بلندی تھے مگر حقیقت یہ ہے۔ کہ جب گھوڑے کی سواری کی جاتی ہے۔ تو گھوڑا سوار کی ران پہچان جاتا ہے۔ کہ سوار کیسا ہے۔ اگر آپ بلندی ہیں۔ تو یہ اس بات کی ضمانت نہیں ہے۔ کہ آپ نظام حکومت کو متاثر نہ کر سکے۔ افسران کو آپ کی ناتجربہ کاری معلوم ہو چکی ہے۔ اور اس لئے وہ بدعنوانیاں کر رہے ہیں۔ میں نے صوبہ کی عمومی حالت اور بالخصوص اپنے ضلع کے واقعات پیش کئے ہیں۔ لیکن اس کے باوجود حکومت کے کئی مرغان دست آموز نے مجھ پر اعتراض کرتے ہوئے یہ کہا۔ میں اپنے ضلع کی خبر نہیں لیتا۔ اس لئے تفصیلات سے واقف نہیں ہوں۔ وہ شاید یہ نہیں جانتے۔ کہ کئی مرتبہ میں نے دن رات اپنے ضلع کا دورہ کیا ہے۔ اور مختلف امور کے سلسلہ میں تحقیقات کی ہے۔ وہاں کی مستورات اور معصوم بچوں پر جو جو کچھ گزرا ہے۔ اسے سنا ہے۔ اور ان کے دکھ درد کی داستانیں آج آپ کو بھی سنانا چاہتا ہوں۔ میں آپ کو بتاؤں گا کہ میانوالی کی پولیس نے اسلحہ کی برآمدگی کے لئے کس طرح لوگوں کو بے گھر اور بے عزت کیا۔ اور جیلوں میں ٹھونس دیا۔ مریسال میں اگلے سال کے کئی افسران موجود ہیں۔ وہ افسران آج بھی وہی کچھ کر رہے ہیں۔ جو پہلے کرتے تھے۔ (قطع کلامیاں) میں آپ کو بتاؤں گا۔ کہ پولیس کے دربی جتھے نے وہاں کیا کیا مظالم کئے ہیں۔ اس وقت دربی جتھے کو جو دورہ کرنا پڑتا تھا۔ اسلحہ کی برآمدگی کے سلسلہ میں اس کا سب سے بڑا معیار یہ تھا۔ کہ اسلحہ زیادہ سے زیادہ برآمد کیا جائے اگر رائفل ریوالور یا بندوق برآمد نہ ہوتی تھی۔ تو کہا جاتا تھا۔ جاؤ درے سے لے آؤ۔

آنریبل وزیر اعظم :- کب کی بات ہے۔

خان عبدالستار خان نیازی :- دسمبر ۱۹۴۷ء کی۔

آنریبل وزیر مالیات :- جنکنز کے زمانے کی بات ہے۔

خان عبدالستار خان نیازی :- جی ہاں اس زمانے کی بات ہے۔ جس زمانے کی اماتیں اور وراثت آج آپ کے پاس ہے۔ ہاں تو حضور والا میں بتا رہا تھا۔ کہ ورلی جتھے نے لوگوں کو ذلیل و خوار کیا۔ اور مستورات کو بے عزت کیا۔

Mr. Speaker: I may point out to the hon'ble member that so far as this particular demand is concerned he can discuss only the General Administration of the present Government, which took over on the 15th August, 1947, this Budget relates to the period commencing from that date.

خان عبدالستار خان نیازی :-

حضور والا۔ میں ان لوگوں کا ذکر کر رہا ہوں جنہوں نے ۱۵ اگست کے بعد عوام پر مظالم کئے۔ جنہوں نے ۱۵ اگست کے بعد عورتوں اور بچوں پر ظلم و ستم ڈھائے جنہوں نے یہ جانتے ہوئے کہ اب ہمارا قبلہ حاجات بدل چکا ہے۔ ہمارے وزراء کو خوش کرنے کے لئے اپنا قبلہ مقصود بھی تبدیل کر ڈالا۔ میں انہیں کا ذکر کر رہا ہوں، میں یہ بھی تسلیم کرتا ہوں۔ کہ بعض افسران نے مسلمانوں کی خدمت سرانجام دی ہے۔ لیکن اگر کوئی آدمی دس جرم کرے۔ اور ایک نیکی کا کام کرے۔ تو اس سے یہ سمجھنا لازم نہیں آتا کہ اس کی یکسر تبدیلی ہو گئی۔ یا اس کی کایا کلپ ہو گئی۔ جو لوگ موجودہ نظام حکومت سے قبل اپنی ذمہ داری کو محسوس نہیں کرتے تھے۔ اور جن کا شیوہ عوام کو تنگ کرنا تھا۔ جب تک انہیں یہ احساس نہ ہو جائے۔ کہ ان کا فرض منصبی عوام کی خدمت کرنا اور مظلوموں کے لئے ظلم و ستم کے سامنے سینہ سپر ہو جانا ہے۔ اس وقت تک موجودہ نظام حکومت خدا کے سامنے کوئی حقیقت نہیں رکھتا۔ اور قطعاً قابل قبول نہیں ہے۔

نظام حکومت کیا ہوتا ہے؟ نظام حکومت سے عبادت ہے۔ حقوق اللہ حقوق العباد (حقوق انسانی) انسانوں کے مابین تعلقات اور انسانوں کے خدا کے ساتھ تعلقات۔ ان تعلقات کا نام نظام حکومت ہے۔ اگر نظام حکومت انسانوں کے ضمیر کو ختم کرتا ہے۔ اگر انسانوں اور انسانوں کے درمیان نفاق کا بیج بوتا ہے۔ ان کو خدا سے باغی کرتا ہے۔ تو اس نظام حکومت کے لئے ایک پائی بلکہ پائی کا کروڑواں حصہ بھی منظور نہیں کرنا چاہئے۔ ہم محسوس کرتے ہیں۔ کہ آج بھی وہی صورت حال موجود ہے۔ وہ لوگ جو اس وقت مسلمانوں کو تباہ کرنے کے درپے تھے۔ آج بھی ہم پر مسلط ہیں۔ مجھے اس بات کا فخر ہے۔ کہ میں مسلم لیگ وزارت کا تابعدار ہوں۔ مگر جائز اور صحیح تنقید سے باز نہیں رہ سکتا۔

اپنے بھی خفا مجھ سے ہیں بیگانے بھی ناخوش
میں زہر ہلاہل کو بھی کہہ نہ سکا قند (اقبال)

حق کو حق کہوں گا۔ اور تلوار کی دھار کے نیچے بھی حق کہوں گا۔ (خوب - خوب)
میں یہ عرض کرنا چاہتا ہوں۔ کہ اگر ہم اس بحث کے اندر اپنے اپنے ضلع کے متعلق کچھ کہنا چاہتے ہیں۔ تو اس لئے کہ نظام حکومت کی تطہیر ہو۔ اور ان کو یہ معلوم ہو۔ کہ اب ہمارا پروگرام وہ پروگرام ہے جو صدیق اکبر۔ فاروق اعظم۔ اور حیدر کرار کا پروگرام تھا۔

میرے بھائی کہتے ہیں یہ سب کچھ ایک دن میں نہیں ہو سکتا۔ مدتیں لگیں گی۔ میں مانتا ہوں کہ وقت لگے گا۔ اور چشم فلک اس انتظار میں ہے۔ کہ کب ہم اپنے نظام حکومت۔ اپنے افکار اور اپنے خیالات کو اسی رنگ اور اسی ڈھنگ پر لانے کے لئے مستعد ہوتے ہیں جب خلیفۃ الرسول یعنی صدیق اکبر نے خلافت سنبھالی تو پہلے ہی دن انہوں نے لوگوں سے کہا۔ کہ میں تم سے بہتر نہیں ہوں۔ لیکن یہ جان رکھو۔

(عربی) اِنّ اقو لکم و عندی ضعیف - - - - - الخ

کہ تم میں سے جو توانا ہے وہ میرے نزدیک کمزور ہے اور اسی طریق پر جو کمزور ہے وہ میرے نزدیک توانا ہے جب تک میں اس کا حق نہ دلا لوں۔ یہ ہے نظام حکومت۔ یہ ہے اسلامی طرز حکومت۔ تو اس طرز حکومت کو اپنے سامنے ایک معیار کے طور پر رکھتے ہوئے ہمیں اس بات کا محاسبہ اور احتساب کرنا ہے کہ جو کچھ کہا گیا ہے آیا نوع انسانی کی خدمت اور قانون خداوندی کی اتباع ہے یا نہیں اور آئندہ ہم اپنے نظام کو اس سے بہتر بنانے کے لئے کس حد تک کامیاب ہوں گے۔

میں یہ عرض کر رہا تھا کہ اس وقت جس قسم کی ذہنی جہاری ہے۔ وہ بے حد خطرناک اور مضرت رساں ہے وہ لوگ جو پہلی وزارت کے ناپاک اور انسانیت کش نظام کے ساتھ تھے آج انہوں نے مرغ بادنما کی طرح اپنا رخ بدل لیا ہے اور اس کے ساتھ ہی مصیبت بالائے مصیبت یہ ہے کہ اس وقت جو لوگ نظام حکومت پر مسلط ہیں وہ اس بات کی پہچان نہیں کر سکتے کہ وہ کون لوگ ہیں جو خواجہ شریف ہر دو طرف بنے ہوئے اور منافقت سے ہمارے نظام کو کھوکھلا کرنا چاہتے ہیں۔ میں مسلم لیگ کا واحد ٹھیکیدار نہیں ہوں۔ مسلم لیگ ہی کی وجہ سے آپ کو بھی یہ اختیار ملا ہے اور اس جماعت کو اگر قائم نہ رکھا گیا۔ اور اس کی بقاء کے لئے کوئی انتظام نہ کیا گیا۔ اس کے کارکنوں کی ہمت افزائی نہ کی گئی تو میں آپ کو warn کرتا ہوں کہ اللہ تعالےٰ جس نے کہ یہ اختیار آپ کو دیئے ہیں وہ انہیں ہماری بے تدبیریوں اور بدعنوانیوں سے ہم سے فوراً چھین بھی لے گا۔ میں یہ محسوس کرتا ہوں کہ یہ منصب میاں افتخار الدین کا تھا کہ وہ آج مسلم لیگ کی حفاظت کرتے اور اس کے وقار اور احترام کو قائم رکھتے۔ اور مسلم لیگ کے کارکنوں کے مقابلہ میں چاپلوس اور غدار یونینسٹوں کو جس طرح اعزازات دیئے جا رہے ہیں ان کی مخالفت کرتے۔ میں دیکھتا ہوں کہ مسلم لیگ کے ان کارکنوں کو جنہوں نے اہم ذمہ داریاں برداشت کی ہیں۔ جن کا احساس آپ کو ہونا چاہئے اور جو قوم کے لئے بہتری کا موجب ہو سکتے تھے بطور سپیشل مجسٹریٹوں کے نہیں لیا گیا اور ان لوگوں کو مقرر کر دیا گیا ہے جن کی عادت لوٹ کھسوٹ کرنے اور ڈاکہ ڈالنے کی ہے۔ انہوں نے پاکستان کی دولت کو جی بھر کر لوٹا ہے اور جو کفار کی جائداد متروکہ کے بیت المال بنے ہوئے ہیں ان

میں جو مفرور تھا وہ تو ان نگران افسروں نے خود کھایا اور چھلکا بیت المال کے لئے چھوڑ دیا یہاں تک کہ بے نامی طریقے سے نیلامیاں ہوئیں۔ رشتہ داروں اور عزیزوں سے نیلامی کی بولیاں دلوائیں اور نیلامی والوں سے کہا کہ معمولی بولی پر ختم کر دیں۔ اور اس طرح جو اچھا مال تھا وہ لے لیا۔ یہ سب کچھ ہے جو اس وقت ہو رہا ہے۔ بیت المال اور دیگر جگہوں پر وہ لوگ مقرر ہیں جو اپنی بداعمالیوں کی بنا پر حکومت اور عوام کی نظروں کے سامنے آ چکے ہیں۔ جن کے اعمال و افعال پبلک کے سامنے آ چکے ہیں۔ وہ لوگ جو ہمیشہ سے ہماری مخالفت کرتے آئے ہیں۔ میں کہوں گا کہ ان لوگوں کو کسی حال میں بھی موقعہ نہیں دینا چاہئے کہ وہ بدستور ہمارے سروں پر دندناتے رہیں اور مسلم لیگ کے کارکنوں کو ذلیل کریں۔ لیکن اگر وہ اپنی حالت بہتر بناتے ہیں۔ اپنے اعمال کو درست کرتے ہیں۔ تو الگ بات ہے۔

اِلَّا مَنْ تَابَ وَ اٰمَنَ وَعَمِلَ عَمَلًا صَالِحًا فَاُولٰٓئِكَ يُبَدِّلُ اللّٰهُ سَيِّاٰتِهِمْ حَسَنٰتٍ ۝ الخ

اگر کوئی توبہ کرے اور نیک اعمال کرے تو اس کے لئے اللہ تعالےٰ کی مغفرت کا دروازہ کھلا ہے۔

اپنے ضلع کے فسادات کے دوران میں ڈپٹی کمشنر نے وہاں کے نظام کو قائم نہ رکھا۔ ہر جگہ پولیس بھی موجود تھی۔ حکومت کے ایجنٹ بھی موجود تھے۔ مگر اس کے باوجود مال لوٹا گیا۔ نہ صرف ہندوؤں کا مال لوٹا گیا بلکہ مسلمانوں کی دکانیں بھی لوٹی گئیں اور اس وقت برآمدگی سامان کی آڑ میں لوگوں کا مال لوٹا جا رہا ہے۔ کوئی انتظام نہیں ہو سکتا۔ اگر وہ لوگ جو اس کام کے لئے متعین تھے نظام حکومت کو بہتر بناتے تو کسی کا نقصان نہ ہوتا۔ لیکن اس وقت ذمہ داری کو محسوس نہیں کیا گیا۔ بلکہ یہ کہ ضلع لیگ کے صدر کو یہ سمجھتے ہوئے کہ وہ ان کے خلاف ہے۔ ان کی بدعنوانیوں کے خلاف ہے۔ اس کو بھی اپنے سامنے گرفتاری کا حکم دے دیا پھر ہمارے جنرل سیکرٹری نے پولیس کی بدعنوانیوں کے متعلق وزیر اعظم کو رائے دی۔ اور یہ کہا کہ ہندوؤں کے پاس اسلحہ ہے۔ جائز اور ناجائز دونوں قسم کا۔ اور اس قسم کی دیگر شکایتیں کیں۔ اب بجائے اس کے ان کی شکایات کو سامنے رکھتے ہوئے تحقیقات کے لئے عمل درآمد کیا جائے۔ اور مجرمین کو سزا دی جائے اور آزادانہ تحقیقات کی جائے۔ خود شکایت کرنے والوں کے خلاف حکومت کی مشینری حرکت میں لائی گئی۔ اور اس قسم کے بیباک نڈر اور نظم و نسق میں تطہیر کے لئے آواز بلند کرنے والوں کو مرعوب کرنے کے لئے ضلع مسلم لیگ کے جنرل سیکرٹری کی تلاشی لی گئی۔ اور ان سے لائسنس والے اسلحے لے لئے گئے۔ مقدمات چل رہے ہیں اور عدالتیں بتائیں گی کہ کون حق پر تھا۔ لیکن میں یہ کہوں گا ؎

میں نے کہا جو بزم ناز چاہئے غیر سے تہی
سن کے ستم ظریف نے مجھکو اٹھا دیا کہ یوں

اس وقت نظم و نسق کے متعلق جو اعتراضات کئے گئے ہیں اور اس کی تطہیر اور پاکیزگی کے متعلق جو مطالبہ کیا گیا ہے۔ اگر اس پر غور و فکر نہ کیا گیا۔ اگر اسے پورا نہ کیا گیا تو میں آپ کو بتا دینا چاہتا ہوں کہ یہ سرزمین پاکستان جو اللہ تعالےٰ نے تمہیں اس لئے دی ہے کہ یہاں نیکی کا راج قائم ہو۔ خدا کے پاک رسولؐ کے پاک دین کا غلبہ ہو۔ لیکن اگر باوجود پاکستان کا

مطلب کیا لا الٰہ الا اللہ کہنے کے آج بھی وہی چنگیزیت و بربریت جاری رہی تو دولت خداداد پاکستان بھی زمین بے آئین بن کر رہ جائے گی۔ اور میں شاعر انقلاب جوش ملیح آبادی کا ہمنوا ہو کر کہوں گا۔ ؎

بے محابا دیو باطل ہے جہاں خنجر بدست
جس جگہ تعزیر کے قابل ہے مرد حق پرست
رات بے خوابی سے کٹتی ہے جہاں انسان کی
گاہی ہیں ہٹیاں انصاف کی ایمان کی
اس زمین پر سانپ اور اژدر برسنے چاہئیں
برق گرنی چاہئے پتھر برسنے چاہئیں

ایک معزز ممبر: برق گر چکی ہے

خان عبدالستار خاں نیازی: یہ برق مسلم لیگی مسلمانوں کی برق ہے۔ اور یہ بہت خطرناک ہے۔ میں یہ عرض کر رہا تھا کہ اس قسم کے واقعات ہیں جو پولیس نے کئے۔ موسے خیل کے گاؤں میں ایک آدمی کے متعلق خیال کیا جاتا تھا کہ وہ پولیس کا کہا نہیں مانتا۔ اس کے مکان کو جلا دیا گیا۔ اور اس کی بے عزتی کی گئی۔ اس وقت جیل میں ہے۔

وزیر اعظم: یہ کب کا واقعہ ہے؟

خان عبدالستار خاں نیازی: یہ ۱۵ اگست کے بعد کا واقعہ ہے۔ دسمبر کے بعد کا۔ اور میانوالی علاقہ کچہ میں جب پولیس تلاشی لینے کے لئے گئی تو مرد گھر پر موجود نہیں تھے۔ اور مستورات کو یہ کہے بغیر کہ وہ پردہ کریں وہ اندر داخل ہو گئے اور وہاں جب مرد آئے تو ان کو روکا گیا کہ کیوں اندر آ گئے۔ ان کو پیٹنا شروع کر دیا۔ اس قسم کی جو چیزیں ہیں۔ یہ ہمارے نظام کو کبھی درست نہ ہونے دیں گی۔ اگر ہم نے اپنے نظام کو صحیح کرنا ہے۔ اگر ہم نے اپنے خیالات۔ اعمال اور افکار کی تطہیر کرنی ہے تو اس کے لئے لازمی ہے کہ ہم عدل و انصاف کے اسلامی تصور کو سامنے رکھیں۔ اور خدا سے ڈریں۔ جیسا کہ ڈرنے کا حق ہے۔ بقول ؎

ضعیف اگر نظر پڑے رسولؐ کا جمال بن
قوی ہو گرچہ سامنے تو قہر ذوالجلال بن
خدا کے آگے سر جھکا کہ سرکشوں کا سر جھکے
قضا تم گردوں کی ہو تم زدوں کی ڈھال بن (ظفر علی خاں)

Sardar Ata Muhammad Khan Buzdar (Dera Ghazi Khan North, Muhammadan, Rural):

سردار عطا محمد خاں بزدار:

جناب عالی پیشتر اس کے کہ میں حکومت کے حکام کی بدعنوانیوں کا ذکر کروں اور اپنے دوست

محترم عبدالستار خان نیازی کی ہمنوائی کروں میں موجودہ حکومت کے متعلق کچھ کہنا چاہتا ہوں جناب عالی ہم نے جو پاکستان کا نعرہ لگایا تھا اور ایک علیحدہ مملکت کا مطالبہ کیا تھا تو اس کی وجوہات یہ پیش کی تھیں کہ ہمارا کلچر ہماری تہذیب ہمارا تمدن غیر قوموں اور غیر مسلموں سے بالکل الگ ہے۔ اور چونکہ ہم ایک علیحدہ تہذیب اور تمدن کے مالک ہیں اس لئے ہمیں اپنی تہذیب اور تمدن کو برقرار رکھنے کے لئے ایک الگ علاقہ دیا جائے چاہیئے تو یہ تھا کہ جب ہمیں ایک الگ علاقہ پاکستان مل گیا تھا تو ہم پاکستان کے مدعا کو پورا کرتے لیکن میں دیکھ رہا ہوں کہ اس چیز کی طرف قطعاً کوئی توجہ نہیں دی جا رہی بلکہ اس چیز کی طرف متوجہ ہونے کا ارادہ بھی نہیں معلوم ہوتا۔ ابھی تک ہم اسی پرانی ذہنیت میں ہی رہتے ہوئے ہیں جس میں ہمیں انگریز چھوڑ گئے تھے۔ اب ایک طرف تو ہم یہ چاہتے ہیں کہ کچھ نہ کچھ سوشل ریفارمز (social reforms) کریں۔ دوسری طرف یہ بھی چاہتے ہیں کہ اسلامی لائحہ عمل پر چلنے کی کوشش کریں اور تیسری طرف ہمارا دل سرمایہ داری کو بھی نہیں چھوڑنا چاہتا۔ آخر یہ سب چیزیں ایک ہی وقت میں ایک سٹیٹ میں کس طرح اکٹھی ہو سکتی ہیں؟ یہ ناممکن ہے۔ میرے دوست عبدالستار صاحب نیازی کے ارشاد کے مطابق ہم ایک ملا جلا امریکی روسی اسلامی نظام بنانے کے لئے بیتاب ہیں۔ اور حقیقت یہ ہے کہ ہم یکسوئی کی طرف مائل ہی نہیں۔ جناب والا نوزائیدہ حکومت کے راستے میں بہت سی مشکلات ہیں لیکن مشکل اس بات کے لئے وجہ جواز تو نہیں ہو سکتی کہ ہم اپنے ارادوں کو پورا کرنے کی کوشش بھی نہ کریں۔ ہماری حکومت کی عجیب صورت ہے۔ جب لوگ تنگ کرتے ہیں کہ حکومت کچھ نہیں کرتی تو اس وقت حکومت اعلان کر دیتی ہے کہ ہم transport کو nationalise کر دیں گے۔ پھر جب لوگ پولیس کے خلاف شور کرتے ہیں تو ہمارے منسٹر اعلان کر دیتے ہیں کہ پولیس میں مولوی بھرتی کئے جائیں گے اور ہر ضلع میں ایک مولوی صاحب انسپکٹر رکھا جائے گا۔ جو ان کے افعال اور اعمال کو درست کرے گا۔ جناب عالی میں یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ ایک مولوی اگر وہ صحیح معنوں میں نیک بھی ہو جس کے متعلق مجھے شک ہے تو وہ ہزارہا کی تعداد میں پولیس والوں کو کس طرح نکو کار بنا سکتا ہے اور اپنا ہم خیال بنا سکتا ہے میرے خیال میں تو کچھ دنوں کے بعد اس کی پوزیشن بھی دوسروں کی طرح ہو جائے گی اور وہ بھی آن میں گھل مل جائے گا۔ ہمیں ساری پولیس کی ذہنیت بدلنی ہے اس لئے یہ ناکافی ہے کہ فی ضلع ایک ایک آدمی ہو (ایک معزز رکن ۔ ۵۰۰ مولوی رکھے جائیں گے) (ایک اور معزز رکن۔ وہ نمازیں پڑھایا کریں گے) نمازیں پڑھائیں گے۔ لیکن دلوں کو بدلنا کوئی آسان کام نہیں ہے اسی طرح جب صوبہ کے چپے چپے سے یہ اطلاعات آتی ہیں کہ rehabilitation اور allotment کے سلسلہ میں یہ بدعنوانیاں سرزد ہوئی ہیں اور ہو رہی ہیں تو ان کی تحقیقات کے لئے ایک کمیٹی بنا دی جاتی ہے کئی دن گذر جاتے ہیں لیکن اس کے اختیارات کا اعلان ہی نہیں ہوتا۔ اور کمیٹی کے ممبران ابھی تک یہیں بیٹھے ہوئے ہیں۔ (راجہ سید اکبر۔ آپ بھی اس کمیٹی کے ممبر ہیں) ہاں۔ مجھے اس کا علم ہے۔ ہاں تو میں یہ عرض کر رہا تھا کہ کمیٹی کے ممبران ابھی تک یہیں بیٹھے ہیں اور مجھے کوئی امید نہیں کہ مستقبل قریب میں ان بدعنوانیوں کے متعلق وہ اپنی رپورٹ مرتب کر سکیں۔ ان سب باتوں سے ایسا معلوم ہوتا ہے کہ حکومت چاہتی ہے کہ کسی نہ کسی طرح یہ وقت ٹل جائے بعد میں دیکھا جائے گا۔ اور ادھر میاں افتخار الدین صاحب اپنی

nationalization کے زور میں ہماری حکومت کے بُری طرح پیچھے پڑے ہوتے ہیں۔ اور ان بیچاروں کو دم نہیں لینے دیتے (قہقہے) جناب عالی مجھے ایک حسب حال مثال یاد آگئی ہے اُسے جناب عالی کی اجازت سے پیش کرنا چاہتا ہوں۔ جناب عالی۔ اک نائی سی۔

Mr. Speaker: Please do not descend to Punjabi from Urdu.

معزز ممبران: جناب عالی مثال پنجابی میں سننے دیجئے اُردو میں مزہ نہ آئے گا۔

صاحب سپیکر: اچھا سنائیے۔

جناب عالی اک نائی سی۔ (قہقہے) اور سفر تے جا رہا سی۔ رستے وچ اوہدے نال عزرائیل ہم سفر ہو گئے۔ کچھ دیر اکٹھا سفر کیتا۔ جس ویلے فیر رستے وچوں جدا ہون لگے تے عزرائیل ہوری کہن لگے میں عزرائیل ہاں تے کیونکہ میں تیرے نال سفر کیتا اے اوکھنی دیر تیرے نال رہیا واں ایس واسطے تیرے اُتے مہربانی کر کے تینوں اک نسخہ دینا چاہنا واں۔ اوہنے کیہا دسو جی۔ عزرائیل نے اونوں کیا کہ اپنی وستی وچ جا کے تو اعلان کر دے کہ میں حکیم آں جد لوگ تینوں بیمار کول سدّن تے توں ویکھیا کر میں بیمار دے کیڑے پاسے کھلوتا واں۔ جے تے میں بیمار دے سرہانے پاسے نظر آواں تے بھائویں اونوں کتنی وڈی بیماری لگی ہووے کہہ دئیں آرام آجائے گا۔ تے جے پیراں ول دساں تے بھائویں اونوں زکام ای لگا ہووے سمجھیں کہ ہن گیا کہ ہن گیا تے کہہ دیئں اے نہیں بچن لگا۔ او چلا گیا تے اپنی وستی وچ جا کے اعلان کر دتا میں بڑا حکیم آں میرے کولوں علاج کراؤ۔ لوک اونوں اپنے گھر سدّن بھی آ کے بیمار دیکھ جاؤ۔ او جاتے تے جا کے ویکھیا کرے جے اونوں عزرائیل سرول نظر آئے تے کہہ دے ۵۰۰ یا ۱۰۰۰ روپیہ لوا لگا یہ اینوں آرام ضرور آجائے گا۔ تے جے پیراں ول عزرائیل نظر آوے تے کہہ دیا کرے میں ایدا علاج نہیں کرنا اے نہیں بچن لگا۔ تھوڑے دن وچ حکیم بڑا مشہور ہو گیا پیسہ وی اتنے بڑا وٹیا اک دن حکیم صاحب نوں خود بخار ہو گیا۔ حکیم صاحب منجی اتے لیٹے پئے تے عزرائیل پیراں ول آ گیا حکیم جی نے پیر دوجے پاسے کر لئے۔ او فیر اودھر آ گیا۔ فیر حکیم جی نے پیر ہور پاسے کر لئے۔ عزرائیل فیر اوس پاسے آ گیا۔ ہولی ہولی اودیاں حرکتاں تیز ہون لگیاں فیر اینیاں تیز ہویاں کہ او بچن لگ پیا۔ اوہدے رشتہ داراں نے ویکھیا تے کیہا کہ حکیم صاحب نوں دورہ پئے گیا۔ اوناں نے حکیم جی نوں پھڑ رسی نال بن کر منجی اتے لبا پا دتا جس ویلے بن دتا تے عزرائیل پیراں ول آن کھلوئے۔ حکیم جی کہن لگے میں تے تینوں قیامت تیئں پیراں ول نہیں سی آن دینا پر انہاں نے بن کر رکھ دتا۔ (قہقہے اور مسلسل قہقہے) تو جناب عالی میاں افتخار الدین صاحب بھی اس طرح حکومت کے پیچھے پڑے ہوئے ہیں لیکن باندھنے والا کوئی نظر نہیں آتا۔ (پھر قہقہے)

بعینہ اسی طرح میاں افتخار الدین صاحب ہماری حکومت پیچھے پڑے ہوئے ہیں (قہقہہ) وہ کبھی شیخوپورہ جاتے ہیں جو ہمارے آنریبل وزیر تعلیم کا گھر ہے۔ اور کبھی کہیں جاتے ہیں۔ کبھی کہیں پہنچتے ہیں۔ اور جو چیز بھی ہوتی ہے۔ وہ ان کی مخالفت میں بیان کرتے ہیں۔ اب ہماری حکومت اس مخمصہ سے نجات حاصل کرنے کے لئے ہاتھ پاؤں مارتی ہے۔ مگر اسے کوئی راہ نجات ملتی نہیں۔ (قہقہہ)

اسکے بعد جناب والا میں آپ کی وساطت سے حکومت کی توجہ اس کے اعمال کی بےقاعدگیوں کی طرف منعطف کراتا ہوں۔ جب یہ حکومت برسر اقتدار آئی تھی۔ تو اس وقت اس نے مسلم لیگ اور مسلم عوام کے ساتھ چند وعدے کئے تھے۔ ان کا پہلا وعدہ یہ تھا۔ کہ تمام آدمی جو ملک خضر حیات خاں کے عہد میں ملازمتوں میں لئے گئے تھے۔ ان کو ملازمتوں سے نکال دیا جائے گا۔

صاحب سپیکر:۔ اس طرح نام لے کر ذکر نہیں کرنا چاہئے۔

سردار عطا محمد خاں بزدار:۔ بہتر۔ اس وقت ہم سے یہ وعدہ کیا گیا تھا۔ کہ جو وکیل مجسٹریٹ صاحبان ہیں۔ ان کو نکال دیا جائے گا۔ ان کی تقرری جن حالات میں ہوئی تھی۔ ان کا آپ کو علم ہے۔ ان کی سب سے بڑی خصوصیت یہ تھی۔ کہ انہوں نے الیکشن میں مسلم لیگ کے امیدواروں کی مخالفت کی تھی۔ اور بہت زور کے ساتھ کی تھی۔ ان کی دوسری خصوصیت یہ تھی۔ کہ وہ بہت زیادہ خوشامدی واقع ہوئے تھے۔ اس طرح انہوں نے پہلی وزارت کے عہد میں خوشامدیں کر کے اور مسلم لیگ کی مخالفت کر کے یہ عہدے حاصل کئے تھے ہماری حکومت نے ہم سے یہ وعدہ کیا تھا۔ کہ وہ برسر اقتدار آتے ہی ان تمام لوگوں کو ختم کر کے رکھ دیگی۔ لیکن ہم دیکھ رہے ہیں۔ کہ وہ ویسے کے ویسے اپنے عہدوں پر موجود ہیں۔ عوام بڑی بےتابی سے حکومت کے اس فیصلہ کا انتظار کر رہے ہیں۔ کہ کب ان کو ان لوگوں سے نجات ملتی ہے۔ ان کے بنانے والے چلے گئے لیکن بننے والے ابھی تک موجود ہیں۔ نواب اللہ بخش ٹوانہ.....

Mr. Speaker: Please do not mention names.

سردار عطا محمد خان بزدار:۔ اچھا جی سابق وزیر اعظم کے چچا بھی چلے گئے۔ اور وہ غالباً اس وقت لندن میں ہیں۔ لیکن ان کے بنائے ہوئے لوگ موجود ہیں۔ اور لوگ اس بات کا انتظار کر رہے ہیں۔ کہ کب ان کو ہٹایا جاتا ہے۔ میں حکومت سے درخواست کروں گا۔ کہ وہ اس سلسلہ میں جلد اپنی پالیسی کی وضاحت کرے۔

اس کے بعد میں پبلسٹی ڈیپارٹمنٹ کی طرف اپنی وزارت کی توجہ منعطف کراتا ہوں مجھے پبلسٹی ڈیپارٹمنٹ سے وہ کد نہیں ہے۔ جو نیازی صاحب کو ہے۔ اور میں اصولاً اس چیز کا مخالف نہیں ہوں۔ بلکہ میں یقین کے ساتھ کہتا ہوں۔ کہ کوئی مہذب حکومت پبلسٹی ڈیپارٹمنٹ کے بغیر نہیں چل سکتی۔ لیکن جس طریق پر ان کا تقرر کیا گیا ہے۔ اس کا میں مخالف ہوں۔

ان لوگوں کی تقرری سے پہلے وزراء ہم سے یہ کہتے رہے ہیں کہ اس محکمہ میں ان لوگوں کو مقرر کیا جائے گا۔ جنہوں نے لیگ کی خدمات انجام دی ہیں۔ لیکن اب وہ انہیں مقرر کرنے میں ہچکچاتے ہیں۔ اور عملی طور پر جو کچھ ہو رہا ہے۔ وہ ان کی طرف سے کئے ہوئے وعدوں کے خلاف ہے۔ میں حکومت سے استدعا کروں گا۔ کہ وہ اس پر اپنی توجہ مبذول فرمائے۔ اور جو غلطیاں ان تقرریوں میں ہوئی ہیں۔ ان کو دور کرے۔

Rai Mir Muhammad Khan (Samundri, Muhammadan, Rural) :

رائے میر محمد خاں:۔ جناب والا۔

یہ امر ہمارے لئے موجب مسرت ہے۔ کہ اللہ تعالےٰ نے ہمیں قیام پاکستان کے سلسلے میں ہر طرح سے کامیابی دی ہے۔ اور ہماری حکومت خیالیں پانچویں بڑی حکومت اور پھر اسلامی حکومت ہے۔ جہاں تاریخ میں اس جہت میں ہمیں مبارکباد دی جائیگی۔ وہاں یہ بات بھی نظر آرہی ہے۔ کہ مؤرخ ہمارے متعلق یہ بھی لکھیں گے۔ کہ ہم بھی افسر یونینسٹ وزارت کے پیرو نکلے۔ اب جہاں تک رشوت ستانی۔

Mr. Abdul Ghafur Qamar : Is the hon'ble member allowed to read ?
Mr. Speaker : He is only consulting his notes.

رائے میر محمد خاں:۔ رشوت ستانی۔ بلیک مارکیٹ۔ لوٹ مار یونینسٹ وزارت کے دور سے جاری ہے۔ اور اب بھی اگر یہ خرابیاں بدستور جاری رہیں۔ تو یہ امر ہمارے لئے موجب شرم ہوگا۔ آج اس ہاؤس میں خدا کے فضل سے opposition نہیں ہے۔ اور ہم سب بھائی ہیں اس لئے اگر آج ہماری وزارت اور لیگ پارٹی کے قول و فعل میں فرق نہیں ہے۔ تو اس کا یہ مطلب نہیں۔ کہ ہمیں تصویر کا دوسرا رخ دیکھنے کی کوشش نہیں کرنی چاہئے۔ میرے پاس اس قسم کی مختلف مثالیں موجود ہیں۔ کہ جو کام ہماری وزارت نے کئے ہیں۔ ان میں خرابیاں بھی ہیں ابھی ہمارے افسروں میں رشوت ستانی موجود ہے۔ بلیک مارکیٹ پہلے کی طرح ہو رہی ہے۔ خویش پروری بڑے زوروں پر ہے۔ اور اگر اس سلسلہ میں کوئی قدم اٹھائے جائیں۔ تو متعلقہ افسروں کے پاس کوئی شنوائی نہیں ہوتی۔ اس رشوت ستانی کو دور کرنے کے لئے جہاں تک ہو سکے جلد از جلد کوشش کرنی چاہئے۔ اور اس سلسلہ میں جو کمیٹی مقرر کی گئی ہے۔ اسے جلد از جلد کام پر لگانا چاہئے۔ اور خویش پروری کی لعنت کو دور کیا جانا چاہئے۔ اور مستحق لوگوں کی جائز حوصلہ افزائی کی جانی چاہئے

میں آنریبل وزیر مالیات کی توجہ اس امر پر مبذول کرانا چاہتا ہوں۔ کہ مغربی اضلاع مثلاً لائلپور میں بنجر اور غیر آباد زمینیں پڑی ہیں۔ جو پانی کی کمی کی وجہ سے غیر آباد ہیں۔ ان زمینوں کو آباد کرنا چاہئے ان کے لئے پانی دیا جانا چاہئے۔ اس کے علاوہ جن اراضیات کو پانی نہیں لگ سکتا۔ وہاں ٹیوب ویل اور چاہات کا انتظام کیا جائے۔ تاکہ ہمارا صوبہ زرعی اعتبار سے کامیاب اور خوش حال بن سکے۔ جو پرانی آبادیاں ہیں۔ ان میں ۵ فیصدی پانی ملتا ہے۔ اب پانی کی کمی کے باعث نصف سے زائد

اراضیات بے کار بنجر پڑی ہوئی ہیں۔

ایک اور تکلیف دہ بات ہے۔ اور وہ یہ ہے۔ کہ جو لوگ یونینسٹ وزارت کے پٹھو تھے۔ اور جو پہلے دور میں مسلم لیگ کے ممبروں کو اذیت پہنچاتے رہے۔ ان میں سے اکثر آج بھی سرکاری عہدوں پر اپنی اجارہ داری قائم کئے ہوئے ہیں۔

اس امر کی طرف فوری توجہ کی ضرورت ہے۔ کہ جو لوگ یونینسٹ پارٹی کے پٹھو تھے۔ اب بھی کلیدی آسامیوں پر متعین ہیں۔ اور انہیں اسی طرح انعام و اکرام دیا جا رہا ہے اور مستحق لوگوں کو محروم رکھا جا رہا ہے۔

محکمہ سول سپلائی میں اندھیر مچا ہوا ہے۔ جو کام پانچ آدمی کر سکتے ہیں وہاں آٹھ لگائے ہوئے ہیں۔ انہیں کام کچھ نہیں۔ بس سارا دن پھرتے رہتے ہیں۔ ان لوگوں کو بھی نکال کر خرچ میں بچت کرنی چاہئے۔

مہاجرین کو آباد کرنے کے لئے جو سپیشل مجسٹریٹ مقرر کئے گئے ہیں۔ ان کے متعلق بھی تحقیقات کرانی چاہئے۔ اور انہوں نے جو غلطیاں کی ہیں۔ ان کے لئے مناسب سزا دی جانی چاہئے مجھے علم ہے کہ انہوں نے غلطیاں کی ہیں۔ اور اگر افسران بالا سے ان کی شکایت کی جاتی ہے۔ تو شنوائی بھی نہیں ہوتی براہ مہربانی جلد از جلد ان تمام امور کی طرف توجہ دی جائے۔

Raja Said-Akbar Khan (Gujar Khan, Muhammadan, Rural) :

راجہ سید اکبر خاں:۔

صاحب صدر مجھے خوانہ کی نشستوں کی وجہ سے گورنمنٹ پر تنقید کا حکم ملا ہے صاحب صدر آپ کو اچھی طرح یاد ہوگا کہ راولپنڈی میں جو فسادات ہوئے۔ ان کے نتیجہ کے طور پر مسلم لیگ کے بعض ایسے مخلص اور نیک کارکنوں کو جن کے خلاف نہ صرف کوئی جرم ثابت ہوا۔ اور نہ ہی کسی جرم کی رپورٹ موصول ہوئی تھی۔ یوں کیمپ ضلع کانگڑہ میں بھیج دیا گیا تھا تقسیم کے بعد یہ کیمپ مشرقی پنجاب میں چلا گیا۔ حکومت کی توجہ بارہا اس امر کی طرف دلائی گئی تھی۔ کہ اس کیمپ میں اکثر قیدی ایسے ہیں جو بالکل بے گناہ ہیں۔ محض دشمن کی انگشت نمائی پر جیل میں ڈال دیئے گئے ہیں۔ جن کا جرم صرف اتنا ہے کہ وہ لیگی ہیں۔ اور لیگ کے دیانتدار اور مخلص کارکن ہیں۔ لیکن وزارت نے اس امر کی طرف کوئی توجہ نہ دی۔

صاحب سپیکر:۔ آپ کس وزارت کو مخاطب کر رہے ہیں۔ یہ وزارت تو تقسیم پنجاب کے بعد برسر اقتدار آئی ہے۔

راجہ سید اکبر خاں:۔ میری وزارت سے مراد یہی وزارت ہے۔ کیونکہ تقسیم کمیٹی میں مغربی پنجاب کی نمائندگی انہی حضرات نے کی تھی۔ جو اس وقت وزیر ہیں۔ جناب والا ہم نے وزیر اعظم دیگر وزراء میاں امیر الدین میئر لاہور کارپوریشن کو تار دیئے۔ حالانکہ اس کام سے میاں صاحب کو براہ راست کوئی تعلق نہ تھا۔ لیکن نہایت افسوس کے ساتھ کہنا پڑتا ہے۔ کہ اس اہم معاملے کی طرف کسی وزیر نے توجہ نہ دی۔ اور ان قیدیوں کو حفاظت کے ساتھ مغربی پنجاب لانے کا

کوئی بندوبست نہ کیا گیا۔ نتیجہ یہ ہوا کہ دس بارہ مخلص لیگی کارکن شہید کر دیئے گئے۔ ان لوگوں کی جانیں محض حکومت کی عدم توجہی کی نظر ہو گئیں۔ اس معاملہ میں تھوڑی توجہ اگر دی۔ تو میاں امیر الدین نے جن کا اس معاملہ کے ساتھ جیسا کہ پہلے عرض کر چکا ہوں۔ براہ راست کوئی تعلق نہ تھا۔

فسادات کے دنوں میں راولپنڈی میں ہندو اور سکھ افسران تعینات کر دیئے گئے تھے۔ جن میں اکثر وہاں کے مقامی باشندے تھے انہوں نے علاقہ کے تمام معزز اشخاص کو گرفتار کر لیا ان کا تمام مال و اسباب اکٹھا کر کے پولیس تھانوں میں جمع کر دیا۔ جو ابھی تک وہیں پڑا ہے۔ وزارت نے ابھی تک وہ سامان مالکوں کو واپس کرنے کے سلسلہ میں کوئی حکم جاری نہیں کیا ہے حالانکہ نہ کوئی رپورٹ دہندہ رہا ہے۔ اور نہ کوئی گواہ ہے وہ سب لوگ مشرقی پنجاب میں چلے گئے ہیں۔ بعض لوگوں کے گھر کا تمام مال و اسباب تھانہ میں پڑا ہے اور ابھی تک اسے واپس لوٹانے کے بارہ میں حکومت نے کوئی قدم نہیں اٹھایا ہے۔ اور پھر سامان واپس لینے کا طریقہ نہایت پیچیدہ اور مشکل ہے مثلاً پہلے تھانیدار رپورٹ کرتا ہے۔ پھر ڈپٹی سپرنٹنڈنٹ پولیس رپورٹ کرتا ہے۔ پھر سرکاری وکیل اس کے بعد پروسیکیوٹنگ ڈپٹی سپرنٹنڈنٹ پولیس کی رپورٹ کرنے کی باری آتی ہے یہاں تک کہ سامان حاصل کرنے پر سامان کی قیمت سے زیادہ خرچ اٹھ جاتا ہے۔ پھر ایوان کے ممبران کو احساس ہے۔ کہ سیفٹی ایکٹ بے گناہوں پر ستم رانیوں کے لئے ایجاد کیا گیا تھا۔ یہ ایک ایسی حکومت کی ایجاد تھی۔ جسے عوام کی تائید حاصل نہ تھی۔ لیکن یہ آج جمہوری حکومت کے زمانہ میں بھی نافذ العمل ہے ایسی جمہوری حکومت جو عوام کے بے پناہ جذبے کے باعث معرض وجود میں آئی۔ اور عوام کی مرضی کے بغیر ایک منٹ بھی برسر اقتدار نہیں رہ سکتی ہے۔ اگر اس قسم کی تجسلیشن اب بھی جاری رہی۔ تو ہم دنیا کے سامنے اپنا سر اونچا نہیں کر سکیں گے۔

یہ ایسا منحوس قانون ہے۔ کہ جس سے پولیس والے شریفوں کو بلا وجہ پکڑ سکتے ہیں۔ ایک دفعہ ۱۵۱ اور دوسری ۵۴ یہ وہی دفعات ہیں۔ جن کے ماتحت پولیس افسر بڑے سے بڑے اور معزز سے معزز آدمیوں پر ہاتھ ڈالا کرتے تھے۔ اب پولیس افسروں اور مجسٹریٹوں کو پبلک سیفٹی ایکٹ کے ماتحت جو اختیارات حاصل ہیں۔ اس کے سامنے دفعہ ۱۵۱ دفعہ ۵۴ کے اختیارات ہیچ ہیں۔

وزیر اعظم : کیا یہ اسی صوبہ میں ہے یا کسی اور صوبہ میں بھی؟

راجہ سید اکبر خاں :۔ ہم تو اسی صوبہ کے لئے ذمہ دار ہیں۔ اگر ہم کسی اور صوبہ کے لئے تجسلیشن کا اختیار رکھتے ہیں۔ تو آنریبل وزیر اعظم بتا دیں۔ تو حضور والا۔ میں یہ عرض کر رہا تھا۔ کہ افسروں کو وسیع تریں اختیارات حاصل ہیں۔ اور وہ ہر آدمی کی بے عزتی کر سکتے ہیں۔ کسی شخص کی آزادی کو ایک منٹ میں ختم کیا جا سکتا ہے۔ اور بغیر وجہ بتائے۔ حیرت کی بات ہے۔ کہ اس جنگلی کے ایجاد کردہ گورنرز ایکٹ کو ہماری حکومت ابھی تک قائم رکھے ہے۔ اور اس امر کے باوجود کہ ایوان کا اجلاس ہو رہا ہے۔ اسے ہاؤس کے سامنے پیش نہیں کیا گیا۔ ایک معمولی سا اہلکار کسی بڑے سے بڑے آدمی کو بغیر کسی

تحقیقات کے، بغیر کسی رپورٹ اور بغیر ثبوت کے چھ ماہ کے لئے جیل میں ڈال سکتا ہے۔ اس وزارت کے ارکان تو خود اسی آرڈیننس کے زخم خوردہ تھے۔ انہیں چاہئے تھا۔ کہ جلد از جلد سب سے پہلے اس کو منسوخ کرتے مگر افسوس ہے۔ کہ یہ قانون اسی طرح پوری آب وتاب سے موجود ہے۔ اور اس پر اسی طریق سے عمل ہو رہا ہے جس طرح خضر حیات وزارت کے وقت ہوتا تھا۔ آج بھی باہر کے ضلعوں میں مسلم لیگ کے وہی کارکن گرفتار کئے جا رہے ہیں۔ جو پہلی وزارت کے وقت گرفتار ہوتے تھے۔ اور وجہ کیا ہوتی ہے۔ علاقہ مجسٹریٹ کی ناراضگی۔ یا تھانیدار کی ناراضگی۔ کہ تم میرے حضور میں اس طرح کیوں پیش آئے ہو۔ اچھا میں تم کو دفعہ ۱۵۱ کے ماتحت گرفتار کرتا ہوں۔ دفعہ ۳ کے ماتحت گرفتار کرتا ہوں۔ دفعہ ۱۵۱ کے ماتحت تو صرف ۲۴ گھنٹے حوالات میں رکھا جا سکتا تھا۔ اس کے بعد مجسٹریٹ کے سامنے پیش کرنا پڑتا تھا۔ کوئی دوسرا آدمی اپیل کرا سکتا تھا۔ ہیبس کارپس کی درخواست دی جا سکتی تھی۔ مگر یہ ایسی تیسلیشن ہے۔ کہ اگر اسے احتیاط سے استعمال کیا جائے۔ تو کسی شخص کو ابدالآباد تک جیل میں رکھا جا سکتا ہے مثلاً ۶ ماہ گزرنے کے بعد اسے رہا کیا۔ اور پھر دو گھنٹے کے اندر اندر گرفتار کر کے ۶ ماہ کے لئے جیل بھیج دیا۔ اور اسی طرح یہ لامتناہی سلسلہ چلتا رہا۔ وہ شخص کبھی جیل سے نکل ہی نہیں سکتا۔ نہ کوئی احتجاج ہو سکتا ہے۔ نہ اپیل ہو سکتی ہے۔ اور نہ ہیبس کارپس درخواست۔ صاحب صدر! میں نے یہ دیکھا ہوا ہے اور میرے نوٹس میں اس قسم کی بے شمار باتیں لائی گئی ہیں۔ اور مجھے امید ہے کہ ہاؤس کے دوسرے معزز ممبروں کے نوٹس میں بھی یہ باتیں آئی ہوں گی۔ کہ بعض ایسے تھانیدار موجود ہیں۔ جنہوں نے لیگ الیکشن کے دنوں میں مسلمانوں پر اپنے اختیارات کا ظالمانہ استعمال نہیں کیا تھا۔ گولی نہیں چلائی تھی۔ لاٹھی چارج نہیں کیا تھا۔ اور اس پاداش میں اس وقت کی حکومت نے انہیں برطرف کر دیا تھا۔ اور وہ آج بھی برطرف ہیں۔ یہ حکومت بھی انہیں بحال کرنے کو تیار نہیں۔ (وزیر مالیات Question) اور وہ لوگ جو ان دنوں مسلمانوں پر لاٹھی چارج کر کے بڑی بڑی ترقیاں حاصل کرتے تھے۔ آج اس حکومت کی نظروں میں بھی محبوب ہیں۔ آج بھی ترقیاں پا رہے ہیں۔ اور وہ بیچارے جو مسلمانوں کی خدمت کے جرم کی پاداش میں برطرف ہوئے تھے آج بھی بے طائلان پھر رہے ہیں۔ یہ ایک ایسی بات ہے۔ جس کی طرف ہماری حکومت کو فوری طور پر پوری پوری توجہ دینی چاہئے۔

Malik Wazir Muhammad (Inner Lahore, Muhammadan, Urban) :

ملک وزیر محمد:۔

صاحب صدر! نکتہ چینی تو سب کر لیتے ہیں۔ مگر دیکھنے والی بات یہ ہے۔ کہ پولیس جس نے لیگ کی الیکشن کے دنوں میں عوام کا ساتھ دیا اس وقت ہماری مدد کی۔ ان میں سے بعض ایسے ہیں۔ جیسے اس وقت کے سٹی کوتوال لاہور جنہیں معمولی اے۔ ایس۔ آئی بنا کر بھیج دیا گیا تھا جن کی اس لیگ وزارت نے کوئی مدد نہیں کی (وزیر مالیات Question) دوسری طرف بعض ایسے تھانیدار تھے۔ جو بعض ممبر صاحبان کے رشتہ دار ہونے کی وجہ سے یا کچھ سمجھ بیٹھے۔ ترقیاں پاتے رہے۔ حالانکہ عوام کو ان کے خلاف شکایات تھیں۔ اور میں سمجھتا ہوں کہ جب عوام کہتے ہیں۔ کہ انہیں تکلیف ہے۔ تو ضرور تکلیف ہو گی۔ یہ الگ بات ہے۔ کہ ہم لوگ

ان پولیس افسروں کے پاس جائیں۔ میں جاؤں یا میاں امیر الدین صاحب جائیں۔ تو وہ اچھی طرح پیش آجائیں۔ اور کہہ دیں۔ کہ یہ بات تھی۔ وہ بات تھی۔ مگر جب عوام ان کے پاس جاتے ہیں۔ تو ان سے اسی طرح بُرا سلوک کرتے ہیں۔ نہ ان کی سنتے ہیں نہ مانتے ہیں۔ تو میں یہ عرض کر رہا تھا۔ کہ ایسے افسروں کو بھی ترقیاں مل رہی ہیں۔ مثلاً اس وقت یہاں لاہور میں جو سٹی مجسٹریٹ تھے۔ جب ہم ان کے پاس جاتے سفارش کے لئے کہ دفعہ ۱۰۷ یا دفعہ ۱۴۴ میں ضمانتیں لے لو۔ تو وہ بالکل ہماری بات نہ سنتے اب سنا ہے۔ کہ ان کو بھی ترقی مل گئی ہے۔ اور وہ بھی اوپر چلے گئے ہیں۔

صاحب سپیکر: مجھ سے خطاب فرمائیے۔

ملک وزیر محمد: حضور والا! یہ ذرا ادھر باتیں کر رہے تھے نا۔ (قہقہہ) اب حضور والا! اور سنئیے بعض ایسے ممبر صاحبان نے جو خضر حیات کے ساتھ تھے۔ لیگ کے pledge پر دستخط کرنا چاہئے اور انہوں نے منظور کر لیا۔ خیر یہ تو ہوا۔ مگر میں اپنی حکومت کو خبردار کرنا چاہتا ہوں۔ کہ لوگ لیگ میں شامل ہونے کے باوجود درپردہ سازشوں میں مصروف ہیں۔ اور کسی روز ضرور کھل کھلائیں گے۔ آپ یقین رکھئے۔ کہ غدار ضرور غداری کرے گا۔ وہ غداری کئے بغیر رہ ہی نہیں سکتا۔ میں اپنی حکومت کو آگاہ کئے دیتا ہوں۔ کہ وہ ان سے خبردار رہے۔ (قطع کلامی) وقت آنے پر سب کچھ بتا دیا جائے گا۔ اس وقت صرف یہی کہہ رہا ہوں۔ کہ ان سے خبردار رہیئے

Mr. Speaker : please address the Chair.

ملک وزیر محمد:

صاحب صدر! میں آپ کی وساطت سے حکومت کے وزیروں کو یہ بتانا چاہتا ہوں۔ کہ عوام کی رائے یہ ہے۔ اور میں سمجھتا ہوں۔ کہ عوام کبھی یونہی نہیں کہتے۔ ان کی رائے ضرور وزن دار ہوتی ہے۔ جو لوگ یونینسٹ وزارت کے وقت عہدیدار اور با اختیار تھے۔ اور اس پر تلے ہوئے تھے۔ کہ مسلم لیگ کی مخالفت کرتی ہے۔ آج مسلم لیگ وزارت کو ان سے خبردار رہنا چاہیئے۔

عوام نے یہ سمجھا تھا۔ کہ لیگ وزارت بننے پر رشوت ستانی دور ہو جائے گی۔ مگر وہ اسی طرح موجود ہے۔ میں مانتا ہوں۔ کہ اس میں عوام کا اپنا قصور بھی ہے۔ ہم لوگ ہی افسروں کو رشوت کی عادت ڈالتے ہیں۔ اور انہیں رشوت کے طریقے بتاتے ہیں۔ ہم بھی بلیک مارکیٹ کرتے ہیں۔

جناب والا میں آپ کی خدمت میں عرض کر رہا تھا۔ کہ دوکانوں کی (allotment) کے سلسلے میں بھی رشوت بڑے زوروں پر ہے۔ مسلمانوں کی کئی دوکانیں ایسی ہیں۔ جو حکومت کے کارندوں نے seal کر دی ہیں۔ اور ان کو واپس نہیں دی جاتیں۔ انارکلی میں بھی ابھی تک کئی دوکانیں بند پڑی ہیں۔ حکومت کو چاہیئے۔ کہ وہ دکانیں موزوں آدمیوں کو دیکر تجارت پیشہ لوگوں کو کاروبار کا موقع دے۔

رشوت ستان افسروں کے متعلق میں صرف یہ عرض کروں گا۔ کہ اب ان کو اپنی پورانی روش چھوڑ کر قومی خدمت کی طرف متوجہ ہونا چاہئے۔ اس وقت ہمیں قوم کی تعمیر کا مسئلہ درپیش ہے۔ مگر اس سلسلے میں میں یہ کہے بغیر نہیں رہ سکتا۔ کہ اگر رشوت لینے والے بہت زیادہ ہیں۔ تو رشوت دینے والے کوئی کم نہیں ہیں۔ لوگ رشوت کی شکایت کرتے ہیں مگر اس میں صرف افسروں کا ہی قصور نہیں۔ عوام بھی افسروں کو رشوت لینے پر مجبور کرتے ہیں۔ اہلکار رشوت اسی وقت لیتے ہیں جب لوگ دیں۔ ورنہ افسروں یا اہلکاروں نے کبھی اس کا مطالبہ نہیں کیا۔

اس کے علاوہ میں حکومت کی توجہ ایسے عنصر کی طرف دلانا چاہتا ہوں۔ جو ہماری قومی حکومت (پاکستان) قائم ہو جانے کے بعد بھی تخریبی کارروائیوں کے درپے ہے۔ ایسی کارروائیاں جو ہماری حکومت کے لئے نقصان دہ اور مضرت رساں ہوں۔ ہرگز برداشت نہیں کی جا سکتیں اس کے ذمہ دار وہ لوگ ہیں۔ جو مسلمان ہوتے ہوئے بھی مسلم لیگ اور پاکستان کے حامی نہیں ہیں۔ ایسے لوگ ہمارے نقائص ڈھونڈنے اور بیرونی طاقتوں سے ساز باز کرنے کے لئے ہر وقت کوشاں رہتے ہیں۔ مجھے ایسے لوگوں میں بیٹھنے اٹھنے کا اتفاق ہوا ہے۔ وہ پاکستان کو اس لئے برا کہتے ہیں۔ کہ پنجاب کی تقسیم کے بعد یہاں غیر مسلموں کی حفاظت نہ کی جا سکی۔ اس قسم کے لوگ میرے نزدیک پاکستان کے لئے نہایت خطرناک اور مضر ہیں۔ لہذا ان کے خلاف سخت کارروائی کی جانی چاہئے۔

جناب عالی۔ میں آپ کی خدمت میں یہ بھی عرض کرنا چاہتا ہوں کہ اس نظریئے کے لوگ اس بزرگ اعظم کی صرف دو سیاسی جماعتوں سے تعلق رکھتے ہیں۔ یعنی احرار اور کانگرس سے۔ میں آپکے سامنے اس قسم کی کئی مثالیں پیش کر سکتا ہوں۔ جہاں ایسے لوگوں نے حکومت ہند کے ساتھ ساز باز کر کے پاکستان کو نقصان پہنچانے کی کوشش کی ہو۔ لہذا اس سلسلے میں میں صرف ایک شخص کی مثال آپ کی خدمت میں پیش کرنا چاہتا ہوں۔ وہ ایک کانگرسی تھا اگر میں اس کا نام بتا دوں تو میرے خیال میں کوئی ہرج نہ ہوگا۔

صاحب سپیکر۔ نام بتانے کی کوئی ضرورت نہیں۔

ملک وزیر محمد۔ جناب والا۔ اس کانگرسی کے پاس کچھ کاغذات تھے۔ مجھے ان پر شک گزرا چنانچہ میں نے ان کا سراغ لگانے کی کوشش کی۔ کاغذات کے متعلق تو کچھ معلوم نہ ہو سکا۔ البتہ اتنا پتہ چل گیا۔ کہ وہی شخص فلاں دن بذریعہ ہوائی جہاز دہلی جانے والا ہے۔ اتفاقاً اسی روز میں نے بھی پیر الٰہی بخش کے استقبال کے لئے ہوائی اڈے پر جانا تھا۔ چنانچہ اسی روز وہ کانگرسی صبح ہی کاغذات بغل میں دبائے ہوائی جہاز کے اڈے کی طرف ہو لیا۔ میں نے ان کاغذات کے متعلق پولیس کو پہلے سے ہی آگاہ کر رکھا تھا۔ چنانچہ ہوائی اڈے پر پہنچتے ہی پولیس نے اسے گرفتار کر لیا۔ مگر افسوس ہمارے بعض مہربان حضرات نے ٹیلیفون پر بات چیت کر کے اسے پولیس سے چھڑا دیا۔ اور بعد ازاں وہی کانگرسی پنڈت جواہر لال نہرو کی پرائیویٹ طاقتور سیکرٹری کے ساتھ جو اتفاقاً ہوائی اڈے پر پہنچی ہوئی تھی۔ ہوائی جہاز میں سوار ہو کر دہلی روانہ ہوا۔ تو حضور والا میں عرض کرنا چاہتا ہوں۔ کہ ہمیں غداروں اور قوم کے دشمنوں کے ساتھ سخت سلوک کرنا چاہئے

اور انہیں ایسا سبق سکھانا چاہیئے۔ کہ آئندہ وہ قومی مفاد کے خلاف اپنے ناپاک ارادوں میں کامیاب نہ ہو سکیں۔

جناب والا۔ یہ لوگ کشمیر کے متعلق پاکستان کے لوگوں کے تاثرات حکومت ہند تک پہنچاتے ہیں۔ اور ہمیں نقصان پہنچانے کی کوشش کرتے ہیں۔ مگر میں انہیں آگاہ کر دوں۔ کہ ہم کشمیری ہیں۔ اور ہم کشمیر کو لیکر چھوڑیں گے۔

صاحب سپیکر:۔ آپ جو کچھ کہنا چاہتے ہیں۔ وہ عام نظم و نسق کے متعلق ہونا چاہیئے۔ کشمیر یا اسی قسم کے امور کے متعلق آپ کچھ نہ کہیں۔ (قہقہہ)

ملک وزیر محمد:۔ جناب والا آپ جانتے ہیں۔ کہ بات میں سے بات نکل آتی ہے۔ ورنہ میں تو موضوع زیر بحث کے متعلق ہی ذکر کر رہا تھا۔

جناب عالی۔ اب میں چند الفاظ محکمہ پولیس کے متعلق بھی کہنا چاہتا ہوں۔ پولیس کے عملے نے ۱۵ اگست ۱۹۴۷ء سے لے کر اب تک بڑی بڑی بدعنوانیاں کی ہیں۔ مگر ابھی تک حکومت نے ان کے خلاف کوئی کارروائی نہیں کی۔ ان کا رویہ ابھی تک وہی ہے۔ جو نوکر شاہی زمانے میں ہوا کرتا تھا۔ پولیس کے افسر اور اہلکار بے حد رشوت لیتے ہیں۔ اور اب تو یہ دستور بن چکا ہے۔ کہ پولیس کا کوئی اہلکار رشوت کے بغیر کام ہی نہیں کرتا۔ پولیس کا عملہ نہایت ضدی اور اکڑ فوں واقع ہوا ہے۔ ابھی کل ہی جب میں اسمبلی ہال کی طرف اجلاس میں شامل ہونے کے لئے آ رہا تھا۔ تو ایک پولیس والے نے بڑی ضدی سے مجھ سے اجازت نامے (pass) کا مطالبہ کیا۔ جناب صدر۔ آپ کو معلوم ہونا چاہیئے۔ کہ میں نے تو پہلے دن اجازت نامہ (pass) لیتے ہی اُسے پھاڑ پھینکا تھا۔ میں نے اس پولیس کے سپاہی سے کہا۔ بھئی میں ممبر ہوں ممبر۔ مگر اُس نے میری ایک نہ سنی۔ میں پوچھتا ہوں۔ کہ اسمبلی ہال کے سامنے اب پولیس کس لئے اور یہ (pass) اجازت نامے کیسے۔

صاحب سپیکر:۔ میں یہ امر واضح کر دینا چاہتا ہوں۔ کہ ان اجازت ناموں (passes) کا تعلق ہمارے دفتر سے ہے۔ یہ اجازت نامے (passes) اسمبلی کے دفتر نے جاری کئے ہیں۔ اور میں یہ بھی واضح کر دوں۔ کہ ہم اس کو آئندہ بند کر دیں گے۔

ملک وزیر محمد:۔ جناب والا۔ پولیس کا اگر یہی رویہ رہا۔ تو وہ قوم کے زوال کا باعث ہوگی۔

صاحب سپیکر:۔ معزز ممبر کا وقت ختم ہو چکا ہے۔

ملک وزیر محمد:۔ جناب والا۔ مجھے ایک کہانی یاد آ گئی ہے۔ وہ سنا کر میں اپنی تقریر ختم کر دوں گا۔

ایک دفعہ ایک گیدڑ اور شیر کا مقابلہ ہو گیا۔ گیدڑ نے شیر سے پوچھا۔ کیوں بھائی تم شکار کیسے کرتے ہو۔ شیر نے کہا کل جب میں شکار کو جاؤں گا۔ تو تم میرے ساتھ چلنا۔ تم خود ہی دیکھ لو گے

یہ چیز دیکھنے سے تعلق رکھتی ہے نہ کے سُننے سے چنانچہ اگلے روز دونوں شکار کے لئے چل دیئے۔ شیر نے کہا۔ جب میری آنکھیں سُرخ اور کان کھڑے ہوں تو مجھے بتا دینا۔ کچھ دُور جانے کے بعد ایک بھیڑ پر ان کی نظر پڑی۔ شیر کی آنکھیں سُرخ اور کان کھڑے ہو گئے۔ اور گیدڑ کے دیکھتے دیکھتے ہی شیر بھیڑ پر لپکا۔ اور شکار کرنے کے بعد دونوں نے اسے خوب کھایا۔ اس کے بعد دونوں اپنے اپنے ٹھکانوں کو چل دیئے۔ گیدڑ نے اپنی قوم کو بتایا۔ کہ میں نے شیر کو شکار کرتے ہوئے دیکھا۔ یہ تو نہایت ہی آسان کام ہے۔ اور تمہیں شکار کرنے کا طریق بتاؤں۔ تم بھی میرے اس تجربے سے فائدہ اٹھاؤ۔ تاکہ آئندہ شکار کرنے میں کسی کو مشکل پیش نہ آئے۔ مگر ایک چیز کے متعلق تم خیال رکھنا وہ یہ کہ جب میری آنکھیں سُرخ اور کان کھڑے ہوں۔ تو مجھے بتا دینا۔ بس اس چیز میں شکار کا راز مضمر ہے۔ گیدڑ کے ساتھیوں نے اس کے کہنے کے مطابق عمل کیا۔ تو بعد ازاں وہ شکار کے لئے روانہ ہوئے۔ تھوڑی دُور جا کر انہیں ایک بھیڑ نظر پڑی۔ گیدڑ نے اپنی آنکھیں سُرخ اور کان کھڑے کر لئے۔ اور بھیڑ پر لپکا۔ مگر بھیڑ پر اس کے وار کا کوئی اثر نہ ہوا۔ بھیڑ کو گیدڑ کی دست درازی پر بڑا غصہ آیا۔ اور اس نے گیدڑ کو روند ڈالا۔ گیدڑ بالآخر اپنی بے وقوفی سے اپنی جان کھو بیٹھا۔

Rana Abdul Hamid Khan (Pakpattan, Muhammadan, Rural) :

راجہ عبدالحمید خان :۔ جناب والا۔ آج جب کہ عام نظم و نسق پر بحث ہو رہی ہے۔ میں چند امور کی طرف حکومت کی توجہ مبذول کرانے کے لئے کھڑا ہوا ہوں۔ میری گذارش ہے۔ کہ جن سرکاری ملازمین نے پچھلے دور میں عوام پر ظلم کئے ہیں۔ ان کے متعلق تحقیقات کی جائے اور انہیں قرار واقعی سزائیں دی جائیں۔ ایک اور بات جس کی طرف میں وزیر اعظم کی توجہ دلانا چاہتا ہوں۔ وہ یہ ہے۔ کہ انہوں نے اپنے مسلم لیگ کے منشور میں چند باتوں کا وعدہ کیا تھا۔ پہلے یہ کہ ایگزکٹو اور جوڈیشری کو الگ کر دیا جائیگا۔ لہذا میں ان سے گذارش کروں گا۔ کہ یہ اب انکا فرض ہے۔ کہ وہ اپنے منشور پر عمل کرتے ہوئے ایگزکٹو اور جوڈیشری کو ایک دوسرے سے علیحدہ کر دیں۔ (آواز۔ منشور میں باتیں محض لکھنے کے لئے ہوتی ہیں کرنے کے لئے نہیں) میرے ایک معزز دوست نے ابھی فرمایا ہے۔ کہ یہ باتیں لکھنے کے لئے ہوتی ہیں۔ کرنے کے لئے نہیں ہوتیں۔ میں ان کی خدمت میں عرض کر دوں۔ کہ مسلم لیگ کے وزراء محض لکھا نہیں کرتے بلکہ کیا بھی کرتے ہیں۔ (تالیاں) مجھے یقین ہے۔ میرے یاد دلانے پر حکومت ضرور اس بات کی طرف توجہ دے گی۔ دوسری بات جس کی طرف میں آنریبل وزیر اعظم کی توجہ منعطف کرانا چاہتا ہوں وہ پولیس سے متعلق ہے۔ میرے قابل دوست میاں عطا محمد بزدار نے فرمایا تھا۔ کہ پانچ سو آدمیوں میں صرف ایک آدمی کیا کر سکتا ہے۔ میں سمجھتا ہوں۔ ہماری حکومت کا یہ مستحسن قدم جو اس نے پولیس کی اخلاقی اصلاح کے لئے اٹھایا ہے۔ قابل مبارکباد ہے۔ حکومت نے پولیس کی دماغی حالت کو بدلنا ہے۔ سارے محکمہ کی برائیاں دور کرنی ہیں۔ اس سلسلہ میں یہ ابتدا نہایت معقول اور مستحسن ہے۔ کیونکہ ہمیں افسروں کی ذہنیت کو بدلنے کی ضرورت ہے ہمیں سرکاری افسروں کو بتانا ہے کہ وہ محض سرکاری ملازم نہیں۔ بلکہ وہ قوم کے افراد بھی ہیں۔ وہ آپس میں بھائی بھائی ہیں۔ اور وہ ہم میں سے ہیں۔ لہذا ان کا فرض ہے۔ کہ وہ پبلک سے تعاون کریں۔ وہ اپنا کام دیانتداری

سے کریں۔ اور فرض منصبی سمجھ کر کریں۔ تو وہ اس طریقے سے پبلک کا تعاون حاصل کر سکتے ہیں۔ اور پبلک کے اخلاق (morale) کو بھی اچھا بنا سکتے ہیں۔ اگر ایک بڑا افسر ہے۔ ایک نہایت صحیح طریقہ اختیار کرتا ہے۔ تو وہ اپنے ماتحت افسروں میں بھی صحیح جذبہ پیدا کر سکتا ہے۔ اصلاحی طور پر زیادہ ضروری بھی یہی ہے۔ کہ ہمارے افسران جو محکمہ کے انچارج ہیں۔ وہ سب لوگوں کے لئے دیانتداری کا نمونہ بنیں۔ اور ان کا کام کرنے کا ایسا صحیح طریقہ ہونا چاہئے۔ کہ وہ اپنے آپ کو سرکاری ملازمین نہ سمجھیں۔ بلکہ یہ سمجھیں۔ کہ انہیں ماتحت عملہ کو صحیح راستہ پر چلانا ہے۔ اور ان پر صحیح طرز عمل واضح کرنا ہے۔ کیونکہ وہ ہمارے بھائی ہیں۔ اگر ایک آدمی سرکاری ملازم ہو جاتا ہے۔ تو اس کا فرض ایک ہی ہے۔ کہ پبلک کی خدمت اور ملک کی ترقی کے لئے جو بھی کر سکے کرے۔ وزیراعظم جن کے سپرد ملک کا لا اینڈ آرڈر ہے۔ میں ان کی توجہ اس امر کی طرف دلاؤں گا۔ کہ پولیس کے ڈسٹرکٹ آفیسر کم از کم ایسے ہونے چاہئیں۔ جن کے متعلق آپ کو یقین ہو۔ کہ وہ ویسے ہی ہیں۔ جیسا کہ حکومت انہیں بنانا چاہتی ہے۔ دوسری بات جس کا ذکر پارٹی میٹنگ میں بھی ہو چکا ہے۔ اور جس کی طرف میرے معزز دوست ملک وزیر محمد نے بھی توجہ دلائی ہے یہ ہے۔ کہ سول سیکرٹریٹ پر جو پولیس کا پہرہ لگا رہتا ہے۔ وہ صحیح اور مناسب معلوم نہیں ہوتا۔ یہ قابل شرم بات ہے۔ کہ لوگوں کے نمائندوں کی حکومت پولیس کی حفاظت میں بیٹھکر کام کرے۔

یہ چیز اس وقت شروع کی گئی تھی۔ جب ملک میں ایجی ٹیشن تھا۔ جب لڑائی کا زمانہ تھا۔ اب وہ وقت گزر چکا۔ اب اس کی کہاں ضرورت ہے۔ کہ ایک سب انسپکٹر وہاں بیٹھ کر لوگوں کو روکتا رہے۔ آپ کا نظام ایسا نہیں ہونا چاہئے۔ کہ پولیس کا کوئی افسر پبلک کے کسی آدمی کو دھمکا سکے۔ کسی کو Harass کرنا صحیح فعل نہیں ہے۔ اگر پبلک سرونٹ کمزوری محسوس کرے۔ تو اسے استعفیٰ دے دینا چاہئے۔ پبلک سرونٹ تو اس وقت ہے۔ جب تک اسے اعتماد حاصل ہے۔ اگر وہ پولیس کے زور پر اپنے آپ کو قائم رکھے۔ تو یہ صحیح اور جائز بات نہیں۔ بلکہ قوم اور ملک پر زیادتی ہے۔

تیسری بات جس طرف میں توجہ دلانا چاہتا ہوں یہ ہے۔ کہ بیشتر بار مطالبہ کیا گیا ہے۔ کہ رشوت اور بددیانتی کو روکا جائے۔ اس میں شک نہیں کہ corruption بہت بڑھ گئی ہے۔ میرے معزز دوست عطا محمد بزدار نے واضح کیا ہے۔ کہ ضلعوں میں کارخانے وغیرہ دینے میں رشوت کی رو چل پڑی ہے۔ اور کہا جاتا ہے۔ کہ فلاں افسر نے اتنی رشوت لی۔ اور فلاں نے اتنی لی۔ ان کو سزائیں ملنی چاہئیں۔ مگر افسوس اس بات کا ہے۔ کہ ان کی prosecution نہیں ہو رہی بلکہ persecution ہو رہی ہے۔ میری گزارش صرف اتنی ہے۔ کہ ایسے افسران کی prosecution ہونی چاہئے نہ کہ persecution عام حالات میں دیکھا یہی گیا ہے۔ کہ حکومت پولیس کے کہنے پر افسران کی persecution کر رہی ہے۔ لہذا میری استدعا ہے۔ کہ ان پر مقدمہ چلا کر باقاعدہ سزا دی جائے۔ حکومت کا یہ منشا ہرگز نہیں ہے۔ کہ افسران عوام کو بلاوجہ تنگ کریں۔ لہذا حکومت کا فرض ہے اگر کوئی افسر کسی کو تنگ کرتا ہے۔ تو اس کے خلاف فوراً تادیبی کارروائی کرے۔

پھر جناب والا۔ آخری بات جس کی طرف میں آپ کی توجہ دلانا چاہتا ہوں۔ وہ فوڈ ایپارٹمنٹ

سے تعلق ہے۔ اس سلسلہ میں لوگوں کو بے اندازہ شکایات درپیش ہیں۔ اور اس میں اتنی خرابیاں ہیں کہ ان کا کوئی شمار نہیں۔ مثال کے طور پر راولپنڈی اور منٹگمری میں جو کہ زرعی پیداوار کے لحاظ سے گھی اور بیشی کے اضلاع ہیں۔ بلیک مارکیٹ زوروں پر ہے۔ اس زمانے میں جب کہ ایک ایک دانہ قیمتی ہے۔ ہماری خوراک ضائع ہو جائے۔ تو ہزار افسوس ہے۔ لہذا حکومت کو اس طرف توجہ دینا ضروری ہے۔ منٹگمری کے ضلع میں خاص طور پر اس بات کا خیال رکھنا چاہیئے۔ کہ چور بازار کے تمام راستے بند کر دیئے جائیں۔ اور ایک ایک دانے کا حساب چکا کر ہم اپنے فرض سے سبکدوش ہوں۔

Mian Muhammad Iftikhar-ud-Din (Kasur, Muhammadan, Rural):

میاں محمد افتخار الدین: جناب والا! میں یہ کہنے کے لئے کھڑا ہوا ہوں۔ کہ میں عزرائیل نہیں ہوں (قہقہہ) میرا نہ تو بولنے کا ارادہ تھا۔ اور نہ ہی بولنے کی ضرورت تھی مگر میں یہ خیال کرتا ہوں۔ کہ اس غلط فہمی کو دور کرنا بھی ضروری ہے۔ کہ میں وزارت کے لئے عزرائیل نہیں ہوں حقیقت میں اس کے برعکس اگر میری کوئی خواہش تھی۔ تو وہ یہ تھی۔ کہ ہماری وزارت مردہ نہ ہو جائے اور لیگ کے کارکن ہونے کی حیثیت سے ہمارا فرض تھا میرا اور میرے جیسے دوسروں کا فرض تھا کہ وزارت کو زندگی دینے کی کوشش کی جائے۔

میں یہ جانتا ہوں۔ کہ اس صوبہ میں مسلم لیگ کے بنانے والے یہی وزراء اصحاب ہیں اگر اس صوبہ میں مسلم لیگ کو بنانے والے نواب ممدوٹ۔ خان افتخار حسین خان ۔۔۔۔۔۔

وزیر اعظم: میں معزز ممبر پر یہ واضح کرنا چاہتا ہوں۔ کہ میں نے نوابی کا خطاب ترک کر دیا ہے۔

میاں محمد افتخار الدین: اسی لئے میں نے دوبارہ خان افتخار حسین خان کہا ہے۔ تو میں یہ عرض کر رہا تھا۔ کہ اس صوبہ میں مسلم لیگ کو بنانے والے اگر خان افتخار حسین خان۔ سردار شوکت حیات خان اور میاں ممتاز محمد خان دولتانہ نہیں ہیں تو اور کون ہے؟ اگر کسی آدمی ان سے کوئی شکایت ہو سکتی ہے۔ تو وہ یہ ہے کہ انہیں اس چیز کا کیوں احساس نہیں ہے۔ کہ پنجاب میں مسلم لیگ کے بنانے والے وہی ہیں۔ اور اس احساس کی وجہ سے ان لوگوں میں اپنے آپ میں جو اعتماد ہونا چاہیئے۔ وہ کیوں نہیں ہے۔ تو اگر کوئی شکایت ہو سکتی ہے تو اس چیز کی ہو سکتی ہے۔ اس چیز کی شکایت نہیں کہ جن جگہوں پر وہ بیٹھے ہیں۔ انہیں وہاں نہیں ہونا چاہیئے۔ اور ان سے بہتر کوئی اور آدمی ان جگہوں پر بیٹھنے کے اہل ہیں اس میں میں سمجھتا ہوں کہ قصوروار نہ صرف یہ وزراء ہیں۔ بلکہ ایک حد تک اس بات میں قصوروار ہم ممبران اسمبلی بھی ہیں۔ اگر اس وزارت میں کوئی نقص ہے۔ جو میں اس وقت جنرل طور پر نکال سکتا ہوں۔ تو وہ یہ ہے۔ کہ وزارت کو اپنے آپ پر اعتماد نہیں ہے۔ اور اس اعتماد کے نہ ہوتے ہوئے۔ یہ ہم ممبران کو خوش کرنے میں بہت سی غلطیاں کر جاتے ہیں۔ میں اپنی وزارت کو اس چیز میں اتنا الزام نہیں دیتا۔ میں یہ سمجھتا ہوں کہ ممبران اسمبلی اور اس معاملہ کے متعلق اور لوگوں کو یہ کرنا چاہیئے تھا کہ وہ اس طرف

ایوان کی اور پبلک کی توجہ کھینچتے - بہت حد تک ہمارے آج کے نقائص کی وجہ اور آج کی خامیوں کی وجہ ہمارے ممبران ہیں - میں ہر ممبر کے متعلق نہیں کہتا - مگر ان ممبروں میں بعض ایسے ہیں - ..... جو وزارت کو اس بات کے لئے استعمال کرتے ہیں - اس پر دباؤ ڈالتے ہیں - کہ ان کے کام سرانجام دے - ان کے کام ان کی مرضی کے مطابق کرے نتیجہ یہ ہوتا ہے - کہ ہماری وزارت کو ممبران کو خوش کرنے کے لئے ایسے طریقے یا ایسے ذرائع اختیار کرنے پڑتے ہیں - جو کہ نہ پاکستان اور مغربی پنجاب کی ترقی کے لئے نہیں ہوتے - وزراء صاحبان اس بات کا اعتراف کریں گے کہ آج بھی کئی کام انہوں نے کئے ہیں - کئی افسران کو انہوں نے رشوت ستانی پر دوسرے جرائم پر نہیں نکالا - ان کے خلاف کارروائی نہیں کی کیونکہ وہ خیال کرتے تھے - کہ ان کا بچاؤ صرف یہاں اسمبلی کے ممبران کے ہاتھ میں ہے - اگر وہ یہ بات نظر انداز کرتے تو ایسی غلطیوں میں کبھی نہ پڑتے - اور پھر اس بات پر انہیں کیوں اعتماد نہیں کہ ان سے بہتر کوئی وزارت نہیں بن سکتی - اگر آج ہماری وزارت اس بات کا ارادہ کرلے کہ ممبر کچھ بھی کہیں - ممبر کیسی بھی دھمکی دیں وہ کسی صورت میں غلط بات نہیں کرے گی - تو میں یقین دلاتا ہوں کہ یہ ممبر آپ سے بہتر وزارت نہیں ڈھونڈ سکیں گے - لہٰذا آپ کو اپنے آپ پر اعتماد ہونا چاہیئے - اگر ہمارے ممبران اسمبلی میں اس چیز کی ذمہ داری کا احساس نہیں اور ہم یہ سمجھتے ہیں کہ ہم نے یہ حکومت - یہ مغربی پنجاب، پاکستان کا ایک آزاد صوبہ اس لئے لیا تھا - کہ ہم اس سے اپنے پیٹ پالیں اور اپنے عزیز و اقربا کا فائدہ کریں تو یہ غلط چیز ہے آپ کو یہ ثابت کرنا چاہیئے - کہ یہ غلط ہے - اور اس امر پر آمادہ ہونا چاہیئے - کہ ممبران کی اس بات کو نہیں مانیں گے -

میں نے پچھلے چار مہینے میں وزارت میں کام کیا ہے - مگر اس کے متعلق کچھ نہیں کہنا چاہتا - کیونکہ یہ ایک ایسا مسئلہ ہے - جس پر اس ایوان میں کچھ کہنے سے میں اپنی پارٹی کو کوئی تقویت نہیں دے سکتا - لہٰذا بالعموم جب کہ مستعفی وزیروں کو حق ہوتا ہے - کہ وہ ایوان کے پہلے جلسہ میں اپنے استعفیٰ کی وجوہ بیان کریں - وہ میں نہیں کروں گا - مگر یہ بات ضرور کہوں گا - کہ میں نے پچھلے چار پانچ مہینے میں بحیثیت وزیر اور بحیثیت ایک ممبر اسمبلی کے یہ چیز دیکھی کہ ہم آج لوگوں کی ضروریات کو اس اسمبلی کی رائے سے پورا نہیں کر سکتے - میرا یہ احساس ہے - کہ ہماری اسمبلی کے ممبران کو اس چیز کا اس وقت پورا پتہ نہیں - اس کو وہ پوری طرح جانچ نہیں سکے - کہ اگر ہمارے آج کے نظام میں آج کی conditions میں بنیادی تبدیلیاں نہ آئیں تو ہم شاید پاکستان میں اس مغربی پنجاب کو ایک کامیاب صوبہ اور پاکستان کے لئے تقویت دینے والا صوبہ نہیں بنا سکیں گے -

میں ایوان میں بولنے کو کوئی اہمیت نہیں دیتا - اور جیسا کہ میں نے عرض کیا ہے - کہ نہ تو میرا بولنے کا ارادہ تھا اور نہ ہی اس کی ضرورت تھی - کیونکہ میں یہ سمجھتا ہوں - کہ جن بنیادی تبدیلیوں کی ضرورت ہے - وہ اس عدالت کے سامنے پیش کر کے ہم کامیاب نہیں ہو سکتے - اور اگر کامیاب ہو سکتے ہیں - تو اس اسمبلی سے باہر عوام کی

کی عدالت میں پیش کر کے ہو سکتے ہیں - اور شاید ان کی آواز سے اور ان کے مطالبات سے ہمارے یہاں کے ممبران متاثر ہوں اور مجبور ہو جائیں - کہ وہ تبدیلیاں کریں - ان تبدیلیوں کی تفصیل یہاں بیان کرنے کا نہ تو وقت ہے - اور نہ ضرورت اس وقت میں صرف تین نکات آپ کے سامنے رکھتا ہوں -

ایک تو یہ ہے - کہ کسی بات کے لئے آج کی وزارت کو توڑنے کی کوشش کرنا ایک انتشار پیدا کرنے کے برابر ہوگا - (خوب - خوب) یہ کسی کی کوشش نہیں ہونی چاہیئے اور نہ ہے -

دوسرے یہ ہے کہ وزارت کی غلطیاں جو آج ہیں - اُن کی ذمہ داری صرف وزارت پر ہی نہیں آتی - بلکہ ہم ممبران پر بھی آتی ہے - جو کہ وزارت پر اپنے ووٹ کا دباؤ ڈال کر مختلف طریقوں سے زور ڈال کر اس سے غلط کام لیتے ہیں - اور اس کا نتیجہ یہ ہوتا ہے کہ آج ہماری وزارت اور اس میں . . . . . .

رانا عبدالحمید خاں : جناب والا! میاں صاحب نے ایک وسیع بات کہہ دی ہے - جس میں انہوں نے تمام ممبران کو لپیٹ لیا ہے - اس لئے میں protest کرتا ہوں - کہ میاں صاحب اپنے الفاظ واپس لیں -

میاں محمد افتخار الدین : میں نے تمام ممبر نہیں کہا -

صاحب سپیکر : میں بھی میاں صاحب کی تقریر بڑے غور سے سن رہا ہوں - میرا خیال ہے - کہ جو کچھ میاں صاحب فرما رہے ہیں - اسے پارٹی میٹنگ میں کہنا زیادہ موزوں ہوگا - یہاں ایوان میں صرف ایک ہی پارٹی نہیں ہے - اور پارٹیاں بھی ہیں اور اگر میاں صاحب کا منشا صرف اپنی پارٹی کے ممبروں کی طرف اشارہ کرنے کا ہے - تو زیادہ اچھا ہوگا کہ یہ باتیں پارٹی میٹنگ میں کی جائیں -

میاں محمد افتخار الدین : جو باتیں ہم یہاں کرتے ہیں - حقیقت میں وہ پارٹی کی وزارت اور پارٹی کے متعلق ہمیں کرنے کا حق نہیں - مگر بعض حالات میں اور چونکہ یہ ایک پارٹی کی وزارت ہے - ہماری پارٹی نے اس چیز کی اجازت دی ہوئی ہے -

اس امر کی اجازت ہونی چاہیئے - کہ اس ایوان میں وزراء پر جو مسلم لیگ پارٹی کے لیڈر بھی ہیں - تنقید کی جائے - (راجہ سید اکبر Point of order میاں صاحب - سب ممبر کہہ کر سب کو اس ناپاک حرکت میں شامل کرتے ہیں میں اس کے خلاف احتجاج بلند کرتا ہوں) - میں کسی خاص شخص پر تنقید نہیں کر رہا - اور نہ ہی سب پر (ایک معزز رکن - نہ ہی خاص پر تنقید کر رہے ہیں - اور نہ سب پر تو آخر کس پر تنقید کر رہے ہیں) میرا مطلب یہ ہے - کہ ہماری غلطیوں کو جن کی وجہ سے وزارت غلط کام کر رہی ہے دُور کیا جائے - اور اُن کو دور کرنے کے لئے ضروری ہے کہ اُنہیں criticise

کیا جائے۔ میں کہتا ہوں کہ حکومت نکتہ چینی سے ڈرتی کیوں ہے۔ اُسے اپنے اوپر پورا اعتماد ہونا چاہیئے۔ یہی وزیر لیگ کے بنانے والے ہیں۔ یہی لیگ کے لیڈر ہیں۔ انہیں کسی دباؤ سے کوئی غلط کام نہیں کرنا چاہیئے۔ دوسری بات اسی سلسلہ میں میں یہ عرض کرنا چاہتا ہوں۔ کہ وزارت کو چونکہ اپنے اوپر اعتماد نہیں رہا۔ اس لئے وہ پوسٹیشنٹ والے طریق اختیار کر رہی ہے۔ بہت سی جگہ وزارت اپنے وقار کو قائم رکھنے کے لئے یہ ضروری سمجھتی ہے۔ کہ مختلف عناصر پر اس طرح اثر ڈالے کہ مختلف طریقوں سے لوگوں کو اس طرف مائل کر دے۔ اور انہیں اس بات کا قائل کر دے۔ کہ موجودہ وزارت ہی بہترین وزارت ہے۔ مثلاً ہماری وزارت کو اس طریق میں پبلک کے سامنے جانے کی ضرورت نہیں۔ کہ وہ پراپیگنڈا کے ذریعہ ظاہر کرے۔ کہ وہ اچھا کام کر رہی ہے۔ وہ اپنے کام کے ذریعہ پبلک کو اس چیز پر مائل کرے۔ کہ وہ جو کام کرتی ہے۔ صحیح کرتی ہے۔ اور اگر غلط کرتی ہے تو اس کی بجائے دوسرے آدمی آگے آ جائیں۔ میرے نزدیک اس وقت اس سے بہتر وزارت نہیں بن سکتی۔ میں تو صرف اتنا ہی عرض کرنا چاہتا ہوں۔ کہ ہماری وزارت کو چاہیئے کہ مضبوطی کے ساتھ ایسے ممبروں اور افسروں کے خلاف انضباطی کارروائی کرے۔ جنہوں نے اس نازک موقع سے ناجائز فائدہ اٹھا کر اپنا پیٹ بھرا۔ اس سلسلہ میں پنجاب پراونشل مسلم لیگ نے ان کارکنوں کے خلاف کارروائی کرنے کے لئے ایک کمیٹی بنائی ہے۔ جنہوں نے پچھلے چار پانچ ماہ میں لیگ کے ممبر ہوتے ہوئے یا عہدیدار ہوتے ہوئے ناجائز فائدہ اٹھایا اور لوٹ مار میں حصہ لیا۔ میں وزارت سے درخواست کروں گا۔ کہ وہ بھی بے دھڑک ان افسروں کے خلاف کارروائی کرے جو گو خود تو وزارت میں نہیں لیکن وزارت کو بدنام کر رہے ہیں۔ آخر میں میں وزارت کو یہ یقین دلاتا ہوں کہ میں جب بھی وزارت کے متعلق پبلک میں جا کر کسی قسم کی تنقید کرتا ہوں تو اس کا کبھی بھی تخریبی مقصد نہیں ہوتا۔ بلکہ حقیقت تو یہ ہے۔ کہ پچھلے ڈیڑھ ماہ میں مجھے جو تقریریں کرنے کا موقع ملا ہے۔ ان تقریروں میں اور ہر اس گفتگو میں جو میں نے لیگ کے کارکنوں کے ساتھ کی اس میں اس چیز پر زور دیا کہ وزارت ہماری اپنی ہے اس کو ہٹا کر ہم کوئی بہتر وزارت نہیں بنا سکتے۔ مگر ہمارا جو کام ہے وہ یہ ہے کہ اس وزارت کو بہتر بنایا جائے اور آج کل کے مشکل حالات کا سامنا کرنے کے قابل بنایا جائے ..... میں سمجھتا ہوں۔ کہ وزارت میں ابھی بہت نقائص ہیں اور ہمیں وزارت کو بہت آگے لے جانا ہے۔ جناب عالی پبلک میں میں نے جو تنقید کی ہے وہ ان کے لئے مفید ہے اور مسلم لیگ کے مفاد کے مطابق اگر وزارت کو پبلک کی ضروریات اور پبلک کے مطالبات کی طرف متوجہ کرنا عزرائیل کا کام ہے تو اس صورت میں مسلم لیگ عزرائیل کا کام کرتی ہے اور کرتی رہے گی مگر میں اسے عزرائیل کا کام نہیں سمجھتا۔ میں سمجھتا ہوں کہ یہ عمل ہماری وزارت کو زندہ کرنے کے مترادف ہے۔ میں وزارت کو یقین دلاتا ہوں کہ مسلم لیگ کی پالیسی اس وقت پھوٹ کی پالیسی نہیں ہے وہ حکومت کے ہر مفید کام میں حکومت

سے تعاون کرے گی۔ اور اس وزارت کو اپنی وزارت سمجھتے ہوئے ہر اس تعمیری کام کو جو مفید ہے اور ضروری ہے سامنے لائے گی اور حکومت سے درخواست کرے گی کہ وہ موجودہ نقائص کو دور کر کے اس تعمیری پروگرام پر چلے جو نہایت ہی ضروری اور مفید ہے اور حکومت کو چاہئے کہ وہ ایسے کام کرے جو اگرچہ آج کی ہوا کے خلاف ہیں مگر قوم کے لئے مفید ہیں اب میں وزیر اعظم کو اس اقدام پر مبارک باد دیتا ہوں جو آج سے چار دن پہلے انہوں نے اٹھایا۔ مجھے یاد ہے کہ آج سے چار دن پہلے اسی ایوان میں بیٹھے ہوئے انہیں یہ خبر ملی کہ گجرات میں فساد ہو گیا ہے۔ انہوں نے پانچ منٹ میں فیصلہ کیا کہ خود گجرات پہنچوں۔ چنانچہ وہ وہاں پہنچے۔ یہ بہت اچھی بات تھی۔ اس کا اثر ہندوستان پر بہت اچھا پڑا اور اس کا اثر ہمارے ان مسلمان بھائیوں پر بھی اچھا پڑے گا جو ہندوستان میں رہتے ہیں۔ اسی طرح جو دوسری بدعنوانیاں کی جاتی ہیں مثلاً لوٹ مار وغیرہ۔ ان کی تحقیقات کے لئے کمیٹیاں مقرر کی جائیں تاکہ دنیا دیکھے کہ جہاں تک مسلم حکومت کا تعلق ہے وہ ایسے برداشت نہیں کرتی۔ اس طریق سے اگر وزارت کام کرتی رہے تو میں یقین رکھتا ہوں کہ تین۔ چار ماہ میں ہمارے administration سے عام نقائص دور ہو جائیں گے۔ اسی طرح پبلک کے سامنے جانے اور ان سے مخاطب ہونے سے آپ کو ان کی مشکلات کا احساس ہوگا اور آپ ان کی مشکلات کو صحیح رنگ میں سمجھ کر ان کا اچھی طرح ازالہ کر سکیں گے۔ اور پبلک کو بڑا یا زوردار قدم ممبران اسمبلی یا وزارت کی توجہ اپنی ضروریات یا مشکلات کی طرف دلانے کے لئے نہیں اٹھانا پڑیگا۔ میں ان نقائص کی تفاصیل میں نہیں جانا چاہتا (ریونیو منسٹر۔ جائیے) جناب والا میں آپ کی وساطت سے سردار صاحب سے یہ پوچھنا چاہتا ہوں کہ کیا آپ ایمانداری کے ساتھ یہ کہہ سکتے ہیں کہ آپ نے ایسے افسروں کو غلط جگہوں پر نہیں لگایا جن کے تعلقات بڑے با رسوخ طبقوں کے ساتھ ہیں۔ کیا آپ یہ کہہ سکتے ہیں کہ ایسا نہیں کیا گیا۔ میں کسی ایسے شخص کا نام نہیں لینا چاہتا کیونکہ یہ اس ہاؤس کی روایات کے خلاف ہے کہ یہاں کسی کا نام لے کر اس پر تنقید کی جائے۔

اس کے علاوہ میں یہ کہتا ہوں کہ آج پاکستان میں نہیں بلکہ اگر گاندھی جی کا پچھلا بیان جو انہوں نے برت رکھنے سے پہلے دیا درست ہے تو ہندوستان کے مختلف صوبوں میں وزارتیں بہت گری ہوئی ہیں۔ انہوں نے اپنے اس بیان میں جو حالات بیان کئے ہیں ان سے پتہ چلتا ہے کہ جیسے مشرقی پنجاب کی وزارت جس کے حالات سے ہم خوب واقف ہیں بہت گری ہوئی ہے۔ ویسے ہی ہندوستان کے باقی صوبوں بلکہ مدراس کے صوبہ تک کی وزارت کی حالت پر اس demoralization کا جو اس sub-continent میں جاری ہے بہت گہرا اثر پڑ چکا ہے۔ لہذا میں اپنی وزارت کی تنقید ایسے طریق سے نہیں کرتا جس سے یہ ظاہر ہو کہ میں اس کے یا وزراء کے خلاف ہوں۔ آج اگر موجودہ فضا کے باعث ہمارا دماغ بگڑ گیا ہے تو چھ مہینہ یا سال بعد ہم سب کو ان غلطیوں پر شرم

آئے گی جو ہم سے اس وقت سرزد ہوئی ہیں۔ میں سمجھتا ہوں کہ آج سے چھ ماہ یا سال بعد ہندوستان اور پاکستان کے لوگ جب ان واقعات پر ٹھنڈے دل سے غور کریں گے تو اپنے سر اونچے نہیں کر سکیں گے۔ بہرحال میں وزارت کو برا نہیں سمجھتا اور میں نے جو عام نکتہ چینی کی ہے اس میں میں نے یہ عرض کرنے کی کوشش کی ہے کہ اگر وزارت میں خود اعتمادی کا جوہر ہے تو وہ ایسے طریق سے کام کرے کہ اگر آج پبلک ان کے پیچھے نہ ہو اور ہوا کا رُخ بھی ان کے خلاف ہو جائے تو حرف گیری نہ کی جا سکے۔ اس سے وزارت کی ساکھ بڑھ جائے گی۔ پچھلے چار پانچ ماہ میں ان سے غلطیاں ہوئی ہیں اور اگر کوئی دوسری وزارت ہوتی تو وہ بھی غلطیاں کرتی (شاید کم کرتی یا ممکن ہے کچھ زیادہ کرتی) اس بحث میں نہ پڑتے ہوئے میں یہ عام نکتہ چینی آپ کے سامنے پیش کرتا ہوں۔ میں اس بات کو صاف کر دینا چاہتا ہوں کہ اس مرحلہ پر کسی شخص کی یہ کوشش نہیں ہونی چاہئے کہ وہ ہم میں انتشار پیدا کرے اور وزارت پر تخریبی نکتہ چینی کرے کیونکہ تخریبی تنقید سے کوئی فائدہ نہ ہوگا جبکہ ہمارے پاس کوئی اور وزارت اس سے بہتر نہیں اور جبکہ کوئی اور لیڈر ان سے بہتر آج کام کرنے والا نہیں۔

Chaudhri Bahawal Bukhsh (Gujrat, South East, Muhammadan, Rural) :—

چودھری بہاول بخش :-

صاحب صدر و معزز حاضرین -

صاحب سپیکر - آپ حاضرین کو مخاطب نہ کیجئے۔

چودھری بہاول بخش :- صاحب صدر! میں اپنی تقریر ایک شعر سے شروع کرتا ہوں اور وہ یہ ہے :- ؎

غنی روز سیاہ پیر کنعاں را تماشا کن
کہ نور دیدہ اش روشن کند چشم زلیخا را

شاعر نے اس شعر میں بہت ہی شاندار مضمون باندھا ہے - وہ کہتا ہے کہ یعقوب تو اندھا ہوگیا یوسف کے فراق میں لیکن یوسف نے یہ کیا کہ اس نے زلیخا کی آنکھوں کو روشن کر دیا یعنی باپ تو اندھا ہوگیا لیکن اس کا نور چشم جو تھا وہ زلیخا میں چلا گیا۔

اصل بات یہ ہے کہ اس وقت ہر کوئی شکایتیں کر رہا ہے لیکن یہ کوئی نہیں سوچتا کہ ان میں کوئی ایسی باتیں بھی ہیں جو کہ کرنے والی نہیں - مجھے ایک کہانی یاد آگئی ہے۔ ایک چوڑھا (خاکروب) تھا وہ اپنے باپ کے پاس گیا اور جا کر کہنے لگا۔ باپو! میری بہن بڑی زبردست ہے۔ وہ لوگوں کے ساتھ ہنستی ہے اور ان کے ساتھ دوڑتی پھرتی ہے اور میرے ساتھ نہیں ہنستی۔ (قہقہہ)

Mr. Speaker: Order please.

چودہری بہاول بخش: شکایت تو ہر ایک کرتا ہے لیکن جب کوئی شکایت کرنے لگتا ہے تو اس وقت وہ یہ نہیں سوچتا کہ ہر بات کہنے والی ہے بھی یا کہ نہیں۔ یا اس کا اس پر بھی اثر ہوگا یا نہیں۔ وہ اپنی ہی کہے جاتا ہے۔ کوئی واعظ تھا۔ اس نے مسجد میں یہ وعظ کیا کہ اگر کوئی یہاں ایک چیز خدا کی راہ میں دے تو اسے دس یہاں اور ۷۰ آخرت میں ملینگی۔ بدقسمتی سے مولوی صاحب کی بیوی صاحبہ بھی ان کے وعظ کو سن رہی تھیں۔ اس نے جا کر لوگوں کو کہا کہ میرے گھر کو لوٹ لو۔ لوگوں نے اسے لوٹ لیا۔ جب وقت مولوی صاحب آئے۔ اور انہوں نے اپنا گھر لٹا ہوا پایا تو اپنی بیوی سے پوچھا کہ کیا ہوا۔ ان کی بیوی نے جواب دیا کہ آپ نے خود ہی تو وعظ کیا تھا کہ جو شخص یہاں ایک دے اسے دس یہاں اور ستر آخرت میں ملیں گے۔ میں نے اسی لئے اپنا گھر لٹوا دیا ہے تاکہ دس گھر ہمیں یہاں اور ستر آخرت میں مل جائیں۔ مولوی صاحب نے کہا اری الو کی پٹھی ہم تو لوگوں کے لئے وعظ کر رہے تھے اپنے لئے تو نہیں کر رہے تھے۔ اس لئے جب ہم کوئی بات کہیں تو ہمیں بھی اپنے گریبان میں منہ ڈالنا چاہئے اور سوچنا چاہئے کہ آیا یہ نقص ہم میں بھی ہیں یا نہیں۔ اصل بات یہ ہے کہ اگر ہر شخص اس اصول پر عمل کرے تو فرشتہ بن جائے۔ لیکن الانسان مرکب من الخطاء والنسیان۔ ذرا بھی آخر انسان ہیں۔ ان میں بھی نقص ضرور ہوں گے۔ اور نقص رہیں گے۔ کوئی بھی جو اس درخت پر چڑھیگا اسے دو ہی نظر آئیں گے۔ آج اس قسم کی باتیں کرنا اور چند دنوں کا ذکر کرنا جو ہم سے دور چلے گئے ہیں اور ان کا قصہ دہرانا اور ان کی مثالوں کو درمیان میں لانا فضول ہے۔ وہ اُدھر خوش رہیں ہم ادھر خوش ہیں ہم کو پاکستان مل گیا۔ خدا کا شکر ہے اس نے ہمارے اعمال کو پسند کیا۔ قرآن شریف میں ایک آیت شریفہ ہے کہ جو قوم نیک کام کرے گی اور ایمان لائے گی ہم اس کو اپنی حکومت دیں گے۔ میں سمجھتا ہوں کہ اللہ تعالےٰ نے اپنے وعدے کے مطابق جو اس نے اپنے کلام پاک میں کیا ہے ہم کو یہ حکومت دی ہے۔ ہم سمجھتے ہیں کہ ہمارے کوئی اعمال ایسے ہیں جن کی بنا پر اللہ تعالےٰ نے یہ نعمت ہمیں عطا کی ہے۔ بجائے اس کے ہم اس نعمت پر جو اللہ تعالےٰ نے ہمیں دی ہے ہمیشہ اس کا شکریہ ادا کرتے رہیں اور اس کو اس طریق پر چلائیں جس کا خدا تعالےٰ نے حکم دیا ہے ہم اس کی ناشکری کرتے ہیں۔ مثلاً خدا تعالےٰ نے کہا ہے کہ لوگوں کے ساتھ انصاف کرو رشتہ داروں پر احسان کرو۔ کسی کا حق مت چھینو۔ آہستہ چلو خلق خدا کی خدمت کرو وغیرہ وغیرہ۔ یہ نعمت اللہ تعالےٰ نے ہمیں دی ہے اور یہ ایک قسم کا سرٹیفکیٹ ہے جو اس نے ہمارے نیک اعمال کے باعث ہمیں عطا کیا ہے۔ آج اللہ تعالےٰ نے ہمیں حکومت عطا کی ہے۔ اللہ تعالےٰ کو ہمارے کوئی اعمال پسند آگئے اور ہمیں حکومت دے دی ہے۔ ہمیں خدا کی مرضی اور رسول پاک کے اُسوہ حسنہ کے مطابق ہر قدم اٹھانا چاہئے۔ اور ہر روز بسم اللہ پڑھنی چاہئے کہ اے اللہ مجھ پر تیری رحمتیں نازل ہوں۔ ہمیں فخر نہیں کرنا چاہئے اور کسی کو حقیر نہیں جاننا چاہئے۔ اللہ کی مخلوق کے تین حصے ہیں کچھ حاکم ہیں کچھ گھروں میں بیٹھے ہیں اور کچھ پاکستان کی وجہ سے گھروں سے بے عزتی کے ساتھ نکالے گئے ہیں۔

نکلنا خلد سے آدم کا سنتے آئے تھے لیکن
بہت بے آبرو ہو کر تیرے کوچے سے ہم نکلے

ہمیں چاہئے کہ اُن کے ساتھ رحم اور ہمدردی کریں اُن کی عورتوں اور بچوں کو سر چھپانے کے لئے جگہ نہیں ملتی۔ آسمان کے نیچے سر چھپاتے ہیں ہم پاس سے گذر جاتے ہیں اور اتنا خیال بھی نہیں آتا کہ یہ بھی ہماری طرح مخلوق خدا ہے ہم اُن کو سڑکوں پر پڑے دیکھتے ہیں اور پاس سے نہایت بے پرواہی سے گذر جاتے ہیں۔ اگر ہم سب ایک ایک مہاجر کو صرف اس خیال سے سنبھال لیں کہ یہ ہمارا بھائی ہے یہ ہمارے ہی ماں باپ کا ایک بچہ ہے۔ کیونکہ بچوں سے تو لوگ تنگ نہیں آتے خواہ پچیس ہو جائیں تو یہ مشکل چند دنوں میں حل ہو سکتی ہے ؎

واعظاں کیں جلوہ بر محراب و منبر می کنند
چوں بخلوت می روند آں کارِ دیگر می کنند

ہم یہاں تو باتیں کر جاتے ہیں لیکن یہاں سے نکل کر بھول جاتے ہیں۔ میں فخر نہیں کرتا۔ میں نے اور میرے خاندان کے افراد نے مہاجرین کے لئے بہت کام کیا ہے۔ آپ گجرات کے معزز ممبران سے دریافت کر سکتے ہیں جو یہاں موجود ہیں۔ اگر ہم یہ تہیہ کر لیں کہ ہم یہ کام کریں گے کہ جو غریب نظر آئے گا ہم اُس کی حتے المقدور مدد کریں گے تو یہ صورت حالات پانچ دن میں درست ہو سکتی ہے۔ میں خود شاہدرے کے کیمپ سے گذرتے ہوئے لوگوں کو سردی سے ٹھٹھرتا ہوا دیکھتا ہوں۔ اُس وقت تو اُن کا خیال آتا ہے۔ لیکن کچھ دیر بعد بھول جاتا ہوں۔ ہم لوگوں کے نمائندے ہیں اگر ہم ان غریب مہاجرین کو اپنے پاس جگہ دیں جو پاکستان کی خاطر قربانیوں کی وجہ سے ذلیل ہوئے ہیں۔ تو بہت جلد یہ موجودہ مشکل حل ہو سکتی ہے۔

Mian Abdul Hamid Dasti (Muzaffargarh Sadar, Muhammadan Rural):

میاں عبدالحمید دستی

صدر محترم! میرا بھی آج میاں صاحب کی طرح تقریر کا کوئی پروگرام نہیں تھا۔ اب چونکہ کہا گیا ہے اس لئے چند باتیں کہے دیتا ہوں۔ ایوان کی شان کا ایوان کے ممبران کے تفکر کی رفعت پر انحصار ہوتا ہے۔ میں آج کی بحث سن چکا ہوں جس سے ایوان کے ارکان کے تفکر کا اخلاص ظاہر ہے۔ تقریر کا شوق تو ہوتا ہے لیکن تیاری نہیں۔ آپ کے ایک ایک کلمہ کا آپ کا صوبہ نہایت بے صبری سے منتظر ہوتا ہے۔ ہم کہتے تو ہیں کہ ہم ایک نہایت اہم اور نازک دور سے گذر رہے ہیں۔ اس کی اہمیت کا احساس تو ضرور ہے لیکن تقریروں کی شان یہ ہے۔

صاحب سپیکر:۔ آپ براہِ مہربانی موضوع زیر بحث کے متعلق تقریر کریں۔

میاں عبدالحمید دستی :- صدر محترم میری گذارش یہی تھی کہ آج نظم و نسق پر جو تنقید ہوئی ہے اس کے متعلق مجھے یہ کہنے کی اجازت دیجئے کہ یہ تنقید ایک ایسی قیمتی چیز تھی جس سے ہمیں وزرا کے لئے ایک لائحہ عمل پیش کرنا تھا۔ آج کی تقاریر میں جو چیزیں پیش کی گئی ہیں وہ وزارت کے لئے مشعل راہ نہیں۔ آج ہی میرے ساتھ یہ واقعہ پیش آیا کہ صبح جب میں یہاں آرہا تھا تو ایک کنسٹبل نے مجھ سے پاس مانگا۔ میں نے کہا پاس تو ہے لیکن گھر بھول آیا ہوں۔ تو اس نے کہا صاحب اب بھی گھر بھول آنے کا کوئی وقت ہے۔ مجھے یہ سن کر بہت خوشی ہوئی۔ میں نہایت نادم ہوں کہ ہم نے جو قواعد اپنے اوپر خود عائد کئے تھے ہم انہی سے سرگردانی کر رہے ہیں۔ ہمیں اس طرح چلنا چاہئے کہ ہمارا طرز عمل دوسروں کے لئے قابل تقلید ہو۔ صاحب صدر، میری کسی پر تنقید کرنے کی خواہش نہ تھی۔ میری گذارش فقط یہ تھی کہ ہماری نظر میں وسعت ہونی چاہئے اور فکر میں گہرائی۔ تاکہ ہمارا طرز عمل دوسروں کے لئے مشعل راہ ہو ہم انہیں راہ دکھائیں اور ان کی رہبری کریں۔ آیا اس وقت پاس رکھنا ضروری ہے یا غیر ضروری اس بارہ میں میں اپنے بھائی سے اتفاق نہیں کر سکتا۔ میں اس چیز کو پسند نہیں کر سکتا یا یوں کہا جائے کہ ہم نے اپنے پاس کو اسی دن پھاڑ ڈالا تھا۔ اس طرح کہنا دوسروں کو تنقید کی ترغیب دینا ہے۔ صدر محترم۔ آج کی مجلس میں General Administration کے بارہ میں بہت کچھ کہا گیا ہے۔ اس میں کوئی شک نہیں کہ ایڈمنسٹریشن کا طرز عمل بہت حد تک قابل اصلاح ہے۔ اس میں بھی کوئی شک نہیں کہ جن لوگوں کے ہاتھوں میں اس وقت اصلاح کی ایڈمنسٹریشن کی باگ ڈور ہے۔ وہ اپنے فرائض کو پوری طرح ادا نہیں کر رہے۔ اس میں بھی کوئی شک نہیں کہ اجناس کے متعلق محکمے میں اکثر ایسے ہی ہیں جو اس وقت بھی اپنے فرائض میں کوتاہی برت رہے ہیں۔ ایڈمنسٹریشن میں بے حد نقائص ہیں۔ میں اس بات کو تسلیم کرتا ہوں۔ مگر میری رائے میں یہ ضروری تھا۔ کہ جو جو جرم ان افسروں سے سرزد ہوئے تھے۔ ان کی ایک فہرست تیار کرتے اور پھر اسے وزارت تک پہنچاتے۔ اور اگر وزارت سننے کے لئے تیار نہ ہوتی۔ تو انہیں آج اس ایوان میں پیش کرتے۔ آج جو کچھ یہاں ہوا ہے۔ وہ آپ کی شان کے شایاں نہیں۔ میرا یہ مطلب نہیں ہے۔ کہ ایوان اس مقصد کے لئے نہیں ہے۔ ان تمام بے ضابطگیوں کو ایوان میں کھول پیش کرنے کی ضرورت محسوس ہو۔ جب کہ جیسا کہ ابھی ابھی میاں صاحب نے فرمایا ہے۔ وزارت ہماری ہے اور ہم اس کے۔ میری صرف یہ گذارش تھی کہ ہمیں ہر لحاظ سے درست اور صحیح نظریہ قائم کرنی چاہئے۔ اور اسی ضبط اور مستعدی کا ثبوت دینا چاہئے جو ہم آج تک دکھاتے رہے ہیں۔ معلوم ہوتا ہے۔ کہ مسلم لیگ کے ارکان اس وقت اپنی جد و جہد میں کچھ سو سے گئے ہیں۔ ورنہ کیا بات ہے کہ اس وقت کوئی کام نہ ہو۔ کوئی عمل نہ ہو۔ ہم بہت سی چیزوں کو اختیار تو تسلیم کرتے ہیں مگر جب عمل کا وقت آتا ہے تو سو جاتے ہیں۔ میں اپنے بھائیوں سے پوچھتا ہوں کیا وہ ہر روز دن ختم ہونے کے بعد اپنے دل سے یہ سوال کرتے ہیں کہ آج انہوں نے اپنی قوم، اپنے ملک اور اپنی ملت کی کیا خدمت کی۔ اس نازک دور کی اہمیت کو سمجھتے ہوئے کون سی ایسی جد و جہد کی جن سے ہماری مشکلات میں کچھ کمی

ہوئی ہو میں اپنے آپ کو بھی اِس احتسابِ نفس سے بری قرار نہیں دیتا۔ کم از کم مجھے تو ہر شام کو یہی محسوس ہوتا ہے۔ کہ میں اِس سلسلہ میں کوتاہی سے کام لے رہا ہوں۔ مجھے معلوم ہوتا ہے۔ کہ کم از کم میں نے کوئی اتنا اہم کام نہیں کیا۔ جس سے ہماری قوم کی کشتی کو موجودہ تلاطم سے باہر نکلنے میں کوئی مدد ملی ہو۔ کندھا خواہ کتنا ہی نازک کیوں نہ ہو اُس کا زور لگانے سے ناؤ کو کچھ نہ کچھ مدد ضرور ملتی ہے آج اُسی ایمان داری اور نیک نیتی کی ضرورت ہے۔ جس کا راگ ہر جگہ الاپا جاتا ہے مگر جس پر عمل نہیں کیا جاتا۔

صاحب صدر۔ میں آپ کے توسط سے . . . . . تمام ایوان کی توجہ جس میں وزرا بھی شامل ہیں۔ اس طرف مبذول کرانا چاہتا ہوں کہ یہ نازک وقت نظریے کی بلندی اور فکر کی گہرائی کے ساتھ ساتھ قوتِ عمل اور قوتِ ارادی کو ایمانداری کے ساتھ کام میں لانے کا ہے تاکہ ہماری کشتی اس تلاطم سے باہر نکل سکے۔ مجھے امید ہے کہ میری گزارشات پر غور کیا جائے گا۔ اِن الفاظ کے ساتھ میں اپنی تقریر کو ختم کرتا ہوں۔

Minister of Revenue Sirdar Shaukat Hyat Khan):—

آنریبل سردار شوکت حیات خان:۔

جناب والا۔ میرا یہ خیال تھا۔ کہ آج کی بحث میں معزز ممبران کی طرف سے کوئی اچھی تعمیری تجاویز پیش کی جائیں گی مگر مجھے آج کی بحث سُن کر کچھ نا اُمیدی ہی ہوئی ہے۔ کوئی ایسی تجویز کسی تقریر میں پیش نہیں کی گئی جو حکومت کے کام میں مفید ثابت ہو سکے۔ ایڈمنسٹریشن کے متعلق آج بھی وُہی کچھ کہا جاتا رہا ہے۔ جو برسوں کہا جاتا رہا۔ کوئی نئی چیز نہیں بتائی گئی۔ نہ نیا طریق نہ صحیح تنقید۔ ایک صاحب نے اُٹھ کر یہ کہہ دیا کہ وزیر صاحبان جہاں دورے پر جاتے ہیں۔ تو سب سے پہلے افسروں کو ملتے ہیں۔ اور افسروں کی باتوں سے متاثر ہونے کے بعد پھر عوام سے ملاقات کی جاتی ہے۔ افسوس ہے کہ اِس قسم کی غیر ذمہ دارانہ باتیں اُس وزارت کے متعلق کہی جا رہی ہیں۔ جنہوں نے افسروں کے خلاف علمِ جہاد بلند کر رکھا ہے۔ جو عوام سے مل کر جیلوں میں گئے ہیں یہ کہنا کہ ہم افسروں سے ناجائز طور پر متاثر ہوتے ہیں۔ ہم پر الزام لگانا ہے ہمارا طریق کار تو یہ ہے کہ جب کہیں ہم دورے پر جاتے ہیں۔ تو سب سے پہلے یہ دیکھتے ہیں کہ عوام کے کارکن لیگ کے کارکن کس طرح سوچتے ہیں۔ اور کس طرح کام کر رہے ہیں۔ ہم جلسے کرتے ہیں تو لیگ کے ماتحت کرتے ہیں۔ تو لیگ کے کارکنوں کو۔ ہمیں یہ کہا جاتا ہے۔ کہ ہم سلامی لے کر چلے آتے ہیں۔ ہم نے بہت سلامیاں دیکھی ہیں۔ لیگ کے دنوں میں اور اس سے پہلے بھی۔ ہمارے لئے ان چیزوں میں اب کوئی کشش باقی نہیں ہے۔ جہاں تک افسروں سے ناجائز طور پر متاثر ہونے کا تعلق ہے۔ اگر واقعی ایسا ہے۔ تو میں سمجھتا ہوں آنریبل

وزیر اعظم اس وزارت کو جو افسروں کے اشاروں پر چلتی ہے ۔ جتنی جلدی ختم کر دیں بہتر ہوگا۔
(تالیاں) ہماری وزارت نہ تو افسروں سے مرعوب ہے ۔ اور اُن کی
ہمیر ۔ جو شکایتیں ہمیں افسروں کے خلاف پہنچیں گی ہم اُن کی ضرور تحقیقات
کریں گے ۔ مگر میں ساتھ ہی یہ بھی اعلان کرنا چاہتا ہوں کہ ہماری حکومت ہر ناجائز
حملے کے مقابلے پر سرکاری افسروں کی حفاظت کرنا اپنا فرض سمجھتی ہے ۔ صرف
اسی وجہ سے کہ بد قسمتی سے ان لوگوں نے سرکاری ملازمت کے خود دیکھے پبلک
کی خدمت کرنا پسند کیا انہیں مورد الزام نہیں ٹھہرایا جا سکتا۔

جناب عالا۔ میرے بعض دوست اٹھے اور انہوں نے حکومت پر شدید نکتہ چینی کی۔ انہوں
نے خوب اپنے دل کا غبار نکالا۔ جو کچھ بھی ان سے بن پڑا انہوں نے حکومت کے خلاف کہہ دیا۔
انہوں نے افسروں کے خلاف سنگین الزامات لگائے ۔ مگر کیا ہم ایسے افسروں کی بدعنوانیوں سے
ناواقف ہیں ۔ میں انہیں بتا دوں کہ ہم سب کچھ جانتے ہیں ۔ ہم جانتے ہیں کہ پولیس میں برائیاں ہیں
اور ہم یہ بھی جانتے ہیں کہ ایسی برائیاں کیسے دور کی جا سکتی ہیں ۔ مگر دیکھنا یہ ہے کہ آیا ہم نے ان
کو نظر انداز کر رکھا ہے ۔ ہرگز نہیں ۔ ذرا غور فرمائیے اور سوچئے کہ ہم ایک وقت میں کیا کچھ کر
سکتے تھے ۔ ہمیں برسر اقتدار آئے صرف چار ماہ ہی تو ہوئے ہیں ۔ اس عرصہ کے دوران میں
ہمارے سامنے اور کئی اہم کام تھے جن کا سرانجام دینا ہمارے لئے زیادہ مفید اور ضروری
تھا ۔ عنان حکومت سنبھالتے ہی ہمارے سامنے صرف افسروں کی اصلاح کا ہی ایک مسئلہ
نہ تھا بلکہ مہاجرین کا مسئلہ اور بجلی اور اسی قسم کے دیگر مسائل بھی تھے جن کی طرف متوجہ ہونا
زیادہ ضروری تھا ۔ میں آپ کی خدمت میں یہ عرض کر دوں کہ ہم نے اس مقصد کے لئے دو کمیٹیاں
بنا دی ہیں جن میں غیر سرکاری ممبر لئے گئے ہیں ۔ یہ کمیٹیاں ایسے افسروں کا پتہ چلائیں گی جو واقعی
رشوت ستانی کرتے رہے ہیں اور ایسی حرکتیں کرتے رہے ہیں یا اب بھی کرتے ہیں جو مفاد عامہ
کے خلاف ہوں تو ان کے متعلق تحقیقات شروع کی جائیں گی ۔ ان کمیٹیوں نے اپنا کام شروع
کر دیا ہے ۔ ہم چاہتے ہیں کہ پبلک کے نمائندے بھی ان کمیٹیوں میں شامل ہوں ۔ ان کی مدد
کے لئے آگے بڑھیں ۔ اور اس مشکل کام میں ان کا ہاتھ بٹائیں ۔ مگر اس کے باوجود بھی پبلک کا
کوئی نمائندہ ہمارا ساتھ نہیں دیتا ۔ فی الحال یہ کمیٹیاں حالات کا مطالعہ کرنے اور ان کا جائزہ لینے
کا کام کر رہی ہیں ۔ مجھے افسوس سے کہنا پڑتا ہے کہ پبلک کے نمائندے ہماری اپیل کے باوجود
بھی آگے نہیں بڑھتے ۔

جناب والا۔ نہایت افسوس کا مقام ہے کہ میرے بعض دوست تقریریں تو حکومت کے
خلاف کر دیتے ہیں مگر رشوت ستانی کے خلاف مہم میں حکومت سے تعاون نہیں کرتے ۔ انہیں
چاہئے کہ ایسے افسروں کا حکومت کو پتہ دیں جو رشوت لیتے ہیں یا بدعنوانیوں میں مصروف ہیں
میں انہیں یقین دلاتا ہوں کہ ایسے افسروں کے خلاف جرم ثابت ہوں گے انہیں نہ صرف ملازمت
سے علیحدہ کیا جائے گا بلکہ ان کے لئے جینا محال کر دیا جائے گا ۔ مگر میں آپ کی خدمت میں یہ
بھی عرض کر دوں کہ افسروں پر محض اس لئے حملے نہ کئے جائیں اور انہیں اس لئے مجرم نہ ٹھہرایا
جائے کہ وہ افسر ہیں ۔ بلکہ ان پر الزام لگاتے وقت وہ اس کے متعلق تصدیق کر لیا کریں ۔ جب
آپ کو یقین ہو جائے اور ثبوت بہم پہنچ جائے تو میں آپ کو یقین دلاتا ہوں کہ ایسے افسروں

کے خلاف فوراً کارروائی کی جائے گی۔ اور انہیں قرار واقعی سزائیں دی جائینگی۔

جناب والا۔ میں آپ کو اپنے محکمے کی حالت بتاتا ہوں۔ میرے محکمے میں ایک شخص کے متعلق صرف ایک درخواست موصول ہوئی ہے جس پر پانچ آدمیوں کے دستخط تھے اور اس شخص کے خلاف الزامات لگائے گئے تھے۔ اسے چوبیس گھنٹوں کے اندر اندر معطل کر دیا گیا۔ اور اب اس کے متعلق تحقیقات ہو رہی ہے۔ ذرا غور فرمائیے۔ اس چار ماہ کے عرصہ میں صرف ایک درخواست موصول ہوئی ہے۔ کیا آپ کے دل میں پاکستان کی بہتری اور ترقی کے لئے یہی ہمدردی کا جذبہ ہے۔ اگر ہم واقعی پاکستان کی بہتری چاہتے ہیں تو ہمارا فرض ہے کہ اس امر کا خاص خیال رکھیں کہ جو افسر بدعنوانیاں کرتے ہیں اور حکومت کے نظم و نسق میں نقائص پیدا کرتے ہیں قومی خدمت کے پیش نظر ان کے خلاف فوراً شہادت دیں۔ اور انہیں مناسب سزا دلائیں۔

میاں محمد افتخار الدین: یک کمیٹی ہر روز کئی درخواستیں بھیجتی ہے۔ یہ نہ کہیئے کہ صرف ایک درخواست موصول ہوئی ہے۔ وزیر اعظم صاحب سے دریافت کیجئے۔

وزیر مالیات: آئی ہوں گی۔ بہر حال میرے محکمے کے متعلق صرف ایک درخواست موصول ہوئی ہے۔ میں جانتا ہوں کہ ویسے سینکڑوں افسروں کے متعلق تحقیقات ہو رہی ہے اور کئی ایک معطل بھی ہو چکے ہیں۔ اور بہت سے رشوت خور افسروں کو سخت سزائیں دی گئی ہیں۔ میں آپ کو یقین دلاتا ہوں کہ کسی مجرم کو معاف نہیں کیا جائے گا۔

جناب والا۔ میں یہاں اس چیز کی بھی وضاحت کر دوں کہ جب مجرم افسروں کو سزائیں دی جائیں گی تو اس وقت ہمارے بہت سے ممبران اپنے کئی رشتہ دار اور دوست افسروں کو بچانے کے لئے سفارشات بھی کریں گے۔ لہٰذا انہیں اس وقت سوچ سمجھ کر نکتہ چینی کرنی چاہئے۔ انہیں اصل حالات کا جائزہ لیتے ہوئے ہر پہلو پر غور کرنا چاہئے۔ میں سمجھتا ہوں کہ مسلم لیگ کے صدر بھی ہمارے ساتھ اس سلسلے میں تعاون کریں گے۔ اور ایسے افسر جن کے خلاف لوٹ مار وغیرہ کے سلسلے میں بدعنوانیوں کے الزامات لگائے گئے ہوں ان کے جرموں کو پایۂ ثبوت تک پہنچانے میں اپنے فرض سے کوتاہی نہیں کریں گے۔

جناب والا۔ اگر کوئی افسر چوری یا لوٹ کا مال برآمد کرے اور ملزم کو مناسب سزا دے تو میں سمجھتا ہوں کہ کسی شخص کو خواہ وہ ایوان ہذا کا ممبر ہی کیوں نہ ہو اس کے خلاف بدیں وجہ شکایت کرنے کا کوئی حق نہیں پہنچتا کہ اس افسر نے ممبر مذکورہ کے کسی رشتہ دار کو مجرم قرار دیا ہے۔ ہاں اگر وہ افسر ناجائز طور پر کسی سے زیادتی کرے تو اس صورت میں ممبر مذکور حق بجانب ہوں گے۔ میرا مطلب یہ ہے کہ اگر کوئی شخص بے جا طور پر کسی افسر کے خلاف شکایت کرے تو ایسے شخص کو قومی خدمت کے جذبات سے آگاہ کرنا اور مناسب طور پر ہدایت کرنا ایوان ہذا کے جملہ ممبران کا فرض ہے۔ آپ افسروں پر اندھا دھند حملے کرتے ہیں۔ اپنا قصور چھپانے کے لئے ان کو قصوروار ٹھہراتے ہیں۔ ذاتی مفاد کے پیش نظر قومی مفاد کو نظر انداز کرتے ہیں یہ سراسر ناجائز اور غیر موزوں ہے۔

جناب والا۔ میرے ایک دوست بڑی تیزی سے تقریر کیا کرتے ہیں۔ وہ بات بات پر

قرآن پاک ہمارے سامنے پیش کرتے ہیں۔ میں ان سے درخواست کروں گا کہ وہ ذرا اپنے گریبان میں منہ ڈالیں اور حالات کا غور سے مطالعہ کریں۔ آپ کو معلوم ہے وہ افسروں کے خلاف شکایت کیوں کرتے ہیں۔ وجہ یہ ہے کہ بعض افسروں نے ان کے رشتہ داروں کی تلاشی لی۔ اور ان کے گھروں سے لوٹ کا مال برآمد کرنے کی کوشش کی۔ وہ تو اکثر اپنے ضلع سے غیر حاضر رہتے ہیں۔ انہیں اصل حالات کا تو علم ہی نہیں۔ تو ایسی صورت میں میں اعلانیہ کہتا ہوں کہ ہمارے افسر ہزار مرتبہ ایسے لوگوں کی تلاشی لیں گے جن پر لوٹ کے مال کا شبہ ہو۔

جناب والا۔ میں اپنے بزرگ میاں افتخار الدین کا شکریہ ادا کرتا ہوں کہ وہ وزارت سے مایوس نہیں ہوئے۔ وہ فرماتے ہیں کہ وزارت کانپ گئی ہے۔ وزارت میں خود اعتمادی نہیں ہے۔ تو میں ان سے پوچھتا ہوں کہ وزارت نے کون سا ایسا کام کیا ہے جو وہ اپنے آپ کو مجرم خیال کرتے ہوئے کانپنے لگے۔ کوئی وزیر ایسا نہیں جس نے خوشیش پروری کی ہو یا پاسداری سے کام لیا ہو۔ میں وزارت کی طرف سے اعلان کرتا ہوں کہ اگر مسلم لیگ کا کوئی ممبر یا کوئی اور شخص یہ ثابت کر دے کہ ہم نے کوئی بے قاعدگی کی ہے یا کوئی ایسا کام کیا ہے جو مسلم لیگ کے منشور کے خلاف ہو تو وزارت عوام کی عدالت میں پیش ہونے کو تیار ہے۔ ہم خدا کے فضل و کرم سے پورے اعتماد اور بھروسے سے حکومت کا کام سرانجام دے رہے ہیں۔ ہم خدا کے سوا کسی سے نہیں ڈرتے۔ ہمیں عوام کی تائید حاصل ہے۔ ہم مسلم لیگ کے منشور پر کاربند ہیں۔ وہی ہمارے لئے ہدایت نامہ ہے اور ہم اسی پر عمل کرتے ہیں۔ اگر اس میں خامیاں ہوں وہ بتائی جاویں۔ ہم اس کے مطابق عمل کرنے کی کوشش کریں گے۔ میاں صاحب کا یہ کہنا کہ وزارت ڈر رہی ہے محض خوش فہمی ہے۔ وزارت ہرگز نہیں ڈرتی۔ یہ حکومت جس کے لئے ہم نے جدوجہد کی۔ عوام کی تائید حاصل کی۔ گورنر صاحب کا ڈنڈا برداشت کیا۔ خضر حیات کی حکومت کے مظالم سہے۔ جیلوں میں گئے اور طرح طرح سے ظلم و ستم کا شکار ہوئے۔

میاں محمد افتخار الدین:۔ جیل تو میں بھی گیا تھا۔

وزیر مالیات:۔ اور آج جب کہ وہی حکومت عوام کے مقبول ترین نمائندوں اور عوام کی اپنی جماعت یعنی مسلم لیگ کے خادموں کے ہاتھ میں ہے جنہیں ہر طرح سے عوام کی تائید حاصل ہے ہرگز کسی سے خائف یا مرعوب نہیں ہو سکتی۔ (تالیاں)

حضور والا۔ کہا گیا ہے کہ وزارت کے کاموں میں بودا پن پیدا ہو گیا ہے۔ میں سمجھتا ہوں یہ سراسر غلط ہے۔ مسلم لیگ کا manifesto ہمارے سامنے ہے اور میں یقین دلاتا ہوں کہ انشاء اللہ آج بھی پاکستان کی بہبودی اور ترقی اور عوام کی بہتری کے راستے پر ہم کسی سے پیچھے نہیں رہیں گے بلکہ دس قدم آگے ہی رہیں گے۔ عوام کو ہم پر بھروسہ ہے اور ہمیں اپنے کام پر اعتماد ہے۔ لہٰذا میں اپنے معزز میاں صاحب کو وثوق کے ساتھ کہتا ہوں کہ ان کا یہ گمان کہ ہم ترقی کی راہ پر کسی سے پیچھے رہیں گے صحیح خیال نہیں کیا جا سکتا۔ پھر میرے معزز دوست نے کہا کہ ہم mad race کے ذریعہ ترقی کی راہ پر گامزن ہونا چاہتے ہیں۔ میں عرض کروں کہ mad race کا راستہ تعمیری راستہ نہیں ہوا کرتا بلکہ mad race کا راستہ ہمیشہ تخریبی

راستہ ہوتا ہے۔ جہاں تک تعمیری راستے پر چلنے کا تعلق ہے میں عرض کر دوں کہ ہم جس قدر زیادہ سے زیادہ رفتار سے جا سکتے تھے جا رہے ہیں۔ زیادہ تیز رفتاری اس قدر کہ آدمی اپنے اصل راستہ سے لڑھک جائے کہاں تک درست کہلا سکتی ہے۔ ہم اپنے ملک کو شاہراہ ترقی پر ایک معقول رفتار سے لے جا رہے ہیں۔ ہم یہ نہیں چاہتے کہ اپنے ملک کو اتنی تیزی سے لے جائیں کہ وہ لڑھک جائے اور اصل مقصد فوت ہو جائے۔ میرے قابل بزرگ میاں افتخار الدین کو اس بات کا خیال رکھنا چاہئے کہ اس تیزی میں کہیں ایسا نہ ہو کہ آپ کی قوم لڑکھڑا کر گر جائے اور ترقی حاصل کرنے کا مقصد دھرے کا دھرا رہ جائے۔ بہرحال جس (Speed) رفتار کا وہ حوالہ دے رہے ہیں۔ میں انہیں یقین دلاتا ہوں کہ ہم اس رفتار میں ہرگز ہرگز فرق نہ پڑنے دیں گے۔

باقی ایوان میں جو تنقید ہوئی ہے اس کے متعلق میں افسوس کے ساتھ یہ کہوں گا کہ اس کا انداز کوئی تعمیری انداز نہ تھا۔ بہت سے معزز ارکان نے جو کچھ کہا وہ محض کہنے کی خاطر کہا اور اصل موضوع سے ہٹ کر کہا اور بیٹھ گئے۔ اگر معزز ارکان غیر ضروری امور میں نہ الجھتے تو اس طرح ایوان کا وقت ضائع نہ ہوتا۔ میں یہ نہیں کہتا کہ تنقید نہ کی جائے۔ تنقید ضرور کی جائے مگر ایسی تنقید کی جائے جس میں تعمیر کا پہلو ہو۔ نہایت ضروری ہے کہ معزز ارکان ہمیں راستہ بتائیں۔ ہمیں ان کے اعتماد اور مشورے کے ساتھ حکومت کو چلانا ہے۔ جو صحیح راستہ آپ بتائیں گے ہم اس پر چلنے کے لئے تیار ہیں لیکن خدا کے لئے یہ نہ کیجئے کہ تقریر محض اس لئے کرنا ہے کہ اخباروں میں ہمارا نام چھپ جائے گا۔ یہ لکھا جائے گا کہ فلاں نے بھی تقریر کی۔ آپ بیشک تقریر کریں بیشک بحث میں حصہ لیں مگر یہ خیال بھی رکھیں کہ آپ کی تقریر کوئی تعمیری پہلو بھی پیش کرے۔ بحث کا اصل مقصد تو یہی ہوتا ہے کہ حکومت کی توجہ تعمیری باتوں کی طرف دلائی جائے۔

آواز :- شیخوپورہ کے متعلق بھی کچھ بتائیں۔ شیخوپورہ کے مسئلہ کے متعلق آنریبل وزیر اعظم کہنے میں نہیں کہہ سکتا۔ میں آخر میں پھر یقین دلاتا ہوں کہ یہ حکومت ہر طرح سے آپ کے ساتھ تعاون کرے گی۔ یہ حکومت آپ کی حکومت ہے اور ہم آپ کے مشوروں پر عمل کرنے کے لئے تیار ہیں۔ اور یہ حکومت ترقی اور ملک کی بہتری کے راستہ پر کسی سے پیچھے نہیں رہے گی بلکہ پیش پیش ہی رہے گی۔ (تالیاں)

Premier (The Hon'ble Khan Iftikhar Husain Khan) :

آنریبل خان افتخار حسین خاں

جناب والا۔ جس وقت یہ تحریک تخفیف پیش ہوئی اس وقت میرا خیال تھا کہ آج تو بڑی شامت آئے گی۔ لیکن دیکھنے میں یہ آیا کہ ہمارے بہت سے معزز بھائیوں نے صرف تقریر کرنے کی خاطر تقریریں کر دیں انہوں نے کہا چونکہ اس تحریک تخفیف پر بولنا ہی ہے اس لئے کچھ نہ کچھ کہہ دینا ضروری ہے۔ بہرحال میرے معزز رفیق آنریبل سردار شوکت حیات نے اپنی تقریر میں کافی باتوں کا جواب دے دیا ہے اس لئے میں ایوان کا زیادہ وقت نہیں لینا چاہتا۔

جہاں تک نظم و نسق کا تعلق ہے میں سمجھتا ہوں کہ معزز ارکان نے اپنی تقریروں میں خرابیوں کا ذکر کرتے ہوئے ہماری مجبوریوں کا خیال نہیں کیا۔ ان کی نگاہ اگر ہماری مجبوریوں پر بھی پڑتی تو انہیں

احساس ہوتا کہ ہم نے باوجود کڑی مجبوریوں کے چند خرابیاں جو نظم و نسق میں تھیں فوراً دور کر دیں اور کئی ایسی تھیں جو ہم فوراً دور نہیں کر سکے۔ جناب والا، ان تمام وزیروں کا لب لباب جو میں نے سمجھا ہے یہ تھا کہ فرسودہ نظام جو انگریز کا تھا اب تک قائم ہے اُسے یک قلم ختم کر دیا جائے۔ حضور والا جو خرابیاں نظم و نسق میں بیان کی گئی ہیں وہ اس قسم کی نہیں ہیں جن پر معزز ارکان کو خاص طور پر اعتراض ہو۔ خوش قسمتی سے اُن کو اس امر کا بھی احساس ہے کہ اس وقت موجودہ مجبوریوں اور نئے مسائل کی وجہ سے ہم سے کئی وہ کام نہیں ہو سکے جو نہیں کرنا چاہئیں تھے بہر حال میں تمام اعتراضات کا جواب اس طرح ایک ایک کر کے دوں گا جس طرح وہ پیش کئے گئے تھے۔

سب سے پہلے میرے معزز دوست چودھری ناصر دین نے نظم و نسق پر تنقید کرتے ہوئے چند واقعات کا ذکر کیا ہے اور تقریر کے دوران میں فرمایا کہ تھانہ پھلکیاں میں حملہ آوروں کے کسی گروہ نے دو گاؤں جلا دیئے۔ پولیس نے کوئی مقابلہ نہیں کیا۔ میں چودھری صاحب کی خدمت میں عرض کر دوں کہ وہ علاقہ ایک مثلث (Triangle) کی شکل میں واقع ہے۔ علاقہ نہایت دشوار گزار ہے۔ وہاں کوئی سڑکیں بھی نہیں ہیں اور بارشوں میں وہاں وہ حالت ہو جاتی ہے کہ گھوڑا گزر سکتا ہے نہ گاڑی۔ کوئی سواری جا ہی نہیں سکتی۔ کہا گیا ہے کہ حملہ ہونے پر پولیس نے کچھ نہیں کیا۔ میں بتا دوں کہ جب یہ حملہ ہوا تو پولیس نے باوجود اس امر کے کہ وہ تھوڑی تھی ڈٹ کر مقابلہ کیا اور اس حملے میں چند کنسٹیبل مر بھی گئے۔ آگے چل کر میرے معزز دوست نے شیخوپورہ کے ضلع کا ذکر کرتے ہوئے بار بار ایک افسر کا حوالہ دیا اور کہا کہ اُس افسر کے خلاف بارہا شکایتیں موصول ہونے پر بھی حکومت نے کوئی تحقیقات نہیں کی۔ میں ایوان کو بتا دوں کہ اُس افسر کے خلاف تحقیقات ہوئی اور پورے طور پر ہوئی مگر اس کے خلاف کوئی ایسا مواد نہیں ملا کہ اُسے برخاست کر دیا جاتا یا اُسے سزا دی جاتی۔ اس لئے یہ کہنا کہ اب تک اُس افسر کے خلاف کچھ کارروائی نہیں ہوئی صحیح نہیں ہے۔ اور پھر یہ کہنا کہ اُسے ترقی دی گئی ہے یہ بھی غلط بات ہے۔ اصلیت یہ ہے کہ ہم اس کوشش میں ہیں کہ اُسے کسی اور جگہ تبدیل کر دیں۔ یہ افسر بڑا بدنام ہے۔ اتنا بدنام کہ میں نے اُسے کسی ضلع کا چارج دینے سے احتراز کیا ہے۔ میں نے اس سے کہا وہ سرکاری خرچ پر تمام اضلاع کا دورہ کر کے مجھے بتائے کہ کس ضلع کے لوگ اُس کو لینے کے لئے تیار ہیں۔ پھر بعد میں مجھے اُس کو رخصت پر بھیجنا پڑا۔ اب جب وہ واپس آگیا تو میں مجبور تھا۔ آخر گھر پر رکھ کر کسی کو کھلایا تو نہیں جا سکتا۔ چنانچہ میں نے یہ سوچ کر کہ وہ زیر نگرانی رہے اُسے سنٹر میں لگا دیا تاکہ اُس کے خلاف کوئی آواز نہ اُٹھ سکے (آوازیں۔ زور اور طاقت اس کے ہاتھ میں ہے) وہ مرکز میں حکومت کی زیر نگرانی رہے گا۔ اور اس کے خلاف کوئی آواز نہ اٹھ سکے گی۔

میرے دوست ناصر الدین صاحب نے یہ بھی فرمایا ہے کہ افسران کے خلاف کارروائی نہیں کی جاتی۔ جواب میں میں یہ عرض کروں گا کہ ہمارے پاس رپورٹیں آئی ہوئی ہیں۔ جن کی بنا پر تحقیقات کر کے ہم نے افسروں کو قصوروار گردانا ہے۔ اس وقت تک مختلف محکموں کے چھیالیس افسر ہیں جن میں سے کچھ برطرف کر دیئے گئے ہیں۔ کچھ جیلوں میں جا چکے ہیں۔ کچھ معطل ہو چکے ہیں۔ اگر جس طرح سردار ظفر حیات خاں نے کہا ہے۔ جب ہم دورے پر جائیں تو اس وقت افسران کے خلاف محض زبانی شکایات کی جائیں یا مسلم لیگ کے ممبر ہمارے پاس محض زبانی شکایات کریں تو ہمارے لئے ناممکن ہو جاتا ہے کہ ان شکایات کی بنا پر تحقیقات شروع کر دیں۔ ضرورت اس بات کی ہے کہ شکایات

کرنے والے کچھ جرأت سے کام لیں اور ان شکایات کو تحریر میں لائیں۔ زبانی جمع خرچ پر کارروائی کرنا ناممکن ہے۔

میرے دوست عطا محمد بزدار صاحب نے فرمایا کہ ہم اسی رنگ میں رنگے ہوئے ہیں جس میں ہمیں انگریز چھوڑ گئے تھے۔ مجھے اس سے اختلاف نہیں ہے میں اعتراف کرتا ہوں کہ ہم اسی رنگ میں رنگے ہوئے ہیں۔ ہم کوشش کر رہے ہیں کہ اپنا رنگ تبدیل کر لیں۔ افسروں کی ذہنیت بدل ڈالیں۔ اس کے لئے جیسا کہ نیازی صاحب نے فرمایا تھا وقت چاہئے۔ یہ کام ایک دن میں نہیں ہو سکتا۔ وہ خود اعتراف کرتے ہیں کہ عرصہ لگے گا۔ اور رفتہ رفتہ تبدیلیاں ہوں گی۔ اور میں اسی سلسلہ میں یہ بھی عرض کر دوں کہ افسروں کی ذہنیت بدلنے کے لئے ہم کوشش تو کرتے ہیں مگر ہماری حوصلہ افزائی نہیں کی جاتی۔ مثلاً پولیس کے خلاف زیادہ شکایات تھیں۔ تو ہم نے ان کے لئے مولوی رکھے تھے۔ اب اس پر بھی اعتراض کیا گیا ہے۔ ایک طرف تو مطالبہ کیا جاتا ہے کہ ذہنیت بدلیں اور اگر ہم کوئی اقدام کرتے ہیں تو پھر یہ اعتراض ہوتا ہے کہ کیوں کیا گیا۔ یہ چیز میری سمجھ میں نہیں آئی۔

چودھری عبدالغفور قمر: گورنمنٹ پر اعتراض ہوا ہی کرتے ہیں۔

وزیر اعظم: اعتراض کیجئے۔ جس طرح آپ کا جی چاہے کیجئے

ایک معزز ممبر: وہ بھی گورنمنٹ میں رہ چکے ہیں۔

وزیر اعظم: گورنمنٹ میں رہ چکے ہیں یا گورنمنٹ کے .... (قہقہہ)

باقی کمیٹیوں کے اختیارات کے متعلق پہلے بھی عرض کر چکا ہوں کہ حکومت نے دو کمیٹیاں بنائی ہیں۔ ایک tribunal بنایا ہے۔ اس کے علاوہ آپ نے ایوان میں دو کمیٹیاں بنائی ہیں۔ جیسا کہ میں نے پہلے بھی عرض کیا تھا کہ کمیٹیوں کو اختیارات دینے سے یہ نہ ہو کہ گورنمنٹ کی کمیٹی کے بھی وہی اختیار ہوں جو آپ کی کمیٹی کے ہوں۔ تو میں اس کے متعلق یہ عرض کروں گا کہ مختلف کمیٹیوں کو ایک جیسے اختیارات دینے سے دوئلی سی ہو جائے گی۔ اور نتائج جو ہم پیدا کرنا چاہتے ہیں وہ پیدا نہیں ہو سکیں گے۔

سپیشل مجسٹریٹ جو مقرر کئے گئے تھے۔ ان پر میرے دوست کا اعتراض غیر ضروری تھا کیونکہ اب کوئی سپیشل مجسٹریٹ نہیں رہا۔ دوسرے ہیں وکیل مجسٹریٹ۔ ان کے متعلق بھی یہ تجویز ہوا تھا کہ ان کو نکال دیا جائے۔ لیکن بعض ایسے بھی ہیں جو بڑے مخلص مسلم لیگی ہیں۔ تو ان سب کو ایک ہی ڈنڈے سے باندھ دینا اور ایک ہی قسم کے گردان کر نکال دینا مناسب نہیں۔ اس کے علاوہ جیسا کہ میں نے عرض کیا تھا۔ ابھی حکومت کے پاس سٹاف کی کمی ہے۔ نئی بھرتی ہونے والی ہے۔ ان کو ٹریننگ وغیرہ دینے میں وقت لگے گا۔ آج جس ضلع میں چھ مجسٹریٹوں کی ضرورت ہے وہاں چار کام کر رہے ہیں اور ان میں ایک یا دو وکیل مجسٹریٹ ہیں۔ اگر ان دو کو بھی نکال دیا جائے تو پھر جہاں چھ کی ضرورت ہے وہاں دو کس طرح پورے ہو سکیں گے۔ اس سلسلہ میں میں یہ یقین دلانا چاہتا ہوں کہ ایسے وکیل مجسٹریٹ جنہوں نے بے ضابطگیاں کی ہیں۔ خرابیاں کی ہیں ان میں

سے ہر ایک کا کیس consider کیا جا رہا ہے۔ اور جو اس قابل ہوں گے کہ ان کو نہ رکھا جائے تو انہیں نکال دیا جائے گا اور دوسرے آدمی مقرر کئے جائیں گے۔

میرے دوست عطا محمد صاحب نے پبلسٹی ڈیپارٹمنٹ کے متعلق فرمایا تھا کہ اس کی ضرورت تو ہے۔ لیکن پبلسٹی افسران کے تقرر کے متعلق شاید ان کو گلہ ہے۔ ہم نے انتہائی کوشش کی کہ پبلسٹی افسروں کی تقرریاں ایوان کے ممبران اور مسلم لیگ کے ممبروں کے مشورہ سے کریں۔ اور اسی طرح کیا گیا۔ مگر افسوس ہے کہ میرے دوست اس وقت موجود نہ تھے۔ ورنہ ان کو بھی موقعہ مل جاتا جب ہم یہ تقرریاں کرنے لگے تھے تو اس وقت یہ سوال پیدا ہوا تھا کہ لوکل آدمیوں کو رکھا جائے۔ جو اپنے مقامی حالات کو اچھی طرح سے سمجھتے ہوں۔ لیکن ہمارے لئے ایک مجبوری یہ ہو گئی تھی کہ مشرقی پنجاب سے جو مہاجر آئے تھے اور جو مسلم لیگ کے کارکن رہ چکے تھے ہمارے لئے یہ فرض تھا کہ ان کو پہلے موقعہ دیں۔ چنانچہ بعض اضلاع میں ہمیں ایسے آدمیوں کو بھیجنا پڑا جو مشرقی پنجاب کے تھے۔ اور مقامی نہیں تھے۔ اس طرح ممکن ہے کہ بعض سفارشیں جو مقامی لوگوں کے لئے کی گئی تھیں وہ پوری نہ ہوئی ہوں۔ بہرحال میں اپنی معذوری کا اظہار کرتا ہوں۔ اگر یہ مشکلات نہ ہوتیں تو ایسے آدمیوں کا تقرر ہوتا۔ لیکن مشرقی پنجاب کے مہاجرین کو بھی ان کا حصہ دینا تھا۔ اس لئے بعض حالات میں ان سفارشوں پر عمل نہیں ہو سکا۔

رائے میر محمد صاحب نے فرمایا ہے کہ یونینسٹ وزارت کے پٹھو اب بھی ہیں۔ میری سمجھ میں نہیں آیا کہ اس سے ان کی مراد کیا ہے۔ اگر وہ افسروں کے متعلق کہہ رہے ہیں تو وہ میں نے کہہ دیا ہے کہ جو افسر ہیں وہ ہیں۔ ان کو یونینسٹ وزارت کے پٹھو کہہ لیجئے۔ لیکن یہ نظام ایسا نہیں ہے جو ایک دن میں تبدیل ہو سکے۔ اگر وہ پٹھو تھے تو آپ آج دیکھئے کہ وہ آپ کا کام آپ کی حسب منشا کرتے ہیں یا نہیں۔ آپ ان سے جو کام لینا چاہتے ہیں اور جس رنگ میں جو تبدیلی کرنا چاہتے ہیں وہ ہوتی ہے یا نہیں۔ اگر ایسے افسر ہیں جن میں تبدیلی پیدا نہیں ہو سکی یا جو پرانے خیالات کے ہیں یا جو مسلم لیگ اور پاکستان کے لئے مضر ہیں تو میں یقین دلاتا ہوں کہ ان کے لئے یہاں کوئی جگہ نہیں اور ان کو نکال دیا جائے گا۔ (خوب۔ خوب)

سول سپلائی کے محکمہ میں retrenchment کے بارے میں میں خاص طور پر کچھ نہیں کہہ سکتا۔ اگر موقعہ ملا تو میرے دوست وزیر خزانہ اس پر روشنی ڈالیں گے۔ لیکن اتنا بتا دوں کہ سول سپلائی کے محکمہ کے متعلق رشوت ستانی کی شکایتیں تھیں اور جو لسٹ پیش کی گئی ہے اس میں سول سپلائی کے بہت زیادہ افسر ہیں۔ جن کے خلاف تحقیقات ہو رہی ہے اور بعض کو تو نکالا بھی جا چکا ہے۔

چودھری عبدالغفور قمر: سب سے زیادہ شکایتیں کس محکمہ کے افسران کے خلاف ہیں؟

وزیر اعظم: میں بتائے دیتا ہوں۔ یا معزز ممبر بعد میں میرے پاس آکر لسٹ دیکھ لیں۔

ایک معزز ممبر: وزیر اعظم نے فرمایا ہے کہ سپیشل مجسٹریٹ کام نہیں کر رہے۔ شاہنواز میں اب بھی ایک ہے

وزیر اعظم :- ڈپٹی کمشنروں کی طرف سے رپورٹیں آچکی ہیں کہ سب آنریری مجسٹریٹ ہٹا دیئے گئے ہیں۔ (ایک معزز رکن۔ نہیں ابھی نہیں۔ ہمارے علاقے میں ابھی تک آنریری مجسٹریٹ موجود ہے)۔ مجھے مفصل اطلاعات اس کے متعلق پہنچائی جائیں۔

میرے دوست راجہ سید اکبر صاحب نے ایک چیز پر خاص طور سے اعتراض کیا ہے میں سمجھتا ہوں کہ وہی ایک چیز ہے جس کے متعلق جواب دینا چاہئے اور وہ پبلک سیفٹی ایکٹ ہے۔ انہوں نے فرمایا ہے کہ اس جمہوریت کے نظام میں۔ ایسے موقع پر اور ایسے حالات میں جب کہ پولیس کی دفعہ ۵۱، تعزیرات فوجداری موجود ہے۔ ایسے ایکٹ کا رائج رہنا نامناسب ہے۔ میں راجہ صاحب کی اطلاع کے لئے عرض کرتا ہوں کہ تمام قوانین ایسے نہیں ہوتے کہ بعض حالات میں مکتفی ہو سکیں۔ اُن ہنگامی مواقع کے لئے اس قانون کی اشد ضرورت ہے مثلاً اس موقع پر جب کہ انڈین ڈومینین کے عوام انڈین ڈومینین کے لیڈر موقع بہ موقع کہتے رہتے ہیں کہ پاکستان ہندوستان سے علیحدہ نہیں رہ سکتا پاکستان کو ہندوستان میں شامل کیا جائے گا۔ اور جب کہ اس پاکستان کے اندر اور اس صوبہ مغربی پنجاب میں ایسے لوگ موجود ہیں جو اس اشتراک کے حامی ہیں اور چاہتے ہیں نہ صرف چاہتے ہیں بلکہ جن کی کوشش ہے کہ پاکستان ایک دفعہ پھر ہندوستان میں شامل کیا جائے اور اس کے لئے وہ ہر طرح کا پراپیگنڈا کر رہے ہیں اور ہر طرح کے ہتھکنڈے استعمال کر رہے ہیں میں سمجھتا ہوں کہ ضروری ہوگا کہ ایسے لوگوں کے لئے ہم اس ایکٹ کو جاری رکھیں (چودھری عبدالغفور قمر۔ یہ ایکٹ استعمال بھی ہوا ہے؟) آپ گھبرا کیوں گئے ہیں جب موقع آئے گا تو میں ایک منٹ کا توقف بھی نہیں کروں گا۔

(چودھری عبدالغفور قمر۔ میں آپ سب سے زیادہ پاکستان کا وفادار ہوں) (ایک معزز رکن پندرہ اگست کے بعد) (دوسرے ممبران۔ بہت خوب کیا کہنے۔ واہ واہ) حکومت ہندوستان اور حکومت پاکستان دونوں کی یہ نیت ہے اور دونوں کی یہ کوشش ہے کہ اقلیتوں کو پوری حفاظت کے ساتھ رکھیں لیکن باوجود ان کوششوں کے ابھی چار روز کا واقعہ ہے کہ گجرات میں ایک ایسا المناک حادثہ ہو گیا جس کی وجہ سے مجھے بہت تشویش ہے خدا نہ کرے کہ ہندوستان والے اپنے ملک میں اس کا بدلہ لیں اگر وہ لینا چاہیں تو ابھی ساڑھے چار کروڑ مسلمان اُن کے ہاتھ میں ہیں۔ اس ایکٹ کی سب سے زیادہ ضرورت یہی ہے کہ ایسے واقعات روکے جائیں یہی ایکٹ ہے جس کی بنا پر ہم اجتماعی جرمانے کر سکتے ہیں اور لوگوں کو ایسے کاموں سے باز رہنے پر مجبور کر سکتے ہیں اگر یہ ایکٹ نہ ہوگا تو ہم اجتماعی جرمانے نہیں کر سکیں گے۔ میں آپ کی اطلاع کے لئے یہ بھی عرض کرنا چاہتا ہوں کہ گجرات کے واقع کے بعد وہاں اس ایکٹ کی بنا پر ہم اجتماعی جرمانے لگا رہے ہیں پس اس ایکٹ کا رائج رہنا نہایت ضروری ہے۔ جیسا کہ میں پہلے عرض کر چکا ہوں ابھی تک یہاں پر اس قسم کے لوگ موجود ہیں جو پاکستان کے خلاف کارروائیاں کر رہے ہیں۔ اُن کے متعلق جب تک یہ ایکٹ موجود نہ ہوگا ہم کچھ نہیں کر سکتے۔ میرے دوست رانا عبدالحمید صاحب نے اعتراض کیا ہے کہ سیکرٹریٹ کے پھاٹکوں پر اب تک پولیس موجود ہے اور انہوں

نے یہ بھی کہا ہے کہ ہم نے اپنی جانوں کی حفاظت کے لئے پولیس بٹھائی ہے۔ میں انہیں یقین دلاتا ہوں کہ جہاں تک ہماری زندگیوں کا سوال ہے ہمیں کسی قسم کا کوئی خطرہ نہیں۔ ہم پبلک میں کھلے بندوں پھرتے ہیں۔ ہم عوام میں سے ہی ہیں اور جب بھی ضرورت پڑے بغیر کسی قسم کی احتیاط کے پبلک کے سامنے جاتے ہیں۔ اور عوام سے ملتے ہیں ہمیں اگر کوئی خطرہ ہو تو ہم اس طرح بے خوف وخطر باہر نہ نکلیں۔ یہ جو پولیس بٹھائی گئی ہے یہ جانوں کی حفاظت کے لئے نہیں ہے وہ لوگ جو کام کے لئے ملنے آتے ہیں وہ ہمیں ملتے ہیں۔ لیکن اس خیال سے کہ لوگ ہجوم کر کے نہ آجائیں اور کام میں رکاوٹ پیدا نہ ہو۔ پولیس بٹھا دی گئی ہے میاں افتخار الدین صاحب نے ایک عجیب قسم کا جملہ کہا ہے جسے میں نہیں سمجھا اور وہ یہ ہے کہ وزارت میں خود اعتمادی کمزوری نہیں مجھے معلوم نہیں کہ میاں صاحب نے یہ کس طرح جانچ لیا کہ ہم میں خود اعتمادی نہیں۔ ہمارا وہ کون سا ایکشن تھا جس نے انہیں یہ فقرہ کہنے پر مجبور کر دیا۔ ہم میں خود اعتمادی ہے ہم پر آلام ومصائب آئے اور ہم نے بخوشی قبول کئے اور اُن کا مردانہ وار مقابلہ کیا۔ پھر معلوم نہیں کہ وہ کون سی چیز ہے جس سے یہ ظاہر ہوا کہ ہم میں خود اعتمادی نہیں یہ خیال غلط ہے کہ ہم میں خود اعتمادی نہیں۔ ہم میں خود اعتمادی ہے اور اور صرف یہ کہ اپنے اوپر اعتماد ہے بلکہ اپنے عوام پر بھی اعتماد ہے (ممبران کا شور) ہم ہر کام قوم کی بہتری کے لئے کر رہے ہیں۔ اس لئے ہمیں اپنے اوپر پورا اعتماد ہے اور اپنے عوام پر بھی جس دن بھی ہم سے مسلم لیگ اور قوم کے مفاد کے خلاف کوئی کام ہوگا اس دن کوئی سوال ہی باقی نہ رہے گا ہم خود بخود اس عہدہ کو چھوڑ کر علیحدہ ہو جائیں گے۔ جب تک ہم کوئی ایسا کام نہیں کرتے اس وقت تک خود اعتمادی کا غائب ہو جانا میری سمجھ میں تو نہیں آتا۔ پھر ان کا یہ کہنا کہ وزارت کے طریقے یونینسٹوں کے سے ہو گئے یہ بھی میری سمجھ میں نہیں آیا۔ ہم انتہائی کوشش کرتے رہے ہیں۔ کر رہے ہیں اور کرتے رہیں گے کہ یونینسٹ طریقے ختم ہو جائیں۔ مجھے تو معلوم نہیں کہ ہم نے کوئی ایسا طریق اختیار کیا ہو جس سے یہ ظاہر ہو کہ ہمارے طریقے یونینسٹوں کے سے ہو گئے ہیں۔ میاں صاحب نے فرمایا ہے کہ ہمیں وزارت کو اس طرح بنانا چاہئے۔ میں اُن کا بے حد ممنون ہوں۔ خامیاں ہم میں ضرور ہیں۔ ہم بھی آخر انسان ہیں فرشتے نہیں۔ اگر میاں صاحب یہ سمجھتے ہیں کہ ہم میں خامیاں ہیں۔ تو ہم میاں صاحب کے احسان مند ہوں گے اگر وہ ان کو دور کرنے میں ہماری مدد کریں۔ ہم نے تو میاں صاحب کو ایک موقع بھی دیا تھا۔ تاکہ وہ ہمیں بہتر بنا دیتے لیکن افسوس کہ انہوں نے خود ہی ہمارا ساتھ نہیں دیا۔ (میاں محمد افتخار الدین کوشش جاری ہے) اس کے بعد کوئی ایسی چیز نہیں رہ گئی جس کا جواب دینا ضروری ہو اس لئے میں امید کرتا ہوں کہ جو explanation ہم نے دیا ہے اس کے بعد ہاؤس اس demand کو منظور کرے گا۔

Ch. Nasar Din: In view of the assurance given by the Hon'ble Premier and the Hon'ble Revenue Minister, I beg leave to withdraw my cut motion.

The motion was by leave withdrawn

Mr. Speaker: The question is—

"That a sum not exceeding Rs. 78,55,700 be granted to the Governer to defray the charges that will come in course of paymant for the pereiod from 15th August 1947 to 31st March 1948 in respect of General Administration.

The motion was carried.

IRRIGATION ESTABLISHMENT CHARGES.

Minister of Revenue (The Hon'ble Sirdar Shaukat Hyat Khan): Sir, I beg to move—

"That a sum not exceeding Rs. 82,66,200 be granted to the Governor to defray the charges that will come in course of payment for the period from 15th August 1947 to 31st March 1948, in respect of charges on Irrigation Establishment.

Mr. Speaker: Motion moved—

"That a sum not exceeding Rs. 82,66,200 be granted to the Governor to defray the charges that will come in course of payment for the period from 15th August 1947 to 31st March 1948, in respect of charges on Irrigation Establishment.

Major Syed Mubarik Ali Shah (Jhang Central, Muhammadan, Rural):

میجر سید مبارک علی شاہ: جناب والا میں یہ تحریک پیش کرتا ہوں

"کہ محکمہ انہار کے مطالبہ زر میں بقدر یک صد روپیہ تخفیف کر دی جائے"

اس تحریک تخفیف پیش کرنے سے میرا مقصد یہ ہے کہ محکمہ انہار کی عام پالیسی اور انتظام کے متعلق عام بحث کی جائے یہ مسلمہ امر ہے کہ صوبہ پنجاب نہروں کے سلسلہ میں دنیا بھر میں ایک مشہور صوبہ ہے۔ جس قدر ترقیات اس صوبہ میں آبپاشی سے ہوئی ہیں وہ اظہر من الشمس ہیں اور جتنا اس سلسلہ میں ہم اس نظام کو ترقی دیں گے اتنا ہی زیادہ ہماری بہبودی اور خوش حالی میں اضافہ ہوگا سب سے پہلے میری گذارش یہ ہے کہ یہ بہت ہی بہتر ہوگا کہ اس محکمہ کے بجٹ کو جنرل بجٹ سے علیحدہ کیا جائے۔ اس وقت تک حالات یہ رہے ہیں کہ اس محکمہ سے بہت زیادہ فائدہ حاصل ہوتا رہا ہے۔ لیکن اس محکمہ کے منافع کا فاضل روپیہ اب تک صوبہ کے دوسرے محکموں میں صرف ہوتا رہا ہے اور ہم اس میں اتنی efficiency پیدا نہیں کر سکے جتنی کہ ہمیں اس محکمہ میں کرنی چاہئے تھی۔ جو نقائص مثلاً سیم وغیرہ کے پیدا ہو گئے ہیں ان کے دور کرنے کے لئے اگرچہ اس وقت کافی انسدادی تدابیر کی جا چکی ہیں تاہم اگر اس محکمہ کا میزانیہ علیحدہ ہو اور ہمارے پاس بجٹ میں کافی روپیہ ہو تو ہم جلد سے جلد اس آفت کو دور کرنے کے لئے ایسی تدابیر اختیار کر سکتے ہیں جو کہ بہت ضروری ہیں۔ اس آفت کی وجہ سے ہمارے صوبہ کے نہری علاقوں میں بڑی تباہی ہو رہی ہے اور خدانخواستہ اگر روپیہ نہ ہونے کی وجہ سے ہم نے اس میں تاخیر کی تو اس سے بہت بربادی ہونے کا احتمال ہے اس لئے میں یہ چاہتا ہوں کہ جس طرح پرانی ہندوستانی مرکزی مجلس قانون ساز میں رواج تھا کہ ریلوے کا بجٹ

علیحدہ ہوا کرتا تھا اسی طرح محکمہ انہار کا بجٹ بھی ہمارے صوبہ میں علیحدہ ہونا چاہیے تاکہ اس سے جو آمدنی ہوتی ہے وہ جنرل ایڈمنسٹریشن پر خرچ ہونے کی بجائے محکمہ کی ضروریات پر خرچ ہو۔ جس کی وجہ سے اولاً تو ہم اپنی جملہ انہار کو اندر سے پختہ کر سکیں۔ تاکہ وہ ترسیم کے نقص سے محفوظ ہو جائیں۔ ثانیاً جو اس وقت ترسیم زدہ علاقہ جات ہیں اُن میں انسدادی تدابیر پر جلدی سے عمل ہو سکے۔ اور بقیہ روپیہ ریسرچ پر صرف کریں جس سے محکمہ کی efficiency میں ترقی ہو جائے وغیرہ وغیرہ۔ اس کے علاوہ چند اور مقامی واقعات ہیں جن کی وجہ سے مجھے مجبوراً تحریک تخفیف پیش کرنی پڑی ہے۔ مثلاً مہاجرین کا یہاں کثیر تعداد میں تشریف لانا ہمارے صوبہ کی اقتصادی زندگی پر بہت اثر انداز ہوا ہے جب تک ہم ان کو کام مہیا نہیں کرتے اس وقت تک ہمارے صوبہ کی اقتصادیات سنبھل نہیں سکتیں آخر گورنمنٹ کب تک ان کی کفیل ہو گی۔ اس لئے یہ ضروری ہے کہ گورنمنٹ کی جو بنجر اراضیات موجودہ انہار پر پڑی ہیں ان کو پانی بہم پہنچانے کا فوراً انتظام کیا جائے۔ انہار میں کافی توسیع کی جائے تاکہ ایسی اراضیات سیراب ہو سکیں جو اب تک آبپاشی نہیں ہوتیں اس سے نہ صرف حکومت کو بلکہ ان مالکان اراضی کو بھی فائدہ ہو گا جن کی اراضیات وہاں ہیں اس سے صوبہ کی زرخیزی بھی بڑھے گی اور مہاجرین کو بسانے کا سوال بھی حل ہو سکے گا۔ اس سلسلہ میں نہر لوئر چناب کے سلسلہ میں یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ اس کا ایک راجباہ سلطان پاکھڑا ہے جو ضلع جھنگ ڈسٹرکٹ ہیڈ کوارٹر کو آبپاشی کرتا ہے اگر اس میں کافی پانی چلایا جائے اور اس کے ہیڈ ورکس سے ایک اور راجباہ نکالا جائے تو اس سے لکھوکھا ایکڑ اراضی آباد ہو جائے گی۔ اور میں یہ سمجھتا ہوں کہ اس سے موضع سلیمان سے لے کر شیر ماہلا تک قصبہ جھنگ کے گرد و نواح تک دو بیاسی گاؤں آجائیں گے اس علاقہ میں گورنمنٹ کی کافی زمین پڑی ہے جو کہ مہاجرین کے کام آئے گی۔ اس کے علاوہ یہ بھی ہو سکتا ہے کہ مالکان اراضی کی جو اراضیات زیر آبپاشی آئیں گی ان میں مہاجرین کو بسانے کا کافی انتظام ہو جائے گا اور مہاجرین کی بہت بڑی تعداد کو کام مل جائے گا۔

اس کے علاوہ ایک اور نقص ہے جو نہر لوئر جہلم اور نہر لوئر چناب پر بہم رسانی آب کے بارہ میں ہے۔ میں وزیر مالیات کی توجہ اس طرف خاص طور پر مبذول کرنا چاہتا ہوں حضور والا یہ عجیب اور حیران کن امر ہے کہ ایک دوکان پر دو مختلف کاموں سے ایک ہی جنس کی دو شرحیں وصول کی جاتی ہیں۔ یہ ایسی بلیک مارکیٹ ہے جس کا میں سمجھتا ہوں جلد انسداد ہونا چاہیئے۔

Mr. Speaker: Order please. The House is not in quorum.

میجر سید مبارک علیشاہ: مجھے نہایت افسوس کیساتھ کہنا پڑتا ہے کہ جب میری باری آئی تو تمام گورنمنٹ باہر تشریف لے گئی ہے۔ شاید یہ مضمون اس قدر خشک ہے۔ یہ convention تو ضروری ہے کہ کم از کم وزیر متعلقہ کو ضرور اس ایوان میں موجود رہنا چاہیئے۔ بہرحال اس وقت معاف کرتا ہوں آئندہ خیال رکھنا چاہیئے۔

"گزشتہ را صلوٰۃ آئندہ را احتیاط"

صاحب سپیکر :- اگر متعلقہ وزیر کا پارلیمنٹری سیکرٹری موجود ہو تو وزیر باہر جا سکتا ہے۔

میجر سید مبارک علی شاہ :- بہت اچھا جناب بہرحال آنریبل وزیر مال یعنی سردار شوکت حیات خان کو اس دفعہ اس لغزش کی معافی دی جاتی ہے۔ جناب والا۔ نہر لوئر جہلم پر حق آبپاشی میں بہت تفاوت ہے نئے آبادکاروں کو ۵۰ فیصدی حق آبپاشی حاصل ہے اور وہاں کے پرانے باشندوں کو صرف ۴۰ فیصدی دیا گیا ہے۔ اب آپ خود فرمائیں کیا یہ حکومت کی طرف سے چور بازاری نہیں ہے۔ یہ تو وہی بات ہوئی کہ ایک دوکان پر ایک چیز کے مختلف گاہکوں کے لئے مختلف بھاؤ ہیں۔ اس کی وجہ صرف یہ ہے کہ ایک گاہک چالاک ہوشیار اور زبان دراز ہے مگر دوسرا گاہک غریب اور بے زبان ہے وہ واویلا نہیں کر سکتا ہے۔ آنریبل وزیر مال جب جھنگ تشریف لے گئے تھے تو ان کے نوٹس میں یہ بات لائی گئی تھی۔ اب یاد دہانی کرا رہا ہوں۔ تاکہ صاحب موصوف غور کریں اور اس کا انسداد کریں۔ جب نہر لوئر جہلم کا آغاز ہوا تھا تو نئی اور پرانی آبادی کے حقوق آبپاشی مختلف تھے۔ اس کی شاید دو وجوہ تھیں ایک تو نئی زمین کو بنجر شگافی کے واسطے زیادہ پانی کی ضرورت تھی دوسرے آبادکاروں کی کشش کے لئے ایسا کیا گیا تھا۔ اب تو نہر چلے ۴۵ سال گذر چکے ہیں۔ اور یہ چیز جاری رکھنا پرانی آبادی کے مالکان اراضی پر ظلم کرنا ہے خصوصاً جبکہ وہ بھی موجودہ حکومت کے تابع اور فرمانبردار ہیں اور باقی لوگوں سے قربانیوں میں بھی کسی طرح کم نہیں ہیں۔ حکومت نے ضلع شاہ پور کے پرانے زمینداروں کے حقوق آبپاشی تو بڑھا دیئے ہیں شاید وہ واویلا زیادہ کر سکتے تھے اور ضلع سرگودھا کو ہمیشہ وزارت میں نمائندگی حاصل رہی ہے۔ لیکن جھنگ میں ابھی نہیں بڑھائے گئے ہیں۔ اس وقت کے آنریبل وزیر مال نے اس معزز ایوان میں واضح طور پر کہا تھا کہ ضلع سرگودھا میں یہ حقوق تجربتہً بڑھائے جا رہے ہیں اس کے بعد جھنگ کے زمینداروں کو بھی موقع دیا جائے گا۔ بارہ سال گذر چکے ہیں لیکن ابھی تک کوئی قدم نہیں اٹھایا گیا۔ میں آنریبل وزیر مال سے درخواست کرتا ہوں کہ وہ جلد از جلد اس امر کی طرف توجہ کریں۔

نہر لوئر جہلم پر دو قسم کے شیڈول آف واٹر ریٹس ہیں۔ ان کی رو سے ایک فصل ضلع شاہ پور میں کاشت ہوتی ہے اور وہی فصل ضلع جھنگ کی اراضیات میں کاشت ہوتی ہے تو اسی ایک ہی جنس کی فصل پر دو شرح سے آبیانہ لگایا جاتا ہے۔ یعنی ضلع جھنگ کی اراضیات پر آبیانہ کی شرح زیادہ اور ضلع شاہ پور کی اکثر و بیشتر اراضیات پر اسی فصل اور جنس کے کاشت کرنے پر شرح آبیانہ کم لگائی جاتی ہے۔ حالانکہ حقوق آبپاشی میں تفاوت کی نسبت سے آبیانہ کی قیمت میں بھی تفاوت ہونا چاہئے تھا زیادہ حق آبپاشی والوں سے زیادہ قیمت وصول کی جاتی اور کم حق آبپاشی والے علاقہ سے کم شرح کے حساب سے آبیانہ وصول ہوتا۔ لیکن یہاں الٹی گنگا ہے جھنگ کے لوگوں پر شیڈول الف لگایا گیا ہے اور شاہ پور کے لوگوں پر شیڈول ب لگایا گیا ہے مثال کے طور پر صرف فصل گندم پر جھنگ میں شاہ پور کی نسبت آبیانہ ڈیڑھ روپیہ فی ایکڑ زیادہ لگایا جاتا ہے۔ اسی سلسلہ میں ضلع جھنگ کی اراضیات کے مالکان و مزارعان اجرائے نہر لوئر

جہلم سے لے کر اب تک شاہ پور کے مالکان اراضی دہزار عان کے مقابلہ میں کروڑوں نہیں تو لاکھوں روپے یقیناً زیادہ ادا کر چکے ہیں۔ یہ سراسر ناجائز ہے۔ جھنگ کے زمیندار چونکہ شریف اور بے زبان ہیں اس لئے ان کے ساتھ یہ ناروا سلوک کیا جا رہا ہے۔ نہر لوئر چناب کی پرانی آبادی کے زمینداروں سے بھی یہی ہو رہا ہے۔ کم از کم اب تو مساوات ہونی چاہئے۔ اور سب کلیم گو لوگوں کے ساتھ یکساں سلوک ہونا چاہئے۔ مدنہ مجھے مجبوراً یہ اس معزز ایوان میں کہنا پڑتا ہے۔ کہ ہمیں یعنی ضلع جھنگ کے لوگوں کو حکومت کے اس ناجائز رویہ کے برخلاف سخت سے سخت اقدام احتجاجاً کرنا پڑے گا۔ جس کے نتائج پبلک اور حکومت دونوں کے واسطے یقیناً نامناسب اور ناخوشگوار ہونگے۔ بھلا اب بھی حکومت اس "بلیک مارکیٹ" کو جو کہ اس حکومت کی پیشرو حکومتوں نے روا رکھی ہے جاری رکھے گی۔ مسلم لیگ کی حکومت اس کو فوراً بند کرے۔

جب نہر جیلی پراجکٹ کا کام شروع کیا گیا۔ تو اُس وقت ہیڈ ورکس کی تعمیر کے سلسلے میں ضلع جھنگ کے ۲۲/۲۵ دیہات پروٹیکشن بند بنانے سے ہیڈ ورکس کی شمالی جانب والی جھیل میں آ گئے۔ اُن دیہات کے مالکانِ اراضی کا حال بہت بُرا ہے وہ لوگ جو ایک وقت میں مالکانِ اراضی تھے اب مہاجروں کی طرح ہیں وہ بہت تنگ ہیں۔ اِس بارہ میں میں نے جب کبھی وزیر صاحبان سے بات چیت کی لاہور میں یا اُن کے جھنگ میں دورہ کے وقت تو کوئی شنوائی نہ ہوئی۔ وجہ یہ تھی کہ ہماری بدقسمتی سے بائیس یا پچیس گاؤں میں مالکانِ اراضی تقریباً تمام کے تمام مسلمان تھے غیر مسلم مالکانِ اراضی کی تعداد بہت ہی قلیل تھی۔ ہیڈ ورکس پر جو بھی اخراج ہوتا وہ عموماً ایسے لوگوں میں سے ہوتا جو آج کل مشرقی پنجاب میں جا چکے ہیں۔ جتنی بھی مسلمانوں کو تکلیف پہنچتی اُن کے لئے باعثِ راحت ہوتی۔ یہی وجہ تھی کہ اُن میں سے کسی نے ہماری عرضداشت پر ہمدردی سے غور نہ کیا۔ اور دن بے چاروں کی تکالیف بڑھتی گئیں۔ اب حکومت سے یہ استدعا ہے کہ ان کے حال پر مہربانی فرمائی جائے اگر اُن دیہات کے مالکان اراضی کی زمین اُنہیں واپس کر دی جائے تو یہ عین انصاف پروری ہوگی۔ حضور والا! میں اس معاملے کے متعلق اور زیادہ نہیں کہنا چاہتا کیونکہ مجھے معلوم ہوا ہے کہ میرے فاضل دوست مسٹر محمد عارف صاحب بھی اس معاملہ کے متعلق کچھ کہنے کا ارادہ رکھتے ہیں۔ اگرچہ وہ اس وقت یہاں موجود نہیں ہیں۔ میں کسی صاحب کی خدمت میں گذارش کرونگا کہ وہ اُنہیں بلا لائیں تاکہ وہ اس معاملہ پر اپنے خیالات کا اظہار کر سکیں۔ تو صاحب صدر یہ تھیں میری چند معروضات۔ میں یہ کٹ موشن پیش کرنے پر مجبور تھا کیونکہ اس کے بغیر اُن غریب اور مفلوک الحال لوگوں کے خیالات حکومت تک نہیں پہنچا سکتا تھا۔

اب میں ایک اور ہنگامی مگر اشد ضروری معاملے کی طرف اشارہ کرنا چاہتا ہوں میرے دیندار بھائی جو یہاں موجود ہیں۔ وہ جانتے ہیں کہ اس سال فصل کپاس زیادہ سے زیادہ دو پیسے میں پانچ آنے ہوئی ہے اور میں یہ بھی اچھی طرح جانتا ہوں۔ کہ

ہماری حکومت سخت مالی مشکلات سے دوچار ہے مگر کپاس کی فصل اس قدر کم ہوئی ہے کہ زمینداروں کو remission دینا بہت ضروری ہے۔ اس طبقہ کو بھی مدد کی بہت ضرورت ہے۔ میں سمجھتا ہوں جہاں حکومت کو ساڑھے تین کروڑ روپیہ کا خسارہ برداشت کرنا پڑا ہے۔ وہاں دس بیس لاکھ روپیہ اور سہی۔ اس سے عوام کی پریشانی دور ہو جائے گی۔ اور عوام میں حکومت کے خلاف بددلی نہیں پھیلے گی۔ بلکہ ان کو اطمینان ہو جائے گا۔ کہ مسلم لیگ گورنمنٹ خود کتنی ہی مالی مشکلات میں مبتلا ہو وہ عوام کی صحیح اور ضروری امداد کرنے میں ہرگز لیت و لعل نہیں کرتی۔ اس سے روپیہ کے نقصان کے مقابلہ میں ملک کی ہمدردی حاصل کرنے سے فائدہ زیادہ ہوگا۔

حضور والا! ان الفاظ کے ساتھ میں اپنی تخفیف کی تحریک کو اس معزز ایوان کے سامنے پیش کرتا ہوں۔

Mr. Speaker: Demand under consideration, motion moved is :—

"That the total demand by reduced by Rs. 100/-."

Sirdar Muhammad Husain (Chunian, Muhammadan, Rural) :—

سردار محمد حسین جناب والا! اس وقت ایوان کے سامنے cut motion پیش ہے اس کے سلسلہ میں بہت سی باتیں کہنے والی ہیں۔ (ایک آواز:۔ سب کہئے)۔ وقت کی نزاکت کا یہ تقاضا ہے کہ میں ان تمام امور کو حکومت کے سامنے رکھ دوں۔ سب سے پہلے تو میں ضلع لاہور میں دیپال پور کینال پر جو بے انصافی ہوئی ہے اس کا تذکرہ کروں گا۔ ایوان میں آج سے ۲، ۳، ۴ سال پہلے بھی تقریروں میں اس بے انصافی کا ذکر آیا تھا۔ کہ وہاں بہت بے انصافی ہو رہی ہے۔ یہ نہر ۱۶، ۱۷ سال سے بنی ہے۔ اس سے پہلے وہاں جو نہر بھی وہ بھی ۹ مہینے چلتی تھی۔ اس وقت آبیانہ نصف تھا۔ مگر نئی دیپال پور نہر بننے پر آبیانہ دگنا کر دیا گیا۔ اس علاقہ میں اس بے انصافی کے خلاف بہت جذبہ پایا جاتا ہے۔ کئی بار ہڑتالیں ہوئیں ایک دفعہ موگوں پر پکٹنگ بھی کی گئی۔ چنانچہ اس وقت کے وزیر اعظم آنریبل سر سکندر حیات مرحوم اور ان کے وزیر مالیات بھی وہاں تشریف لے گئے۔ انہوں نے حالات کو اپنی آنکھوں سے دیکھا اور واقعات کو اپنے کانوں سے سنا۔ مگر پھر بھی لوگوں کی داد رسی نہ ہوئی۔

میں یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ ہٹھار کے علاقے کو جو نہر سیراب کرتی ہے وہ فیروزپور ہیڈ سے نکلتی ہے۔ لائل پور سے یہ علاقہ کم زرخیز ہے۔ اور لائل پور کی نہر دو فصلی ہے۔ لیکن باوجود اس بات کے یہاں کا آبیانہ ضلع لائل پور کے برابر لگایا گیا ہے۔ ضلع لاہور کے علاقہ ماہجھا کے مقابلہ میں بھی ہٹھاڑ کی اراضی کمزور ہے۔ بندوبست کی رپورٹ موجود ہے۔ جس سے ثابت ہے کہ ضلع لاہور کے ہٹھاڑ کا معاملہ علاقہ ماہجھا سے کم ہے۔ اس لئے علاقہ ہٹھاڑ میں آبیانہ بھی کم ہونا چاہئے۔ یہاں کے زمینداروں کے لئے ایک اور مصیبت خوش حیثیتی ٹیکس ہے۔ گویا اس علاقہ کے زمیندار ٹیکسوں کے بوجھ

تلے دبے ہوئے ہیں۔ اس لئے ضروری ہے کہ ان کی مدد کی جائے۔

جیسا کہ میں اوپر بیان کر چکا ہوں۔ اس نہر کا علاقہ ضلع فیروز پور کی حد میں آ چکا ہے جو اب ہندوستان میں جا چکا ہے اور اس پر ہمارا کوئی کنٹرول نہیں رہا۔ پچھلے سیلاب کے دنوں میں یہ نہر بند کر دی جاتی تھی۔ مگر اس سال اسے کھلا چھوڑ دیا گیا۔ جس کا نتیجہ یہ ہوا کہ نہر ٹوٹ گئی۔ اور بہت سے دیہات تباہ ہو گئے اور بہت سی فصل پانی میں ڈوب گئی۔ میں آنریبل وزیر مالیات سے گذارش کروں گا کہ وہ اس سلسلہ میں ایک کمیٹی مقرر فرما دیں جو تحقیقات کرے کہ آیا وہاں کے زمینداروں کی شکایات بجا ہیں یا نہیں۔ اور ان کے ساتھ بے انصافی ہوئی ہے یا نہیں۔ بے قاعدگی ہو رہی ہے یا نہیں۔ اور آیا آبیانہ میں کمی ہونی چاہئے یا نہیں۔

اس کے علاوہ علاقہ ماجھا کو جو پنجاب کے زرخیز ترین علاقوں میں سے ہے۔ نہر اپر باری دوآب سیراب کرتی ہے۔ جس کا منبع ہندوستان میں آ گیا ہے۔ وہ امرتسر سے ہوتی ہوئی ضلع لاہور میں سے گزرتی ہے۔ اس لئے امسال وہ نہر ۵، ۱۰ ماہ بند پڑی رہی۔ جس کا نتیجہ یہ ہوا کہ فصل چاول تو درکنار کپاس اور کماد بھی سوکھ گئے اور آئندہ فصل ربیع کی کاشت بھی نہیں ہو سکی۔ ان لوگوں کی حالت بہت خراب ہے۔ ان کے پاس کھانے کی چیز باقی نہیں رہی۔ میں آنریبل وزیر اعظم اور وزیر مالیات کی توجہ ان کی حالت پر مبذول کرانا چاہتا ہوں۔ جب وہ قائد اعظم ریلیف فنڈ کے سلسلہ میں پتوکی گئے تھے اس وقت بھی ان کی خدمت میں گذارش کی گئی تھی۔ کہ جبکہ وہ نہر امرتسر سے ہوتی ہوئی آتی ہے اور ان پر ہمارا کوئی زور نہیں چل سکتا تو کم از کم نہر اپر باری دوآب میں سے ایک نئی نہر نکال دی جائے جو تھانہ بھائی پھیرو، سہرائے مغل، رائے ونڈ پتوکی اور چونیاں وغیرہ کو سیراب کر سکے۔ اگر وہاں سے شاخ نکالی جائے تو اردگرد کا علاقہ سیراب ہو سکتا ہے۔ اور ضلع لاہور کا بہترین علاقہ تباہی سے بچ سکتا ہے۔ میں نے پہلے بھی اس امر کے متعلق کئی دفعہ حکومت کو متوجہ کیا ہے۔ جناب وزیر اعظم کو اچھی طرح سے معلوم ہے کہ پتوکی میں بھی میں نے اپنی تقریر میں حکومت سے یہ مطالبہ کیا تھا۔ اب میں حکومت سے پھر درخواست کروں گا کہ وہ اس بات کی طرف اپنی فوری توجہ مبذول کرے۔

جناب والا۔ وزیر اعظم صاحب یہ تو مانتے ہیں کہ ہمارا آبپاشی کا مطالبہ بالکل جائز ہے۔ اور پاکستان کے قیام سے لے کر اب تک ہماری زمینیں بالکل خشک پڑی ہیں۔ نہری زمینوں کو بڑا نقصان پہنچا ہے۔ اور اس کی وجہ یہ تھی کہ نہر اپر باری دوآب میں پانی آیا ہی نہیں۔ وہ فرماتے ہیں کہ یہ چیز زیر غور ہے۔ مگر میں کہتا ہوں کہ یہ نہ ہو کہ یہ تجویز پانچ یا دس سال زیر غور ہی رہے اور نتیجہ یہ ہو کہ اس علاقے کے غریب کاشتکار اور مہاجرین جو کافی تعداد میں وہاں پہنچ چکے ہیں۔ پانی کی قلت کی وجہ سے کاشتکاری ہی چھوڑ دیں۔ اور یہ علاقہ بالکل ویران اور غیر آباد ہو جائے۔ لہذا میں خاص طور پر یہ گذارش کرنا چاہتا ہوں کہ وہ شاخ ضرور اور

بہت جلد نکالی جائے - اور اس علاقے کے لوگوں کی تکالیف محسوس کرتے ہوئے ان سے ہمدردی کا سلوک روا رکھا جائے - میں آپ کی خدمت میں پھر عرض کروں گا کہ اس معاملے پر صرف سوچ بچار سے کام نہیں چلیگا کیونکہ سوچنے اور غور کرنے میں تو شاید دو چار سال لگ جائیں - اس سلسلے میں فوری اقدامات کی ضرورت ہے - لہذا حکومت کو جلد از جلد اس کی طرف متوجہ ہونا چاہئے -

اس کے بعد میں نہر دیپال پور کے متعلق پھر چند گذارشات کرنا چاہتا ہوں - اس نہر کے متصل دریا کے ساتھ ساتھ موضع گنجہ کلاں کے برابر ایک بند ہے جو تین میل لمبا ہے - وہ بند نہایت خستہ حالت میں ہے - بلکہ میں تو کہوں گا کہ وہ اس سال طغیانی کی وجہ سے بالکل ٹوٹ چکا ہے - اور اس سال اس کی فوری مرمت درکار تھی - مگر ابھی تک اس کا کوئی انتظام نہیں کیا گیا - اس کی مرمت اور تعمیر کا فوراً انتظام کرنا چاہئے - کیونکہ میں سمجھتا ہوں کہ چار یا پانچ ماہ کے بعد جب طغیانی زوروں پر ہوگی تو اس نشیب سے طغیانی کا پانی نکلنے سے آس پاس کے تمام گاؤں تباہ و برباد ہو جائیں گے - اور بہت زیادہ نقصان ہوگا - اس نقصان سے بچنے کے لئے حکومت کو فوری تدابیر سوچنی چاہئیں -

جناب والا - اب میں حکومت کی خدمت میں دوبارہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ کہ ماجھہ کے علاقے کو جو نہر سیراب کرتی ہے وہ بالکل خشک پڑی ہے وہ ہندوستان کی طرف سے آتی ہے اور اس دفعہ حکومت مشرقی پنجاب نے اس میں پانی نہیں چھوڑا - پانی نہ آنے کی وجہ سے فصلوں کو بہت ہی نقصان پہنچا ہے - لہذا میری درخواست ہے کہ اگر ہماری حکومت فی الحال پانی کا انتظام نہیں کر سکتی تو زمینداروں کی خوشحالی اور امداد کے لئے کم از کم آبیانہ اور لگان ہی معاف کر دے - اس اقدام سے بھی ان کی کافی امداد ہو سکتی ہے - میں آنریبل وزیر اعظم اور وزیر مال کی توجہ اس امر کی طرف مبذول کراؤں گا کہ پانی کی قلت کی وجہ سے اس علاقے میں گنا - شکر اور کماد جو قبل ازیں بافراط پیدا ہوا کرتا تھا بالکل تباہ ہو چکا ہے مزید برآں چارہ جس پر مویشیوں کی زندگی کا دارو مدار ہے اور جو کاشتکاری کے لحاظ سے ایک اہم فصل اور زمینداروں کا ایک وسیلہ ہے بالکل تباہ ہو چکا ہے - مگر ہم دیکھتے ہیں کہ حکام نے دیدہ و دانستہ آبیانہ اور لگان کی معافی کی طرف کوئی قدم نہیں اٹھایا - حکومت کو ان تباہ شدہ علاقوں کا خاص خیال رکھنا چاہئے - اور اس سلسلے میں جلد از جلد کوئی اقدام کرنا چاہئے -

میں امید کرتا ہوں کہ حکومت ماجھہ کے علاقہ کی طرف خاص توجہ کرے گی اور غریب زمینداروں - مہاجرین اور دیگر باشندگان کی امداد کے پیش نظر فصل خریف کا آبیانہ اور لگان معاف کر دیگی - اور مجھے یقین ہے کہ وزیر اعظم اور وزیر مال میری گذارشات پر توجہ فرمائیں گے اور میرے علاقے کے لوگوں کی تکالیف رفع کرنے کی جلد از جلد کوشش فرمائیں گے - ان الفاظ کے ساتھ میں اپنی تقریر ختم کرتا ہوں -

Mian Muhammad Nurullah (Toba Tek Singh, Muhammadan, Rural) :—

میاں محمد نور اللہ

جناب والا- بڑا افسوس ہے کہ میں پروگرام کے مطابق آج وقت پر نہ پہنچ سکا- چونکہ کل مجھے لائل پور ایک خاص کام کے سلسلے میں جانا پڑا اور میں ابھی ابھی وہیں سے لوٹ رہا ہوں اس لئے یہاں میں ایسے وقت پہنچا ہوں جبکہ عام نظم ونسق (General Administration) پر بحث ختم ہوکر آبپاشی (Irrigation) پر شروع ہونے والی تھی- میں یہاں اس امر کا ذکر کرنا مناسب سمجھتا ہوں کہ میں Irrigation کی بحث کے سلسلے میں ہمیشہ ایک طویل ابتدائی تقریر کرتا رہا ہوں- خیر اب میں جو کچھ کہنا چاہتا ہوں وہ موضوع زیر بحث کی عام پالیسی کے متعلق ہے - اس کے متعلق میں ایک تحریک تخفیف پیش کرنی چاہتا ہوں - چونکہ میں یہ تحریک نہایت ضروری سمجھتا ہوں اس لئے میں اسے پیش کرنے کی اجازت چاہتا ہوں-

Mr. Speaker: The hon'ble member can speak on the motion of Major Syed Mubarik Ali Shah without moving his own cut motion.

میاں محمد نور اللہ- چیف انجنیر کے (Item) کے متعلق میں بجٹ کے صفحہ ۱۵۰ کی طرف ایوان کی توجہ دلانا چاہتا ہوں-

اس پر بالتفصیل خان بہادر شیخ فضل حق پراچہ روشنی ڈالنا چاہتے تھے - اور بہت سی چیزیں آپ کی خدمت میں پیش کرنا چاہتے تھے - مگر چونکہ اس وقت وہ تشریف فرما نہیں ہیں - اس لئے اب بحث کو کل تک جاری رکھنے کے لئے مجھے ہی آدھ گھنٹہ تقریر جاری رکھنی پڑے گی-

Mr. Speaker: Please do not give expression to your intention and proceed with your speech.

میاں محمد نور اللہ :- جناب والا- میں نے پہلے بھی عرض کیا ہے کہ میں پہلے تو تحریک تخفیف کے متعلق کچھ عرض کرنا چاہتا ہوں اور اس کے بعد (General Policy) عام پالیسی کے بارے میں چند امور پر اظہار خیال کروں گا- اور پھر شاہ پور برانچ کے متعلق کچھ عرض کرونگا- جناب عالی- سب سے پہلے چیف انجنیئر کے متعلق اور پھر شاہ پور نہر میں پانی دینے کی ضرورت کی وضاحت کرنا چاہتا ہوں- چیف انجنیئر اپنے محکموں کے اعلیٰ افسر ہیں اور ہمارے پاس صرف تین چیف انجنیئر ہیں- میری گزارش ہے کہ اگر شاہ پور نہر جاری کی جائے تو باوجود اس کے کہ خسارہ دکھایا جائے اس کے چلانے کے بعد زیادہ منافع ہوگا اور آپ کے مالیات میں معتد بہ اضافہ ہوگا- یہ کہا جائے گا کہ طغیانی والی نہروں کی طرح یہ نہر بھی خسارے والی ہوگی - میں اس سے اتفاق نہیں کرتا- مجھے یاد ہے جب کئی سال ہوئے میں نے ایک مضمون تیار کیا اور اسے سمجھا اور لوگوں سے پوچھا تھا تو معلوم ہوا تھا نہر تیار ہوچکی

ہے۔ پٹڑیاں بن چکی ہیں مگر پانی نہیں ملتا۔ اب بتائیے اتنا خرچ برداشت کرنے کے بعد اُس کو بغیر پانی چلانے کے چھوڑ دینا کہاں کی مصلحت تھی۔ پوچھا گیا کہ حکومت پانی کیوں نہیں دیتی تو اُن دنوں میں یہ بتایا گیا تھا کہ پانی دینے پر وہاں کے با اثر زمینداروں کو جو ہزاروں ایکڑ کے مالک ہیں خصوصاً ٹوانے اور نون خاندانوں کو اعتراض ہے۔ چنانچہ ان کے اثر اور رسوخ کی بنا پر پانی نہ دیا گیا مگر حضور والا اب جیسا کہ میرے معزز دوست سید مبارک علی شاہ نے کہا کہ وہاں چھوٹے چھوٹے زمینداروں کے مربعے بھی ہیں۔ اور وہ اِس نہر سے فائدہ اُٹھا سکتے ہیں تو اُن کو فائدہ اُٹھانے سے کیوں محروم رکھا جا رہا ہے۔ کیا صرف اِس وجہ سے کہ بڑا زمیندار اُس پر راضی نہیں ہوتا۔

پھر کہا جاتا ہے کہ یہ علاقہ نہر unproductive ہے۔ اس علاقہ میں پیداوار بہت کم ہوتی ہے۔ اس پر خسارہ ہوتا رہا ہے۔ سالہا سال ہزاروں روپیہ ضائع ہوتا رہا ہے۔ اگر پانی چلایا جائے تو وہاں کے کئی زمیندار کام پر لگ جائیں گے۔ جو اب بیکار ہیں۔ اور باوجود اس کے وہاں کا زمیندار unemployed کیا ہے نیز میری گزارش ہے اگر مہاجرین ادھر جا کر کام شروع کر دیں تو ہزاروں کی تعداد میں کھپ جائیں۔ علاوہ اِس کے منافع ہو۔ اس لئے شاہ پور نہر کو چلانا ازحد ضروری ہے۔ اگر تمام نہریں چلیں گی تو تین چیف انجنیئروں کا خرچ بھی آسانی سے پورا ہو سکتا ہے۔ مان لیا چیف انجنیئر کی تنخواہ زیادہ ہوتی ہے۔ لیکن اِن نہروں کے چلانے سے وہ بھی ادا کی جا سکیگی۔ صوبہ کی آمدنی زیادہ ہوگی اور خزانے میں معتد بہ اضافہ ہو جائے گا۔ اگر ہمیں زیادہ سے زیادہ زمینوں کو زیر کاشت لانا ہے تو ضرور پانی مہیا کرنا چاہئے۔ اگر پانی حکومت مہیا کر دے تو اُس کے محاصلات کہیں سے کہیں جا پہونچیں۔ میں یقین دلاتا ہوں کہ جن نہروں پر آپ کو خسارہ ہوتا ہے یہ نہر اُن میں سے نہیں ہو سکتی۔ علاوہ بریں اِس وقت خدا نے آپ کو غریبوں کی امداد کا موقع دیا ہے آپ نے اپنے منشور میں واضح طور پر بیان کیا ہوا ہے کہ ہم غربا کی امداد کرینگے آپ کا نعرہ تھا کہ امیر اور غریب کو برابر برابر رکھنے کی کوشش کی جائے گی۔ سب کو اُس کا حصہ ملے گا خواہ روپیہ امیروں سے کیوں نہ لینا پڑے۔ خواہ ہمیں امیروں پر ٹیکس لگا کر غریبوں کی امداد کیوں نہ کرنی پڑے۔ اب وقت ہے امداد کرنے کا۔ وہاں کے زمیندار آپ کی طرف دیکھ رہے ہیں۔ میں کہتا ہوں اگر آپ ٹیکس لگانا چاہتے تو اِس نہر کے سلسلہ میں لگا کر غریبوں کی امداد کر سکتے تھے۔ اور یہ امر آپ کے منشور کے عین مطابق ہوگا۔ شاہ پور کے رقبہ میں آپ بہت سے مہاجرین کو بھیج سکتے تھے کیونکہ شاہپور کا رقبہ کافی رقبہ ہے۔ وہاں کام شروع کرنے سے آپ ہزاروں کو مصروف کار رکھ سکتے تھے۔ اور اس طرح مہاجرین کی آبادکاری کا مسئلہ بڑی حد تک حل ہو سکتا تھا۔ میں پوچھنا چاہتا ہوں کیا ابھی تک امیروں کا اثر رسوخ۔ حکومت کے کام میں روڑا اٹکا رہا ہے۔ اور وہ غریب کی خاطر اُس کی ناراضگی گوارا نہیں کر سکتے۔ میری گزارش ہے کہ آپ مہربانی کر کے جلد از جلد نہر شاہپور جاری کریں۔ اور چیف انجنیئر کو ہدایت کریں کہ وہ نہر مذکور کو جاری کرنے میں ایک لمحہ کی دیر نہ کرے۔

Khan Bahadur Mian Sultan Ali Nangiana (Shahpur, Muhammadan, Rural) :

خان بہادر میاں سلطان علی لنگیانہ

جناب والا! اس سے پہلے میرے معزز دوست میاں محمد نور اللہ شاہپور نہر کے متعلق کافی

کچھ کہہ چکے ہیں۔ میری عرض ہے کہ نہر شاہپور برانچ جو ساہیوال کے شمال و غرب میں واقع ہے۔ اُسے جلد از جلد پانی دیا جائے۔ وہ لوگ مایوس ہو چکے ہیں کیونکہ وہ چھوٹے چھوٹے زمیندار ہیں اور اُن کا حکومت پر کوئی زور نہیں کہ وہ اُسے کہہ سکیں کہ شاہ پور نہر جاری کی جائے۔ بڑے لوگوں کی زمینیں سیراب ہوں اور ان کی زمینوں کی طرف کوئی توجہ نہ دی جائے یہ بات کہاں تک معقول ہے یہ میں وزیر انچارج سے پوچھنا چاہتا ہوں۔

جناب والا۔ وہاں کے لوگوں کو کم پانی کی وجہ سے بڑی تکلیف ہے اور اِس دیرینہ تکلیف کی وجہ سے اُن کی اقتصادی حالت نہایت کمزور ہو چکی ہے۔

میں ان الفاظ کے ساتھ زیر بحث تحریک تخفیف کی تائید کرتا ہوں۔

Major Syed Mubarik Ali Shah (Jhang Central-Muhammadan, Rural) :—

میجر سید مبارک علی شاہ :-

میری عرض یہ ہے کہ نہر شاہپور برانچ کا عدم اجرا ایک پرانا مرض ہے بلکہ میں کہونگا انگریز کے وقت کی لعنت ہے جس نے صوبہ پنجاب کی سیاسیات پر نہایت بدنما اور مضرت رساں اثرات ڈالے۔ اس سے میرا یہ مطلب ہے۔ کہ اگر نہر شاہ پور برانچ کا اجرا شروع ہی سے ہو جاتا۔ تو اس وقت جو جو لوگ وہاں کے ذرائع آبپاشی کے مالک و مختار ہونے کی حیثیت میں بیشمار روپیہ سالانہ جمع کر لیتے ہیں نہ اُن کے پاس اس قدر روپیہ ہوتا۔ اور نہ وہ اپنی ذاتی شوکت و جاہ کے واسطے وہ روپیہ خرچ کر کے ملک اور ملت کو نقصان عظیم پہنچا سکتے۔ یہ حقیقت ہے کہ نہر کے نہ ہونے سے وہاں کے بہت سے زمیندار جو معمولی حیثیت کے زمیندار تھے (جن کی حیثیت کے زمیندار خود ان کے ضلع میں اور صوبہ کے دوسرے اضلاع میں کثرت سے موجود ہیں) اب راجے اور نواب بن گئے ہیں اور ان میں سے اکثر مالکان ذرائع آبپاشی اپنے اپنے علاقہ میں فراعنہ مصر سے کم نہیں ہیں لیکن اُس علاقے کے غریب زمیندار اور غریب ہو گئے ہیں۔ کیونکہ بڑے زمیندار ان سے ناجائز مطالبات کرتے ہیں شئہ علاوہ دیگر ناجائز حبوب کے ان زمینداروں کی اپنی آمدنی کا ۱/۴ حصہ اُن سے جنسی بٹائی کی صورت میں لیتے ہیں۔ عرض یہ ہے کہ میں جس جگہ گیا ہوں اِس نہر شاہپور کے جاری کرنے پر زور دیا گیا ہے۔ اور مجھے یہ معلوم کر کے افسوس ہوا کہ نہر شاہپور کے نہ ہونے کی وجہ سے اُن لوگوں کا حق مارا جا رہا ہے اور چھوٹے زمینداروں کی عزت دولت بہبودی کا انحصار اِن بڑے زمینداروں کے رحم و کرم پر ہے جن کا کہ اُس علاقے میں راج ہے کیونکہ اُس علاقے کے وسائل آبپاشی کے وہ مالک و مختار ہیں۔

آپ سمجھتے ہیں کہ اراضیات کے لئے پانی کی کس قدر ضرورت ہے۔ عربی کی ایک مثل ہے "کُلُّ شَیْءٍ مِنَ الْمَاءِ" "ہر ایک چیز پانی سے پیدا ہوئی ہے"

یعنی ہر ایک چیز کے لئے پانی ضروری ہے۔ بہر حال اراضیات کے لئے تو پانی نہایت ہی ضروری ہے۔ اب ان علاقوں میں ایسے زمیندار ہیں جو سینکڑوں مربعوں کے مالک ہیں مگر نامساعد حالات نے انہیں معمولی ہستی کا نہیں میں کہوں گا ایک اعلیٰ مزارعہ

بنا رکھا ہے اصل میں وہ اعلیٰ طبقہ کے مالکان کی صف اوّل کے قابل تھے۔ اپنی ملکیت میں سے ان کو یہ آزادی نہیں کہ وہ اپنی پیداوار خود اٹھا سکیں۔ تاوقتیکہ ان حضرات کا، جو کہ وہاں کے آب رساں ہیں، کوئی کارندہ وہاں نہ پہنچے۔ اور وہ ان کو چارہ تقسیم کرکے نہ دے۔ یا ڈھیروں میں سے غلہ بانٹ کر نہ دے۔ مجھے بڑی خوشی ہوئی ہے کہ میرے عزیز دوست میاں سلطان علی صاحب نے بھی ہماری اس تحریک کی تائید فرمائی ہے۔ اور کیوں نہ کرتے انہوں نے اس بدنصیب علاقے کے صحیح نمائندے ہونے کا حق ادا کیا ہے۔ کہ جس کے زمیندار پانی نہ ہونے کی وجہ سے ہمیشہ ان لوگوں کے دست نگر ہیں۔ جن کا میں پہلے ذکر کر چکا ہوں۔ میاں صاحب خود وہاں رہتے ہیں جہاں کہ بڑے ظلم ہوتے رہتے ہیں۔ وہاں کے مظالم کی داستانیں ہم کیا بیان کریں۔ وہ سب کو معلوم ہیں۔ تو میں یہ عرض کروں گا اور جس طرح میاں محمد نور اللہ صاحب نے فرمایا ہے۔ مسلم لیگ نے جو الیکشن لڑے تھے۔ اس میں اس کے مواعید یہ تھے کہ مساوات ہوگی اور پسماندہ طبقوں کی تکالیف کو دور کیا جائے گا۔ یہ ایک ایسی تحصیل ہے جو ساری کی ساری پس ماندہ ہے۔ اس لحاظ سے میں سمجھتا ہوں کہ مسلم لیگ ایک نہایت اہم فرض میں کوتاہی کرنے کی مجرم ہوگی جب تک کہ وہ اس نہر کو جاری کرنے کا انتظام نہ کرے۔ ورنہ آئندہ جب بھی ہماری گورنمنٹ کی طرف سے یا ہماری تنظیم کی طرف سے کوئی مواعید کئے جائیں گے تو لوگ انہیں تامل کی نظروں سے دیکھیں گے اور ہچکچائیں گے اور سوچیں گے کہ پہلے جو مواعید کئے گئے تھے، انہیں کس حد تک مسلم لیگ گورنمنٹ نے پورا کیا ہے۔ اس لئے میں سمجھتا ہوں کہ یہ نہایت ضروری بات ہے۔ اور وزیر اعظم خاص طور پر اس بات پر توجہ دیں۔ صرف وزیر مال پر ہی نہ چھوڑیں۔ کیونکہ ممکن ہے ان کے کندھے چھوٹے ہوں۔ (قہقہہ)

سردار شوکت حیات خان :- فکر نہ کیجئے۔ کندھے بڑے مضبوط ہیں۔

میجر سید مبارک علی شاہ :- جناب والا! میں نہایت زور سے اپنے دوست میاں محمد نور اللہ کی cut motion کی تائید کرتا ہوں۔ اور اپنی تقریر ختم کرتا ہوں۔ تاکہ چودھری ناصر الدین صاحب کو بھی وقت ملے۔

Chaudhri Nasar Din (Sialkot North, Muhammadan Rural) :—

چودھری ناصر دین :-

حضور والا! آپ کی وساطت سے میں اس ایوان پر اور آپ کی وساطت سے صوبہ مغربی پنجاب پر بھی یہ بات واضح کر دینا ضروری سمجھتا ہوں کہ ضلع شاہ پور میں کیوں وزارت کی خواہش اتنی بھڑکتی رہی ہے۔ یہ خواہش اس لئے بھڑکتی رہی ہے کہ وہاں کے پسماندہ طبقہ کو دبا کر رکھا جائے۔ اس پر ظلم و ستم کئے جائیں۔ لوگوں کا خیال تھا کہ وزارت بدلنے پر ظلم و ستم کا یہ دور ختم ہو جائے گا۔ ہم نے بھی اپنے لیگ مینیفسٹو (Manifesto) میں اعلان کر دیا تھا کہ ہم پرائیویٹ نہریں بند کر دیں گے۔ لیکن افسوس کا مقام ہے کہ ضلع شاہ پور میں وہ ظلم و ستم کا دور ابھی تک ختم نہیں ہوا۔ وہاں ایک دفعہ پانی دیکر آبیانہ

وصول کیا جاتا ہے۔ فصل کی پیداوار کا حصہ بھی لیا جاتا ہے۔ اب جبکہ صوبہ مغربی پنجاب میں ہماری نمائندہ وزارت بن گئی ہے تو اب صوبہ کو معلوم ہو جائے گا کہ وہ بے نامی وزیر اعظم کیوں وزارت کا اس قدر خواہش مند تھا۔ وہ اس لئے کہ وہ چاہتا تھا۔ کہ ان غریب کسانوں کو تباہ و برباد کیا جائے۔

حضور والا! میرے فاضل دوست میجر صاحب نے جو یہ فرمایا ہے کہ شاید سردار شوکت حیات خان کے کندھے بوجھ کے متحمل نہیں ہو سکتے۔ تو میں آپ کی وساطت سے یہ عرض کر دینا ضروری سمجھتا ہوں کہ ہماری وزارت میں وہ طاقت ہے، عوام کی طاقت ہے، کہ جو کوئی حق پر نہ ہو وہ اس کے مقابلہ میں لڑنے کے لئے ہر وقت تیار ہے۔ (خوب۔خوب)

حضور والا! جب بھی کبھی لیڈری کی خواہش پیدا ہوئی تو ضلع شاہ پور سب سے آگے بڑھا۔ کیونکہ ہم ہمیشہ ایسی پرائیویٹ نہروں کو بند کرنے کا ارادہ رکھتے تھے۔ آپ نے دیکھا ہوگا کہ اس اسمبلی میں، بلکہ جب سے اس ایوان کے نمائندے آئے ہیں، کبھی بھی اس ایوان میں یا اخبارات میں یہ نہیں آیا کہ وہ انہار جن کے ذریعہ اور جن کی وجہ سے چند لوگ اپنے حصہ سے زیادہ حاصل کر رہے ہیں، بند کر دی جائیں۔ اس کی وجہ یہ تھی کہ وہ اپنی طاقت کی وجہ سے ان انہار کا ذکر نہیں ہونے دیتے تھے۔ لیکن اس اسمبلی میں ہم آج یہ مطالبہ کرتے ہیں۔ اپنی نمائندہ حکومت سے مطالبہ کرتے ہیں۔ اس حکومت سے کہ جس کے لیڈر نے آج اس ایوان میں اعلان کر دیا ہے کہ ہم عوام کے ساتھ جائیں گے اور ہماری طاقت عوام سے ہوگی۔ تو کیا اس طاقت کے ہوتے ہوئے، اس عوام کی حکومت کے ہوتے ہوئے ان غریبوں کی حمایت نہ کی جائے، اور ان غریبوں کو ظالموں کے پنجے سے، ٹوانوں اور نونوں کے پنجے سے رہائی نہ کرایا جائے۔ اس لئے حضور والا! میں آپ کی وساطت سے حکومت مغربی پنجاب سے یہ مطالبہ کرتا ہوں اور اس cut motion کی حمایت کرتا ہوں۔ کہ جلد سے جلد پرائیویٹ نہروں کو بند کر دیا جائے۔ غریبوں کی آواز آپ تک پہنچ چکی ہے۔ اب اگر آپ نے کوتاہی کی تو یہ سمجھا جائے گا کہ یہاں بھی غریبوں کی سماعت نہیں ہوتی۔ لہذا میں اس cut motion کی تائید کرتا ہوں۔

Syed Nau Bahar Shah (Kabirwala, Muhammadan, Rural) :—

سید نوبہار شاہ: پرائیویٹ

صاحب صدر! یہ نہریں صرف اس لئے کھودی گئی تھیں کہ پبلک کو بھی فائدہ پہنچے۔ اور حکومت کو بھی۔ اور پیداوار ملک کی بڑھے۔ اب جبکہ یہ بن چکی ہیں۔ کام مکمل ہو چکا ہے۔ گورنمنٹ کا روپیہ خرچ ہو چکا ہے۔ اب ان کو بند کرنے کا یہ مطلب ہے کہ وہ روپیہ ضائع گیا اور لوگوں کو فائدہ بھی نہ پہنچا۔ ان کو بند کرنے کا مطلب یہ ہوگا کہ غریبوں پر ڈاکہ ڈالا جا رہا ہے۔ اور پہلے جو بے قاعدگیاں ہوتی رہی ہیں۔ عوام کو جو نقصان پہنچتا رہا ہے، اس کی تلافی نہیں ہوگی۔ اور اس کا مطلب یہ ہوگا کہ قوم کا وقت ضائع ہو گیا۔ قوم کا روپیہ رائگاں گیا۔ اور قوم کو نقصان پہنچا (شاہ پور)

میں عرض کروں گا کہ یہ ایک پس ماندہ ضلع ہے یہاں بہت مظالم کئے گئے ہیں۔ اور لوگ ان مظالم کے نیچے دبے رہے ہیں۔ یہی وجہ ہے کہ یہ علاقہ پس ماندہ رہا ہے۔

اور ترقی نہیں کر سکا۔ لیکن آج جس وقت کہ ہماری گورنمنٹ برسر اقتدار ہے اور یہ عوام کی گورنمنٹ ہے۔ تو اس پر یہ فرض ہے کہ وہ ان مظالم کی طرف۔ ان بدعنوانیوں کی طرف ضرور توجہ دے۔ اور یہ نہر جو کھودی گئی تھی۔ جس پر روپیہ اور وقت خرچ ہوا تھا۔ اس سے عوام کو فائدہ حاصل کرنے دے۔ جس کام کے لئے یہ نہر کھودی گئی تھی اس کو پورا کیا جائے اس نہر سے کافی رقبہ سیراب ہو سکتا ہے۔ اس سے بہت سا بنجر علاقہ سیراب ہوگا اور گورنمنٹ کو بھی بہت فائدہ پہنچے گا اور نالوں سے زمیندار جو ناجائز فائدہ اٹھاتے رہے ہیں اس کا بھی ازالہ ہو جائے گا۔ اس لئے یہ نہایت ہی ضروری ہے۔ کہ اس نہر کو جاری کیا جائے۔ بہت عرصہ تک ان برسر اقتدار لوگوں کی بدعنوانیاں چھپی رہیں۔ اب ان بدعنوانیوں کا ازالہ ہونا چاہئے اور گورنمنٹ کو یہ نہر جلد جاری کر کے پبلک کی تکالیف کا خاتمہ کر دینا چاہئے۔

Syed Ghulam Muhammad Shah (Jhang East, Muhammadan, Rural) :—

سید غلام محمد شاہ :-

جناب عالی! شاہ پور برانچ بہت مدت سے تیار ہو چکی ہے مگر اس کو اب تک صرف ان نوابوں کی وجہ سے بند رکھا گیا جو آج سے پہلے حکومت پر قابض تھے اور برسر اقتدار تھے۔ اب برسر اقتدار نہیں رہے۔ اب اس کا ازالہ ضروری ہے۔ میں میاں صاحب کا شکریہ ادا کرتا ہوں جنہوں نے اس کے متعلق آواز اٹھائی ہے۔ خدا کرے کہ یہ معاملہ ٹھیک ہو جائے اور غریب زمینداروں کی شنوائی ہو۔

Khan Bahadur Mian Sultan Ali Nangiana (Shahpur, Muhammadan, Rural :—

میاں سلطان علی ننگیانہ۔

ان نالوں کی وجہ سے اب تک جو بڑے زمیندار ہیں اُن کو فائدہ ہوا ہے حکومت کو چاہئے کہ غریبوں کی حق رسی کرے اور اس نہر کو چلائے۔ اور وہ ان نالوں کو جن کی وجہ سے بڑے بڑے زمیندار ناجائز ووٹ حاصل کیا کرتے تھے ان سے لے لے۔ میں وزیر مال کی توجہ ایک اور امر پر مبذول کرانا چاہتا ہوں اور وہ یہ ہے کہ نالوں کے کھودنے کے لئے جو رقم گورنمنٹ خرچ کرتی تھی وہ بھی وہیں پر خرچ ہوتی تھی جہاں اُن نوابوں کی زمینیں تھیں جن کے ہاتھ میں اقتدار تھا۔ سارا روپیہ سوائے اُس جگہ کے اور کہیں خرچ نہیں ہوا۔ اس کا محاسبہ ہونا چاہئے۔ اور غریب زمینداروں کے لئے جلد از جلد اس نہر کو جاری کر دینا چاہئے۔

Chaudhri Fazl Ilahi (Gujrat North, Muhammadan, Rural) :

چوہدری فضل الٰہی۔

میں اپنے محترم دوست میجر مبارک علی صاحب۔ میاں نور اللہ صاحب۔ چوہدری

ناصرالدین صاحب - میاں سلطان علی صاحب - اور سید غلام محمد صاحب کی پرزور تائید کرتا ہوں - جہاں تک شاہ پور برانچ کا تعلق ہے میں نے اس کے متعلق تمام کاغذات دیکھے ہیں یہ مسئلہ بہت پرانا ہے اور خاص وجوہات کی بنا پر اسے معرض التوا میں ڈالا گیا ہے۔ ۱۹۰۰ء میں محکمہ آب پاشی والوں نے یہ منظور کیا تھا کہ اس نہر کو جاری کیا جائے - اس کے متعلق تجاویز بھی پیش ہو چکی تھیں اور خرچ کا اندازہ بھی لگا لیا گیا تھا۔ لیکن خاص وجوہات کی بنا پر اس کو معرض التوا میں ڈالا گیا۔ ۱۹۱۴ء میں پھر اس کے لئے کوشش کی گئی لیکن جنگ کی وجہ سے یہ کام نہ ہو سکا۔ اس جنگ کے بعد پھر یہ مسئلہ چھڑا۔ لیکن پھر یہ معاملہ معرض التوا میں پڑ گیا۔ جن کو اس سکیم سے نقصان ہوتا تھا وہ اس کی مخالفت کرتے رہے اور یہ سکیم مکمل نہ ہو سکی۔ اور ابھی تک یہ نہر جاری نہیں ہو سکی - حالانکہ نہر تقریباً مکمل ہو چکی ہے۔ گورنمنٹ کا بہت سا روپیہ اس پر صرف ہو چکا ہے اور غریب زمینداروں کو اور حکومت کو بھی اس کے جاری نہ ہونے کی وجہ سے بہت مالی نقصان ہو رہا ہے حکومت کو چاہئے کہ اس نہر کو جاری کر دے - اس کا غالباً ایک حصہ یہ بھی ہے کہ ایک بند دریائے جہلم پر بنایا جائے تاکہ طغیانی کی وجہ سے جو نقصان ہوتا ہے اس سے ہم محفوظ ہو جائیں۔ جیسا کہ میاں صاحب نے فرمایا تھا اگر ہم اس نہر کو جاری کر دیں تو ہزارہا مہاجرین بھی وہاں بسائے جا سکیں گے - سردست مہاجرین کو مزدوری کا کام مل جائے گا - اور اس طرح وہ اپنا پیٹ پال لیں گے - اس کے علاوہ میں یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ جو پرائیویٹ نالے ہیں اُن سے بہت زیادہ تکلیف ہے اس تکلیف کو دُور کر کے نہر کو جلد از جلد جاری کیا جائے - جب ہم نہر جاری کریں گے تو کئی احباب جو نالوں سے فائدہ اٹھا رہے تھے - یہ اعتراض کریں گے کہ اس نہر کو جاری کرنے سے سیم ہوگی اور بہت سا رقبہ ضائع ہو جائے گا۔ اور گورنمنٹ کو نقصان ہوگا لیکن ماہرین (ایکسپرٹس) کی رائے اس کے خلاف ہے اور وہ نہر جاری کرنے کے حق میں ہیں - اس لئے میں عرض کروں گا کہ گورنمنٹ جلد از جلد اس نہر کو جاری کر دے -

The Assembly then adjourned till 9 a.m. on Monday, 19th January, 1948.

(دین محمدی پریس لاہور)

WEST PUNJAB LEGISLATIVE ASSEMBLY.

FIRST SESSION OF THE 1ST WEST PUNJAB LEGISLATIVE ASSEMBLY.

Monday, 19th January, 1948.

The Assembly met in the Assembly Chamber at 9 A.M. of the Clock. Mr. Speaker in the Chair.

STARRED QUESTIONS AND ANSWERS.

INADEQUACY OF RATION IN THE REFUGEE CAMPS IN THE EAST PUNJAB.

***7. Chaudhri Bahawal Bakhsh :** Will the Hon'ble the Premier be pleased to state :—

(a) whether his attention has been drawn to the fact that, the East Punjab Government did not make adequate arrangements for ration and water for the Muslim refugees in the refugee camps in the East Punjab during their journey to West Punjab ;

(b) if so, the immediate steps the West Punjab Government took to remove the inadequacy in the refugee camps in the East Punjab ;

(c) the names of the camps and the quantity of ration supplied to each of these camps ?

Parliamentary Secretary : (Mian Abdul Haq) : (a) Yes.

(b) Food was sent to the Muslim Refugee camps in the East Punjab with the least possible delay ;

(c) The required statement is placed on the table.

Statement showing Food Supplied to the Muslim Refugee Camps in the East Punjab during September, 1947 to January, 1948.

Date	Collection						Despatched Camp (a)	Convoy Commander	Receipt No.
	Wheat	Atta	Rice	Dall	Gur	Salt			
26-9-47	...	320	...	...	...	...	ASR.—Khilchian ...	Jem. Modd. Ishaq ...	...
وزیر تعلیم :- ایک اور محکمہ بھی ہے۔ یعنی Public Health صحت عامہ ہاں۔ بہرحال میرا مطلب یہ ہے۔ کہ P.W.D. پی۔ ڈبلیو۔ ڈی کے انجینئرنگ ڈیپارٹمنٹ کے جتنے محکمے ہیں۔ وہ سب ایک ہی منسٹر کے ماتحت ہوں۔ یہ سارا محکمہ Engineering Department ہی تو ہے اگر یہ محکمے ایک ہی وزیر کے ہاتھ ہوں۔ تو اچھی طرح سے coordination ٹال میل ہو سکے گا۔ تمام ممالک میں یہی دستور ہے۔ کہ پی۔ ڈبلیو۔ ڈی P.W.D. کا محکمہ ایک ہی وزارت Ministry کے ماتحت ہوتا ہے۔

میاں محمد نور اللہ :- پھر تو منسٹر کو انجینئر بھی ہونا چاہیئے۔

رانا عبدالحمید خان :- اگر ایسا ہو جائے۔ تو بہت اچھا ہے۔

وزیر مالیات :- پھر تو منسٹر صاحب کو medical training بھی چاہیئے۔

رانا عبدالحمید خان :- میں ایک اور چیز کی طرف توجہ دلانا چاہتا ہوں۔ وہ نیلی بار کالونی ہے۔ اس کالونی کے حصے ہیں ایک حصہ وہ ہے۔ جو perennial canal (دوامی انہار) سے سیراب ہوتا ہے اور دوسرا non-perennial canals (انہار غیر دوامی) سے perennial canals والے حصہ میں صرف دو ڈویژن ہیں۔ Pakpattan Division اور Western Division باقی تمام کا تمام علاقہ non-perennial canals (غیر دوامی انہار) کا ہے انہار غیر دوامی non-perenial canals والوں کو ہمیشہ یہ شکایت رہی۔ کہ ان کو پانی پورا نہیں ہوتا۔ آبپاشی کے ٹھیک اعداد تو مجھے یاد نہیں۔ غالباً ۵۵ سے ۶۵ فی صدی ہے Revenue Minister اچھی طرح جانتے ہیں۔ کہ صحیح اعداد کیا ہیں۔ بہرحال جب sowing تخم پاشی کا موسم آتا ہے۔ ان نہروں میں پانی کی کمی ہوتی ہے۔ ہمیں پندرہ سال ہوئے بتایا گیا تھا کہ ایک link (رابطہ) بنایا جا رہا ہے۔ جس کے ذریعہ زمینداروں کی تمام تکالیف دور ہو جائیں گی link (رابطہ) تیار ہو گیا ہے۔ اور دو سال سے چل بھی رہا ہے لیکن پانی کی حالت ویسی کی ویسی ہے۔ میں یہ عرض کروں گا۔ کہ اگر perennial canals انہار دوامی اور انہار غیر دوامی non-perennial canals پر پانی کی حالت بہتر نہیں ہو سکتی۔ تو تمام کو انہار غیر دوامی

non-perennial canals قرار دیا جائے۔ اس میں کوئی حرج نہیں ہوگا۔ پانی کی مساوی تقسیم ہو جاوے گی۔ انہار دائمی perennial canals پر ابیانہ ڈگنا ادا کرنا ہوتا ہے۔ اور انہار غیر دائمی non-perennial canals پر اس کا آدھا۔ اگر پانی کی سپلائی کی یہی حالت ہے۔ تو perennial دائمی قرار دینے کا کیا فائدہ۔ آبیانہ بھی ڈگنا دینا پڑے اور پانی بھی نہ ملے۔ میں آنریبل وزیر مالیات کی توجہ اس طرف لانا چاہتا ہوں۔ ہم نے سنا ہے کہ Upper Jhelum یا Lower Chenab سے نئی ایسی نہر نکالی جائے گی۔ جو نیلی بار کا پانی کے پانی میں ایجاد ہی کر سکے گی۔ اور سنا ہے کہ surveying وغیرہ بھی ہو چکا ہے۔ اگر یہ تجویز منفعت بخش paying proposition ثابت ہو۔ تو جلد سے جلد اس کو عمل میں لانا چاہیئے۔

Minister of Revenue (The Hon'ble Sirdar Shaukat Hyat Khan) :

وزیر مالیات :۔ (آنریبل سردار شوکت حیات خاں) جناب والا! دو روز سے محکمہ آبپاشی کے متعلق بحث ہو رہی ہے۔ اس کے بارہ میں میرے بہت سے دوستوں نے اپنی اپنی تجاویز پیش کی ہیں۔ میں یہ چاہتا ہوں کہ اپنی تقریر کے شروع ہی میں شاہپور برانچ والے محکمہ کے متعلق اپنے خیالات کا اظہار کر دوں۔ مجھے اس بات کے ماننے میں ذرا تامل نہیں۔ کہ جیسا کہ یہ نہر ۱۹۱۱ء میں بننی شروع ہوئی تھی۔ اگر اس وقت اسے بنا کر ختم کر دیا جاتا۔ تو ان مالکان اراضی کی جو اس وقت اس کی مخالفت کر رہے تھے۔ مخالفت بھی ختم ہو جاتی۔ اور نہر بھی لوٹنے سستے داموں بن جاتی۔ جو اقتصادی لحاظ سے منفعت بخش ہوتی۔ مگر مجھے افسوس ہے۔ کہ اس وقت ہمارے چند دوستوں اور اس ضلع کے پرائیویٹ مالکان اراضی نے مل کر ایک ایسی کمیٹی بنائی جس کی ہمیشہ یہی کوشش رہی کہ کسی نہ کسی طرح سے اگر نہر کو جن کے حضور میں ان کی سلاہیں چلتی تھیں۔ اس طرف متوجہ نہ ہونے دیا جائے۔ اور اس شاہپور کی نہر کو جس سے غریبوں کے مفاد وابستہ تھے۔ بننے نہ دیا جائے۔ اس غرض کے لئے کبھی صاحبان کے ڈنر ہوئے کبھی ان کے دولتخانوں پر سلاہیں ہوئیں۔ بڑے بڑے لوگوں کی ایک کمیٹی بنائی گئی۔ تاکہ انہیں اس نیک کام سے دور رکھا جائے۔ میں معزز ممبر کی خدمت میں جنہوں نے بڑی پرزور تقریر کی ہے۔ یہ عرض کرنا چاہتا ہوں۔ کہ جس وقت میں نے ریونیو ڈیپارٹمنٹ کا چارج لیا۔ اس وقت سب سے پہلا کام میں نے یہ کیا۔ کہ شاہ پور نہر کے متعلق تحقیقات کرنے کے لئے حکم جاری کر دیا (مذکور۔ خوب) اس وقت تک اس کے متعلق میرے پاس ایک رینٹرم رپورٹ پہنچ چکی ہے۔ اس علاقہ میں اب نہریں چلی ہوئی ہے لیکن اس سلسلہ میں ابھی دو یا تین باتوں کا فیصلہ کرنا باقی ہے۔ ایک تو بند بنانے کا سوال ہے۔ اب بند بنانا نہایت ضروری ہے۔ اگر بند نہ بنایا گیا۔ تو اس سے سارے ضلع کو نقصان ہونے کا خطرہ ہے۔

بیگم جہاں آرا شاہنواز :۔ صاحب سپیکر آپ کی اجازت سے میں آنریبل وزیر سے سوال دریافت کرنا چاہتی ہوں۔ کیا انہوں نے اس امر کے سلسلہ میں کوئی غیر سرکاری کمیٹی

مقرر کر کے ان کے ارکان سے کوئی امداد لی ہے؟ میں یہ اس لئے عرض کر رہی ہوں۔ کہ اکثر میں نے دیکھا ہے۔ کہ بعض باتوں کے متعلق حکومت کے افسران جو معلومات بہم پہنچاتے ہیں۔ وہ کافی نہیں ہوتیں۔ بلکہ غیر سرکاری ارکان کو ان کی نسبت زیادہ معلومات حاصل ہوتی ہیں۔ کیا انہوں نے اس بارہ میں غیر سرکاری ارکان سے مشورہ کیا ہے؟

وزیر مالیات: میں بیگم صاحبہ کو یقین دلاتا ہوں۔ کہ شاہ پور کی نہر کے متعلق میں نے ان غیر سرکاری لوگوں سے ضرور پوچھا ہے کہ جن کی اراضیات اس نہر سے سیراب ہوں گی۔ باقی جہاں تک اس نہر کے بارہ میں تخمینہ جات کی تیاری کا تعلق ہے۔ وہ تو صرف انجنیئر صاحبان ہی تیار کر سکتے ہیں۔ اور دوسرا کوئی غیر سرکاری آدمی ایسا نہیں کر سکتا۔ اس وقت یہ کام estimate stage (تخمینہ سازی کی منزل) پر ہے۔

۱۹۱۱ء میں یہ فیصلہ ہوا تھا۔ کہ پرائیویٹ مالکان نہر کو ان کی چہارمی حقوق کے لئے ۵ یا ۷ لاکھ روپیہ بطور معاوضہ کے دیدیا جائے۔ تاکہ شاہ پور کی برانچ ان سے لی جا سکے۔ اب سوال یہ آتا ہے۔ کہ آیا یہ لوگ اپنے چہارمی حقوق کو اس شرح پر واپس کرنے کے لئے تیار ہوں گے۔ دوسرا سوال یہ ہے۔ کہ جو cost (لاگت) ۱۹۳۰ء میں لگائی گئی تھی۔ آج بھی وہ ہی ہوگی یا زیادہ۔ مجھے یقین ہے۔ کہ جہاں تک cost (لاگت) کا تعلق ہے وہ اب کئی گنا بڑھ چکی ہے۔ لیکن میں معزز ممبران کو یقین دلا دینا چاہتا ہوں کہ cost (لاگت) کوئی ایسی چیز نہیں ہوگی۔ کہ جو ممبر اس نیک کام سے روک سکے۔ (خوب۔ خوب) اب جہاں تک cost (لاگت) کا تعلق ہے معزز ممبر نے خود ہی کہہ دیا ہے۔ کہ وہاں کے لوگ جو آج اپنی فصلوں کا چہارم حصہ مالکان نہر کو دیدیتے ہیں۔ اسے پورا کرنے کے لئے اپنے حصہ کا چندہ دینے کو تیار ہونگے۔ تاکہ یہ نہر اقتصادی لحاظ سے منفعت بخش بن سکے۔ یہ ایک ایسی تجویز ہے جس پر معزز دوست کو جتنی بھی مبارکباد دوں۔ کم ہے۔ کیونکہ ایسی انہار جو محض اس لئے نہیں شروع کی جا سکیں۔ کہ وہ غیر منفعت بخش تھیں۔ وہ بھی پرائیویٹ امداد سے شروع کی جا سکیں۔ لوگوں کو ضرورت ہے۔ کہ ان کی اراضی کو پانی ملے۔ اور حکومت نے پانی دینا ہے۔ اب حکومت اور پرائیویٹ لوگ ملکر غیر منفعت بخش سکیموں کو منفعت بخش بنا سکیں گے۔ اور اس طرح وہ نہریں بھی بن جائیں گی۔ جو اس وقت تک محض unproductive غیر منفعت بخش ہونے کے باعث نہیں بنائی جا سکیں۔ اگر یہ اصول آج ہم نے طے کر لیا۔ تو مجھے یقین ہے۔ کہ جتنے غیر منفعت بخش unproductive (کس میں وہ اگر پرائیویٹ عطیات contribution (چندوں) سے منفعت بخش بن سکیں تو بہت زیادہ چیزیں ایسی مکمل ہو سکیں گی۔ جو کسی نہ کسی وجہ سے رکی رہی ہیں۔ اسی طرح صرف شاہ پور نہر کا سوال ہی حل نہیں ہو سکے گا۔ بلکہ نقل اور تونسہ برانچ کے سوال کا بھی حل ہو جائے گا۔ اس طرح پرائیویٹ contribution سے حکومت ایسی غیر منفعت سکیموں پر بھی عمل پیرا ہو سکے گی۔ جن پر آج تک عمل نہیں کیا گیا۔ اور اس سے صوبہ کے مالیات میں بھی کئی گنا اضافہ ہو جائیگا۔

اب سوال یہ ہے کہ شاہ پور برانچ کب مکمل ہوگی؟ میرے دوستوں نے یہ کہا ہے۔ کہ اگلے بجٹ میں اس کے متعلق کچھ نہ کچھ provision انتظام ضرور ہونا چاہیئے۔ اگر آپ غور سے دیکھیں گے

تو انتظام provision آپ کو ضرور نظر آ جائیگا۔ محکمہ والے تخمینہ جات ضرور تیار کر رہے ہیں۔ جو کہ مکمل ہونے والے ہیں۔ اور عنقریب وہ رپورٹ آئی ہیں اسے ایوان کے سامنے پیش کر دوں گا۔ اور میں آپ کو یقین دلاتا ہوں۔ کہ ہم اور اس ہاؤس کے ممبران بیٹھ کر کوئی ایسا طریقہ نکال لیں گے۔ جس سے اگلے سال شاہ پور نہر چلتی ہوئی دکھائی دے (خوب۔ خوب) اب میں شاہ پور نہر کے متعلق کچھ زیادہ کہنا نہیں چاہتا کیونکہ بجٹ سیشن میں آپ کے سامنے تازہ ترین latest اعداد و شمار اور تخمینہ جات آ جائیں گے۔ میں آپ کو یقین دلاتا ہوں۔ کہ اس وقت اگر حکومت کی توجہ کسی طرف ہوگی۔ تو وہ غریب زمینداروں اور اکثریت کے مفاد کی طرف ہوگی۔ (خوب۔ خوب)

اب میں آبپاشی کے محکمہ کے متعلق جو عام نکتہ چینی کی گئی ہے۔ اس کے متعلق اختصار کے ساتھ کچھ عرض کرونگا سب سے پہلی بات جو سید مبارک علی شاہ صاحب نے جنہوں نے اور بہت سی باتیں کہی تھیں۔ یہ کہی تھی کہ تر مو ہیڈ ورکس کے ارد گرد پانڈ ایریا جو ۳ ہزار ایکڑ اراضی پر مشتمل ہے اسے واپس کر دیا جائے اس کے متعلق میں نے سارا کیس دیکھا ہے۔ یہ اراضی ۱۷۷ روپے فی ایکڑ کے حساب سے حاصل کی گئی تھی۔ جو اس وقت کی قیمت کے مطابق بہت اچھی قیمت تھی بہت سے لوگوں نے اسے لینے سے انکار کر دیا۔ ان کو کہا گیا۔ کہ وہ زمین کے بدلہ میں زمین لے لیں۔ تو چند لوگوں نے اس کی بھی مخالفت کی۔ اب کچھ زمینداروں نے روپیہ لے لیا۔ اب یہ ۲۴ ہزار ایکڑ ہے۔ کچھ زمینداروں کو امید ہے کہ یہ ایریا واپس مل جائیگا۔ اس لئے وہ کہتے ہیں۔ کہ یہ روپیہ پڑا ہے۔ میں اپنے دوست کو بتانا چاہتا ہوں۔ کہ پانڈ ایریا کے متعلق حکومت کو پہلے بھی تکالیف ہوتی رہی ہیں۔ جیسا کہ دوستانہ کنال پر حکومت کو کرنا پڑا۔ وہاں محکمہ آبپاشی کو تکلیف اٹھانا پڑی۔ حکومت کو زمین بھی واپس کرنی پڑی۔ اور معاوضہ بھی ادا کرنا پڑا۔ اور نتیجہ یہ ہوا۔ کہ اس معاوضے کے روپیہ کو حکومت کو اپنے اوپر ڈالنا پڑا۔ یہ حکومت کے لئے بڑی تکالیف کا باعث ہے۔ کہ ایک تو ایریا واپس کر لے۔ اور دوسرے معاوضہ بھی دے۔ اس لئے جو پہلے ہمارے ریکارڈ ہیں ان کے مطابق ارگیشن کے افسروں کی یہ رائے ہے کہ زمین واپس نہیں دینی چاہئے۔ مناسب قیمت دے دی گئی ہے اگر میرے محترم دوست ان زمینداروں پر اپنا اثر ڈال کر انہیں راضی کر لیں تو گورنمنٹ اس اراضی کو جو زیر آب نہیں اس کے اصل مالکوں کو لمبے عرصہ کے لئے پٹہ پر دینے کے لئے تیار ہے۔ میں اپنے جھنگ والے دوستوں کی خدمت میں ایسا طریقہ پیش کر رہا ہوں جس سے زمینداروں کی زمین بھی ان کے پاس رہے گی اور اس کی قیمت بھی انہیں مل جائے گی۔ وہ اس اراضی کی فصل بھی لے سکیں گے اور حکومت صرف پٹے کا روپیہ لے گی۔ اس طرح زمینداروں کا منشا پورا ہو جائے گا۔ میں اپنی اس پیشکش کو اگلے سیشن تک کھلا رکھونگا۔ میرے آنریبل دوست اپنے علاقہ میں جا کر ان زمینداروں سے مل کر اس بات پر غور کریں اور پھر مجھے اپنے فیصلہ سے اطلاع دے دیں۔

ایک اور سوال یہ پیش کیا گیا ہے کہ جھنگ کی نہر پر جو اراضیات ٹیل پر ہیں انہیں کافی پانی نہیں ملتا۔ یہ واقعی دقت ہے۔ اب اس کے صرف دو حل ہو سکتے ہیں۔ ایک حل تو یہ نظر آتا ہے کہ جو اس نہر پر اوپر کا ضلع ہے۔ اور جہاں پانی کی بہتات کے باعث زمین ناکارہ ہو رہی ہے ان کا پانی کم کر دیا جائے اور ٹیل پر پانی زیادہ دے دیا جائے۔ اوپر والے ضلع کا جو ردعمل ہوگا وہ ظاہر ہے۔ بہتر یہ ہوگا کہ خود ممبر صاحبان ہر دو اضلاع کے ممبر صاحبان —— ضلع شاہ پور کے بھی اور ضلع جھنگ کے بھی

خود بیٹھ کر کوئی فیصلہ کرلیں۔ جس سے دونوں کا فائدہ ہو جائے اور اس سے حکومت کو اطلاع دے دیں۔ حکومت ان کے فیصلے کے مطابق عمل کر دے گی۔ دوسرا حل یہ ہے کہ رسول سکیم تیار ہونے پر اور وہ انشاء اللہ بہت جلد تیار ہو رہی ہے۔ ہم ٹیل کی زمینوں کو ضرور زیادہ پانی دینے کی کوشش کریں گے۔ ہم ٹیل پر نہر کے ساتھ ساتھ ٹیوب ویل لگا دیں گے۔ اور وہ لوگ پانی کی قلت محسوس نہیں کریں گے۔

میرے ایک اور آنریبل دوست نے دیپال پور نہر پر خوش حیثیتی ٹیکس کا سوال اٹھایا تھا کہ وہ ٹیکس وہاں کے زمینداروں پر بار گراں ثابت ہو رہا ہے۔ جو علاقہ پہلے بارانی ہو اور پھر نہری بنا دیا جائے وہاں کے زمینداروں کی آمدنی بڑھ جاتی ہے اس لئے ان پر خوش حیثیتی ٹیکس لگا دیا جاتا ہے اور یہ ٹیکس انہیں اس وقت تک ادا کرنا پڑتا ہے جب تک نیا بندوبست نہ ہو جائے۔ جب سے دیپال پور نہر نکلی ہے اس علاقہ کی پیداوار میں بہت سا اضافہ ہو گیا ہے۔ پہلے ایک لاکھ اکیس ہزار ایکڑ رقبہ سیراب ہوتا تھا اب ۲ لاکھ ۴۵ ہزار ایکڑ رقبہ سیراب ہوتا ہے۔ پہلے کماد ۲۶۴۹ ایکڑ ہوتا تھا اب ۷۲۳۳ ایکڑ ہوتا ہے۔ پہلے چاول کی کاشت ۲۰ ہزار ایکڑ تھی اب ۴۴ ہزار ایکڑ ہے۔ پہلے کپاس دیسی ۱۵ ہزار ایکڑ تھی اب ۱۳ ہزار ایکڑ ہوتی ہے مگر دوسری طرف پہلے امریکن کپاس کی کاشت ۱۵ ہزار ایکڑ تھی اب ۶۳ ہزار ایکڑ ہے۔ گندم کی کاشت پہلے ۵۵ ہزار ایکڑ تھی اب ۹۰ ہزار ایکڑ ہے۔ میرے محترم دوست مجھے بتائیں کہ کیوں نہ وہاں کے زمینداروں سے خوش حیثیتی ٹیکس وصول کیا جائے۔ میں ان کی خدمت میں نہایت ادب سے گذارش کروں گا کہ جب وہاں کے زمینداروں کو فائدہ ہوا ہے تو انہیں گورنمنٹ کو بھی اس کا حصہ باقاعدگی سے ادا کرنا چاہئے۔

اب جناب میں خرابہ کے بارہ میں کچھ عرض کرنا چاہتا ہوں میں اپنے محترم دوست کی خدمت میں نہایت ادب سے گذارش کرونگا کہ گورنمنٹ کے لئے اس سے بہتر اور کچھ نہیں ہو سکتا کہ وہ خرابے کی ایک شرح مقرر کر دے۔ گورنمنٹ چاہتی تھی کہ پچھلے سال یعنی ۴۶-۴۷ء میں پچھلے تین سالوں کی اوسط نکال کر اس کے مطابق خرابے کی فیصدی شرح مقرر کر دے۔ اگر زمینداروں کو کوئی اعتراض نہ ہو تو گورنمنٹ اس کے لئے رضامند ہے۔ اگر ممبر صاحبان راضی ہوں تو گورنمنٹ بخوشی ایسا کرنے کو تیار ہے۔ گورنمنٹ اس بات پر بھی تیار ہے کہ ایک پورے کے پورے گاؤں کو مجموعی طور پر مجموعی شرحات کے مطابق پانی دے دے اور وہ آگے اسے تقسیم کرلیں۔ زمینداروں کو باری باری دیں۔ کوآپریٹو طریق کے مطابق پانی کی تقسیم کرلیں۔ یہ زمینداروں پر منحصر ہے۔ گورنمنٹ بالکل تیار ہے۔

اب رہا سوال اپر باری دوآب کا جس کا منبع ہندوستان میں چلا گیا ہے۔ کہ اس پر پانی ملنے کی تکلیف ہے اور آئندہ بھی ہو سکتی ہے۔ میرے محترم دوست نے صحیح خطرہ کا اظہار کیا ہے۔ پہلے حکومت کا یہ خیال تھا کہ مادھوپور کے مقام پر نیچے ایک بند بنا کر نیا ہیڈ ورکس تعمیر کیا جائے۔ مگر اس میں یہ خطرہ تھا کہ ہو سکتا ہے وہ وہاں تک پانی پہنچنے ہی نہ دیں۔ اگر ایسا نہ بھی ہو تو بھی اس کی تعمیر پر اتنا زیادہ خرچ ہوگا اور اس کے مقابلہ میں فائدہ اتنا کم ہوگا کہ حکومت اس سکیم کو فائدہ مند

نہیں سمجھتی۔ حکومت کے زیرغور یہ سکیم ہے کہ نہر لوئر باری دوآب کے ساتھ ٹیوب ویل لگا دیئے جائیں تاکہ اس علاقہ کو زیادہ سے زیادہ پانی دیا جا سکے۔ جب یہ سکیم تیار ہو جائے گی اسے ایوان میں پیش کر دیا جائے گا۔

صاحب صدر! اور تو کوئی ایسا اہم سوال نہ تھا۔ (قطع کلامی) میں نے اپنے محترم دوست کی بات نوٹ کر لی ہوئی ہے۔ اس پر غور کرنے کے بعد کچھ عرض کر سکوں گا۔ اصل سوال شاہ پور برانچ نہر کا تھا۔ میں نے گورنمنٹ کی طرف سے اس سلسلہ میں یہ عرض کر دیا ہے کہ سکیم آپ کے سامنے ہے جس وقت تیار ہو جائے گی اس پر عملدرآمد شروع ہو جائے گا۔

بیگم جہاں آرا شاہ نواز :- کیا میں آپ کی وساطت سے آنریبل وزیر مالیات سے ایک سوال دریافت کر سکتی ہوں۔ انہوں نے فرمایا ہے کہ بعض سیاسی اور دوسری وجوہ کی بنا پر . . . . . اس علاقہ کو پانی سے محروم رکھا گیا جو پانی کے لئے تڑپ رہے تھے۔ اور اب یہ فرما رہے ہیں کہ ان پر ٹیکس . . . . . .

صاحب سپیکر :- آنریبل خاتون ممبر کو ایک نئی تقریر کرنے کی اجازت نہیں ہے۔

بیگم جہاں آرا شاہ نواز :- میں معافی کی خواستگار ہوں۔ مگر یہ سوال بہت ضروری ہے۔ ہاں تو میں آنریبل وزیر سے یہ دریافت کرنا چاہتی ہوں کہ وہ اس بات پر کیوں نہیں غور کرتے کہ ۵۰۰ ایکڑ سے زیادہ ملکیت کی اراضیات کو قومی بنا دیا جائے۔

وزیر مالیات :- محترمہ بیگم صاحب نے جو سوال اٹھایا ہے اس پر ایک پوری تقریر کی جا سکتی ہے اور انشاء اللہ میں آئندہ کبھی اس مسئلہ کے بارہ میں ضرور تقریر کروں گا۔ جب میں نئی سکیم پیش کروں گا اس وقت بیگم صاحبہ کا یہ منشا کہ کچھ زمین قومی ملکیت ہونی چاہئے پورا ہو جائے گا (بیگم جہاں آرا شاہ نواز:- کچھ کیوں۔ تمام اراضی کیوں نہ قومی ملکیت ہو)؛ چونکہ انہوں نے "کچھ" کہا تھا اس لئے میں بھی جواب میں "کچھ" ہی عرض کروں گا۔ یہ ایک نہایت اہم مسئلہ ہے۔ میں اسے آئندہ اجلاس میں پیش کی دعا ہوں۔ اس وقت تمام اعداد و شمار بھی سامنے ہوں گے۔

میں یہ عرض کرنا چاہتا ہوں شاہ پور برانچ نہر کے بارہ میں کہ اب یہ نہیں ہوگا کہ کسی ایک شخص یا چند اشخاص کے مفادات کی خاطر سارے صوبہ کو نقصان پہنچایا جائے۔ میں آپ کو یقین دلاتا ہوں کہ آپ کی حکومت کے پیش نظر ہمیشہ زیادہ سے زیادہ لوگوں کا یعنی عوام کا مفاد رہے گا۔ (تالیاں)

Major Syed Mubarik Ali Shah : Sir, in view of the assurance given by the Honourable Minister of Revenue, I ask for leave to withdraw my cut motion.

Mr. Speaker : Is it the pleasure of the House that the honourable member be allowed to withdraw his motion ?

The motion was by leave withdrawn.

Mr. Speaker : The question is —

"That a sum not exceeding Rs. 82,66,200 be granted to the Governor to defray the charges that will come in course of payment for the period from 15th August 1947 to 31st March 1948, in respect of Charges on Irrigation Establishment."

The motion was carried.

EDUCATION.

Minister of Education : (Hon'ble Sh. Karamat Ali) : Sir, I beg to move —

"That a sum not exceeding Rs. 1,49,91,200 be granted to the Governor to defray the charges that will come in course of payment for the period from 15th August 1947 to 31st March 1948, in respect of Education (excluding European and Anglo Indian Education)."

Mr. Speaker : The motion moved is —

"That a sum not exceeding Rs. 1,49,91,200 be granted to the Governor to defray the charges that will come in course of payment for the period from 15th August 1947 to 31st March 1948, in respect of Education (excluding European and Anglo-Indian Education)."

Education Policy

Begum Tasaduq Husain ; (Inner Lahore, Muhammadan, Women Urban) :

بیگم تصدق حسین :- جناب والا- میں مطالبہ نمبر ۱۶ کے لئے تحریک تخفیف پیش کرتی ہوں- اور وہ یہ ہے :-

"That the Total demand be reduced by Rs. 100."

صاحب صدر ! اس بجٹ میں میں نے مطالبہ نمبر ۱۶ کا اچھی طرح مطالعہ کرنے کے بعد دیکھا کہ ڈیڑھ کروڑ کے قریب روپیہ جو اس سال بلکہ ساڑھے سات ماہ کے لئے مہیا کیا گیا ہے وہ کس حد تک صحیح ہے- لیکن میں نے اسے جس نظریے سے دیکھا وہ یہ ہے کہ مستورات کے لئے کس قدر رقم اس میں مہیا کی گئی ہے اور ان کی ترقی کے لئے کس قدر مالی امداد کا بندوبست کیا گیا ہے- میں چاہتی ہوں کہ عورتوں کے لئے آیندہ بجٹ میں ایک علیحدہ رقم مخصوص کی جائے- تاکہ ان کی ترقی کے لئے سکیمیں تیار کی جا سکیں- اور دنیا کو بھی پتہ چلے کہ ہماری عورتوں کی تعلیم و تدریس پر کیا کچھ خرچ ہو رہا ہے-

یہ امر اظہر من الشمس ہے کہ انہوں نے جنگ آزادی میں مردوں کے دوش بدوش اور مجاہدین کی طرح حصہ لیا ہے- اور میں آپ کو یقین دلاتی ہوں کہ وہ آیندہ بھی مردوں کے ساتھ قومی سرگرمیوں میں اپنا فرض ادا انجام دینے کے لئے ہر طرح تیار ہیں مگر کس قدر افسوس کا مقام ہے کہ جب وہ اپنے جائز حقوق کا مطالبہ کرتی ہیں اور قوم سے

اپنی بہتری اور ترقی کے لئے درخواست کرتی ہیں تو انہیں نظر انداز کیا جاتا ہے اور انہیں ان کا جائز حصہ دینے کے سلسلے میں پس پشت ڈالا جاتا ہے۔ معلوم نہیں انہیں وہ رعایات جن کی وہ مستحق ہیں کیوں نہیں دی جاتیں۔

صاحب صدر۔ مطالبہ نمبر ۱۵۔ مطالبہ نمبر ۱۶ سے علیحدہ رکھا گیا ہے۔ کیا وجہ ہے کہ ان دونوں کو ایک ہی زمرے میں نہیں رکھا گیا۔ میں پوچھتی ہوں کہ اب یہ فرق کیسا۔ یورپین تعلیم کے لئے امتیازی سلوک کیوں روا رکھا جاتا ہے۔ اس کے لئے روپیہ کا علیحدہ انتظام کیوں کیا گیا ہے۔ وہی فرق۔ وہی امتیاز اور وہی پرانی حکومت کی عادت اب بھی نمایاں ہے۔ ان مطالبات زر کی علیحدگی ہماری غلامانہ ذہنیت کا بین ثبوت ہے میں وزارت سے درخواست کروں گی کہ اب اپنا نظریہ بدلنے کی کوشش کیجئے۔ میں چاہتی ہوں کہ آئندہ یہ دونوں مطالبات زر اکٹھے رکھے جائیں۔ ہم اس حکومت کو مساوات کے اصول پر چلانا چاہتے ہیں۔ پاکستان کے باشندوں کو ایسے سکولوں میں داخلے وغیرہ کے لئے برابر کے حقوق حاصل ہونے چاہئیں۔ اور سابقہ کمتری کا سلوک جو ایسے سکولوں میں مسلمانوں کے ساتھ روا رکھا جاتا تھا اب نہیں ہونا چاہئے تاکہ مسلمان جو اب ایک آزاد قوم کے افراد ہیں وہاں تعلیم حاصل کرنے میں کسی قسم کی تکلیف محسوس نہ کریں۔

ہم جانتے ہیں کہ قدرت نے ہمیں علیحدہ علیحدہ فرائض دیئے ہیں۔ لیکن یہ کہاں کا انصاف ہے کہ جب قوم کی بہتری اور بہبودی کے لئے نئے پروگرام تیار کئے جائیں اور اسے بلند مقام پر پہنچانے کے لئے جد و جہد کی جائے تو عورتوں کو پیچھے چھوڑ دیا جائے۔ کتنی شرمناک بات ہے۔ میں ایوان ہذا کے جملہ ممبران اور حکومت پر یہ امر واضح کردوں کہ ہم اپنے بنیادی حقوق کے حصول اور ان کی حفاظت کے لئے ہر ممکن کوشش کریں گی۔ اور مجھے یقین ہے کہ بالآخر ہم کامیاب ہونگی۔ افسوس کا مقام ہے کہ عورتوں کو زندگی کے ہر شعبے اور ترقی کی جد و جہد میں اپنے جائز حصے سے محروم رکھا جاتا ہے۔ جو بلا بھی نازل ہوتی ہے وہ سب سے پہلے عورتوں پر ہی آ پڑتی ہے۔

صاحب صدر۔ مشرقی پنجاب میں اگر ظلم و ستم کا شکار ہوئیں تو بے چاری عورتیں۔ بچوں۔ بوڑھوں۔ بہن بھائیوں اور مردوں کے قتل ہو جانے سے اگر صحیح معنوں میں دیکھا جائے تو سب ایسے مظالم کا اثر ان بے بس اور بے سروسامان عورتوں پر ہی ہوا ہے۔ میں تو کہوں گی کہ مشرقی پنجاب کی عورتوں کی مصیبتوں کا موجب بیشتر حالات میں مرد ہی ہوئے جنہوں نے اپنی جان بچانے کی غرض سے اپنی عورتوں۔ ماؤں۔ بہنوں اور بیٹیوں کو دشمنوں کے پنجوں میں چھوڑ کر خود پاکستان میں پناہ لی۔ میں سمجھتی ہوں کہ مشرقی پنجاب میں ان عورتوں نے غیر مسلم بھیڑیوں کے انسانیت سوز مظالم سہے۔

اب میں حکومت سے درخواست کرونگی کہ وہ خواتین کی تعلیم کا مناسب اور خاطر خواہ انتظام کر کے انہیں بھی اپنے پیروں پر کھڑا ہونے کا موقع دے۔ قومی

ترقی کا دارو مدار جہاں مردوں کی جد و جہد پر ہے - وہیں عورتیں بھی کسی حد تک اس کے لئے ذمہ دار ہیں - دنیا کی ترقی یافتہ قوموں نے اپنی عورتوں کی بہتری و بہبودی کو ہمیشہ مدنظر رکھا ہے - آپ کو بھی اس سلسلے میں خاص اقدامات کرنے چاہئیں - (آپ کو معلوم ہونا چاہئے کہ ایک ایسا شخص..... جس کی ایک ٹانگ لنگڑی ہو اس کے لئے منزل مقصود تک پہنچنا بہت مشکل ہو جاتا ہے تاوقتیکہ اس کی دونوں ٹانگیں درست نہ ہوں - بعینہٖ یہ حالت ہماری قوم کی ہے (اگر ہمارے مرد ترقی یافتہ ہوں اور عورتیں پس افتادہ رہ جائیں تو ملک کبھی ترقی نہیں کر سکتا)

جناب والا! اس کے بعد میں یہ عرض کرنا چاہتی ہوں کہ ہماری حکومت لڑکیوں کی عام تعلیم اور خاص طور پر طبی تعلیم کی طرف بہت بے توجہی سے کام لے رہی ہے - طبی تعلیم میں مسلمان بہت پیچھے ہیں - پاکستان میں طبی تعلیم کی سخت ضرورت ہے - طبی تعلیم میں پس افتادہ ہونے کی وجہ سے ہماری قوم پر بہت برا اثر ہوا ہے اور آئندہ ہونے کا امکان ہے - آپ کو معلوم ہے کہ ہر سال ہزارہا جانیں طبی امداد کی کمی کی وجہ سے ضائع ہو جاتی ہیں - اور کئی بچے اس دنیا میں آتے ہی چل بستے ہیں - لہٰذا حکومت کو طبی امداد کا فی الفور انتظام کرنا چاہئے - اور معالجے کے بہترین ذرائع مہیا کرنے چاہئیں -

اس کے بعد میری گذارش یہ ہے کہ لڑکیوں کے اسلامیہ ہائی سکولوں اور دوسرے سکولوں میں سائنس کا انتظام کیا جائے اور سائنس کی تعلیم حاصل کرنے کے لئے ان کی حوصلہ افزائی کی جائے - سائنس کو ہائی سکولوں میں رائج کرنا ضروری ہے اور خاص طور پر اسلامیہ ہائی سکولوں میں - اس کے علاوہ تمام ہائی سکولوں اور کالجوں میں بھی سائنٹیفک تعلیم جاری کرنا لڑکیوں کے لئے نہایت مفید ثابت ہوگا - اب اس بجٹ میں لڑکیوں کی تعلیم سے جو بے انصافی کی گئی ہے میں اس بے انصافی کی پہلی مثال دیتی ہوں - ۶۰ ہزار کے قریب گرانٹ لڑکوں کی تعلیم کے لئے دی گئی ہے اور زنانہ تعلیم کے لئے ۱۵ ہزار کی گرانٹ دی گئی ہے - کیا اس قلیل گرانٹ میں ایسی تعلیم دی جا سکتی ہے کہ انہیں آئندہ زندگی گزارنے کے قابل بنایا جا سکے لہٰذا میں وزیر تعلیم کی خدمت میں گذارش کروں گی کہ وہ لڑکیوں کی تعلیم کے لئے پچاس ہزار کی گرانٹ دیں تاکہ وہ ان کی تعلیم کے لئے سائنس کلاسیں شروع کر سکیں تاکہ لڑکیاں آگے چل کر میڈیکل کالجوں میں اپنی تعلیم کو مکمل کر سکیں - گذشتہ سال بھی میں نے عرض کیا تھا کہ لڑکیوں کے لئے میڈیکل کالج ہونے چاہئیں اور وہ علیحدہ ہونے چاہئیں کیونکہ بیشتر لڑکیاں مخلوط تعلیم والے میڈیکل کالج میں تعلیم پانا پسند نہیں کرتیں - اگر ایسا نہ کیا جائے گا تو میں وثوق سے کہہ سکتی ہوں ہماری بہت سی لڑکیاں طبی تعلیم سے محروم رہ جائیں گی - لہٰذا وزیر تعلیم صاحب اس امر کو خاص طور پر مدنظر رکھیں اور لڑکیوں کے لئے میڈیکل کالج کی بنیاد رکھ دیں تاکہ وہ اپنی طبی تعلیم کو پایہ تکمیل تک پہنچا سکیں - اس کے علاوہ بھی میری چند ایک تجویزیں ہیں - (پہلی تجویز یہ ہے کہ جتنا روپیہ آپ نے محکمہ تعلیم کے لئے تجویز فرمایا ہے اس کا تیسرا حصہ عورتوں کی تعلیم کے لئے تجویز کیا

جائے - جو کہ پرائمری تعلیم - سیکنڈری تعلیم - ٹکنیکل تعلیم اور کالج انڈسٹری تعلیم پر خرچ کیا جائے جس کو حاصل کرنے سے وہ ذریعہ معاش پیدا کرنے کے قابل ہو جائیں اور میں یہ بھی گزارش کر دوں کہ ان تعلیمی اداروں میں وہ معمولی چیزیں نہ سیکھیں گی بلکہ ایسی چیزیں سیکھیں گی جو آیندہ چل کر ان کے لئے نہایت مفید ہوں گی - بے کار چیزوں کو قابلِ استعمال بنانا بہت بڑا فن ہے وہ اِس فن کو انہیں سکولوں اور کالجوں میں سیکھینگی - پھر مثال کے طور پر پینٹنگ - کپڑا سینا - گھر بار کا دیگر کام - لانڈری وغیرہ اور کتنی اور ایسی چیزیں ہیں جو انہیں وہاں سیکھنا ہونگی اور اِن چیزوں کو معمولی چیزیں سمجھ لینا جائز نہ ہوگا بلکہ یہ چیزیں ہی آگے چل کر انہیں گھر بار کے کام میں اور اپنا مقام سمجھنے میں بہت مفید ثابت ہوسکتی ہیں -

جناب والا! میں جانتی ہوں پاکستان ایجوکیشنل کانفرنس میں یہ تجویز پیش ہوئی تھی کہ اُردو کو ذریعہ تعلیم بنا دیا جائے - ہماری لڑکیوں کو انگریزی کتابوں میں سخت مشکل پیش آرہی ہے لہذا میں آنریبل وزیر تعلیم سے گزارش کروں گی کہ اُردو کتابوں کو جلد از جلد جاری کیا جائے تاکہ وہ مشکل جو لڑکیوں کو پڑھائی میں نظر آرہی ہے وہ دور ہو جائے - میں اُن کی خدمت میں یہ بھی عرض کروں گی کہ تعلیمی معیار بلند کر دینا چاہئے اوسط درجے کی قابلیت کی لڑکیوں کو سکولوں اور کالج انڈسٹری سکولوں میں تعلیم جاری رکھنے کے لئے سہولتیں بہم پہنچائی جائیں اور جو زیادہ ذہین اور قابل لڑکیاں ہوں اُن کے لئے میڈیکل اور ٹکنیکل ادارے ہوں جن میں وہ اپنی تعلیم مکمل کر سکیں - صرف ذہین لڑکیوں کا میڈیکل اور ٹکنیکل اداروں میں بھیجنا ضروری ہو میٹرک پاس لڑکیاں دیکھ رہی ہیں کہ آیندہ تعلیم کے لئے اگر کالج میڈیکل یا ٹکنیکل کھل جائیں تو وہ تعلیم پوری کر سکیں - ملک میں لڑکیوں کی تعلیمی حالت جہاں تک اُن کے مزید تعلیم حاصل کرنے کا تعلق ہے اچھی ہو چکی ہے اب کالجوں اور مزید تعلیم کے لئے دیگر تعلیمی اداروں کی کمی پوری کرنے کی ضرورت ہے اور یہ کام محکمہ تعلیم کا ہے (بیسیوں لڑکیاں میرے پاس آئی ہیں جنہوں نے میٹرک پاس کی ہوئی ہے مگر آگے ٹکنیکل کالج نہ ہونے کی وجہ سے مایوس ہو جاتی ہیں - لہذا وقتی ضرورت یہ ہے کہ بہترین صنعتی ادارے قائم کر کے اس بات کا عملی ثبوت بہم پہنچایا جائے کہ حکومت کو واقعی لڑکیوں کی اعلیٰ تعلیم سے دلچسپی ہے - میں کہوں گی کلرکوں کی تعداد ہزاروں تک موجود ہے - اب اور زیادہ کلرک بنانے بیکار ہیں مگر محکمہ تعلیم اور کلرک پیدا کر رہا ہے - میں پوچھتی ہوں اُن کے پیدا کرنے کا کیا فائدہ ہوسکتا ہے اب میں اُس حصے کی طرف آتی ہوں جو مہاجرین کو ملا ہے - کل مہاجرین نے ایک بڑی میٹنگ کی اور شکایت پیش کی کہ ہم اپنے گھروں سے بے گھر ہو کر یہاں آئے ہیں لڑکیوں کو کالجوں اور سکولوں میں داخل نہیں کیا جاتا اور ہم برے دنوں کے ستائے ہوئے خرچ برداشت نہیں کر سکتے - ہمارے لئے کوئی بندوبست نہیں کیا گیا - یہ جو حکومت کے مدارس ہیں کیا اُن کا یہ فرض نہیں کہ ان کو خوشی خوشی داخل کر لیا جائے - کل میرے پاس دو تین لڑکیاں آئیں جن کے پاس داخلے کے لئے ایک پیسہ نہ تھا - آپکو

ایسی سینکڑوں مثالیں مل جائیں گی کہ جہاں لڑکیاں مالی مجبوریوں سے تنگ آکر تعلیم کو خیرباد کہہ رہی ہیں۔ اور اگر وزیر تعلیم نے اس طرف توجہ نہ دی تو یاد رکھئے آئندہ نسلیں تعلیم کی روشنی سے محروم ہو جائیں گی ملک کی ترقی کو نقصان پہونچے گا اور ہمارے کلچر اور تعلیم پر گہرا اثر پڑے گا۔

یہ کہا جا سکتا ہے کہ باہر سے آنے والے مہاجرین کا حکومت کیا کیا بندوبست کرے۔ میری گزارش ہے کہ اگر ہماری حکومت تعلیم کے اس خرچ کو برداشت کرنے کے لئے تیار نہیں ہے تو قائد اعظم ریلیف فنڈ سے اُن کی حاجت پوری کی جائے۔ لہذا میں یہ درخواست کرتی ہوں کہ موجودہ بجٹ میں تعلیم کی مد میں سو روپے کی تخفیف کر دی جائے۔

Mr. Speaker : Demand under consideration, motion moved is—

"That the total demand be reduced by Rs. 100."

Sh. Fazl Haq Piracha (Bhalwal, Muhammadan, Rural) :—

شیخ فضل حق پراچہ (بھلول۔مسلم۔دیہاتی) :۔ جناب والا! میں اپنی تحریک تخفیف آپ کی اجازت سے ...

Mr. Speaker : The hon'ble member need not move his cut motion, he can make a speech on the motion before the House with special reference to his cut motion.

شیخ فضل حق پراچہ :۔ جناب والا میں یہی کہہ رہا تھا۔ میں تحریک تخفیف پیش نہیں کرتا بلکہ اِس موقع کو غنیمت سمجھتے ہوئے چند امور کا اظہار کرنا چاہتا ہوں۔ جناب والا! موجودہ بجٹ اِس وقت ایوان میں پیش ہے اُس میں میں محکمہ تعلیم کے متعلق یہ کمی محسوس کرتا ہوں کہ ہمارے محترم وزیر تعلیم نے اِس اسلامی سلطنت کے پہلے بجٹ میں سکولوں اور کالجوں میں مذہبی تعلیم دینے کے لئے کوئی مد نہیں رکھی۔ حیرانی کی بات ہے۔ میرے خیال میں آپ سب کے نزدیک ہمارا یہ فرض اولیں ہے کہ ہم اپنے بچوں کو مذہبی تعلیم سے آراستہ کریں۔ جب سے انگریز راج قائم رہا ہے ہمارے بچوں کو مذہبی تعلیم سے محروم رکھا گیا ہے۔ انگریز کی عملداری جب شروع ہوئی تھی اُس وقت سے انگریز کی پالیسی یہی رہی ہے کہ مسلمان کو اُس کی مذہبی تعلیم سے محروم رکھا جائے۔ چنانچہ اِس اصول کے تحت مکتبوں اور مدرسوں کا سلسلہ ختم کر دیا گیا۔ اور ہمارے پرانے اساتذہ کو گورنمنٹ کی پالیسی کے ماتحت محکمہ تعلیم سے خارج کیا گیا۔ اِس صوبہ میں عام طور پر ہمارے وزیر تعلیم مسلمان ہی ہوتے چلے آئے ہیں لیکن مجھے افسوس سے کہنا پڑتا ہے کہ آج تک کسی مسلمان وزیر کو خیال تک نہیں آیا کہ گورنمنٹ کے خرچ پر نہ سہی کم از کم مسلمان طلبہ کو قوم کے خرچ پر ہی مذہبی تعلیم دلائی جائے۔ جناب والا! اگر آپ آج سکولوں

یا کالجوں میں تشریف لے جائیں اور اپنے بچوں سے مذہبی مسائل کے متعلق دریافت فرمائیں تو میں یقین سے کہتا ہوں آپ کو کم از کم ۸۰ فیصدی طلبہ ایسے ملیں گے جن کو نماز پڑھنی بھی نہیں آتی۔ دیگر اسلام کے ارکان جاننا تو الگ رہا۔

اگلے روز ہمارے وزیر تعلیم صاحب نے اپنی تقریر میں اعلان فرمایا تھا کہ گورنمنٹ عنقریب مذہبی تعلیم کو لازمی قرار دینے پر تیار ہے۔ میں ان کو ان خیالات کے اظہار پر مبارکباد دیتا ہوں۔ مگر ساتھ ہی یہ عرض کروں گا کہ وہ مہربانی فرما کر اس کام میں تعجیل فرمائیں اور دیگر تمام امورات کو چھوڑ کر اس فرضِ اولین کی طرف توجہ فرمائیں۔ پاکستان حاصل کرنے میں اللہ تعالےٰ نے ہمیں بڑی شاندار کامیابی عطا فرمائی ہے۔ مگر میں واضح کر دینا چاہتا ہوں کہ اس کے استحکام کے لئے اور اس کو مضبوط کرنے کے لئے یہ واحد علاج ہے۔ کہ ہم خود پکے مسلمان بنیں۔ اپنی اولاد اور اپنے بچوں کو پکے مسلمان بننے کی تعلیم دیں۔ کوئی شخص پکا مسلمان اُس وقت نہیں ہو سکتا جب تک کہ اسے اپنے مذہب کی حقیقت کا علم نہ ہو۔ جب تک وہ اپنے اللہ تعالےٰ کو پہچان نہ سکے۔ جب تک اسے اپنے رسول مقبولؐ کے احکامات کا علم نہ ہو۔ اس لئے یہ لازمی ہے کہ شروع ہی سے ہم بچوں کو یہ تعلیم دیں کہ ہمارا اللہ ایک ہے۔ اس کا نبی کریمؐ برحق ہے۔ اور ان کی اطاعت کرنا ہمارا فرضِ اولین ہے۔ میں تجویز کروں گا کہ مہربانی فرما کر نصاب تعلیم ایسا مقرر کیا جائے کہ پرائمری پاس کرنے تک ایک بچہ نماز۔ روزہ اور دیگر ضروری مسائل سے واقفیت رکھتا ہو۔ مڈل پاس کرنے تک وہ قرآن شریف کی تلاوت کر سکتا ہو۔ مڈل کے بعد قرآن شریف کو با معنی پڑھنا اور حدیث کی تعلیم دینا لازمی قرار دیا جائے۔ انٹرنس کے بعد یہ لازمی قرار دیا جائے کہ اسلامک ہسٹری کی پوری واقفیت ہو۔ غرضیکہ بی۔ اے ہونے تک وہ ایک پورا اور ماہر مولوی بن جائے۔

جناب والا! اس سے قبل پنجاب میں اسلامی دینیات کی تعلیم کے لئے کوئی بڑا مدرسہ نہیں تھا۔ تمام بڑے بڑے مدرسے عام طور پر یو۔پی میں ہیں۔ جن میں سے ایک مدرسہ دارالعلوم دیوبند تھا۔ اب چونکہ وہ پاکستان کے علاقہ سے نکل چکا ہے اور میرے خیال میں شاید وہ گورنمنٹ ان مدرسوں کی طرف توجہ بھی نہ کرے اور ممکن ہے وہاں سے علماء بھی چھوڑ کر چلے آئیں۔ اسلامی تعلیم حاصل کرنے کے لئے یہ ضروری ہے کہ گورنمنٹ اس امر کا انتظام کرے کہ کم از کم ایک دارالعلوم پنجاب میں ایسے طلباء کے لئے بنائے جہاں طلباء مکمل اور خالصتہً مذہبی اور اسلامی تعلیم حاصل کر سکیں۔ مجھے امید ہے کہ وزیر تعلیم صاحب اس کی طرف توجہ فرمائیں گے اور مجھے توقع ہے کہ اگلے بجٹ میں انشاء اللہ وہ اس کارِ خیر کو سب سے پہلی جگہ دیکر بجٹ میں اس کیلئے provision (گنجائش) رکھیں گے۔

جناب والا! یہ ضروری ہے کہ گورنمنٹ ایک مذہبی محکمہ جاری کرے جو ایک الگ محکمہ ہو اور مذہبی تعلیم کے لئے علیحدہ انسپکٹر مقرر فرمائے جاویں۔

جناب والا! ان چند ریمارکس کے بعد میں اپنی تقریر ختم کرتا ہوں۔

Syed Nau Bahar Shah (Kabirwala, Muhammadan, Rural) :—

سید نوبہار شاہ :- صاحبِ صدر! میں ہاؤس کی توجہ پاک تعلیم کی طرف دلانا چاہتا ہوں۔ یعنی پاک مذہب اسلام۔ کیوں نہ ہو یہ پاک؟ اس کو بنانے والا پاک۔ اس کو لانے والا پاک۔ اس کو پہنچانے والے پاک۔

صاحبِ صدر! آج کل ہمارے بھائیوں کی اکثریت اس تعلیم کی حامل نہیں ہو سکتی اور اس کی ضرورت کو نہیں سمجھتی۔ لیکن میں یہ بتا دینا چاہتا ہوں کہ خداوند کریم نے اس پاک تعلیم کے لئے ایک لاکھ چوبیس ہزار پیغمبروں کو مامور فرمایا۔ جنہوں نے اپنا تمام وقت۔ صبح۔ شام اس کام کے لئے، تعلیم دینے کے لئے صرف فرمایا۔ اور ان میں وہ الوالعزم پیغمبر بھی شامل ہیں۔ حضرتِ آدمؑ۔ حضرتِ موسیٰؑ۔ حضرتِ عیسیٰؑ۔ اور آخری الوالعزم پیغمبر جناب سرورِ کائنات ﷺ بھی ہیں جنہوں نے اس تعلیم کو مکمل کیا اور ظلمات کو اس دنیا سے مٹا کر اسلام کی تعلیم سے منور کر دیا۔ اس خلقِ عظیم کے مالک نے عرب جیسی وحشی قوم کو بھی اخلاق کی بلندی پر پہنچا دیا۔ حیوان نما انسان کو انسان بنایا اور اپنے خالق کی طرف انسانوں کو متوجہ کرایا۔ حرام و حلال۔ پاک اور ناپاک۔ ظلم و انصاف۔ خالق و مخلوق۔ اچھائی اور برائی میں تمیز سکھلائی۔ اور ایک نہایت جامع اور پاک۔ فصاحت و بلاغت سے بھری ہوئی کتاب ہمیں عنایت فرمائی۔ جس نے اپنی صداقت کا سکہ بٹھا دیا۔ دنیا کا کوئی انسان ایسی کتاب پیش نہیں کر سکا۔ اور یہ کتاب اپنے دعویٰ صداقت میں پوری اُتری۔ اس کو پڑھنے اور اس پر عمل کرنے سے انسان صحیح انسان بن سکتا ہے۔ اور انسانیت کے بلند معیار پر پہنچ سکتا ہے۔ لیکن آج کل ہمارے ملکِ پاکستان میں ہمارے مسلمانوں کی اکثریت اس کتاب کو نہ پڑھ سکتی ہے اور نہ اس پر عمل کرتی ہے۔ کیونکہ یہ ضروری نہیں سمجھتی کہ ہماری قوم میں ایسی تعلیم رائج ہو۔ ہمیشہ اُس چیز کی ضرورت نہیں ہوتی جو چیز با فراط ہو یا جس کو حاصل کرنے میں نقصان ہو۔ میں اپنی قوم سے یہ پوچھنا چاہتا ہوں کہ آیا ان میں یہ تعلیم اس قدر ہے۔ انہوں نے یہ تعلیم اس قدر حاصل کر لی ہے کہ اب انہیں وہ تعلیم حاصل کرنے کی ضرورت نہیں ہے یا ان کو ضرورت اس چیز کی نہیں کہ ان کو اس تعلیم سے فائدہ ہو۔ میرے خیال میں یہ ایک بھول ہے نہ تو ہماری قوم میں اتنی تعلیم ہے کہ اب اُن کو اس کتاب کی ضرورت ہی نہیں اور نہ میرے خیال میں ہماری قوم یہ سمجھتی ہے کہ اس کو اس سے کوئی فائدہ نہیں۔ اگر اس سے فائدہ نہیں تو وہ لا الٰہ الا اللہ محمد رسول اللہ نہ پڑھتے۔ اور آج مشرقی پنجاب میں لاکھوں انسان موت کے گھاٹ نہ اُترتے۔ اگر مسلمان بجائے لا الٰہ الا اللہ کے رام رام کر لیتے تو یہ خونی ڈرامہ نہ کھیلا جاتا اور اتنی جانیں ضائع نہ جاتیں۔

Mr. Speaker : Please discuss the policy only.

سید نوبہار شاہ :- اس کے بعد میں پالسی کی طرف ہی آؤنگا۔ پالسی کے متعلق کچھ عرض کرنے سے پہلے ان باتوں کا ذکر کرنا ضروری ہے۔ صاحب صدر یہ نہایت ہی ضروری ہے کہ اس تعلیم کو ہر پرائمری ہر مڈل سکول ہر ہائی سکول اور ہر کالج میں لازمی قرار دیا جائے اور کوئی تعلیمی ڈگری کسی طالب علم کو نہ ملے جب تک کہ وہ اسلامی تعلیم حاصل نہ کرے۔ اس طرح سے ہر ایک گاؤں ہر ایک قصبہ اور ہر ایک شہر میں اسلامی تعلیم رائج ہو جائے گی۔ لیکن بجٹ میں اس کا کوئی ذکر نہیں کیا گیا مذہبی تعلیم اتنی ضروری ہے کہ اللہ تعالےٰ نے اس کے لئے ایک لاکھ چوبیس ہزار پیغمبر بھیجے ہیں۔ اس وقت ہم اس تعلیم سے دور ہیں اسی وجہ سے ہم میں برائیاں ہیں ہم میں رشوت ستانی ہے ہم اخلاق سے گر چکے ہیں۔ بداخلاقیوں کا دور دورہ ہے۔ اگر ہم مذہبی تعلیم سے دور رہے اور ہمیں یہ تعلیم نہ دی گئی تو ہماری بداخلاقیاں کبھی ختم نہ ہوں گی۔ پس یہ نہایت ہی ضروری امر ہے کہ مذہبی تعلیم ہر بچہ اور ہر نوجوان کو دی جائے۔ شروع شروع میں سرور کائنات کے بعد جب اسلام کی عمارت کو نقصان پہنچنے کا خدشہ درپیش ہوا اور یزیدیت کا دور آیا تو اس تعلیم کو نقصان پہنچنے کا انتہائی ڈر تھا اور اسلامی عمارت گرنے کو تھی کہ حسین علیہ السلام نواسۂ رسول نے یہ یہ تہیہ کر لیا کہ میں اسلامی دیوار اور اسلامی عمارت کو کبھی گرنے نہیں دوں گا اور حسین علیہ السلام نواسۂ رسول نے اپنے خون سے اس دیوار کو مضبوط بنایا لیکن ہماری حکومت نے خون تو خون اس کام کے لئے روپیہ خرچ کرنے سے بھی دریغ کیا۔ اگر روپیہ خرچ کر کے اسلامی تعلیم کو رائج کر دیا جاتا اور اسلام کو پھر زندہ کیا جاتا تو وہ بدعنوانیاں جو یزید کے زمانے میں موجود تھیں اور آج بھی موجود ہیں دور کی جا سکتیں تھیں۔ شراب خوری اور زناکاری جیسی بدعنوانیاں ابھی تک موجود ہیں۔ ان کا ازالہ اسلامی تعلیم کے رائج کرنے سے ہی ہو سکتا ہے۔ صاحب صدر اگر آج اسلامی تعلیم ہوتی تو یہ فسق و فجور ہرگز نہ ہوتا۔ اب ہم اس سے اسی صورت میں بچ سکتے ہیں کہ ہم میں مذہبی تعلیم آجائے اور ہم میں ذوق و شوق پیدا ہو جائے کہ ہم مذہبی تعلیم کو اچھی طرح حاصل کریں اور یہ ہرگز نہیں ہوگا جب تک ہماری گورنمنٹ اس طرف متوجہ نہیں ہوگی کیونکہ جب تک ہمارے لیڈر خدا کی پرستش نہیں کریں گے اور خدا کے آگے سر نہیں جھکائیں گے اور انہیں یہی سبق نہیں سکھلائیں گے اس وقت تک عوام اس طرف کس طرح مائل ہو سکتے ہیں۔ انہیں اسلامی روایات کو قائم کرنا چاہیئے۔ انہیں نماز پڑھنی چاہیئے۔ انہیں مساجد میں جانا چاہیئے۔

Mr. Speaker : The hon'ble member is casting a serious reflection on Muslim leaders that they do not believe in God. I think he should be more restrained in his speech.

سید نوبہار شاہ :- صاحب صدر یہ اعتراض نہیں ہے کہ وہ خدا کو نہیں مانتے یا کلمہ سے منکر ہیں لیکن میں اتنا ضرور کہنا چاہتا ہوں کہ ہماری قوم کے لیڈروں کا فرض ہے کہ مذہبی کاموں میں سبقت حاصل کریں اور قوم کے سامنے اپنی مثال قائم کریں۔ تا قوم جان لے کہ ہمارے لیڈر مخلص اور نیک ہیں اور آپ کو چاہیئے کہ آپ تمام سرکاری ملازمین کو تنبیہہ کر دیں کہ وہ بھی اس کام میں سب سے آگے ہوں اور نماز با جماعت مسجد میں ادا کریں۔ جب تک ہمارے سرکاری افسر مسجدوں میں نہیں جائیں گے اس وقت تک پبلک پر اچھا اثر نہیں پڑے گا ویسے بھی ان کے اپنے تزکیہ نفس کے لئے مسجد میں آنا ضروری ہے۔

Mr. Speaker : Please speak to the policy of government in relation to the Education Department.

سید نوبہار شاہ :- صاحب صدر یہ اسی وقت ہو سکتا ہے جب اسلامی تعلیم اُن میں ہوگی اگر اُن میں اسلامی تعلیم نہیں ہوگی تو وہ مسجدوں میں نہیں جائیں گے اور اُن کے اخلاق بلند نہیں ہوں گے۔ اور وہ وہ اسلامی بلند مقام حاصل نہ کر سکیں گے جو ایک مسلمان عہدیدار اور ذمہ دار شخص کے لئے ضروری ہیں۔ صاحب صدر رسول کریم مسجد میں جایا کرتے تھے اُن کے خلفاء راشدین اور ائمہ اسلام مسجدوں میں جایا کرتے تھے۔ پھر یہ افسر کیوں نہ جائیں۔ اس کے خلاف اکثر اخلاق سے گرا ہوا مظاہرہ ہے۔ تو سب سے پہلے افسروں اور بڑے بڑے عہدیداروں کو مسجدوں میں جانا چاہیئے۔ تلاوت قرآن کریم کرنی چاہیئے۔ اگر وہ اس تہیہ کر لیں تو قوم بھی تعلیم حاصل کرے گی۔

صاحب سپیکر :- وقت ختم ہو گیا ہے۔

سید نوبہار شاہ :- صاحب صدر یہ معاملہ اتنا اہم ہے کہ اس کے لئے ضرور وقت ملنا چاہیئے۔

(ممبران۔ وقت دے دیا جائے)

صاحب سپیکر :- اگر کسی کو اعتراض نہیں تو اجازت ہے۔ لیکن اصل موضوع کے متعلق بھی تو کچھ کہئے۔

سید نوبہار شاہ :- جناب عالی یہ اسلام کے متعلق تقریر ہے اور اسی سے تعلق رکھتی ہے

صاحب سپیکر :- یہی تو میں کہہ رہا ہوں کہ آپ نے اسلام پر تقریر شروع کر دی ہے

اور اصل موضوع کی طرف نہیں آ رہے ہے - اچھا شروع کیجئے -

سید نوبہار شاہ :- جناب عالی میں یہ کہہ رہا ہوں کہ اگر اسلامی تعلیم ہر جگہ عام کر دی جائے تو اس کے نتائج اچھے نکلیں گے اور ہماری قوم سدھر جائے گی - میں انشاء اللہ اگلے بجٹ میں ایک بل پیش کروں گا - جس میں یہ ضروری ہوگا - کہ تمام سرکاری ملازمین کم از کم جمعہ کی نماز مسجدوں میں با جماعت ادا کریں - یہ کافی نہیں کہ اسلامی تعلیم صرف پرائمری سکولوں میں ہی لازمی ہو - اور یہ بھی کافی نہیں - کہ ایسی تعلیم کے لئے صرف ایک ادارہ Institute بنا دی جائے - بلکہ ہر سکول اور ہر کالج میں تعلیم اسلام کا ہونا ازحد ضروری ہے -

(قطع کلامی) مجھے بہت افسوس ہے - کہ چند ممبر صاحبان تمسخر اڑا رہے ہیں - یہ لوگ مسجدوں میں جانا ہتک سمجھتے ہیں -

خان محمد عارف خان :- نہیں صاحب - وہ خوش ہو رہے ہیں -

صاحب سپیکر :- جس انداز میں میرے معزز دوست بحث کر رہے ہیں - وہ درست نہیں - یہ کہنا کہ بعض لوگ مسجدوں میں جانا ہتک سمجھتے ہیں - بالکل غلط ہے - کوئی آدمی مسجد میں جانا ہتک نہیں سمجھتا - بلکہ اس کا تحریک زیر بحث سے کوئی تعلق نہیں ہے - آپ تحریک تخفیف cut motion پر اظہار خیال فرما دیں -

ایک آنریبل ممبر :- Please do not give him directions.

سید نوبہار شاہ :- میں یہ ظاہر کر رہا تھا - کہ .....

خان محمد عارف خان - جناب عالی ! میں ایک سوال پوچھنا چاہتا ہوں - کہ کیا تمام ممبران کو اس ایوان میں باوضو آنا چاہئے -

سید نوبہار شاہ :- میرے معزز دوست کو اتنا بھی پتہ نہیں - کہ یہ ہاؤس ہے - مسجد نہیں - مسجدوں میں باوضو جانا ضروری ہوتا ہے - اسی لئے تو میں کہتا ہوں کہ اسلامی تعلیم لازمی ہونی چاہئے - تاکہ ان کو علم ہو کہ کہاں باوضو جانا ہوتا ہے - اور کہاں بے وضو -

Mr. Speaker : No member has any right to cast any reflection upon any other Honourable Member of the House.

سید نوبہار شاہ - میں مثالیں دے رہا تھا۔

Mr. Speaker ; To say that a particular member of this House is not acquainted with the tenets of Islam is a reflection upon him and therefore the honourable member should desist from doing so.

Raja Said Akbar Khan ; To call a spade a spade is no reflection.

Mr. Speaker : Please speak to the motion. Do not take notice of the interruption.

سید نوبہار شاہ - میں کہہ رہا تھا - کہ ہمارے صوبہ میں اسلامی تعلیم کی کمی ہے - اور اس کمی کو پورا کیا جا سکتا ہے - یہ کمی تب پوری ہو سکتی ہے - اگر تمام کی تمام مشینری اس کی طرف متوجہ ہو - ہر سکول اور ہر کالج میں اسلامی تعلیم جاری کرنی چاہئے - میری مودبانہ گذارش ہے - کہ وزیر تعلیم صاحب صرف ایک Institute ادارہ بنا کر ہی خوش نہ ہو جائیں - بلکہ ہر سکول اور ہر کالج میں اسلامی تعلیم جبری compulsory ہونی چاہئے - اس سے ہمارا اخلاق بلند ہوگا - اور ہماری قوم سدھر جائے گی - ہم نے پاکستان اس لئے نہیں بنایا تھا - کہ کھائیں گے - پئیں گے - سوئیں گے اور آسمان پر جائیں گے - ہم نے پاکستان اس لئے بنایا تھا - کہ ہماری اسلامی روایات برقرار رہیں - یہ تب ہی ہو سکتا ہے - جب ہمارے سکولوں اور کالجوں میں اسلامی تعلیم رائج ہو -

Mian Muhammad Nurhllah (Toba Tek Singh, Muhammadan, Rural) :—

میاں محمد نور اللہ :- جناب عالی ! سب سے پہلے مجھے یہ گلہ ہے - کہ بعض ممبر صاحبان خواہش ظاہر کرتے ہیں - کہ انہیں تحریک تخفیف cut motion پر بولنے کا موقعہ دیا جائے - اور جب انہیں موقعہ دیا جاتا ہے تو ہاؤس میں نہیں آتے - اور نہ ہی دلچسپی لیتے ہیں -

Mr. Speaker : This is a grievance between the Hon'ble Member and other members and he should not mention it here.

میاں محمد نور اللہ آج نیازی صاحب تشریف ہی نہیں لائے - انہوں نے وعدہ فرمایا تھا - کہ education تعلیم اُن کے ذمہ رہی - اور وہ ضرور آئیں گے -

Mr. Speaker : But it has nothing to do with the demand under consideration or the cut motion before the House.

میاں محمد نور اللہ کیونکہ یہ مذہبی مسئلہ تھا - اس لئے نیازی صاحب اس پر زیادہ وضاحت کے ساتھ بحث کر سکتے تھے - خیر چونکہ وہ تشریف نہیں لائے - اس لئے

میں اسے چھوڑتا ہوں۔
پچھلے الیکشن کے دنوں میں جب مجھے گاؤں گاؤں جانا پڑا۔ تو میں نے دیکھا۔ کہ مسجدوں میں دو قسم کے خیالات کے آدمی ہوتے ہیں۔ ایک دیوبندی خیال کے اور دوسرے بریلوی خیال کے۔ اُن میں معمولی سی باتوں پر نزاع friction ہوجایا کرتا تھا۔ جو قوم کے لئے بڑا خطرہ تھا۔ ابھی خان بہادر شیخ فضل حق پراچہ نے ..... میں حیران ہوں کہ ابھی تک کیوں ان کے نام کے ساتھ خان بہادری کا خطاب title لگا ہوا ہے .....

شیخ فضل حق پراچہ۔ یہ دفتر کی غلطی ہے۔

میاں محمد نور اللہ۔ بہرحال اگر یہ دفتر کی غلطی ہے۔ تو دفتر والے ٹھیک کر دیں۔

سیکرٹری۔ بغیر اطلاع کے ہم لوگ کوئی کاروائی نہیں کر سکتے۔ ابھی تک اس کے متعلق ہمیں کوئی اطلاع نہیں ملی۔

میاں محمد نور اللہ۔ میں کہہ رہا تھا۔ کہ جب میں مسجدوں میں یہ حال دیکھتا تھا۔ تو میں سوچتا تھا۔ کہ جب حکومت مسلمانوں کے ہاتھ آئے گی۔ تو اُن کا اولین فرض ہوگا۔ کہ ایک دینیات کا کالج کھولا جائے۔ جس میں نہ تو دیوبندی خیال کی تعلیم ہو۔ اور نہ بریلوی خیال کی۔ بلکہ fundamental بنیادی اصولوں میں ہم خیال ہو۔ ہمیں اُن اصولوں پر چلنا چاہئے جن سے دین کی ترقی ہو۔ .....

شیخ فضل حق پراچہ۔ میں نے جب دیوبند کا ذکر کیا تھا۔ تو میرا مطلب یہ نہیں تھا۔ کہ تعلیم دیوبندی اصولوں lines پر دی جائے۔ میرا مطلب یہ تھا۔ کہ دیوبند کی مثال پر پنجاب میں ایک مذہبی ادارہ ہو۔

میاں محمد نور اللہ۔ میں بھی تو یہی کہہ رہا ہوں۔ میں شیخ صاحب سے متفق ہوں۔ میری تجویز یہ تھی۔ کہ طریقہ تعلیم ایسا ہونا چاہئے۔ کہ وہ مختلف فرقوں کے اختلافات سے بالاتر above ہو۔ خیر میں زیادہ وقت نہیں لینا چاہتا۔ صرف چند ایک نکات points ہیں۔ جن پر غور فرمایا جائے۔
میں نے بجٹ پر تقریر Budget Speech میں اس بات پر کافی زور دیا تھا۔ کہ اسلامیہ کالج کی گرانٹ زیادہ کر دی جائے۔ اس کالج کے طلبا نے ہمارے لئے بہت بڑا کام کیا ہے۔ یہ کالج مسلمانوں کا سب سے پہلا اسلامی ادارہ Institution ہے۔ اس کو چلنا زیادہ روپیہ دیا جا سکتا ہے۔ دینا چاہئے۔ معلوم ہوا ہے۔ کہ پروفیسروں کو معقول تنخواہیں نہیں مل رہیں اور اسی لئے اچھے

پروفیسر نہیں مل رہے۔ یہ بھی سنا گیا ہے۔ کہ کالج سٹاف اور انجمن حمایت اسلام میں کافی اختلاف پیدا ہو گئے ہیں، اور سٹاف ہڑتال strike پر آمادہ ہو رہا ہے۔

ایک آنریبل ممبر۔ ہڑتال نہیں ہو رہی۔

میاں محمد نور اللہ۔ وزیر تعلیم نے اگلے دن میری بجٹ سپیچ کے جواب میں جو کہا ہے۔ میں اُس سے مطمئن convince نہیں ہوا۔ اُن کو اس بارہ میں ضرور کچھ کرنا چاہئے۔

سکولوں اور کالجوں کا نصاب curriculum بہت ناقص defective ہے۔ محترمہ بیگم صاحبہ نے عورتوں کے نقطۂ نگاہ سے اصلاحات reforms کی تجاویز پیش کی ہیں۔ میں چاہتا ہوں کہ تمام مردوں اور عورتوں کے سکولوں اور کالجوں کا curriculum نصاب پر از معلومات Instructive اور محرک خیال suggestive ہو۔ یہ نصاب curriculum۔ طویل heavy نہ ہو۔ مختصر ہو۔ لیکن جامع اور مفید ہو۔ اس کے علاوہ بیگم صاحب نے یہ کہا ہے کہ لڑکیوں کے لئے ذریعہ تعلیم اُردو ہونا چاہئے۔ میں بھی یہی چاہتا ہوں۔ بلکہ ہمیں تو اب انگریزی کو بھول جانا چاہئے۔ اور اپنی کتابیں نئے طریق سے ترجمہ کرا کے شائع کر لینی چاہئیں تاکہ تمام اردو ہی اردو ہو جائے اور آج سے ہمارے بچے اُردو اچھی طرح سیکھ جائیں اور وہ کورس جو وہ آج کل ۵ سال میں ختم کرتے ہیں ۳ سال میں ختم کر لیا کریں کیونکہ اب تو تعلیم ان کی مادری زبان میں ہوگی۔ مجھے خود اُردو اچھی طرح نہیں آتی۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ میں نے پہلے حساب و سائنس اور ڈرائینگ اور بعد میں بیکنگ اور ایکونامکس وغیرہ میں جو تعلیم حاصل کی وہ غیر زبان میں کی۔ اور مجھے اُردو بولنے کا محاورہ نہیں ہے۔ ورنہ اگر مجھے اُردو اچھی طرح آتی تو مجھے یہ تکلیف نہ ہوتی اور معزز ممبران بھی مجھے "گھڑی مڑی" یہ نہ کہتے کہ اُردو میں تقریر کیجئے۔ (قہقہہ)

اس کے علاوہ میری گذارش ہے کہ آپ مسجدوں میں تعلیم بڑھائیں۔ اگر آپ تیزی سے تعلیم پھیلانا چاہتے ہیں تو آپ مسجدوں میں تعلیم زیادہ سے زیادہ کیجئے۔ مسجدوں کو تعلیم کے لئے مرکز pilot بنائیے۔ وہاں لڑکیاں اور لڑکے دونوں پڑھ سکتے ہیں۔ جو "شو سکیں" میں نے مسجدوں میں کھائیں تھیں وہ تو مجھے اب بھی یاد ہیں۔ (قہقہہ) پھر جناب والا ہمارے سکولوں اور کالجوں میں ملٹری تعلیم زیادہ اور لازمی کی جانی چاہئے۔ اب دیکھئے ایک لڑائی ۱۹۱۴ء سے ۱۹۱۸ء تک رہی۔ دوسری ۱۹۳۹ء سے لے کر ۱۹۴۵ء تک رہی۔ اب بھی لڑائی کے آثار نظر آ رہے ہیں۔ فلسطین میں یہ قصہ چل رہا ہے۔ پھر ہمیں کوئی ایسی کتابیں پڑھائی جانی چاہئیں جن کو پڑھ کر ہم جارحانہ offensive اور مدافعانہ defensive طریقوں میں ٹریننگ حاصل کر سکیں۔ آنریبل وزیر تعلیم کوئی ایسی کمیٹی بنا سکتے ہیں جو یہ تجویز کرے کہ ہمارے بچوں کو کونسی کتابیں پڑھائی جائیں جنہیں پڑھ کر وہ شروع ہی میں اپنی۔ اپنے ملک اور گھر بار کی حفاظت کے لئے جارحانہ offensive اور مدافعانہ defensive طریقوں سے واقفیت حاصل کر سکیں (وزیر اعظم:۔ offensive جارحانہ اور مدافعانہ defensive

طریقے سیکھنے کے لئے کتابی تعلیم کام نہیں دے سکتی) آپ مہربانی فرماکر انہیں عملی تعلیم دیں۔ میرا مطلب تو یہ ہے کہ انہیں ملٹری تعلیم دی جائے تاکہ وہ اپنی حفاظت کرسکیں۔ اپنے گھربار اور ملک کا دفاع کرسکیں۔ اس کی طرف ازراہ کرم ضرور توجہ کی جائے۔

ایک اور بات جس کی طرف میں آپ کی توجہ منعطف کرانا چاہتا ہوں یہ ہے کہ ہمارے ٹیچروں کو چاہیئے کہ وہ اپنی ذہنیت کو بدل لیں۔ اور اپنے خیالات کو بدل لیں تاکہ ہمارے بچے جو سکولوں میں ان سے تعلیم پاتے ہیں کلرک جن کی انگریزوں کو ضرورت تھی نہ بنیں۔ بلکہ وہ بچوں کو ایسے طریق سے تعلیم دیں کہ جب وہ سکولوں سے نکلیں تو وہ پاکستان کے بہترین شہری ہوں۔ اور دنیا میں اسلامی روایات کی برتری کو ثابت کرنے والے ہوں۔

ایک اور بات ہے جو ہے تو معمولی سی لیکن ہے بہت ضروری۔ کئی ایک سکولوں کو لکھا گیا ہے کہ ان کو چونکہ زیادہ سے زیادہ گرانٹ جو مل سکتی ہے وہ مل رہی ہے اس لئے ان کو ۵۰۰ روپے سے زیادہ گرانٹ نہیں مل سکتی۔ یہ درست نہیں ہے۔ یہ ۵۰۰ کی حد مقرر کرنا ٹھیک نہیں ہے۔ سکولوں کو زیادہ سے زیادہ گرانٹ ملنی چاہیئے جس کے کہ وہ مستحق ہیں کیونکہ ایسے سکولوں میں لڑکوں کی تعداد عموماً زیادہ ہوتی ہے۔ مجھے یاد ہے کہ ٹوبہ تحصیل چک ۳۳۳ سکول میں لڑکوں کی تعداد بہت زیادہ ہے۔ ان کو اب اطلاع آئی ہے کہ اس سکول کی گرانٹ کی انتہائی حد ۵۰۰ روپے ماہوار مقرر ہوچکی ہے یہ درست نہیں ہے۔

پھر میں ایک اور بات آنریبل وزیر تعلیم سے عرض کرنا چاہتا ہوں۔ وہ یہ ہے کہ سنا گیا ہے کہ سکولوں میں ایک سرکلر بھیجا گیا ہے کہ استاد ایک ایک دن کی تنخواہ قائداعظم ریلیف فنڈ میں ہر ماہ دیں۔ اس میں کوئی جبر compulsion نہیں ہونا چاہیئے۔ بلکہ یہ سرکلر بھی نہیں ہونا چاہیئے تھا۔

علاوہ ازیں یہ گزارش ہے کہ یہاں سے غیرمسلموں کے جانے کی وجہ سے غیرمسلموں کے سکولوں کو گرانٹ ملتی تھی وہ بند ہوگئی ہے۔ وہ گرانٹ اب زیادہ مسلم سکولوں کو ملنی چاہیئے تاکہ جتنے اسلامی سکول ہیں وہ اچھی طرح چل سکیں۔ میں یہ چاہتا ہوں کہ جتنی ریفارم وغیرہ کی تجاویز پیش کی گئی وہ اگلے بجٹ میں جلد سے جلد کی جائیں۔ تاکہ ہمارا ملک جلد سے جلد ترقی کرسکے۔

Chaudhri Abdul Ghafur Qamar: (Shakargarh, Muhammadan, Rural):

چودھری عبدالغفور قمر: جناب والا! میں آپ کی وساطت سے وزیر تعلیم کی توجہ تحصیل شکرگڑھ کی تعلیمی پسماندگی کی طرف منعطف کرانا چاہتا ہوں۔ یہ تحصیل پہلے ضلع گورداسپور کا حصہ تھی اور اس کے اور باقی ضلع گورداسپور کے درمیان دریائے راوی حائل تھا۔ اب اس تحصیل کو پاکستان میں آجانے کے باعث ضلع سیالکوٹ کے ساتھ

لگا دیا گیا ہے۔ میں یہ دیکھ رہا ہوں کہ موجودہ بجٹ میں اس تحصیل کی تعلیمی حالت کو درست کرنے کے لئے کوئی مد خاص طور پر نہیں رکھی گئی۔ جناب والا یہ تحصیل میرے خیال میں اس لحاظ سے سارے مغربی پنجاب میں واحد تحصیل ہے جس میں کوئی گورنمنٹ ہائی سکول نہیں ہے نہ لڑکوں کے لئے نہ لڑکیوں کے لئے بلکہ یہ وہ تحصیل ہے جہاں لڑکوں اور لڑکیوں کے لئے پرائمری سکول بھی بہت کم ہیں خاص طور پر لڑکیوں کے لئے پرائمری سکولوں کا قطعاً کوئی انتظام نہیں ہے۔ جناب والا! محکمہ تعلیم کے ڈائریکٹر صاحب کو کبھی فرصت مل سکے تو انہیں وہاں تشریف لیجانا چاہئے اور یہ دیکھنا چاہئے کہ دیہاتوں میں کوئی بھی پرائمری سکول اور مڈل سکول ایسا نہیں جسکی چھت قائم ہو۔ تمام سکول نہایت خستہ حالت میں ہیں۔ جناب والا یہ صوبہ کی خوش قسمتی ہے کہ اس صوبہ میں اس وقت نمائندہ ترین وزارت بیٹھی ہوئی ہے اور وزیر تعلیم میرے خیال میں موجودہ کرسی پر بہترین وزیر ہیں۔ اس لئے میں نہیں سمجھتا کہ ان کی موجودگی میں تحصیل شکر گڑھ تعلیم میں کیوں پسماندہ رہے۔ جناب والا میں اس تحصیل کے ووٹروں کی طرف سے نمائندگی کرتے ہوئے وزیر تعلیم کی توجہ اس امر کی طرف دلاؤنگا کہ مدرسین کی تنخواہیں بڑھائی جائیں۔ پھر جہاں میں اس بات پر زور دیتا ہوں کہ لڑکوں اور لڑکیوں کے لئے پرائمری سکول کھولے جائیں وہاں میں یہ بھی کہتا ہوں کہ مغربی پنجاب کے تمام سکولوں میں فرجکل اور اسلامی تعلیم لازمی قرار دے دی جائے۔ (خوب۔ خوب) یہ شکایت جو دیہاتوں میں اور خصوصاً تحصیل شکر گڑھ کے بعض سکولوں میں ہے کہ وہاں محنت اور supervision نگرانی کم ہو رہی ہے میں عرض کروں گا کہ اسے تیز تر کر دیا جائے اور دیہات کے سکولوں کی مرمت کی طرف خاص طور پر توجہ دی جائے۔ اس کے علاوہ میری یہ گذارش ہے کہ اگر محکمہ تعلیم لازمی تعلیم کا تجربہ کرنا چاہتا ہے تو اسے چاہئے کہ وہ تحصیل شکر گڑھ جیسی پسماندہ تحصیل میں اس کا تجربہ شروع کرے۔ اس کے لئے میں یہ تجویز پیش کرتا ہوں کہ وہاں کی مسجدوں کو لازمی پرائمری تعلیم دینے کے لئے استعمال کیا جائے۔ تاکہ محکمہ تعلیم کو سکولوں کی عمارتیں بنانے کے لئے زیر بار نہ ہونا پڑے۔

Mr. Fazl Ilahi (East Central Punjab, Indian Christian).

مسٹر فضل الٰہی:۔ تعلیم کے متعلق بہت سی بحث ہو چکی ہے میں بھی اس کے متعلق ایک یا دو باتوں کا ذکر کرنا چاہتا ہوں۔ تعلیم کے پرانے سسٹم کے متعلق ہم ہمیشہ خوشنودی کا اظہار نہیں کرتے رہے بلکہ ہم اس پر ہمیشہ نکتہ چینی کرتے رہے ہیں۔ میں سمجھتا ہوں کہ اس وقت ہمارے وزیر تعلیم کے سامنے ایک نادر موقع ہے کہ وہ تعلیم کو ایسے طریق سے صوبہ میں جاری کریں کہ اور اس میں اس طرح تبدیلی پیدا کریں کہ ہمارے سکولوں اور کالجوں سے جو نوجوان اور جو ہمارے لیڈر نکلیں وہ قوم اور ملک دونوں کے لئے مفید ہوں۔ پرانا طریق جو یہاں مدتوں سے جاری ہے میں چاہتا ہوں کہ اس میں تبدیلیاں کی جائیں۔ ہمارے سکولوں میں تعلیم بذریعہ پیشہ by craft جاری کی جانی چاہئے۔ اس غرض کے لئے سکولوں کو چن لینا چاہئے کہ کون سی صنعت craft کی وہاں تعلیم دی جائے۔ اس طرح بہت سی ایسی دقتیں جو میری معزز بہن نے بیان کی ہیں دور ہو جائیں گی۔ مثلاً ہم میں ٹیکنیکل تعلیم بہت کم ہے۔ اگر ہم تعلیم کو اس طرح سے ترقی دیں تو میں سمجھتا ہوں کہ اس سے ہمیں ٹیکنیکل اور انڈسٹریل تعلیم کو جاری کرنے اور فروغ دینے میں

بہت آسانی ہو جائے گی اور فائدہ بہت ہو گا۔ پھر ایک صنعتی ادارے کی ضرورت بھی شدت سے محسوس کی جا رہی ہے۔ اس کی طرف بھی توجہ کی ضرورت ہے اس وقت ہم کو اپنی تعلیم کو اس طرح شکل shape دینی چاہیئے اور اس میں اس طرح تبدیلیاں پیدا کرنی چاہیئں جس سے ہم کسی حد تک جاپان کے ہم پلہ ہو جائیں (وزیر مالیات۔ ہمیں جاپانی نہ بنوائیے)

ہم سب اس بات کو مانتے ہیں۔ یہ جانتے ہیں کہ جاپان ایک بڑا پس ماندہ ملک تھا۔ لیکن جب اس نے ترقی کرنا شروع کیا تو اس طرح کہ زیادہ سے زیادہ انڈسٹریل اور ٹیکنیکل تعلیم کو رائج کیا۔ اور اس تعلیم پر بہت زیادہ روپیہ صرف کیا۔

اب میں ایک اور بات کا بھی ذکر کر دوں۔ یہ امتحان میٹریکولیشن کے متعلق ہے۔ مشرقی پنجاب سے جو طلباء دسویں جماعت کے آئے ہیں۔ ان سے جب یہ سوال پوچھا جاتا ہے۔ کہ تم وہاں کیا مضامین پڑھتے تھے۔ تو ایک مضمون انگلش کا تو وہ نام لے دیتے ہیں۔ مگر جب ریاضی کے متعلق ان سے پوچھا جاتا ہے۔ تو کوئی کہتا ہے میں صرف حساب پڑھتا تھا۔ اور جیومیٹری اور الجبرا نہیں پڑھتا تھا اور کوئی کہتا ہے میں صرف جیومیٹری پڑھتا تھا۔ اور حساب اور الجبرا نہیں پڑھتا تھا۔ اور کوئی کہتا ہے۔ میں صرف الجبرا پڑھتا تھا اور حساب اور جیومیٹری نہیں پڑھتا تھا۔ حالانکہ ریاضی میں حساب الجبرا اور جیومیٹری تینوں داخل ہیں۔ اور ان تینوں کے بغیر امتحان میٹریکولیشن نہیں دیا جا سکتا۔ میں آنریبل وزیر تعلیم سے گذارش کروں گا۔ کہ وہ اس کے بارہ میں بچوں کی سہولت کے لئے ضرور کوئی قانون بنا دیں کہ ایسے طلبا امتحان میں شامل ہو سکیں اور کسی نہ کسی طرح کامیابی کا منہ دیکھ سکیں۔ ورنہ اس قسم کے بچے جو یہ کہتے ہیں۔ کہ وہ صرف الجبرا یا صرف جیومیٹری یا صرف حساب جانتے ہیں۔ ضرور فیل ہو جائیں گے۔

ایک اور دقت جو اس وقت سکولوں میں پیش آ رہی ہے۔ کتابوں کے متعلق ہے اس وقت طلبا کے پاس جو کتابیں ہیں وہ تقریباً آٹھویں ہاتھوں میں ہیں۔ ایک سال ایک نے پڑھی۔ اگلے سال وہی کتاب دوسرے کو دے دی۔ دوسرے نے تیسرے کو اور اس طرح یہ سلسلہ چلتا رہا۔ یہاں تک کہ اب ان کی یہ حالت ہو گئی ہے۔ کہ ان کا نصف نصف حصہ بالکل غائب ہے۔ اس لئے گذارش ہے۔ کہ کتابوں کی تبدیلی یا کتابیں نئی جاری کرنے کے بارہ میں ضرور کچھ ہونا چاہیئے۔

پھر یہاں مذہبی تعلیم کے بارہ میں بہت کچھ کہا گیا ہے۔ وہ سب درست ہے میری گذارش ہے۔ کہ مشنری سکولوں میں بھی اس کا لحاظ رکھا جائے۔ کہ مسیحی طلباء کو بھی مذہبی تعلیم دی جائے۔ ایک اور گذارش یہ ہے۔ کہ یہ جو حکومت نے سکولوں پر ۶ ہزار کی پابندی لگا رکھی ہے۔ یہ اڑا دینی چاہیئے۔ بہت سے نئے سکول کھل رہے ہیں۔ ان کے لئے یہ پابندی زیادہ ہے کسی نہ کسی طرح اس پر غور کیا جائے۔ کہ یہ جو پابندیاں عائد ہیں انہیں دور کیا جائے۔ نئے سکول جو کھل رہے ہیں ان کے سلسلہ میں ضرور اس بات کا خیال رکھا جائے۔

ایک اور بات یہ ہے۔ کہ کئی ایسے کالج ہیں جن کو عرصے سے وہی گرانٹ مل رہی ہے۔ جن میں سے ایک کو میں شخصی طور پر جانتا ہوں۔ یہ گارڈن کالج

راولپنڈی ہے۔ جب سے یہ کالج جاری ہوا ہے۔ اسے وہی بارہ ہزار کی گرانٹ دی جا رہی ہے۔ سب لوگ جانتے ہیں کہ وہ کالج پنجاب میں بہت اچھا کام کر رہا ہے۔ اس وقت بھی جب کہ مسلمان لڑکیوں کی تعلیم کا سوال سامنے ہے۔ انہوں نے مجھ سے پوچھا۔ کہ کیا کیا جائے۔ یہاں مسلمان لڑکیوں کی تعلیم کے لئے کوئی ادارا نہیں میں نے کہا آپ ضرور اس وقت ان لڑکیوں کی مدد کیجئے۔ جو تعلیم حاصل کرنا چاہتی ہیں۔ تاکہ وہ تعلیم سے محروم نہ رہیں۔ ان کی بڑی مہربانی تھی کہ اس کالج میں انہوں نے ان لڑکیوں کو تعلیم جاری رکھنے کا موقع دیا۔ جو اپنی تعلیم جاری رکھنا چاہتی تھیں۔ میں یہ چاہتا ہوں کہ حکومت ایسی درسگاہوں کی زیادہ سے زیادہ حوصلہ افزائی کرے۔ اور ان کی زیادہ سے زیادہ مالی اعانت کرے۔

ان الفاظ کے ساتھ میں اپنی تقریر کو ختم کرتا ہوں۔

Raja Said Akbar Khan (Gujar Khan, Muhammadan, Rural) :

راجہ سید اکبر خاں :- صاحبِ صدر! میرے محترم بھائیوں نے اس بحث کے دوران میں مذہبی تعلیم کی اہمیت پر کافی زور دیا ہے میں ان سے اس بارہ میں پورا پورا متفق ہوں۔ میری گذارش یہ ہے کہ چونکہ اب یہاں شریعت کا قانون نافذ ہونا ہے۔ اس لئے سب سے ضروری چیز، جس کی طرف فوری توجہ دینا لازمی ہے۔ لیگل یا قانونی تعلیم ہے۔ جب تک فقہ اسلامی کے متعلق کافی ریسرچ نہ ہو جائے۔ اور جب تک اس سلسلہ میں کافی مواد اکٹھا نہ ہو جائے۔ اس وقت تک یہاں شریعت کے قانون کو صحیح طور پر نافذ نہیں کیا جا سکتا۔ جب تک ہماری قوم کے آئندہ بننے والے حاکموں اور آئندہ ججوں کو اسلامی فقہ کی پوری پوری تعلیم نہ ہوگی۔ اس وقت تک ہمارے نظام میں بے شمار خامیاں رہ جائیں گی۔

صاحبِ صدر! آپ کو ایک اعلیٰ پایہ کے قانون دان ہونے کی حیثیت سے اچھی طرح یہ احساس ہوگا۔ کہ اگر قانونِ وراثت law of inheritence اور قانون جانشینی law of succession میں شریعت کے احکام کی پابندی کرنا مطلوب ہے تو سب سے پہلے ہمارے پٹواریوں کو شریعت کے مطابق انتقال درج کرنے پڑیں گے۔ پھر گرداوروں کو ان کی تصدیق کرنی ہوگی۔ پھر نائب تحصیلداروں کو ان کے متعلق فیصلے دینے ہوں گے۔ بعد میں افسر مال افسروں کے سامنے ان فیصلوں کی اپیلیں جائیں گی۔ جب تک یہ سب حکام شریعت کے مبادیات سے واقف نہ ہوں گے۔ اس وقت تک ہمارا آئندہ نظام کیسے پوری آب و تاب کے ساتھ چل سکتا ہے۔ میں سمجھتا ہوں ہماری سب سے پہلی اور سب سے بڑی ضرورت یہ ہے۔ کہ ہم یہاں کے علم قانون کی شریعت کے مطابق از سرِ نو تدوین کریں۔ اور اس سلسلہ میں بیش بہا کتب فقہ مثلاً فتاویٰ عالمگیر کا ہدایہ در مختار وغیرہ سے استفادہ حاصل کریں۔ ایسی بے شمار کتب ہماری لائبریریوں میں موجود

ہیں۔ مگر افسوس یہ ہے کہ ہماری ان تک پہنچ نہیں۔ وہ کتابیں عربی اور فارسی میں ہیں اور ہم عربی فارسی سے نابلد ہیں۔ ع زبانِ یار من ترکی و من ترکی نمی دانم۔ فالا معاملہ ہے۔ جب تک ان کتابوں کی مدد سے قانونِ شریعت کی از سرِ نو تدوین نہ ہو جب تک ہمارے تمام افسروں خصوصاً چھوٹے افسروں یعنی پٹواریوں وغیرہ کے سامنے اسلامی شریعت کے راہنما اصول guiding principles ایک کتاب کی صورت میں نہ ہوں گے۔ وہ کیسے کام چلا سکیں گے۔ اس کا نتیجہ یہ ہو گا۔ کہ ہمارے بڑے سے بڑے جج کو بھی بالآخر سراج دین شاہ فریدوں جی مُلّا کا محمڈن لاء مطالعہ کرنا پڑے گا۔ اور پھر ہمارے محترم دوست کہیں گے۔ کہ یہاں اسلامی شریعت نہیں۔ بلکہ اینگلو محمڈن لاء رائج ہے۔ اس لئے اگر آپ واقعی یہاں اسلامی قانون رائج کرنا چاہتے ہیں۔ تو فقہ اسلامی کی باقاعدہ ریسرچ کے علاوہ اور کوئی صورت ہی نہیں۔

ہمارے بعض محترم بھائیوں نے موجودہ تعلیم کے نقائص گنوائے ہیں۔ میں اُن سے بالکل متفق ہوں۔ موجودہ تعلیم ہمیں انگریزی نظام حکومت نے دیا تھا۔ اور سب حضرات کو علم ہو گا۔ کہ لارڈ میکالے نے انگریزی نظام تعلیم رائج کرتے وقت یہ کہا تھا کہ اس کا مقصد یہ ہے کہ کچھ عرصہ کے بعد یہ غلام قوم شکل و صورت کے اعتبار سے تو ہندوستانی رہے۔ مگر خیالات و افکار میں پوری پوری انگریز ہو جائے۔

یہی وجہ تھی کہ جب سر سید مرحوم نے علیگڑھ کالج شروع کیا تھا۔ تو اکبر الہ آبادی نے فرمایا تھا۔ ؎

پیارے سید نے کیا قوم میں بچپن پیدا
وہ سمجھتے تھے کہ ہو جائے گا جوبن پیدا
وہ تو ہوا پر نہ ہوا۔ ہاتھ سے لڑکوں کے مگر
ہو گئے دین کی دیوار میں روزن پیدا

جس آدمی پر اعتراض کیا گیا تھا۔ دراصل اس کی شخصیت پر کسی کو اعتراض نہ تھا وہ بھی اپنے نقطہ نگاہ سے صحیح عمل کر رہے تھے۔ اور اعتراض کرنے والا بھی حق بجانب تھا۔ اس کا اعتراض نئی تعلیم پر تھا۔ اعتراض کرنے والا وہ شخص تھا۔ جس کی وفات پر عصر حاضر کے سب سے بلند مرتبت انسان حضرت علامہ اقبالؒ نے یہ مرثیہ لکھا تھا

دریغا کہ رخت از جہاں بست اکبر
خیالش بحق بود روشن دلیلے
سرِ ذرۂ طور معنی کلیمے
بہ بت خانۂ دور حاضر خلیلے

جب تک ذریعۂ تعلیم اردو نہ رکھا جائے گا۔ ہماری زبان کی حالت وہی ہو گی جو میرے محترم دوست میاں محمد نور اللہ صاحب نے الفاظ بار بار کی بجائے (گھڑی گھڑی) استعمال کر کے پیش کی ہے۔ میں سمجھتا ہوں کہ ذریعہ تعلیم اردو نہ ہونے کی وجہ سے ہمارے طلباء اور طالبات کو طب قانون اور سائنس کی کتابیں رٹنی پڑیں گی۔ کس قدر افسوس کا مقام ہے۔ کہ بی۔ اے میں اردو انگریزی میں پڑھایا جاتا ہے۔ نہ

صرف بی۔ اے میں بلکہ ایم۔ اے میں بھی فارسی انگریزی زبان میں پڑھائی جاتی ہے اور فارسی کا ترجمہ انگریزی میں کرنا پڑتا ہے۔ کیا آپ خیال کر سکتے ہیں کہ اس ذریعہ تعلیم سے ہماری قوم سرسبز ہو سکے گی۔

مذہبی تعلیم کے متعلق میرے بھائیوں نے بہت کچھ کہا ہے میرا نظریہ یہ ہے کہ مسلمان ابھی تک صحیح معنوں میں تعلیم کی طرف راغب نہیں ہیں۔ اور نہ ہی اس میں دلچسپی رکھتے ہیں۔ جہاں تک ایوان ہذا کے بجٹ کا تعلق ہے۔ میں نے دیکھا ہے کہ بیشتر ممبران نے اپنی تقریروں میں تعلیم نسواں کی مخالفت کی ہے۔ جس کے لئے مختلف وجوہات بھی پیش کی گئی ہیں۔ مگر تعلیم نسواں کے متعلق جو نظریہ میں آپ کے سامنے پیش کرنیوالا ہوں۔ اس پر غور کرنے سے یہ تمام مخالفت ایک لمحے میں ختم ہو جائے گی۔ وہ نظریہ یہ ہے کہ عورتوں کے لئے مذہبی تعلیم عام کر دی جائے۔ ایسی درسگاہیں جاری کی جائیں۔ جہاں ہماری بہنیں تعلیم حاصل کر سکیں۔ ان درسگاہوں میں فقہ اور حدیث کی تعلیم کا بھی بندوبست کیا جائے۔ اس وقت ہمارے ہاں ایسا کوئی مدرسہ نہیں جہاں انہیں مذہبی تعلیم دی جا سکے۔ یا جس میں اسلامی تعلیم کا خاطر خواہ انتظام ہو۔ میں سمجھتا ہوں۔ کہ اگر ہماری موجودہ حکومت اسلامی تعلیمات کا مطلوبہ ماحول پیدا کرنے میں ناکام رہی تو یہ سلطنت جو مسلمانوں کی قربانیوں سے بنی ہے۔ اور جہاں کے مسلمان حکمران ہیں صحیح معنوں میں اسلامی حکومت کہلانے کی مستحق نہیں ہو سکتی۔ اگر آپ چاہتے ہیں۔ کہ اسے اسلامی روایات کے مطابق چلایا جائے تو میں سمجھتا ہوں کہ اسلامی تعلیم کے بغیر اسے چلانا کسی صورت میں بھی ممکن نہ ہو گا۔ مذہبی تعلیم ایک ایسا ذریعہ ہے۔ جس کی مدد سے اس سلطنت کی بنیادیں مستحکم ہو سکتی ہیں۔ ورنہ میں سمجھتا ہوں کہ ہم سب اپنے نصب العین یعنی قیام پاکستان کی درازی میں بالکل ناکام رہیں گے۔

جناب والا۔ سب سے پہلے آج ہمیں مسلمان عورت کو صحیح معنوں میں مسلمان بنانا ہے۔ اور اس کو صحیح معنوں میں اسلامی روایات کا حامی اور پابند بنانا ہے۔ تاکہ ہماری آئندہ نسل مذہبی لحاظ سے مکمل ہو۔ ہمیں آج اپنی بہنوں کو سمجھانا ہے۔

بتو لے باش و پنہاں شو ازیں عصر
کہ در آغوش شبدیزے بگیری

اگر تعلیم کا یہی حال رہا جو آج ہے یعنی

چہرے پر جو آجاتی ہے سرخی سرِ شام
یا غازہ ہے یا ساغر و مینا کی کرامات

اگر موجودہ نظام تعلیم ہی جاری رکھنا ہے۔ اور اسی پر کاربند رہنا ہے۔ تو صاحب صدر میں سمجھتا ہوں کہ ایوان ہذا کا کوئی ممبر بھی اس پرانی۔ دقیانوسی اور گمراہ کن تعلیم سے بہرہ ور ہونے کے لئے تیار نہ ہو گا۔ اور کم از کم میں اور میرے بے شمار دوست تو اپنی اولاد اور اپنے عزیزوں کو ایسی تعلیم دینے کے لئے تیار نہ ہوں گے۔ [illegible] کہ جب تک تعلیم کا ایک انقلابی نظام پیش نہ کیا جائے [illegible] اسلامی تعلیم کا انتظام نہ کیا جائے۔ ہمیں کسی درسگاہ یا مدرسے سے کوئی [illegible]

نہیں پہنچ سکتا۔

جنابِ والا۔ میں نے خود اسلامی سکولوں میں تعلیم حاصل کی ہے۔ وہاں طریقہ یہ تھا کہ ہر سال ہمیں قرآن شریف کا پارہ الم پڑھایا جاتا تھا۔ مولوی صاحب جو سکول میں قرآن شریف پڑھانے کے لئے مقرر تھے۔ ہر جماعت میں وہی پارہ پڑھاتے تھے۔ ہر سال ایک ہی پارہ پڑھائے جانے کا نتیجہ یہ ہوا کہ لڑکے اس کی طرف کوئی دھیان نہ دیتے تھے۔ اور قرآن کی تعلیم کا اصل مقصد ہی فوت ہو جاتا تھا۔ یہ طریقہ بالکل غلط تھا۔ اور اس سے لڑکوں کو کوئی فائدہ نہ پہنچتا تھا۔

میرے ایک بھائی نے دیوبند کی اسلامی درس گاہ کے متعلق اظہارِ خیال فرمایا ہے۔ دیوبند کا تعلیمی ادارہ واقعی ایک قابل ستائش ادارہ ہے۔ جس نے اسلام کی بہت خدمت کی ہے اور اسلامی تعلیم کو کافی فروغ دیا ہے۔ اس قسم کی اسلامی درسگاہیں ہمارے ہاں بھی قائم کی جانی چاہئیں۔ پاکستان قائم ہونے کے بعد ہم سب کو ان کی ضرورت کا احساس ہونا چاہیئے۔ دیوبند میں طریق تعلیم اگرچہ کسی حد تک تسلی بخش تھا۔ تاہم معلوم ہوا ہے۔ کہ ایسی دیگر درسگاہوں میں صرف نحو پڑھانے پر بہت زیادہ زور دیا جاتا ہے۔ اور ان کا نصاب چھ چھ سات سات سال تک جاری رہتا ہے۔ میں سمجھتا ہوں یہ بھی غیر موزوں ہے۔ صرف نحو کی کتابیں انگریزی زبان میں بھی موجود ہیں۔ اور کوئی مبتدی بآسانی چھ ماہ میں یہ علوم سیکھ سکتا ہے۔ میرا مطلب یہ ہے کہ ایک مبتدی چھ ماہ میں اس قابل ہو جاتا ہے کہ عربی زبان صحیح طور پر لکھنے اور پڑھنے لگ جائے۔ تو اس قسم کی درسگاہوں کی ہمیں ضرورت نہیں جو محض وقت ضائع کریں۔ ہمیں ایسی درسگاہیں قائم کرنی چاہئیں۔ جہاں قرآن پاک۔ حدیث۔ شرح۔ فقہ اور دیگر مذہبی علوم کی تعلیم و تدریس کا پورا پورا انتظام ہو۔ اور ہماری عملی زندگی پر بھی اس کا اثر ہو۔ اور قوم میں صحیح اسلامی رنگ پیدا ہو جائے۔

ان الفاظ کے ساتھ میں اپنی تقریر ختم کرتا ہوں

Minister of Education (The Hon'ble Sheikh Karamat Ali)

وزیر تعلیم (آنریبل شیخ کرامت علی): جنابِ والا۔ آج کی بحث کا کم از کم ۲/۳ حصہ ایسا ہے جو میں سمجھتا ہوں۔ اگر آپ پچھلی بحث پر نظر ڈالیں تو آپ کو معلوم ہو گا۔ کہ یہ محض اس کا اعادہ ہے۔ میرے دوستوں نے اگر اس دن کی بحث کو مدِ نظر رکھا ہوتا اور میری جوابی تقریر بھی ذہن نشین کی ہوتی تو میں سمجھتا ہوں کہ وہ محکمہ تعلیم پر اس قدر نکتہ چینی نہ کرتے۔ مگر چونکہ انہوں نے مختلف امور پر بہت زور دیا ہے۔ لہٰذا میں ان کی خدمت میں چند گذارشات پیش کرنا چاہتا ہوں۔ سب سے پہلے بجائے اس کے کہ میں اپنی محترمہ بہن بیگم تصدق حسین کے اعتراضات کا جو انہوں نے ارشاد فرمائے ہیں۔ جواب دوں۔ معاف کیجئے۔ میں محسوس کرتا ہوں کہ بھائی سید اکبر کی خدمت میں کچھ عرض کروں۔

انہوں نے یہ شکایت کی ہے۔ کہ نہ صرف مغربی پنجاب میں بلکہ سارے پاکستان میں ان درسگاہوں کے نمونے پیش نظر رکھ کر ویسی ہی یہاں بھی قائم کی جائیں جو مسلمان دوسرے صوبوں میں چھوڑ آئے ہیں۔ جہاں عورتوں کو اسلامیات فقہ اور حدیث کی خاطر خواہ تعلیم دی جا سکے۔ اور ان کے سامنے صحیح اسلامی نقطہ نظر پیش کیا جا سکے۔ میں جانتا ہوں کہ حکومت

ان تمام امور کا بغور مطالعہ کر رہی ہے۔ اور اس سلسلے میں مناسب اقدامات کرنے کے لئے سکیمیں سوچ رہی ہے۔ لہٰذا میرے بھائی کو زیادہ حیران نہیں ہونا چاہیئے۔

دوسری چیز یہ ہے کہ دیوبند۔ فرنگی محل اور لکھنؤ میں جتنے اسلامی ادارے تھے۔ یا اس وقت ہیں۔ وہ سب مردوں کے لئے تھے۔ عورتوں کے لئے شاید ہی کوئی ہو۔ اگر وہ اس بات کا غور سے مطالعہ کریں۔ تو انہیں معلوم ہو جائے گا۔ کہ وہاں ایسے ادارے قائم ہونے کی وجوہ کیا تھیں۔ میں اپنے دوست کی خدمت میں عرض کر دوں۔ اور جیسا کہ میں پہلے بھی عرض کر چکا ہوں۔ میرے دوست کو معلوم ہونا چاہیئے کہ جہاں اسلام نے عورتوں کے حقوق کے سلسلے میں دوسری قوموں کے مقابلہ میں کہیں بہتر نظریہ قائم کیا ہے۔ جہاں اسلام نے عورت کا معیار زندگی قائم کیا ہے۔ اور جہاں مسلمانوں کو اس بات پر فخر حاصل ہے۔ کہ اسلام نے عورت کے لئے وراثت کو روا رکھا ہے۔ وہاں ایک چیز اور بھی اس کے ساتھ رکھ دی ہے۔ وہ یہ کہ عورتیں قاضی یا مفتی نہیں بن سکتیں۔ چنانچہ آپ نے دیکھا ہوگا۔ کہ دیوبند سے مولوی ہی بنا کر نکالے جاتے رہے ہیں۔ تو میں عرض کروں گا۔ (قطع کلامیاں) یہ کوئی ظلم نہیں کہ عورت قاضی یا مفتی نہیں بن سکتی۔

ایک نہایت ہی اہم چیز جو میں آپ کی خدمت میں پیش کرنا چاہتا ہوں۔ اور جس کی طرف میں ایوان کے جملہ ممبران کی توجہ مبذول کرانا چاہتا ہوں۔ یہ ہے کہ رب جلیل نے اس دنیا میں ایک لاکھ چوبیس ہزار پیغمبر بھیجے۔ وہ سب کے سب مرد ہی تھے۔ کسی عورت کو یہ درجہ نصیب نہیں ہوا۔ لہٰذا میرا مطلب یہ ہے کہ ہمیں عورتوں کو ایسی تعلیم دینی چاہیئے جو عملی لحاظ سے عین اسلامی نظریئے کے مطابق ہو۔

پھر ایک معزز دوست نے ارشاد فرمایا ہے۔ کہ ذریعہ تعلیم اُردو ہونا چاہیئے۔ پہلے عرض کیا جا چکا ہے۔ اب اور کس نہج سے منوایا جائے۔ کہ مغربی پنجاب کی وزارت مان چکی ہے۔ کہ ذریعہ تعلیم اردو ہوگا۔ بلکہ یہ حکومت اس کی نفاذ کے لئے تیار بیٹھی ہے۔ آپ کو یاد ہوگا پچھلی دفعہ بھی میں نے عرض کر دیا تھا۔ کہ تمام تعلیمی اداروں اور کالجوں میں ذریعہ تعلیم اردو ہوگا۔ یہاں تک کہ گورنمنٹ کوشش کرے گی۔ کہ سرکاری اداروں میں بھی دفتری زبان اردو ہو۔ میں اپنے معزز دوستوں کو یہ بھی بتا دینا ضروری سمجھتا کہ ایک طے شدہ بات کو دوبارہ شروع کر دینا اور ایک تسلی شدہ بات کا اعادہ کرنا معقول بات نہیں ہوا کرتی۔ میں جیسا کہ آپ کو پہلے بھی بتا چکا ہوں۔ ہمیں اردو کو بطور ذریعہ تعلیم نافذ کرنے میں کئی مشکلات کا سامنا کرنا پڑے گا۔ خصوصاً ٹیکنیکل سائنس اور مذاہب کی اصطلاحات بجائے خود ایک بہت بڑی مشکل ہے اور آپ کو پتا چل جائے گا۔ کہ اگر ذریعہ تعلیم اردو کا نافذ العمل ہونے میں التوا ہوگا۔ تو کیوں ہوگا۔ تمام اصلاحات کے تراجم کے لئے دیدہ ریزی کی ضرورت ہے اور اگر ہمیں تراجم کے لئے مختلف ممالک سے بھی لوگ بلوانے پڑے تو ہم دریغ نہ کریں گے۔ کیونکہ ہمیں زبان اردو کو انتہائی فروغ دینا ہے۔ اور دیگر ممالک کو دکھانا ہے کہ یہ زبان وہ زبان ہے۔ جس پر ہم لوگوں کو بجا طور پر ناز اور فخر ہو سکتا ہے (تالیاں)

پھر شکر گڑھ کے علاقے سے آئے ہوئے میرے معزز دوست عبدالغفور قمر نے

اپنے ارشادات میں تعلیم کو ملک کے بعید ترین کونوں تک پہنچانے کے لئے فرمایا میں انہیں یقین دلاتا ہوں۔ کہ مغربی پنجاب کی وزارت نے تہیہ کر لیا ہے۔ کہ تعلیم کی روشنی اور علم کا نور ملک کے بعید ترین کونے تک پہنچایا جائے یہاں تک کہ جہاں دو انسان بھی بستے ہوں۔ یعنی آبادی نہایت قلیل کیوں نہ ہو ہمیں تعلیم کی روشنی کو وہاں تک بھی پہنچانا ہے۔ اس لحاظ سے تعلیم میں مرد اور عورت کے مساوی حقوق ہوں گے۔ اور ہر وہ ذرائع اختیار کئے جائیں گے۔ جن سے ہم اپنے لائحہ عمل سے عہدہ برآ ہو سکیں۔ ہم یہ کوشش کریں گے۔ کہ تعلیم کو اس قدر عام کر دیں کہ جب ہم علم اور تعلیم کی مثال دیں۔ تو اپنے ملک کی مثال دیں جاپان یا کسی دوسرے ملک کی مثال نہ دیں (تالیاں)

جنابِ والا یہ صحیح ہے۔ کہ سابقہ حکومت نے بھی اپنے دور حکومت میں بہت سے اعلانات کئے جو آج تک پایۂ تکمیل کو نہ پہنچے۔ بیشک انہوں نے اعلانات کئے اور وہ ان پر عمل نہ کر سکے۔ اُن اعلانات کرنے میں نہ میں شامل ہوں نہ آپ۔ مجھے افسوس ہوتا ہے کہ میرے معزز دوستوں نے دو چیزوں کی طرف خیال تک نہیں کیا۔ وہ دو چیزیں اگر ہمارے پاس ہوتیں پھر وہ فرماتے کہ حکومت ہماری باتیں نہیں مانتی تو ہم قصور وار گردانے جا سکتے تھے۔ حضورِ والا وہ دو چیزیں تھیں فرصت اور روپیہ دوسری چیز زیادہ اہم اور زبردست تھی۔ ہماری تحویل میں جتنا روپیہ تھا۔ جیسا کہ میں نے عرض کیا ہم نے تعلیمی امور پر اُسے خرچ کرنے میں اپنی دانست کے مطابق کوئی دقیقہ فروگذاشت نہیں کیا۔ باقی رہی دوسری چیز۔ لہذا کم اور قلیل فرصت میں ہم نے تعلیم کے سلسلہ میں تعمیری پروگرام بنایا وہ آپ کے سامنے ہے۔ میرے لئے یہ بھی لازمی ہے۔ کہ میں آپ کی خدمت میں عرض کر دوں کہ ہمیں تعلیم کے مسئلہ میں اُن ذمہ داریوں کا جو وزارت پر عائد ہوتی ہیں۔ بدرجہ اتم احساس ہے اور میں ناز کروں گا۔ اس بات پر اگر میں ان ذمہ داریوں کو جن سے قوم اور ملک کی بہتری وابستہ ہے۔ عہدہ برآئی تک لے جا سکوں۔ ہمارے وزیر اعظم خدا کے فضل و کرم سے اس بارے میں اس قدر مستعد ہیں۔ اور اُن کے آدرش ایسے ہیں۔ کہ میں نہیں سمجھتا۔ ان سے کسی کو بھی اختلاف ہوگا۔ چنانچہ اس بات سے کہ تعلیمی پروگرام ادھورا ہے۔ مجھے گہرا اور شدید اختلاف ہے۔ اور حضور والا یہ کہنا بھی بیجا ہے۔ کہ کوئی ٹھوس کام نہیں کیا گیا اور ہم نے سوچا کچھ ہے اور کیا کچھ ہے۔ ہمیں جس قدر فرصت کے اوقات ملے ہم نے ان میں بیٹھ کر انتہائی محنت اور کاوش کے ساتھ تعلیمی لائحہ عمل تیار کیا ہے۔ آپ دیکھیں گے۔ کہ مستقبل قریب میں ان امور کو عملی شکل دی جائے گی۔ جن کو آج تک عملی جامہ نہیں پہنایا گیا۔ حکومت یہ بھی کوشش کرے گی۔ کہ اُن رکاوٹوں کو دور کیا جائے۔ جو اس کے راستے میں حائل ہوں۔ افسوس ہے آج اُن رکاوٹوں کو دُور کرتے ہوئے ماہرانہ

مشورہ technical (advice) نہ مل سکا۔ بہر حال حکومت مغربی پنجاب کا یہ قطعی فیصلہ ہے کہ پرائمری تک تعلیم لازمی ہو گی۔ اور ہم اسے مفت دینگے (تالیاں) یہ تعلیم ہر جگہ لازمی قرار دی جائیگی۔ لہٰذا جتنے ادارے ہیں اس وقت موجود ہیں ان سے زیادہ ادارے قائم ہوں گے۔ اور اس تعلیم سے غفلت برتنے والوں پر تادیبی کارروائی کی جائے گی۔ اس کے نفاذ کے لئے قوانین ایسے بنیں گے کہ اگر کسی لڑکے کا ولی یا ماں باپ اپنے بچے کی ابتدائی تعلیم کی راہ میں حائل ہوں گے۔ اور انہیں پرائمری تعلیم حاصل کرنے کے لئے سکول نہ بھیجیں گے تو اُن کے خلاف قانونی چارہ جوئی کی جائے گی۔ اور انہیں سزا دی جائے گی۔ جیسا کہ میں عرض کر چکا ہوں۔ یہ ٹھیک ہے کہ سابقہ حکومت نے بھی اس قسم کا اعلان کیا تھا۔ مگر اس پر عمل کبھی نہ ہوا۔ ہم اس کو عملی جامہ پہنانے کا تہیہ کئے ہوئے ہیں۔ اور آپ دیکھ سکتے ہیں۔ کہ ہم نے تعلیم کو کس درجہ عام کر دیا ہے۔

پھر میرے دیگر معزز دوستوں نے ارشادات فرمائے۔ میں اُن کا جواب اس کے بعد عرض کروں گا۔ پہلے اُن نکات کے متعلق کچھ عرض کر دوں جو میرے فاضل دوست میاں محمد نور اللہ نے پیش کئے۔ وہ اکثر بہت سی کام کی باتیں لایا کرتے ہیں۔ وہ مباحثہ (debate) کے مراسم سے اچھی طرح واقف بھی ہیں۔ آج اُنہوں نے اپنی تقریر کے دوران میں دو ایک باتیں کہیں۔ اُن کا ایک ارشاد یہ تھا۔ کہ اسلامی تعلیم کے لئے بہتر کوشش کرنی چاہیئے اُن کی خطابت اور میرے اُن دیگر معزز دوستوں کا طرزِ کلام جنہوں نے اسلامی تعلیم کے رائج کرنے کے متعلق ہمیں اپنی ارشادات عالیہ سے مستفید کیا ہے ایسا تھا کہ گویا ہم نصرانی ہیں اور وہ مسلمان ہیں۔ میں اصول کے متعلق جیسا کہ کہہ چکا ہوں کہ ہمیں حکومت پاکستان پر اگر کوئی سب سے بڑا ناز ہے۔ تو یہ ہے کہ یہ حکومت اسلامی سانچوں میں ڈھالی جائے گی۔ وزراء بھی انہیں اسلامی بلندیوں تک جانے کے متمنی ہیں جن کا آپ تذکرہ فرما رہے ہیں۔ پھر حضورِ والا اس بحث میں میرے معزز دوست سید نو بہار شاہ نے بڑی گرمجوشی کا اظہار فرمایا آج ان کے ارشاداتِ گرامی ایسے تھے کہ اگر وہ جمعہ کی نماز کے بعد فرمائی جاتی تو نہایت اچھا ہوتا۔ ان کی تقریر کے عنوانات کسی پابندی کا محاذ نہ تھی۔ انہوں نے بہت کچھ کہا۔ یہ کہ ہم مسلمان نہیں۔ یہ کہ ہم اسلامی تعلیم سے بہرہ ہیں۔ یہ کہ ہمارا عمل اسلامی نہیں۔ مجھے معلوم ہے ان کا ایک ایسے خانوادہ سے تعلق ہے۔ جن کے نظریات بڑے بلند ہیں۔ مگر میں آپ کو یقین دلاتا ہوں۔ کہ اگر آپ ان وزیروں کی وہ خواہش اور تمنا معلوم کریں جو کہ وہ اسلام کی خدمت کرنے کے لئے اپنے دلوں میں پاتے ہیں تو اگرچہ ہماری شکل اسلامی نظر نہیں آتی پر ہمارا خدمت کرنے کا جذبہ ضرور اعلےٰ اور بلند ہے جیسا کہ شکل کے بارے میں میرے معزز بزرگ شیخ فضل حق پراچہ نے فرمایا

کہ ڈاڑھی ایکٹ پیش کیا جانا چاہیئے۔ کیونکہ جب تک ڈاڑھی ایکٹ کا نفاذ نہ کیا جائے شریعت کے سامنے بہت سے بھائی مسلمان قرار نہیں دیئے جا سکتے۔ میں عرض کر دوں کہ ہمارے آنریبل وزیر اعظم جو نواب بھی ہیں دنیا کی بہت سی ضرورتوں سے بالا بھی ہیں مستغنی بھی ہیں اگرچہ لٹ بھی چکے ہیں اسی طرح اسلامی بلندی کے متمنی ہیں۔ جس طرح آپ ہیں۔ وہ بھی جن سفارشات کا آپ تذکرہ فرماتے ہیں۔ انہیں عملی صورت دینے کے خواہشمند ہیں۔ اگر ہمارے متعلق یہ سوئے ظن ہے۔ کہ ہم نماز نہیں پڑھتے مسجد میں نہیں جاتے تو یہ صحیح نہیں ہے۔ مساجد کا طواف ہم بھی کرتے ہیں۔ اسلامی ترقی کے لئے ہمارے دل بھی مصروف عمل ہیں۔ لہٰذا آدمی کے لئے لازمی امر یہ ہے۔ کہ وہ ایسی بات نہ کرے کہ فلاں شخص اسلامی روایات سے مبرا ہے۔ مجھے یہ سن کر افسوس ہوتا ہے۔ کہ آپ ہم پر اور تمام ایوان پر پھبتیاں اڑاتے ہیں کیا آپ نے کبھی اس پر غور فرمایا کہ وہ کونسی پہلی درسگاہ ہے۔ جو انسان کو انسان بناتی ہے۔ وہ انسان کو انسان بنانے والی درسگاہ گھر کی چاردیواری ہے۔ ماں باپ کی آغوش ہے۔ اگر گھروں میں اسلام کی کمزوری نظر آ رہی ہے۔ تو بیرونی تعلیم بہت حد تک ناکام رہا کرتی ہے۔ لہٰذا میں سمجھتا ہوں اب ہم پر واجب ہو چکا ہے۔ کہ آپ لوگوں کی معلومات کے لئے یہ بھی عرض کر دوں کہ ہم صرف یہی لازمی قرار نہیں دیں گے۔ بلکہ ہم اپنے طلبہ پر یہ فریضہ قائم کر دیں گے کہ اگر وہ مذہبی تعلیم کے پرچے میں کامیاب نہیں ہوتے تو انہیں کسی مرحلے پر بھی ڈگری نہیں مل سکے گی۔

اس کے بعد یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ جہاں تک دیوبند کا تذکرہ آتا ہے کہ اس قسم کا ایک ادارہ کھولا جائے۔ تو میرے دوست مجھ سے اتفاق کریں گے کہ اس کے لئے دو مرحلوں کو طے کرنے کی ضرورت ہے۔ دو ایک باتیں ہیں۔ جن کا تصفیہ کرنا ہے۔ ایک تو فقہ اور حدیث کے متعلق ہے۔ جن سے معارف اعلیٰ کا تعلق ہے۔ اور دوسری عمل بر اصول practice of principles ہے۔ جہاں تک ایجوکیشن ڈیپارٹمنٹ کا تعلق ہے۔ وہ کبھی گوارا نہیں کرے گی کہ وہ تفرقات کا موجب ہو۔ یا اس کی وجہ سے مسلمانوں میں تفرقات پیدا ہوں۔ جہاں تک ہمارا تعلق ہے وہ صرف practice of principles عمل بر اصول سے ہوگا۔ اس بات کو واضح کرنے کے لئے عرض کرتا ہوں۔ مجھے ممبران کی سمجھ کے بارے میں سوء ظن نہیں ہے۔ میں صرف وضاحت practice of principles کے طور پر کہنا چاہتا ہوں کہ عمل بر اصول سے منشاء یہ ہے۔ کہ نماز۔ روزہ۔ توحید۔ زکوٰۃ۔ اور حج۔ ان ارکان کے متعلق اور اسلامی تاریخ کے متعلق ان کا جہاں تک ہو سکے گا۔ نفاذ کیا جائے گا۔ اور جہاں تک الٰہیات theology کا تعلق ہے۔ آپ کو بھی پتہ ہے۔ کہ مسلمانوں میں شرع اور تفسیرات کے متعلق کس قدر تفرقات ہیں۔ اگر ہم

اس قسم کا ادارہ قائم کریں تو مصیبت یہ ہو گی۔ کہ کن لوگوں کے لئے قائم کریں اس لئے میں سمجھتا ہوں اور آپ بھی مجھ سے اتفاق کریں گے۔ کہ ایجوکیشن ڈیپارٹمنٹ کا یہ فیصلہ صحیح ہے کہ جہاں تک محکمہ تعلیم کا تعلق ہے اور جہاں تک عمل بر اصول practice of principles کا تعلق ہے۔ یہ محکمہ اس چیز کو تو کرے گا۔ باقی الٰہیات theology کے متعلق عرض یہ ہے۔ کہ جہاں تک دیو بند کی قسم کا ادارہ کھولنے کا تعلق ہے۔ یہ پرائیویٹ کوشش endeavour پر چھوڑ دیا جائے گا۔ ایک اور ادارہ ہے۔ تشکیل جدید اسلامیات Islamic reconstruction تو یہ اس کا کام ہو گا۔ جہاں تک محکمہ تعلیم کا تعلق ہے۔ میں کہہ چکا ہوں کہ ہم سب میں مختلف عقیدوں کے۔ مختلف ایمان کے۔ مختلف خیالات کے مسلمان نہایت مزے سے چلتے رہیں گے۔

شیخ فضل حق پراچہ: اگر اس قسم کا ادارہ قائم کیا جائے تو کیا گورنمنٹ کی طرف سے اسے امدادی گرانٹ grant-in-aid دی جائے گی؟

وزیر تعلیم: جب تک کہ وہ حکومت کے نظام اور پالیسی کے ساتھ تعاون کرے گا۔ گورنمنٹ ضرور امداد دے گی۔

اب اس کے بعد یہ عرض کر دوں کہ جو حضرات دیو بند سے واقف ہیں۔ وہ پہلے ہی جانتے ہیں۔ اور جو نہیں جانتے ان کے لئے ایک سمجھی ہوئی چیز کے مطابق سمجھانے کی کوشش کروں گا۔ کہ دیو بند اس زمانے میں قائم ہوا جب کہ انگریز کے ساتھ ہماری جھڑپ تھی۔ وہ برطانوی تہذیب British Civilization کے خلاف ایک پروٹسٹ کے طور پر قائم ہوا تھا۔ تو میں یہ سمجھتا ہوں کہ اس ادارہ نے جو کام کرنا تھا۔ کر لیا۔ ہم آزاد ہو گئے۔ انگریز یہاں سے چلے گئے۔ مگر اس کے ساتھ اس ادارے نے کچھ ایسی کیفیت اپنے متعلق پیدا کر لی کہ ہمارے علامہ مرحوم۔ حکیم الامت کو بھی شکایتاً کچھ لکھنا پڑا۔ یہ وہ مقام ہے جہاں سے حسین احمد مدنی اور مولانا ابوالکلام آزاد جیسے آدمی نکلے۔ جہاں تک ان کی فضیلت۔ علم اور معلومات قرآنی کا تعلق ہے۔ مجھے اس سے بحث نہیں۔ مگر جہاں تک ان کے عمل کا تعلق ہے۔ ان کی رفتار کا تعلق ہے۔ اس ادارے نے ہندوستانی نیشنلسٹ Nationalists of India پیدا کرنے کی کوشش کی ہے۔ دوسرے یہ کہ ان کی مدت سے کوشش رہی ہے۔ کہ اس مسلم لیگ کے نام کو ختم کر دیا جائے جو ہماری بنیادی سیاسی ادارہ ہے۔ تو اس صورت میں یہ کہنا، جیسا کہ شیخ فضل حق پراچہ نے کہا ہے۔ کہ ان معنوں میں ایک ادارہ قائم کیا جائے۔ جن میں دیو بند کام کرتا ہے۔ تو میں یہ عرض کروں گا کہ مجھے اس سے اتفاق نہیں۔ اگر ہماری صرف اس ضرورت کو پورا کرنے کے لئے کہ ہم دینیات کی تعلیم دے سکیں

کوئی ادارہ قائم ہو جائے - تو چشمِ ما روشن - دلِ ما شاد - اور گورنمنٹ اس کی امداد کے لئے تیار ہوگی - مگر آپ دیوبند کا نام لیتے ہیں تو ہمارے دماغ میں ایک خلش سی ہوتی ہے - کہ کہیں آپ کا ادارہ اسی قسم کا ادارہ نہ ہو - میرا خیال ہے - کہ وہاں اب بھی یہی کوشش ہو رہی ہے - کہ آپ کا نظام ختم کر دیا جائے - آپ یوں کہیئے کہ اسلامی تعلیم کی - دینیات کی تعلیم کی ضرورت ہے عمل بر اصول practice of principles کی ضرورت ہے - مگر میں عرض کرونگا کہ دیوبند کا نام نہ لیجئے - موجودہ زمانے میں اگر کہیں اس سلسلے میں قابلِ فخر کام کیا گیا ہے - تو وہ فرنگی محل میں ہوا ہے -

شیخ فضل حق پراچہ : فرنگی محل ہی کہہ لیجئے

وزیرِ تعلیم : پھر جنابِ والا ! میاں محمد نور اللہ صاحب نے اسلامیہ کالج کی امدادی گرانٹ grant-in-aid کے متعلق فرمایا ہے - وہ اب بھی بجٹ کا مطالعہ فرمائیں تو انہیں معلوم ہو جائے گا - کہ اسلامیہ کالج ایک ایسا کالج ہے جو تمام صوبہ میں - جب یہ صوبہ متحد تھا - تب بھی اور اب بھی سب سے زیادہ گرانٹ grant لے رہا ہے - اور اب اس موقع پر یہ شکایت کرنے کی ضرورت نہیں کہ ہم مسلمانوں کے اداروں کی طرف توجہ نہیں دیتے - ادھر بد انتظامی کا یہ عالم ہوتا ہے - کہ کیا عرض کروں - ہمیں موقعہ نہیں ملتا کہ ہم پتہ لیں کہ آخر ان کے آمدنی کے ذرائع کیا ہیں - اور وہ ان کو کیسے صرف کرتے ہیں - میرا منشاء یہ ہے کہ باوصف اس کے کہ سالانہ جلسہ ہوتا ہے - وہ انجمن جس کے ماتحت کام ہو رہا ہے - وہ ہر سال اپنا جلسہ کرتی ہے - چندے وصول کرتی ہے - روپیہ حاصل ہوتا ہے - اس کے ماسوا انجمن کی جائیداد ہے - جس سے آمدنی ہوتی ہے - مگر ان تمام چیزوں کے باوصف گورنمنٹ نے انہیں جب بھی دیکھا ہاتھ پھیلاتے ہی دیکھا - اور میں آپ کی وساطت سے ان حضرات تک یہ بات پہنچانا چاہتا ہوں کہ للہ اپنے آپ کو سنبھالئے - قوم کے روپیہ کو برباد نہ کیجئے پھر ان کی آمدنی کی ایک اور صورت یہ ہے - کہ اس کالج میں طلباء کی تعداد بہت حد تک دوسرے کالجوں سے اچھی ہے اور فیسوں کی اچھی خاصی رقم وصول ہوتی ہے - مگر ہم نے جب بھی دیکھا انہیں مانگتے ہی دیکھا - اور ہمیں یہ دیکھکر شرم محسوس ہوتی ہے - یہ وہ کالج ہے کہ جس کی وجہ سے بے شمار مسلمانوں نے تعلیم کی دولت پائی - ہمیں تو اس کا زندہ رکھنا مقصود ہے - اب اٹھاون یا اُنسٹھ ہزار روپیہ جو اسے ملتا ہے - وہ پنجاب بھر میں کسی اور کو نہیں ملتا - ہم اور بھی زیادہ دینے کے لئے تیار ہیں بشرطیکہ وہ لوگ صحیح طریقہ پر انتظام چلائیں - میرا خیال ہے - کہ جہاں گورنمنٹ اس قدر بیش بہا روپیہ امداد کے طور پر دے - وہاں اسے یہ بھی حق ہونا چاہیئے کہ وہ

حسابات کا آڈٹ audit کر سکے اور اس کے انتظام میں بھی حصہ لے سکے (خوب - خوب) اس وقت تک تمام معاملہ قوم کے ہاتھ میں رہا ہے۔ اور قوم کے کارکنوں کا یہ عالم ہے۔ کہ جہاں ان کے کام میں کسی طرف سے مداخلت ہوتی ہے۔ وہ لڑ پڑتے ہیں۔ تو اس سے کسی کو اختلاف نہیں ہوگا کہ خرابیاں ضرور ہیں اور میں سمجھتا ہوں کہ بہت سی خرابیاں تو مزمنہ chronic ہیں اور ان کو رفع کرنا ہمارا فرض ہے۔ اگر یہ خرابیاں دُور نہ ہوئیں تو ہم یہاں تک کرنے کو تیار ہیں کہ اسلامیہ کالج کو گورنمنٹ کالج بنا دیا جائے۔ پھر یہ اسلامیہ گورنمنٹ کالج ہوگا۔ (خوب - خوب) ہم اس حد تک جانے کے لئے تیار ہیں :-

اس کے بعد میرے دوست میاں نور اللہ صاحب نے نصاب تعلیم کے متعلق فرمایا ہے۔ جیسا کہ میں نے پچھلی دفعہ عرض کیا تھا۔ ہم نے دو پارہ لکھا ہوا ہے۔ کہ پاکستان کی جو ایجوکیشنل کانفرنس ہوئی تھی اس کی تفاصیل ہمیں بھیجی جائیں۔ تاکہ ہم ان پر عمل کر سکیں نصاب کو بدلنے کے لئے اور وہ تبدیلیاں عمل میں لانے کے لئے، جو ماحول اسلامی میں بھی تلی اور اچھی معلوم ہوں۔ ہم اپنی تمام توجہ صرف کر رہے ہیں۔ اور اس کے لئے میں نے عرض کیا تھا۔ کہ ہم سب کمیٹیاں بنائیں گے۔ جن میں آپ بھی اپنی تعلیمی استعداد اور تجربہ کے مطابق شامل ہوں گے اور صرف نصاب کے بارے میں ہی نہیں۔ اور بھی مثلاً سائنس وغیرہ کے متعلق ٹریننگ کلاسیں training classes کے متعلق۔ یونیورسٹی کے متعلق ان سب کے لئے سب کمیٹیاں بنانے کا سوال زیر غور ہے۔ ہم اس انتظار میں ہیں۔ کہ وہ تفصیلات آجائیں۔ تاکہ ہم آئندہ بجٹ کے موقع پر ان کے مطابق تبدیلیاں کر سکیں۔ میں آپ کو یقین دلاتا ہوں۔ کہ یہ تبدیلیاں ہم بھی دیکھنا چاہتے ہیں۔ ان سب کے متعلق اس وقت کمیٹیاں زیر غور ہیں۔ اس کے متعلق ہم انتظار کر رہے ہیں۔ کہ مرکز سے تفاصیل آجائیں۔ تو آئندہ بجٹ کے موقع پر جیسا کہ بہت سے حضرات نے فرمایا ہے تمام مطالبات کو رد کیا جائے گا۔ آپ دیکھیں گے۔ کہ بجٹ میں حیران کن تبدیلیاں ہوں گی۔ اور آپ کو بجٹ میں اسلامی جھلک نظر آئے گی۔ میرے ایک دوست نے حربی تربیت کے متعلق فرمایا ہے۔ جہاں تک حربی تربیت کا تعلق ہے۔ وہ ہوگی۔ اور حربی تربیت نہ صرف لڑکوں کو دی جائے گی۔ پاکستان بننے کے بعد میں نے خود دیکھا ہے۔ کہ سکولوں اور کالجوں میں حربی تربیت کی طرف رجحان بڑھ رہا ہے۔ اور لڑکیاں بھی حربی تربیت میں حصہ لے رہی ہیں۔ مدرسۃ البنات اسلامی تصورات idealogy کے ماتحت ایک بہترین سکول ہے۔ وہاں پر میں نے خود دیکھا۔ کہ چھوٹی بچیوں کو حربی میں ڈرل کروائی جا رہی تھی۔ اس قدر دل خوش کن نظارہ تھا۔ اور اسقدر اچھی ڈرل ہو رہی تھی۔ کہ میرے منہ سے بے اختیار تعریف نکل گئی۔ میں نے وہاں پر دیکھا۔ کہ تلوار اور گتکا بھی سکھایا جا رہا تھا۔ میں نے اس دن محسوس کیا۔ کہ میں پاکستان کی فضا میں ہوں۔ اور جگہوں پر مجھے کبھی یہ احساس پیدا نہیں ہوا۔ کیونکہ وہاں مجھے وہی حالات نظر آئے۔ جو پاکستان بننے سے پہلے تھے۔ اب کوشش کی جائے گی۔ ہر سکول اور ہر کالج میں حربی تعلیم دی جائے اسی لئے آئندہ بجٹ میں رقم مقرر کی جائے گی۔ اور اس کام کے لئے ایسے لوگ لگائے جائیں گے جو حربی تعلیم سے اچھی طرح واقف ہوں گے۔ ایک مقرر رکن نے ارشاد فرمایا تھا۔ کہ کیا یہ ٹھیک ہے کہ استاد صاحبان کو ایک سرکلر circular گیا تھا۔ کہ وہ اپنی ایک دن کی تنخواہ

قائداعظم فنڈ میں جمع کروائیں! میں اپنے دوست کو بتانا چاہتا ہوں۔ کہ محکمہ تعلیم نے یہ سرکلر کبھی بھی خود جاری نہیں کیا۔ بلکہ اس محکمہ کے استاد ہیڈ ماسٹر اور انسپکٹر صاحبان نے جو حقیقی معنوں میں قوم کے معمار ہیں۔ انہوں نے خود کہا۔ کہ ہم ایک دن کی تنخواہ اس فنڈ میں دینا چاہتے ہیں۔ اس کے لئے یہ بہتر ہے۔ کہ آپ ایک سرکلر بھیج دیں۔ کہ تمام استاد ہیڈ ماسٹر صاحبان اور انسپکٹران اپنی ایک دن کی تنخواہ اس فنڈ میں دیتے ہیں۔ انہیں کے کہنے پر ہم نے ان سے یہ روپیہ لینے کا ارادہ کیا۔ اس موقع پر میں یہ بھی بتا دینا چاہتا ہوں۔ کہ ان غریب استادوں مگر دل میں درد رکھنے والوں نے اب تک ایک لاکھ روپیہ جمع کروا دیا ہے۔ اور ایک لاکھ کی رقم باقی ہے مجھے اطلاعات ملی ہیں۔ کہ دفاتر میں کام کرنے والے ملازمین اور بڑے بڑے افسر بھی اسی طرح کر رہے ہیں۔

لیکن جو قربانی کا نمونہ ان کمزور حیثیت کے لوگوں نے پیش کیا ہے۔ وہ کسی اور نے نہیں کیا۔ اور یہ جو رو چندہ جمع کرنے کی پھیلی ہے۔ یہ بھی انہی لوگوں کی کوششوں کا نتیجہ ہے۔ اس کے بعد میں ایک اور بات کی طرف آتا ہوں۔ میرے دوست میاں نور اللہ صاحب نے مسجدوں میں ابتدائی تعلیم کے نفاذ پر زور دیا ہے۔ ان کا مقصد یہ ہے۔ کہ کھجور کی چھڑی مار کر جو پڑھائی کرائی جاتی ہے۔ وہ کروائی جائے۔ میں سمجھتا ہوں۔ کہ یہ نہایت ہی موزوں تجویز ہے۔ کیونکہ یہ ذریعہ تعلیم بہت ہی مؤثر ہے۔ جن لوگوں نے وہاں کی ضربات کھائی ہوئی ہیں۔ اور صرف پانچویں تک ہی تعلیم پائی ہے۔ ان میں سے اکثر لوگ ہمارے سکولوں کے دسویں جماعت کے طالبعلموں سے زیادہ ہوشیار ہیں۔ اور خاص پر ان مضامین میں جو وہاں پر پڑھائے جاتے ہیں۔ مثلاً عربی، فارسی اور اردو۔ اور ان کا لکھنا آج کل کے کاتبوں کی طرح ہے۔ یہ اس توجہ کا نتیجہ ہے۔ جو مسجدوں میں استاد ان کو دیتے تھے۔ وہ سمجھتے تھے۔ کہ قوم کو سنوارنا ہمارے ذمہ ہے۔ وہ بیچارے صبح کی نماز کے بعد پڑھانے بیٹھ جاتے تھے۔ اور شام کی نماز تک پڑھاتے رہتے تھے۔ میں کوشش کروں گا۔ کہ ابتدائی تعلیم میں تمام ایسے وسائل کو استعمال کروں۔ جو اس تعلیم کو فروغ دے سکیں۔

آج میرے دوست نے بڑا اچھا منظر کھینچا۔ انہوں نے کہا۔ تعلیم بھی پاک۔ تعلیم دینے والے بھی پاک۔ اور تربیت بھی پاک۔ میں عرض کرنا چاہتا ہوں۔ کہ پاکستان میں ہر چیز پاک ہونی چاہیئے۔ مگر میں کہوں گا۔ کہ اگر تعلیم پاک ہے۔ تو وہ سب پر فائق ہے اگر آپ کے کام میں آپ کے مقصد میں وہ چیز موجود نہیں ہے۔ تو صرف لفاظی سے کوئی فائدہ نہیں۔ پاک۔ پاک۔ پاک کہنے سے کیا فائدہ ہے۔ آپ نے پاک کی گردان اس قدر کی۔ کہ میں اپنے آپ کو ناپاک محسوس کرنے لگا۔ تو میں عرض کروں گا۔ کہ خدا کے لئے اس نمائش کو اور ان لفاظیوں کو چھوڑ دیں۔ آخر آپ کا اس سے منشا کیا تھا۔ تعلیم بھی پاک وہ بھی پاک۔ خدا بھی پاک۔ ہر چیز پاک۔ اگر ناقص ہے۔ تو انسان ہی ہے۔ آپ کو چاہیئے تھا۔ کہ پاکستان کی بہتری کے لئے کوئی طریق کار بتاتے۔ کوئی مفید مشورہ دیتے لیکن آپ نے کوئی ایسی بات نہیں بتائی۔ جس پر عمل کر کے ہم صحیح مقام پر پہنچ سکیں۔ آپ کی باتوں سے میں صرف یہ سمجھتا ہوں۔ کہ اسلامی تعلیم دل کو پاک کرتی ہے۔ میں پہلے ہی سے ان اصولوں کا ماننے والا ہوں۔ یہ عرض کروں گا کہ اگر عمل اور تعلیم دونوں مل جائیں۔ جو پھر فضا پاک و پاک ہے اس سے زیادہ پاکیزگی دنیا میں کوئی نہیں ہم اس پر یقیناً عمل کرنے کی کوشش کریں گے۔

میری محترم بہن سلمہ نے ہمیں اچھے اچھے مشورے دیئے ہیں۔ اور میں سمجھتا ہوں کہ وہ قابل عمل نہیں۔ لیکن ایک چیز جو انہوں نے بیان کی ہے۔ وہ نہایت ہی افسوس ناک ہے اور ہم پر بہت بڑا ظلم ہے۔ انہوں نے ارشاد فرمایا ہے۔ کہ عورتوں کو ان کے مردوں نے چھوڑ دیا۔ ظلم آئے تو ان پر آئے۔ بھائی مرے تو ان کے مرے۔ خاوند مرے تو ان کے مرے مصیبتیں آئیں۔ تو ان پر آئیں۔ مردوں کا کیا گیا۔ معاذ اللہ معاذ اللہ قرآنی تعلیم تو ہمیں یہ کہہ رہی ہے۔ کہ آپ ہماری پشت سے ہیں اور اس قدر قریب کہ جو بلا آپ پر پڑتی ہے۔ وہ ہم پر بھی پڑتی ہے۔ آپ کو علم ہے۔ کہ قرآن پاک میں لکھا ہے۔ کہ حوا کو آدم کے پہلو سے پیدا کیا۔ اس لئے آپ کا ہم سے علیحدہ ہونے کا کوئی امکان ہی نہیں۔ گویا آپ جزو لاینفک ہیں مشرقی پنجاب میں جو مرد مرے۔ وہ ہمارے بھائی ہی تو تھے ہم کو بھی ان کا صدمہ ہے۔ اور اگر مائیں نہیں تو بیویاں بے یار و مددگار رہ گئی ہیں۔ یا اغوا ہو گئی ہیں۔ تو ہمیں لازماً ان کا صدمہ ہے۔ یا ایسے جو ادھر آ گئے ہیں۔ لیکن ان کے گھر والیاں ادھر رہ گئی ہیں ہمیں ان کا بھی صدمہ ہے۔ پس یہ کہنا کہ ہم نے عورتوں کو چھوڑ دیا غلط ہے۔ عورتیں تو ہماری ۔ ۔ ۔ ۔ جزو لاینفک ہیں۔ مجھے افسوس ہے کہ اس قسم کے الفاظ مردانہ ہمت اور اسلامی مردانہ غیرت کے خلاف کہے گئے۔ میں یہ یقین دلاتا ہوں۔ کہ اگر کوئی مسلمان اس طرح کرے گا۔ تو وہ اسلامی شریعت سے انکار کرنے والا ہوگا۔ عورتوں کے جائز حقوق سے انکار کرنے والا بھی اسلامی شریعت سے انکار کرنے والا ہوگا۔ میں انہیں یقین دلاتا ہوں۔ کہ ان کے حقوق کی پوری حفاظت کی جائے گی۔ اور ان کو کبھی بھی چھوڑا نہیں جائے گا۔ آخر میں پھر یہ عرض کرتا ہوں۔ کہ ہم پر جو ملامت کی گئی ہے ہم اس کے سزاوار ہیں۔

دوسرا اعتراض یہ تھا کہ very little has been given for women education یعنی اس بجٹ میں عورتوں کی تعلیم کے لئے بہت کم رقم دی گئی ہے۔ معلوم نہیں انہوں نے یہ اندازہ کہاں سے لگا لیا۔ بجٹ میں خرچ کی جو رقم دکھائی گئی ہے۔ وہ صنف نازک اور صنف مضبوط کے لئے مشترکہ common طور پر دکھائی جاتی ہے۔ جیسا کہ تمام ممالک میں دستور ہے بجٹ میں تعلیم education کا خرچ عورتوں اور مردوں کے لئے غیر جانبدارانہ natural طور پر دکھایا جاتا ہے میں حیران ہوں۔ کہ میری محترم بہن نے کس طرح یہ اندازہ لگا لیا۔ کہ عورتوں کی تعلیم کے لئے کم اور مردوں کی تعلیم کے لئے زیادہ رقم خرچ کی جا رہی ہے۔ میں آپ کو بتاؤں۔ اس کا اندازہ اس طرح لگاتے ہیں۔ کالجوں اور سکولوں کی تعداد سے پتہ لگ سکتا ہے۔ کہ کہاں رقم زیادہ خرچ ہو رہی ہے۔ میں محترم بہن کی اطلاع کے لئے یہ بتاتا ہوں۔ کہ مغربی پنجاب کے ہر ضلع میں ایک زنانہ ہائی سکول ہے۔ اور ہر ایک تحصیل میں ایک مڈل سکول۔ اور لاہور میں عورتوں کی تعلیم کے لئے علیحدہ کالج college ہے اور جگہوں سے مطالبہ کیا جا رہا ہے۔ کہ وہاں زنانہ کالج کھولے جائیں۔ اگر ۱۵ اگست کی ایک معین تاریخ سے پہلے اس بارہ میں ہم سے کوئی غفلت یا تساہل ہوا ہے۔ تو اس کے ہم ذمہ دار نہیں۔ اس وقت ہم اور آپ سب معتوب تھے۔ ۱۵ اگست کے بعد ہم اور آپ پر ایک ناگہانی مصیبت آ پڑی۔ جس کا ہم اور آپ نے اکٹھے مقابلہ کیا ہے۔ اور اب ہم اس مصیبت سے ایک حد تک گذر چکے ہیں جیسا کہ آپ نے ارشاد فرمایا۔ کہ ہم زنانہ تعلیم پر پہلے سے زیادہ توجہ دیں۔ میں یقین دلاتا ہوں۔ کہ مغربی پنجاب اس معاملہ میں آپ سے متفق ہے۔ کہ ہماری اسلامی ریاست اس تگ و دو۔ اس بھاگ دوڑ میں تعلیم سے مالا مال

ہوا ور میں یقین دلاتا ہوں۔ کہ انشاء اللہ جہاں تک عورتوں کی تعلیم کا تعلق ہے۔ ہم آپ کو کسی شکایت کا موقع نہیں دیں گے۔ ہم اُن کی تعلیم پر خرچ کرنے میں کوئی بخل نہ کریں گے۔ اور ہماری ماؤں اور بہنوں کو یہ گلہ نہیں رہے گا۔ کہ ہم نے ان کی تعلیم کی طرف کم توجہ دی۔

میری معزز بہن نے پھر فرمایا۔ کہ عورتوں کو سائنس کی تعلیم کا کوئی بندوبست نہیں کیا گیا۔ میں اُن کو یقین دلاتا ہوں۔ کہ ہم اپنے تعلیمی پروگرام میں عورتوں کو پورا حصہ دیں گے۔ لاہور کالج فار وومن میں سائنس کی کلاسز موجود ہیں۔ گوجرانوالہ میں بھی ہیں۔ اور غالباً اور کالجوں میں بھی۔ اور ہم وعدہ کرتے ہیں۔ کہ اگر اب تک عورتوں کو سائنس کی تعلیم میں پورا حصہ نہیں ملا۔ تو ہم اس مطالبہ کی تو سطح میں پوری کوشش کریں گے۔ انہوں نے فرمایا۔ کہ اسلامیہ کالج (مردانہ) فار بوائز کو ۵۰ ہزار روپیہ گرانٹ ملتی ہے۔ اور اسلامیہ کالج فار وومن کو محض ۱۵ ہزار روپیہ۔ میں یہ عرض کرتا ہوں۔ کہ کالجوں کی گرانٹ بہت حد تک اُن کے اپنے انتظامات پر مبنی ہوتی ہے۔ اور اُن کی گرانٹ کا انحصار ان کی ضروریات پر ہوتا ہے اگر آپ کا خیال ہے۔ کہ اسلامیہ کالج فار وومن کو جو ۱۵ ہزار کی گرانٹ دی جاتی ہے کم ہے۔ اس وجہ سے کہ کالج مذکور میں سائنس کی کلاسز شروع کر دی گئی ہیں اور اسی طرح سے دوسری چیزیں ایزاد کر دی گئی ہیں۔ تو میں یقین دلاتا ہوں۔ کہ ہم ان کی گرانٹ کو بڑھا دیں گے۔ اگر اسلامیہ کالج (مردانہ) فار بوائز کی گرانٹ زنانہ کالج سے زیادہ ہے تو اس میں ہمارا تغافل نہیں اور نہ ہی ہم پر تساہل کا الزام لگایا جا سکتا ہے۔ زونلو کالج انجمن حمایت اسلام کی نگرانی management میں ہیں۔ انجمن نے کبھی شکایت نہیں کی۔ کہ زنانہ کالج کی گرانٹ کم ہے۔ اور مردانہ کی زیادہ۔ یقین جانئے۔ کہ اس ادارہ نے کبھی کوئی شکایت نہیں کی۔

بیگم تصدق حسین۔ انہیں احساس ہی نہیں۔

بیگم جہاں آرا شاہنواز: کیا میں ایک سوال کر سکتی ہوں۔ بنگال مسلم لیگ منسٹری نے برسر اقتدار آتے ہی کم و بیش چھ لاکھ روپیہ زنانہ اسلامیہ کالج بنگال کو عطا فرمایا کیا آنریبل وزیر تعلیم کو اس کا علم ہے۔

وزیر تعلیم: آپ کا ارشاد صحیح ہے۔ جب انہوں نے حکومت سنبھالی۔ تو اُن کے حالات روز مرہ سے تھے۔ لیکن جب ہم نے حکومت سنبھالی۔ تب یہاں کے حالات قطعاً غیر مساعد تھے۔ ان حالات میں کس طرح آپ کے لئے روپیہ بہا سکتے تھے۔ اب جب اس مصیبت ناگہانی کے بعد حالات نارمل ہو رہے ہیں۔ میں یقین دلاتا ہوں۔ کہ اس کالج کو اس کی ضروریات کے مطابق گرانٹ دی جائے گی۔

اس کے بعد بیگم صاحبہ نے ٹیکنیکل تعلیم technical education اور گھریلو سائنس domestic science کے متعلق تجاویز پیش فرمائیں ان کی تجاویز معقول ہیں۔ ہم انشاء اللہ اُن کو ایک معتد بہ حصہ دیں گے۔ اور اس قدر حصہ دیں گے کہ ان کو محسوس ہو جائے گا۔ کہ ہم نے ان کو معقول حصہ دیا ہے۔ اور ہماری قوم اظہار تسکین کرے گی۔ بیگم صاحبہ محترمہ کو یاد ہوگا۔ کہ ایجوکیشنل کانفرنس میں فیصلہ

ہوا تھا - کہ گھریلو سائنس domestic science اور صنعتی سائنس Industrial science کو فروغ دیا جائے - پاکستان گورنمنٹ کے پاس ہمارا اس قسم کا ایک ریزولیشن موجود ہے - طے یہ پایا تھا کہ صوبجات اپنی ضروریات اور بساط کے مطابق اس کا نفاذ کریں گے - میری بہن نے تجویز فرمائی ہے - کہ ان کے لئے ایجوکیشن گرانٹ کا ½ حصہ ریزرو reserve کر دیا جائے - لیکن میری بہن مجھے یہ کہنے کی اجازت دیں گی - کہ گورنمنٹ کی تقسیم عورتوں اور مردوں کے اداروں کی تعداد کے تناسب سے ہونی چاہیئے . . . . . .

بیگم جہاں آرا شاہنواز: Half Belongs to the women.

وزیر تعلیم نصف بہتر (بیوی) better half کے نقطۂ نگاہ سے اُن کو half نصف ملنا چاہیئے اس سے ہم انکار نہیں کر سکتے - (قہقہہ)

اس کے بعد بہن نے فرمایا - کہ مہاجرین کی تعلیم کا انتظام صحیح نہیں مجبوراً ایک چھوٹا سا نقشہ پیش کرتا ہوں - یہ نقشہ ان استاد صاحبان کا ہے - جو چھوڑے ہوئے سکولوں اور کالجوں Displaced Schools and Colleges میں کام کرتے ہیں - اور اب مشرقی پنجاب کو چھوڑ کر مغربی پنجاب میں آئے ہیں - اس نقشے کو دیکھ کر تسکین خاطر ہو جائے گی - یہ نقشہ ۳۱ر دسمبر ۱۹۴۷ء تک کا ہے - جو استاد صاحبان اس طرف سے لوکل یا ڈیز سکولوں Local Bodies Schools - یا اسلامیہ سکولوں Islamia Schools سے آچکے ہیں - ان میں سے ۵۸۲ نے نے (جن میں سے اینگلو ورنیکلر ٹیچرز - اور نارمل ٹیچرز - ڈرائنگ ماسٹر - ڈرل ماسٹرز بھی ہیں) نوکری کے لئے عرضیاں دیں - آپ کو ۵۸۲ کا نمبر یاد رکھنا چاہیئے - آپ یہ سن کر خوش ہوں گے - کہ ان ۵۸۲ میں سے ۵۴۴ کو نوکریاں مل گئی ہیں یہ گورنمنٹ کا ایسا کام ہے - جو آپ کو حیرت میں ڈال دے گا -

بیگم تصدق حسین: ان میں عورتیں کتنی ہیں ؟

وزیر تعلیم I do not know so far

اس کے بعد سنئے ۴۹۵ مہاجر ٹیچروں کی طرف سے درخواستیں آئیں کہ انہیں ملازمتیں دی جائیں ان میں ۴۴۴ کو نوکریاں مل چکی ہیں - ان میں سے بہت تھوڑے سے باقی رہ گئے ہیں - اس کے علاوہ مشرقی پنجاب کے اسلامی سکولوں سے آئے ہوئے ۳۵۱ ٹیچروں کی طرف سے درخواستیں آئیں کہ انہیں بھی جگہ دی جائے - ان میں سے ۳۲۲ کو اسلامی سکولوں میں جگہ دلائی جا چکی ہے - یہ اعداد و شمار ایسے نہیں ہیں جن سے کسی کو یہ کہنے کا موقع ملے کہ ہم نے ان اجڑے ہوئے استادوں کی امداد کرنے کی کوشش نہیں کی - اس کے علاوہ ادھر سے جو اسلامی سکول آئے ہیں ان کی تعداد ۲۶ ہے - ان میں سے ۱۶ سکول تھے جن کی روایات تعلیم کا اکثر تذکرہ ہوتا رہتا تھا ان ۱۶ میں سے ہم نے ۱۳ کو آباد کر دیا ہے - چار

سکول ایسے ہیں جن کے لئے عمارتیں موجود ہیں مگر جنہیں ڈپٹی کمشنر صاحبان نے گورنمنٹ کے احکامات کی وجہ سے پناہ گزینوں کے لئے لیا ہوا ہے اور مقامی طور پر انہوں نے مہاجرین کو سردی کی وجہ سے وہاں ٹھہرایا ہوا ہے۔ جاڑے کا موسم گذر جانے کے بعد یہ عمارتیں خالی ہو جائیں گی اور ان کو مل جائیں گی۔ اس کے بعد مشرقی پنجاب سے تین اسلامیہ کالج آئے ہیں۔ بلکہ یہاں آکر وہ چار بن گئے ہیں۔ ان کے نام یہ ہیں۔ ایم۔ اے۔ او کالج امرتسر۔ جالندھر اسلامیہ کالج اور قادیان کالج۔ اب ان کے متعلق سن لیجئے کہ انہیں کہاں جگہ دی گئی۔ ایم۔ اے۔ او کالج کو۔ ایس۔ ڈی کالج کی عمارت میں جگہ دی گئی ہے۔ اور وہاں کام اس قدر اچھا ہو رہا ہے کہ پہلے وہاں صرف ۲½ سو طلباء تھے اب یہ تعداد بڑھ کر ۷۵۰ تک پہنچ چکی ہے۔ جالندھر والے کالج کو ابھی تک جگہ نہیں ملی۔ دوسرے یہ بھی وجہ ہے کہ اس کے اساتذہ ابھی تک ایک مقام پر اکٹھے نہیں ہوئے۔ لیکن ہم نے قادیان والے کالج کو جگہ دے دی ہے اور ساتھ یہ بھی کہہ دیا ہے جس قدر ممکن ہوا ہم انہیں سہولتیں دیں گے۔ پھر تیسرا کالج ہے۔ اور چوتھا کالج گوجرانوالا میں قائم کیا گیا ہے۔ وہاں پہلے خالصہ کالج تھا۔ وہ کالج اب اسلامیہ کالج بنا دیا گیا ہے۔ وہاں باقاعدہ کام ہو رہا ہے پہلے وہاں لڑکوں کی تعداد ۳½ سو کے قریب تھی اب یہ ۳۷۵ کے قریب ہے۔

اب جناب والا تعلیم کو ترقی دینے کے لئے روپیہ کی ضرورت ہے یہ کام روپیہ سے ہوتا ہے۔ یہ خزانہ سے آتا ہے۔ یہ بجٹ کا ایک حصہ ہوتا ہے۔ اور ہم اتنا ہی خرچ کر سکتے ہیں جتنا کہ محکمہ تعلیم کے لئے مخصوص ہوتا ہے۔ لیکن جیسا کہ میں پہلے عرض کر چکا ہوں ہمارے وزیر اعظم اور وزیر خزانہ نے نہائت فراخ دلی سے کام لے کر امور کی سرانجام دہی میں میری امداد کی ہے جہاں تک گرانٹس وغیرہ کا تعلق ہے ہم کہتے ہیں کہ اگر بجٹ میں اس کے لئے گنجائش ہوئی تو بھی بخل سے کام نہیں لیا جائے گا۔ (خوب۔ خوب)

اس کے بعد میں یہ عرض کرنا چاہتا ہوں اور میں پہلے بھی یہ اعلان کر چکا ہوں کہ جو طلباء مشرقی پنجاب سے آئے ہوئے ہیں ان کی تعلیم صرف اس وجہ سے بند نہیں ہو سکتی کہ تقاضائے فیس یا تقاضائے فیس داخلہ ان کو اس سے محروم کرتی ہے۔ مجھے افسوس ہے کہ یہ اعتراض روزمرہ سننے میں آتا ہے۔ اب ایک سرکلر لیٹر جاری کر دیا گیا ہے جو تمام پرنسپل صاحبان۔ ہیڈ ماسٹر صاحبان ہیڈ مسٹرسوں کو ارسال کیا گیا ہے۔ اس میں ان کو یہ لکھا گیا ہے کہ کوئی طالب علم یا طالبات ایسی نہیں ہونی چاہئے کہ جن کو اپنے ادارے کے خلاف یہ شکایت ہو کہ اس کو فیس داخلہ یا امتحان کی فیس یا کسی دیگر فیس کی عدم ادائیگی کی وجہ سے خارج کر دیا گیا ہے۔ یہ کوئی وجہ اخراج تسلیم نہیں کی جائے گی اور اگر کوئی ایسا کرے گا تو اس سے بازپرس کی جائے گی۔ اصل میں ہیڈ ماسٹر صاحبان اور ہیڈ مسٹرسوں کو یہ کام بجائے اس کے کئے انہیں کوئی حکم آنا خود ہی کرنا چاہئے تھا لیکن ان میں سے بعض ایسے ہوتے ہیں جو اس قسم کا کام صرف اس لئے نہیں کرتے کہ کوئی حکم نہیں آیا۔ اس لئے یہ احکامات صادر کئے گئے ہیں تا کہ اس بارہ میں جو شکایات کی جاتی ہیں وہ کم ہو جائیں۔ اس کے بعد بھی اگر کوئی ایسا طالب علم یا طالبہ شکایت کرے تو میں اپنی بہن سے کہوں گا کہ وہ اسے تسلی دیں اور اسے بتائیں کہ اس کی شکایت درست نہیں ہو سکتی۔ اگر آپ یہ بتائیں کہ فلاں کالج یا فلاں سکول کے ہیڈ ماسٹر نے ایسا رویہ روا رکھا جس سے کوئی طالب علم بددل ہو کر پڑھائی چھوڑ بیٹھا اس سے تو بازپرس ہو سکتی ہے لیکن اگر اس قسم کی کوئی صورت نہ ہو تو آپ ہی فرمائیے کہ آپ کا گلہ کہاں تک حق بجانب ہو سکتا ہے۔ ہم نے انتہا درجہ

کی کوشش کی ہے کہ ہر تارک وطن displaced طالب علم یا طالبہ جو مشرقی پنجاب سے آئی ہو خدا کے فضل سے یہ محسوس کرے کہ وہ اپنی قوم کے ساتھ ہے اور اپنے گھر میں آئی ہوئی ہے۔ اور یہ حکومت اس کی اپنی حکومت ہے۔ اب خلاف الزام کے طور پر انفرادی شکایتیں کرنا چھوڑ دیجئے۔ اور اگر آپ کو کوئی تکلیف ہو تو بجائے اس کے آپ مجھ پر شکایتوں کی بھرمار کریں آپ اپنی شکایتیں ڈی۔ پی۔ آئی کو پیش کریں گورنمنٹ کی طرف سے ان کا انسداد کیا جائے گا اور آپ کو دوبارہ شکایت کا موقع نہیں دیا جائے گا۔ اگر ان سب باتوں کے بعد بھی کوئی یہ کہے کہ مہاجرین کی حوصلہ افزائی نہیں کی گئی تو یہ اعتراض اگر اعتراض کی خاطر ہو تو ہو ویسے اس کو کوئی وقعت نہیں دی جا سکتی۔

پھر میری بہن نے ارشاد فرمایا کہ تعلیمی اداروں کے لئے قائداعظم ریلیف فنڈ سے فائدہ اٹھایا جا سکتا ہے۔ قائداعظم ریلیف فنڈ کے متعلق تو قائداعظم ہی جانتے ہیں کہ وہ کس مصرف کے لئے ہے۔ لیکن میں اپنی بہن کو یقین دلا دینا چاہتا ہوں کہ ان کی وزارت اس کام کو اس طرح مضبوطی سے کر رہی ہے کہ یہ قائداعظم ریلیف فنڈ سے بغیر کسی مدد کے انجام پا جائے گا۔ اس کے علاوہ مجھے مختلف ذرائع سے یہ اطلاعات موصول ہوئی ہیں کہ جب آپ کے بھائی ان مصیبت زدہ بچوں کی حالت دیکھتے ہیں تو ان کے دلوں میں رحم کے جذبات پیدا ہوتے ہیں اور وہ ان کو تعلیم سے محروم رہتے ہوئے نہیں دیکھ سکتے لہذا وہ بھی قوم کی خدمت کے لئے روپیہ پیش کرتے ہیں۔ ہم نے یہ مشورہ دیا ہے کہ ایسا روپیہ جو آئے وہ اضلاع میں رہے اور ڈپٹی کمشنر صاحبان ہی اس کے امین بنائے جائیں۔ اور جتنی درخواستیں وظائف۔ فیس کی ادائیگی۔ کپڑوں اور گذارہ کے لئے دی جائیں وہ انہیں دیں۔ اور ڈپٹی کمشنر صاحبان وہ منظور کریں گے اور وہ صرف اتنی اطلاع مرکز میں دے دیا کریں گے کہ اس روپیہ میں سے اتنا روپیہ صرف ہوا ہے۔ اس کے علاوہ آپ کو یہ بھی معلوم رہے کہ ایسے طالب علموں کی تعداد بہت تھوڑی ہوتی ہے جن کا امتحانات میں تعلیمی معیار اتنا بلند ہو کہ وہ وظائف حاصل کر سکیں۔ اب ہم نے فیصلہ کر دیا ہے کہ اس دس فیصدی طلباء کے علاوہ جن کو گورنمنٹ وظیفہ دیتی ہے دس فیصدی طلباء کو اور وظیفہ دیا جائے گا۔ اب اگر ان سب باتوں کے باوجود ہمیں قائداعظم ریلیف فنڈ کی طرف جانے کی ضرورت محسوس ہوئی یا خدا نہ کرے ایسی ضرورت پڑ جائے تو ہم وہاں بھی دست سوال دراز کریں گے کیونکہ آخر قائداعظم ہمارے ہیں اور ہم ان کے ہیں۔ میں اس پر اپنی تقریر ختم کرتا ہوں اور مجھے یقین ہے کہ آپ میرے ساتھ اتفاق کریں گے اور میرے ہم نوا بنو گے کہ جہاں تک تعلیم کا تعلق ہے خدا کے فضل سے ہم سب مل کر ایسی کوشش کریں گے کہ کوئی مہاجر طالب علم یا طالبہ تعلیم سے محروم نہ رہے۔

Begum Tasaduq Husain: (Inner Lahore, Muhammadan, Women, Urban):

بیگم تصدق حسین: جناب والا! سب سے پہلے میں یہ عرض کرنا چاہتی ہوں کہ وزیر تعلیم نے مردوں کی مستمرہ عادت کے مطابق میری باتوں کا جواب سب سے آخر میں دیا ہے حالانکہ میں نے اپنے اعتراضات سب سے پہلے پیش کئے تھے۔ (قہقہہ)۔ اس بات کا ان کے پاس کیا جواب ہے۔ دوسری چیز۔ جناب والا۔ یہ ہے کہ میرے محترم بھائی راجہ سید اکبر خاں نے اپنی

تقریر میں فرمایا ہے کہ وہ عورتوں کو ایسی تعلیم نہیں دینا چاہتے جس سے وہ سوسائٹی کی رونق ہوں یا کلب کی زینت بن سکیں۔ انہوں نے اس ضمن میں ایک شعر بھی پڑھا تھا جسے ہم پر چسپاں کرنے کی کوشش کی تھی۔ میں یہ کہوں گی کہ جن نقائص کا وہ تذکرہ فرماتے ہیں وہ سب مردوں کی وجہ سے پیدا ہوئے ہیں۔ اگر مرد درست ہو جائیں تو عورتیں خود بخود ٹھیک ہو جائیں گی۔ سب سے پہلے مردوں کو اپنی اصلاح کرنی چاہیئے اور پھر ہم پر اعتراض کرنا چاہیئے۔ کیا ہوا اگر عورتیں مفتی نہ بن سکیں تو کم از کم مفتی پیدا تو انہیں میں سے ہوئے اور ان کی تربیت بھی عورتوں ہی نے کی۔ ؎

مکالماتِ فلاطوں نہ لکھ سکی لیکن
اسی کے شعلے سے ٹوٹا شرارِ افلاطوں

حضرت رابعہ بصری اور حضرت عائشہ صدیقہ جیسی خواتین عورتوں ہی سے تھیں۔ جن سے کئی لوگوں نے علم حاصل کیا اور دور دور سے آدمی ان سے فقہ سیکھنے کے لئے آئے تھے۔ پہلے آپ یہ تو بتائیں کہ آپ ہمیں مسجدوں میں جانے کی اجازت کیوں نہیں دیتے۔ ابھی اگلے روز میں نے ایک دل شکن واقعہ سنا ہے کہ ایک عورت کو نماز کے لئے مسجد میں جانے سے روک دیا گیا۔ جب رسولؐ کریم کے وقت عورتوں کو مسجدوں میں جانے کی اجازت تھی تو اب کیوں نہیں۔ یہ آج کل کے علماء نے کیا ہے۔ مجھے آپ قرآن مجید میں سے یہ نکال کر دکھائیے کہ عورت کو یہ حق حاصل ہے یا نہیں۔ عورتیں آپ کو تعلیم تو دے سکتی ہیں۔ درسِ دین تو دے سکتی ہیں۔ شریعت کے اور دوسرے تمام معاملات میں مشورہ دے سکتی ہیں۔ مگر مسجد میں نہیں جا سکتیں۔ حضرت عائشہؓ سے تمام معاملات میں رائے نہیں لی جاتی تھی۔ (ایک آواز: مگر آپ مجلسِ شوریٰ کی ممبر نہ تھیں) آج مردوں نے عورتوں کو گھروں کی چار دیواری میں بند کر کے رکھا ہوا ہے۔ میری رائے میں موجودہ تعلیم کے سلسلہ میں خواتین کی کمیٹیاں بنائی جائیں جو حالات کے مطابق حکومت کو صحیح مشورہ دیں کہ عورتوں کی تعلیم میں کیا کیا تبدیلیاں ہونا چاہئیں۔ وہ بہترین اور ممکن العمل چیزیں حکومت کے سامنے پیش کریں۔

اب میں ایک اور چیز کی طرف آتی ہوں۔ تعلیم کے سلسلہ میں سب سے ضروری چیز تعلیم بالغاں کا مسئلہ ہے۔ کوئی قوم اس وقت تک ترقی نہیں کر سکتی جب تک اس کے افراد تمام کے تمام پڑھے لکھے نہ ہوں۔ میں امید رکھتی ہوں کہ ہم سال نو کے بجٹ میں ایک معتدبہ رقم تعلیم بالغاں کے لئے وقف دیکھیں گے۔ جس طرح ترکی نے ۵ سال کے عرصہ میں اپنی آدھی آبادی کو تعلیم یافتہ کر لیا تھا یا جس طرح مثلاً روس نے کیا تھا۔ ہم کیوں نہیں کر سکتے۔

Mr. Speaker: The honourable member cannot make a second speech. She can only reply to the objections raised.

بیگم تصدق حسین: اچھا صاحب اس کے بعد۔ صاحب صدر۔ مجھے یہ معلوم ہوا ہے کہ ذریعہ تعلیم اردو ہوگا۔ میں بھی اس تعلیمی کانفرنس میں موجود تھی جس میں یہ اور دوسری سفارشات کی گئی تھیں۔ میری گذارش یہ ہے کہ ہماری حکومت کو جلد از جلد ان سفارشات کو عملی جامہ پہنانا چاہیئے

مثلاً اب ہمیں یہاں نرسوں کی تکلیف ہے ۔ نرسیں نہیں ملتیں ۔ اگر نرسوں کے لئے اُردو زبان میں کورس مہیا ہو جائیں تو بہت تھوڑے عرصہ میں نئی نرسوں کو تربیت دی جا سکتی ہے ۔ اس کے ساتھ ہی میں یہ گذارش کروں گی کہ ہماری حکومت کو جلد از جلد نصابوں میں تبدیلی کرنی چاہیئے ۔ تاکہ یہاں کا عام آٹھویں پاس شخص اس قابل ہو جائے کہ زندگی کی دوڑ دھوپ میں آسانی سے حصہ لے سکے ۔ ایک اور چیز عربی کی لازمی تعلیم ہے ۔ اب انہوں نے یہ فرمایا ہے کہ مدرسۃ البنات میں عربی تعلیم دی جاتی ہے ۔ اچھا ہے ۔ وہی ایک مدرسہ ہے جس میں کچھ ہو رہا ہے ۔ وہ پرائیوٹ مدرسہ ہے ۔ ہماری یہ خواہش ہے کہ گورنمنٹ کی طرف سے یہ کام شروع کیا جائے ۔ اگر ایسا ہو تو پھر ہم حکومت کو مبارکباد پیش کر سکتے ہیں ۔ اگر وہ کہتے ہیں نئے اداروں کے لئے حکومت کے پاس روپیہ نہیں تھا ۔ لیکن اب تو اللہ کے فضل سے پاکستان کو ۵۵ کروڑ مل گیا ہے اور ۴ کروڑ حیدر آباد سے لیا ہے ۔ اب روپے کی کیا کمی ہے ۔ بالخصوص اسلامی اداروں کی قیام کی طرف آپ کو ضرور توجہ دینی چاہیئے ۔ آپ کہتے ہیں کہ دیوبند کا نام نہ لیجئے ۔ آپ یہ نہ سمجھئے کہ ہم اس لئے دینی اداروں کے لئے زور نہیں دیتیں کہ عورتیں قاضی اور مفتی بن سکیں بلکہ اس لئے کہ اگر دوسری تعلیم کے بعد ۶ ماہ میں انہیں دینی تعلیم اور شرعی علم سکھا دیا جائے گا تو وہ اپنے بچوں کی صحیح تربیت دے سکیں گی ۔ ان کی صحیح رہنمائی کر سکیں گی ۔ اور آپ کو کہے دیتی ہوں کہ بالآخر آپ کو عورتوں کے لئے اسلامی ادارے بنانے ہی پڑیں گے ۔

یہ تو انہوں نے درست فرمایا ہے کہ دیوبند کا قیام اس لئے ضروری تھا کہ اس وقت یہاں انگریز کی حکومت تھی ۔ اس لئے ضرورت تھی کہ دین کی اصولی تعلیم کو برقرار رکھنے اور اس کو پھیلانے کے لئے کوئی ادارہ ہو ۔ میں ان کی خدمت میں یہ گذارش کرنا چاہتی ہوں کہ آج بھی ایسے اداروں کی اسی طرح ضرورت موجود ہے ۔ اور اس بات پر سب متفق ہیں کہ یہاں اب بھی اسلامی تعلیم ہونا چاہیئے ۔ لیکن میری یہ گذارش ہے کہ اسلامی تعلیم اس وقت تک بے معنی ہو کے رہ جائے گی جب تک علوم اسلامی کا گہرا مطالعہ نہ ہو ۔ جب تک فلسفہ اسلامی کو نہ سمجھا جائے ۔ جب تک اسلامی تہذیب اور اسلامی تمدن کی احیاء و بقا کی بنیادوں کو نہ سمجھا جائے ۔ اور اس کے لئے لائبریری ہونا چاہیئے ۔ جس میں فقہ اور دینیات کی تمام بیش بہا کتب ہوں ۔ اسی سلسلہ میں میں یہ بھی گذارش کروں گی کہ اسمبلی لائبریری میں بھی اس قسم کی کتابیں موجود ہونی چاہیئں تاکہ ہم مشکل اور ضرورت کے وقت ان سے مدد لے سکیں ۔

صاحب صدر ! اسلامیہ کالج یہاں ہمارا واحد قومی ادارہ ہے ۔ اور آج قوم اور حکومت دو چیزیں نہیں ہیں ۔ آج قوم ہی کی حکومت ہے ۔ اس لئے میں حکومت سے گذارش کروں گی کہ اس ادارہ میں اگر کچھ نقائص ہیں تو انہیں دور کرنا حکومت ہی کا کام ہے ۔ انہیں چاہیئے کہ وہ کالج کے حسابات آڈٹ کریں ۔ اور کالج کی ترقی کے لئے اور سکیمیں نکالیں ۔ حکومت کہتی ہے کہ انجمن نے تو ۱۵ ہزار سالانہ گرانٹ کے بارہ میں شکایت نہیں کی ۔ تم ہی کرتی ہو ۔ انجمن سمجھتی ہو گی کہ شکایت کا کوئی فائدہ نہیں ۔ اس لئے انہوں نے شکایت نہیں کی ہو گی کہ نقار خانے میں طوطی کی آواز کون سنتا ہے ۔ میں اپنے بھائیوں کے سامنے حکومت سے درخواست کرتی ہوں کہ انجمن حمایت اسلام

لڑکیوں کا کالج کو تیس ہزار روپے سالانہ گرانٹ دی جائے تاکہ وہ سائنس کلاسز جاری کر سکے۔ اگر گورنمنٹ نے امداد نہ دی۔ تو بھی ہم کسی نہ کسی طرح سائنس کلاسز تو ضرور جاری کریں گے۔ کیونکہ ان لڑکیوں کو جو میڈیکل تعلیم حاصل کرنا چاہتی ہیں بہت دشواری ہے۔ اس وقت صرف لاہور گورنمنٹ کالج میں سائنس کی تعلیم ہے اور وہاں بھی عورتوں کے لئے غالباً صرف بارہ سیٹیں ہیں۔ پہلے امرتسر سٹیفورڈ کالج میں سائنس کی تعلیم تھی۔ مگر وہ تو اب ختم ہو گیا۔

پھر جناب والا! مجھے یہ سن کر سخت دکھ پہنچا ہے اور انہوں نے یہ کہہ کر میرے دل پر ایک چرکا لگایا ہے کہ حالیہ فسادات میں عورتوں کا کوئی نقصان نہیں ہوا۔ سب نقصان مردوں ہی کا ہوا ہے مجھے اس فقدان احساس پر حیرت ہے حالانکہ اکثر مرد تو وہاں سے بھاگ آئے اور عورتوں کو پیچھے دشمن کے رحم و کرم پر چھوڑ آئے۔ ایسے لوگوں کو شرم آنا چاہیئے۔ میں ان کو کبھی معاف نہیں کر سکتی۔ پھر یہ ہے کہ مرد تو خود کما سکتے ہیں۔ جو باقی بچے وہ محنت مشقت سے اپنا پیٹ پال سکتے ہیں۔ مگر عورتیں کیا کریں۔ وہ عورتیں جن کے باپ مارے گئے۔ جن کے خاوند مارے گئے۔ جن کے بھائی مارے گئے۔ جن کے بیٹے مارے گئے۔ وہ اب کہاں جائیں۔ ان کے گذارہ کی کیا صورت ہو۔ مردوں کو تکلیف نسبتاً کم ہے۔ پھر ان میں سے اکثر ایسے ہیں جو اپنی عورتوں اور بہنوں کو چھوڑ کر بھاگ آئے۔ اور یہاں آکر روتے ہیں۔ ہماری عورتیں چھین لیں۔ ہماری بہنیں چھین لیں۔

جناب والا! میں یہ جانتی ہوں کہ اُدھر سے آنے والے طلباء کو داخل بھی کر لیا گیا۔ ان کو سہولتیں بھی دی گئیں مگر ۱۰ ہزار طلباء کالجوں میں کیسے پورے آسکتے ہیں۔ نہیں آسکتے۔ ۱۰ لاکھ کی آبادی یہاں آئی ہے۔ ان طلبا کا پورا انتظام ہونا چاہیئے۔ بے چارے تحت و پریشان پھر رہے ہیں۔ ان کی حالت سخت قابل رحم ہے۔

طالب علم لڑکیاں ہر روز میرے پاس آتی ہیں مگر کوئی ان کا پرسان حال ہی نہیں۔ وہ بیچاری ماری ماری پھرتی ہیں۔ کوئی ان کی امداد کے لئے آگے نہیں بڑھتا۔ وہ کہاں چلی جائیں آخر ہمیں ہی ان کے لئے سہولتیں مہیا کرنی ہیں۔ (ایک آواز: اب آپ کی یہ شکایت بھی رفع ہو جائے گی۔) اچھا تو آئندہ ہم آپ کے محکمے پر چٹھیوں کی بھرمار کریں گے اور اگر ایک طالب علم بھی ناامید ہو کر واپس آیا تو دوسرے دن میں پھر آپ سے اس بارے میں سوال پوچھوں گی۔

میں یہ بات سن کر نہایت خوش ہوئی کہ آپ نے ہر ضلع کے ڈپٹی کمشنر کو یہ ہدایت کر دی ہے کہ جو طالب علم ان کے ضلع میں سکونت اختیار کرے اور وہ امداد کا مستحق ہو تو اسے مناسب سہولتیں بہم پہنچائی جائیں۔

وزیر تعلیم: وہ ہدایات ابھی جاری نہیں ہوئیں۔ عنقریب بھیج دی جائیں گی۔

بیگم تصدق حسین: ہاں تو یہ جلد بھیج دیجئے نا۔ میرے پاس جب بھی کوئی طالب علم آتا ہے۔ تو میں اس کی تسلی کے لئے یہی کہتی ہوں کہ ہمارے وزیر تعلیم تمہارے مستقبل کے

لئے بہت کچھ کر رہے ہیں۔ اور انہیں ہر طرح سے تمہارا خیال ہے۔ مگر ذرا انتظامات کے لئے تو انہیں مہلت دو۔ وہ اس کے جواب میں یہ کہتے ہیں کہ انہوں نے ابھی تک کیا کیا ہے۔ جو انہیں اور مہلت دی جائے۔ کیا انہوں نے اس ہمدردی کے سلسلے میں کوئی عملی ثبوت پیش کیا ہے۔ ہم تو انہیں اس وقت ہمدرد سمجھیں گے جب ہمیں کوئی عملی ثبوت نظر آئے گا۔ جہاں تک ہمیں لوگوں سے ملاقات کرنے کے مواقع ملے ہیں۔ ہم تو آپ کی طرف سے ہر طرح وکالت کر دیتے ہیں۔ لیکن اس وکالت کا کوئی نتیجہ بھی برآمد ہونا چاہئے ان کی مدد کی جانی چاہئے اور رہائش کے لئے واقعی انہیں جگہ ملنی چاہئے۔

ہم خوش ہیں کہ مغربی پنجاب کی حکومت نے اپنے حوصلے اور ہمت کا اعلان کیا ہے۔ اور ہم اپنے آپ کو نہایت خوش نصیب تصور کرتے ہیں کہ ہمارے بعض اصحاب اقتدار اس قدر بلند حوصلہ اور باہمت ہیں کہ اپنی قوم کے لئے ہر قربانی پیش کرنے کو تیار ہیں۔

صاحب صدر۔ اعتراضات تو میرے خیال میں کافی ہو چکے ہیں۔ اور اس سلسلے میں میں بھی کافی اظہار خیال کر چکی ہوں۔ اب میں آپ کی خدمت میں یہی عرض کرنا چاہتی ہوں کہ ہمارے ہاں اسلامی تعلیم رائج کی جائے۔ ایسی اسلامی تعلیم جس کا معیار بھی بلند ہو اور ہماری عملی زندگی پر بھی اثر انداز ہو۔ ہمارے ہاں بلند پیمانے پر اسلامی تعلیم کا انتظام کیا جائے۔ اور خاص طور پر عورتوں کو اسلامی تعلیم سے بہرہ ور کیا جائے۔ عورتوں کے لئے پہلی دوسری جماعت کی کتابیں مثلاً پکی روٹی بہشتی زیور کے علاوہ بلند معیار کی کتابیں بھی نصاب تعلیم میں شامل کی جائیں میں تو چاہتی ہوں کہ اسلامی تعلیم کا معیار اتنا بلند ہو کہ ایم۔ اے تک بھی اسے لازمی قرار دیا جائے۔

ان الفاظ کے ساتھ میں اپنی تقریر ختم کرتی ہوں۔

Mr. Speaker : Demand under consideration, motion moved is—

"That the total demand be reduced by Rs. 100."

Begum Salma Tasuddque Husain : Sir, I beg leave to withdraw my motion.

The motion was by leave withdrawn.

Mr. Speaker : The question is ;

"That a sum not exceeding Rs. 1,499,1200 be granted to the Governor to defray the charges that will come in course of payment for the period from 15th August, 1947 to 31st March, 1948, in respect of Education (Excluding European and Anglo-Indian Education)."

The motion was carried.

MISCELLANEOUS.

Minister of Revenue (Sirdar Shaukat Hyat Khan) : Sir, I beg to move :—

> "That a sum not exceeding Rs. 3,66,86,500 be granted to the Governor to defray the charges that will come in course of payment for the period from 15th August, 1947 to 31st March, 1948, in respect of Miscellaneous."

Mr. Speaker : Demand moved is :—

> "That a sum not exceeding Rs. 3,66,86,500 be granted to the Governor to defray the charges that will come in course of payment for the period from 15th August, 1947, to 31st March, 1948, in respect of Miscellaneous."

Chaudhri Aziz Din: Sir, I beg to move :—

> "That the total demand be reduced by Rs. 100."

Chaudhri Aziz Din (Lyallpur, Muhammadan, Rural) :—

چودھری عزیز دین :۔ صدر محترم اس مطالبہ کے تحت (J. Misc.) جس مد (J 4) بھی ہے محکمہ پنچائت سے تعلق رکھتا ہے۔ اس کے متعلق تو پہلے بھی میں ضمناً عرض کر چکا ہوں کہ یہ محکمہ بالکل فضول ہے۔ اس کی کوئی ضرورت نہیں۔ اسے (retrenchment) تخفیف میں لے آنا چاہیئے

جناب والا۔ آپ کی وساطت سے میں یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ ہمارے انتخابات کے دوران میں اس محکمہ کو یونینسٹ وزارت نے اپنے (Propaganda) پروپیگنڈا کے لئے استعمال کیا تھا۔ انتخابات کے موقع پر اس محکمے کے عملے نے مسلم لیگ کے خلاف ہر طرح سے جدوجہد کی۔ (Polling Stations) مقامات انتخاب پر حیثیت (Polling Officers) انتخابی افسروں کے کام کیا۔ مجھے اچھی طرح یاد ہے کہ انتخابات کے موقع پر مسلم لیگ کے جن کارکنوں نے اپنے امیدواروں کی کامیابی کے لئے کوشش کی اور اس محکمے کے عملے کے مقابلے میں زیادہ بہادری اور دلیری سے کام کیا ان پر مقدمے بنائے گئے اور بعد ازاں ان مقدمات میں محکمہ پنچایت کے افسروں نے ان کے خلاف شہادتیں دیں۔

۱۵ اگست سے لے کر اب تک یعنی جب سے پاکستان بنا ہے اور موجودہ حکومت برسر اقتدار آئی ہے یہ محکمہ بالکل بیکار پڑا ہے۔ اور کوئی کام نہیں ہے۔ اور لطف یہ کہ اس محکمہ کے عملے یا افسروں نے بحالی کے کام میں بھی قطعاً حصہ نہیں لیا۔ اس محکمے کو جہاں تک مجھے یاد ہے اس لئے بنایا گیا تھا کہ اسے یونینسٹ حکومت کے حق میں دیہات وغیرہ میں پراپیگنڈا کرانے کے لئے استعمال کیا جائے۔ چونکہ یہ محکمہ بالکل بیکار پڑا ہے اس لئے میری تجویز یہ ہے کہ اسے ختم کیا جائے۔ بحالی کا کام سرانجام دینے کے لئے ایسے نوجوان لگائے جائیں جنہوں نے گذشتہ انتخابات میں قومی خدمت کے پیش نظر حصہ لیا ہو۔ میرا خیال ہے کہ اس وقت ہمارے پاس بہترین موقع ہے ہم ایسے نوجوانوں کو ان کی خدمات کا صلہ دے سکیں۔ ان کے مقابلے میں ہمیں یونینسٹ حکومت کے خیر خواہوں کے ساتھ سخت سلوک کرنا چاہیئے۔

جناب والا۔ میں آپ کی وساطت سے حکومت کی خدمت میں یہ بھی عرض کروں

گا کہ خدا کے فضل و کرم سے ہماری لیگ (Organizations) کا نظام موجود ہے اور ہر گاؤں میں لیگ کے کارکن اور ابتدائی لیگیں موجود ہیں۔

جبکہ مسلم لیگ کی آرگنائزیشن موجود ہے اور ہر گاؤں میں لیگ کے کارکن موجود ہیں ابتدائی لیگیں بھی موجود ہیں پبلسٹی ڈیپارٹمنٹ ہے جو یہ کام کر رہی ہے۔ ان دونوں کی موجودگی میں میں نہیں سمجھتا کہ پنچائت کے محکمہ کی کیا ضرورت ہے۔ محکمہ سے کوئی فائدہ ہونے کے بجائے نقصان ہوا ہے۔ مثلاً دھڑے بندی پیدا ہو گئی ہے اور مقدمہ بازی زیادہ ہو گئی ہے پنچائتوں سے کسی گاؤں میں فائدہ نہیں پہنچا بلکہ جیسا کہ میں عرض کر چکا ہوں نقصان پہنچا ہے یہ حقیقت ہے کہ گاؤں گاؤں میں دھڑے پیدا ہو گئے ہیں لہٰذا میں آپ کی وساطت سے عرض کروں گا کہ یہ محکمہ بے فائدہ ہے اور میں وزیر انچارج سے عرض کروں گا کہ وہ اسے آئندہ بجٹ میں اس مطالبہ demand کو ختم کرنے کی کوشش کریں۔

دوسری چیز جس کی طرف آپ کی توجہ مبذول کرانا چاہتا ہوں وہ قرضہ جات اصلاحی بورڈ ہیں۔ ۱۹۳۳ء میں یہ ایکٹ بنا تھا۔ اور جن قرضہ جات کی میعاد تین سال تھی اس وقت سے لے کر اب تک جو تمام رقوم تین سے چھ سال کے اندر تھیں وہ ختم ہو گئیں۔ اب بورڈ کی ضرورت نہیں ہے۔ یہ خرچ بالکل بے سود ہے۔

وزیر مالیات - تسلی رکھئے اب آگے نہیں ہے۔

چودھری عزیز دین - وزیر صاحب فرماتے ہیں اب آگے نہیں ختم ہو چکا ہے۔ پچھلا خرچ موجود ہے۔ اگست سے لے کر ستمبر میں ختم ہوا۔ اگر واقعی یہ خرچ ختم ہو چکا ہے اور اب آگے نہیں ہو گا تو مہربانی ہے وزیر صاحب کی جنہوں نے یہ ختم کر دیا ہے۔

اس کے بعد سب سے ضروری اور اہم چیز متفرقات اخراجات ہیں۔ جہاں تک پناہ گزینوں پر خرچ کرنے کا تعلق ہے میں پہلے بھی عرض کر چکا ہوں اور اب پھر عرض کرتا ہوں وزیر اعظم صاحب سے کہ اس محکمہ میں جو خرچ ہوا ہے بجٹ میں موجود ہے۔ اس پر اعتراض نہیں ہے اگر یہ خرچ زیادہ بھی ہو تو اعتراض نہیں۔ اعتراض ہے تو یہ ہے جیسا کہ اس روز انہوں نے فرمایا تھا کہ ہدایت کر دی گئی ہے کہ افسران ضلع لیگ کے کارکنوں کا تعاون حاصل کریں۔ مگر مجھے یہ کہتے ہوئے افسوس ہوتا ہے کہ جہاں تک اس وقت تک پناہ گزینوں کے بسانے کا یا ان کی تکالیف دور کرنے کا تعلق ہے۔ افسران نے مسلم لیگ سے اصلی معنی میں تعاون نہیں کیا۔ کاغذی تعاون لینا اور بات ہے۔ عملی طور پر تعاون لینا اور بات ہے لہٰذا میں آنریبل وزیر اعظم سے گذارش کروں گا کہ وہ یہ نہ کریں کہ صرف افسروں کے نام ہماری چٹھیاں چلی جائیں اور بس بلکہ وہ انہیں تنبیہ کر دیں۔ اور پھر جناب والا جو ضرورت سے زیادہ ملازمین رکھے ہوئے ہیں اُن کی ضرورت نہ ہو گی اگر مسلم لیگ کے کارکنوں کو آنریری کام پر لگایا جائے جیسا کہ وہ اعزازی کام کرنے کے لئے تیار اور مستعد ہیں چنانچہ اُن کی اس مستعدی اور آمادگی سے حکومت کو فائدہ اٹھانا چاہیئے۔ ایک تو کام محبت سے کریں گے اور دوسرے سرکاری ملازمین کی نسبت وہ مہاجرین کو زیادہ سہولتیں بہم پہنچانے

کی کوشش کریں گے۔ (قطع کلامیاں) میں جناب والا۔ گذارش کر رہا تھا کہ افسران جو ہیں اور جس کام پر مامور کئے گئے ہیں وہ اُس کی سرانجام دہی میں پبلک کا تعاون حاصل نہیں کرتے میری گذارش ہے کہ آنریبل وزیراعظم صاحب ان افسران کو تنبیہ کریں کہ وہ ان سے تعاون کریں، عام طور پر دیکھا یہی گیا ہے کہ ملازمین اس فرض کو جو ان کے ذمہ لگا دیا جاتا ہے ایک ناخوشگوار فرض خیال کرتے ہیں اپنا کام کیا اور چلتے بنے۔ جو حاکم کا حکم آیا اس کو پورا کیا اور بس۔ اگر مسلم لیگ کے کارکن آنریری کام پر لگا دیئے جائیں تو ان کو کام کرنے کا احساس زیادہ ہوگا اور نتیجہ یہ ہوگا کہ وہ مہاجرین کو زیادہ سہولتیں بہم پہنچائیں گے۔

دوسری چیز جس کے متعلق مجھے آپ کی خدمت میں گذارش کرنی ہے وہ (rehabilitation) نئے سرے سے بسانے کا مسئلہ ہے۔ جہاں تک پناہ گزینوں کے بسانے کا سوال تھا ماسوا اس کے کہ انہیں زمینیں الاٹ کی جائیں اور کسی طرف توجہ نہیں دی گئی اور نہ یہ خیال کیا گیا ہے کہ ان کے گزارے کے لئے کوئی اور وسائل پیدا کئے جائیں از سر نو بسانے کے مسئلہ پر زیادہ خرچ ہونا تھا اس پر بمقابلہ دیگر امور کے کم رقم خرچ کی گئی ہے۔ ضرورت تھی مہاجرین کو اس قابل بنانے کی کہ وہ اپنی روزی پیدا کر سکیں۔ ہمارے مہاجرین بھائیوں میں سے جو سب کچھ برباد کر کے آئے ہیں آپ کو ایسے انسان بھی ملیں گے جو بہترین سے بہترین کام کر سکتے ہیں۔ اگر ان کو اپنی بزنس کاروبار اور فیکٹریوں میں لگا دیتے تو وہ آج اپنی روزی آپ کمانے کے قابل ہو سکتے تھے۔ مگر ہمارے افسران نے سمجھ رکھا ہے کہ وہ صرف زمین ہی دے دینے سے بسائے جا سکتے ہیں۔ بلکہ ہمیں تو انہیں اس طرح سے بسانا ہے کہ وہ اپنی روزی کما سکیں۔ اس لئے ضرورت تھی کہ فیکٹریاں اور کارخانے اُن کو الاٹ ہوتے جو لوگ مہاجرین میں سے ہوں۔ اب سوال سرمائے کا پیدا ہوتا ہے۔ اس سلسلہ میں میری گذارش ہے کہ جن کو یہ کارخانے اور فیکٹریاں دی گئی ہیں یہ ان کے لئے لازمی قرار دی جانی چاہئیں یعنی حصہ صرف مہاجرین کا ہو اور کسی کو حصہ دار نہ رکھیں۔

اس طرح سے ہزاروں مہاجرین کو بسایا جا سکتا ہے۔ جو گورنمنٹ پر بار نہ ہوتے ہوئے خود اپنی کمائی کر کے باعزت روزی کما سکیں۔

دوسرے rehabilitation کے سلسلہ میں میں نے دیکھا ہے کہ جہاں تک لائلپور کا تعلق ہے۔ اور وہاں آٹھ نو لاکھ کے قریب مہاجر گئے ہیں۔ اس وقت تک کسی مہاجر کو کوئی کپڑا وغیرہ نہیں دیا گیا۔ اگر ہم کیمپوں یا دیہات میں جائیں وہاں ہم کئی عورتیں۔ لڑکے یا آدمی دیکھتے ہیں جن کے پاس اگر شلوار ہے تو قمیص نہیں اگر قمیص ہے تو چادر نہیں ہے۔ اس وقت تک ان کے لئے کپڑے وغیرہ کا انتظام نہیں کیا گیا۔ اور میں آپ کی وساطت سے گورنمنٹ کو یہ اطلاع دینا چاہتا ہوں اور وہ یہ دریافت کر سکتے ہیں کہ اگست سے لے کر آج تک ان مہاجرین کو جن کے پاس کوئی کپڑے یا دولت وغیرہ نہیں تھی۔ راشن کا کپڑا بھی نہیں دیا گیا میری یہ گذارش ہے کہ آبادکاری rehabilitation کے سلسلہ میں جو بجٹ ہے۔ میں سمجھتا ہوں کہ یہ سب اس کی کمی کی وجہ سے ہے۔ گنجائش اتنی کافی نہیں ہے کہ پورا انتظام کیا جا سکے۔

پھر جناب والا! اس مطالبے demand کے ماتحت ایک چیز ہوائی حملوں

کا تدارک Air Raid Precautions ہے۔ جس کے لئے بجٹ میں کوئی گنجائش نہیں رکھی گئی۔ میں سمجھتا ہوں کہ آج کل کا جو وقت ہے اس کے پیش نظر یہ نہایت ضروری تھا کہ اس چیز کے لئے گنجائش رکھی جاتی بالخصوص جبکہ ہم دیکھتے ہیں کہ ہمارا ہمسایہ ملک جو ہے وہ تیاریاں کر رہا ہے۔ وہ جارحانہ اقدام لینے کے لئے تیاری کر رہا ہے۔ مگر ہماری گورنمنٹ نے اس طرف توجہ نہیں دی۔ یہ ہوائی حملہ کا تدارک Air Raid Precautions نہایت ضروری چیز ہے۔ جبکہ ہم جانتے ہیں کہ ہمارا ملک جو ہے وہ دراصل سرحد border کے قریب ہے۔ میں سمجھتا ہوں کہ یہ شق item سب سے زیادہ اہم تھی اور اس کے لئے گنجائش ہونا چاہیئے تھی۔ تاکہ ہم باقی کاموں کے ساتھ ساتھ یہ تیاری بھی کرتے رہتے۔ تو میں آپ کی وساطت سے گورنمنٹ سے پُرزور سفارش کرتا ہوں کہ وہ آئندہ بجٹ میں اس چیز کے لئے گنجائش رکھے۔ تاکہ ہم اپنے دوسرے کام کے ساتھ ساتھ یہ کام بھی کر سکیں۔ اور یہ جو خطرہ ہے اس سے بچاؤ کے لئے ہوائی حملوں کے تدارک Air Raid Precautions کے سلسلہ میں تیاری ہوتی رہے۔

جناب والا! ان الفاظ کے ساتھ میں اپنی تقریر ختم کرتا ہوں۔

Mr. Speaker : Demand under consideration, motion moved —

" That the total demand be reduced by Rs. 100."

Mian Muhammad Nurullah (Toba Tek Singh, Muhammadan, Rural) :

میاں محمد نور اللہ: جناب عالی میرے دوست چودھری عزیز دین نے جو cut motion (تحریک تخفیف) پیش کر کے یہ تجویز کی ہے اس میں انہوں نے زور دیا ہے کہ پنچایتوں کا محکمہ اڑا دیا جائے۔ میرا خیال ہے کہ انہوں نے ایک ایسا خیال اپنے دماغ میں بنا لیا ہے جس کی تردید کرنا لازمی ہے۔ کیونکہ میں اس محکمہ کے حالات سمجھتا ہوں۔ یہ اس قدر اچھا محکمہ ہے کہ اگر دیہات میں پنچایتیں باقاعدہ اور درست طریقے پر کام کرنے لگ جائیں تو بے انتہا فائدہ ہو سکتا ہے۔ مجھے معلوم ہے کہ ایک دفعہ پہلے اس محکمہ پر نزلہ گرا تھا جب ڈاکٹر سر گوکل چند نارنگ وزیر بنے تھے۔ انہوں نے دیکھا کہ پہلے افسر ہمارے مطلب کے نہیں ہیں۔ اور کچھ ہو نہیں سکتا تھا اس لئے سارے محکمہ کو اڑا دیا۔ مولوی عبدالباری صاحب لائل پور میں افسر تھے۔ بڑے اچھے آدمی ہیں۔ ان کو بھی نکال دیا گیا۔ بعد میں انہوں نے اپنے مطلب کے آدمی رکھ لئے۔ ممکن ہے کہ ان یونینسٹوں نے بھی اس قسم کا کوئی سٹنٹ stunt کیا ہو۔ اب تفصیلات details مجھے یاد نہیں۔ بہرحال میں سمجھتا ہوں کہ یہ محکمہ نہایت ضروری ہے اور اسے زیادہ سے زیادہ بڑھانا چاہیئے۔ اس میں شک نہیں کہ ہمیں پارٹی بازی لڑانی چاہیئے لیکن اس محکمہ کو اڑانا اچھا نہیں ہوگا۔ اس لئے میں سمجھتا ہوں کہ مجھے اس تجویز سے اختلاف ہے۔ میرے خیال میں تو اس محکمہ کو ترقی دینا چاہیئے۔

دوسری miscellaneous item (متفرق شقیں) جو (ب) سے (د) تک ہیں ان میں سے چند ایک کے متعلق میں کچھ کہنا چاہتا ہوں۔ سب سے پہلے پبلسٹی بورڈ publicity board ہے

میں دیکھ رہا ہوں کہ اس پبلسٹی بورڈ پر کافی خرچ ہو رہا ہے۔ اور زیادہ تر افسروں کی تنخواہوں میں۔ میرے دل میں خیال آیا کہ افسران کی تنخواہوں پر خرچ کرنے کی بجائے کیوں نہ پروپیگنڈے کے لئے ایسے سنٹر بنا دیئے جائیں جن سے آپ کی پبلسٹی ہوتی رہے۔ مثلاً لائل پور کے ضلع میں پانچ سنٹر بنا دیں اس سے لوگوں کو روزانہ روز کی تازہ خبریں مل جایا کریں گی۔ اخبار آج کل بڑی دیر سے ملتے ہیں۔ لوگوں تک خبریں دیر میں پہنچتی ہیں۔ اگر آپ باقاعدہ براڈکاسٹنگ سسٹم broadcasting system کا انتظام کر دیں اور سیٹ set مہیا کر دیں۔ تو جو نئی خبریں آئیں گی وہ اس کے ذریعہ فوراً دیہات میں پہنچ جایا کریں گی اور اس سے لوگوں کی واقفیت تازہ ترین up to date رہے گی۔ میں یہ سمجھتا ہوں کہ بجائے اس کے کہ افسران پر زیادہ خرچ کیا جائے۔ جس بات کے لئے پروپیگنڈا کرنا ہو اس کو ایسے ذرائع سے نشر کیا جائے تاکہ لوگوں کو صحیح صحیح پیغام فوراً پہنچ سکے۔ اور اس سے مہاجرین بھی فائدہ اٹھا سکیں گے۔ ان کے متعلق جو قواعد rules وغیرہ بنیں گے وہ ان سے باخبر رہیں گے اور ویسے بھی ان کے دل کو تسلی رہے گی کہ ہمارے لئے بھی کچھ ہو رہا ہے۔ اور ان کا چھوٹی چھوٹی باتوں کے لئے شہروں میں آکر جو وقت ضائع ہوتا ہے وہ بچ جائے گا۔ یہ میرے خیال میں ایک قسم کا گزیٹر gazetteer ہوگا جو روزانہ نکلتا رہنا چاہیئے۔ پھر جناب والا D کے بعد آتے ہیں۔

Irrecoverable temporary loans and advances

اس میں criminal tribes آتے ہیں۔ جناب عالی! میں عرض کروں گا کہ یہ criminal tribes بیسویں صدی میں ہم پر ایک بہت بڑا دھبہ ہیں۔ مجھے پتہ ہے کہ لائلپور میں ان کے دو تین گاؤں ہیں۔ اور سمندری تحصیل میں پانچ چھ گاؤں ہیں۔ ان لوگوں پر پابندیاں اور قیود restrictions اس قدر عائد ہیں کہ ان کے لئے چلنا پھرنا محال ہوتا ہے۔ انہیں اگر کہیں جانا ہوتا ہے تو تھانے میں اطلاع دینی پڑتی ہے۔ میں نے ۸۰ سال کے ایک بوڑھے کو دیکھا جس نے پچھلے بیس سال میں کچھ نہیں کیا تھا۔ اس نے کوئی ڈاکہ نہیں ڈالا تھا۔ کوئی چوری نہیں کی تھی مگر وہ ابھی تک جو قبائل criminal tribes میں ہے۔ پھر ایک لڑکا ہے جس کی عمر بیس سال کی ہے وہ سکول ٹیچر ہے۔ اس نے کبھی کوئی ایسی بات نہیں کی۔ کوئی عیب نہیں کیا مگر وہ بھی مجرم قبائل criminal tribes میں ہے۔ میں سمجھتا ہوں کہ اس سلسلہ میں جلدی سے جلدی اقدام کرنے کی ضرورت ہے۔ جس سے ایک تو یہ لفظ اڑ جائیں اور دوسرے ان لوگوں کو بہتر شہری بنانے کی کوشش کی جائے۔

اس کے بعد (ک) میں ہے۔

consolidated and development grants to district boards.

اس میں ایک دو باتیں کہنی ضروری ہیں۔ ایک تو یہ کہ ڈسٹرکٹ بورڈوں میں جو یونینسٹ ممبر تھے یا جو نامزد nominated ممبر تھے ان میں سے بہت سے مشرقی پنجاب میں چلے گئے ہیں۔ میں سمجھتا ہوں کہ ان کی جگہ اور ممبروں سے پُر کرنا چاہیئے۔ مشرقی پنجاب والوں نے تو یہاں کے غیر مسلم ممبروں کو بھی اپنی اسمبلی کا ممبر بنا لیا ہے۔ آپ بھی غالباً بنا لیں گے اور الیکشن کا خرچ بچ جائے گا۔ لیکن ڈسٹرکٹ بورڈ اور کمیٹیوں میں جو یونینسٹ نامزد unionist nominated ممبر تھے وہ چلے گئے ہیں۔ ان کے نام خارج کر کے فوراً دوسرے آدمی مقرر

کئے جائیں۔ لائلپور کے ضلع کا بدقسمتی سے میں بھی ممبر ہوں۔ مجھے بھی نوٹس آجاتا ہے کہ میٹنگ میں شامل ہو۔ آپ یہ سن کر حیران ہوں گے کہ میں ۱۹۳۵ء سے ممبر چلا آرہا ہوں تب سے کوئی الیکشن نہیں ہوا۔ تیرہ سال سے ایک ہی بورڈ چل رہا ہے۔ اس میں کئی ممبر ہیں جو اس کام کے لئے موزوں نہیں ہیں۔ ان کو بدلنا چاہئے۔ اور فوراً نیا الیکشن ہونا چاہئے۔

اب آپ j 2) کی عبارت کو دیکھیں اس میں بہت سے items ہیں۔ ان میں سے ایک گورنر دوارہ الیکشن کے لئے ۱۲ ہزار روپے موجود ہیں۔ وہ تو اب نہیں ہوگا

(j4) اس کے متعلق میں نے جو کچھ عرض کرنا تھا کر چکا۔

(j9) Home Publicity اس کے لئے چار لاکھ دو ہزار کی رقم رکھی گئی ہے اس کی تشریح رقم کے مقابل پر تھوڑی سی ہے۔ تشریح زیادہ کرنی چاہئے تھی۔ بہت سی چیزیں items ایسی ہیں کہ اگر آپ ان کو تبدیل کر دیں تو شاید رقم پہلے سے اچھی طرح خرچ ہو اور آپ کا کام بھی پہلے سے بہتر ہو۔

(j 10) پبلسٹی جنگ تجاویز بعد از جنگ War Publicity—Post War Schemes. اب پبلسٹی جنگ War Publicity کی شق item کی ضرورت نہیں اس کو اڑا دینا چاہئے کیونکہ جنگ ختم ہو چکی ہے۔ اور Post تجاویز بعد از جنگ War Schemes کے لفظ کو اڑا دینا چاہئے۔ کیونکہ اب پاکستان بن چکا ہے اور پاکستان کی اپنی تجاویز Schemes ہوں گی پبلسٹی جنگ War Publicity اور تجاویز بعد از جنگ Post War Schemes کا ذکر ۷۱۶ صفحہ پر ہے۔ اس کے ۷۱۷ - ۷۱۸ اور ۷۱۹ یعنی سہ صفحات خالی ہیں۔ اگر یہ صفحات اڑا دیئے جاتے تو بجٹ کچھ ہلکا ہو جاتا اور ممبر اسے پڑھ لیتے اور ویسے بھی کاغذ بچ جاتا۔ (خان عبدالستار صاحب نیازی۔ آپ جنگ War کے لفظ سے ڈرتے ہیں یا آپ پبلسٹی Publicity نہیں چاہتے۔)

میاں محمد نور اللہ۔ ہم کسی جنگ (War) سے ڈرنے والے نہیں ہیں۔ اگر وقت آیا تو آپ کی قوم آپ کو ایسا جواب دے گی جس طرح اس نے پاکستان بننے نہیں دیا تھا۔ اور جو سلطنت پنجاب کو ادھر اُدھر کی باتیں کر کے ڈرانا چاہتے ہیں اُن کو لوہے یاد آجائیگی۔

(j.11) Special Development Fund Rs. 6,11,280. اس کی تشریح بھی پوری طرح نہیں کی گئی تشریح پوری طرح ہونا چاہئے

(j-17) Rewards to soldiers, sailors and airmen

for acts of gallentry in the war, Rs. 4,05,100.

(j.17) دوران جنگ میں شجاعانہ کارناموں کے لئے سپاہیوں ملاحوں اور ہوابازوں کو انعامات ۴۰۵۱۰۰ روپے اس بات کی وضاحت کریں کہ کیا واقعی آپ یہ رقم ان بہادروں کو دینا چاہتے ہیں۔ آپ کو معلوم ہے کہ جن بہادروں نے پہلی جنگ میں خدمت سرانجام دیں ان کو مربعے نہ ملے بلکہ ان کا حصہ دوسرے لوگ ناجائز طور پر لے گئے۔ یہ شاید اس وقت کی برسر اقتدار پارٹی کی وجہ سے ہوا۔ اب معلوم ہوتا ہے کہ آپ کا ارادہ یہ ہے کہ اس رقم سے ایسے لوگوں کو پاکستان سٹیٹ کی خدمت کے لئے زیادہ سے زیادہ مائل کیا جائے۔ یہ ارادہ اچھا ہے۔ آپ یہ رقم ان کے لئے رکھیں لیکن وہ مربعے جو دوسرے لوگ ناجائز طور پر لے چکے ہیں واپس لئے جائیں اور حقداروں کو دیئے جائیں تاکہ اُن کا

حوصلہ بڑھے اور یہ جو وظائف (scholarships) ہیں سپاہیوں soldiers کے لئے ان میں سے ہر ایک کو حصہ ملنا چاہیئے کیونکہ ہر پاکستانی نوجوان پاکستان کا سپاہی ہے۔ کل کی بات ہے کہ میرے پاس ایک لڑکا آیا اس نے کہا میں اکیلا ہوں۔ بی۔ اے میں پڑھتا ہوں لیکن سب کچھ مشرقی پنجاب میں چھوڑ کر آنا پڑا۔ اب کتابیں نہیں ہیں کہ پڑھ کر امتحان دے سکوں اور داخلہ دینے کی بھی ہمت نہیں اور نوکری بھی نہیں ملتی۔ اب آپ ہی مجھے کوئی طریقہ بتائیں۔ میں نے کہا عرضی لکھ لاؤ میں سفارش کر دوں گا۔ خدا کرے کہیں لگ جاؤ۔ ایسے نوجوانوں کی بوقت ضرورت ایسے وظائف سے مدد کرنی چاہیئے۔

compensation under-section 34, Pb. Public Safety Act 1947 (j 19)

Rs. 2,53,740.

(19-ج) پنجاب پبلک سیفٹی ایکٹ اور سے ۱۹۴۷ء کی دفعہ ۳۴ کے ماتحت معاوضہ ۲۵۳۷۴۰/- روپے یہ بہت بڑی رقم ہے مہربانی کر کے اس کی وضاحت کریں۔ کہیں یہ غلطی سے تو نہیں لکھی گئی یا کہیں میں ہی اسے غلط نہ پڑھ رہا ہوں۔

Expenditure in connection with camps and movement of refugees (Rs. 12,560): (j 20)

پناہ گزینوں کے کیمپوں اور ان کی نقل و حرکت کے سلسلے میں اخراجات ۱۲۵۶۰/- روپے یہ وہ رقم ہے جس کے متعلق آپ نے بھی تسلیم کیا ہے کہ یہاں نہیں آسکتی اس کی تفاصیل (details) صفحہ ۲۷ پر موجود ہیں۔ اس کے متعلق میں کچھ اور نہیں کہنا چاہتا پہلے ہی بہت سی باتیں کہی جا چکی ہیں لیکن میرے پاس ایک لمبی چوڑی عرضی ہے۔ یہ عرضی تقریباً ۱۵۰ لائنوں پر مشتمل ہے یہ عرضی مجھے ایک پناہ گزین نے پرسوں لکھ کر دی۔ وہ پرسوں میرے گھر آیا اور دروازے کی سیڑھیوں پر قلم دوات اور کاغذ لے کر منشیوں کی طرح بیٹھ گیا اور کہنے لگا کہ یہ میرے پاس کچھ باتیں لکھی ہوئی ہیں ان کی نقل ابھی آپ کو لکھ کر دیتا ہوں۔ اس نے بتایا کہ میں ریونیو منسٹر صاحب اور میاں افتخار الدین صاحب کے پاس بھی ہو آیا ہوں۔ خیر اس نے مجھے وہ باتیں ایک کاغذ پر لکھ دیں وہ لرزا دینے والی ہیں۔ اس میں اس نے کچھ واقعات بیان کئے اور ان واقعات میں چند افسروں کے ظلم کا ذکر کیا ہے اور افسروں کے نام بھی بتائے ہیں۔ میں آپ کو پڑھ کر سناتا ہوں۔

Minister of Revenue: This case is under investigation at this moment, so I would ask the hon'ble member not to mention it on the floor of the House, because it may prejudice the case.

میاں محمد نور اللہ۔ شکر ہے کہ آپ تحقیقات کرنے لگے ہیں۔ اچھا کریں

Mr. Speaker: The time is over and discussion on demands will be resumed to-morrow at 9 A.M. But before the House adjourns. I would ask the Hon'ble Premier to submit reports of the Select Committees or various Bills.

PRESENTATION OF REPORTS OF SELECT COMMITTEES ON

1. The West Punjab Protection of Evacuee Property Bill.
2. West Punjab Social and Economic Rehabilitation Bill.
3. West Punjab Eradication of Corruption Bill.

The West Punjab Protection of Evacuee Property Bill. آنریبل وزیر اعظم۔ جناب والا ایک Select Committee کے سپرد تھا۔ اُس کمیٹی کی رپورٹ پیش کرتا ہوں۔ ایک اور بل یعنی **The West Punjab Social and Economic Rehabilitation Bill** ایک Select Committee کے سپرد ہوا تھا۔ اُس کمیٹی کی رپورٹ بھی پیش کرتا ہوں۔ تیسرے بل **The West Punjab Eradication of Corruption Bill** کے متعلق بھی ایک Select Committee مقرر ہوئی تھی۔ اس کی رپورٹ بھی پیش کرتا ہوں۔

The Assembly then adjourned till 9 a.m. on Tuesday, 20th January, 1948.

Din Muhammadi Press, Lahore

WEST PUNJAB LEGISLATIVE ASSEMBLY.

FIRST SESSION OF THE 1st WEST PUNJAB LEGISLATIVE ASSEMBLY.

Tuesday, 20th January, 1948.

The Assembly met in the Assembly Chamber at 9 a.m. of the clock. Mr. Speaker in the Chair.

STARRED QUESTIONS AND ANSWERS.

HINDU AND SIKH BUSINESSMEN STAYING IN WEST PUNJAB.

***20. Raja Said Akbar Khan:** Will the Hon'ble the Premier be pleased to state:

(a) the names and addresses of Hindu and Sikh businessmen or commercial concerns who are present staying on or carrying on their business in the West Punjab;

(b) whether there is any parallel case in which a non-Muslim is carrying on business on behalf of a Muslim businessman or commercial concern in the East Punjab?

Parliamentary Secretary (Mian Abdul Haq): (a) It is not in public interest to disclose the information.

(b) It is regretted that the information on this point cannot possibly be procured.

BUSINESS AND INDUSTRIAL CONCERNS BELONGING TO NON-MUSLIMS IN THE WEST PUNJAB PURCHASED OR LEASED BY MUSLIMS.

***21. Raja Said Akbar Khan:** Will the Hon'ble the Premier be pleased to state:—

(a) the names and particulars of business and industrial concerns belonging to non-Muslims in the West Punjab purchased or leased by muslims after March, 1947;

(b) whether the Government would recognize such transactions?

Parliamentary Secretary (Mian Abdul Haq): (a) It is regretted that the information on this point cannot possibly be procured;

(b) These transactions if entered into and completed before the 15th August 1947 will be recognised by Government but not after that date. After the 15th August, 1947 it is essential that such transactions should be registered with the Custodian of Evacuee Property, West Punjab.

HIGH SCHOOLS ABANDONED BY NON-MUSLIMS IN GUJAR KHAN TEHSIL.

***23. Raja Said Akbar Khan:** Will the Hon'ble Minister of Education be pleased to state:—

(a) the number of high schools abandoned by non-Muslims in Tehsil Gujar Khan;

(b) the number of such Schools in other parts of the Rawalpindi district and the action Government intend taking in the matter of re-opening them ?

Parliamentary Secretary (Chaudhri Raj Muhammad Tarrar) : (a) The number of high schools abandoned by non-Muslims in Gujar Khan tehsil is 4.

(b) The number of such schools in other parts of Rawalpindi district is 6.

The buildings vacated by Hindu and Sikh institutions are utilized in accordance with the departmental policy of educational rehabilitation, to accommodate displaced Muslim schools from the East Punjab, or to expand the existing Islamia Schools or for the opening of new Government institutions. One school from Ferozepore has already been rehabilitated in Rawalpindi City. As evacuation from the East Punjab has been gradual the rehabilitation of schools must necessarily be gradual too. It is hoped that in due course most of these buildings will be utilized for educational purposes.

DEMANDS FOR GRANTS

MISCELLANEOUS

Mr. Speaker : Now the House will resume discussion on Demand No. 32— Miscellaneous—. Mian Muhammad Nurullah will speak on the cut motoin before the House.

Mian Muhammad Nurullah (Toba Tek Singh, Muhammadan, Rural) :

میاں محمد نورالله:- جناب عالی! میں نے Demand No. 32 Miscellaneous پر کچھ عرض کرنا ہے۔ صفحہ ۷۲۲ دیکھیں۔ یہاں پر دو Principal Information Officers لکھے ہیں اور ان کو ۲۵۲۰ روپے دیئے گئے ہیں۔ جہاں تک مجھے معلوم ہے refugees کو کوئی Information نہیں مل رہی۔ یہ جواب بھی نہیں دے سکتے کہ refugees کہاں جائیں۔ Information زیادہ واضح طور ملنی چاہیئے۔ refugees کو خاص طور پر Information ملنی چاہیئے۔ چاہیئے وہ سڑک پر ہوں۔ چاہیئے بازار میں ہوں۔ چاہیئے گلی میں۔ تاکہ ان کو تکلیف نہ ہو۔

پھر Liaison Officers مقرر کئے گئے ہیں۔ ان کو تنخواہ بھی ملتی ہے۔ اور ۶۰۰ روپے special pay بھی۔ یہ East کے ممبر بھی ہیں۔ پھر ۴۵۵، ۵۵ روپے پر ۱۲ District Liaison Officers لگائے گئے ہیں۔ لیکن پتہ چلا ہے۔ کہ East سے کوئی سامان نہیں آرہا۔ یہ تو عام شکایت ہے کہ روپیہ وہاں سے بالکل نہیں لانے دیتے۔ یہاں سے لاکھوں روپے ان کو جا رہے ہیں۔ مجھے East Punjab کے ایک refugee نے بتایا۔ کہ اس نے ۲۲ دسمبر کو East Punjab Government کو ایک wireless بھیجی۔ لیکن اس کا ابھی تک کوئی جواب نہیں آیا۔ ایک دفعہ وہ custodian صاحب کے کمرہ میں گئے۔ وہاں بیٹھے لوگ بیٹھے لاکھوں روپے لے جانے کی باتیں کر رہے تھے۔ وہ لوگ Custodian of Evacuee Property سے ایک سرٹیفکیٹ لے لیتے ہیں۔ جس سے ان کو لاکھوں کا مال مل جاتا ہے اس کے برعکس ادھر سے ہم کو کچھ نہیں ملتا۔ وہ refugee صاحب کہتے تھے۔ کہ ہم پاکستان

گورنمنٹ سے کچھ نہیں لینا چاہتے۔ صرف ہمارا کیش ہمیں مل جائے۔ میں چاہتا ہوں کہ افسران کو اس طرف توجہ دینی چاہئے۔ کہ کسی طرح سے ان کا روپیہ یہاں لایا جائے۔ اگر ادھر سے روپیہ جا رہا ہے اور وہاں سے کچھ نہ لئے۔ تو یہ اچھا نہیں ہے۔ روپیہ کا exchange کسی مناسب سے ہونا چاہئے۔

پھر ایک اخبار Editor کے لئے ۲۴۰۰ روپے مقرر کئے گئے ہیں۔ جو غالباً خود بھی مہاجر ہیں۔ اور مہاجر اخبار کے ایڈیٹر ہیں۔ اگر یہ کام اچھا کرنے والے ہوتے۔ تو اخبار ہمیں بھی ملتا۔ اور ہم اندازہ لگا سکتے کہ اخبار کی کیا اہمیت ہے۔

اسی صفحہ ۷۳۲ پر Assistant-in-Charge Vehicles ہے۔ اگر vehicles سے مراد abondend vehicles ہیں۔ تو سڑکوں پر متعدد کاریں rot ہو رہی ہیں۔ آج ان کی کچھ حالت کل کچھ۔ اور ایک ماہ بعد ان کے پرزے بھی گم ہیں۔ اور کچھ دیر بعد انجن بھی گم ہیں۔ اس Assistant-in-Charge سے پوچھا جائے۔ کہ کیا انہوں نے ان Vehicles کی کوئی سکیم بھی بنائی ہے۔ جس سے ان vehicles کی حفاظت ہو سکے۔ خانہ کے سامنے ہم vehicles پڑی ہیں۔ جن کے انجن غائب ہیں۔ اگر یہ درست ہے۔ تو کچھ احتیاط کرنی چاہئے۔ ان کو درست کر کے کسی کام میں لانا چاہئے۔ یا ان کو بیچ کر رقم کسی فرم کے پاس جمع کرا دینی چاہئے۔ اس بارہ میں کوئی پالیسی وضاحت سے بیان کی جائے۔

صفحہ ۷۳۶ پر ایک بڑی Item ۳،۳۷،۶۲،۹۸۰ روپے کی ہے ساتھ ہی Deduct Probable Saving درج ہے۔ سبحان اللہ۔ ماشاء اللہ۔ یہ کیا ہے۔ Probable Saving کیا Item ہے۔ minus ۹۸،۱۲،۵۴۰ یعنی بجٹ کیا ہے تکے ہیں۔ اتنا ہی نہیں تو کم کر دو۔ ادھر اتنا بڑھا دو۔ ادھر اتنا کم کر دو۔ یہ کیا ہے۔ اس کی کچھ details ہونی چاہئیں۔ ۹۸ لاکھ کی saving کی امید ہے اس saving کی بھی کچھ detail ہونی چاہئے۔ یہ رقم تھوڑی نہیں ایک اچھی خاصی State کا بجٹ ہے۔ اس کا ضرور کچھ کرنا چاہئے۔ اور مثالیں بھی دے سکتا ہوں۔ گجرات کا اسٹیمیٹ ۶۰ ہزار روپے کا ہے۔ رقم round up کر کے دے دی گئی ہے۔ اور پھر کہہ دیا ہے۔ کہ ہمارے پاس ۱۵ اور ضلعے ہیں۔ فی ضلع ۵۰،۰۰۰ کے حساب سے ۷،۵۰،۰۰۰ کی رقم لگا دی گئی ہے۔ میں سمجھتا ہوں۔ کہ بجٹ بنانے کا یہ طریقہ درست نہیں غالباً اس کی وجہ یہی ہے۔ جو میں نے General Discussion کے دوران میں کہی تھی کہ چیف سیکرٹری صاحب دو کام کر رہے ہیں۔ چیف سیکرٹری کا بھی اور فنانس سیکرٹری کا بھی اس لئے وہ بجٹ پر پوری توجہ نہیں دے سکتے۔ یہ اعتراض چیف سیکرٹری پر ہے لیکن میں اس چیز سے بالکل نہیں گھبراتا۔ حق بات کو میں نہیں چھپاتا۔ چونکہ وہ اپنی پوری توجہ اس کام پر نہیں دے سکتے۔ اس لئے figures کو round up کر دیتے ہیں۔ ہمیں تو سوچ سمجھ کر چلنا چاہئے۔ اور ہر ایک penny سے maximum فائدہ اٹھانا چاہئے۔ کیونکہ یہ آپ کا دیا ہوا لینڈ ریونیو ہے۔ اور آپ اپنے اوپر اور ٹیکس بھی لگا رہے ہیں۔ مثلاً ہم ٹیکس ہے میں اس مد پر زیادہ بحث نہیں کرنا چاہتا۔ ٹرانسپورٹ کمیشن افسر ایک ہے۔ اس کے لئے جو total خرچ دیا ہوا ہے۔ وہ ۳۵۰۰ روپے ہے۔ اس طرح ڈسٹرکٹ rehabilitation افسروں کے لئے ۶۷،۳۸،۴۰ روپے کی رقم دکھائی گئی ہے۔ اس سلسلہ میں میرے دل میں اب خیال پیدا ہو گیا ہے۔ کہ آیا ان افسران کی جو ہر ایک ضلع کے لئے ایک مقرر ہے۔

یا بہت سے اضلاع کے لئے ایک ایک مقرر ہے۔ ضرورت بھی ہے یا نہیں اس سلسلہ میں ایک بات فنانس منسٹر صاحب کی خدمت میں عرض کر دینا چاہتا ہوں۔ وہ یہ ہے۔ کہ ان افسروں میں سے ہر ایک کو کوئی نہ کوئی ضلع ایسا چن لینا چاہئے۔ جہاں وہ پکی طرح سکونت اختیار کرنا چاہتا ہے۔ اور ایسا کرنے کے بعد پھر ان کو ان اضلاع سے تبدیل کر دینا چاہئے۔ جن کو انہوں نے اپنی پکی سکونت کے لئے چنا ہو۔ کیونکہ اکثر اوقات یہ ہوتا ہے۔ کہ اگر مثلاً کوئی ڈسٹرکٹ rehabilitation افسر منٹگمری میں کام کر رہا ہے۔ تو لازماً وہ اپنے سابقہ ضلع کے لوگوں کے ساتھ وہاں ترجیحی سلوک کرے گا۔ جس سے دوسرے لوگوں کو شکایت پیدا ہوتی ہے۔ ان ڈسٹرکٹ rehabilitation افسروں کو اپنے لئے کوئی نہ کوئی سکونتی ضلع چن لینا چاہئے۔ اور پھر اس کے مطابق ان کی تعیناتی کی جانی چاہئے۔ جس ضلع کو کسی افسر نے اپنی سکونت کے لئے چنا ہو۔ اسے وہاں نہ رکھا جائے۔ بلکہ اس کی تعیناتی دوسرے ضلع میں کی جانی چاہئے۔ ورنہ اب تو یہ ہو رہا ہے۔ کہ چونکہ افسران مذکور مہاجرین سے مقرر کئے گئے ہیں۔ اس لئے جس ضلع میں کوئی لگا ہوا ہے۔ وہ وہاں اپنے سابقہ ضلع کے لوگوں کو بسانے کی فکر میں ہے۔ اور ان سے دوسروں کے مقابلہ میں ترجیحی سلوک کرتا ہے۔ اس ذہنیت کو بدلنے کی ضرورت ہے۔ مجھے افسوس سے کہنا پڑتا ہے۔ کہ اس وقت تک افسران کی ذہنیت clanish رہی ہے۔ میں بڑے سے بڑے افسر سے لے کر چھوٹے سے چھوٹے افسر تک کو اپیل کروں گا۔ کہ وہ اس clanish ذہنیت کو ترک کر دیں۔ بلکہ میں تو حکومت سے درخواست کروں گا۔ کہ اگر وہ کاغذات مال میں جو ذات پات ہے۔ اس کو بھی اڑا دے۔ تو بہت اچھی بات تھی اس نقص کی موجودگی سے ہماری مسلمان قوم کو نقصان ہو رہا ہے اور بحیثیت ایک آزاد قوم ہمیں اس سے اور بھی نقصان پہنچنے کا احتمال ہے۔ اس لئے اسے جتنی جلدی اڑا دیا جائے۔ اتنا ہی اچھا ہو گا۔ جیسا کہ میں قبل ازیں عرض کر چکا ہوں۔ مجھے ان افسران کے سلسلہ میں کچھ شک پڑ گیا ہے۔ کہ آیا اب ان کی ضرورت بھی ہے یا نہیں۔ جو مقامی افسران ہیں۔ وہ ان سے اچھا کام کر سکتے ہیں۔ ان کا کام تو allotment کرنا تھا۔ وہ کام ہو چکا ہے۔ ان کی اب کوئی ضرورت نہیں۔ پھر آپ ایک کمیٹی بنانا چاہتے ہیں۔ جس سے ان allotment کے متعلق تحقیقات کرنی ہے اگر یہ افسران بدستور موجود رہے۔ تو یہ انکوائری اچھی طرح نہیں ہو سکے گی۔ اور اب اگر ان افسروں کو ہٹا دیا جائے۔ تو اس صورت میں کمیٹی اپنا کام بطریق احسن سرانجام دے سکے گی۔

کل جب میں پانچ بجے اس ایوان سے فارغ ہو کر گھر گیا تو مجھے لدھیانہ کے آرٹیزن کلاس کے چند لوگوں سے گفتگو کرنے کا موقع ملا۔ وہ بڑے سرمایہ دار تھے۔ اور وہاں ان کی کپڑے کی ایک مل تھی۔ اور لاکھوں کا انہوں نے کپڑا بنایا ہوا تھا۔ اب وہ چھوڑ کر اسے ادھر آ گئے ہیں۔ میں نے انہیں کہا۔ کہ آپ نے اپنا کپڑا

نکال کیوں نہ لیا۔ انہوں نے جواب دیا کہ ہمارے لیڈر تو شرطیں باندھتے تھے کہ لدھیانہ پاکستان میں آئے گا۔ اس لئے ہم اسے نہ نکال سکے۔ لیکن انہوں نے یہ بتایا۔ کہ پھر بھی وہ ۵۰۰ تھان کپڑے کے لے آئے ہوئے ہیں۔ لیکن آج تک ان کو لائلپور میں کپڑے کی دوکان نہیں مل سکی۔ اور وہ مایوس ہو کر یہاں آئے ہیں۔ انہیں سردار شوکت حیات خان نے بھی چٹھی دی تھی۔ اور ماتحت افسر نے بھی ان کی امداد کی لیکن نیچے سے کلرک نے جس کی ذہنیت clanish ہوگی۔ اسے نکال کر پھاڑ دیا ہوگا۔ اب وہ اُن کی درخواست بھی گم ہے۔ اور سردار صاحب والی چٹھی بھی گم ہے۔ ان کے پاس آج بھی کچھ فنڈ ہیں۔ جن سے وہ کام چلا سکتے ہیں۔ انہوں نے مجھے بتایا۔ کہ لائلپور میں کئی مقامی لوگوں کے دوکانیں وغیرہ کی ہوئی ہیں۔ میں نے انہیں کہا کہ مجھے ان کی فہرست دو۔ اور درخواست دو۔ اور ان مقامی آدمیوں سے لیکر آپ کو کوئی نہ کوئی دوکان ضرور دی جائے گی بہرحال وہ بہت مایوس تھے۔ کیونکہ لدھیانہ میں ان کا بڑا کام تھا۔ کپڑے کا اور ہوزری کا۔ فنانس منسٹر صاحب نے یہ کہا تھا کہ ایسے لوگوں کی ایک کالونی بنائی جائے گی۔ کچھ ملتان میں رکھے جائیں گے۔ اور کچھ لائلپور میں۔ میں آپ سے درخواست کرتا ہوں۔ کہ آپ مہربانی کر کے ان کی امداد کریں۔ ان کی شکایت بہت زیادہ قابل توجہ ہے۔ ان کو کپڑے کی دوکان ضرور ملنی چاہئے۔

کارخانوں کے متعلق ابھی تک شکائتیں جا رہی ہیں۔ کل جب میں لائل پور سے آئے ہوئے لوگوں سے ملا۔ تو ان سے پتہ چلا۔ کہ جالندھر کی ایک فرم جو کہ وہاں ۱۲ یا ۱۳ لاکھ کے کارخانے وہاں چھوڑ آئی ہے۔ اور دو یا تین لاکھ کا لوہا اور دیگر سامان وہاں چھوڑ کر آگئی ہے اسے ابھی تک کارخانے کا قبضہ نہیں دیا گیا۔ وہ کتنے ہی آدمیوں کو کام پر لگا سکتے ہیں جس کا نتیجہ یہ ہے۔ کہ کئی خاندان بے کار بیٹھے ہیں۔ آپ کو ان کی امداد کرنی چاہئے۔ اگر ان کا کام چل پڑے گا۔ تو سب بیکار مزدور کام پر لگ سکیں گے۔ اس وقت لدھیانہ سے کوئی ۴۰ ہزار کے قریب مزدور آئے ہوئے ہیں۔ جن کو آپ کام پر نہیں لگا سکے۔

اب اگر آپ بجٹ کا صفحہ ۷۵۱ ملاحظہ فرمائیں۔ تو آپکو وہاں Deputy Custodian Evacuee Property کے دفتر کا خرچ نظر آئے گا۔ اس میں ایک مد بمقدار ۲۴ ہزار روپے جو فرنیچر کے کرایہ پر لینے اور اس کی مرمت وغیرہ کے متعلق ہے۔ بڑے افسوس کی بات ہے۔ کہ آپ کے پاس dumps کے dumps پڑے ہیں۔ فرنیچر کے اور آپ خرچ کر رہے ہیں۔ ۲۴ ہزار روپیہ۔ آخر یہ روپیہ کیوں ضائع کیا جا رہا ہے۔ چک جھمرہ میں مہاجرین کی ایک کمیٹی بنی ہوئی ہے۔ وہاں ۱۶۰۰ سو کے قریب مہاجرین رہتے ہیں۔ اور انہوں نے اپنی ایک کمیٹی بنائی ہوئی ہے۔ ان کی طرف سے مجھے پرسوں یہ رپورٹ آئی تھی۔ کہ وہاں کسی نے dump کو آگ لگا دی۔ بات یہ ہے۔ کہ وہاں افسر بڑے سستے داموں چیزیں نیلام کر کے ادھر ادھر کر رہے تھے۔ اور جب انہوں نے دیکھا۔ کہ مہاجرین نے کمیٹی بنالی ہے اور ان کے تین یا چار آدمی وہاں کی صورت حال سے وزیر اور افسران بالا کو آگاہ کرنے کے لئے لاہور گئے ہوئے ہیں۔ تو انہوں نے اس dump کو آگ لگا دی۔ کیونکہ ان کو اب علم ہے کہ انکوائری کمیٹی بیٹھنے والی ہے۔ اور ان کی کارروائیوں کے متعلق بھی انکوائری ہوگی۔ اس لئے

انہوں نے آگ لگا دی۔ اور ریکارڈ وغیرہ کو جلا کر راکھ کر دیا۔ وہ تو بڑی بڑی چیزیں کوڑیوں کے مول نیلام کرتے رہے ہیں۔ مثلاً صوفہ ہے۔ تو اس کے متعلق کسی نے بولی دی۔ دوسرے نے بولی پڑی۔ ایک۔ دو۔ تین اور صوفہ بک گیا۔ اب وہ آگ نہ لگاتے۔ کوتو انکوائری سے بچ کس طرح سکتے تھے۔ میں سمجھتا ہوں۔ کہ آپ کو اس امر کے متعلق سخت کارروائی کرنی چاہئے کیونکہ اس طرح مہاجرین اور حکومت دونوں کا نقصان ہوتا ہے۔ بہرحال ۴۲ ہزار روپیہ جو فرنیچر وغیرہ پر خرچ کیا گیا ہے۔ یہ روپیہ آپ نے ایک لحاظ سے بالکل ضائع کیا ہے۔ پھر اسی صفحہ پر ۳۲ ہزار کی رقم سائیکلوں وغیرہ کے لئے لکھی گئی ہے۔ اس کے متعلق بھی کوئی وضاحت نہیں کی گئی۔ پھر ۶۴۰۰ کی رقم hot and cold weather چارجز کے طور پر رکھی ہوئی ہے۔ پھر صفحہ ۷۵۱ کے اخیر میں ایک مد Grant to National Students Committee ہے۔ جو دو مہینے کے لئے ہے۔ اور ۹۰ ہزار روپیہ ہے۔ یعنی ۴۵ ہزار روپیہ فی مہینہ۔ میں نے تو سمجھا تھا کہ طلباء کی کمیٹی آنریری طور پر یہ کام کر رہی ہے۔ یہ خرچ اتنا زیادہ نہیں۔ بلکہ بہت کم ہونا چاہئے۔

Mr. Speaker : An honourable member has already pressed that point. That is enough.

ہاں جناب ایک بات اور ہے۔ صفحہ ۷۵۹ پر راولپنڈی کشمیر بس سروس کے اخراجات کہیں نہیں دیئے گئے ہیں۔ نہ وہ حسابات میں کہیں دیئے ہوئے ہیں۔ اس کے متعلق ایک صفحہ آگے جا کر صفحہ ۷۷۲ پر ۴۵۶۰ روپے سود چارج کیا ہوا ہے۔ یہ دیکھئے سود چارج کیا گیا ہے تو خرچ بھی ہونا چاہئے تھا۔ شاید کہیں ادھر ادھر دیا ہوا ہو۔ میں زیادہ وقت نہیں لینا چاہتا۔ دس پندرہ منٹ پہلے ہی ہو چکے ہیں۔

تو جناب والا! میری آخری گذارش یہ ہے۔ کہ پناہ گیروں کے خرچ کی پوری پڑتال کی جائے۔ جائز خرچ کتنا ہوا ہے۔ افسروں کی تنخواہوں میں کتنا خرچ ہوا ہے۔ اور پھر دیکھا جائے۔ کہ ضروری خرچ کتنا ہے۔ اور پھر بچت کی کوشش کی جائے۔ اب جہاں خرچ ایک روپے کی جگہ ڈیڑھ روپے ہو رہا ہے۔ اس کی بجائے ایک روپے کی جگہ ۱۲ آنے خرچ ہونا چاہئے۔ تب کام ٹھیک ہوگا۔ ورنہ سخت نقصان کا اندیشہ ہے۔

ان الفاظ کیساتھ میں اپنی تقریر ختم کرتا ہوں۔

Khan Abdus Sattar Khan Niazi (Mianwali North, Muhammadan Rural) :

خان عبدالستار خان نیازی: جناب والا! مجھے افسوس ہے۔ کہ میں بعض اہم معلومات حاصل کرنے کے لئے اپنے حلقۂ نیابت میں چلا گیا تھا۔ میری عدم موجودگی میں یہاں دلچسپ بحث ہوتی رہی ہے۔ میں اس کے متعلق تو کچھ نہیں کہنا چاہتا۔ میں اس وقت آپ کے سامنے ایک اور چیز رکھنا چاہتا ہوں۔ جو زیر بحث مسئلہ سے غیر متعلق نہیں ہے۔ میرے بعض معزز دوستوں نے کہا ہے۔ کہ پنچائیت کے محکمہ کو اڑا دینا چاہئے۔ اور بعض نے کہا ہے۔ کہ اسے رکھنا چاہئے۔ میں آپ کے سامنے ایک اصولی بات رکھنا چاہتا ہوں۔ آپ اپنے نکتۂ نگاہ کو واضح کیجئے۔ اور فیصلہ کیجئے۔ کہ آیا آپ نے

اس محکمہ سازی کو جو ہوتی رہی ہے باقی رکھنا ہے یا اس کے مقابلہ میں آپ نے اپنی نئی تنظیم سے کام لینا ہے۔ یا دش بخیر پبلسٹی ڈیپارٹمنٹ کے متعلق جو گذارشات میں نے کی تھیں۔ میں اب ان کا اعادہ نہیں کروں گا۔ مگر میں سمجھتا ہوں۔ کہ میرے دوست، جن کو اس وقت اقتدار حاصل ہے۔ اگر ان میں جرأت ہوتی۔ تو خود یہاں میرے اعتراضات کا جواب دیتے۔ مگر انہوں نے اپنے نوکر مقرر کر رکھے ہیں۔ جو آنریبل ممبران کی اسمبلی کی تقاریر کے متعلق ناشائستہ اور ناپسندیدہ ریمارکس پاس کرتے ہیں۔

صاحب سپیکر:۔ آرڈر۔ آرڈر۔ اگر آنریبل ممبر ایسا کوئی واقعہ میرے نوٹس میں لائینگے۔ تو میرا خیال ہے کہ میں اس معاملہ میں کچھ کر سکونگا۔

خان عبدالستار خان نیازی:۔ انشاء اللہ میں آپ کے سامنے لاؤں گا۔ اس وقت میں آپکے سامنے یہ چیز رکھنا چاہتا ہوں۔ کہ اس حکومت کو جو مسلم لیگ پارٹی کی حکومت ہے۔ اپنے خلاف نکتہ چینی کو صبر و تحمل سے سننا چاہئے۔ اگر یہ تنقید بھی نہ ہوتی۔ تو یہ اوس قبرستان ہوتا۔ انکو پروردگار کا احسان مند ہونا چاہئے کہ ان کے بھائی انکے سامنے ان کی خامیاں رکھ رہے ہیں۔ تاکہ وہ اپنی اصلاح کر سکیں اگر کوئی حکومت کے نقائص بیان کرے تو یہ نہیں کہنا چاہئے۔ کہ چونکہ فلاں کے بھائی کی تلاشی لی گئی ہے۔ اس لئے کہ وہ حکومت پر نکتہ چینی کرتا ہے۔ میرے کسی بھائی کی تلاشی نہیں ہوئی۔ اگر اسی طرح بھائیوں کا ذکر چل نکلا۔ تو میرے ایک بھائی جو یونینسٹ وزارت میں بھی تھے۔ اور جو اس وقت بھی وزارت پر متمکن ہیں کے متعلق کیوں برادر کے سلسلہ میں الزامات لگائے جا چکے ہیں۔

صاحب سپیکر:۔ ذاتیات کو معرض بحث میں نہیں لانا چاہئے۔ آنریبل ممبر کو کسی دوسرے آنریبل ممبر کا ذکر اہانت آمیز انداز میں نہیں کرنا چاہئے۔ یہ پارلیمنٹری دستور کے منافی ہے۔

خان عبدالستار خان نیازی:۔ میری صرف یہ گذارش ہے۔ کہ میرے کسی بھائی کی اس سلسلہ میں تلاشی نہیں ہوئی۔ کہ اس نے ملت کا مال ہڑپ کر لیا ہو۔ چونکہ اس نے ضلع مسلم لیگ کے جائنٹ سیکرٹری کی حیثیت میں آئی۔ جی پولیس بدالزامات لگائے تھے اس لئے اس کے گھر کی تلاشی ہو گئی۔ اب یہ ثابت ہو جائے گا۔ کہ آیا وہ تلاشی جائز تھی یا ناجائز۔ اگر یہاں اسی قسم کے اعتراضات ہوتے رہیں۔ تو یہ اسمبلی بے فائدہ ہے۔ یہ ایوان صرف ذاتی بحث مباحثہ اور انتقامی کارروائیوں کا اکھاڑا بن کے رہ جائے گا۔ نہیں معلوم ہونا چاہئے کہ نصف سلطنت صبر و تحمل است و نصف دیگر عفو و تجاہل۔ ان کو صبر اور تحمل سے کام لینا چاہئے۔ بلکہ انہیں چاہئے۔ کہ آنریبل ممبران جو تجاویز ان کے سامنے پیش کریں۔ وہ انہیں خوش آمدید کہیں بدمتفرق میں بعض محکموں کے جو اخراجات پر وہ راز میں رکھے گئے ہیں۔ ہم ان کو اعتبار داشت نہیں کر سکتے۔ جو بھی ہو روز روشن میں ہونا چاہئے۔ بجائے اس کے کہ محکمہ پبلسٹی کا تمام خرچ

یک جا دکھا دیا جائے بہتر تھا۔ کہ ہر افسر کے متعلق الگ الگ بتایا جاتا، کہ اس کی تنخواہ کیا ہے۔ وغیرہ وغیرہ۔ میں تو سرے سے اس محکمہ ہی کے خلاف ہوں۔ آپ کے سامنے آپ کی اپنی تنظیم مسلم لیگ موجود ہے۔ آپ اس سے کیوں نہیں کام لیتے۔ ابھی سے اضلاع کی اور شہری مسلم لیگیں محسوس کرنے لگی ہیں۔ کہ حکومت ان کی طرف رغبت نہیں دکھا رہی۔ سول سپلائی کے متعلق سپروائزر آپ لیگ سے مقرر کر سکتے ہیں۔ اسی طرح آپ پنچایتوں کا کام لیگ کے سپرد کر سکتے ہیں۔ لیگ کی تنظیم بہت سے اصلاحی محکموں کا کام سنبھال سکتی ہے۔ مگر مشکل یہ ہے کہ حکومت وہی پرانی محکمہ سازی کی پالیسی اختیار کئے ہے۔ میں حکومت کو ہر وقت انتباہ کئے دیتا ہوں۔ کہ اگر آپ نے اپنی جماعتی نظام کی پرواہ نہ کی۔ تو اس کے نتائج خطرناک ہوں گے اگر آپ ہماری پارٹی کے لیڈر نہ ہوتے، اگر آپ پارٹی کے خادم نہ ہوتے۔ تو آپ کے ہاتھوں میں آج اقتدار نہ ہوتا۔ آپ کو یہ عزت کس نے دی ہے۔ کس نے آپ کو جیلوں سے نکال کر وزارت کی نشستوں پر بٹھایا۔ کس نے آپ کے مخالفین کو مجبور کیا۔ کہ وہ اس بات کا اعلان کریں۔ کہ وہ پبلک رائے کو Poll نہیں کر سکتے۔ یہی آپ کی جماعتی تنظیم تھی۔ یہی آپ کی مسلم لیگ تھی۔ اب میں آپ کے سامنے ایک طویل تجویز آپ کے غور کے لئے پیش کرتا ہوں۔ یہ تمام محکمے جو ہمیں عہد فرنگی سے وراثت کے طور پر ملے ہیں۔ اور جو فرنگی نے اس غرض سے بنا رکھے تھے۔ کہ کچھ لوگوں کو راضی رکھا جائے اور کچھ لوگ اس کے اندر کودتے اور ناچتے رہیں۔ اور انگریزوں کی مرضی سے ان پر نکتہ چینی کرتے رہیں۔ تاکہ انہیں ان کے راز معلوم ہوتے رہیں۔ میری یہ گذارش ہے۔ کہ آیا ہم نے عہد فرنگ کی اس یادگار کو باقی رکھنا ہے یا اس نئے دور میں اس پرانی محکمہ سازی اور پرانے محکموں کو خیرباد کہنا ہے۔ موجودہ صورت میں ہماری حکومت اور ہمارے جماعتی نظام میں بُعد ہے۔ یہ نہیں ہونا چاہئے بلکہ بُعد کی جگہ قرب ہونا لازمی ہے۔

اب میں محکمہ تعلیم کے بارہ میں بھی ایک اصولی بات آپ کے سامنے رکھوں گا۔ یہاں بھی ہر چیز پر ایک نکتہ نگاہ۔ ایک زاویہ نگاہ اور ایک انداز فکر سے غور ہو سکتا ہے جو اعلانات ہم کرتے رہے ہیں۔ جو وعدے ہم کرتے رہے ہیں۔ جو قومی مطالبات ہمارے سامنے ہیں۔ ان کو کس طرح پورا کیا جا سکتا ہے میری رائے میں پورے نظام کو بدلے بغیر ہم وہ تبدیلیاں نہیں لا سکتے جن کا مطالبہ آج ہماری قوم ہم سے کر رہی ہے۔ موجودہ صورت میں personal law لا کے یا موجودہ نظام تعلیم میں دینیات وغیرہ لا کے ہم اپنی قوم کو مطمئن نہیں کر سکتے۔ موجودہ نظام کو یکسر بدلنے کی ضرورت ہے۔ اس نظام کو قائم رکھتے ہوئے اس میں اس قسم کی تبدیلیاں لانا ٹاٹ میں ریشم کا پیوند لگانا ہے۔

آپ کے سامنے وہی فرنگی کا نظام تعلیم اور وہی نظم و نسق ہے۔ اب اس پر کاربند رہنے کا وقت نہیں ہے۔ ہمارے پاس اپنی تہذیب۔ اپنا تمدن۔ اور اپنا نظام سیاست ہے۔ ہمیں انگریز کے رائج کردہ اصول چھوڑ کر اسلامی اصول پھر سے اپنی زندگی کے ہر شعبہ میں نافذ و رائج کرنے چاہئیں۔ میں یہ نہیں کہتا کہ یہ سب کچھ ایک ہی دن میں ہو سکتا ہے۔ نہیں۔ ہرگز نہیں۔ اگرچہ یہ تمام منازل بتدریج طے کی جائیں گی

تاہم ہمیں ان کے لئے کوئی طریق کار متعین کرنا چاہئے اس حکومت کا فرض ہے۔ کہ نظام تعلیم میں مناسب تبدیلیاں عمل میں لائے۔

Mr. Speaker : Education has nothing to do with this demand.

خان عبدالستار خان نیازی: بہتر جناب۔ اس میں تعلیم کا بالواسطہ دخل ہے۔ اسی لئے میں نظریہ تعلیم کی بابت بحث کر رہا تھا۔ اہل توجہ ان لوگوں کے متعلق ذکر کر رہا تھا جن کو حکومت نے بغیر کسی اطلاع یا اعلان کے ملازم رکھا ہیں سمجھتا ہوں۔ یہ ایک لازمی امر ہے۔ کہ جو آدمی یہ حکومت مقرر کرے یا کرنے کا فیصلہ کرے۔ ان کے ناموں کا اعلان کیا جائے۔ اور ان کے اخراجات صاف اور واضح طور پر بتائیں جائیں۔ اس حکومت کا موجودہ طرز عمل اور یہ گول مال کرنے کی تجاویز ہرگز ہرگز قابل ستائش اکسی قانون کی رو سے جائز نہیں۔ اگر وہ ہمارے سامنے اس قسم کا بجٹ پیش کریں۔ کہ اتنے ہزار روپیہ فلاں مد کے لئے اور نوے ہزار روپیہ پراپیگنڈہ (propaganda) کے لئے ہے۔ اتنے ہزار روپیہ فلاں مد پر خرچ ہوگا اور اتنے ہزار روپیہ سیاسی کارندوں (political agents) کو دیا جائے گا یہ چیز ہرگز قابل قبول نہیں ہو سکتی۔ تو اس بحث سے میرا مطلب یہ ہے کہ اس قسم کے اخراجات پر جو روپیہ صرف ہونے والا ہے۔ ان کے متعلق مکمل تفاصیل ہونی چاہئیں بڑی بڑی رقمیں بغیر تفصیل کے بجٹ میں رکھ دینا نامناسب معلوم ہوتا ہے۔

ایک اور چیز جو خاص طور پر قابل غور ہے۔ اور جس پر عمل کرنے سے ہمیں یقیناً فائدہ پہنچے گا۔ یہ ہے کہ ہمیں اپنی قومی حکومت کے مختلف محکمہ میں ایسے آدمی پیدا کرنے چاہئیں اور ایسے افسر لینے چاہئیں۔ جو بیک وقت دو دو تین تین افسروں کا کام کر سکیں۔ اور قوم کے لئے مالی بچت کا باعث ہوں۔ اس طرح ہم صحیح معنوں میں قوم کی بقا اور ملت کی بہبودی کیلئے کوئی نیک کام سرانجام دے سکیں گے۔

جناب والا۔ میں حیران ہوں۔ یادش بخیر پبلسٹی ڈیپارٹمنٹ (Publicity Dept.) اور اس قسم کے دیگر فضول محکموں کے لئے تو بڑی بڑی رقوم مہیا کی جاتی ہیں۔ اور اگر پہلے سے نہ کی گئی ہوں۔ تو فوری طور پر ان کا بندوبست کیا جاتا ہے۔ مگر افسوس کہ جب میں نے اپنے ضلع میں ایک کالج کھولنے کا مطالبہ پیش کیا تو ہمارے آنریبل وزیر فرمانے لگے۔ کہ روپیہ نہیں ہے۔ میں آپ کی خدمت میں صحیح عرض کرتا ہوں۔ اور میں بذات خود محسوس کرتا ہوں۔ کہ ضلع میانوالی میں معیار تعلیم بلند کرنے کی اشد ضرورت ہے خصوصاً اس وقت جب کہ اس ضلع میں کئی ایسی معدنیات (Minerals) کا پتہ چلا ہے جن کے نکالنے اور تھل پروجیکٹ کی بدولت سیراب ہونے کے بعد یہ علاقہ اتنی ترقی کرے گا۔ اور نہ صرف اپنے صوبے کے اخراجات کا کفیل ہوگا۔ بلکہ حکومت پاکستان کے لئے بھی بہت بڑا سرمایہ ہوگا۔

جناب والا۔ متفرقات (Miscellaneous) کی مد کے ماتحت اخراجات کو چھپا کر رکھنا اور صحیح طور پر بالتفصیل واضح نہ کرنا بالکل ناواجب فعل ہے۔ وزیر متعلقہ کو چاہئے تھا۔ کہ وہ بجٹ میں دقتیں پیدا کرنے کی بجائے انہیں فی الواقعہ حل کرنے کی طرف توجہ فرماتے۔ آپ کو یاد ہوگا۔ کہ آج سے دس سال پیشتر اس ضلع میں داؤدخیل ہیڈ ورکس کی وجہ سے زمینداروں اور کاشتکاروں

کی زمینیں برباد اور دربابرو ہو گئی تھیں۔ حکومت کو چاہئے تھا کہ ان کو امداد کے طور پر کچھ معاوضہ دیتی جس سے ان کی تکالیف کچھ تو کم ہوتیں۔ اور اس حالت میں میں بھی یقیناً مشکور ہوتا۔ مگر ہمارے وزراء صاحبان نے اس کی طرف کوئی توجہ نہ دی۔

میں نے یہ چیز حکومت کے سامنے اس لئے پیش کی ہے۔ کہ انہیں ان کے فرض سے آگاہ کر دوں۔ وہ اگر اپنی اغراض اور خواہشات بالائے طاق رکھ کر غریبوں کی امداد کرتے۔ تو یقیناً میں ان کو تحسین و آفرین اور مرحبا کہتا۔ مگر چونکہ انہوں نے تمام قوم اور ساری ملت کے مفاد کو پس پشت ڈالا۔ اور میرے ضلع میں بسنے والے غریبوں کی دلجوئی کی طرف کبھی متوجہ نہ ہوئے لہذا میں ان کو کسی قسم کی ستائش یا تحسین و آفرین کا مستحق نہیں سمجھتا۔

صاحب صدر۔ میں قبل ازیں کسی تقریر میں اس امر کا اظہار کر چکا ہوں۔ کہ تعلیم کیمتعلق سرانظر کیا ہے۔ مگر چونکہ اس وقت محکمہ تعلیم زیر بحث نہیں ہے۔ اس لئے اس چیز کو یہیں چھوڑ کر اب میں ایک نہایت اہم امر کے متعلق کچھ گوش گذار کروں گا۔ ہماری جماعت اور ہمارا نظام حکومت دونوں ایک دوسرے سے متعلق اور مربوط ہیں۔ آپ جانتے ہیں۔ کہ یہ حکومت جو اس وقت ہمارے صوبہ میں برسر اقتدار ہے۔ کیسے بنی اور کس طاقت نے اسے قائم کیا۔ یہ صرف ہماری جماعتی طاقت اور ہماری متفقہ جدوجہد کا نتیجہ ہے میں اپنے صاحبان اقتدار و اختیار کی خدمت میں گذارش کروں۔ کہ وہ اپنے جماعتی نظام کو مدنظر رکھیں۔ اور زیادہ سے زیادہ اختیارات تو قیر حیثیت اور اہمیت اپنی جماعت کے اراکین کو دیں۔ اگر جماعت کا کوئی شخص جماعتی وقار کو اپنی ذاتی اغراض کے لئے برباد کرے۔ یا اس کے لئے ذلت و رسوائی کا باعث ہو۔ تو اس کی ہرگز حوصلہ افزائی نہ کی جائے۔ اور نہ ہی اسے کوئی حیثیت دی جائے۔ ایسے لوگوں کی بدمعاشیوں کو چھپا کر انہیں ہرگز ڈھیل نہ دی جائے۔ بلکہ ان کے ساتھ سخت گیری کا سلوک کیا جائے۔

اگر آپ نے مقامی۔ شہری اور ضلع لیگوں کے کارکنوں کی قومی خدمات کے پیش نظر انہیں پنچایت یا دیگر اور محکموں کے افسر اور اس قسم کی آسامیوں پر مقرر نہ کیا جن کے کہ وہ قابل اور مستحق ہوں۔ تو میں سمجھتا ہوں۔ کہ وہ جماعت جس نے آج ہمیں آزادی کی منزل تک پہنچنے کے قابل بنایا ہے۔ اور جس کے ذریعے ابھی ہمیں بڑے بڑے مقامات حاصل کرنے ہیں۔ کمزور ہو جائے گی۔ اور وہ مقصد جس کے لئے ہم نے اتنی قربانیاں دیں اور مشکلات کا انتہائی جوش سے مقابلہ کیا فوت ہو جائے گا۔ لہذا انصاف اور حق رسی کے اصول کے پیش نظر ہمیں ہر مشکل کا بڑی شجاعت اور دلیری سے مقابلہ کرنا چاہئے۔ اور نظام میں دوعملی کے بجائے ایک وحدت قائم کرنی چاہئے جب حکومت اور لیگ دو متضاد دائرے نہیں۔ تو ان میں بعد کیوں ہو۔ آپ کی شہری لیگ کی منتظمہ میونسپل کمیٹی کی قائمقام ہو۔ اور اسی طرح ضلع لیگ کی منتظمہ ڈسٹرکٹ بورڈ کی قائمقام ہو۔ اور کامل یک جہتی اور ہم آہنگی سے کام کیا جائے۔ میرے خیال میں ہمیں مشکلات کا مقابلہ کرتے وقت اور حق سے باطل کو نابود کرتے وقت ولولہ۔ جوش۔ ہمت اور نصب العین کی بلندی اپنے سامنے رکھنی چاہئے۔

اس کے علاوہ ایک اہم نکتہ اور بھی ہے۔ جس کے متعلق میں چند الفاظ آپ کی خدمت میں پیش کرنا چاہتا ہوں۔ اور وہ یہ کہ بجٹ میں مندرج چھوٹی چھوٹی مدات اور بڑے بڑے اخراجات

کے پیش نظر یہ ضروری ہے۔ کہ ہم اپنی قوم کی بہبودی اور فلاح کے لئے بھی کوشش کریں۔ اور اپنے پرانے اور دقیانوسی نظام کو اسلامی نظامی سے بدل دیں۔ علاوہ ازیں اپنی اضطراری یعنی مجبوری کی زندگی میں جو بدتدبیری۔ بے تبلیغی اور بدنظمی کی سکیمیں موجود تھیں۔ انہیں بھی ختم کردیں۔ ہماری قوم کے لئے فلاح کا سامان موجود ہے۔ ہمیں فضل ربی سے نہایت شاندار خطۂ ارض ملا ہے۔ ہماری خواہش اور تمنا ہے۔ کہ ہم بھی کمیونسٹوں سے سبق حاصل کریں جو کائنات کو اپنے رنگ میں رنگنے کے درپے ہیں۔ اور کل کائنات کو خالص اسلامی رنگ میں رنگ دیں۔ باقی یہ کہا گیا ہے۔ کہ میرے سلسلے میں میرے بھائی کی تلاشی ہوئی ہے۔ میرا کوئی بھائی نہیں ہے اور نہ ہی کسی کی تلاشی ہوئی ہے۔ ہاں میری ضلع لیگ کے جنرل سیکرٹری کی تلاشی ضرور ہوئی ہے۔ اسے میرا بھائی کہا جائے۔ تو یہ نسبت باد نے ملایست ہے۔ اور اگر اسے آگے بڑھایا جائے تو یہاں کئی میرے بھائی اس ایوان میں نظر آئیں گے۔ جن پر ناپاک الزام لگائے گئے۔ اس طرح میری ضلع لیگ کے جنرل سیکرٹری پر بھی ناپاک الزام لگائے گئے ہیں۔

ان الفاظ کے ساتھ میں اپنی تقریر ختم کرتا ہوں۔

Minister of Revenue (The Hon'ble Sirdar Shaukat Hyat Khan) :

وزیر مالیات: (آنریبل سردار شوکت حیات خان) جناب والا۔ میں نے اس مطالبہ زر پر تقریر تو نہ کرنی تھی۔ مگر میرے عزیز دوست نے جو ابھی ابھی تقریر کر کے بیٹھے ہیں۔ مجھے اس بات پر مجبور کیا ہے۔ کہ میں چند الفاظ جواباً عرض کروں۔

انہوں نے جو کچھ ارشاد فرمایا ہے۔ اگرچہ اسکا کئی میرے دوست جواب دے چکے ہیں تاہم میں سمجھتا ہوں۔ کہ مسلم لیگ کے عہد حکومت میں ہر ایک ممبر کو اس امر کے لئے بذات خود تیار رہنا چاہئے۔ کہ اگر اس پر کسی قسم کا کوئی ذاتی حملہ ہو۔ تو وہ خود اس کا جواب دے۔ آج میرے دوست نے وہ بات کہی۔ جو آج سے دو تین سال پیشتر ایک شخص نے جس کا نام خضر حیات تھا۔ ان بنچوں سے کہی۔

Mr. Speaker : The hon'ble minister need not refer to that matter now.

Minister of Revenue : As a personal attack has been made on me. I want to say something on a point of personal explanation.

Mr. Speaker : I stopped him and he withdrew his remarks.

Minister of Revenue : Let him withdraw those remarks.

Mr. Speaker : Please withdraw those remarks.

Khan Abdus Sattar Khan Niazi ; I withdraw that remark.

وزیر مالیات: میں اپنے دوست کا شکر گزار ہوں۔ کہ انہوں نے اپنی بات واپس لے لی ہے۔

پھر انہوں نے پبلسٹی کے محکمہ کے متعلق کہا کہ یہ محکمہ لیگ سے دوری پیدا کر رہا ہے۔ میں عرض کروں گا۔ کہ ان لوگوں پر دوری پیدا کرنے کا الزام لگانا درست نہیں۔ وہ لوگ جنہوں نے مصیبتیں اٹھائیں۔ ڈسمس ہوئے۔ قیدیں کاٹیں۔ اور پچھلی حکومت کے ہاتھوں ہر طرح سے ذلیل و خوار ہوئے۔ وہ کیا دوری پیدا کریں گے۔ نہ ان سے دوری پیدا ہو سکتی ہے۔ نہ کریں گے دوری اگر پیدا ہو سکتی ہے تو ان کو ہو سکتی ہے جو مسلم لیگ کے اندر علیحدہ علیحدہ جماعتیں پیدا کر رہے ہیں۔ جو مسلم لیگ کے اندر ایک نیا افتراق پیدا کرنے کی کوشش کر رہے ہیں۔ وہی لوگ مسلم لیگ سے دوری پیدا کریں گے۔ جو مختلف پردوں میں چھپ کر زہر پھیلانا چاہتے ہیں۔ جو مختلف لیبلوں سے لیگ کو کمزور کرنا چاہتے ہیں۔ جہاں تک محکمہ پبلسٹی کے متعلق جواب دینے کا تعلق ہے۔ میں پرزور الفاظ میں اس امر کا اعلان کرتا ہوں۔ کہ وزارت کو کوئی ڈر نہیں کوئی خوف اور خدشہ نہیں انشاءاللہ جیسا stand پہلے لیا تھا۔ اب بھی ویسا ہی لینگے۔ یہ کہنا سراسر غلط ہے۔ کہ افسروں کے ماتحت ہمیں پبلسٹی کرانا منظور ہے۔ میں انہیں اس امر کا یقین دلانا چاہتا ہوں۔ کہ اگر وزارت کی طرف سے کوئی چیز ہوگی۔ تو علی الاعلان ہوگی کیونکہ اس میں ایسے آدمی ہیں جنہوں نے گینسی اور جنکز کا بیانگ دہل مقابلہ کیا تھا۔ آج وہ نیازی صاحب سے ڈر کر پبلک کو face کرنے سے نہیں گھبرائیں گے۔ میں جانتا ہوں نیازی صاحب کو پبلسٹی کے محکمہ کے متعلق جو کانٹا چبھ رہا ہے۔ اب انہیں اس محکمہ کے ذریعہ یہ کانٹا نہیں چبھے گا بلکہ کھلم کھلا مقابلہ میں آکر چبھے گا۔ اور مجھے یقین ہے۔ کہ اس وقت وہ پبلسٹی پر اعتراض نہ کریں گے۔

Minister of Finance: (The Hon'ble Mian Mumtaz Muhammad Khan Daulatana):

آنریبل میاں ممتاز محمد خان دولتانہ: جناب والا! میرا ارادہ نہ تھا۔ کہ اس بحث میں حصہ لیتا مگر دو چار ٹکنیکل اعتراضات میرے معزز دوست نے ایسے کئے ہیں۔ کہ میں ان کا جواب دینا چاہتا ہوں۔ میرے معزز دوست میاں محمد نور اللہ نے بجٹ کے صفحہ ۳۷۶ پر مرقوم امور کا ذکر کرتے ہوئے ایک مدد کی طرف توجہ دلائی ہے۔ اور وہاں پر ہیں متفرق اخراجات جن میں ۳ کروڑ اور ۳۷ لاکھ کا خرچ دکھایا گیا ہے۔ جس طرح بجٹ کی جنرل بحث کے دوران میں مجھے اس امر کی طرف توجہ دلانے کی ضرورت محسوس ہوئی تھی کہ ان اخراجات میں وہ متفرق اخراجات بھی شامل ہیں۔ جو مہاجرین کے سلسلہ میں برداشت کرنے پڑے۔ یعنی مہاجرین کی خوراک یا کپڑا یا کیمپوں کے اخراجات مجھے آج پھر اسی طرف دوبارہ توجہ مبذول کرانی ہے۔ میرے فاضل دوست میاں محمد نور اللہ نے اس مد پر اعتراض کیا ہے انہوں نے فرمایا کہ ۹۸ لاکھ کی رقم کو probable saving میں دکھا کر تفصیل کیوں نہیں دی گئی۔ میں عرض کر دوں جیسا کہ میں نے پہلے کہا تھا۔ کہ یہ رقم ۳ کروڑ ۳۷ لاکھ اس طرح مقرر کی گئی تھی۔ کہ پہلے کیمپ کی آبادی کا اندازہ لگایا گیا تھا۔ اور یہ اندازہ لگاتے وقت کیمپ کی بڑھتی اور گھٹتی آبادی کا خیال رکھا گیا ہے چنانچہ یہ (variable population) کا خرچ تھا۔ ۳ کروڑ ۳۷ لاکھ میں سے کچھ خرچ تھا۔ جو (Rehabilitation Deptt.) از سر نو بسانے کا محکمہ نے اندازہ لگایا تھا۔ (census figures) مردم شماری کے اعداد و شمار کے مطالعہ سے میں اس نتیجہ پر پہنچا۔ کہ یہ (variable population) گھٹنے بڑھنے والی آبادی کا اندازہ زیادہ لگایا گیا ہے۔ اور حقیقت میں یہ خرچ کم ہوگی۔ چنانچہ (Rehabilitation Council) کے سلسلہ

ہم نے اپنے اندازے کو پیش کیا جو روحوض ہوا۔ مباحثہ کیا گیا۔ اور اس آخری فیصلے پر پہونچے۔ کہ اندازہ لگانے وقت غالباً غلطی ہوئی ہے۔ چنانچہ جو نئی figures پیش کی گئیں منظور ہوئیں۔ اور اس طرح ۱۹۸ لاکھ کی بچت ظاہر ہوئی۔ جیسے اس budget میں probable savings کی تدبیں لکھایا گیا ہے۔ (probable contingencies) احتمالی اخراجات کا جہاں تک تعلق ہے۔ ان میں خوراک، کپڑا اور بھاگی کے اخراجات بھی شامل ہیں۔ اور یہ ایسی چیز ہے۔ کہ پورے طور پر اس کا تخمینہ نہیں کیا جا سکتا تھا۔ جب پورا (accounts) حساب کتاب پیش کیا جائے گا۔ تو اخراجات کی تفصیل کا پتا چلے گا۔ بہر حال اس بارے میں جن حالات کو ملحوظ خاطر رکھا گیا ہے۔ ان کو میں نے آپ کی خدمت میں عرض کر دیا ہے۔

میرے خیال میں میرے معزز دوست نیازی صاحب نے جو کہا ہے کہ متفرقات کے ہیڈ میں اتنی بڑی رقم کیوں رکھ دی گئی ہے۔ بات ان کی سمجھ میں نہیں آئی۔ وہ حیران ہیں۔ کہ متفرقات میں اتنی بڑی رقم کیوں رکھی جاتی ہے۔ عرض یہ ہے۔ کہ نیازی صاحب بھی میری طرح مبتدی ہیں۔ شاید وہ پورے طور پر غور نہیں کر سکے۔ انہوں نے فرمایا تھا۔ کہ اتنی بڑی رقم کو خواہ مخواہ وہاں کیوں ٹھونس دیا گیا ہے۔ انہوں نے پھر آگے جا کر یہ بھی فرمایا۔ کہ اس کی تفصیل کو ان کی نگاہ سے چھپانے کی کوشش کی گئی ہے۔ عرض یہ ہے۔ جیسا کہ نیازی صاحب کو معلوم ہونا چاہیئے۔ کہ یہ بجٹ ۱۹۴۸-۴۹ء کے اس بجٹ پر base کیا گیا ہے۔ جو گذشتہ regime نے پیش کرنا تھا۔ مگر حکومت وزارت کے ٹوٹ جانے پر جسے گورنر نے ۱۵ اگست تک منظور (sanction) کیا۔ اس بجٹ میں جو مدات دی گئی تھیں۔ اس سے آج حکومت تجاوز نہیں کر سکتی ہے چنانچہ یہ وجہ ہے۔ کہ نیازی صاحب کو شبہ پیدا ہوا۔ جیسا کہ آپ کو معلوم ہو چکا ہے۔ ہمارا زیادہ تر خرچ پناہ گزینوں اور ان کے بسانے پر ہوا ہے۔ اور اس کا اندازہ فی الحال پورے طور پر نہیں کیا جا سکتا ہے۔ اس لئے اس تمام خرچ کو متفرقات کے خرچ میں ظاہر کرنا ضروری تھا۔ پھر یہ بھی فرمایا گیا۔ کہ اخراجات کو چھپا چھپا کر کیوں رکھا جاتا ہے۔ تفصیل کیوں فراہم نہیں کی جاتی ہیں اپنے معترض دوست کو بتا دوں۔ کہ اخراجات کا صرف ایک تخمینہ دیا جاتا ہے۔ اور ان کو شاید معلوم نہیں۔ کہ تخمینہ میں ہر چیز نہیں دی جایا کرتی۔ کیونکہ ایسا کرنا ناممکن ہوتا ہے۔ انہوں نے پھر یہ بھی کہا۔ کہ حساب کتاب (accounts) کیوں پیش نہیں کیا گیا۔ آپ گھبرائیے نہیں۔ جب حساب پیش کیا جائیگا۔ تو اس وقت ایک ایک پیسہ اور ایک ایک پائی کا حساب دیا جائے گا۔ پھر آپ دیکھیں گے۔ کہ اخراجات کیا ہیں۔ اور ملک کا روپیہ کہاں خرچ ہوا۔ وہ وقت ہوتا ہے۔ صحیح اخراجات کا اندازہ لگانے کا۔ میں عرض کر دوں۔ کہ یہ ایسے اخراجات ہیں۔ جن کی منظوری لی گئی ہے۔ اور یہ بھی تسلی رکھئے کہ وہ ایک کاموں پر خرچ ہوئے ہیں۔ پھر میرے معزز دوست میاں محمد نور اللہ نے بہاجر اخبار کی طرف توجہ دلائی۔ میں اس سلسلہ میں عرض کر دوں۔ کہ اس اخبار کے ابواب کی تجویز اس وقت کی گئی تھی جب میرے دوست میاں افتخار الدین وزیر ہوتے تھے۔ انہوں نے تجویز کی۔ کہ بہاجر اخبار نکالا جائے۔ چنانچہ ان کی اس تجویز کو خاص ڈیپارٹمنٹ نے منظور کیا۔ لیکن ایک مہینے کے بعد فیصلہ ہوا۔ کہ اسے نہ نکالا جائے۔ مگر دوسرا فیصلہ اس وقت ہوا۔ جب موجودہ بجٹ تیار ہو چکا تھا۔ کیونکہ budget میں یہ

savings میں دکھایا جائیگا۔

آخر میں ایک بات کا ذکر کر دینا میں اپنا فرض سمجھتا ہوں۔ عام نظم و نسق پر بحث ہوتے وقت ایک سوال اٹھایا گیا تھا۔ جس کا جواب دینا مجھے اُس وقت یاد نہ رہا۔ چند معزز دوستوں نے فرمایا۔ کہ اس بجٹ کی خامیوں کا ایک باعث یہ بھی ہو سکتا ہے۔ کہ چیف سیکرٹری اور فنانس سیکرٹری کا عہدہ ایک ہی افسر کے سپرد کیا گیا ہے۔ اور اس امر پر زور دیا گیا۔ کہ فنانس سیکرٹری کا عہدہ صرف ایک آدمی کو تفویض ہونا چاہئے۔ کیونکہ دو عہدوں کا کام کرنے سے کام بھی کم ہوتا ہے۔ اور سستی بھی پیدا جاتی ہے جہاں تک فنانس سیکرٹری کے کام کا تعلق ہے۔ جو انہوں نے میرے ماتحت کیا۔ اور جو کام میں تین چار مہینے دیکھ سکا ہوں۔ اس کے پیش نظر میں یقین کے ساتھ کہہ سکتا ہوں کہ جس قدر محنت اور قابلیت سے انہوں نے کام کیا ہے۔ وہ قابل فخر ہے میں نے جس قدر قومی جذبہ سے حافظ عبدالمجید کو کام کرتے دیکھا ہے۔ اور کسی کو نہیں دیکھا۔ اور میں سمجھتا ہوں۔ یہ امر سارے پاکستان کے لئے باعث فخر ہے۔ انہوں نے بجٹ تیار کرنے کا کام نہایت مشقت محنت اور استقلال کے ساتھ اپنے ملک اور اپنے دین کا کام سمجھ کر کیا ہے۔ حافظ صاحب کے کام اور قابلیت کے سب معترف ہیں۔ اور مجھے زیادہ اصرار کی ضرورت نہیں۔ مگر دوران بحث میں اس قابل قدر افسر کے متعلق ایک ذاتی ابہام سا پیدا ہو گیا تھا۔ اس لئے میں نے ضروری سمجھا۔ کہ اس کی وضاحت کر دوں۔

آخر میں ایک چھوٹی سی چیز اور ہے۔ جس کے متعلق سردار شوکت حیات خان بھی ارشاد فرما چکے ہیں۔ میرا ارادہ نہیں تھا۔ کہ اس موضوع پر بحث کروں۔ لیکن نیازی صاحب نے مسلم لیگ کے متعلق جو کچھ فرمایا تھا۔ میں اس کا مختصراً ذکر کرنا چاہتا ہوں۔ جب کوئی اس ایوان میں یا اس کے باہر یہ کہتا ہے۔ کہ موجودہ وزارت اور مسلم لیگ میں کوئی بُعد ہے تو اس پر اگر ہم غم و غصہ سے تلملا اٹھیں۔ تو ہمیں معاف کیا جائے گا۔ کیونکہ ہمیں یہ مخدلانہ الزام نہایت بُرا اور ذلیل معلوم ہوتا ہے۔ جناب والا! ہم تو یہ سمجھتے ہیں۔ کہ اگر آج ہم اس بنچ پر بیٹھے ہوئے ہیں۔ تو وہ صرف ایک ہی حیثیت سے اور ایک justification کی بنا پر بیٹھے ہوئے ہیں۔ کہ ہم مسلم لیگ کے کارکن ہیں۔ اس کے علاوہ ہماری کوئی حیثیت نہیں۔ اور جس وقت مسلم لیگ کی تنظیم یا مسلم لیگ کی کوئی اعلیٰ شاخ ہمیں حکم دے گی۔ کہ آج تم قوم کی خدمت کسی اور طریقے سے یا قوم کا کام کسی اور حیثیت سے بہتر طور پر سرانجام دے سکتے ہو۔ تو میں سمجھتا ہوں۔ کہ ہمارا یہ پہلا فرض ہو گا۔ کہ ہم اُس حکم کی تعمیل میں کوتاہی نہ کریں۔ اور فی الفور ان بنچوں کو چھوڑ کر کسی اور رنگ میں اپنے فرائض ادا کریں (خوب۔ خوب) نیازی صاحب کے طرز تکلم سے اور زیادہ تکلیف ہوتی ہے۔ کیونکہ ہم نے چار سال اکٹھے کام کیا ہے۔ لیکن اس کام کے دوران میں نیازی صاحب کسی بات میں بھی ہم سے آگے نہیں دیکھے گئے۔ لسانی میں۔ زبان دانی میں۔ اسلامی روایات میں۔ قوم کی خدمت میں غرضیکہ کسی بات میں بھی ہم سے پیش پیش نہیں رہے۔ مگر صرف اس لئے کہ اب وہ ہم سے ایک بنچ پیچھے بیٹھے ہیں۔ یہ بار ان کے لئے بار خاطر ہے۔ مجھے افسوس ہے۔ کہ ایک پرانے کارکن اور ہمارے ایک پرانے رفیق کار اس چھوٹی سی چیز سے ایسے بیزار ہو گئے ہیں۔ اور اتنے پریشان ہو گئے ہیں کہ وہ اس قدر غلط الفاظ استعمال کرنے لگے ہیں۔

خان عبدالستار خان نیازی: میں پریشان نہیں ہوں۔

وزیر خزانہ: ہم نے قوم کی تعمیر کے سلسلہ میں اپنی استطاعت کے مطابق جو کچھ ہو سکا کرنے کی کوشش کی۔ اور آئندہ بھی کرتے رہیں گے۔ لیکن مجھے ان کی باتوں پر افسوس اس لئے ہوتا ہے۔ کہ اب بھی ایک وزیر کی حیثیت سے کام کرتے ہوئے اگر ہمیں پبلک کے سامنے جانے کا موقعہ ملتا ہے۔ یا ہم دوروں پر جاتے ہیں۔ تو ہم ڈپٹی کمشنروں اور کمشنروں کے ذریعہ یہ دورے نہیں کرتے۔ بلکہ اپنی اسی حیثیت سے کرتے ہیں۔ جس سے کہ ہم مسلم لیگ کے کارکن ہونے کی صورت میں کرتے تھے۔ ہم نے جب کبھی دورہ کیا۔ تو پراونشل اور ڈسٹرکٹ لیگ کے ذریعہ meetings کو address کیا۔ ورکرز کی میٹنگ میں شامل ہوئے۔ اور تنظیم کو مضبوط کرنے کی کوشش کی۔ مسلم لیگ جو قوم کی جان ہے۔ جو قوم کی روح ہے۔ بنیادوں کو استوار اور مضبوط کرنے کی کوشش کی اس لئے مجھے افسوس ہوتا ہے۔ کہ وہ اپنے کلام کی تلخی کا ہمیں ہی نشانہ بناتے ہیں۔ میرے خیال میں اس ایوان کی بحث ہی انہیں تلخ گوئی کا واحد موقع بہم نہیں پہنچاتی۔ انہیں ایوان سے باہر بھی اپنے کلام کی تلخی و ترشی کے جوہر دکھانے کے مواقع مل سکتے ہیں۔ یہ تو حکیم الامت بھی فرمایا کرتے ہیں۔

نرم دم گفتگو۔ گرم دم جستجو

مگر نیازی صاحب نے مرد مومن کی اس تعریف کو بلکل الٹا کر اپنے پر صادق کیا ہے تو میں ان سے عرض کروں گا۔ کہ وہ مسلم لیگ کے متعلق اور ہمارے متعلق یہ ترشی استعمال نہ کیا کریں۔ اور باتوں میں بے شک ترشی برتیں۔

خان عبدالستار خان نیازی: صدر محترم! میں ایک غلط فہمی کا ازالہ کرنا چاہتا ہوں۔

Mr. Speaker: If you have any personal explanation to offer you may speak.

خان عبدالستار خان نیازی: میں نے تو صرف یہ کہا تھا۔ کہ بجٹ میں جو Items ہیں۔ انہیں اگر زیادہ تفاصیل ہوتیں۔ تو بہتر تھا۔ اور جس طریقے سے اکٹھی رقوم دکھائی گئی ہیں۔ اس سے یہ ابہام پیدا ہوتا ہے۔ کہ اب بھی پرانے طریق کے مطابق بہت سے اخراجات صیغۂ راز میں رکھے جا رہے ہیں۔ دوسری چیز جس پر انہیں غصہ آیا۔ اس کے متعلق عرض ہے کہ میں نے تو صرف یہ کہا تھا۔ کہ یہ جو پرانے ادارے ہیں۔ . . . . . .

Mr. Speaker: This is not a personal explanation. This is a second speech.

خان عبدالستار خان نیازی:

I do not want to make another speech.

میں نے تو صرف یہ بات کہی تھی۔ کہ یہ جو ادارے ہیں اگر ان کو مسلم لیگ میں مدغم کیا جائے

اور مسلم لیگ کو یہ اختیار دیا جائے۔ کہ یہ ادارے اس کے ذریعہ سے کام کریں۔ تو بہتر ہوگا۔ اور جس بعد کا خطرہ ہے۔ پیدا نہ ہوگا۔ میں نے تو یہ کہا تھا۔ مگر انہوں نے پرانی باتیں کرنے کے لئے ایک موقع تلاش کر لیا ہے۔

Chaudhri Aziz Din (Lyallpur, Muhammadan, Rural):

چودھری عزیز دین:۔ حضور والا! میں نے صرف ایک بات کے متعلق دوبارہ عرض کرنا ہے۔ کہ جہاں تک camps کا تعلق ہے۔ وہاں کے انتظامات اصلاح ہونی چاہئے۔ وہاں اخراجات کے لئے جو ملازمین رکھے گئے ہیں۔ ان کی نگرانی مسلم لیگ کے کارکنوں کو کرنی چاہئے۔

کل شام ایک دو دوست لائلپور سے آئے ہوئے تھے۔ اور یہاں لاہور کے کیمپوں کے متعلق بیان کر رہے تھے۔ باتوں باتوں میں انہوں نے یہ بتایا۔ کہ کیمپوں میں بہت سی خرابیاں ہو رہی ہیں۔ آٹا کپڑا اور خاص طور پر پیٹرول کے بارے میں بہت خرابیاں ہیں۔ میں نے ان سے کہا۔ کہ اس بات کا ثبوت دو کہ پیٹرول ضائع ہو رہا ہے

Mr. Speaker: You are introducing new matters. Please confine yourself to the subject **under discussion**.

چودھری عزیز دین:۔ میں وہی عرض کر رہا ہوں۔ میں کیمپوں کی خرابیوں کے بارے میں عرض کر رہا ہوں۔ کہ ان خرابیوں کو درست کیا جائے۔ تو میرے دوستوں نے کہا۔ کہ ہم ابھی ثابت کر دیتے ہیں۔ کہ وہاں سے پیٹرول لاریوں والے غبن کرتے ہیں۔ کیونکہ نگرانی نہیں ہے اس لئے وہ وہاں سے پیٹرول ٹینکیوں میں بھر کر باہر آکر بیچ دیتے ہیں۔ چنانچہ میں نے کہا۔ کہ ٹینکیوں میں جو پیٹرول بھرا ہو۔ وہ لا کر دکھاؤ۔ چنانچہ اسی وقت وہ صاحب گئے اور ایک لاری والے کو وہاں سے پیپلز pipals میں لے آئے۔

Mr. Speaker: I think the Hon'ble member is springing another surprise on the government and I cannot allow it. He should confine himself to the points put forward.

چودھری عزیز دین:۔ حضور والا۔ میں کوئی نئی بات نہیں کر رہا۔ میں یہ عرض کر رہا ہوں۔ کہ وہاں جو ملازمین چالیس۔ چالیس پچاس۔ پچاس روپیہ پر رکھے ہوئے ہیں۔ ان کے سامنے غبن ہوتا ہے تو اس چیز کو روکا جائے۔ پیٹرول جو ضائع جا رہا ہے۔ اسے محفوظ کیا جائے۔ اور اس غبن سے نجات دلائی جائے۔ تو وہ لاری کو لے آئے۔ اور اسی وقت میری کار میں پیٹرول ڈلوا دیا۔ بس اس کو تھوڑی سی رقم دیدی۔ میرا مطلب یہ ہے کہ اس طریقے سے وہاں غبن ہو رہا ہے۔ تو میں یہ گذارش کروں گا۔ کہ وہاں کام کی نگرانی کرنے کے لئے کارکن رکھنے چاہئیں۔

Mr. Speaker: I again say that if the hon'ble member has something to say in reply to the arguments advanced by the government he is welcome to do so. But he cannot introduce any new matter in his reply.

Minister of Education (The Hon'ble Sheikh Karamat Ali) :

(آنریبل شیخ کرامت علی) نیازی صاحب نے فرمایا ہے۔ کہ اگر یہاں گرم گفتاری نہ ہوتی۔ تو اس طرح معلوم ہوتا۔ کہ ہم قبرستان میں بیٹھے ہوئے ہیں۔ میں نیازی صاحب کا اس معاملہ میں بہت شکر گزار ہوں۔ مگر مجھے افسوس سے کہنا پڑتا ہے۔ کہ میرے دوست نیازی صاحب اپنی بحث کا دارومدار ہمیشہ ابہام، شبہات اور توہم پر رکھتے ہیں۔ وہ واقعات سے بالکل ناواقف ہیں۔ میرے دل میں ان کا بڑا احترام ہے۔ ان کی لفاظی بڑی بلند ہے۔ اور ان کی تقریر میں بڑا جوش ہے لیکن عقل اس قسم کا ہے۔ کہ پتہ چلتا ہے۔ کہ دل زہر آلودہ ہے۔

صاحب سپیکر: ذاتیات پر نہ اتریئے۔

وزیر تعلیم: نیازی صاحب کے ارشاد کا جو اثر معزز اراکین پر پڑا ہے۔ میں اس کو ضائع کرنے کی کوشش کروں گا۔ کیوں کہ اس اثر کا زائل ہونا ہی بہتر ہے۔ انہوں نے پنچائیتوں اور بورڈوں کا ذکر کرتے ہوئے فرمایا تھا۔ کہ ابھی تک یہ پرانے سانچے میں ہی ڈھلے ہوئے ہیں۔ اور ان میں کوئی تبدیلی پیدا نہیں ہو رہی۔

خان عبدالستار خاں نیازی: میں نے یہ نہیں کہا۔

وزیر تعلیم: آپ ہر بات پر کہہ دیتے ہیں۔ کہ میں نے یہ نہیں کہا تھا میرا یہ مطلب نہیں تھا آخر آپ عبرانی زبان میں تو باتیں نہیں کرتے۔ جو میری سمجھ میں نہ آسکیں پریس کے نمائندوں نے بھی آپ کی باتیں لکھی ہیں۔ اور ہمارے رپورٹر بھی لکھ رہے ہیں۔ اور میں نے بھی اچھی طرح آپ کی باتوں کو سنا اور سمجھا ہے۔ جو باتیں نیازی صاحب نے کہیں۔ ان کا مطلب میں یہی سمجھ سکا ہوں۔ کہ شاید یہ حکومت بھی سابقہ حکومتوں کی طرح انعام کی بنا پر اپنے اثر کو قائم رکھے ہوئے ہے۔ آپ سب جانتے ہیں۔ کہ یہ وہ وزارت ہے۔ کہ جس نے حق کی خاطر اپنی تمام جاگیرداریوں۔ ذیلداریوں۔ آنریری مجسٹریٹیوں اور بڑے بڑے عہدوں پر لات مار دی تھی۔ جس نے قوم کی خاطر سب کچھ قربان کر دیا۔ آج اس وزارت پر یہ الزام لگایا جا رہا ہے کہ وہ پنچائیتوں اور دوسرے طریقوں سے اپنے اثر کو قائم رکھے ہوئے ہے۔ یہ کتنا افسوسناک امر ہے۔

نیازی صاحب بار بار اپنی تقاریر میں یہ کہہ چکے ہیں۔ کہ پنچائیتیں اگر رہتی ہیں۔ تو رہیں لیکن اس کے انتظام میں لیگ کو دخل ہونا چاہیئے۔ میں آپ کی اس بات کو تسلیم کرتا ہوں لیکن یہاں پر بھی آپ کے کہنے کا انداز تلخ ہے۔ اگر یہی بات آپ آرام سے کہتے تو کیا حرج تھا۔ اب میں ان کو یقین دلاتا ہوں۔ کہ جب سے میں نے پنچائیتوں کا ادارہ سنبھالا ہے میں نے جتنے بھی نئے آدمی پنچائیتوں میں لئے ہیں۔ سب مسلم لیگی ہیں۔ پنچائیتوں میں کام

کرنے والوں میں سے اگر کوئی مسلم لیگ کو کچلنے کی پالیسی پر کاربند ہے۔ تو محترم نیازی صاحب مجھے اطلاع دیں۔ میں ان کو یقین دلاتا ہوں۔ کہ ایسے آدمی کو اسی وقت پنچایت سے نکال دیا جائیگا۔ اس کے بعد میں ایک اور بات کا ذکر کرنا چاہتا ہوں۔ میرے دوست نیازی صاحب نے فرمایا ہے کہ ۹۰ ہزار روپیہ جو مسلم سٹوڈنٹس فیڈریشن کے لئے رکھا گیا ہے گول مال ہو رہا ہے۔ اگر وہ اپنے آئینہ دل کو صاف رکھ کر غور فرماتے۔ تو انہیں معلوم ہو جاتا کہ اس رقم میں گول مال کی کوئی گنجائش نہیں ہے۔ میں ایوان کی اطلاع کے لئے یہ بتانا چاہتا ہوں۔ کہ اس فیڈریشن کے چند ارکان میرے پاس آئے صرف میرے پاس ہی نہیں آئے بلکہ نواب زادہ لیاقت علی خان صاحب اور قائد اعظم کی خدمت میں بھی حاضر ہوئے۔ اور کہا کہ ہم چاہتے۔ کہ اس بڑی مصیبت میں آپ کے ساتھ مل کر اس مصیبت کو دور کریں۔ حقیقت یہ ہے۔ کہ یہ اتنا بڑا کام تھا۔ کہ اس کے لئے جتنے بھی آدمی مل جاتے کم تھے مہاجرین کو مختلف مقامات پر لے جاکر بسانا۔ ان کو کپڑا اور کھانا مہیا کر کے دینا اور پھر ان کے دل میں یہ خیالات جو پیدا ہو گئے تھے۔ کہ ہمیں یہ کس نوعیت کا پاکستان ملا ہے۔ ہمیں اس کے ملتے ہی مصیبتوں قربانیوں اور خون سے کھیلنا پڑا ہے۔ ان کو دور کرنا ایک بہت بڑا کام تھا۔ اس کام کو دیکھتے ہوئے اوپر سے یہ ہدایت آئی۔ کہ یہ بہترین پیش کش ہے۔ اس کو قبول کیا جائے کیونکہ طلباء کی یہ جماعت نہایت سرگرمی سے کام کرنے والی ہے اس جماعت میں قوم کی ہمدردی بھی ہے۔ اور پھر یہ جماعت تجربہ کار بھی ہے۔ چنانچہ اسی ہدایت کے مطابق مشرقی پنجاب کے ڈیڑھ لاکھ اور مغربی پنجاب کے تقریباً تین لاکھ طلباء میں سے صرف پندرہ سو طلباء کو لیا۔ ان میں سے اکثر کے والدین نے کہا۔ کہ ہم ان کا سب خرچ خود برداشت کریں گے۔ لیکن ہم سمجھتے تھے۔ کہ آخر درخواست کسی تناسب سے منظور ہونی چاہئے چنانچہ ہم نے فیصلہ کیا۔ کہ دو وقت کی غذا کے لئے روزانہ فی طالب علم کو ایک روپیہ دیا جایا کرے۔ اس حساب سے روزانہ پندرہ سو روپیہ بنتا ہے۔ روزانہ ایک روپیہ فی کس بہت معمولی رقم ہے اس کے علاوہ ان کی اپنی لاریاں اور جیپ گاڑیاں ہیں۔ وہ ان پر مختلف مقامات پر دورے کرنے کے لئے جاتے ہیں۔ اور اپنی تقاریر سے لوگوں کے دلوں کو مضبوط بناتے ہیں۔ اب لاریوں کا اور جیپ گاڑیوں پر جو پیٹرول وغیرہ کا خرچ ہے۔ وہ بھی ہم نے ہی اسی فنڈ سے دینا ہے۔ اب تو نیازی صاحب پر واضح ہو گیا ہوگا۔ کہ یہ رقم گول مال نہیں ہو رہی ہے۔ میرے دوست کے دل میں بلاوجہ شبہات اور اعتراضات پیدا ہوتے رہتے ہیں۔ ان کی ہر تقریر اعتراض سے شروع ہوتی ہے۔ اور اعتراض پر ہی ختم ہوتی ہے۔ شائد ان کے پاس اعتراضات کے سوا کوئی مواد ہی نہیں ہے۔ وہ یہ نہیں دیکھتے۔ کہ کس طرح وہ بیچارے اپنے پڑھائی کے اوقات ضائع کر کے دن رات قوم کی خاطر کام کرتے ہیں۔ اور کسی چیز کی پرواہ نہیں کرتے۔ اگر ایسے لوگوں کی قوم کچھ خدمت کر دے۔ تو کیا خرچ ہے۔ اگر انہوں نے ہم سے کچھ لے بھی لیا۔ تو معاملہ کس طرح گول ہو گیا۔ اب میں ایک اور بات کی طرف آتا ہوں۔ میرے دوست نیازی صاحب نے میاں والی ضلع کے متعلق کہا ہے کہ تعلیم کے لحاظ سے یہ بہت پسماندہ ہے۔ اس کی طرف توجہ کرنی چاہئے۔ میں ان سے اس بات میں متفق ہوں۔ لیکن اس معاملہ میں بھی انہوں نے جس گرم گفتاری سے کام لیا ہے۔ وہ

میرے لئے حیران کن ہے۔ اگر وہ ٹھنڈے دل سے یہ سوال کرتے۔ کہ میانوالی کا ضلع تعلیم کے لحاظ سے پسماندہ ہے۔ آپ نے اس پر غور کیا ہے۔ یا نہیں تو میں انہیں کہتا کہ میانوالی وہ ضلع ہوگا۔ جہاں ہم سب سے پہلے کالج بنائیں گے۔ اس بارے میں مجھے وہاں کے معززین بھی ملے ہیں۔ میں نے انہیں کہا۔ کہ مسلم لیگ کی یہ وزارت ہر اس جگہ جہاں تعلیم کی ضرورت ہے۔ وہاں اس ضرورت کو پورا کرے گی۔ یہ کہنا کہ وہاں کالج کی ضرورت ہے بالکل درست ہے۔ اور ہم اس ضرورت کو پورا کرنے کی کوشش کریں گے۔

پھر میرے دوست نے کہا تھا۔ کہ بورڈ اور کمیٹیوں کے نامزد ممبران میں لیگ کا کوئی دخل نہیں۔ میرے دوست حقیقت سے قطعی نابلد ہیں۔ اور واقعات سے بالکل ناواقف۔ وہ بورڈز۔ اور کمیٹیوں کے procedure سے بالکل بے بہرہ ہیں۔ انہوں نے اخبارات میں پڑھا ہوگا۔ اور ہم نے گزٹ میں بھی اعلان کیا تھا۔ میرے دوست کے پاس گزٹ بھی مفت جاتا ہے۔ لیکن وہ اس کو پڑھنا گوارا نہیں کرتے۔ گزٹ چونکہ مفت جاتا ہے۔ شائد اس لئے وہ نہیں پڑھتے اگر قیمت دینی پڑے تو پڑھیں) کہ پرانی گورنمنٹ کا صرف ایک ہی دستور باقی رہ گیا تھا۔ یعنی بورڈز کے چیئرمین عام طور پر ڈپٹی کمشنر صاحبان ہی ہوتے تھے۔ ہم نے اعلان کر کے اس طریقہ کو بھی ختم کر دیا۔ ہم نے notify کر دیا۔ کہ تمام ایسے ڈپٹی کمشنر جو بورڈز کے چیئرمین ہیں۔ اپنے ان عہدوں سے استعفےٰ دے دیں democratic system پر نئے چیئرمین منتخب ہوں۔ پھر کون سا ایسا پہلو پچھلی گورنمنٹ کا ہم میں موجود ہے۔ جس کو ہم نے ابھی تک دور نہیں کیا۔ ایک بات اور بھی ہے۔ شاید میرے دوست کو پسند آئے یا نہ آئے۔ ہم نے یہ بھی لکھ دیا ہے۔ کہ نامزد ممبران میں جو غیر مسلم ممبران یہاں سے چلے گئے ہیں۔ ان کی بجائے مسلم لیگ کے آدمیوں کا نام تجویز کیا جاوے۔ ہم یہ وہ چیز کر رہے ہیں۔ جو ہمارے اختیار میں ہیں۔ ہاں البتہ ہم سے یہ نہیں ہو سکتا۔ کہ ہم منشاء قانون کے خلاف کوئی قدم اٹھائیں۔ اگر آپ چاہتے ہیں۔ کہ ہم خلاف قاعدہ کوئی کام کریں۔ تو معاف فرما دیں۔ یہ ہم سے نہیں ہو سکتا۔ بایں ہمہ آپ ہمیں ہر روز ایک نسخہ پلا دیتے ہیں۔ اگر اس نسخہ میں قند ہوتا۔ تو شائد ہم پی لیتے۔ لیکن اس نسخہ میں زہر ہوتا ہے۔ جس کو ہم نہیں پی سکتے۔

میاں محمد نور اللہ: صاحب صدر میں آپ کی وساطت سے صرف ایک request کرنا چاہتا ہوں۔ جو ڈپٹی کمشنران ایسی تجاویز پر "دھرنا" مار کر بیٹھ جاتے ہیں۔ انہیں ایسا نہ کرنے دیا جائے۔

آنریبل وزیر تعلیم: صاحب صدر۔ میرے دوست نے ارشاد فرمایا ہے۔ کہ ڈپٹی کمشنران "دھرنا" مار کر بیٹھا نہ کریں۔ کیسی میٹھی زبان ہے۔ "دھرنا" گھر کی زبان جو ہوئی۔ ہم انہیں بتا دینا چاہتے ہیں۔ کہ ایسے افسران جو "دھرنا" مار کر بیٹھنے کے عادی ہیں۔ ہم ان کو "ڈانگ" سے درست کریں گے۔ (قہقہہ)

میں اپنے دوست کی خدمت میں عرض کر رہا تھا۔ کہ وہ کبھی کسی بات کو الزامی طرز ادا میں پیش نہ کیا کریں۔ ورنہ پھر الزامی بات کا جواب الزامی طریقہ پر ہی دیا جا سکتا ہے۔ کیا غضب ہے۔ کہ ہمارے کام کو عدو جس نگاہ سے دیکھیں۔ ہمارے دوست بھی اسی نگاہ سے دیکھیں۔ ہم بھی اقرار صرف اس وقت ہونی چاہئے۔ جب ہم مسلم لیگ کے نظام پر نہ چلیں۔ اور اس کے دائرہ عمل پر کاربند نہ ہوں۔ ہمارے دوست ہمیں بتا دیں۔ کہ کب ہم نے مسلم لیگ کے پروگرام سے

روگردانی کی۔ اگر ایسا نہیں ہے تو پھر تفریق کیسی۔ محض سنی سنائی باتوں پر ہمیں مطعون کرنا انہیں زیبا نہیں۔ ان کے منہ سے ایسی بات نہیں نکلنی چاہئے۔ جو ایک غیر ذمہ دار آدمی کے منہ سے نکل سکتی ہے۔

میرے دوست نے فرمایا۔ کہ میانوالی کے لوگ انہیں ملے۔ میانوالی کے لوگ انہیں ملے ہوں گے۔ اور انہیں بہت کچھ کہا ہوگا۔ لیکن احمد کا الزام محمد پر نہیں لگانا چاہئے۔ میں ان کی خدمت میں عرض کر دینا چاہتا ہوں۔ کہ وہ ہم پر الزام لگانے سے اُس وقت تک احتراز کیا کریں۔ جب تک کہ اُن کو اس الزام کا پوری طرح سے یقین نہ ہو جائے۔ ہمیں انکار نہیں کہ ہم میں نقص ہیں۔ لیکن آپ دیانتداری سے ہمیں یہ ثابت کر دیں۔ کہ ہم اس وزارت کے نااہل ہیں۔ تو ہم ایک لمحہ کے لئے بھی اس مسندِ وزارت پر بیٹھنے کے لئے طیار نہ ہوں گے۔ خدا کے فضل و کرم سے ہم میں سے کوئی ایسا نہیں۔ جو وزارت کے نااہل ہوں۔ جس میں کوتاہی ہو۔ اگر میرے دوست اپنے اعتراضات سے ہاؤس میں صرف چاشنی پیدا کرنا چاہتے ہیں۔ تو خوب شوق سے پیدا کریں۔ کیونکہ آپ میانوالی کی پتھریلی زمین سے آئے ہیں اور اپنی آہنی زبان سے خنجر کا کام لینا خوب جانتے ہیں۔ اور پھر خدا کے فضل سے قرآن اور حدیث سے بھی واقف ہیں۔

ایک آنریبل ممبر: ولی راولپنڈی شاسد۔

وزیر تعلیم: میرے ایک اور دوست نے اعتراض کیا ہے۔ کہ ہم نے بجٹ میں refugees کے اخراجات کی تفاصیل نہیں دیں۔ اس بارہ میں میری گذارش ہے۔ کہ ایسا کرنا ممکن تھا۔ مہاجرین کے قافلے اس بہتات سے آئے کہ اگر ہم اُن کو کیمپوں میں لانے سے پہلے آمدنی خرچ کا حساب کرنے لگ جاتے۔ تو کئی جانیں ضائع ہو جاتیں۔ مثلاً آج رات کو ایک ٹرین آئی۔ جس میں پانچ ہزار refugee تھے۔ صبح کو ایک اور آئی جس میں بیس ہزار مہاجر تھے۔ اگر ہم اس بات کا حساب رکھنا شروع کرتے۔ تو اُن کا بسانا مشکل ہو جاتا۔

ان چند گذارشات کے بعد میں اپنے دوست کی خدمت میں عرض کروں گا۔ کہ وہ محبت اور اخلاق کو سامنے رکھا کریں۔ اسلامی شعار کو پیش کیا کریں۔ اور الزامات لگانے سے پہلے تحقیق کر لیا کریں۔

Mian Muhammad Nurullah : My I through you, Sir, request the Honourable speaker to withdraw two words from his speech and substitute instead the names of Ch. Aziz Din and .....

Mr. Speaker : Speaker cannot be asked to withdraw anything.

Mian Muhammad Nurullah : I was requesting the Honourable Member and not the Honourable Speaker to withdraw the names Ahmad and Muhammad, as these names are very dear to us and we respect and esteem them greatly. He can substitue other names instead.

وزیر تعلیم: میں ان ناموں کا احترام کرتے ہوئے ان کو withdraw کرتا ہوں۔ میں کتابیں دکھا سکتا ہوں۔ جہاں احمد اور محمد کے نام بطور مثال کے دیئے گئے ہیں۔ محمد نہیں تو علم الدین رکھ لیجئے۔

ایک آنریبل ممبر: زید بکری کیوں نہ ہوں۔

سید محی الدین لال بادشاہ صاحب: جناب والا۔ میں صرف اتنا عرض کرنا چاہتا ہوں۔ کہ میونسپل کمیٹی اور بورڈ کے جو ممبر صاحبان یہاں سے چلے گئے ہیں۔ اُن کی بجائے۔

Mr. Speaker: After the speech of the Minister concerned no speech by another member can be made. The Honourable Member may, however, ask a question, if he so desires.

سید محی الدین لال بادشاہ صاحب: میں صرف یہ عرض کر رہا تھا۔ کہ ان ممبران کی بجائے جو یہاں سے چلے گئے ہیں۔ مہاجرین کو نامزد کیا جائے۔

Mr. Speaker: It is not a question. It is a suggestion.

خان عبدالستار خان نیازی: On a point of personal explanation, sir.

مسلم سٹوڈنٹ فیڈریشن پر جو خرچ کیا گیا ہے۔ اس کے متعلق میں نے یہ نہیں کہا۔ کہ وہ خرچ نہ کیا جائے۔ آنریبل وزیر تعلیم نے مجھے غلط سمجھا ہے۔ بلکہ میرا مطلب یہ تھا کہ جن نوجوانوں کو اس کام کے لئے لگایا گیا۔ باقاعدہ اور باضابطہ طور پر اُن کے نام سے بجٹ میں اندراج ہوتا۔ یہ کوئی اعتراض کی بات نہ تھی۔

Mr. Speaker: This is not a personal explanation. It is a second speech.

Mr. Speaker: Demand under consideration, the question is—

"That the demand be reduced by Rs 100."

The motion was lost.

Mr. Speaker: The question is

"That a sum not exceeding Rs. 3,66,86,500 be granted to the Governor to defray the charges that will come in course of payment for the period from 15th August 1947 to 31st March 1948, in respect of Miscellaneous."

The motion was carried.

PROVINCIAL SCHEMES OF STATE TRADING (CAPITAL).

Finance Minister (The Hon'ble Mian Mumtaz Muhammad Khan Daulatana): Sir, I beg to move :—

"That a sum not exceeding Rs. 93,10,900 be granted to the Governor to defray the charges that will come in course of payment for the period from 15th August 1947 to 31st March, 1948, in respect of Provincial Schemes of State Trading (Capital)."

Mr. Speaker: Motion moved is

"That a sum not exceeding Rs. 93,10,900 be granted to the Governor to defray the charges that will come in course of payment for the period from 15th August 1947 to 31st March 1948, in respect of Provincial Schemes of State Trading (Capital)."

Mian Muhammad Nurullah (Toba Tek Singh, Muhammadan, Rural): Sir I beg to move :—

"That the total demand be reduced by Re. 1."

میاں محمد نوراللہ ۔ جناب عالی! یہ تحریک پیش کرنے سے میرا مقصد یہ ہے کہ حکومت نے تجارتی اغراض کے لئے صوبوی سکیموں میں جو اصل سرمایہ لگایا ہے اسے زیر بحث لایا جائے یہ مطالبہ زر ایسا ہے کہ جس میں بے انتہا روپے کا ذکر ہے۔ آخر میں جو خرچ ہمارے ذمہ ڈالا گیا ہے وہ بجٹ کا صفحہ ۸۹ پڑھنے سے معلوم ہو جائے گا کہ ۹۳۱۰۹۰۰ روپے ہے۔ اگر آپ اس مطالبہ زر کے ماتحت جو مختصر نقشہ دیا ہوا ہے ملاحظہ فرمائیں تو آپ کو معلوم ہو جائے گا۔ کہ اس مطالبے کے تین حصے ہیں۔ پہلا حصہ سٹینڈرڈ کلاتھ کے متعلق ہے۔ اس کے لئے اس بجٹ میں کوئی خرچ نہیں دکھایا گیا۔ اور ۹۳۱۰۹۰۰ کی رقم دوسرے حصے یعنی گرین سپلائی سکیم کے سامنے درج کی گئی ہے۔ اسی طرح تیسرے حصہ یعنی متفرق سکیموں کے لئے بھی کوئی رقم نہیں دی گئی۔ اب اگر آپ ۱۹۴۷-۴۸ء کے بجٹ میمورنڈم کو دیکھیں تو آپ وہاں دیکھیں گے کہ سٹینڈرڈ کلاتھ کے متعلق وہاں لمبا چوڑا نوٹ دیا ہوا ہے۔ میں آنریبل فنانس منسٹر سے اس امر میں متفق ہوں کہ ان کے جو فنانس سیکرٹری ہیں وہ بڑے قابل بڑے محنتی ہیں۔ مجھے ان کی قابلیت اور لیاقت پر اعتراض نہیں ہے بلکہ میں تو یہ چاہتا ہوں کہ انہیں ہمارے فنانس کا پورے وقت کے لئے انچارج بنا دیا جائے۔ تاکہ ہم ان کی لیاقت اور قابلیت سے فائدہ اٹھائیں لیکن اس وقت وہ چیف سیکرٹری بھی ہیں اور فنانس سیکرٹری بھی۔ اس طرح وہ ہمارے فنانس کیطرف زیادہ توجہ نہیں دے سکتے میں تو چاہتا ہوں کہ وہ اس طرف زیادہ توجہ دیں۔ لیکن اس وقت ان کے لئے ایسا کرنا مشکل ہے کیونکہ انہوں نے ایک دوسرا کام بھی سنبھالا ہوا ہے جو اتنا اہم ہے کہ معمولی لیاقت کا آدمی اسے نہیں کر سکتا میرے خیال میں وہ کسی اور شخص کو دے دینا چاہئے۔ بہرحال میری گذارش کہ اگر فنانس سیکرٹری صاحب بجٹ میمورنڈم کی تیاری کی طرف زیادہ توجہ دیتے تو انہیں معلوم ہوتا کہ کلاتھ کے متعلق انہوں نے جو تفصیلی بیان یہاں درج کیا ہوا ہے وہ غیر ضروری ہے۔ اگر وہ اسے تیار نہ کرتے تو اس سے ان کا وقت بھی بچ جاتا اور بجٹ میمورنڈم کے دو تین صفحات بھی بچ جاتے۔

پھر اگر آپ بجٹ کا صفحہ ۹۱ دیکھیں تو جہاں suspense (personal deposits) کی رقم دی ہوئی ہے۔

Credits (A) کے سامنے منفی ۴۵۰,۰۰,۰۰۰ روپے درج ہے

Debits (B) کے سامنے مثبت ۴۳۵,۰۰,۰۰۰ روپے درج ہے

یہ چیز میری سمجھ میں نہیں آئی باوجود اس کے کہ میں تجارت و زمینداروں وغیرہ کے متعلق تھوڑا بہت علم رکھتا ہوں۔ اگر آپ نے ۴ کروڑ ۳۸ لاکھ روپے کی رقم خرچ کے لئے دی ہوئی ہے تو وہی رقم credit بھی ہو جائے گی۔ ۱۵ لاکھ روپے کی رقم کا خسارہ کیسے ہوا۔ یہ میری سمجھ میں نہیں آیا۔ ابھی میں بجٹ میمورنڈم پڑھ رہا تھا تو مجھے یہ نقص معلوم ہوا۔ مجھے افسوس ہے کہ میں اسے گھر پر نہیں پڑھ سکا کیونکہ جس طرح وزراء صاحبان کے پاس مہاجرین آتے ہیں اسی طرح وہ ہمارے پاس بھی آتے ہیں۔ اور پھر ہمیں بھی ان کو تسلی وغیرہ دینی پڑتی ہے۔ اس لئے ہمیں اتنا وقت نہیں ملتا کہ ہم اسے اچھی طرح پڑھ سکیں اور اس پر غور کر سکیں چونکہ میں نے بجٹ ابھی پڑھا ہے اس لئے مجھے یہ بات سمجھ نہیں آئی۔ یہ اعتراض کی

بات نہیں بلکہ یہ صرف پڑھنے سے نقص سامنے آگیا ہے۔ اس سلسلہ میں ہم نے اس امر پر بھی سوچنا ہے کہ کیا یہ ضروری ہے کہ گورنمنٹ تجارتوں وغیرہ میں dabble کرے یہ قابل غور نکتہ ہے۔ میں نے اس پر ابھی غور نہیں کیا کیونکہ میرے پاس فرصت نہیں ہے کہ ان دنوں اس اہم معاملہ پر سوچ بچار کر سکوں۔ اور کسی نتیجہ پر پہنچ سکوں۔

Mr. Speaker : If the honourable member had not the time to think over this point he should not have made his speech.

Mian Muhammad Nurullah : I have just thought it fit to bring it to your notice as well as to that of the honourable members so that they may think over it and come to a conclusion that may be fruitful for the province.

میں اس کی طرف صرف آپ کی توجہ منعطف کرانا چاہتا ہوں۔ یہ بات سوچنے کی ہے کہ آیا جس طرح آپ پہلے کرتے رہے ہیں آئندہ سال بھی آپ سٹیٹ ٹریڈنگ کو جاری رکھنا چاہتے ہیں۔ کیا ایسا کرنا ضروری ہے۔ یہ بڑا اہم معاملہ ہے۔ اس وقت تک آپ نے جو کچھ کام کیا ہے۔ اور میں یہ کہتے ہوئے کسی پر reflection نہیں کرتا کہ کروڑوں کا کام چند ایک فرموں کو دے دیا گیا ہے وہ اس میں سے بے انتہا فائدہ اٹھاتی ہیں۔ میں یہ چاہتا ہوں کہ آپ اس طرح چند فرموں کو فائدہ نہ اٹھانے دیں بلکہ فری ٹریڈ اجازت دیں تاکہ عام لوگ فائدہ اٹھائیں۔ مہاجرین بھی آگئے ہیں۔ پہلے تجارت پیشہ لوگ بھی موجود ہیں۔ ان کو تھوڑا تھوڑا کمانے دیجئے۔ اس طرح تجارت کو بھی فروغ ہوگا۔ اور یہ سب لوگ بھی اپنا پیٹ پال سکیں گے۔ اس کا جواب تو آپ یہ دیں گے۔ کہ غلہ کم ہے۔ ہم نے راشننگ کرنا ہے۔ اور اس لئے ان اشیاء پر کنٹرول رکھنا لازمی ہے۔ مگر میری گذارش ہے کہ یہ کنٹرول اشیاء کی کمی کے باعث لگائے گئے تھے۔ ۱۹۴۲ء یا ۱۹۴۳ء میں یہ شروع کئے گئے۔ وہ زمانہ ختم ہوگیا۔ لڑائی بھی ختم ہوگئی اور اب ۱۹۴۷ء بھی ختم ہوگیا۔ ہم آزاد بھی ہو گئے اور پاکستان ایک آزاد ریاست بھی بن گیا لیکن کنٹرول ابھی جاری ہیں یہ معاملہ اب غور طلب ہے۔ میں سمجھتا ہوں کہ ہمیں اس بات پر اچھی طرح سوچنا چاہئے کہ آیا آئندہ سال سٹیٹ ٹریڈنگ کو جاری رکھنے کی ضرورت ہے اس سلسلہ میں میں یہ عرض کر دوں کہ جب کبھی میں لائل پور جاتا ہوں تو میں اس بات پر زور دیتا رہا ہوں کہ مہاجرین کا مسئلہ بہت اہم ہے۔ اگر ان کو ٹھیک طور پر بسایا نہ گیا تو گندم بوئی نہ جا سکے گی۔ اور اگر گندم نہ بوئی گئی تو گورنمنٹ کو نقصان ہوگا۔ لینڈ ریونیو میں کمی ہو جائے گی۔ اور آئندہ سال قحط پڑ جائے گا۔ اس لحاظ سے آئندہ سال ہمارے لئے بہت خطرناک ہے۔ آپ کو معلوم ہے کہ صوبہ پنجاب ہمیشہ اپنی ضروریات سے زیادہ غلہ پیدا کرتا رہا ہے اور جہاں سے کروڑوں من غلہ ہندوستان جاتا رہا ہے۔ آپ کو اپنے کوٹا کے مطابق غلہ باہر دوسرے صوبوں میں بھیجنا پڑتا تھا۔ اور اب آپ ڈرتے ہیں کہ خود آپ کے پاس بھی غلہ کافی ہے یا نہیں۔ اب یہ بات غور طلب ہے۔ کہ سٹیٹ ٹریڈنگ جاری رہے یا نہیں۔ آخر کیا وجہ ہے کہ فری ٹریڈ نہ ہو۔ اس وقت بنولوں کی برآمد بند ہے۔ اگر آپ اس وقت فری ٹریڈ کر دیں تو کچھ وقت کے بعد کپاس کے بھاؤ چڑھ جائیں گے۔ ایسے ہی گندم میں اگر فری ٹریڈ کر دی جائے تو اس میں بھی ہم نفع کما سکیں گے۔ میں ۱۹۳۰ء سے کونسل کا ممبر چلا آیا ہوں۔ اور میں پبلک اکونٹس کمیٹی کا بھی ممبر رہا ہوں۔

میں کئی سال پبلک اکاؤنٹ کمیٹی کا ممبر رہا ہوں۔ اگرچہ وہ حسابات بہت خشک ہوتے تھے

اور جی نہیں چاہتا تھا انہیں پڑھنے کو مگر فرض سمجھ کر پڑھنا پڑتا تھا۔ گورنمنٹ نے کئی بار کاروبار میں ہاتھ ڈالا۔ کروڑوں کے کاروبار ہیں۔ مگر گورنمنٹ کے کارندوں میں وہ عمدگی کار نہیں ہو سکی جو پرائیویٹ کاروبار کرنے والوں میں ہوتی ہے۔ انہیں علم ہوتا ہے کہ انہوں نے لاکھوں روپے لگا رکھے ہیں اور اگر رات کہیں پہنچنا ضروری ہو تو وہ رات ہی رات پہنچ جاتے ہیں کیونکہ وہ سمجھتے ہیں کہ اگر انہوں نے کوتاہی کی تو تمام سرمایہ اڑ جائے گا۔ پرائیویٹ کاروبار کرنے والا پیسے پیسے اور آنے آنے پر مرتا ہے۔ پوری توجہ دیتا ہے۔ مگر گورنمنٹ کے افسروں میں نہ وہ لیاقت ہوتی ہے نہ تجربہ۔ اگر ہو بھی تو وہ اتنی محنت نہیں کرتے وہ سمجھتے ہیں کہ انہیں ہزار، پندرہ سو مل ہی جاتا ہے۔ کیوں اتنا تردد کریں۔ کیوں کام کے پیچھے دوڑیں۔ مگر پرائیوٹ تجارت کرنے والے پوری تگ و دو کرتے ہیں کیونکہ انہوں نے اپنی گاڑھے پسینے کی کمائی لگائی ہوتی ہے۔ آپ پوچھیں گے پھر ان باتوں کے ہوتے ہوئے گورنمنٹ کیوں کاروبار شروع کر دیتی ہے۔ حکومت اس کے جواب میں دو چیزیں پیش کرے گی۔ ایک تو یہ کہ راشن سکیم چلانا ضروری ہے۔ میری رائے میں کنٹرول اور راشن سکیم وغیرہ بہت بڑے کام ہیں اور گورنمنٹ کو ان چیزوں پر وقت اور روپیہ صرف کرنے کی بجائے صرف حکومت کا عام کام چلانے کی طرف ہی اپنی پوری توجہ دینی چاہیئے۔ اور غلہ کی ٹریڈ کو فری کر دینا چاہیئے۔ اسی طرح راشن کو بھی ختم کر دینا چاہیئے۔ یہاں ابھی تک وہی پرانی سکیمیں چل رہی ہیں کہ اتنے اور شہروں میں بھی راشن جاری کرنا ہے۔ پبلک کی یہ رائے ہے کہ انگریز نے کنٹرول اس لئے رائج کیا تھا کہ وہ لوگوں کو محسوس کرانا چاہتا تھا کہ تمہاری روٹی کا آٹا بھی ہماری جیب میں ہے۔ ہمارا جی چاہے تو دیں نہ جی چاہے تو نہ دیں۔ لیکن اب تو انگریز جا چکا ہے۔ اب اس قسم کی پابندیاں ہٹا دینی چاہئیں چلو سستا نہ سہی مہنگا ہی آٹا مل جائے گا۔ گندم کا آٹا نہ ملے گا تو چنے کا سہی۔ چنے کا نہ سہی مولی سہی۔ مولی نہ سہی ساگ سہی۔ غریبوں کو کچھ تو پیٹ بھرنے کو مل جائے گا اور وہ دفتروں کے باہر جا کر بیٹھنے سے تو بچ جائیں گے۔ اس کے علاوہ یہ ہے کہ ابھی تک گورنمنٹ کنٹرول پوری طرح نہیں کر سکی اور قدرتی بات ہے۔ یہ ہو ہی نہیں سکتا۔ اور بلیک مارکیٹ چل رہی ہے۔ چودھری عزیز دین صاحب نے اچھا کیا کہ خود جا کر اپنی آنکھوں سے لاری والوں کی خامیاں دیکھ آئے ہیں۔ صرف سنی سنائی باتوں پر نہیں رہے۔ اب وہ کہہ سکتے ہیں کہ فلاں لاری والے کو بلاؤ۔ وہ یوں کرتا ہے۔ میرا مقصد یہ ہے کہ باتیں اتنی ہوتی ہیں کہ کنٹرول نہیں ہو سکتا۔ اس لئے اسے اڑا دیا جائے۔ کم از کم کھانڈ کا کنٹرول تو نہیں رہنا چاہیئے۔ تاکہ جو نہیں کھانا چاہتے وہ خریدنے پر مجبور نہ ہوں۔ میرا مطلب یہ ہے کہ سرکاری کارندوں میں وہ پرائیویٹ مالکوں والی بات نہیں رہتی۔ کچھ سستی سی آ جاتی ہے۔ مثلاً اب کی بار ہمیں جو آٹا ملا اس کی روٹی کھانے کو جی نہیں چاہتا تھا۔ ایک طرح سے تو اچھا ہے۔ کہ تھوڑا کھائیں گے تو صحت اچھی رہے گی۔ جو چیز ضروری ہو وہ لے لیتے ہیں باقی چھوڑ دیتے ہیں کہ شاید اگلے ہفتے اچھی مل جائے گی۔ پھر میہاں اکثر آتے رہتے ہیں۔ ہفتہ کا راشن چار دن میں ختم ہو جاتا ہے۔ میں کہتا ہوں کہ راشن اور کنٹرول سسٹم اڑا دینا چاہیئے۔ آئندہ بجٹ میں کم از کم راشننگ اور کنٹرول کے اخراجات نہیں ہونے چاہئیں۔

اب جناب والا! میری یہ گذارش ہے کہ یہ جو سپلس اکاؤنٹ ہے اس کی ضرورت نہیں ہونی چاہیئے۔ پھر جناب یہ ۹۳ لاکھ کی ایک رقم ہے جو میری سمجھ میں نہیں آئی۔ اتنا مجھے

وقت نہیں ملتا۔ کئی کام کرنے ہوتے ہیں۔ کوئی مہاجرین آ گئے۔ ان کی باتیں سنیں۔ ان کو تسلی دی وغیرہ وغیرہ۔ ورنہ میں اس work out کرتا اور صفحہ بہ صفحہ دیکھتا۔ اتنی بڑی رقم ہے۔ کہیں حساب تو ضرور ہوگا۔ مگر میری سمجھ میں نہیں آیا۔

اب میں ۷۹ صفحہ پر آتا ہوں۔ پہلے صفحہ پر کوئی رقم نہیں۔ دوسرے صفحہ پر ۱۹ لاکھ کی رقم کی کوئی تفصیل نہیں۔ پھر آگے چلیں تو ۲۰۰ و ۳۸ و ۱۱ روپے کی ایک رقم ہے۔

صاحب سپیکر: از راہ کرم جو کچھ آپ کہنا چاہتے ہیں اس طرح کہیں جیسے آپ تقریر کر رہے ہوں۔ اس طرح نہ کہیں جیسے آپ اپنے دل سے باتیں کر رہے ہوں۔ آپ ہاؤس کو ایڈریس کر رہے ہیں۔ آپ خیال رکھیں کہ آپ کا ہر لفظ لکھا جا رہا ہے۔ اگر آپ اس طرح کریں گے تو پھر بعد میں جب وہ تقریر آپ کے پاس جائے گی آپ اس میں سے وہ حصے کاٹ دیں گے جو آپ کی اپنے آپ سے باتیں ہوں گی۔

میاں محمد نور اللہ: جناب والا! میں اپنی تقریر کو جاری رکھتا ہوں۔ میں یہ کہہ رہا تھا کہ ۱۹ لاکھ کی کوئی تفصیل نہیں دی گئی۔ پھر صفحہ ۷۹۳ پر ۲۰۰ و ۳۸ و ۱۱ روپے کی ایک رقم ہے۔ اسی طرح پھر آگے صفحہ ۷۹۵ پر ۵۰۰ و ۶ و ۱۷ روپے کی ایک رقم ہے اسی طرح صفحہ ۷۹۴ پر ۷۰۰ و ۲ و ۱۷ روپے کی ایک رقم ہے۔ ان کا کل ۱۴ لاکھ بنتا ہے ۹۳ لاکھ کیسے ہو گیا۔ اس کے علاوہ آخر میں جو deposits اور advances کا صفحہ ہے وہ خالی ہے شاید گورنمنٹ یہ کام نہیں کر رہی۔

آخر میں میری یہی گذارش ہے کہ جس قدر جلد ہو سکے راشن اور کنٹرول اٹھا دینا چاہئے اور غلے کی تجارت کو فری کر دینا چاہئے اور لوگوں کو موقع دینا چاہئے کہ وہ اس سے جتنا کما سکیں کمائیں۔ ان الفاظ کے ساتھ میں اپنی کٹ موشن پیش کرتا ہوں۔

Mr. Speaker: Demand under consideration, motion moved is :—

"That the total demand be reduced by Re. 1/-."

Raja Said Akbar Khan (Gujar Khan, Muhammadan, Rural,:

راجہ سید اکبر خاں

صاحب صدر! مجھے میاں محمد نور اللہ صاحب سے اتفاق ہے کہ گورنمنٹ کے ساتھ ٹریڈنگ کا لفظ مناسب معلوم نہیں ہوتا۔ حکومت کو اپنے کام کرنے چاہئیں۔ ہم انگریز کی حکومت کو جو کی حکومت کہا کرتے تھے اب یہ حکومت بھی بالآخر ٹریڈر حکومت بن جائے تو نامناسب ہے۔

اگرچہ انگریزی محاورہ trade flies the flag کے مطابق حکومت اور تجارت کا چولی دامن کا ساتھ ہے۔ حکومت کے لئے اگر کوئی اور تجارت غیر ممنوعہ بھی ہے تو بھی عوام کی غذائی ضروریات کی کفالت اس کے اولین فرائض میں داخل ہے۔

حضور والا! بعض ایسے علاقے ہیں جہاں پیداوار بہت ہی کم ہوتی ہے۔ اس قدر کم گزر بسر کے ہیں جو کھاتہ جات (holdings) ہیں انہیں اقتصادی کھاتہ جات (economic holdings)

نہیں کہا جا سکتا۔ مگر حکومت مالیہ وصول کرتی ہے۔ علامہ اقبال فرماتے ہیں۔

شاہاں خراج از کشت ویران نہ گیرند

مگر ہم دیکھتے ہیں کہ یہ حکومت ویران علاقوں سے بھی مالیہ اراضی وصول کرتی ہے۔

لوگوں کی ضروریات پورا کرنے کے لئے حکومت نے ایک سکیم جاری کر رکھی ہے جو بہم رسانی غلہ سکیم (Grain Supply Scheme) کے نام سے موسوم ہے وہ اتنی ناکارہ سکیم ہے اور اتنے غلط طریق پر چلائی جا رہی ہے کہ بعض ضلعوں میں تو ابھی تک اس کا اطلاق ہی شروع نہیں ہوا اور جہاں شروع ہو چکا ہے وہاں لوگوں کو روٹی مہیا نہیں ہو رہی اب آپ خود ہی اندازہ فرمائیں کہ ان علاقوں میں جہاں ذرائع رسل رسائل (Transport) نہ ہونے کی وجہ سے غلہ پہنچانا نہایت مشکل ہے۔ لوگوں کی تکالیف کا کیا عالم ہوگا۔ راشن کی یہ حالت ہے کہ ایک ہفتہ کا راشن ایک دن کے لئے بھی پورا نہیں ہوتا۔ اور ہر وقت یہی ڈر رہتا ہے کہ کہیں قحط کے فوری آثار رونما نہ ہو جائیں۔ اور حکومت کی مشکلات میں مزید اضافہ نہ ہو جائے میں اس بات پر زور دینا چاہتا ہوں کہ حکومت کو کوئی ایسی تجویز پیش کرنی چاہئے جس کی بدولت لوگوں کو ماپ تول کر کھانا نہ مہیا کیا جائے۔

سمندر سے ملے پیاسے کو شبنم
بخیلی ہے یہ رزاقی نہیں ہے

تو جناب والا۔ میں عرض کر رہا تھا کہ ایسے تمام علاقوں اور خاص کر راولپنڈی کے دور دراز دیہات میں جہاں غلہ پہنچانے کا انتظام تھا اور اب حالات بدل جانے کی سے وہ بھی باقی نہیں رہا۔ لوگ اناج کی ضرورت کے باعث بہت پریشان ہیں۔ اس وقت حالت یہ ہے کہ لوگوں کو انفرادی طور پر اپنے لئے غلے کا انتظام کرنا پڑتا ہے۔ اب آپ اندازہ فرمائیں کہ اس علاقے میں جہاں غلہ باہر سے آتا ہے اور مقامی طور پر کوئی پیداوار نہیں ہوتی۔ وہاں لوگوں کی کیا حالت ہوگی۔ جو غلہ باہر سے آتا ہے وہ بھی اس قدر کم مقدار میں کہ چند دن کے لئے بھی لوگ اس پر زندہ نہیں رہ سکتے۔ اگر حکومت نے اس طرف کوئی فوری توجہ نہ دی تو وہ لوگوں کی زندگیوں سے کھیلے گی۔ لہذا اس غلے کی تکلیف اور لوگوں کی جائز پریشانی کو دور کرنے کے لئے ضروری ہے کہ کنٹرول سسٹم کا از سر نو جائزہ لیا جائے۔ یہی ایک اقدام ہے جس کے ذریعہ کسی حد تک لوگوں کی تکلیف رفع کی جا سکتی ہے۔ کنٹرول ختم کرنے کی ضرورت اس لئے نہیں ہے کہ حالات نارمل (Normal) نہیں ہیں۔ چیزیں آسانی سے دستیاب نہیں ہو سکتیں۔ اور اگر مل بھی سکیں تو ان کے لئے رسل و رسائل (Transport) کا کوئی انتظام نہیں ہوتا۔

جناب والا۔ ایک بات اور جس کے متعلق میں آپ کی توجہ مبذول کرانا چاہتا ہوں یہ ہے کہ کنٹرول اٹھ جانے سے ایک بہت بڑی قباحت پیدا ہونے کا بھی اندیشہ ہے جس کے متعلق حکومت کو مناسب کارروائی کرنی چاہئے۔ اور وہ یہ کہ کنٹرول کے اٹھ جانے پر نفع باز بہم رسانی غلہ کے سلسلہ میں لوگوں کے راستے میں بہت بڑی رکاوٹ کا موجب ہوتے ہیں میں سمجھتا ہوں اگر یہ تجارت (trade) عام لوگوں پر چھوڑ دی گئی اور بہم رسانی خوراک (food supply) کا انتظام حکومت نے اپنے ہاتھ میں نہ لیا تو اس کا نتیجہ عوام کے

حق میں بہت نقصان دہ ہوگا۔ آپ کو معلوم ہے کہ ان علاقوں میں بکثرت غلہ نہ پہنچنے کی وجوہات کیا ہیں۔ اس کی سب سے بڑی وجہ نفع باز ہیں جو غلہ تو مہیا کرتے ہیں مگر کنٹرول نہ ہونے کی وجہ سے وہ اسے اس منڈی (market) میں لے جاکر فروخت کرتے ہیں جہاں انہیں زیادہ سے زیادہ نفع ملے۔

جناب والا۔ ویسے تو حکومت نے راشننگ سسٹم (Rationing system) جاری کر رکھا ہے۔ مگر اس وقت جو راشن (Ration) ہمیں مل رہا ہے۔ وہ نہایت ناقص ہے۔ گندم کرم خوردہ ہے۔ اور چاول تو اس قابل ہی نہیں کہ کھائے جائیں۔ مگر کیا کیا جائے۔ مجبوراً یہی راشن قبول کرنا پڑتا ہے۔

گندم اگر بہم نہ رسد بھس غنیمت است

جناب والا۔ اس کے علاوہ کئی ایک اور بھی ضروری امور ہیں جن کے متعلق میں آپ کی خدمت میں کچھ عرض کرنا چاہتا ہوں۔ اس وقت نقل و حرکت (movements) پر حکومت کا کنٹرول ہے۔ راولپنڈی کے علاقے میں جیسا کہ آپ کو معلوم ہے مونگ کی دال کی کافی کاشت ہوتی ہے۔ مگر اس کی برآمد کی راہ میں بہت سی مشکلات حائل ہیں۔ یہ دال اتنی زیادہ مقدار میں ہوتی ہے کہ اسے مقامی طور پر استعمال نہیں کیا جا سکتا۔ چنانچہ پہلے کی طرح اب بھی زمیندار اسے باہر بھیجنے کی ضرورت محسوس کرتے ہیں۔ یہاں اس امر کا ذکر بھی بے جا نہ ہوگا کہ اس علاقے کے بیشتر زمینداروں کا گزارہ اسی دال کی آمدنی پر ہے۔ وہ اسی آمدنی سے اپنی ضرورت کی اشیاء خریدتے ہیں اور اس سے مالیہ وغیرہ ادا کرتے ہیں۔ اب حکومت نے ایک ایسا حکم (order) نافذ کر دیا ہے جس کی رو سے یہ دال باہر نہیں بھیجی جا سکتی۔ حالانکہ سرحدی صوبہ اور دیگر مقامات پر اس کی اشد ضرورت ہے۔ اور قیمت بھی اچھی مل سکتی ہے۔ اگر ہمارے وزراء صاحبان وہاں تشریف لے جائیں تو وہ اپنی آنکھوں سے دیکھ لیں گے کہ اس وقت اسے کیڑے کھا رہے ہیں۔ اور وہ بالکل ضائع ہو رہی ہے۔ ان حالات کے ہوتے ہوئے معلوم نہیں۔ راولپنڈی کے علاقے کا زمیندار جس کے ذرائع آمدنی محدود ہیں۔ کس طرح اپنا مالیہ اراضی وغیرہ ادا کرے گا۔ لہٰذا میری مؤدبانہ گذارش ہے کہ نقل و حرکت کے ذرائع کھولے جائیں تاکہ زمیندار اپنا فالتو اناج باہر بھیج سکیں۔ اور اس کے عوض جیسا کہ سابقہ دستور رہا ہے اپنی ضروریات کی چیزیں منگا سکیں۔ میں سمجھتا ہوں کہ علاقہ مذکور کے زمینداروں کے لئے یہ مسئلہ نہایت ہی نازک صورت اختیار کرنے کو ہے۔ لہٰذا حکومت کو چاہئے کہ اس سلسلے میں فی الفور کوئی موثر اقدام کرے۔

ان الفاظ کے ساتھ میں میاں محمد نور اللہ کی اس تحریک کی پوری قوت سے تائید کرتا ہوں۔ اور اپنی تقریر ختم کرتا ہوں۔

Chaudhri Aziz Din (Lyallpur, Muhammadan, Rural) :

چودھری عزیز دین : جناب والا۔ میاں محمد نور اللہ صاحب نے جو تجویز پیش کی ہے میں بھی اس کی تائید کرتا ہوں۔

حضور والا۔ میرے خیال میں بھی راشننگ اور کنٹرول جتنی جلدی ہو سکے اڑا دینے چاہئیں۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ راشننگ کا کام تسلی بخش طریق پر سرانجام نہیں دیا جاتا۔ علاوہ

اندریں مہاجرین کی ایک کثیر تعداد جو دیہات میں بسائی جا چکی ہے اسے گندم پہنچانے کا کوئی خاطرخواہ انتظام نہیں کیا گیا۔ وہ بیچارے چور بازار (Black Market) سے اٹھارہ سے بیس روپے من کے حساب سے گندم خرید رہے ہیں۔ مگر افسوس تو اس بات کا ہے کہ ان کے پاس اتنے پیسے بھی نہیں ہیں۔ جن کے پاس کچھ ہیں وہ تو اس قیمت پر گندم خرید کر اپنی گزر اوقات کرتے ہیں اور جن کے پاس نہیں ہیں وہ گندم نہ ملنے کی وجہ سے دیہات چھوڑ کر واپس کیمپوں میں آ رہے ہیں اس طرح کیمپوں میں مہاجرین کی تعداد دن بدن بڑھ رہی ہے۔ لہذا میں حکومت سے درخواست کروں گا کہ وہ اس سلسلے میں جلد از جلد کوئی اقدام کرے۔

کھانڈ کے متعلق میاں صاحب نے ابھی ابھی فرمایا ہے کہ اس پر کنٹرول اس لئے کیا گیا ہے کہ یہ پہلے ہی کم ملتی ہے اور اگر کنٹرول اٹھا لیا گیا تو یہ بالکل ہی نایاب ہو جائے گی۔ اس کے متعلق میری گزارش یہ ہے کہ کھانڈ پہلے ہی کون سی زیادہ ملتی ہے جو کنٹرول اٹھانے سے بالکل ہی نایاب ہو جائے گی۔ اس وقت کھانڈ ایک چھٹانک فی کس ماہوار کے حساب سے ملتی ہے میرے خیال میں اگر یہ بھی نہ ملے تو اس سے کوئی فرق نہیں پڑے گا۔

ساہیوال میں جو کھانڈ کا کارخانہ ہے وہاں پر گنا پہنچانے کی غرض سے گڑ کی برآمد پر پابندی عائد کر دی گئی ہے۔ اور گڑ ایک ضلع سے دوسرے ضلع میں بھیجنے کی ممانعت ہے۔

میں لائل پور کے متعلق یہ عرض کرتا ہوں کہ وہاں گڑ کی پیداوار ضرورت سے بہت زیادہ ہے وہاں گڑ کا بھاؤ نو دس روپیہ من ہے مگر یہ گڑ میانوالی میں ۵ سو یا ۶ سو روپیہ من بک رہا ہے۔ اس کی وجہ ظاہر ہے۔ لوگ کسی نہ کسی طرح پرمٹ حاصل کر کے نو روپیہ من خرید کر ۵ سو یا ۶ سو روپیہ من کے حساب بیچ دیتے ہیں۔ اس سے cultivator کو بھی پوری قیمت نہیں ملتی اور consumer کو بھی زیادہ قیمت دینی پڑتی ہے۔ ایسی کئی مثالیں آپ کو ہر جگہ مل جائیں گی۔ کہ جو ہوشیار آدمی ہیں وہ اپنے رسوخ سے رشوت دے دلا کر پرمٹ حاصل کر لیتے ہیں۔ اور اس طرح بیس تیس ہزار کما لیتے ہیں۔ لہذا میری گزارش یہ ہے کہ cultivator اور consumer ہر دو کو نقصان ہو رہا ہے۔ پابندیاں اٹھا دی جائیں تو export والے ضلع اور import والے ضلع کی قیمتوں میں بہت تھوڑا فرق ہوگا۔ اور cultivator اور consumer دونوں نقصان اٹھانے سے بچ سکتے ہیں۔ یہی حساب کپڑے کا ہے۔ کہا جاتا ہے کہ کپڑا کم ہے نتیجہ یہی ہے کہ کنٹرول کی وجہ سے امیر اور غریب کو ایک قیمت پر کپڑا ملنا ناممکنات میں ہے کپڑے کے متعلق میں یہ وثوق سے کہہ سکتا ہوں کہ پوزیشن بہت ہی خراب ہے لوگوں کو آٹھ مہینے سے ایک گز کپڑا بھی نہیں ملا۔ آپ کو جیسا کہ معلوم ہے لائل پور میں آٹھ نو لاکھ کے قریب مہاجرین پہنچ چکے ہیں۔ ان کو ابھی تک تن ڈھانپنے کے لئے ایک گز کپڑا بھی نہیں ملا۔ اگر یہ کنٹرول نہ ہوتا تو یہ مشکل پبلک کے لئے پیدا نہ ہوتی۔ گورنمنٹ جیسا کہ بھاؤ ہوتا خرید کر دے سکتی تھی۔ جہاں تک کھانڈ کا تعلق ہے یہ کہنا کہ کم ہے ٹھیک ہے۔ مگر بلیک مارکیٹ میں تین چار روپیہ سیر مل رہی ہے۔ لہذا ظاہر ہے کہ اس کنٹرول سے فائدہ کم ہو رہا ہے اور نقصان زیادہ۔ اس لئے میری گزارش ہے کہ پابندی اٹھا کر اس تجارت کو عام کر دینا چاہئے۔ یہ ٹھیک ہے دو تین مہینے قیمتیں چڑھ جائیں گی جیسا کہ پہلے ریشمی کپڑے پر کنٹرول ہوتا تھا اور اٹھنے پر قیمتیں گر گئی تھیں اور اب یہ کپڑا سب کو عام ملتا ہے۔ دکانوں میں کافی کپڑا موجود ہے جتنا کسی کا دل چاہے لے سکتا

ہے۔ لہذا اگر سوتی کپڑے پر سے بھی کنٹرول ہٹا لیا جائے تو قیمت set ہو جائے گی consumer کو بھی عام قیمت پر ملے گا۔ خام مواد والے کو بھی موزوں قیمت پر ملے گی اور بلیک مارکیٹ یکسر ختم ہو جائے گی۔

میں ان الفاظ کے ساتھ اس امر کی تائید کرتا ہوں کہ راشننگ کی پابندی کو فی الفور اٹھا لیا جائے۔

Minister of Finance (The Hon'ble Mian Mumtaz Muhammad Khan Daulatana) :

آنریبل میاں ممتاز محمد خاں دولتانہ: جناب والا، آپ اگر اجازت دیں تو میں اس موقع کا فائدہ اٹھاتے ہوئے ذرا تفصیل کے ساتھ پنجاب کی فوڈ پوزیشن آپ کے سامنے رکھوں اور اس بجٹ پر مخالف بحثوں کے دوران میں جو کچھ سول سپلائی ڈیپارٹمنٹ کے متعلق کہا گیا ہے اس کے سلسلہ میں بھی کچھ عرض کروں۔ سب سے پہلے تو جناب والا میں یہ چاہتا ہوں کہ ایک ابہام رفع کر دوں۔ یہ جو لفظ "سٹیٹ ٹریڈنگ" ہے اس سے یہ ابہام پیدا ہوتا ہے کہ شاید اس سے حکومت نفع حاصل کرتی ہے۔ اور جیسا کہ اس لفظ سے ظاہر ہوتا ہے ممبران یہ سمجھتے ہیں کہ حکومت نفع کی خاطر اس کو چلانا چاہتی ہے۔ چنانچہ اس لفظ سے غلط فہمی پیدا ہو گئی ہے۔ دوسری تعبیر اس لفظ سے یہ بھی کی جاتی ہے کہ اس کا مطلب غالباً یہ ہے کہ حکومت اپنی خوشی سے ٹریڈ کو چلانا چاہے تو ایسا کر سکتی ہے گویا اس کے پاس alternative choices چارہ کار بھی ہیں۔ یعنی چاہے تو تجارت میں حصہ لے چاہے تو نہ لے اور اس میں حصہ لینے کا انحصار اس منافع پر ہے جو کہ بالعموم تجارت کی خصوصیات رکھنے والے کام پر ہوا کرتی ہے۔ مگر جناب والا یہ جو موجودہ Grain Supply System ہے یہ ایسا نہیں جس کا میں ذکر کر رہا ہوں۔ ہم یہ تجارت نفع کے لئے نہیں کرتے بلکہ اس لئے کرتے ہیں کہ ہمارے پاس کوئی دوسرا چارہ کار ہی نہیں۔ ہمیں موجودہ مخصوص حالات کے پیش نظر ایسا کرنا پڑتا ہے تاکہ قوم مشکل میں نہ پڑ جائے ورنہ ہم نفع کے لئے ہرگز ہرگز ایسا نہیں کرتے بلکہ ہمارا مطمح نظر یہ ہوتا ہے کہ عوام کو اناج مہیا ہوتا رہے اس "سٹیٹ ٹریڈنگ" سے حکومت کو نہ نفع ہوتا ہے اور نہ نقصان۔ بنیادی چیز یہی ہوتی ہے۔ No Profit No Loss اس تجارت پر جتنے اخراجات فوڈ ڈیپارٹمنٹ میں ہوں ہم نکال لیتے ہیں اور ہم اتنے ہی surcharge لگاتے ہیں policy price یا special price میں سے جو ہمارے اخراجات نکالنے کا کفیل ہو ویسا عمل کر لیا جاتا ہے اس لئے کہ یہ ٹریڈ نفع کی خاطر نہیں کی جاتی۔ موجودہ امور کو مدنظر رکھتے ہوئے اگر کنٹرول اٹھ جائے اور غلہ باہر جانے دیا جائے تو یہاں کے حالات ابتر ہو جائیں۔ بندہ ان مجبوریوں کے مدنظر حکومت کو بہم رسانی غلہ کا کام اپنے ہاتھ میں لینا پڑتا ہے۔

اب حضور والا۔ میں دو چار باتیں سول سپلائی ڈیپارٹمنٹ کے عرض کروں گا۔ بحث کی ابتدا میں ہی محکمہ سول سپلائی کے متعلق کہا گیا کہ اس محکمہ میں رشوت ستانی زوروں پر ہے۔ جو الزامات رشوت ستانی کے اس محکمہ پر لگائے گئے ہیں مجھے ان کا اعتراف ہے اور ان کو دور کرنے کا بھی پورے طور پر احساس ہے۔ اور مجھے اچھی طرح معلوم ہے کہ رشوت ستانی کے دیوتا کا قرعہ اسی محکمہ پر پڑا ہے اور یہ محکمہ ہمیشہ اس کا منظور نظر رہا ہے ان خصوصیات کی

بنا پر یہ محکمہ جب کسی وزیر کو تفویض کیا جاتا تو تحفۃً تفویض کیا جاتا تھا۔ اب یہ محکمہ آزمائش کے طور پر مجھے دیا گیا ہے۔ یہ محکمہ جیسا کہ میں نے عرض کیا رشوت کے معاملہ میں سب محکموں پر فوقیت رکھتا تھا۔ کوئی محکمہ ایسا نہ تھا جو رشوت ستانی میں اس کا مقابلہ کرے۔ بہر حال میں اپنی انتہائی کوشش کر رہا ہوں کہ رشوت ستانی کو دور کیا جائے اصل میں بات یہ ہے کہ سول سپلائی ڈیپارٹمنٹ میں رشوت لینے کی گنجائشیں بھی بہت ہیں بددیانتی کرنے کے راستے بھی بہت ہیں۔ رشوت لینے کے سلسلہ میں لوگ پہلے سے تیار بیٹھے ہیں اور پھر سب سے بڑی وجہ یہ ہے کہ اس محکمہ میں بچاؤ کی صورتیں اس قدر ہیں کہ آدمی کا پکڑا جانا آسان نہیں ہے۔ اس کی وجہ سے لوگ رشوت زیادہ لیتے ہیں۔ چنانچہ میری یہی کوشش ہے کہ سول سپلائی کے محکمہ میں رشوت کے مواقع جو موجود ہیں کم کر دیئے جائیں اگرچہ اس محکمہ کی طرح اب اور محکموں کو بھی یہ مواقع حاصل ہو گئے ہیں۔ بایں ہمہ میں انتہائی کوشش کر رہا ہوں کہ اس محکمہ سے رشوت ستانی کی لعنت دور ہو جائے۔ اس مقصد کے لئے ایک اینٹی کورپشن کمیٹی بنائی گئی ہے جو کام اچھے طور پر کر رہی ہے لیکن دقت یہ ہے کہ اب تک عوام نے اس کمیٹی کے ساتھ تعاون نہیں کیا مجھے یقین ہے اس کمیٹی کے کام کی رفتار آہستہ آہستہ بڑھ جائے گی اور اگر اس ایوان کے ایک دو ارکان بھی اس میں شریک ہوں تو وہ کام تیز رفتاری سے کر سکے گی۔ اینٹی کورپشن بل اس اجلاس میں کل یا پرسوں پیش کر کے جلد ہی پاس کر دیا جائے گا جس سے میرا خیال ہے رشوت ستانی میں کافی فرق پڑ جائے گا۔ اس کے علاوہ میں جیسا کہ ہمیشہ کہتا رہا ہوں اب پھر کہوں گا کہ آپ کورپشن کی مقامی شکایتیں بتائیں اور ان کو دور کرنے کی کوئی تجویز بتائیں میں اسے قبول کرنے کے لئے ہر وقت تیار ہوں۔ اگر آپ یہ کہیں کہ اس ڈیپارٹمنٹ کی نوعیت کو تبدیل کر دیں تو میں اس کو بھی خوشی کے ساتھ کرنے کو تیار ہوں۔

دوسرا point جو بحث کے سلسلے میں آیا تھا وہ یہ تھا کہ civil supplies میں تخفیف کی جائے۔ یہ کہا گیا تھا کہ سول سپلائیز میں ضرورت سے زیادہ سرکاری ملازم رکھے گئے ہیں۔ تو جناب والا آپ کو علم ہوگا کہ سول سپلائیز کی دو برانچیں ہیں۔ ایک جسے سول سپلائیز کہا جائے اور ایک جسے فوڈ ڈیپارٹمنٹ کہا جائے۔ جہاں تک سول سپلائیز کا تعلق ہے مجھے اس بات سے اتفاق ہے کہ یہاں تخفیف کی ضرورت ہے اور تخفیف کی گنجائش بھی ہے چنانچہ کوئی ڈیڑھ مہینہ ہوا گورنمنٹ نے ایک آرڈر جاری کر دیا ہے کہ سول سپلائیز میں پچیس فیصدی کی تخفیف کر دی جائے۔

مگر جہاں تک فوڈ ڈیپارٹمنٹ کا تعلق ہے اس میں تخفیف کی گنجائش نہیں کیونکہ ہمارے فوڈ ڈیپارٹمنٹ پر بعض غیر متوقع ذمہ داریاں عائد ہو گئی ہیں۔ اس وقت صورت حال یہ ہے کہ تجارت کے تعطل منڈیوں کی تباہ حالی اور آڑھتیوں کے ناپید ہو جانے کے باعث ہم تقریباً تمام اجناس خوردنی provincial reserves میں خرید رہے ہیں۔ میرا اندازہ ہے کہ اگر تجارت بحال نہ ہوئی تو آئندہ سال ہمیں بائیس کروڑ روپیہ کی گندم خریدنی پڑے گی۔ اس لئے اس ڈیپارٹمنٹ میں سٹاف کی تخفیف کی گنجائش نہیں۔ اور ساتھ ساتھ ہمیں اور بھی انتظام کرنا پڑ رہا ہے۔ وہ یہ کہ ان بنکوں کے نہ ہونے کی وجہ سے credit facilities موجود نہیں جو ان چیزوں کو خریدتے تھے۔ گویا ایک تو credit نہیں ہے بلکہ ہمیں تقریباً فی الفور ادائیگی کرنی پڑتی ہے۔ اور اس

کے لئے مناسب ہونا چاہیئے۔ دوسرے یہ کہ جو deficit علاقے ہیں ایسے علاقوں میں ہم پہلے syndicates کے ذریعہ یہ کام چلایا کرتے تھے۔ مگر سنڈیکیٹ کی ناتجربہ کاری کی وجہ سے اور credit نہ ہونے کی وجہ سے اب یہ صورت ہو گئی ہے کہ deficit علاقوں میں سنڈیکیٹ کے ذریعہ اناج نہیں پہنچتا۔ بلکہ provincial reserves میں سے پہنچتا ہے۔ تو وہ کام بھی ہم نے اپنے ذمہ لے لیا ہے۔ ہم اس میں خوش نہیں تھے بلکہ یہ ایک مجبوری تھی اور اس کام کے انجام تک پہنچنے کی کوئی صورت نہ تھی۔ اس لئے ہم نے یہ نئی ذمہ داری بھی اپنے اوپر لے لی تو میں یہ عرض کر دوں گا کہ میرے خیال میں اس فوڈ ڈیپارٹمنٹ میں تخفیف کرنا ناممکن ہے۔ مگر اس سلسلے میں یہ عرض کرنا ضروری سمجھتا ہوں کہ شاید بعض ممبران واقف نہیں ہیں کہ جہاں تک فوڈ ڈیپارٹمنٹ کا تعلق ہے اس کا خرچ صوبہ کے revenues برداشت نہیں کرتے۔ فوڈ ڈیپارٹمنٹ کا تمام خرچ فوڈ ڈیپارٹمنٹ کی تجارت برداشت کرتی ہے۔ اور یہ ڈیپارٹمنٹ جہاں تک اسے اقتصادی نگاہ سے دیکھا جائے ایک self sufficient ڈیپارٹمنٹ ہے فوڈ ڈیپارٹمنٹ میں no profit and no loss کے اصول پر کام کرتے ہیں۔ حکومت کی پالیسی ہے کہ اسے اس کام میں نقصان بھی نہ ہو اور فائدہ بھی نہ ہو۔ چنانچہ ہم اپنے اخراجات تقسیم اور export پر surcharge لگا کر نکالتے ہیں۔ ہم اجناس خوردنی ایک قیمت پر خریدتے ہیں اور اس پر ایک surcharge لگا کر دوسری قیمت پر بیچ رہے ہیں surcharge کا amount اتنا رکھتے ہیں کہ جس سے ہمارا خرچ نکل جائے۔ چنانچہ جیسا کہ آپ کو معلوم ہے ہم اپنی average purchase price ۹ روپے ۱۰ آنے ۹ پائی پر ۱۲ آنے riot insurance کے اور باقی تمام insurance وغیرہ ملا کر ۱۱ آنے ۹ پائی اور اس F. O. R کا surcharge ایک روپیہ چار آنے بنتا ہے۔ اس میں سے ہم اپنے تمام اخراجات نکال لیتے ہیں اخراجات surcharge کم ہوں تو surcharge کم ہو جائے گا اور اگر اخراجات زیادہ ہوں تو surcharge بڑھا دیا جائے گا۔ میں یہ تو مانتا ہوں کہ یہاں بھی خرچ میں کمی کرنی لازمی ہے مگر میں یہ عرض کر دوں کہ اپنا کے revenues پر اس محکمہ کا کوئی بار نہیں۔ جہاں تک فوڈ ڈیپارٹمنٹ کا تعلق ہے revenues پر اس کا قطعاً کوئی بوجھ نہیں۔ یہ محکمہ اپنا خرچ خود برداشت کرتا ہے۔

جناب والا! اب میں ایک اور سوال کی طرف آتا ہوں جس پر بہت بحث ہوئی تھی یعنی کنٹرول کی پالیسی۔ اس سلسلہ میں یہ عرض کر دوں گا کہ اس وقت کنٹرول اشیائے خوردنی میں سے گندم۔ چاول اور چینی اور بعض حالات میں گڑ پر ہے۔ ان پابندیوں کے تاریخی پس منظر سے میرے خیال میں ایوان کے تمام ممبر صاحبان واقف ہوں گے کہ یہ لڑائی کے زمانے میں لگائی گئی تھیں۔ ان حالات میں جبکہ یہ ملک جنگ کی مصیبت میں تھا۔ اس وقت یہ ضروری تھا کہ اس کی سپلائی کو قائم رکھا جائے۔ اور یہ بھی ضروری تھا کہ اشیائے خوردنی کی تقسیم منصفانہ طریق پر ہو۔ اس چیز کو مدنظر رکھتے ہوئے ہم نے Monopoly Procurement Scheme کا اجرا کیا۔ اس کے دو معنی ہیں۔ یعنی پابندیاں عائد کی جاتی ہیں گندم اور چاول پر یا یوں کہیئے کہ ان کی اس مقدار پر جو کہ کاشتکار کی ضرورت سے زائد ہو۔ تو اس پر پابندیاں عائد کی جاتی ہیں اور ایک قیمت یعنی ایک کنٹرول ریٹ مقرر کر دیا جاتا ہے جس سے نرخ نہ کم ہوتا ہے نہ زیادہ۔ اس سے consumer کو تو یہ فائدہ ہوتا ہے کہ قیمت اس حد سے نہیں بڑھتی کہ جو اس

کی استطاعت سے باہر ہو جائے۔ اور cultivator کو یہ فائدہ ہوتا ہے کہ قیمت ایک ایسی حد سے گر نہیں جاتی جس سے اُسے نقصان ہو۔ جیسے کہ دس بارہ سال پہلے گندم ڈیڑھ روپیہ من بکا کرتی تھی تو اس میں ایک تو قیمت پر کنٹرول ہوتا ہے اور دوسرے movement پر ہم provincial reserves بنا کر Monopoly Procurement Scheme کے ماتحت خریدتے ہیں۔ وہ تمام گندم گورنمنٹ کی پالیسی کے تابع move کی جاتی ہے یعنی جن علاقوں میں گورنمنٹ اسے بھیجنا چاہتی ہے یہ وہیں جاتی ہے۔ جن علاقوں میں ضرورت سے زاید ہوتی ہے۔ وہاں سے کمی کے علاقوں میں صرف کی جاتی ہے۔ جناب والا یہ موجودہ گورنمنٹ کنٹرول کی دلدادہ نہیں بلکہ ہم تو سمجھتے ہیں کہ جس قدر جلد کنٹرول ہٹا لیے جائیں اور ہٹائے جا سکیں اتنی جلدی ہٹا لینے چاہئیں۔ مگر کنٹرول اس وقت تک کسی ملک میں لازمی اور ضروری ہوتے ہیں جب تک کہ کوئی ضروری اشیاء، کوئی ضروری commodity جس پر زندگی اور موت کا انحصار ہو اس کی سپلائی ضرورت سے کم ہو۔ جب اس کی مانگ زیادہ ہو۔ ضرورت زیادہ ہو اور سپلائی کم ہو۔ تو یہ لازم ہوتا ہے کہ اس پر کنٹرول کیا جائے تاکہ قیمت کو ایک معیار پر رکھا جا سکے اور اس کی تقسیم کچھ نہ کچھ منصفانہ طور پر کی جا سکے اگر ان چیزوں پر جو short supply میں ہوں کنٹرول نہ کیا جائے تو اس سے کئی خطرناک نتائج برآمد ہوتے ہیں مثلاً ایک تو یہ کہ قیمت بڑھ جائے گی جس کی وجہ سے غریب طبقہ انہیں خرید نہیں سکے گا۔ دوسرے ذخیرہ اندوزی ہو گی۔ لوگ فصل کی ابتداء میں اجناس سستے داموں پر خریدیں گے۔ اور چونکہ کنٹرول نہیں ہو گا Monopoly Procurement Scheme نہیں ہو گی اس لئے وہ ذخیرہ اندوزی کر کے اسے فصل کے آخر میں مہنگے داموں بیچیں گے۔ اور اس چیز کا تدارک کرنے کی کوئی صورت نہ ہو سکے گی۔ ایک اور چیز یہ ہے کہ پنجاب کے صوبہ میں کچھ علاقے heavily surplus ہیں اور کچھ علاقے heavily deficit ہیں۔ اور اس کی جھلک آپ کو ان تقریروں میں نظر آئے گی جو کہ اس ایوان میں heavily surplus علاقہ سب سے زیادہ surplus علاقہ کے نمائندوں میاں محمد نور اللہ اور چودھری عزیز دین نے کنٹرول کی مخالفت میں کی ہیں۔ مگر heavily deficit علاقوں مثلاً راولپنڈی کے نمائندہ ممبر نے کہا ہے کہ اگر ہمیں بھوکوں مارنے کا ارادہ نہیں ہے تو کنٹرول بند نہ کریں۔ کیونکہ یہی ایک صورت ہے جس سے ہماری ضروریات کو پورا کرنا ممکن ہو سکتا ہے۔ انہوں نے کہا ہے کہ کنٹرول ہی ایک صورت ہے جس سے ہم اپنی ضروریات کو پورا کر سکتے ہیں۔ آپ دیکھیں گے کہ جو deficit اضلاع کے اراکین یہاں موجود ہیں وہ کنٹرول کے حق میں ہیں اور جو surplus اضلاع والے اراکین ہیں وہ کنٹرول ہٹا دینے کے حق میں ہیں deficit اضلاع والوں کو معلوم ہے کہ یہ کنٹرول ہی ہے جس کی وجہ سے ان کی ضروریات پوری ہو رہی ہیں اور یہ حقیقت ہے کہ اگر کنٹرول نہ ہوتا تو ہم deficit علاقہ کی ضروریات کے کفیل نہ ہو سکتے۔ اگر انہیں ان کی سپلائی پر چھوڑ دیا جائے تو وہ غریب بالکل تباہ ہو جائیں یہی وجہ ہے کہ کنٹرول ابھی تک قائم ہے ممبر صاحبان سوال کریں گے کہ ہم بھی یہ ماننے کے لئے تیار ہیں کہ اگر سپلائی کم ہو اور مانگ زیادہ ہو تو کنٹرول ہونا چاہئے لیکن ہم تو یہ سنا کرتے تھے کہ پاکستان کا پنجاب باوجود ارم ہے اور سب سے زیادہ surplus area ہے اگر ایسی صورت ہے تو پھر کنٹرول کی

کیا ضرورت ہے؟ اس موقعہ پر جب کہ قدرتی طور پر یہ سوال پیدا ہوتا ہے میں آپ کو بتانا چاہتا ہوں کہ خوراک کی حالت کیا ہے تاکہ آپ کو غلط فہمی نہ رہے اور آپ کو خطرات کا احساس ہو جائے اور آپ کو معلوم ہو جائے کہ حالات کس قدر نازک ہیں۔ مگر مایوسی کی کوئی ضرورت نہیں۔ جہاں یہ ضروری ہے کہ ہم نہایت مستعدی سے کام کریں وہاں میں شروع ہی سے یہ واضح کر دینا چاہتا ہوں کہ قحط کا کوئی ڈر نہیں۔ اب میں غذائی حالت آپ کے سامنے پیش کرتا ہوں۔ جناب عالی پچھلے سال پنجاب گندم میں بہت زیادہ surplus تھی چنانچہ پچھلے سال ہم نے چالیس ہزار ٹن گندم باہر بھیجی لیکن اس دفعہ گندم پچھلے سال سے بہت کم ہوئی ہے۔ اس دفعہ گندم پچھلے سال سے ایک لاکھ تیس ہزار ٹن کم ہوئی ہے۔ اتنی کمی کے باوجود بھی ہم اپنی ضروریات کو پورا کرنے کے لئے کفیل ہوتے اگر ہمیں مزید غیر معمولی حالات کا سامنا نہ کرنا پڑتا اور ان حالات نے صورت کو بالکل ہی نہ بدل ڈالا ہوتا پہلے تو میں آپ کو پندرہ اگست سے پہلے کی مشکلات بتاتا ہوں۔ پندرہ اگست سے پہلے ہندو آڑھتیوں نے خفیہ طور پر بہت زیادہ گندم باہر بھیجی۔ اس وقت وزارت کا کام ایسے لوگوں کے پاس تھا جو ہندوؤں کے ہاتھوں میں کٹھ پتلی بنے ہوئے تھے۔ اس وقت برسر اقتدار پارٹی یونینسٹ وزارت تھی اور اس کے بعد جنکہ خود۔ ان کی پالیسی یہی تھی کہ ایسے حالات پیدا کر دیئے جائیں کہ پندرہ اگست کے بعد جب مسلمانوں کے ہاتھ میں حکومت آئے تو وہ بے بس ہو جائیں۔ اسی خیال سے انہوں نے بہت زیادہ گندم باہر بھجوائی اور مجرمانہ طور پر بہت زیادہ گندم یہاں سے مشرقی پنجاب میں بھیجی گئی۔ میں اس بات کا ذکر پارٹیشن کمیٹی میں لانا چاہتا تھا۔ لیکن جنکہ نے اس طرف قطعاً توجہ نہ دی۔ اور ہندو ممبران تو پہلے ہی اس کے خلاف تھے۔ اس لئے شنوائی نہ ہوئی۔ پھر جو چالیس ہزار ٹن surplus گندم بھیجی گئی وہ بہت زیادہ تھی۔ اور یہ کوشش کی گئی کہ ساری گندم پندرہ اگست سے پہلے پہلے پاکستانی علاقہ سے باہر بھیج دی جائے اور اس طرح کر بھی دیا گیا۔ یہ گندم جو باہر بھیجی گئی اتنی زیادہ تھی کہ پچھلے سال بھی باوجود کافی گندم پیدا ہونے کے فروری اور مارچ میں deficit اضلاع میں قحط کے آثار ظاہر ہونے شروع ہو گئے تھے۔ یہ تو پندرہ اگست سے پہلے کے واقعات ہیں اس کے بعد جو حالات پیدا ہوئے اس سے آپ خود بخوبی واقف ہیں۔ آپ کو معلوم ہی ہے کہ کس طرح سکھوں نے اپنی فصلوں کو برباد کیا۔ آپ کو معلوم ہے کہ سکھ اور ہندو جب یہاں سے گئے تو پرامن طور پر انہیں یہاں سے جانے دیا گیا بلکہ اپنے ساتھ غلہ بھی لے گئے۔ اس کے مقابلے میں مشرقی پنجاب سے جو مہاجرین آئے وہ اپنے ساتھ کچھ بھی نہیں لائے۔ غلے کا ایک دانہ بھی اس طرف سے نہیں آیا۔ اس طرح بھی بہت سی گندم یہاں سے مشرقی پنجاب چلی گئی۔ پھر آپ کو معلوم ہے کہ ہماری آبادی میں بھی پندرہ بیس لاکھ کا اضافہ ہو گیا ہے۔ اس لئے اب ہماری حالت پہلے سے مختلف ہے۔ اب ہمیں اپنے surplus اور اپنے deficit کو نئے زاویہ سے دیکھنا ہوگا اب پہلی بات نہیں رہی ہماری آبادی اب ۵ سو فیصدی بڑھ گئی ہے۔ اس کے علاوہ ہمارے جتنے مہاجرین بھائی آئے ہیں اُن کو ہمیں پر اونشل ریٹ روسے غلہ دینا پڑا ہے اس سٹاک میں سے جو حکومت اپنے پاس اس لئے رکھتی ہے کہ جب منڈی میں گندم کی کمی ہو جائے اور سال کا آخر ہو تو

یہ گندم لوگوں میں تقسیم کی جائے۔ وہ گندم جو سال کے آخر کے لئے تھی وہ ہمیں شروع مہینوں میں ہی مہاجرین کے لئے خرچ کرنی پڑی ہے پھر ہمارے پاس transport نہیں تھی۔ اس وجہ سے ہم procurement صحیح طور پر نہیں کر سکتے تھے۔ جو موجودہ ہمیں ملیں وہ ہم نے مہاجرین کو یہاں پر لانے کے لئے کام پر لگا دیں۔ آپ اس معاملہ میں میرے ساتھ اتفاق کریں گے کہ ان مہاجرین کی جانوں کی حفاظت اس کام سے زیادہ ضروری تھی۔ پھر transport کے علاوہ تجارت کا تعطل، آڑھتیوں کا نہ ہونا اور بینکوں کا credit procurement میں مزید رکاوٹ کا باعث بنے۔ موجودہ حالات میں ہر قسم کا اندازہ لگانے کے بعد ہمارا خیال ہے کہ اس دفعہ چالیس ہزار ٹن گندم کا خسارہ ہوگا۔ اس دفعہ ہم سے مرکز نے دس ہزار ٹن گندم مانگی تھی جس کا ہم کسی صورت میں بھی انکار نہیں کر سکتے تھے۔ یہ تمام حالات میں نے آپ کے سامنے رکھ دیئے ہیں جن کی وجہ سے اس دفعہ ہمیں اتنا خسارہ ہوا ہے اب میں آپ کو figures بتاتا ہوں۔

اس وقت ہماری خوراک کی پوزیشن یہ ہے۔

Provincial Reserve	...	14,234	Tons
Rationed Towns	...	17,000	,,
Provincial Reserve Consuming Centres		8,482	,,

آپ نے دیکھا کہ یہ نہایت غیر تسلی بخش پوزیشن ہے۔ یہ سٹاک ایک ماہ سے زیادہ نہیں چلے گا۔

جناب والا۔ گندم کی پوزیشن نہایت تشویش ناک ہے۔ اگر گندم کو supplement کرنے کے لئے کوئی اور صورت نہ ہوتی۔ تو ان مشکلات کا مقابلہ نہ ہو سکتا۔ ہماری چاول کی فصل ہمارا سہارا ہے۔ گندم کا surplus اتنا نہیں ہوتا۔ جتنا چاول کا surplus ہوتا ہے۔ چاول کے surplus سے امداد ملتی ہے۔ واضح رہے کہ چاول میں بھی اس سال اس مقدار کا surplus نہیں جتنا کہ توقع تھی۔ یا جتنا اگلے سال ہوگا۔ ہم نے ایک لاکھ دس ہزار ٹن چاول کا surplus دکھایا تھا۔ اس وقت ہم زیادہ سے زیادہ ۳۰ ہزار ٹن export کر سکیں گے۔ آپ کو حالات معلوم ہیں۔ کہ کیوں چاولوں کے بارہ میں یہ مشکلات پیدا ہوئیں۔ یعنی تجارتی تعطل * abandonment of rice hus king factories طغیانی وغیرہ ان تمام چیزوں کی وجہ سے ہم چاول اس سال اتنے پیدا نہیں کر سکے۔ جتنا پچھلے سال پھر بھی چاول کا اتنا surplus ہے۔ کہ ہم گندم کے خسارہ کو پورا کر سکیں ان حالات کو میں نے اس لئے وضاحت سے آپ کے سامنے رکھا ہے۔ تاکہ ممبر صاحبان کو واضح کر سکوں۔ کہ موجودہ پوزیشن میں یہ ناممکن ہے۔ کہ ہم control اٹھا دیں۔ ہم گندم میں deficit ہیں اور اس critical زمانہ میں جب کہ ہم نے اس deficit کو پورا کرنا ہے۔ لازم ہے کہ ایک صوبہ بھر میں مکمل کنٹرول ہو۔ ورنہ تباہی کا سامنا کرنا

پڑے گا۔ اس لئے ناممکن ہے۔ کہ ہم کنٹرول کو ہٹائیں۔ میں نے حال ہی میں
یعنی اس ماہ کی ۱۴ تاریخ کو ڈپٹی کمشنر صاحبان کی ایک کانفرنس بلائی تھی۔
اور ہم نے اس کانفرنس میں غذائی صورتِ حال کا وقتِ نظر سے مطالعہ کیا تھا
اس control کی وجہ سے ہم مفید فیصلوں پر پہنچ سکے ہیں۔ یہی control تھا۔
تھا۔ جس کے باعث اب تک ہماری تمام گندم ہمارے پاس ہے۔ تمام
چاول ہمارے پاس ہیں۔ اور ہم deficit areas کو feed کرنے کے کفیل
ہو سکے ہیں۔ ممبر صاحبان کی خدمت میں اور خاص طور پر ان ممبر صاحبان کی
خدمت میں جو deficit areas سے آئے ہیں میں یہ عرض کرنا چاہتا ہوں
کہ ہم اس وقت کیا کچھ کر رہے ہیں۔ جہلم کے ضلع میں دو ہزار ٹن گندم
Provincial Reserve میں موجود ہے۔ (واضح رہے کہ Provincial Reserve
کی گندم ضلع کی ملکیت نہیں ہوتی Provincial Reserve تو ایک قسم کا گودام ہوتا ہے
ضروری نہیں کہ اس میں رکھی گئی گندم ضلع کے اخراجات کے لئے دی جاوے) ہم نے
فیصلہ کیا ہے۔ کہ Provincial Reserve کی گندم ضلع جہلم کے اخراجات
کے لئے دے دی جائے۔ علاوہ اس کے ۸ ہزار ٹن چاول انہیں allot کیا گیا
ہے۔ اگر ضرورت پڑی تو ۱۲۰۰ ٹن اور بھی رکھے ہیں۔ ایک ہزار ٹن foodgrains
گندم اور جوار کی صورت میں ہم انہیں دے رہے ہیں۔ ضلع راولپنڈی میں جوار باجرہ
دیا گیا ہے۔ ۹ ہزار ٹن چاول کا انتظام بھی کر لیا گیا ہے۔ ضلع اٹک کو ۵ سو ٹن
گندم۔ تین سو ٹن جوار۔ ۵ سو ٹن چاول اور ۲ سو ٹن گندم Provincial
Reserve Consuming Ceptres سے allot کیا گیا ہے۔ ضلع میانوالی
میں ۲۵۰ ٹن جوار یہ ۸ ہزار ٹن چاول allot کئے گئے ہیں۔ یہ چار ضلعے
heaviest deficit کے ہیں۔ اسی طریقے پر ہم نے ہر ضلع میں انتظام
کیا ہے۔ میں یہ بات patriotic zeal کے ساتھ یا قومی جذبہ کے ساتھ
کہہ سکتا ہوں۔ کہ اس نازک دور میں۔ اگر کسی ضلع میں دوسرے ضلعوں کی
امداد کرنے کی طاقت ہے۔ تو وہ ملتان کا ضلع ہے۔ باقی ہر ضلع صرف اپنی
ضروریات کا کفیل ہے۔ ہمارے future کا انحصار ان کوششوں پر ہے
جو ضلع ملتان کے ذمہ دار پیش کر رہے ہیں۔ اگر انہوں نے پوری تندہی اور
کوشش سے کام لیا۔ اور پانچ۔ چھ ہزار ٹن گندم ذخیروں سے نکال لی۔
تو انشاء اللہ ہم deficit نہیں رہیں گے۔ اس موقعہ کا فائدہ اٹھاتے ہوئے
میں نے یہ واقعات آپ کے سامنے رکھے ہیں۔ اور وہ انتظامات بیان کئے
ہیں۔ جو ہم نے اس مشکل کا مقابلہ کرنے کے لئے کئے ہیں۔ مجھے پوری امید
ہے۔ کہ میرے دوست M. L. A. صاحبان اور مسلم لیگ لیڈر میری امداد
کریں گے۔ وہ برآمدگی یعنی procurement کے معاملے میں حکومت بلکہ
عوام الناس کی پوری امداد فرما سکتے ہیں۔ salvaged سٹاکس کو recover کرنے
کی کوشش کی گئی تھی۔ لیکن ہمیں کچھ زیادہ کامیابی نہیں ہوئی۔ وہ حاجرین

جو گاؤں میں بیٹھے ہیں۔ ظاہر ہے کہ انہوں نے مخالفت کی۔ لوکل لوگوں نے عدم تعاون کیا۔ آپ سے درخواست ہے۔ کہ اس وقت زمینداروں سے گندم برآمد کرنے میں ہماری انتہائی امداد کریں۔ اس بارہ میں ایک زبردست campaign کی ضرورت ہے۔ ایک agitation ایک political agitation کی ضرورت ہے۔ کیونکہ ہماری آئندہ کی مشکلات کا مقابلہ ان کوششوں پر منحصر ہے۔ میں نے حکم دے دیا ہے۔ کہ food department قانون سے force سے غلہ requisition کرے جو بھی سٹاک بڑے آدمیوں کے پاس ہے۔ اس کو requisition کرلے میں اس requisition کی پالیسی کو اچھا نہیں سمجھتا۔ مگر جب قومی ضرورت درپیش ہو۔ تو گورنمنٹ کا فرض ہو جاتا ہے۔ کہ ایسے آدمیوں سے زبردستی غلہ وصول کرے۔ جو اسے دبا کر بیٹھے ہیں۔ میں اس سلسلہ میں آپ کی مدد چاہتا ہوں۔ میں چاہتا ہوں کہ لوگ آئیں۔ اور بتائیں کہ کن زمینداروں کے پاس سٹاک موجود ہے۔ تاکہ اُن کے سٹاک requisition کئے جائیں۔ اس بارہ میں ہم انتہائی سختی اور جابرانہ رویہ اختیار کریں گے۔ تاکہ غلہ برآمد ہو سکے۔ اس میں آپ کا اشتراک عمل چاہتا ہوں۔ ہاؤس اشارہ کرے۔ کہ وہ پورے طور پر متفق ہے کہ زیادہ سے زیادہ سختی کرکے غلہ کی برآمدگی کرائی جائے۔ (*Hear, hear.*) انہی واقعات کی بنا پر میرے خیال میں ناممکن ہے۔ کہ ہم control اُٹھا سکیں۔

آئندہ سال ممکن ہے۔ کہ ہمارا صوبہ مغربی پنجاب سرپلس ہو جائے۔ اور مجھے یقین ہے کہ ایسا ہو جائے گا۔ تو اس وقت اس سوال پر غور کیا جا سکتا ہے۔ اس سلسلہ میں میں نے سردار شوکت حیات خاں پر بار بار زور دیا ہے۔ کہ زیادہ اجناس خوردنی پیدا کرنے کی مہم کو جاری کرنا چاہیئے۔ اور ہمارے لئے لازم ہے کہ ہم اپنی غذائی پیداوار کو زیادہ سے زیادہ بڑھائیں۔ اور مجھے یقین ہے کہ اگر حالات مساعد ہوتے گئے۔ تو ہم نہ صرف اپنی ضروریات کو پورا کرنے کے لئے اجناس خوردنی پیدا کر سکیں گے۔ بلکہ اس سے زائد بھی پیدا کر سکیں گے اگر ہمارا صوبہ سرپلس بھی ہو جائے۔ پھر بھی ایک دو باتیں ایسی ہیں جن پر ہمیں کنٹرول ہٹانے سے پہلے غور کرنا پڑے گا۔ پہلی بات یہ ہے کہ صرف صوبہ مغربی پنجاب کا اکیلے سرپلس ہو جانا کافی نہیں۔ جب تک پاکستان پورے کا پورا سرپلس نہ ہو جائے۔ اس وقت تک کنٹرول نہیں ہٹ سکتا۔

اس وقت پاکستان میں اسلامی حکومت قائم ہے۔ اور صوبہ مغربی پنجاب اپنی پالیسی اس سے علیحدہ نہیں رکھ سکتا۔ پاکستان ایک organic whole ہے اور صوبہ مغربی پنجاب اس کا ایک organic حصہ ہے۔ ہم نے نہ صرف اپنی ضروریات کو پورا کرنا ہے۔ بلکہ ہم نے یہ بھی دیکھنا ہے۔ کہ ہماری پیداوار زیادہ سے زیادہ ہو تاکہ ہم پاکستان کے ان صوبوں کو بھی خوراک بہم پہنچا سکیں۔ جہاں خوراک کی کمی ہے۔ مثلاً شمال مغربی سرحدی صوبہ ہے۔ اور اس طرح

مشرقی بنگال کا صوبہ ہے۔ اس لئے جب تک تمام پاکستان غذا کے معاملہ میں اپنی ضروریات کا آپ کفیل نہیں ہو سکتا۔ اس وقت تک کنٹرول ہٹانا ناممکن ہے۔ اگر اس وقت کنٹرول اڑا دیئے جائیں تو ہماری procurement کی سکیم ناممکن ہو جائے گی۔ اور ذخائر کو محفوظ رکھنا ازحد مشکل ہو جائے گا۔ اگر ہم غذا کے معاملہ میں اپنی ضروریات کے آپ کفیل ہو جائیں تو پھر ایک اور چیز ہے۔ جس کی طرف ہمیں توجہ دینا ہوگی۔ وہ ہماری زراعتی دولت ہے۔ یہ غذائی پیداوار تو ہماری دولت ہے۔ ہم نے اس کے اخراجات کو کم سے کم کرنا ہے۔ اس کو محفوظ رکھنا اور اس کے ذخائر کو بچانا ہے۔ یہی وہ چیز ہے جس کے بدلے ہم اپنی ضروریات باہر کے ملکوں سے لے سکتے ہیں۔ اس لئے ہمارے لئے یہ لازم ہوگا۔ کہ ہم اپنی زرعی دولت کے ذخائر کو محفوظ کریں اور اپنی ضروریات کو کم کریں اور اس کو ضائع ہونے سے بچائیں۔ یہ ضروری نہیں کہ اسی طور پر کنٹرول ہو جیسا کہ اس وقت رائج ہے۔ لیکن کسی نہ کسی طریق سے کنٹرول کرنے ہمارے لئے اپنی زرعی دولت کی حفاظت لازمی ہے۔ ہمارے پاس یہی ایک bartering counter ہے اور یہی ہماری سب سے بڑی دولت ہے جسے بیچ کر ہم اپنی تمام وہ ضروریات حاصل کر سکتے ہیں۔ جو ترقی کرنے والی قوموں کے لئے لازمی ہیں۔ اور جو ہمارے ملک میں نہیں ہوتیں بلکہ وہ باہر کے ممالک سے آتی ہیں۔ ان سے مجھے امید ہی نہیں بلکہ یقین ہے کہ ان تمام امور کے پیش نظر آنریبل ممبر صاحبان مجھ سے اس بات میں اتفاق کریں گے۔ کہ موجودہ حالات میں کنٹرول کو ہٹانا ناممکن ہے۔ لیکن اس کے ساتھ ہی میں ان کی خدمت میں یہ واضح کر دینا چاہتا ہوں کہ جب ہم ان حالات سے گذر جائیں گے اور موجودہ سال کی مشکلات پر غالب آ جائیں گے۔ اور جو کمی اس وقت فوری طور پر ہے۔ اسے پورا کر لیں گے۔ پھر موقع آئے گا کہ ہم اس سوال پر از سر نو غور کریں۔ کہ آیا ہماری پیداوار کی نئی حالت زیادہ استوار ہے یا نہیں۔ وہ موقع ہوگا۔ اس پالیسی پر دوبارہ غور کرنے کا۔ مجھے یقین ہے کہ آئندہ سال اگر یہ وزارت قائم رہی تو اس اسمبلی کو موقع دیا جائے گا۔ کہ وہ کنٹرول کی پالیسی پر از سر نو غور کرے۔ جناب والا آپ کو معلوم ہے۔ کہ ہندوستان میں انہوں نے کنٹرول کی پالیسی کے متعلق کہا تو یہ ہے کہ اسے اڑا دیا گیا ہے۔ لیکن اگر غور سے دیکھا جائے۔ کہ انہوں نے کیا کیا ہے تو ہمیں معلوم ہو جائے گا۔ کہ انہوں نے صرف ان چیزوں پر سے کنٹرول ہٹایا ہے۔ جن کی بہم رسانی وہاں زیادہ سے زیادہ کا ہے ورنہ وہاں بھی اجناس خوردنی پر کنٹرول اسی طرح قائم ہے۔ انہوں نے اپنے بیان میں کہا ہے:۔

"The policy of control should be reconsidered and controls should be limited in their application as far as it is possible."

مگر ساتھ ہی ساتھ ان کی basic economy یہ ہے کہ جہاں تک اشیاء خوردنی کا تعلق ہے۔ دو سال تک کنٹرول کے اڑانے کے متعلق سوچا بھی نہیں جا سکتا۔ چنانچہ ہمیں بھی ان حالات میں کنٹرول کو اڑانے کے متعلق بالکل خیال نہیں کرنا چاہیئے۔ یہ کچھ تو کنٹرول کے ہٹائے جانے کے متعلق تھا۔ اور مجھے افسوس ہے۔ کہ میں نے ہاؤس کا اتنا وقت لیا

اب اخیر میں میں ایک اور بات کی طرف آتا ہوں اور وہ ہے گڑ کے متعلق۔ اس ہاؤس کے اندر اور اس کے باہر بھی اس امر کی سخت مخالفت کی گئی ہے۔ کہ گڑ پر کیوں کنٹرول ہے۔ میں اس کے متعلق ساری پوزیشن آپکے سامنے رکھ دینا چاہتا ہوں۔ جہاں تک چینی کا تعلق ہے۔ اس پر کنٹرول ہے اور کنٹرول رہنا ضروری ہے۔ ہمیں اپنی ضروریات کے لئے ایک لاکھ اور انیس ہزار ٹن چینی درکار ہے۔ ہمارے پاکستان میں راہوالی فیکٹری سے زیادہ سے زیادہ تین ہزار ٹن چینی پیدا ہوتی ہے اب اس میں ایک لاکھ اور ۱۵ ہزار ٹن کی کمی ہے۔ آپ کو معلوم ہے کہ چینی باہر سے آتی ہے۔ یہ کیوبا سے آتی ہے۔ یا ہندستان سے آج کل ڈالر ایکسچینج اور سٹرلنگ بیلنس کا زمانہ ہے۔ اور کوئی پرائیویٹ اشخاص تجارت وغیرہ نہیں کر سکتے آج اسے گورنمنٹ لیول پر ہی خریدا جا سکتا ہے۔ چونکہ یہاں کھانڈ کی کمی ہے۔ اس لئے اس کے ساتھ کنٹرول کا سلسلہ موجود رہیگا۔ اور وہ دوسرے لوازمات بھی موجود رہینگے۔ جو کہ اقتصادی سائنس کی نگاہ میں کنٹرول کے لئے لازمی ہیں۔ مگر جہاں تک گڑ کا تعلق ہے۔ ہمارے ہاں ہے۔ تو اس میں کمی سکین جہاں تک صوبہ مغربی پنجاب کا تعلق ہے۔ یہاں نیارہ سے نیارہ گڑ پیدا ہوتا ہے مگر باقی پاکستان میں وہ کم پیدا ہوتا ہے۔ مغربی پاکستان میں گڑ کی اتنی زیادہ کمی نہیں ہے۔ کیونکہ صوبہ سرحد میں گڑ بہت کثرت سے پیدا ہوتا ہے جناب والا ہم نے گڑ پر بحیثیت گڑ کوئی کنٹرول عائد نہیں کیا ہوا۔ یہ ایک غلط فہمی ہے۔ کہ گڑ کی نقل و حرکت پر تمام پنجاب میں پابندی عائد ہے۔ ایسا نہیں ہے۔ یہ پابندی صرف چار اضلاع میں لگائی گئی ہے رانا عبدالحمید صاحب نے یہ کہا تھا کہ منٹگمری میں گڑ پر پابندی عائد ہے اگر وہاں ایسا ہے تو یہ غلط ہے۔ ایسا قطعاً نہیں ہونا چاہیئے۔ اگر وہ اس چیز کو میرے نوٹس میں لائیں تو میں حکم جاری کر دوں گا۔ کہ وہاں اس پر کوئی پابندی عائد نہ کی جائے۔ گڑ کے ایک جگہ سے دوسری جگہ لے جانے پر ۴ اضلاع کی استثناء سے اور کہیں کوئی پابندی نہیں ہے۔ مگر گڑ مغربی پنجاب سے باہر نہیں جا سکتا۔ جیسا کہ کئی اور چیزیں ہیں۔ جو یہاں سے باہر نہیں لے جائی جا سکتیں۔ کیونکہ وہ صوبہ کی ضروریات سے کم ہیں۔ جناب والا اب سوال یہ ہے۔ کہ گڑ پر

پابندی کیوں لگائی گئی - اس پر یہ پابندی صرف راہوالی فیکٹری کو چلانے کے لئے لگائی گئی ہے - تمام مغربی پنجاب میں صرف ایک شوگر (چینی) بنانے والی فیکٹری ہے - یہ اعتراض کیا جا سکتا ہے - کہ جہاں ایک لاکھ ۱۸ ہزار ٹن کی کمی ہو - وہاں صرف تین ہزار ٹن چینی پیدا کرنے کے لئے یہ تمام انتظامات کرنے کیوں ضروری ہیں - جہاں ایک لاکھ ۱۸ ہزار ٹن کے بغیر گذارہ ہو سکتا ہے - وہاں ایک لاکھ ۱۸ ہزار ٹن کے بغیر بھی ہو سکتا ہے - یہ درست ہے - لیکن ہماری عرض یہ ہے - کہ سپلائی کے جو تھوڑے سے ذریعے ہمارے پاس ہیں ہمیں ان کو محفوظ کرنے کی کوشش کرنی چاہیئے - ہمیں چینی کی ضرورت ہے لیکن زیادہ ضرورت ہمیں اس کے by products کی ہے - راہوالی فیکٹری سے ہمیں سپرٹ اور molasus حاصل ہوتی ہیں - جو ہماری میڈیکل اور انڈسٹریل ضرورت کے لئے نہایت لازمی ہیں - سپرٹ ملتا نہیں باہر سے آتا نہیں - اب راہوالی فیکٹری کے چلنے سے جو بائی پروڈکشن حاصل ہوں گے - ان سے پاکستان کی کچھ نہ کچھ ضروریات پوری ہو جائیں گی - اس فیکٹری کو اب حکومت چلا رہی ہے - اور وہ پہلی دفعہ تین شفٹوں میں چل رہی ہے - اور وہاں اس قدر زور شور سے کام ہو رہا ہے - کہ پہلے کبھی اس فیکٹری میں ایسا کام نہیں ہوا - اس فیکٹری کے جو پہلے مالک تھے - وہ اسے کچھ ایسے طریق سے چلاتے تھے - جس سے خسارہ دکھایا جا سکے - جہاں پہلے اس کی پیداوار کبھی ۶۰۰ ٹن سے زیادہ نہیں ہوئی تھی - اب یہ تین ہزار ٹن ہے - بلکہ ہم تو اسے تین ہزار سے بھی زیادہ کر کے دکھائیں گے - راہوالی فیکٹری کو شکر سپلائی کرنے کے لئے ہم نے چار اضلاع میں گڑ کے عمل و نقل پر پابندی عائد کی ہوئی ہے - یہ کوئی ایسی بات نہیں جس پر تنقید کی جا سکے کہ یہ ایسی پابندی ہے - جس کی تاریخ میں مثال نہیں ملتی - کیا یہ حقیقت نہیں ہے - کہ جب سے راہوالی فیکٹری بنی ہے - تب سے اب گورنمنٹ چلا رہی ہے - اسی وقت سے ایسی پابندی عائد ہے ؟

اور صرف راہوالی ہی کے اردگرد نہیں - بلکہ تمام ہندوستان میں جہاں کہیں چینی کی فیکٹریاں ہیں - ان کے آس پاس گڑ بنانے اور گڑ کی نقل و حرکت پر پابندیاں عائد ہیں - آپ کو یوپی میں ہر فیکٹری کے اردگرد یہ پابندیاں نظر آئیں گی - حال ہی میں فرنٹیئر میں مشوگر فیکٹریاں بنی ہیں - اور اگرچہ وہ صوبہ گڑ کے لحاظ سے سرپلس ہے پھر بھی گڑ کی نقل و حرکت پر پابندیاں لگا دی گئی ہیں - اور وہاں سے پرمٹ کے بغیر گڑ باہر ہندوستان نہیں بھیجا جا سکتا - اس سے یہ ظاہر ہے کہ راہ والی کے - اردگرد پابندیاں لگانا ضروری تھا - مگر چونکہ اس پر بہت اعتراضات ہوئے ہیں - اس لئے میں نے تمام پروسیجر پر از سر نو غور کیا ہے - اب یہ ہے کہ بعض تحصیلوں سے حکومت پابندی ہٹا سکتی ہے - مگر اضلاع سے نہیں - ضلع لائل پور میں گڑ کی فیکٹریاں

جڑانوالہ اور سمندری کی تحصیلوں سے اور ضلع سیالکوٹ میں شکر گڑھ اور نارووال کی تحصیلوں سے یہ پابندی ہٹا دی جائے گی۔ جہاں تک باقی علاقہ کا تعلق ہے۔ مثلاً سیالکوٹ میں تحصیل ڈسکہ اور لائل پور کی تحصیل لائلپور وہاں یہ پابندی باقی رہے گی۔ اسی طرح ضلع گوجرانوالہ اور ضلع شیخوپورہ میں بھی یہ پابندی باقی رہے گی۔ راہ والی کا کام چلانے کے لئے یہ پابندی باقی رکھنا ضروری ہے۔

جناب والا! اب میں محکمہ سول سپلائی اور کنٹرول وغیرہ کے متعلق کچھ عرض کروں گا۔ میں یہ عرض کرنا ضروری سمجھتا ہوں۔ کہ گورنمنٹ کنٹرول یا State Trading سے کوئی خاص محبت نہیں رکھتی۔ مگر اس وقت کنٹرول اور راشن ہٹانا درست اور مناسب نہیں۔ حالات ایسے ہیں۔ موجودہ صورتمیں لازمی ہے کہ چاول اور گندم پر پورا کنٹرول رکھا جائے۔ اگر ایسا نہ رکھا جائے تو نتیجہ خطرناک ہوگا۔

Mian Muhammad Nurullah : Sir, in exercising my right of reply I must thank the Finance Minister for all the information that he has supplied to us in this House. Sir, I fully agree with him that we must all make full efforts to get wheat out of the people who are storing it. I would also request government and their officials that wherever wheat was stored as abandoned property, it must be looked after properly and brought to the dumps of the government. I do not agree with him in one respect and that is that to supply a short quantity of spirit in the country why should so many zamindars suffer on account of a fall in the price of gur. He has not told us how much spirit is required. Why should people suffer in lakhs worth of our produce. I do want to get an explanation from the Finance Minister on one point. On page 791 an expenditure is shown for which the demand has been made and we are asked to sanction the sum of Rs. 93,10,900. Will he kindly look on the next few pages: the total of expenditure is shown to be about 14 lacs. Deducting 14,87,679 out of a total of 93,10,900 you get a figure of Rs. 78,23,221. There is no detail given for which you want our sanction. The Hon'ble Minister may state on which page the purpose is mentioned for which this sum is going to be used, whether it will be used on some land or the staff of the departments. I shall withdraw my cut motion on receiving a satisfactory reply from the Hon'ble Minister.

وزیر خزانہ (آنریبل میاں ممتاز محمد خاں دولتانہ) : جناب والا! میرے خیال میں میاں صاحب نے یہ سوال عام بحث کے دوران میں بھی اٹھایا تھا۔ جناب والا! میں نے ان کی خدمت میں عرض کیا تھا کہ ۹۱,۳۸,۰۰۰ روپے کی جو یہ رقم ہے۔ یہ صرف اندازہ ہے۔ کہ حکومت کو غلہ خریدنے کے لئے اس قدر رقم صرف کرنی پڑے گی۔ ورنہ اس میں نقصان کا کوئی اندیشہ نہیں۔ سال

کے شروع میں یہ اندازہ لگایا جاتا ہے - کہ اس قدر رقم گندم وغیرہ کی خرید پر صرف کی جائے گی - اور سال کے اخیر میں اس قدر رقم وصول ہوگی یہ تمام رقم ۹۱ لاکھ گورنمنٹ ادا نہیں کرتی - بحیثیت مجموعی ہم اس محکمہ کو اس طرح چلاتے ہیں کہ نہ نفع ہو اور نہ نقصان - پوزیشن یہ ہے کہ محکمہ خوراک کے اخراجات کے لئے حکومت صوبہ کے خزانہ سے ایک پائی تک نہیں دیتی - جہاں تک اس بات کا تعلق ہے - کہ ملخص کیوں دیا گیا ہے - پوری تفاصیل کیوں نہیں دی گئیں - یہ گذارش ہے کہ سال کے آخر میں ایک ایک چیز کی پوری تفصیل آپ کی خدمت میں پیش کر دی جاتی ہے -

Mr. Speaker : Demand under consideration, motion moved is—

" That the total demand be reduced by Re. 1."

The motion was lost.

Mr. Speaker : The question is—

" That a sum not exceeding Rs. 93,10,900 be granted to the Governor to defray the charges that will come in course of payment for the period from 15th August 1947 to 31st March 1948, in respect of Provincial Schemes of State Trading (Capital)."

The motion was carried.

LAND REVENUE.

Minister of Finance (The Hon'ble Mian Mumtaz Muhammad Khan Daultana) : Sir, I beg to move—

" That a sum not exceeding Rs. 39,62,900 be granted to the Governor to defray the charges that will come in course of payment for the period from 15th August 1947 to 31st March 1948, in respect of Land Revenue."

Mr. Speaker : The motion moved is—

" That a sum not exceeding Rs. 39,62,900 be granted to the Governor to defray the charges that will come in course of payment for the period from 15th August 1947 to 31st March 1948 in respect of Land Revenue.

Diwan Bahadur S. P. Singha (West Central Punjab, Pakistani Christian) : Sir, I beg to move—

" That the item of 1,66,880 on account of Land Revenue—A—Charges of Administration (Voted) be reduced by Rs. 1000."

دیوان بہادر ایس پی سنگھا :-

حضور والا ! آنریبل وزیر خزانہ میاں ممتاز محمد خاں دولتانہ نے حال ہی میں ایک بیان دیا ہے جس میں اقلیتوں کے تحفظ کے متعلق یہ شاندار الفاظ ہیں :-

" A happy and dignified life to our minorities who are our first responsibility before God and man."

اگر میں اس قسم کے بیانات اور (assurance) وعدوں کے باوجود کوئی رونا روؤں تو اسے نکتہ چینی نہیں سمجھنا چاہیئے - اور نہ ہی میری باتوں سے کوئی غلط فہمی پیدا ہونی چاہیئے - کیونکہ میرا نظریہ بادنیٰ تغیر غالب کے اس شعر سے واضح ہو سکتا ہے:-

منظور ہے گذارشِ احوالِ واقعی
"مدِ نظر کسی کی - شکایت نہیں مجھے"

حضورِ والا ! اگرچہ اس قسم کے اظہارِ خیال سے مجھے شرم تو ضرور محسوس ہوتی ہے تاہم اپنے فرض کے پیشِ نظر جو کچھ پیش کروں - اُسے محض شکایت پر ہی محمول نہ کیا جاوے - کیونکہ میں تو اسے ایک گھریلو شکوہ سمجھ کر پیش کر رہا ہوں - گھریلو زندگی میں جیسا کہ آپ کو معلوم ہے - اگر خاندان کا فردِ اعلیٰ بچوں میں کوئی چیز تقسیم کرتے وقت کسی کو زیادہ اور کسی کو کم دے دے تو جس طرح بچوں میں پورا حصہ لینے کے لئے بیتابی اور بے چینی پیدا ہو جاتی ہے - بعینہٖ ہمارے فرقے کی یہی حالت ہے - اس میں آپ کا یا ہمارا کوئی قصور نہیں - یہ اس انقلابی زمانے کے نتائج ہیں - حضورِ والا ذرا غور فرمایئے کہ ان سکھوں نے کیا حماقت کی ہے - کہ سالہا سال اس صوبہ میں بسر کرنے کے بعد یک لخت اسے چھوڑ دیا - اور ہمارے لئے مصیبت کا پہاڑ کھڑا کر دیا - ہمارے فرقے کی تفصیلات شاید حکومت کو بہتر طور پر معلوم ہوں - مگر ہمارا اندازہ یہ ہے - کہ صوبہ ہذا میں ہمارے ساٹھ ۶۰۰۰۰ ہزار خاندان یعنی دو لاکھ سے زیادہ افراد ایسے ہیں - جو سکھوں کے "سیپی یا آکھڑی" تھے - مگر گڑبڑ کی وجہ سے اب بے گھر ہو گئے ہیں - ان میں سے بعض تو حصے پر کاشت کرتے ہیں - جن کے پاس اپنے مویشی تھے وہ نصف نصف پر اور اسی طرح جن کے پاس ایک یا دو ہل تھے - یا اپنے مویشی نہ تھے - وہ بھی مناسب شرائط کے ماتحت کام کیا کرتے تھے - چنانچہ کسی کو پیداوار کا چھٹا حصہ اور کسی کو چوتھائی اور کسی کو ایک تہائی ملتا تھا - بعض آکھڑی پر بھی کاشت کرتے تھے - غرضیکہ کاشتکاری کے ذریعہ یہ لوگ اپنی گذراوقات کرتے تھے -

حضورِ والا - سکھوں کے چلے جانے کے بعد انہوں نے اپنے مالکوں کی زمین سنبھال لیں - اور پاکستان کو بہت دعائیں دیں -

لیکن بکری کی ماں کب تک خیر منائے گی - اُن کی آنکھیں جلد ہی کھل گئیں مہاجرین کی آمد پر زمین ان کو تقسیم ہونی شروع ہو گئی - ایک خاندان کو چھ سے لے کر آٹھ تک زمین دی گئی ہے - مگر یہ لوگ جو پہلے سکھوں کی زمین پر آباد تھے - اور بڑی مشکل سے اپنا گذارا کرتے تھے - تقسیم مذکور کے سلسلے میں بالکل نظر انداز کئے گئے ہیں - اور تھوڑی بہت زمین جو اُن کے پاس موجود تھی - وہ بھی مہاجرین کو دے دی گئی ہے - مہاجرین کے

پاس زمین اتنی کم ہے۔ کہ کھیتی باڑی میں مددگاروں کی ضرورت نہیں اب وہ بیچارے مسلیحی جو عرصہ دراز سے زمینوں پر آباد تھے۔ اور کاشتکاری کرتے تھے۔ مہاجرین کی بحالی کے سلسلے میں بالکل بے کار ہو گئے ہیں۔ ان کے لئے نہ تو کوئی گزارہ کی صورت ہے۔ اور نہ ہی کوئی پُرسانِ حال ہے۔ انہوں نے جو فصلیں گڑ بڑ سے پہلے کاشت کی ہوئی تھیں۔ اُن میں سے بھی انہیں کوئی حصہ نہیں دیا گیا۔ اور حکومت کے اہل کاروں نے اُن فصلوں کی فروخت سے وصول شدہ رقم یا تو بیت المال وغیرہ میں دیدی یا مہاجرین کو تقسیم کر دی۔ مگر جب میں یہ چیز آخر ان کے نوٹس میں لایا۔ تو انہوں نے فوراً حکم جاری کر دیئے۔ کہ جن کھیتوں میں عیسائی کاشتکاروں نے ہل جوتا تھا۔ ان میں انکا حصہ قائم ہے۔ اور وہ انہیں ضرور ملے گا۔ افسروں کے اس رویہ نے میری بڑی حوصلہ افزائی کی۔ اور میں اُن کی اس دادرسی پر بہت خوش ہوا۔ اسی سلسلہ میں انہوں نے یہ بھی حکم جاری کیا کہ جن پختہ فصلوں کو نیلام کیا جاوے۔ ان میں بھی عیسائیوں کا مناسب حصہ ویسے کا ویسا ہی قائم رہے۔ خیر یہ اصول طے ہو جانے پر میرے فرقہ کے لوگ بہت خوش ہوئے۔ بعض اب بھی حصہ کے لئے روتے ہیں۔ خاص کر نیلامی کے سلسلے میں لیکن دادرسی ہم رہی ہے۔ سو ہمیں کوئی خاص شکایت نہیں۔

لیکن حضورِ والا اسی ضمن میں ایک خاص چیز جو پیدا ہوتی ہے۔ وہ یہ ہے۔ آخر یہ فصلیں اور یہ تھوڑا بہت روپیہ کب تک ان کے لئے کافی ہوگا۔ دیکھنا تو یہ ہے۔ کہ اس کے ختم ہونے پر کیا ہوگا۔ اور ان غریبوں کا کیا بنے گا۔ اس وقت یہ ہی ایک مسئلہ ہے۔ جو ہماری توجہ کا مرکز بنا ہوا ہے۔ لہذا میری گذارش ہے۔ کہ اس معاملہ کی طرف فی الفور توجہ دی جائے۔ میں سمجھتا ہوں کہ ایوان ہذا کو بالعموم اور حکومت کو بالخصوص اس حقیقت سے آنکھیں بند نہیں کرنی چاہئیں۔ اس کا فیصلہ جلد از جلد کرنا ہوگا۔ اگر اس وقت آپ اس کی طرف توجہ نہ دیں گے تو آپ خود ہی فرمائیں گے کہ وہ لوگ اپنے بال بچوں سمیت کیا کریں۔ اور کہاں سے کھائیں۔ یا تو آپ صاف جواب دے دیں اور کہہ دیں کہ فی الحال ان کے لئے کچھ نہیں ہو سکتا۔ اس حالت میں ہمارے لئے دو ہی صورتیں ہو سکتی ہیں۔ یا تو گڑھے کھود کر ان کو زندہ دفن کر دیں۔ یا کھانے پہننے اور رہائش کی کوئی سبیل نہ ہونے کی بنا پر انہیں مہاجرین کے کیمپوں میں بھیج دیں۔

حضورِ والا۔ ایک اور اہم بات جس کی طرف میں آپ کی توجہ مبذول کرانا چاہتا ہوں۔ یہ ہے کہ بعض لوگ یہ سوچ رہے ہیں کہ ان عیسائیوں کو بھی کسی نہ کسی طرح ہندوؤں اور سکھوں کی طرح بھگا دیا جائے۔ مگر میں

انہیں آگاہ کر دوں کہ ایسے لوگ اپنے ناپاک ارادوں میں ہرگز کامیاب نہ ہو سکیں گے۔ ہم پاکستانی ہیں۔ ہم کسی حالت میں بھی پاکستان چھوڑ چھوڑ کر نہیں جائیں گے۔ ہم بنئے کے بچے نہیں ہیں۔ جو ایسی گیدڑ بھبکیوں سے ڈر جائیں ہم نے قائداعظم کی دعوت پر پاکستان قبول کیا ہے۔ ہم پنجابی ہیں۔ اور ہرگز بھاگنے والے نہیں ہیں۔ ہم اس وزارت کے رحم پر یا اس ایوان کے بھروسہ پر نہیں بلکہ اسلام کے رحم اور بھروسہ پر بیٹھے ہوئے ہیں (تالیاں) اس لئے ہمیں یقین واثق ہے۔ کہ ہماری تکلیفیں عارضی ہیں۔

حضور والا! ہندوستان میں کہا جاتا ہے۔ کہ یہ جمہوری حکومت (Democratic Government) ہوگی۔ مگر ہم جانتے ہیں کہ جمہوریت (Democracy) میں اکثریت ہمیشہ اقلیت کے ساتھ بے انصافی کرتی ہے تاہم ذرا ہندوستان کی حالت ملاحظہ فرمایئے۔ یہ چیز بطور مقابلہ پیش نہیں کر رہا بلکہ حقائق سے آپ کو آگاہ کر رہا ہوں۔ اس وقت ہندوستان میں ہمارے فرقے کے دو وزیر مرکزی حکومت (Central Govt.) میں ہیں۔ مرکزی اسمبلی کا نائب صدر بھی مسیحی ہے۔ دو وزیر ایک صوبہ میں ہیں۔ ایک صوبہ میں ایک مسیحی سپیکر (Speaker) ہے۔ کئی ایک پارلیمنٹری سیکرٹری (Parliamentary Secretaries) ہیں دو صوبوں میں مسیحی گورنر مقرر ہونے کی خبر گرم ہے۔ ایک صوبہ میں مسیحی گورنر جانشیں ہو چکا ہے۔ ہم ایسے عہدوں کے بغیر ہی خوش ہیں۔ ہم جانتے ہیں کہ وہاں دکھاوے کا معاملہ ہے اور یہاں دیر آید درست آید کا مسئلہ (آوازیں۔ شور) وہاں پروپیگنڈا (propaganda) ہو رہا ہے۔ کہ ہم اقلیتوں کو بہت سی رعایات دے رہے ہیں۔ یہ تو محض دنیا کو دکھانے کے لئے ہے۔ جب وہاں جمہوریت جاری ہو گئی۔ تو اقلیتوں کو آٹا دال کا بھاؤ معلوم ہو جائے گا۔ پاکستان اس قسم کی جمہوریت کا دعویٰ ہی نہیں کرتا۔ یہ اسلامی حکومت ہے اور اسلام کی رُو سے اقلیتوں کو راضی رکھنا مذہبی فرض ہے۔

جناب والا۔ میں اپنے گذشتہ دوروں میں اس بات پر خاص زور دیتا رہا ہوں۔ کہ ہر مسیحی شہری ایم۔ ایل۔ اے اور افسر کو یہ بات ذہن نشین کر لینی چاہیئے۔ کہ پاکستان ایک اسلامی ریاست ہے۔ اس اسلامی ریاست کی برقراری کے لئے ہم پر بھی کئی فرائض عائد ہوتے ہیں۔ اس حکومت کا کوئی عہدہ دار ایوان ہذا کا کوئی ممبر یا حکومت کی مشینری کا کوئی افسر جو اس نظریہ کو قبول کر کے اس سلطنت کے استحکام اور مضبوطی کے لئے کوشش کرتا ہے۔ وہ تو بیشک اس سرزمین پر زندگی بسر کرنے کا مستحق ہے۔ مگر جو شخص اس نظریہ کو قبول کرنے کے لئے تیار نہ ہو۔ تو اُسے چاہیئے۔ کہ جتنی جلدی ہو سکے۔ یہاں سے چلا جائے۔ یہاں وہی شخص رہ سکتا ہے۔ جو اس ملک کی پرورش کے لئے مسلمانوں کے ساتھ شانہ بشانہ چلنے کے لئے تیار ہو۔ میں جانتا

ہوں - اور غریب سے غریب مسیحی بھی جانتا ہے - کہ اگر واقعی یہ اسلامی ریاست ہے - تو یہاں ہمارے حقوق کی حفاظت کی جائے گی - اور ہمیں بہت سی رعایات دی جائیں گی - ورنہ میں سمجھتا ہوں - کہ یہ اسلامی ریاست کہلانے کی ہرگز مستحق نہیں -

حضور ہمیں بھروسہ اس بات کا ہے - کہ اگر یہ وزارت انصاف نہ کریگی تو دوسری وزارت آجائے گی - اور میں اپنے وزراء صاحبان اور اس ایوان کو آگاہ کر دوں - کہ اگر آپ اسلام کے احکام پر عمل نہیں کرتے اور اسلامی روایات کے پابند نہیں ہیں تو اسلام آپکو ٹھکرا دے گا - میں سمجھتا ہوں کہ اسلامی روایات ہی ایک ایسا ذریعہ ہے - جن پر کاربند رہ کر آپ اس حکومت کے استحکام کا باعث ہو سکتے ہیں - ورنہ پاکستان زندہ نہیں رہ سکتا - اور پاکستان حاصل کرنے کا raison detre یعنی مدعا ہی زائل ہو جاتا ہے - لہذا اگر اس خیال کو مدنظر نہ رکھا جائے - کہ یہاں اسلامی اصولوں کے ماتحت تمام اقلیتوں کے ساتھ انصاف ہوگا - تو میں سمجھوں گا - کہ یہاں اسلام صرف برائے نام ہی رہ گیا ہے - اس کی عملی صورت خواب و خیال ہو چکی ہے -

چنانچہ قائد اعظم نے ان تمام اسلامی روایات کا خیال رکھتے ہوئے ہی مجھے فرمایا تھا کہ The day will come when the Christians of Pakistan will bless the day they chose to be Pakistanies.

لہذا میں اس خیال کے پیش نظر کہ مسیحیوں کو اس قابل بنایا جائے - کہ وہ پاکستان کی خدمت کرنے کے قابل ہو سکیں - یہ عرض کروں گا - کہ سٹیٹ کی مضبوطی کے واسطے اس کمزور کڑی کو مضبوط کرنے کی کوشش کی جائے - جس طرح ایک زنجیر میں کئی کڑیاں ہوتی ہیں - اور ہر کڑی دوسری کڑی سے وابستہ ہوتی ہے - اور ایک کڑی کمزور ہو - تو زنجیر کے ٹوٹ جانے کا اندیشہ ہوتا ہے - اسی طرح مسیحی بھی آپ کی سٹیٹ کی زنجیر کی ایک کڑی ہیں اور سٹیٹ کی زنجیر کے ساتھ منسلک ہیں - اگر اس کمزور کڑی کو مضبوط نہ بنایا گیا - تو پاکستان کی زنجیر کمزور رہ جائے گی - لہذا آپ کا یہ فرض ہے - کہ پاکستان کی زنجیر کی اس کمزور کڑی کو مضبوط بنائیں - مسیحی جماعت کو liability نہیں asset بنانا آپ کے ہاتھ میں ہے - جہاں تک اپنے ملک اور اپنی سٹیٹ سے وفاداری کرنے کا تعلق ہے - میں عرض کرونگا کہ ہمارے گاؤں میں رہنے والے مسیحی جنہیں میرے زمیندار بھائی خود جانتے ہیں - وہ یہ بھی جانتے ہیں - کہ گو وہ عاجز طبیعت رکھتے ہیں لیکن وہ بزدل نہیں - اگر ڈانگ اٹھانی پڑے تو خوب چلا سکتے ہیں - اگر انہیں فوج میں بھرتی کیا جائے گا - تو وہ لڑائی میں کسی جنگجو قوم سے کم نہ رہیں گے ہم جنگ میں سب سے پہلی صف میں لڑیں گے - اور اپنے پاکستان کی خاطر دندناتی ہوئی توپوں کے سامنے سب سے پہلے جانے کو تیار ہیں (تالیاں)

آپ ہمیں بھرتی کرنے والے بنیں سہی food for canon. بننے سے بھی ہمیں دریغ نہ ہوگا - لہذا میری گذارش ہے - کہ مسیحوں کو صرف فوج میں ہی نہ بھرتی کیا جائے - بلکہ نیشنل گارڈ میں بھی بھرتی کیا جائے - اس طرح ہم لوگ ترقی کرنے کے ساتھ ساتھ اچھے پاکستانی بنیں گے - اور ملک کی زیادہ خدمت کر سکیں گے نیشنل گارڈ یوں تو سب پاکستانیوں کے لئے کھلا ہے - لیکن مسیحوں کو شامل کرنے کی کوئی کوشش نہیں کی جا رہی -

جس وقت میں مسیحی دیہاتیوں کی مشکل کا یہ مسئلہ شروع ہوا اس وقت میں نے جا کر مسٹر معین الدین ری - ہبلی ٹیشن کمشنر سے بات چیت کی - اور مجھے یہ کہتے ہوئے خوشی ہوتی ہے - کہ انہوں نے میری بات بڑی ہمدردی کے ساتھ سنی مگر کہا کہ اس بارے میں ان پر کوئی قانونی پابندی (legal obligation) عائد نہیں ہوتی - میں نے کہا ٹھیک ہے - قانونی پابندی اگر عائد نہیں ہوتی تو کیا یہ اخلاقی پابندی (moral obligation) بھی عائد نہیں ہوتی - کہ ان مسیحی مزارعین کی امداد کے لئے کچھ کیا جائے - جن کے مالکان زمیندار چلے گئے ہیں اور وہ تکلیف اور مشکل میں گرفتار ہیں - انہوں نے مجھ سے اتفاق کیا - اور اپنی سفارش نوٹ کر کے میری چٹھی رفیوجی منسٹر صاحب کے سامنے پیش کر دی - انہوں نے حکم دیا - Every thing possible should be done for these Christians

تو پھر حضور والا یہ کاغذات وزیر مالیہ کی (concurrance) اظہار حاصل کرنے کے لئے بھیجے گئے - میں فنانشل کمشنر مسٹر اختر حسین سے ملا - انہوں نے کہا تجویز واقعی بڑی واجب ہے - میں نے کہا اگر آپ اس بارے میں امداد دینے کے لئے تیار ہیں - تو ان غریبوں کو چار چار کلے زمین دے دی - مہاجرین مہاجرین کو آٹھ دیتے ہو چلو ہمیں چار دے دو - انہوں نے کہا کہ میرے خیال میں ان کا تین کلے زمین میں گزارہ ہو جائے گا - کیونکہ وہ کچھ مزدوری سے بھی کما لیتے ہیں - لحاظ انہوں نے اپنی سفارش لکھ کر کاغذات وزیر مالیہ کو بھیج دیئے - مجھے یاد ہے میں جب آنریبل وزیر مالیہ سے عید کے روز ملا - اور مبارک دی تو انہوں نے فرمایا میں آپ کو آج عید کا یہ تحفہ دیتا ہوں کہ میں نے مسیحی مسیلوں کو تین یا چار کلے زمین دینے کا حکم صادر کر دیا ہے لیکن جب افسران ضلع کو یہ حکم نہ پہنچا - تو میں نے سکرٹیریٹ میں دوڑ دھوپ شروع کی - بہت سر پٹکا - کاغذات کا کچھ پتہ نہ چلا - وزیر صاحب کہیں حکم پاس کر دیا ہے - کاغذ نیچے بھیج دیئے گئے نہیں فنانشل کمشنر اور ری ہبلی ٹیشن کمشنر کہیں کہ کاغذات واپس پہنچے نہیں - اس چکر میں وقت گزر گیا ہے - گورنر صاحب نے دریافت فرمایا - کہ ان دیہاتی مسیحوں کے لئے کیا ہو رہا ہے - لیکن پھر بھی فائل کا سراغ نہ ملا - اگر کوئی یہ کہے کہ فائل تب نمودار ہو گی - جب زمینیں ختم ہو جائیں گی - تو کیا وہ حق

بجانب نہ ہوگا؛ ہم اپنا پاکستانی حق مانگ رہے ہیں - کوئی سودا نہیں کر رہے - اگر مہاجرین کو آدھی روٹی مل رہی ہے - ہم چپہ پر گذارا کرنے کو تیار ہیں - اگر یہ بھی نہیں دینی - صاف کہدیں - ہیر پھیر کی کیا ضرورت ہے - علاوہ اس کے میرے پاس ہزاروں مثالیں موجود ہیں جہاں دیہات میں لوگ اپنی زمینیں چھوڑ کر بھاگ گئے - اور مسیحیوں سے کہا گیا - کہ ان زمینوں کی رکھوالی کرنے والے موجود نہیں - تم ان کی رکھوالی کرو اور کسی نہ کسی طرح سے فصل بھی تیار کر لو - کیونکہ اگر فصل نہ ہوئی تو پاکستان کو نقصان ہوگا - کئی فصلوں کو پانی نہ دیا گیا تھا - مسیحیوں نے پانی دیا - کئی فصلیں رکھوالی نہ ہونے سے خراب ہو رہی تھیں - انہوں نے ان کی رکھوالی کی - یہ سب ان مسیحی لوگوں نے کیا - جو وہاں کے رہنے والے تھے - ان سے شروع شروع میں یہ کہا گیا - کہ تمہیں معاوضہ دیں گے تم پوری کوشش سے کام کرو - اور اس بات کا خیال رکھو - کہ پاکستان کی فصل خراب نہ ہونے پائے - انہوں نے جان ماری - پاکستان کی فصل کو بچا لیا - مگر آج انہیں نکال دیا گیا ہے - اور انہیں حصہ چھوڑ ایک مولی توڑنے کی بھی اجازت نہیں - یہی نہیں بلکہ کئی جگہوں پر ایسا بھی ہوا ہے - کہ شروع شروع میں مسیحی جماعتوں سے کہا گیا - کہ تم سرکاری مویشیوں کی پرورش کرو - جو زمین ہے - اس پر ان کو چراؤ اور انکی رکھوالی کرو - اب جب وہ مسیحی کہتے ہیں کہ ہمیں اس کا معاوضہ دو تو کہا جاتا ہے - کہ معاوضہ دینے کا حکم نہیں ہوا - اور ہمیں یہ بھی نہیں بتایا گیا - کہ ہم کس صیغے سے تمہیں معاوضہ دیں - میں نے جیسا کہ عرض کیا ہے - بیشتر جگہوں پر ایسا ہوا ہے کہ زمین خالی پڑی تھی - حکم ہوا اسے کاشت کرو - معاوضہ ملے گا - مسیحیوں نے کاشت کی - اب حضور والا - فصل کھڑی ہے - حکم ہوتا ہے کہ انہیں نکالو وہاں سے - اب بتائیے وہ کیا کریں - کس سے داد فریاد کریں - کس دیوار سے سر پھوڑ لیں - ابھی تین چار دن کا واقعہ ہے - میرے پاس ایک گاؤں سے پادری صاحب آئے - اور انہوں نے مجھے بتایا - کہ ایک کنوئیں میں ایک پٹواری نے بسایا - کوئی تیس ایکڑ زمین تھی - اور بائیس خاندان تھے - افسر مال نے بھی انہیں یہاں کی کھیتی کرتے دیکھا - ٹھیک سمجھا - انہیں کہا گیا - کہ جو حصہ مالک کا ہوتا ہے - وہ پناہ گزینوں کو دو - اس حساب سے کام چل رہا تھا - کہ اچانک ایک مہاجر جس کا رشتہ دار لاہور کا ایک طاقتور زمیندار تھا - تحصیلدار کو ساتھ لے آیا - چار پانچ مسیحی چارہ کاٹ رہے تھے اور پناہ گزینوں سے حصہ بانٹ رہے تھے - ان پر ڈنڈے برسنے شروع ہو گئے - اور انہیں کہا گیا - کہ ان کا اس زمین پر کوئی حق نہیں - تھانہ میں رپورٹ لکھائی - کہا گیا کہ میڈیکل رپورٹ لاؤ - میں نے میڈیکل رپورٹ دیکھی ہے - ایک کی ہڈی ٹوٹ گئی ہے - اب دیکھیں اس غریب کے ساتھ

کیا انصاف ہوتا ہے۔ اسی طرح حضورِ والا۔ مار کٹائی سے جو زمین پر کاشت کر رہے تھے۔ ان مسیحوں کو نکالا جا رہا ہے۔ پولیس بھی غریب مسیحوں کو تنگ کر رہی ہے۔ ان کے گھروں کی تلاشیاں بار بار لی جا رہی ہیں۔ ایک افسر آتا ہے۔ تلاشی لیتا ہے کہتا ہے۔ دو بوریاں کھانے کے لئے رکھو۔ باقی ضبط۔ دوسرا آتا ہے کہتا ہے۔ تمہارے پاس ابھی چوری کا مال ہے۔ وہ برتن کے علاوہ ایک بوری اور اٹھا کر لے جاتا ہے پھر سپیشل سٹاف کی باری آتی ہے۔ وہ کچھ باقی چھوڑتے ہی نہیں۔ اس کا یہ مطلب نہیں کہ یہ ماجرا سب جگہ ہو رہا ہے۔ بہت سے ہمدرد اور شریف افسر بھی ہیں۔ لیکن حضورِ والا یہ حقیقت ہے۔ کہ کئی گاؤں میں ان مسیحوں کے پاس کھانے کے لئے ایک دانہ بھی موجود نہیں ہے۔ علاوہ ازیں جو ذخیرے گورنمنٹ نے بنائے تھے۔ ان ذخیروں کی رکھوالی مسیحوں نے کی تھی۔ اب جب وہ ذخیرے تقسیم ہو رہے ہیں۔ تو ان رکھوالوں کو ایک دانہ بھی نہیں ملتا۔ کہا جاتا ہے یہ صرف پناہ گزینوں کے لئے ہے۔ یہ بیچارے پیسہ اکٹھا کر کے کہیں منجی کسی اور جگہ سے لاتے ہیں۔ وہ راستے میں پکڑے جاتے ہیں۔ وہ بیچارے میرے پاس آتے ہیں۔ میں چٹھیاں لکھ لکھا کر کوئی چارہ کر دیتا ہوں۔ صبح سے شام تک میرا وقت انہیں لوگوں کے کاموں میں گزر جاتا ہے۔ ہماری ایسوسی ایشن کے دفتر میں ہر وقت بیس سے دو سو تک آدمی ایسے ہی چھوٹی چھوٹی باتیں لے کر آتے رہتے ہیں۔ ان کی شکایتوں کا لبِ لباب بھوک بے عزتی اور بے انصافی ہوتا ہے۔ کیا اپنی اقلیت کو جو سچی پاکستانی اقلیت اور وفادار باشندے ہونے کی قسم کھا چکی ہے۔ اتنا (Demoralise) یا پژمردہ کر دینا پاکستان کے لئے فخر کی بات ہو سکتی ہے؟

جنابِ صدر ہمارے وزراء اب تک مصیبتوں کا ایک پہاڑ اپنے کندھے پر اٹھائے پھرے ہیں۔ جو کام انہیں سرانجام دینا پڑا ہے۔ اس وقت جس آفت کا انہیں مقابلہ کرنا پڑا ہے۔ اس کی نظیر تاریخ میں نہیں ملتی۔ ایسے وقت میں ان کا دروازہ کھٹکھٹانا ایک گناہ تھا۔ اور میں ہر جگہ ہر ایک آدمی سے یہی کہتا رہا ہوں۔ کہ ان تکلیفوں میں اُف مت کرو۔ یہ ہماری آزمائش کا وقت ہے۔ یہ ہماری پاکستان سے وفاداری کے امتحان کا وقت ہے۔ اگر ہم اس میں پاس ہو گئے۔ تکلیفوں کو سہہ گئے۔ تو مسلمانوں پر یہ بات روشن ہو جائے گی۔ کہ ہم صرف ووٹ دینے کے نہیں۔ صرف مزے کے لئے نہیں اور اپنے مستقبل کی خاطر نہیں ان کے ساتھی ہیں۔ مصیبت تنگی اور بدبختی میں بھی ان کے ساتھی ہیں۔ ہم مسلمانوں کے ساتھ ان کی تکلیفوں میں واقعی شریک ہیں۔ اور واقعی ہمدردی رکھتے ہیں۔ ابھی کل کا ذکر ہے۔ کہ لاہور ڈویژن کے کمشنر صاحب نے بھی ہماری اس معاملہ میں داد دی ہے

آپ نے ایک بیان میں فرمایا۔ کہ جب انہوں نے ایک جلسہ میں اپیل کی کہ مغربی پنجاب کے عناصر کو چاہیئے۔ کہ کم از کم ایک مہاجر کو اپنے خاندان میں adopt کرے۔ یعنی اس کا پورا ذمہ اٹھالے تو سب سے پہلے دو مسیحی اٹھے۔ جنہوں نے ایک ایک مہاجر خاندان کا ذمہ اٹھانا منظور کیا۔ قائداعظم فنڈ میں بھی ہماری جماعت پورا حصہ لے رہی ہے۔ میں نے اپیل کی ہے کہ اس فنڈ میں ایک لاکھ روپیہ دیا جائے۔ پچاس ساٹھ ہزار دیا جا چکا ہے اور باقی بھی انشاء اللہ پورا کیا جائے گا۔ ہماری تو یہ ایک دمڑی ہے۔ انجیل شریف میں ایک عورت کا ذکر ہے۔ جس نے چندہ میں ایک دمڑی دی تھی۔ اس کی دمڑی سب نذرانوں سے گراں تر تصور ہوئی۔ کیونکہ اس کے پاس وہی دمڑی تھی۔ ہمارے دیہاتی مسیحوں نے بھی جو روپیہ دیا ہے۔ اپنی غریبی میں اور دلی ہمدردی سے دیا ہے۔ ہم جو کچھ کریں گے۔ دل سے کریں گے ہماری ہی بہو بیٹیاں ہیں۔ جو زیادہ تر پاکستان میں نرسز (Nurses) ہیں اور پھر ہسپتالوں میں محنت اور ہمدردی سے زخمیوں کی خدمت کر رہی ہیں۔ ہم نے پناہ گزینوں کو ہر قسم کی امداد دی ہے۔ یہ کوئی نہیں کہہ سکتا ہے۔ کہ مسیحی پاکستان میں خدمت کے لحاظ سے کسی سے کم رہے ہیں۔ سب سے پہلے بلکہ سرکار سے بھی پہلے میں نے قصور میں زخمیوں کی طرف پبلک کی توجہ دلائی اور اپیل کی۔ سب سے پہلے قصور میں مسیحی ڈاکٹر اور nurses پہنچیں۔ لاہور میں میو ہسپتال کے علاوہ مسیحوں نے سب سے پہلا زخمیوں کے لئے ہسپتال کھولا۔ ایک مسیحی کالج تھا جس نے سب سے پہلے کالج کا ہسپتال بنا دیا اور جہاں پروفیسر اور دیگر سٹاف بمعہ خاندان رات دن بیماروں کی خدمت کرتے رہے۔ ایک جگہ نہیں ہر ضلع میں ہماری جماعت اور مشنوں نے خدمت کی ہے۔

حضورِ صدر۔ میں یہ باتیں جتلانے کی خاطر نہیں کہہ رہا۔ میرا مطلب یہ ہے۔ کہ اگر ہم پاکستان سے خوش نہ ہوتے۔ تو یہ محبت کی باتیں نہ کرتے۔ سو جو کچھ میں کہہ رہا ہوں۔ کوئی گلہ سے نہیں ہے۔ میں تو صرف آپ کی توجہ اس طرف دلا رہا ہوں۔ تاکہ آپ کو معلوم ہو جائے کہ مسیحی پاکستانیوں کی ضروریات کیا ہیں۔

حضور والا ایک بجٹ بن گیا ہے۔ اور دوسرا بننے والا ہے۔ میری گزارش یہ ہے کہ مسیحیوں کے لئے بھی کوئی رقم تجویز کر لی جائے۔ میری دوسری گزارش یہ ہے۔ کہ ضرور بر ضرور یہ حکم صادر کر دیا جائے۔ کہ ان کو بھی سہی زمینوں کے لئے حقدار سمجھا جائے۔ اور اگر کسی کو کسی طرح کوئی زمین ملی ہوئی ہے۔ تو وہ اس کے پاس رہنے دی جائے۔ یہ لوگ دیہاتوں کے بھیدی ہیں۔ یہ آپ کو بتا سکتے ہیں۔ کہ فلاں فلاں شخص کو ناجائز طور پر

زمین دی ہوئی ہے۔ اگر وہ اس قسم کا پتہ دیں۔ تو جو زمینیں نکلیں وہ اُن کو دے دی جائیں۔ کئی جگہ مقامی افسر ہمدرد ہوتے ہیں۔ ہماری ضروریات سمجھتے ہیں۔ اگر یہ لوکل افسر ہمیں بھی زمینیں دینا چاہتے ہوں تو اس کی ممانعت نہ ہو۔ انہیں اجازت ہونی چاہیئے کہ ہمیں بھی پناہ گزینوں کی طرح حقدار سمجھیں۔ بہرحال سب کے لئے تو زمین مہیا ہو ہی نہیں سکتی۔ تو ضرور ہے کہ انڈسٹری industries کی تجویز سوچی جائے۔ cottage industries جاری کی جائیں۔ اس دستکاری کے قائم کرنے میں ہم بھی حصہ لیں گے۔ اور سرکار بھی حصہ لے۔ بہتر ہوگا کہ فوراً ایک کمیٹی بنا دی جائے جو اس بات کے متعلق جلد از جلد رپورٹ کرے۔ تاکہ وزیر خزانہ کو معلوم ہو جائے۔ کہ کس قسم کی industries قائم ہو سکتی ہیں۔ اگر یہ ہو جائے تو میرے خیال میں یہ ایک تعمیری چیز ہوگی۔ ان غریبوں کا بھی بھلا اور پاکستان کا بھی بھلا۔ اور حضور! میں سمجھتا ہوں کہ اگر وزیر صاحب یہ حکم جاری کر دیں۔ حضور! وہ باتیں کر رہے ہیں۔ میں پھر دہرائے دیتا ہوں۔ شائد انہوں نے میری تجاویز دھیان سے نہیں سنی۔ میں ان سے گذارش کروں گا۔ کہ ایک نظر ادھر بھی (قہقہہ) تو اگر وزیر صاحب یہ حکم جاری کر دیں۔ کہ جس غریب کے پاس زمین ہے۔ وہ اس کے پاس رہنے دی جائے۔ تو عین نوازش ہوگی۔ دوسرے اگر کوئی فالتو زمینیں نکل سکیں۔ اور انہیں یہ زمینیں دیدی جائیں۔ یہ بھی حکم فوراً جاری ہونا چاہیئے۔ کہ چاول وغیرہ مول لے سکتے ہیں۔ اور جہاں انہوں نے سخت مشقت کی ہے۔ یا جہاں وہ کام کریں۔ تو اس کا انہیں معاوضہ دیا جائے یعنی بیجائی۔ رکھوالی وغیرہ کے لئے۔ اور اگر آپ انہیں زمینیں نہیں دے سکتے۔ تو ان کے لئے cottage industries کا بندوبست کیا جائے۔ اور اس مقصد کے لئے ایک کمیٹی مقرر کیجائے حضور والا! ایک اور ظلم ان لوگوں پر ہوتا ہے۔ جس کی طرف میں حکومت کی توجہ دلانا چاہتا ہوں وہ ظلم ہے بیگار یہ ایک دیرینہ بیماری ہے۔ جو چلی آرہی ہے۔ مرحوم یونینسٹ گورنمنٹ نے بھی کم از کم اتنا تو کیا تھا۔ اور وہ شروع ہوا تھا۔ سر سکندر کے وقت میں جب کہ واقعی شاندار یونیٹ پارٹی تھی۔ تو اس گورنمنٹ نے بیگار روکنے کا حکم دیا۔ بالکل تو نہ رُک سکی لیکن حالات بہت بہتر ہو گئے لیکن اب تو کھلم کھلا لی جا رہی ہے۔ اور ستم یہ ہے۔ کہ بیگار دینے والی صرف یہی ایک نیچی قوم رہ گئی ہے۔ پہلے scheduled caste یعنی اچھوت اس چیز کا خاص شکار تھے۔ وہ اچھوت بھی دیہات میں نہیں رہے۔ وہ commodity جنس بھی اب بہت مہنگی ہو گئی ہے شہروں میں تو ہیں۔ لیکن اکثر دیہاتوں میں ان کا نام و نشان بھی نہیں۔ اب بیگار کے لئے مسیحی رہ گئے ہیں۔ تو میں گذارش کروں گا۔ کہ ایک تو یہ بیگار بند کی جائے۔ اگر افسروں نے کام لینا ہو تو اس میں کوئی تناسب رکھنا چاہیئے۔ مناسب تو یہ ہے کہ جیسے نوکریوں میں مسیحیوں اور اچھوتوں کے لئے پانچ فیصدی مقرر ہے بیگار میں بھی ہمارا حصہ پانچ فیصدی ہونا چاہیئے۔ لیکن ہم کنجوسی نہیں کرتے۔ آدھ آدھ کرنے کو تیار ہیں۔ مسیحیوں اور مسلمانوں میں پچاس فی صدی کی نسبت ہو تو بھی خیر ہے۔ ہم کام دینے کے لئے تیار ہیں۔ لیکن ہمارے ساتھ دوسروں سے

بھی کام لیا جائے۔ صرف ہم لوگوں کو اس کام میں دھکیلتے رہنا پاکستان کو زیبا نہیں دیتا۔

ایک اور شکایت میں نے سنی ہے۔ کہ عیسائی خاکروبی سے انکار کرتے ہیں۔ فوجی Intelligence Branch میں شکایت کی گئی ہے۔ کہ سنگھا صاحب کسی کو مہتر کا کام نہیں کرنے دیتے۔ اور کام کے لئے کسی کو بھرتی نہیں ہونے دیتے۔ اس کے متعلق تو مجھے ایک ہی واقعہ کا علم ہے ڈسٹرکٹ کے قریب ایک جلسہ ہوا تھا۔ وہاں پندرہ بیس ہزار آدمی مسلمان اور مسیحی موجود تھے۔ اس جلسہ میں میں نے پاکستان کے مستقبل پر تقریر کی۔ مسلمانوں نے بھی اور مسیحیوں نے بھی اسے بڑا پسند کیا۔ وہاں مسیحیوں نے مطالبہ کیا کہ اگر ہم پورے پاکستانی ہیں۔ تو ہمیں بھرتی فوج میں ہونے کی آزادی ہونی چاہیئے۔ وہاں ایک جمعدار حاضر تھے۔ وہ کہنے لگے میں بھرتی کے لئے آیا ہوں۔ چٹھی جو ان کے پاس تھی پڑھی گئی۔ تو معلوم ہوا کہ انہیں مہتر درکار ہیں۔ پادری صاحبان اور مسلم لیگ کے کارکن جو سٹیج پر بیٹھے تھے۔ سب کی متفقہ رائے تھی۔ کہ جلسہ میں مہتروں کی بھرتی کا ذکر نہیں کرنا چاہیئے۔ سب زمیندار اور کاشتکار جمع تھے۔ اگر میرے وفاداری کے لیکچر کے بعد مہتروں کی بھرتی کی اپیل ہوتی تو سب کئے کرائے پر پانی پھر جاتا۔ جو کسی اور صیغہ کا بھی ذکر ہوتا تو کوئی بات تھی۔ لیکن ایک ہی صیغہ کے لئے مسیحوں کی تلاش کرنا کوئی ہمت افزا بات نہیں حضور والا! جو یہ کام کرتے ہیں۔ وہ بڑی خوشی سے کئے جائیں۔ لیکن جو یہ کام نہیں کرتے۔ وہ کیسے کریں۔ بہت خاکروب جو یہاں رہتے تھے۔ وہ ملکیت والے ساتھ لے گئے ہیں۔ اور جو یہاں رہتے ہیں۔ وہ یہ کام کیوں نہ کریں گے۔ ان کا تو گزارا اسی پر ہے۔ لیکن اگر کوئی آدمی ہو جو یہ کام کرتا ہو۔ یا اس کے کرنے پر تیار نہ ہو۔ تو وہ کیسے بھرتی ہو۔ یہ غلط بات ہے۔ جو کاشتکار ہیں۔ وہ کاشتکاری کریں گے۔ وہ یہ کام نہیں کرنا چاہتے۔ اور یہ اچھا نہیں کہ ان کو مجبور کیا جائے۔ جناب صدر میں چاہتا ہوں کہ میری تقریر سے کوئی غلط فہمی پیدا نہ ہو۔ میں صاف کر دینا چاہتا ہوں کہ جن دیہاتی مشکلات کو میں نے بیان کیا ہے۔ وہ ان دیہاتیوں کے بارے میں ہے جو پہلے سکھوں کے ساتھ تھے۔ مجھے مسلمان زمینداروں سے کوئی شکایت نہیں ہے۔ بیچارے مسیحی بھائی ان سے بڑے خوش ہیں وہ کہتے ہیں کہ جب سے پاکستان بنا ہے۔ مسلمان زمیندار سمجھتے ہیں کہ وہ ان کے رشتہ دار ہیں۔ اور کسی ایک جگہ سے بھی ان کی شکایت نہیں آئی۔ کہ کسی مسلمان زمیندار نے کسی مسیحی پر تشدد کیا ہو یا بے انصافی کی ہو۔ (خوب۔ خوب اور تالیاں) ہر جگہ ان سے اچھا سلوک کیا جاتا ہے لیکن بعض دوسرے علاقہ میں۔ یعنی وہ علاقے جو پہلے سکھوں کے تھے۔ اور جہاں اب پناہ گزین بھائی آباد ہوئے ہیں۔ وہاں ان علاقوں میں جو

کمیٹیاں ہیں - ان میں تیلیوں کمہاروں اور ترکھانوں کی اکثریت ہے - ان کی تو وہ بات ہے - کہ "او جھے جٹ کٹورا لبھاتے پانی پی پی آکھیا"۔ کمین اور نچلے درجے کے لوگ وہاں لیڈر بنے ہوئے ہیں - اور وہاں سلطنت ہی اور ہے - یہ مسیحی جو پہلے کاشتکار ہونے کی حیثیت سے اچھی زندگی بسر کرتے تھے - اب ان پر یہ کمیں لوگ حکومت جتاتے ہیں - مسلمان ان لوگوں کی حکومت نہیں برداشت کرتے - تو وہ غریب مسیحوں پر رعب جما لیتے ہیں - اور دیگر ہمارا شکوہ یہ ہے - کہ بعض جگہ کئی مسیحی مزارعہ کی حیثیت رکھتے ہیں - دس بیس سال سے آدھا یا ایک مربع زمین ان کے پاس ہے - جن کا رتبہ ان کمین لوگوں سے جو کمیٹیوں کے ممبر ہیں - بڑا ہے وہ مزارعین بھی کمیٹی میں نہیں ہیں - لیکن تیلی اور کمہار وغیرہ کمیٹیوں میں ہیں - نتیجہ اس کا یہ ہوتا ہے - کہ عوام یہ سمجھنے لگ جاتے ہیں - کہ مسیحی شہری اور مسلمان شہری برابر نہیں مسیحوں کا رتبہ پاکستان میں نیچا ہے - اس چیز کا (psychological effect) یعنی نفسیاتی اثر بڑا خراب ہوتا ہے - بہت سے افسران کے نوٹس میں یہ بات لائی گئی ہے - اور اب وہ مسیحیوں کو کمیٹیوں میں رکھ رہے ہیں - یہ کمیٹیاں زیادہ تر پٹواری ہی مقرر کر دیتے ہیں - گو افسران بالا مسیحیوں کو حقیر نہیں سمجھتے - لیکن مصروفیت کی وجہ سے ایسے معاملات میں دلچسپی نہیں لیتے - بہت اچھا ہو - کہ حکومت کی طرف سے ایک خاص ہدایت نام ڈپٹی کمشنروں کے نام بھیج دیا جائے - کہ جہاں کہیں عیسائی بستے ہیں - وہاں دیہاتی کمیٹیوں پر ان کا نمائندہ مقرر کرنا لازمی ہے - اگر ہماری نمائندگی منصفانہ نسبت سے ہو جائے - تو بہت سی دردناک شکایتوں کا خاتمہ ہو جائے گا - مجھے ایک اور بات یاد آئی ہے - کہ یہاں کے ڈپٹی کمشنر نے مجھ سے شکایت کی تھی کہ یہ شکایت آئی ہے - کہ مسیحی menial کام نہیں کرتے - یعنی گوبر نہیں اٹھاتے مرے ہوئے جانور نہیں کھینچتے میں نے کہا - ان سے بے شک کام لیں - لیکن اس صورت میں کہ وہ پہلے یہ کام کرتے رہے ہوں - جو مسیحی کاشتکار ہیں - اور جنہوں نے پہلے کبھی یہ کام نہیں کیا - ان کو تنگ کرنا اور اس کام پر مجبور کرنا - غیر مناسب بات ہے - ان کے لئے گاؤں میں یہ مشکل تھی کہ گاؤں والے کہتے تھے - کہ یا تو وہ کمیوں والا کام کریں - یا وہ گاؤں سے نکل جائیں - ایک نائب تحصیلدار نے تاریخ بھی مقرر کر دی تھی کہ اگر اس تاریخ تک وہ راضی نہ ہوئے - تو ان کو گاؤں سے نکل جانا ہوگا - میں نے اس کی شکایت ڈپٹی کمشنر صاحب سے کی - انہوں نے مجھے کہا - کہ وہ مجھ سے اتفاق کرتے ہیں - جو کوئی کام پہلے کرتا ہے اُسے اس کام سے انکار کرنا جائز نہیں اگر اجرت ملتی ہے تو - لیکن جو ایسا کام پہلے نہیں کرتا تھا - اس کو مجبور کرنا ظلم ہے - میں نے کہا کہ آپ تفتیش کریں - اگر ایسے آدمی ہیں - جو پہلے کام کرتے تھے - لیکن اب کرنے کے لئے تیار

نہیں تو یہ میرا ذمہ ہے۔ کہ میں انہیں وہ کام کرنے پر مجبور کروں۔ لیکن اگر وہ ایسے لوگ ہیں جو پہلے یہ کام نہیں کرتے تھے۔ لیکن اب انہیں مجبور کیا جا رہا ہے۔ کہ وہ گاؤں کے مردہ جانور اٹھائیں۔ تو پھر یہ ٹھیک نہیں اس کا آپ کو انسداد کرنا ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ میں خود جا کر تفتیش کروں گا۔ چنانچہ وہ خود گئے۔ اور انہوں نے دیکھا کہ جو کچھ میں نے کہا تھا۔ وہ ٹھیک تھا۔ پرسوں ہی مجھے اس گاؤں کے عیسائیوں کے لیڈر نے اطلاع دی ہے کہ ڈپٹی کمشنر صاحب نے اصل حالات سے آگاہ ہو کر نائب تحصیلدار کا تنزل کر دیا ہے۔ اور اسے قانون گو بنا دیا ہے۔ اس کا بہت اچھا اثر ہوا ہے۔ اور لوگوں کو تنبیہ ہو گئی ہے۔ اصل جھگڑا اس بات پر ہے کہ عیسائی کہتے ہیں۔ کہ اگر ایک مسلمان بھی یہ کام کرے۔ تو چار عیسائی اس کے لئے تیار ہو جائیں گے۔ کیونکہ اگر صرف ہم یہ کام کریں۔ تو وہ ہمیں پہنچ سمجھنے لگ جاتے ہیں۔ اور ہمارے ساتھ روٹی نہیں کھاتے اور نہ پانی پیتے ہیں۔ اب اس ہندوانہ ذہنیت کو بدل ڈالنا چاہیئے اسلام میں کوئی چیز نہیں۔ پانی کے ذکر سے مجھے یاد آیا کہ اب کئی جگہ ہمیں پانی کی پہلے سے بھی زیادہ تکلیف واقع ہو گئی ہے۔ پہلے گاؤں میں ان غریبوں کے پانی پینے کے لئے الگ کنویں ہوا کرتے تھے۔ لیکن اب تو وہ بھی پناہ گزینوں نے چھین لئے ہیں۔ وہ کہتے ہیں۔ یہ کنویں تو اب پاکستان کی ملکیت ہیں۔ اب اسے ہم استعمال کریں گے تم یہاں سے چلے جاؤ۔ اب انہیں پانی بھی نہیں پینے دیا جاتا۔ راجہ حسن اختر صاحب کو خدا سلامت رکھے انہوں نے کئی جاہل مسلمانوں کو سیدھا کیا ہے۔ چھوٹی چھوٹی شکایت سن کر بھی خود جا کر اس شکایت کو رفع کرتے رہے۔ انہوں نے میرے سامنے لوگوں کو ایسی حرکات سے باز رکھنے کے لئے اسلام پر کئی ایسے عمدہ لیکچر دیئے۔ کہ مولوی صاحب بھی ایسے لیکچر نہیں دے سکتے۔ میں سمجھتا ہوں کہ راجہ حسن اختر صاحب نے اسلام کا صحیح نمونہ دکھلایا۔ جب میں نے ان کے ضلع کا دورہ کیا وہ ڈیڑھ سو میل سے میرے لیکچر میں شامل ہونے کے لئے آتے تھے۔ ان کے علاقے میں گو پٹھانوں نے بہت سی خرابیاں کیں۔ جو میں پڑھ کر سناؤں گا۔ لیکن تب بھی ہم میں سے کسی کو ان سے رتی بھر ناراضگی نہیں۔ ہاں تو میں یہ عرض کر رہا تھا۔ کہ انہوں نے اپنے علاقہ میں ہر قسم کے امن و امان کی کوشش کی۔ اور وہ اپنی پوری طاقت سے میری مدد کرتے رہے کوئی مسیحی نہیں جو ان کو دعا نہ دیتا ہو۔ اگر سارے ڈپٹی کمشنر ایسے ہی ہوں۔ تو ہمیں کوئی شکایت نہ رہے۔ لیکن حضور والا یہ پولیس جو ہے۔ اس کی تھوڑی سی گوشمالی ہونی چاہیئے۔ میں یہ نہیں کہتا۔ کہ سارے خراب ہیں۔ سپرنٹنڈنٹ پولیس تو سارے ٹھیک ہیں۔ ڈپٹی سپرنٹنڈنٹ پولیس نے

فیصدی ٹھیک ہیں - انسپکٹر اور سب انسپکٹر بھی اسی فیصدی ٹھیک ہی ہیں اسسٹنٹ سب انسپکٹر چالیس فیصدی ٹھیک ہیں - پر حوالدار وغیرہ صرف دس فی صدی ٹھیک ہیں - بڑے افسر دل کے سب ہی اچھے ہیں - لیکن کام کبھی کبھی ہی آتے ہیں - عموماً شکائت کی جائے تو شکائیت کی رپورٹ اسی سے مانگی جاتی ہے - جس کے خلاف شکایت ہے - تاہم وہ تکالیف کا ازالہ کرنے کی خواہش رکھتے ہیں - لیکن یہ حوالدار اور اسسٹنٹ سب انسپکٹر جو کچھ پاکستانی ہیں انہیں خدا ہی سمجھائے ان کے خیالات ات دقیانوسی ہیں -

لیکن سب انسپکٹر بذاتِ خود تو بہت ذمہ دار ہیں - لیکن جب ان کے پاس ان کے ماتحتوں کی شکایت کی جاتی ہے - اور وہ دیکھتے ہیں - کہ ایک طرف تو غریب ہے اور دوسری طرف ہمارے بھائی بند یا ماتحت ہیں - تو وہ آنکھیں بند کر لیتے ہیں - اگر اسی طرح ہو کہ جہاں کوئی شکایت ہو وہاں باہر سے کوئی افسر تفتیش کے لئے آئے اور انہیں علم ہو - کہ غریب کی بھی پرسش ہو سکتی ہے - اور اگر ہم مجرم ثابت ہوئے تو ہمیں سزا ملے گی - تو مجھے یقین ہے - کہ وہ کئی حرکات سے باز آ جائیں گے - ابھی کا ایک واقعہ ہے - کہ پچھلے دنوں جب پسرور کے نزدیک ایک گاؤں میں عیسائی بڑا دن منانے کی تیاری کر رہے تھے - کسی منچلے پناہ گزین نے یہ مشہور کر دیا - کہ اسلام کی رو سے عیسائی بڑا دن نہیں منا سکتے - اس پر کچھ تکرار ہوئی جس کے نتیجہ میں ایک مسیحی زخمی ہو گیا - اور اس کے ہاتھ کی انگلیاں کٹ گئیں وہ مسیحی تھانے میں گیا - لیکن کسی نے اس کی رپٹ نہ لکھی - وہ ایک مسلمان ڈاکٹر کے پاس گیا - لیکن ڈاکٹر نے بھی پٹی لگانے سے انکار کر دیا - آخر وہ اپنے پادری "Father" کے پاس گیا - اس نے اس کی پٹی کا انتظام کیا اور پسرور کے مشن ہسپتال میں داخل کرا دیا - اس کے رشتہ دار میرے پاس فادر اور لیڈی ڈاکٹر کا خط لے کے آئے - یہ دونوں ذمہ دار شخص ہیں لیڈی ڈاکٹر تو سیالکوٹ ضلع کی پرانی اور باعزت خاتون ہے جو چٹھیاں پادری صاحب اور ڈاکٹر لیڈی نے مجھے لکھی ہیں میں نے اس کی کاپیاں وزیر اعظم صاحب اور پاکستان پولیس کو فوراً بھیج دیں - مجھے یقینی ہے - کہ ان پر کارروائی ضرور کی جائے گی - لیکن میں اس پر بھی شرط لگانے کو تیار ہوں کہ پولیس سے جواب یہی آئے گا - کہ غلط بیانی کی گئی ہے - نہ کسی نے کسی کو مارا نہ کوئی رپورٹ لکھانے آیا - نومبر کے آخر میں میرے کراچی جانے سے پہلے کا ایک واقعہ ہے جو میں بیان کئے دیتا ہوں - ہماری جماعت کی ایک اعلیٰ ہستی کا خط لے کر میرے پاس ایک فوجی آیا - کہ بھائی پھیرو کے پاس ایک گاؤں نتھین خالصہ ہے - جہاں عیسائی بھی بستے ہیں - ایک دن وہاں سے یہ فوجی اپنی لاری میں گزر رہا تھا - رات پڑ گئی - روٹی لینے کے لئے گاؤں میں گیا اس نے وہاں دیکھا

کہ عیسائیوں کی اس گاؤں میں پناہ گزینوں نے ناکا بندی کی ہوئی تھی۔ اور ان کے پانچ آدمی مار دیئے گئے تھے۔ جن میں سے ایک حاملہ عورت بھی تھی۔ جھگڑا اس بات کا تھا کہ وہ کہتے تھے۔ کہ جو کام ہم کہتے ہیں وہ کرو یہ کہتے تھے کہ ہم نہیں کرتے ہاں جو یہ کام یعنی مردہ جانور اٹھانے کا کام کرتے تھے۔ وہ کریں گے۔ لیکن تمہیں اس کی اجرت دینی ہوگی۔ لیکن وہ اجرت دینے کے لئے وہ تیار نہ تھے۔ یہ خبر میں نے اس علاقہ کے ڈی۔ایس۔پی صاحب کو لکھی کوئی جواب نہ آیا اب معلوم ہوا ہے۔ وہ وہاں سے بدل گئے ہوتے ہیں میں ایک مہینہ کراچی میں ہی بیمار پڑا رہا۔ اس معاملہ کی زیادہ تفتیش نہیں کر سکا۔ سو میں یہ نہیں کہہ سکتا کہ یہ رپورٹ سچ ہے یا نہیں یہ خبر عام ہے۔ لیکن ہمارے جانے کی وجوہ مختلف بتائی جاتی ہے۔ میں اس واقعہ کا اس لئے ذکر کر رہا ہوں۔ کہ بڑے بڑے بزرگوں نے بھی اس خبر کو سچ مانا۔ سچ اس لئے مانا کہ اس بات کی عام شکایت ہے۔ کہ عیسائیوں کو مجبور کرنے کی کوشش کی جا رہی ہے۔ کہ وہ۔ وہ کام کریں جو پہلے اچھوت کیا کرتے تھے۔ ہماری جانیں تو سلامت ہیں۔ ہماری عزت بھی سلامت ہے۔ یا نہیں۔ اس کا چرچا کبھی کبھی لوگ ضرور کرتے ہیں۔ کم از کم فقرہ کا لم درے۔ یہ شک ڈالنے کی کوشش تو کرتے ہی ہیں۔ اور مجھ پاکستانی کو طعنے بھی سننے پڑتے ہیں۔ حکومت کو چاہیئے کہ اقلیتوں کو ان مصیبتوں سے بچائے کیونکہ اصل حکومت وہی ہے جو کمزوروں کا خیال رکھے۔ اور کمزور اس حکومت کی خوبیوں کو دیکھ کر کہہ اٹھیں۔ کہ واقعی یہ ایک اچھی حکومت ہے۔

ہمیں اور بھی بہت سی مصیبتوں کا سامنا کرنا پڑا۔ سب سے خطرناک حالت ضلع لاہور میں تھی۔ کیونکہ یہاں پر مشرقی پنجاب سے پناہ گزینوں نے آ کر یہ مشہور کر دیا۔ کہ عیسائی ٹیمیوں نے سکھوں کے ساتھ مل کر ہم کو لوٹا اور قتل کیا ہے۔ میرے مسلم بھائی جانتے ہیں۔ کہ کتنی جگہ مسیحوں نے مشرقی پنجاب میں مسلمانوں کو اپنی جان پر کھیل کر بھی بچایا ہے۔ لیکن بعض پناہ گزینوں کو یہ گوارہ نہ ہوا کہ جس گاؤں میں وہ بسائے گئے۔ وہاں کوئی بھی غیر مسلم پہلے شروع شروع کا معاملہ تھا۔ جوش غصہ وہ وحشم تیز تھا۔ انہوں نے مسیحوں۔ اور مذہبی سکھوں اور اچھوتوں میں کوئی تمیز نہ کی۔ سارے کالے میرے سالے۔ سب کمینوں کے گناہ کا غصہ غریب دیہاتی عیسائیوں پر نکالنا چاہا۔ اس کے لئے مجھے کئی بار اس ضلع میں کئی علاقوں میں جانا پڑا آپ سن کر خوش ہوں گے۔ کہ گو زمانہ بڑا نازک تھا۔ قریباً سب جگہ تھانے دار سمجھدار نکلے بہت خوش اسلوبی سے غلط فہمی دور کر دی۔ اس سلسلہ میں دو افسروں کا خاص ذکر کرنا چاہتا ہوں۔ ایک مجسٹریٹ محمد غنی چیمہ کا۔ جنہوں نے اس مضبوطی سے اس بات کو سمجھا کہ ہمارے مسیحی یہ کہتے تھے۔ کہ ساڈے

پنڈ چھیمہ آیا - تے ٹھنڈ پا دتی - کوئی کسکیا نہیں - دوسرا شخص تھا چوہدری عطا محمد ڈپٹی سپرنٹنڈنٹ پتوکی - اسے ہمارے لوگ فرشتۂ رحمت کہتے تھے - میرے سب جلسوں میں آتا تھا - خود تقریر کرتا تھا - اور ہر جگہ اعلان کرتا کہ اگر کوئی تھانیدار ان کی نہ سنے یا ماتحت کے ظلم کی پرواہ نہ کرے - اس کا دروازہ دن رات غریبوں کے لئے کھلا ہے - ایک نہیں سینکڑوں فریادوں کا اس نے انسداد کیا - ایسے افسروں کی وجہ سے ہمارے رونے دھل گئے - اور پاکستان کی اصلی روح ہم پر بھی اور دوسروں پر روشن ہو گئی - لیکن جہاں بالا افسروں نے ذاتی دلچسپی غریب سیحوں میں نہیں لی وہاں دردناک واقعات ہمیں سننے پڑتے ہیں - مثال کے طور پر میں نارووال کے نزدیک ایک گاؤں کا ذکر کرتا ہوں کسی نے دشمنی کی وجہ سے غلط پولیس میں رپورٹ کر دی کہ فلاں عیسائی کے پاس سپوری کا سونا اور روپیہ ہے - اس کی سپیشل سٹاف والوں نے تین دفعہ تلاشی لی - اور جب کچھ نہ ملا تو اس کو درخت سے باندھ کر مارا - اور اس کے وہاں انہوں نے مرچیں بھی گھسائیں - اور اس سے منوانا چاہا کہ اس کے پاس سونا ہے - اس کے پاس ہوتا تو مانتا جان چھڑانے کو یہ مان لیا - کہ اس کے پاس لوٹ کے کچھ کپڑے ہیں - یعنی پتلون وغیرہ - مجھے علم ہے کہ اس کو بٹالے کے ایک ہیڈ ماسٹر صاحب نے دیئے تھے - جس کے پاس وہ نوکر ہوا کرتا تھا - ہمارے مشنری انچارج نے اس ظلم کے خلاف بہتیری آواز اٹھائی - کپڑوں کی شہادت بھی دی - تھانیدار بھی ان کے ساتھ اچھے تعلق رکھتا تھا - لیکن سپیشل سٹاف کا کون مقابلہ کرتا - پاکستان میں اس طرح کا ظلم نہیں ہونا چاہیئے - اور غریبوں اور بیکسوں کی آواز سنی جانی چاہیئے - میرا یہ مطلب نہیں کہ یہ کوئی نئی بات ہے - برعکس اس کے میں سمجھتا ہوں - کہ اب پولیس اتنا ظلم نہیں کرتی جتنا انگریزوں کے وقت میں کرتی تھی کیونکہ انگریزوں کے وقت میں تو پولیس راج تھا - ان کو پوچھنے والا کوئی نہ تھا - لیکن اب تو حکومت ان کو کبھی کبھی گھورتی ہے - میرا مطلب ہے کہ پاکستان میں تو بالکل ہی مختلف حالت ہونی چاہیئے - یہاں کا رنگ ہی دوسروں سے علیحدہ ہونا چاہیئے - جو خاص بات میرے دماغ میں ہے وہ یہ ہے - کہ ہر مظلوم غریب کی آواز سنی جانی چاہیئے -

ظلم کی تفتیش پرانے فیشن سے نہیں ہونی چاہیئے - کہ رپورٹ کرنے والا ایک آفت کا انسداد ڈھونڈتے دس آفتیں اپنے گلے ڈال لے - چھوٹے افسروں کو ڈر ہونا چاہیئے کہ ظلم کا پھل کڑوا ہوگا - اسی طرح سے مجھے ایک اور واقعہ یاد آیا جسے سوچ کر ہنسی آتی ہے - تھانہ کاہنہ کے ایک A. S. I. صاحب نے ایک عیسائی کو جو سفید پوش تھا صرف اس لئے جوتوں سے مارا کہ وہ سفید کپڑے کیوں پہنتا ہے اور گھوڑے پر کیوں چڑھتا ہے گویا کہ عیسائی ہو کے پاکستان میں سر اٹھانے کی کوشش کرتا ہے - یہ کتھا سنائی نہیں - بالکل سچ ہے - میں وہاں خود گیا - ساری عیسائی برادری نے شہادت دی کہ وہ بے قصور تھا - اور اس کا گناہ صرف سفید پوشی تھا - علاقہ میں حالت ایسی تھی - کہ نہ میں نے نہ

ہمارے بزرگوں نے مصلحت سمجھی کہ اس بات کو طول دیا جائے۔ ہم جانتے تھے کہ اگر A. S. I. کے خلاف کوئی بات کی گئی۔ تو نتیجہ یہ ہی ہوگا کہ اس بیچارے پر کوئی سنگین الزام لگا کر تھانے والے اندر کر دیں گے ہم یہ بھی جانتے تھے کہ یہ پاکستان کے بارے میں غلط فہمی کا بخار عارضی ہے۔ جب وزیروں کو فرصت ملی۔ وہ پاکستانی مسیحوں کی مساوی حیثیت سب پر اچھی طرح ذہن نشین کر دیں گے۔ چند دنوں کی بات ہے کہ لاہور کے ایک مشہور پادری میرے پاس آئے ان کی کلیسا کے دو عیسائیوں کو تھانے والوں نے چوری کے الزام میں گرفتار کر لیا تھا۔ پادری صاحب تھانے والوں کے پاس گئے۔ ان سے دریافت کیا۔ کہ کس شخص نے چوری کا الزام ان پر لگایا ہے۔ اور کیا چیز چوری ہوئی ہے۔ لیکن تھانے والوں نے بتانے سے صاف انکار کر دیا۔ معلوم ہوا کہ تھانے والوں کا مقصد صرف یہ تھا۔ کہ اُن عیسائیوں کو دو چار دن حوالات میں رکھا جائے گا۔ ان کو تنگ کیا جائے گا۔ پھر وہ ڈر کر تھانے والوں کے ایک ملاقاتی کا وہ سب کام کر دیا کریں گے۔ جس سے وہ انکاری تھے۔ ایک اور قصہ یاد آیا۔ جب واہگہ میں لوٹ مار ہوئی۔ عیسائی لاہور چلے آئے اور نوکھا گرجے کے احاطہ میں پناہ لی۔ میں نے ان کو تسلی دی۔ اور کہا کہ تم واپس چلے جاؤ۔ اور وہاں جا کر بسو۔ جب وہ جا رہے تھے مغل پورہ کے قریب پولیس نے ان کو روک لیا۔ ان کا سامان چھین لیا۔ برتن چھین لئے۔ ایک شخص کے برتنوں پر اس کا نام بھی کھدا ہوا تھا۔ گھاس کاٹنے کے اوزار بھی لے لئے۔ ان اوزاروں کی رسیدیں بھی ان لوگوں کے پاس موجود تھیں۔ ان کی چارپائیاں اور گندم بھی چھین لی۔ پادری صاحب گئے۔ شہادت دی کہ یہ لوگ اُن کے ساتھ ہی واہگہ سے آئے تھے سامان اپنا ہے مگر کچھ نہ بنا۔ مجھے اطلاع ملی۔ میں نے ٹیلیفون کیا۔ باتیں تو میٹھی میٹھی ہوئیں لیکن نتیجہ کچھ نہ نکلا۔ مجسٹریٹ سے واقعہ بیان کیا۔ انہوں نے بھی ٹیلیفون کیا مگر تو بھی کچھ نہ بنا۔ عرضی لکھ کے دی۔ مجسٹریٹ نے حکم لکھا۔ حکم لے کر گئے۔ تھانیدار نے سامان واپس دینا چاہا۔ لیکن A. S. I. صاحب تھانیدار سے زیادہ زور آور تھے۔ انہوں نے جواب دیا کہ چالان ہو چکا ہے۔ عدالت میں جائے بغیر مجسٹریٹ حکم نہیں کر سکتا۔ عرصہ گذر گیا۔ پھر ہمارا ایک وفد تھانیدار کے پاس گیا۔ کہ پیشی جلد ہو جائے۔ جواب ملا کہ سامان نیلام کر دیا گیا ہے۔ میں گورنمنٹ کی توجہ اس لئے اس چیز کی طرف دلانا چاہتا ہوں کہ میں سمجھتا ہوں کہ یہ ساری چیز psychological ہے وجہ غلط دماغی ہے۔ لوگوں کو معلوم ہونا چاہیئے کہ جناب قائد اعظم جو کچھ اپنی تقریروں میں کہتے ہیں وہ سچے دل سے کہتے ہیں۔ اگر یہی ذہنیت جاری رہی۔ تو مجھے ڈر ہے کہ پاکستان کو نرسیں بھی نہیں ملیں گی۔ مجھے شکایتیں آتی رہتی ہیں۔ جن سے معلوم ہوتا ہے کہ بعض سٹوڈنٹس یعنی پڑھے لکھے نوجوان بھی اس غلط فہمی کا شکار ہیں کہ وہ ان نرسوں کو چھیڑتے ہیں۔ اور جب وہ آگے سے سنائیں تو وہ کہتے ہیں کہ تم بیت المال ہو۔ پاکستان کا مال ہو۔ ہمارا تم پر حق ہے۔ یہ چیزیں ظاہر کرتی ہیں کہ atmosphere خراب ہو چکا ہے۔ اس فضا کو ٹھیک کرنا لیگ کے ارکان کا فرض ہے۔ کوئی مشکل کام نہیں بالکل آسان ہے۔ بہت جگہوں میں مقامی لیڈروں نے دلچسپی لی۔ اور انہیں فضا کو ٹھیک کرنے میں کوئی دقت پیش نہیں آئی۔ عوام کو سمجھانے کی دیر ہی ہوتی ہے۔ جب انہیں سمجھایا جاتا ہے کہ مسیحی پاکستانی ہیں۔ انہوں نے پاکستان کا ساتھ دیا ہے۔ وہ سمجھ جاتے ہیں۔ اور حد درجہ کی محبت اور مروّت کرنے لگ جاتے ہیں۔ حالات

تب ہی سدھر سکتے ہیں اگر ہمارے لیڈرز دلچسپی لیں۔ صرف وزراء نہیں بلکہ دوسرے لیڈر بھی اور خاصکر لیگ کے صدر صاحب اپنے لکچروں میں عیسائیوں کے ساتھ اچھا سلوک کرنے کے لئے کہیں۔ کرسچن تو ایک بہت ہی بے ضرر اقلیت ہے۔ اور یہ بڑی peace loving یعنی صلح پسند اقلیت ہے۔ اس چھوٹی سی اقلیت کو (absorb) کر لینا کوئی مشکل نہیں۔ سوال تو یہ ہے کہ اس وفادار اقلیت کو اپنا پختہ جزو بنانے کے لئے آپ کونسی مدبرانہ کوشش کر رہے ہیں؟ آپ کو معلوم ہے کہ مسٹر (Lee Anan) لی ایننن ہیڈمسٹرس کو کس طرح مارا گیا۔ کہا جاتا ہے۔ کہ اس کے پاس سکول کا بہت سا روپیہ تھا۔ اس کے لئے مارا گیا۔ کیا اور ہیڈمسٹرسوں کے پاس روپیہ نہیں ہوتا۔ اور پھر اسے ذبح کرنے کا کیا مطلب تھا۔ پھر مس ٹھاکرداس کے خلاف پراپیگنڈہ کے کیا معنی نکلتے ہیں۔ اسے ٹیلیفون آئے۔ کہ استعفا دے دو ورنہ تمہیں قتل کر دیں گے۔ یعنی یہ حال ہے۔ کہ جب ہی کوئی opposition کو بات نہ مانو کہتے ہیں۔ کہ قتل کر دیں گے یہ فضا جتنی جلدی دور ہو جائے اچھا ہے۔ اگر آپ یہ سمجھیں کہ میں exaggerate کر رہا ہوں۔ تو میں ایک چٹھی سے چھوٹا سا (extract) آپ کو پڑھ کر سناتا ہوں یہ امریکن مشن سے موصول ہوئی ہے۔ اور یہ امریکہ میں بھی گئی ہوگی۔ جہاں اس چٹھی نے اثر پیدا کیا ہوگا۔ یہ چٹھی Mr. B. Dale White کی طرف سے ہے۔ جو کہ پڑھی گئی۔

"During the few weeks which followed Independence day, August, 15th, the Janglis of this district decided to take the reins of government into their own hands, and they ruthlessly and cruelly attacked and looted village after village of Christians leaving many of them without food or household property. This occurred especially in those parts of the district under the supervision of the Nur Shah Thana, Goggo, Thana, etc. In spite of the sympathy and co-operation of the Deputy Commissioner, Montgomery District very little has yet been accomplished in restoring the looted property and the poor Christians continue to pour out their tales of woe to me. We are given to understand that these Janglis are dangerous people and therefore it is necessary for the officials and for the Christians to deal very gently and softly with them and let them do whatever they please.

During the month of December the Pathans have decided to take the reins of government into their own hands. Their argument is that this is Pakistan and therefore they have the right to do as they please and the Christians have no right to be in Pakistan. So they loot and attack at will. It is officially known that there are several thousand Pathans camped between Pakpattan and Burewala who are armed with rifles. They have attacked and looted village after village in broad open daylight. Inspite of efforts on the part of the Deputy Commissioner and other officials to curb this menace, but the violence continues to increase and the Pathans become bolder. The police openly admit that they are not able to oppose the Pathans for fear that they and Afghanistan may attack Pakistan. Therefore, there is nothing for us to do except to submit and suffer and be beaten and attacked by the Pathans as they please. Unfortunately there are cases where the refugees also have co-operated with the Pathans in persecuting the Christians. The refugees naturally want for themselves the land and cattle and property of the Christians and want the Christians to leave the district.

The Christian community in this district has endeavoured in every possible way to show its loyalty to the Pakistan government. We pay taxes, we give towards the Qaid-i-Azam relief fund. we feed and care for the refugees and try in every way to co-operate with Pakistan and its officials. As citizens of Pakistan we feel that we have a right to ask the Pakistan Government officials to protect us from the attack of the Janglis and Pathans and refugees. Surely the policy of the Pakistan Government is no less than " live and let live ". But our Christians live in constant dread day and night without any assurance of protection of either life or property.

As loyal citizens we appeal to the Pakistan Government to take all possible measures to restore immediately all lootee property, to punish all offenders, and to give justice and protection to the Christians of the district."

یہ مشنری کوئی نیا تجربہ کار شخص نہیں پچیس سال سے اس ضلع میں خدمت کر رہا ہے - آپ اندازہ لگا سکتے ہیں - کہ جب ایسے شخص ہراسان ہیں - تو معمولی آدمیوں کے دل پر کیا گذرتی ہوگی - ان باتوں کے باوجود منٹگمری کے مسیحی پژمردہ نہیں ہیں - ان پر مایوسی طاری نہیں کیونکہ ان کی نظروں میں اصلی پاکستانی ڈپٹی کمشنر ہے وہ ان کا دوست ہے - باوجود اس کے کہ اسے کئی لاکھ پناہ گزینوں کا بندوبست کرنا پڑ رہا ہے - اور ضلع بھر کی ذمہ داری اس کے کندھے پر ہے - وہ عیسائیوں کی ہر ممکن طور پر مدد کر رہا ہے - اور بار بار پبلک اور ماتحت افسروں کو یہی محسوس کرانے کی کوشش کرتا ہے - کہ مسیحی اور مسلمان شہری میں کوئی فرق نہیں - مشرقی پنجاب سے جو مسیحی بھاگ کر مسلمانوں کے ساتھ آ گئے تھے - انہیں زمین دینے میں کوئی فرق نہیں کرتا - میں نے خود دیکھا ہے کہ اس نے تحصیلداروں کو کہا - کہ ان کا خاص خیال رکھو - کمی ہے تو اس بات کی کہ حسن اختر اور اعزحسین جیسے افسر اپنی ذمہ داری پر جو کچھ ہو سکتا ہے - کر رہے ہیں - وزیروں نے کوئی بات ایسی نہیں کی - جس سے عوام کو معلوم ہو - کہ حکومت کا مسیحیوں کے مستقبل کے بارے میں کیا خیال ہے - یا جس سے یہ غلط فہمی دور ہو - کہ پاکستان میں مسیحی یا دوسری اقلیت دوئم درجہ کی حیثیت پر ہی رہ سکتے ہیں - یہ فائلیں شکائتیں چٹھیوں کی میرے پاس ہیں - یہ کتاب بھی بھری ہوئی ہے - جس میں لوگوں کا ریکارڈ ہے جو میرے پاس شکایت لے کر آئے اور جن کی میں نے مدد کی - اگر آپ چاہتے ہیں - تو میں کچھ پڑھ کر سنا دوں (ایک وزیر کوئی ضرورت نہیں) بہت اچھا ان میں کوئی نئی بات نہیں - انہیں امور کے بارے میں ہے جن کا میں ذکر کر چکا ہوں - زیادہ تر کا مفہوم یہی ہے کہ ہم جو اتنی دیر سے کام کر رہے تھے - اب بے کار ہیں اور اس وقت بھوکے مر رہے ہیں - اور کہیں سے آٹا وغیرہ حقیقتاً بھی ملتا نہیں - خاص شکایت جس کا فوری انسداد کرنا چاہئے - یہ ہے - کہ جن فصلوں کو ٹھیکیداروں کے پاس نیلام کیا گیا ہے - ان کو جب تحصیلدار کی طرف سے بھی آرڈر آتا ہے - کہ عیسائی کاشتکاروں کا حصہ انہیں دے دیا جائے تو وہ کہتے ہیں - یہ پاکستان ہے - تمہیں کچھ نہیں مل سکتا ہے - اس پر وہ ہمارے پاس آتے ہیں - اور میں پھر ڈپٹی کمشنر کو لکھتا ہوں کہ وہاں لوگوں کے ساتھ یہ سلوک ہو رہا ہے - اگر کوئی حکم وغیرہ جاتا بھی ہے - تو اسے کوئی مانتا نہیں - بہرحال آپ اس سارے معاملہ کو سمجھ گئے ہوں گے - میں ان چٹھیوں

کو نہیں پڑھتا - میں تو اتنی لمبی تقریر بھی نہیں کرتا - اگر مجھے یہ احساس نہ ہوتا - کہ میری کمیونٹی کے خلاف ایک سازش ہونی شروع ہو گئی ہے - حضور والا ایک طبقہ ایسا ہے - جو ہے تو چھوٹا سا - جس کی خواہش ہے - کہ ہم یہاں سے نکلیں اور جس سے مہاجرین کے لئے اور جگہ نکل آئے - میں یہ چاہتا ہوں کہ اس کار بد کو ختم کر دیا جائے - میں اس بات کو جانتا ہوں - کہ ۹۰، ۹۵ بلکہ ۹۹ فیصدی لوگ ایسے ہیں - جو یہ نہیں چاہتے کہ ہم یہاں سے نکلیں - لیکن اگر ایک چھوٹا سا طبقہ ایسا ہے جس میں بڑے بڑے ذمہ دار لوگ مثلاً اس اسمبلی کے ممبر اور اخبار نویس بھی شامل ہیں - جن کا یہ نظریہ ہے - تو یہ قابلِ افسوس اور خطرناک بات ہے ایک شخص کو میں جانتا ہوں - جو مسیحی کہلاتا ہے - اور میں حلفاً کہہ سکتا ہوں - کہ وہ پاکستان کا دشمن ہے اور پاکستان کے دشمنوں کا ایجنٹ ہے - اس کے کارندے جاسوسوں کا کام کر رہے ہیں - اس نے گجرانوالہ - سیالکوٹ اور بدو ملی وغیرہ میں پراپیگنڈا کیا ہے - انہوں نے ایسے آدمی ادھر اُدھر بھیجے ہیں - یہ تھوڑے سے عیسائی رہتے تو پاکستان میں ہیں آنکھیں ان کی ہندوستان پر لگی ہوئی ہیں - جب یہاں اپنی ملکیت بیچ لیں گے - یا اُدھر معاشش کا بندوبست ہو جائیگا نکل جائیں گے - یہ ایک چھوٹی سی ٹولی ہے - اور وہ اپنا کام اس طرح کر رہی ہے - کہ جس سے عیسائی یہاں سے بھاگ جائیں - اور مسلمانوں کی بدنامی ہو کہ وہ ایک چھوٹی سی اقلیت کو بھی سنبھال نہیں سکے - پہلے پہل یہ مشہور کیا کہ حکم ہو گیا ہے کہ عیسائی یہاں نہیں رہ سکتے - کئی جگہ دیہاتیوں نے کوچ بھی شروع کیا - اور وہ واپس لائے گئے پھر یہ کہ لڑائی ہونے والی ہے - عیسائیوں کو خاص خاص جگہ نظر بند کیا جائے گا - پھر یہ کہ عیسائیوں کو بسانے کے لئے خاص اضلاع چنے گئے ہیں اور سب سے خطرناک عیسائیوں میں یہ تحریک شروع کی گئی - کہ انہیں اپنے مکانوں پر صلیبیں لگانی چاہئیں - ایک فٹ پھر تین اور چھ فٹ کی صلیبیں لگائی گئیں - اور بعد میں نو نو فٹ کی صلیبیں بھی مکانوں پر نصب کی گئیں - میں نے اس کے خلاف لکچر کرنے شروع کئے - میں نے ان لوگوں سے پوچھا - کہ تم نے یہ صلیبیں کیوں لگائی ہیں - انہوں نے بتایا - کہ یہاں ایک ٹولی آئی تھی اور اس نے اپنے لکچر میں یہ کہا تھا - کہ جب سے سکھ یہاں سے چلے گئے ہیں - ہم لوگ بھوکے مر رہے ہیں - اور امریکہ میں اپیل کی گئی ہے کہ ہم کو روپیہ بھیجا جائے - اور وہاں لوگ اس بات میں بڑی دلچسپی لے رہے ہیں - مشنوں کے اعلیٰ ارکان ہوائی جہازوں میں دورہ کریں گے - جنہیں دیکھ کر انہیں معلوم ہو جائیگا کہ ان کی امت کہاں کہاں بستی ہے - بہت سے سیدھے سادھے پادری صاحبان بھی اس چکر میں آ گئے - انہوں نے اس کو لوگوں کے ایمان کی شہادت تصور کیا - میں نے انہیں بتایا - کہ یہ چیز تو اس لئے کی گئی ہے - کہ تم سے پولیس اور مسلمانوں کو شاکی کیا جائے - مسلمان تو یہ سمجھیں گے کہ تم نے یہ صلیبیں اس لئے لگائی ہیں کہ جب سرحد پار سے حملہ آور آئیں تو وہ آتے ہی دیکھ لیں کہ کونسے گھر مسلمانوں کے نہیں - اس طرح ان کے ڈنگر وغیرہ لے جائیں وہ تمہارے متعلق فوراً یہ سمجھ لیں گے کہ تم ان کو

یہاں کی خبریں دیتے ہو۔ اس طرح وہ تم پر شک کریں گے۔ اور تم کو یہاں سے نکالا جائیگا۔ یہ کہ اس طرح عیسائیوں میں تکلیف پھیل جائے گی۔ اور وہ بھاگنے لگیں گے۔ یہ تحریک کا مقصد ہے۔ مارکٹائی کے دنوں میں عیسائیوں نے گھروں کے دروازوں پر صلیب کا نشان لگایا۔ یہ تو کوئی معنی رکھتا تھا۔ لیکن اب تو دیہاتوں میں سوائے مسلمان اور مسیحوں کے اور ہے ہی کون۔ کسی نشان کی ضرورت ہی کیا ہے۔ اور دوئی ڈالنے میں نقصان ہی ہے۔ فائدہ کیا ہے۔ اور پھر کیا ہندوستان میں یا کسی اور ملک میں عیسائی اپنے مکانوں پر صلیبیں نصب کرتے ہیں۔ مجھے تو علم نہیں کہ سوائے قبروں اور گرجوں کے کسی اور عمارت پر صلیب نصب کرنے کا رواج ہے تو۔ پھر یکایک اس نئے رواج کی پاکستان میں تحریک کے کیا معنی؟ میں نے جب یہ بات انہیں سمجھائی۔ تو اس پر اس شخص نے میرے خلاف یہ پروپیگنڈا شروع کیا۔ کہ یہ عیسائی نہیں۔ یہ ہمیں مسلمان بنانا چاہتا ہے۔ اور یہ لکچر کرتا ہے۔ کہ مسلمانوں میں جذب ہو جاؤ۔ پھر پادریوں کو میرے خلاف اکسایا گیا۔ لیکن ان کے سمجھدار طبقہ کو بات سمجھ میں آ گئی۔ اور اس طرح سے اس لعنتی شخص کی شرارت کا تدارک ہو گیا۔ اور میں نے ان سے کہا۔ کہ وہ کوئی ایسی بات نہ کریں۔ جس سے مسلمانوں کے دل میں ان کے خلاف بدظنی پیدا ہو۔ اسی پراپیگنڈا کے باعث کہ عیسائی لوگ پاکستان سے نکل جائیں۔ بعض عیسائی پنوکی کے علاقہ سے نکل کے جانے لگے۔ وہاں مسلم لیگ کے کارکنوں نے انہیں سمجھایا۔ اور جا کر انہیں واپس لائے۔ ان کو انہوں نے پوچھا۔ کہ تم کہاں جا رہے ہو۔ تو انہوں نے جواب دیا۔ کہ حکم آ گیا ہے۔ کہ عیسائی یہاں سے نکل جائیں۔ اس لئے ہم جا رہے تھے۔ تو ایسی ایسی جھوٹی خبریں پھیلائی جاتی ہیں۔ اور ان کا مقصد محض یہ ہوتا ہے۔ کہ عیسائی یہاں سے بھاگ جائیں۔ ان غداروں نے شروع میں یہ بھی پراپیگنڈا کیا۔ کہ مسیحیت کے اصول کے مطابق ہمیں غیر جانبدار رہنا چاہئے۔ جب میں نے لکچروں میں کہنا شروع کیا۔ کہ اب غیر جانبداری کا سوال ہی کیسے اٹھ سکتا ہے۔ ہم پاکستانی ہیں۔ غیر جانبدار ہونا مسیحیت نہیں غداری ہے اور ایسے غداروں کو پاکستان میں کوئی جگہ نہیں۔ اور جب یہ اخباروں میں بھی چھپ گئی تو ڈر گئے۔ اور ہمارے خراب کرنے کو اور وسائل سوچے گئے۔ اس غدار موسیٰ خان نے میرے خلاف ایک پمفلٹ بھی چھاپا ہے۔ میرے بیانات غلط اور نامکمل شائع کئے۔ اور دوں کی تحریریں میرے نام لگائی ہوئی ہیں۔ خیر یہ تو مسلمانوں کو بدظن کرنے کے لئے کیا۔ مسیحیوں کو یہ صلاح بھی دی ہے۔ کہ بچ کر رہو معلوم ہے سنگھ انہیں کس راستہ پہ ڈال رہا ہے۔ کیونکہ راستہ میں پاکستان کا ہی دکھا رہا ہوں۔ اس لئے یہ بھی پاکستان سے بدظن کرنے کا ایک چالاک طریقہ ہے۔ پر اصل مقصد خاتمہ پر ظاہر ہوتا ہے۔ میرے بارہ میں یہ کہا گیا ہے۔ کہ بائنڈری کمشن کے سامنے جو شہادت میں نے دی تھی۔ تو میری قوم میرے پیچھے نہ تھی۔ اسی طرح جو میموریل ہم نے پنجاب کرسچن جائنٹ بورڈ کی طرف سے وائسرائے کو پیش کیا میری ذاتی کارروائی تھی۔

اور یہ کہ اسمبلی کے ہر سہ مسیحی ممبران کو اب قوم کا اعتماد نہیں رہا - آپ کے لیڈر اس بات کو اچھی طرح جانتے ہیں کہ میں نے ثابت کر دیا تھا کہ جو شہادت میں نے بونڈری کمشن کے سامنے بحیثیت مسیحی نمائندہ دی تھی - وہ سچے طور پر ساری مسیحی جماعت کی طرف سے تھی - اور سوائے ایک جعلی تنظیم (orginisation) کے اس کے خلاف کوئی آواز نہیں تھی - اور یہ نہیں کہا جا سکتا کہ میرے پیچھے قوم نہیں ہے - اور کہ مسیحی ممبر دو دڑوں کا اعتماد کھو چکے ہیں یہ ایک بات ہے جس کے متعلق کم از کم پاکستان میں تو کوئی دھوکا کھا نہیں سکتا - ہماری قوم ہمارے ساتھ ہے - اور ہم اکیلے نہیں ہیں - یہ پمفلٹ اس نے در اصل اپنے مالکوں کو کارگزاری دکھانے کے لئے لکھا ہے - وہ انہیں تسلی دیتا ہے - کہ ہم مشرقی پنجاب میں بسنا چاہتے ہیں اور یہاں اگر ہیں - تو تمہارے ہی کام آئیں گے - تمہیں سنگھا صاحب کی تقریروں کی پرواہ نہیں کرنی چاہئے - وہ یونہی پاکستانی کرتے پھر رہے ہیں - ان کے کوئی پیرو (following) نہیں - لیکن دو آدمی ان کے ساتھ ہیں - کیونکہ وہاں سے ان کو کھانے کو ملتا ہے - ورنہ قوم ان کے ساتھ نہیں اور یہ کہ اسمبلی کے ممبروں نے پاکستان کے لئے اپنی ذاتی ذمہ داری پر ووٹ دیا تھا - نمائندہ حیثیت سے نہیں - یہ شخص نہ پاکستان کا خیر خواہ ہے - نہ اپنی قوم کا - یہ فتنہ کا لم ہے - اس کی ہلدوانی میں زمینیں ہیں - جو شاید چار آنے فی ایکڑ اسے کسی خاص خدمات کی وجہ سے ملی ہوئی ہیں - سارا جنگل ہی جنگل ہے - اور بڑے بڑے خونی مچھروں سے بھرا ہوا ہے - آج تک اسے کوئی آباد نہیں کر سکا - سنا ہے کئی لوگوں سے روپیہ ٹھگ کر وہاں بھجوا چکا ہے - ایک تو میں جانتا ہوں جو مر بھی گیا - اب کانگرس حکومت نے اعلان کیا ہے - کہ ایک یا دو کروڑ روپیہ وہاں خرچ کیا جائے گا اور جنگل کاٹ کر زمین تیار کی جائے گی - تاکہ مغربی پنجاب سے بھاگے ہوئے لوگوں کو بسایا جائے - پاکستانی ہوتے ہوئے تو ان کی زمین برقرار رہنی ناممکن ہے - لیکن جاسوسی سے تو بڑے حقدار بن جائیں گے - ایسے شخص کا پاکستان میں رہنا ساری قوم کو خطرے میں ڈالنا ہے - اس نے پاکستان کی کیا خدمت کی ہے - معلوم ہوتا ہے - کہ آپ کا ایک طبقہ یہ بھی خدمت سمجھتا ہے - کہ یہ مسیحی وفادار لیڈروں کے خلاف لکھتا ہے - صرف میرے ہی خلاف نہیں - مسٹر فضل الٰہی اور مسٹر گبن اور دوسرے باعزت مسیحی پاکستانیوں کے بھی خلاف لکھتا ہے - پھر بھی اگر وہ ایک طبقہ اس کی تحریروں کی قدر کرتا ہے - تو اس کا ہم یہی مطلب نکال سکتے ہیں کہ ان کا اور اس کا قارورہ ایک طرح سے ملتا ہے - گو نظریہ میں فرق ہے لیکن مقصد یکساں ہے - وہ یہ کہ مسیح یہاں سے نکل جائیں - لیکن اس میں اپنی کامیابی نہ ہوگی - ہمیں یقین ہے کہ - ہمارے مسلمان بھائی ہمارے حق میں قائل ہو جائیں گے - اور یہ مسیحی غدار یہاں سے خود بھاگ نکلیگا - کوئی یہ سمجھے کہ یہ باتیں میں ذاتی مخالفت سے کہہ رہا ہوں تو غلط ہے - میری اس کی مخالفت

کیا - نہ یہ کوئی لیڈر ہے - نہ اس کے پیچھے کوئی جماعت ہے - نہ آجتک اس نے میرے مقابلے میں کسی اور لیڈر کو پیش کیا ہے - یہ ایک ماہواری رسالہ المائدہ کا ایڈیٹر ہے - جو پگڑی اچھالنے سے چلتا ہے - اب اس نے فائدہ اٹھانے کا ایک اور طریقہ ڈھونڈ لیا ہے - یہ قومی دشمن ہے - جو بات کرتا ہے ایسی کرتا ہے - کہ عیسائی مسلمانوں کی نظروں سے گر جائیں - یہ میری ذاتی بات نہیں مجھ پر حملہ کرنے کا صرف اتنا مطلب ہے کہ اگر مسلمانوں کی نظروں میں مجھے گرا لیا تو اس بات سے عیسائی مسلمانوں سے شاکی ہو جائینگے - اور کہیں گے کہ انہیں کسی عیسائی پر اعتبار نہیں ہو سکتا - میں دعویٰ سے کہہ سکتا ہوں کہ پاکستان کی جتنی خدمت میں نے کی ہے اور مسیحی نے نہیں کی - مسلمان کا دوست تو میں شروع سے رہا ہوں - سیاسی طور پر اگر کوئی غلط فہمی ہوئی بھی ہے تو - وہ وقت گذر گیا - ۸ اپریل کو ابھی مسلمانوں کو پاکستان نہیں ملا تھا - اسی دن میں نے قائد اعظم کی قیادت قبول کی - اور ان کے سامنے حلف وفاداری اٹھایا - اس دن کے بعد مجھے بتائیے کہ میرے پاؤں نے کوئی لغزش کھائی ہو - ابھی پاکستان کے لئے کشمکش جاری تھی پنجاب کی باقی اقلیتیں مخالفت پر آمادہ تھیں - اسی وقت میں نے پاکستان کے حق میں آواز اٹھائی - مسٹر گبن - مسٹر فضل الٰہی اور میں نے یکدل ہو کر اپنی کمیونٹی کو تیار کیا - اور آپ کے سپرد کر دیا - اور ہم نے ایک ایسی stand fast اور ثابت قدم قوم آپ کو دی ہے - جو آپ کو اپنے ملک پر نثار کرتی ہے - جب وقت آئے گا - تو وہ بہادر اقلیت ایسی ہے - جو آپ کا ساتھ دے سکتی ہے - اور آپ کے لئے قربانیاں کر سکتی ہے - میں نے خود اپنی تقریروں میں کہا ہے - کہ اگر میرا بیٹا بھی پاکستان کے خلاف لڑے تو میں باپ ہوتے ہوئے بھی اس پر وار کرنے سے باز نہیں رہونگا (خوب - خوب - تالیاں) اس سے زیادہ میں کیا کہہ سکتا ہوں - جو میرا نظریہ ہے پاکستان کے سب مسیحیوں کا نظریہ ہے - آپ شکایت کرتے ہیں - کہ ہندوستان میں باوجود اظہارِ وفاداری کے مسلمانوں پر شک کیا جاتا ہے - اگر ہم بھی اسی طرح شکایت کریں - تو کیا بجا نہیں ؟ اور یہ شکوک کا سلسلہ اٹھایا گیا - سپیکری کے سلسلہ میں اس کو ضرورت ہی کیا تھی - سپیکری سے علیحدگی کا معاملہ تو ایسا کوئی معاملہ نہیں تھا - جو میرے لئے بارگراں ہوتا - میں نے تو حضور والا آپ کو آپ کے منتخب ہو جانے کے بعد اپنی تقریر میں کہا تھا - کہ میں آپ کے انتخاب پر خوش ہوں - یہ کرسی آپ کی امانت تھی - جب چاہتے لے لیتے - آپ کا اسلامی حق تھا - یہ حق ہمارا نہیں تھا - ہم نے کبھی یہ حق نہیں جتایا - ذہنی طور پر بھی مجھے کیا مایوسی ہو سکتی تھی - جب میں نے یونیورسٹی چھوڑی تھی - اس وقت مجھے کوئی سپیکری کا خواب نہ آیا تھا - اور نہ ہی کسی بڑی نوکری کا لالچ تھا - نوکری کا خیال ہوتا تو یونیورسٹی کا اعلیٰ اور بارسوخ عہدہ چھوڑنے کی کیا ضرورت تھی - ابھی میرے ریٹائر ہونے میں چھ سال رہتے تھے - میں نے نوکری چھوڑی

اس لئے بھی کہ میں اپنی زندگی قوم کی خدمت کے لئے وقف کر دونگا۔ میں پندرہ سال سے قوم کی تنظیم کرنے میں لگا ہوا ہوں۔ میرے تمام بچے کھاتے پیتے ہیں۔ مجھے ایسا کوئی فکر نہیں ہے۔ میں نے تو اعلان کر دیا تھا کہ قوم کی خاطر دال روٹی کھا کر گذارا کر سکتا ہوں۔ سپیکری کی مجھے خواہش نہیں۔ قوم کی خدمت کی خواہش ہے۔ سپیکری کے بارے میں تو میں نے کرسی نشین ہوتے ہی اعلان کر دیا تھا۔ میں کوئی دور نہیں تھا۔ اگر مجھے پہلے یہ کہہ دیا جاتا۔ کہ یہ عہدہ اب بھی مسلمان کے لئے ہے تو میں آپ کا نام خود تجویز کرتا۔ لیکن آپ کی وزارت نے مجھ سے مشورہ کرنے کی ضرورت ہی نہ سمجھی ہمیں رنج اور درد صرف اس بات کا ہے۔ کہ بہانے ڈھونڈے گئے۔ کہ یہ یونینسٹوں کے ساتھ تھے۔ انہوں نے اس کا ساتھ دیا۔ لیگ کا نقصان کیا۔ یہ باتیں کہیں جن کی وجہ سے انہیں سپیکر نہیں بنانا چاہئے۔ اور اب مسیحی جماعت وزیر اعظم کی بہت مشکور ہے۔ کہ جناب نے بغیر الزام لگائے بلکہ تعریف کرتے ہوئے یہ صاف کر دیا۔ کہ یہ کرسی مسلمان کے لئے مخصوص ہے۔ سب سے بڑا گلہ ہمیں یہ ہے۔ کہ سپیکری کے بارے میں پراپیگنڈا کرنے کے لئے ایک دشمن قوم اور دشمن پاکستان کی تصنیفوں کا استعمال کیا گیا۔ میں اس کا ثبوت دے سکتا ہوں۔ کہ کس طرح دشمنوں کے ساتھ اس کی ملاقات اور لین دین ہوا۔ پہلے یہ کانگرس کے بہت خلاف تھا۔ پھر جب اس کا اینٹی پاکستانیوں کے ساتھ اٹھا سٹا ہوا تو بجائے ایک دم پینترہ بدلنے کے غیر جانب داری کا بھیس بدلا۔ اصلیت اس کی علانیہ ظاہر ہوگئی۔ ۲۰ جون ۱۹۴۷ء کو جب اس نے ایک فرضی کانفرنس بنام آل پارٹیز کرسچن کانفرنس فراہم کرنے کی کوشش کی۔ میٹنگ کا اعلان کتھولک سکول انارکلی کیا گیا۔ وہاں سے دھتکارے گئے۔ میٹنگ کمرشل بلڈنگ میں کمیونسٹ دفتر میں ہوئی۔ تھوڑے سے آدمی تھے۔ ہندو اخباروں میں اہمیت دی گئی۔ ویر بھارت کے ۲۲ جون کی اشاعت میں مسٹر موسے خاں کی تقریر کا لب لباب درج ہے۔ کہا گیا۔ کہ ۱۸ عیسائی خاندان ممدوٹ سٹیٹ میں زبردستی مسلمان بنائے گئے ہیں کہاں ہیں مسٹر سنگھا اور مسٹر گبن جو یہ کہتے تھے۔ کہ پاکستان جنت نشان ہوگا۔ آگے آگے دیکھئے ہوتا ہے کیا۔ میں نے یہ رپورٹ نواب ممدوٹ کو اسی وقت دکھائی۔ رپورٹ بالکل جھوٹ تھی۔ اور نواب صاحب کو معلوم ہو گیا۔ کہ یہ شخص جو انہیں جتلاتا رہتا ہے۔ کہ مسیحی ممبروں پر قوم کا اعتماد نہیں رہا۔ کس قماش کا آدمی ہے۔ حال ہی میں اس کی تلاشی بھی ہوئی۔ سنا ہے کہ وارنٹ گرفتاری بھی جاری ہوا۔ کچھ مال اور بھاگے ہوئے لوگوں کے کاغذات نکلے۔ پھر کہا جاتا ہے۔ کہ الزام اپنے رسالہ کے کلرک پر عائد کر کے بچ گیا۔ اس وقت لوٹ کی برآمدگی پر کوئی خاص زور نہیں دیا جا رہا تھا۔ اگر تلاشی ٹھیک طور پر ہوتی تو غداری کا بھی تیسرا ثبوت پولیس کے ہاتھ آ جاتا۔ حضور والا بعض مسلمان بھائیوں کو اس غداری کی یہ بات پسند آئی ہے۔ کہ یہ کہتے ہیں۔ کہ مسیحی ممبروں نے شروع سے آپ کا ساتھ نہیں

دیا - انہیں کوئی عہدہ نہیں دیا جانا چاہیئے اس بات کی خاطر ان سانپوں کو پاکستان میں پالنے کی ضرورت نہیں - ہم آپ سے کچھ نہیں مانگتے - اور اگر کوئی توقع رکھی ہے - تو آپ کے لیڈروں کے وعدوں کی وجہ سے - حضور والا میری یہ گذارش ہے - کہ ہم سچے دل سے پاکستانی ہیں - ہم اپنا سب گھر بار پاکستان کی خاطر لٹانے کو تیار ہیں - ہم سخت سے سخت تکلیف برداشت کریں گے - ہمیں بے شک آپ ایک چیز نہ دیں - صرف کہہ دیں کہ غیر مسلم کا یہ حق ہے اور یہ نہیں لاوے پتے نہ دیں - ہم نوکریوں کے بھوکے نہیں - ہم پاکستان کے سچے دل سے وفادار ہیں - ہم صرف یہ چاہتے ہیں - کہ ہم عیسائیوں کی حفاظت کی جائے اگر ہمارے مفاد کے لئے آپ کسی مسیحی کو با اختیار عہدہ نہیں دینا چاہتے نہ دیں - ہم راضی ہیں - لیکن پھر یہ ضرور کرنا ہوگا کہ کوئی نہ کوئی وزیر ہماری قوم کی شکایات سنے - اور ان کی حفاظت کرنے کے لئے احکام جاری کرنے کے لئے ایک دو گھنٹہ وقت وقف کر دیں - یا حکومت اور جو طریقہ ہماری حفاظت کے لئے مناسب سمجھے اختیار کرے - اگر چاہے تو خاص طور پر ایک آئی - سی - ایس افسر یا ایک مسلمان وزیر اس کام کے لئے مقرر کر دے - وہ بے شک ہماری قوم کا نہ ہو - مسلم ہو - حضور والا - ہمارا رونا تو صرف اتنا ہی ہے - کہ ہماری فریادیں سننے کے لئے کسی کو وقت نہیں - سب دوسرے کاموں کے طوفان میں ڈوبے ہوئے ہیں - ہم جانتے ہیں - کہ حکومت چاہتی ہے - کہ مسیحی یہاں خوش اور خرم رہیں - لیکن ہم پر وقت صرف کرنے کی کسی کو فرصت نہیں - کسی نہ کسی کو ہمارا رکھوالا بنائے بغیر کام چلے گا نہیں - اب حضور میں وزارت کے سامنے ایک اور چیز دکھنا چاہتا ہوں - بعض ملٹری فارمز میں ۳۵ سال یعنی جب سے وہ گاؤں آباد ہوئے تھے - عیسائی مزارعین تھے - اب ان کی جگہ پناہ گیر رکھ لئے گئے ہیں - اگر ان سے پوچھیں گے تو کہہ دیں گے کہ ان کے خلاف شکایات تھیں - اگر ان کے خلاف شکایات تھیں - تو اور عیسائی رکھ لو - اگر ان کی جگہ پناہ گزین رکھے جائیں - تو ہم کہاں جائیں - پناہ گیروں کا حق ضرور ہے - مگر یہ بھی یاد رہے کہ وہ مسلمان بھائیوں کے گھر آئے ہیں - ہم غیر مسلم پناہ گزیں ہیں - ہم نے یہاں اسلام کے گھر پناہ لی ہوئی ہے - کیا ہمارا کوئی حق نہیں - اسلام کی رُو سے ہمارا آپ کا چولی دامن کا ساتھ ہے - خاوند بیوی کا اتنا قریبی رشتہ ہے - مگر اسلام کی رُو سے خاوند بیوی کو طلاق دے سکتا ہے - . . . . . .

مگر اسلام کی رُو سے پناہ گزیں کو دشمن کے حوالے کرنے کی قطعاً اجازت نہیں - ہم جو یہاں آپ کے پاس رہتے ہیں - ہم نے آپ کے پاس پناہ لی ہے - ہمارا بھی آپ پر حق ہے - ہمیں بھی آپ پناہ گیر ہی سمجھ لیں - پہلے یہاں مسلمان زمینداروں کے پاس عیسائی مزارعین تھے - اب وہ بھی پناہ گیروں کو رکھ رہے ہیں - میں جانتا ہوں کہ حکومت کی تھوڑی سی توجہ سے یہ تحریک رک جائے گی - صرف تھوڑی سی کوشش کی ضرورت ہے - وہ لوگ اس غلط فہمی میں ہیں کہ عیسائیوں کی جگہ مسلمان رکھنا ثواب

کا کام ہے - اگر ان کو یہ سمجھا دیا جائے - کہ ہمیں نکالنا بھی ثواب کا کام نہیں تو وہ رک جائیں گے - اب جناب میں ایک اور گذارش کرنا چاہتا ہوں - پہلے بجٹ میں ایک مد رکھی جاتی تھی - اور اس میں سے دیہات میں اقوام مندرجہ گوشوارہ یعنی ہریجنوں کے لئے کنویں کھدوائے جاتے تھے - اس دفعہ بجٹ میں ایسی کوئی مد نہیں رکھی گئی - شاید اس لئے کہ اب غیر مسلم یہاں سے جا چکے ہیں - اور مسلمان میں چھوت چھات ہے ہی نہیں - سر سکندر حیات مرحوم ہمیشہ فرمایا کرتے تھے - کہ مسلمانوں کے گاؤں میں پبلک کنوئیں کھدوانے کی کوئی ضرورت نہیں - اگر کوئی مسلمان پانی لینے سے روکے تو مجھے بتاؤ - میں دیکھوں گا - کہ کون مسلمان نہیں بند کرتا ہے - اگر اسی وجہ سے بجٹ میں یہ مد نہیں رکھی گئی - تو حکومت کی طرف سے اس کا اعلان ہو جانا چاہئے تاکہ لوگوں کو بھی معلوم ہو - کہ مسلمانوں میں چھوت چھات نہیں ہے - اور عیسائی ان کے کنووں سے پانی بھر سکتے ہیں - اگر یہ اعلان لیگ والے کریں - اور بھی اچھا ہوگا - اور یہ اسلام کی ایک بہت بڑی فتح ہوگی - اس بات کا ذکر کرنے کی مجھے ضرورت اس لئے ہوئی - کہ بعض مہاجرین جو ہندوستان سے آئے ہیں - وہ اپنے ساتھ ہندو پن بھی لے آئے ہیں - عیسائیوں سے کھانا پینا تو درکنار ان کو کوئیں سے پانی بھی بھرنے نہیں دیتے - یہ شرم کی بات ہے - پاکستان کے اصول کے خلاف ہے - اسلام کے خلاف ہے - اس بدعت کو نیست کر دینا آپ کا فرض ہے - حضور میں نے ایک اخبار میں پڑھا ہے - کہ حکومت نے ایک لینڈ ریفارم کمیٹی مقرر کر دی ہے - میری یہ گذارش ہے - کہ اس میں ایک دو عیسائی ممبر بھی لینے چاہئیں - تقریباً ۴ لاکھ عیسائی ایسے ہیں جن کی معاش زمین سے وابستہ ہے - گاؤں کی اقتصادی زندگی کی تبدیلی کا اثر ان پر بھی ضرور پڑے گا - اس لئے کمیٹی پر ان کے نکتہ نگاہ کی نمائندگی ہونی بھی ضروری ہے - عیسائیوں میں سے کوئی زمیندار یا دیہاتی مسیحیوں میں کام کرنے والا موزوں آدمی اس کمیٹی پر لے لیا جائے - زمینوں کے بارے میں انقلابی تبدیلیاں ہونی ہیں - تو عیسائیوں کو اس سلسلہ میں نظرانداز نہیں کیا جانا چاہئے - ایسا نہ ہو کہ اب تو صرف وہ ہی خراب ہو رہے ہیں جو سکھ زمینداروں کے ساتھ کام کرتے تھے - پھر جو مسلمانوں کے ساتھ کام کرتے ہیں یا ان کے مزارع ہیں وہ بھی بے سرو سامان ہو جائیں - اب جناب میری ایک اور گذارش ہے اور وہ یہ ہے کہ حکومت نے ہمارے لئے نوکریوں میں ۵۵ فیصدی مقرر کیا ہے - یہ نہایت ہی فیاضانہ سلوک ہے - ہم سے آج تک ایسا سلوک نہیں ہوا - مگر میری یہ گذارش ہے - کہ یہ صرف زبانی باتوں میں یا دفتری تحریروں ہی تک نہ رہ جائے - اس پر عمل بھی ہونا چاہئے - جو دیں - عملی طور پر دیں - میں آنریبل وزیر مالیات کی توجہ اس طرف مبذول کرانا چاہتا ہوں - کہ اس وقت تمام صوبہ میں ایک بھی عیسائی تحصیلدار نہیں - جتنے عیسائی تحصیلدار تھے ریٹائر ہو چکے ہیں یا مر چکے ہیں - اس وقت ایک

بھی نہیں - فوجی امیدواروں میں جن کے نام پبلک سروس کمیشن نے بھیجے ہیں- اس میں مسیحی بھی شامل تھے - لیکن ایک بھی نہیں لیا گیا - دوسری اسامیوں میں جو بچ نکلتی ہے - پناہ گیروں کو دے دی جاتی ہے - پناہ گیروں سے سلوک ہونا چاہئے - یہ درست ہے - مگر ہمارا حصہ تو ہمیں ملنا چاہئے - جو اقلیتوں کا حصہ ہے وہ اقلیتوں کو ملنا چاہئے - اور اس کے علاوہ جو ہو وہ بے شک پناہ گیروں کو دے دیا جائے -

آخر میں حضور فیری یہ گذارش ہے - کہ ہم لوگ بھی مسلمانوں کی طرح صاف دل اور صاف گو ہیں - اس لئے ہم نے مسلمانوں کے ساتھ رہنا پسند کیا تھا- پھر یہ گذارش ہے - کہ ہم سے صاف گوئی برتی جائے - ہم سے کوئی چال نہ چلی جائے - ہم ہمیشہ سے آپ کے دوست ہیں - اور رہیں گے - ہم پاکستان کے اتنے ہی وفادار ہیں - جتنے آپ ہیں - آپ ہمیں نوکریوں یا حکومت میں کوئی حصہ دیں یا نہ دیں - مگر جو کہنا ہو صاف صاف کہا جائے -

اب میں آپ کے سامنے ایک نظریہ پیش کرتا ہوں وہ مسیحی ہونے کی حیثیت سے نہیں محض آپ جیسا پاکستانی ہونے کی حیثیت سے - اور وہ یہ ہے کہ اس وقت تمام دنیا کی آنکھیں ہندوستان اور پاکستان پر لگی ہوئی ہیں- کہ یہ دونو ملک اپنی اقلیتوں سے کیسا سلوک کرتے ہیں - مغربی پنجاب میں زیادہ تر اب صرف عیسائی اقلیت باقی ہے - آپ یوں سمجھئے کہ یہ عیسائی اقلیت آپ کے تجربہ کے لئے ایک شے ہے - جیسے ڈاکٹر اپنے تجربوں کے لئے چوہے پالتے ہیں اور دوائیاں آزماتے ہیں- آپ ہم پر تجربے کرکے دنیا کو دکھا دیں - کہ ایک خدا ترس اکثریت ایک اقلیت کو کس خوش اسلوبی سے سنبھال سکتی ہے - یہ بہت صلاح کن چھوٹی سی اقلیت ہے کوئی انتقامی جذبہ حائل نہیں - سب میں ہندو ہیں - اگر آپ ان سے اچھا سلوک کریں گے - تو اس کے صلہ میں ہندوستان میں مسلمانوں سے اچھا سلوک ہوگا - مگر ہم سے اچھے سلوک کا صلہ آپ کو آسمان پر ملیگا- بغیر لالچ کے نیکی کرنا بڑے ثواب کا کام ہے - البتہ بین الاقوامی نکتہ نگاہ سے ضرور آپ کی نیک نامی ہوگی - امریکہ اور انگلینڈ وغیرہ کے مشن جنہوں نے یہاں عیسائیت کی تبلیغ پر کروڑوں روپے صرف کئے ہیں - اور ہزاروں زندگیاں صرف کردی ہیں وہ ضرور یہاں کے عیسائیوں کے لئے احساس رکھتے ہونگے- جیسے آپ کو اپنے فلسطینی بھائیوں سے ہمدردی ہے - وہاں کے مسیحیوں کو بھی کچھ نہ کچھ درد ہوگا - اور یہاں اگر آپ عیسائیوں سے اچھا سلوک کریں گے - تو ان ممالک میں ضرور آپ کی نیک نامی ہوگی- اور لین دین میں بھی آپ پر زیادہ بھروسہ ہوگا - آخر میں میں اپنی تقریر اس شعر پر ختم کرتا ہوں

ہم بھی تسلیم کی خو ڈالیں گے
بے نیازی تیری عادت ہی سہی

Mr. Speaker : Demand under consideration, motion moved is :—

"That the item of Rs. 1,66,880 on account of Land Revenue—A—Charges of Administration (Voted) be reduced by Rs. 1,000."

Mr. Fazl Ilahi (East Central Punjab, Pakistani Christian) :

مسٹر فضل الٰہی :— جناب والا۔ میں بھی آپ کی خدمت میں کچھ عرض کرنا چاہتا ہوں۔ مسیحی طبقہ کے متعلق جو تصویر اس ایوان میں کھینچی گئی ہے وہ بالکل درست اور ہمارے فرقہ کے حسب حال ہے۔ میں نے اپنے فرقے کی حالت کے متعلق سنگھا صاحب سے صلاح مشورہ کیا تھا۔ چنانچہ حالات سے اس امر کا پتہ چلتا ہے کہ ہندوؤں اور سکھوں کے چلے جانے کے بعد بھی وہی گیہوں کے ساتھ گھن پسنے والی مثال صادق آتی ہے۔ یہ صحیح ہے کہ تقسیم ہندوستان اور خصوصاً تقسیم پنجاب کے بعد جو مصیبتیں پاکستان پر نازل ہوئیں ان کے مقابلے میں ہماری تکالیف بہت کم ہیں۔ مگر میں یہ بات واضح کر دوں کہ ہمارا تعلق اس فرقے اور اس جماعت سے ہے جو اس وقت بھی خدا کے فضل و کرم سے پاکستان میں موجود ہے۔ میں نے اس چیز کا ذکر اگلے روز مسٹر لیاقت علی خاں وزیر اعظم پاکستان سے بھی کیا تھا۔ اور ان کے سامنے بھی اپنے فرقے کی مشکلات رکھی تھیں۔ انہوں نے بھی مجھے پورا پورا یقین دلایا اور کہا کہ جہاں تک ممکن ہو سکا ہم کوشش کریں گے کہ آپ کے فرقے سے پورا پورا انصاف کیا جائے۔ مگر میں دیکھتا ہوں کہ بعض چھوٹی چھوٹی باتوں کے بارے میں جن کا ابھی ابھی ذکر کیا گیا ہے اصلاح کے متعلق کوئی اقدام نہیں کیا گیا۔ مثلاً ابھی کل کی بات ہے کہ میرے پاس دو شخص آئے۔ ان میں سے ایک کی لڑکی تھی اور دوسرے کا لڑکا اور ان کی شادی کے متعلق کوئی فیصلہ کرنا تھا۔ وہ یہ شکایت میرے پاس لے کر پہنچے کہ گاؤں کا ایک طبقہ یہ چاہتا ہے کہ کس طرح ان کی شادی نہ ہونے پائے۔ اور اس سلسلے میں بہت تنگ کر رہا ہے۔ میں سمجھتا ہوں کہ مسیحی جماعت کے افراد کو یہ حق حاصل ہے کہ وہ اپنے گھریلو معاملات۔ اپنا کام کاج اور کاروبار بغیر کسی رکاوٹ بلکہ پوری آزادی کے ساتھ سرانجام دے سکیں۔ اور خصوصاً اب جب کہ وہ پاکستان کے باشندے ہیں۔ انہیں اپنے ذاتی معاملات میں ہر طرح آزادی ہونی چاہیئے۔ یہ ایک حقیقت ہے اور میں اس بارے سے قطعاً کام نہیں لے رہا۔

جناب والا۔ ایک اور اہم معاملہ میں آپ کی خدمت میں پیش کرنا چاہتا ہوں وہ یہ کہ جب ان بیچاروں کے پاس اناج وغیرہ ختم ہو جاتا ہے تو کوئی انہیں قیمتاً اناج نہیں دیتا۔ اس طرح ان بیچاروں کو بعض اوقات بہت پریشان ہونا پڑتا ہے۔ میں سمجھتا ہوں یہ نہایت ہی تکلیف دہ چیز ہے۔ لہٰذا اس کا فوری انسداد کیا جائے۔

جناب جیسا کہ آپ کو معلوم ہے۔ ہمارے طبقے اور ہماری جماعت کا بیشتر حصہ گاؤں میں رہتا ہے۔ گاؤں میں حکومت کے اہلکار بہت سخت واقع ہوئے ہیں۔ وہ اس امر کا مصداق بنے ہوئے ہیں کہ جب ڈپٹی کمشنر آ جائے تو وہ کہہ دیں کہ خدا آپ کو پٹواری کرے۔ مطلب یہ کہ گاؤں سے متعلقہ افسر بہت زیادہ سختی کرتے ہیں۔ میں سمجھتا ہوں کہ یہ نہایت شرمناک رویہ ہے۔ اور

یہ ایسی حالت جس سے حکومت اور رعیت کے درمیان نفرت بڑھنے کا امکان ہے۔ میں حکومت کے بڑے بڑے افسروں کے متعلق تو کچھ نہیں کہنا چاہتا وہ اس لئے کہ میرے خیال میں وہ تو ہر معاملے میں پورا پورا انصاف کرتے ہیں۔ البتہ نچلے درجے کے افسروں کے متعلق مجھے کئی شکایات موصول ہوئی ہیں۔ یہ افسر دیہات میں ہماری جماعت کے افراد کو بہت تنگ کرتے ہیں۔ لہذا میری گذارش ہے کہ ان کو ضرور تنبیہ کی جائے۔ حکومت کے محکمہ نظم ونسق اور امن عامہ (law and order) کا فرض ہے کہ وہ ہماری جماعت کی جائز شکایات پر غور کرے۔ اگر تحقیقات تک نوبت پہنچے تو وہ بھی ضرور کرے اور بعد ازاں جن افسروں کی بے قاعدگیاں یا بدعنوانیاں ثابت ہوں تو ان کو سخت سزائیں دی جائیں۔

وہ خط جو ابھی ابھی سنگھا صاحب نے پڑھا ہے اس میں ایک نہایت ہی خوفناک تصویر کھینچی گئی ہے۔ میں سمجھتا ہوں اگر کسی علاقے میں اس قسم کے حالات جاری رہے تو وہ حکومت کے لئے بے حد بدنامی کا باعث ہوں گے۔ لہذا حکومت کو چاہئے کہ جہاں مسلمان ہماری جماعت کے افراد پر اس قسم کے ظلم کر رہے ہوں انہیں فوراً روکا جائے اور ظالموں کو قرار واقعی سزائیں دی جائیں۔

جناب والا۔ جب میں منٹگمری گیا اور وہاں کے ڈپٹی کمشنر صاحب سے ملاقات ہوئی۔ اس وقت فضا نہایت مکدر تھی۔ چنانچہ میں نے وہاں تقریریں کیں اور باہمی سلوک کو بہتر بنانے کی اپیل کی۔ اس کی وجہ سے فضا یقیناً پہلے سے بہتر ہو گئی۔ اور حاضرین نے جس میں مسلمان بھی تھے مجھے یقین دلایا کہ آئندہ مسیحی جماعت پر کسی قسم کی زیادتی نہ کی جائے گی۔ لیکن مجھے افسوس سے کہنا پڑتا ہے کہ اس کے بعد وہ واقعات ظہور پذیر ہوئے جن کے متعلق مسٹر Dale While کا خط ابھی ابھی آپ کی خدمت میں پیش کیا گیا ہے۔ میں سمجھتا ہوں کہ حکومت پر۔ ایوان ہذا کے ممبران پر اور مسلم لیگ پر یہ امر واضح ہو جانا چاہئے کہ مسیحی جماعت نے اپنے آپ کو پاکستان کا ایک جزو بنا دیا ہے۔ اور اب ہمارا تعلق صرف پاکستان سے ہے۔ ہم اس کے لئے ہر قسم کی قربانی کرنے کو تیار ہیں۔ اس وقت ہمارا مطالبہ صرف یہ ہے کہ ہماری جماعت کی پوری پوری حفاظت کی جائے۔ اور اس کے حقوق کو نظر انداز نہ کیا جائے۔

یہ مثال جو سنگھا صاحب نے پیش کی ہے۔ میں نے بھی منٹگمری میں پیش کی تھی۔ جہاں ہزاروں مسلمان اور عیسائی موجود تھے۔ حکومت کو اس امر کا احساس ہونا چاہئے کہ پاکستان پر جو مصیبتیں نازل ہوئیں یا جو کمزوریاں اس عبوری دور میں پیدا ہوئیں وہ تو محض عارضی ہیں یہ ہرگز دیرپا نہیں ہیں۔ مگر اس امر کا خیال رہے کہ ان مصیبتوں اور کمزوریوں کی وجہ سے مسیحی طبقے کے حقوق پامال نہ ہوں۔ یہ وقت بہت جلد گذر جائے گا۔ اور یہ کمزوریاں بھی عنقریب دور ہو جائیں گی۔ اس کے ساتھ ہی یہ بات بھی ملحوظ خاطر رہے کہ یہ جماعت جو پاکستان کا خاص جزو ہے پس افتادہ نہ رہ جائے۔ اسے بھی اپنے ساتھ چلایا جائے۔ میں سمجھتا ہوں کہ اگر ان کے حقوق اور جان و مال کی پوری پوری حفاظت کی گئی تو وہ پاکستان کی مضبوطی اور استحکام کا باعث ہوں گے۔ اور بیرونی دنیا بھی اس نیک سلوک کی وجہ سے جو ہمارے ساتھ کیا جائے گا پاکستان کی تعریف کریں گے۔

جناب والا۔ اس کے علاوہ میں چند باتیں اور بھی گوش گذار کرنا چاہتا ہوں۔ پہلی یہ

جہاں کہیں زمین کی تقسیم وغیرہ کا سوال ہو تو اسلامی رواداری کے پیش نظر مسیحی طبقہ کے ساتھ پورا پورا انصاف کیا جائے۔ اور انہیں ان کا جائز حصہ دیا جائے۔

پھر جہاں تک گھریلو صنعتوں (cottage) (Industries) کا تعلق ہے۔ میں سمجھتا ہوں کہ اس فرقے کی زیادہ امداد کی جائے۔ اور ان صنعتوں کے قائم کرنے کے سلسلے میں ان کی خاص ضروریات کا جلد از جلد انتظام کیا جائے۔ تاکہ گھریلو صنعتیں جو پاکستان کے قیام سے پہلے اس صوبے میں بڑے زوروں پر تھیں پھر اس حالت پر آ جائیں۔

سوال یہ ہے کہ ہم اس بات کو رویا کرتے تھے اور یہ رونا ہمیشہ ہمارے سامنے رہتا تھا کہ یہ عیسائی جماعت کے افراد ہیں اور اصل کام یہ ہے کہ کاشت کرتے ہیں اور آج یہ مصیبت اور بڑھ گئی ہے کہ ان کاشت کرنے والے عیسائیوں کو بے دخل کیا جا رہا ہے یہ انصاف کی بات نہیں ہے۔ میری گذارش ہے کہ انہیں مستقل مزارع بنایا جائے اور ان کا حق انہیں دلوایا جائے۔ لیکن انہیں تو عام کاشت سے بھی محروم کیا جا رہا ہے۔ شاید ایک لفظ کی وجہ سے اُن کے ساتھ ایسا بے انصافہ سلوک کیا جا رہا ہے اور وہ لفظ ہے (non-Muslim) غیر مسلم۔ لہذا میں سمجھتا ہوں یہ ضروری ہے کہ اس لفظ کی تشریح ہو جائے کیونکہ اس وجہ سے بہت غلط فہمیاں پیدا ہو گئی ہیں۔ اور خاص کر دیہات میں پیدا ہو گئی ہیں۔ زیادہ تر غیر مسلم سے عام لوگ ہندو یا سکھ کا مطلب لیتے ہیں اس لئے میری گذارش ہے کہ یہ لفظ عیسائیوں پر عائد نہیں ہونا چاہئے بلکہ ان کے لئے کوئی اور لفظ استعمال کرنا چاہئے۔ وہ لفظ کیا ہو یہ حکومت فیصلہ کرے کیونکہ اب مسلمانوں اور عیسائی طبقے کو بھائی ایک دوسرے ساتھ بھائی بھائی بن کر رہنا ہے۔ مگر جیسا کہ میں نے عرض کیا عام طور پر دیہات میں مسیحی طبقے کو بھی نون مسلم کی جماعت میں شامل کیا جاتا ہے۔ اس وجہ سے ان کے ساتھ بے انصافی روا رکھی جاتی ہے۔ ان کو بھی یہی سمجھا جاتا ہے کہ وہ نون مسلم ہیں۔ لہذا اس غلط فہمی کو دور کرنے کے لئے کوئی ایسا لفظ یا کوئی ایسی اصطلاح تراشی جائے کہ وہ عیسائی جماعت کو پاکستان کے باشندوں کی جماعت ظاہر کرے اور یہ بھی بتائے کہ پاکستان میں اقلیتوں کا واضح حصہ ہے۔

اس کے بعد میں جو بات آپ کے گوش گذار کرنا چاہتا ہوں وہ یہ ہے کہ جہاں جہاں اس قسم کے واقعات ہوئے جہاں جہاں اس قسم کی بے انصافیاں اور غیر منصفانہ سلوک اس قوم کے افراد کے ساتھ کیا گیا ہے وہاں وہاں تحقیقاتی کمیٹیاں مقرر کی جائیں تاکہ وہ ان امور کی صحیح تحقیقات کریں۔ اور جن جن افسروں اور کارکنوں نے زیادتیاں کی ہیں انہیں قرار واقعی سزائیں دی جائیں۔ پھر میں یہ بھی کہنا چاہتا ہوں کہ وہ لوگ جو مسیحی جماعت سے اچھی طرح واقف نہیں ہیں اور وہ لوگ جو اچھی طرح واقف ہیں وہ بھی اس بات کا خیال رکھیں کہ جو مسلم افسر آتے رہتے ہیں وہ مسیحی لوگوں کے ساتھ برا سلوک روا نہ رکھیں۔

میں سمجھتا ہوں۔ کہ سنگھا صاحب نے کافی باتوں پر وضاحت کے ساتھ روشنی ڈال دی ہے۔ اور ان باتوں کے سامنے جو پیش کی گئی ہیں۔ اور جو درست ہیں۔ میں سمجھتا ہوں حکومت کا اور اس ایوان کے ارکان کا یہ فرض اولین ہے۔ کہ وہ ان باتوں کو لاپروائی سے نہ اڑا دیں بلکہ ان

شکایتوں کو جلدی سے جلدی دور کرنے کی کوشش کریں ایسا ہرگز نہ کریں۔ کہ زبانی زبانی باتوں میں اڑا دیں۔ بلکہ ایسا عملی قدم اٹھائیں کہ مسیحی جماعت کا ہر لحاظ سے تحفظ کیا جائے۔ مسیحیوں نے ہر نقصان کے ساتھ نقصان اور ہر قربانی کے ساتھ قربانی دی ہے۔ لہذا اس جماعت کو ان کے کارناموں اور وفاداری کے مطابق حصہ دیں۔ جو شکایتیں اس وقت پیش ہو رہی ہیں ان کے ازالہ کے لئے پوری کوشش کی جائے۔ وقت کافی ہو چکا ہے۔ میں ایوان کا زیادہ وقت نہیں لینا چاہتا۔ مگر پیشتر اس کے کہ میں تقریر ختم کر دوں۔ میں دو ایک اور باتیں آپ کے گوشگزار کرنا چاہتا ہوں۔ پہلی بات یہ کہنی چاہتا ہوں۔ کہ آپ غور کریں اور دیکھیں کہ مسیحی جماعت کا حق کیا ہے۔ کسی چیز کو جس کو کوئی طلب کرے۔ اُس کے ثبوت میں اُسے اپنا حق پیش کرنا چاہئے چنانچہ دیکھا جاتا ہے۔ کہ ان ثبوتوں کے لحاظ سے اس کے تحفظ کا حق کیا ہے۔ اب مسیحی جماعت کی مثال آپ کے سامنے ہے۔ یہ جماعت زیادہ تر گاؤں میں بستی ہے۔ اور مدتوں سے وہ کام کر رہی ہے جس کے متعلق کہا جاتا ہے۔ کہ کوئی اور لوگ نہیں کرنا چاہتے۔

علاوہ اس کے (cottage industries) گھریلو صنعتی اداروں میں بھی کچھ لوگوں نے حصہ لیا ہے مثال کے طور پر چمڑے کا کام بالعموم مسیحی لوگ کرتے ہیں۔ اگر میں یہ کہہ دوں تو غلط نہ ہوگا۔ کہ دیہات میں یہ کام عیسائی جماعت کے ہاتھ میں ہے۔ اور بہت سے لوگوں نے جو بعد میں بڑے بڑے سوداگران چرم بن گئے۔ شروع شروع میں دولت عیسائی جماعت کے اس کام کی وجہ سے پیدا کی۔ مگر اس کام میں بھی ان کے ساتھ بے انصافی ہوتی ہے۔ وہ اسطرح جب چمڑا صاف ہو جاتا ہے۔ تو وہ دوسرے کے ہاتھ میں پہونچ جاتا ہے۔ اور پھر تیسرے کے ہاتھ میں یہاں تک کہ ولایت پہونچ جاتا ہے۔ اور وہی چمڑا بڑے نرخ پر بیچا جاتا ہے۔

آپ سیالکوٹ شہر کی مثال لے لیں۔ سیالکوٹ کو جیسا کہ ہم سمجھتے ہیں کہ وہ تجارت کے لحاظ سے دنیا میں گانہ شہر ہے۔ وہاں (Short Industry) گیند بلا اور دیگر کھیلوں کی صنعت ہمیشہ سب سے آگے آگے رہی ہے۔ اگر آپ غور کریں تو دیکھیں گے کہ عیسائی قوم کا بھی اس تجارت میں کافی حصہ موجود ہے۔ تندی (gut) کا سارا کام اس جماعت کے ہاتھ میں ہے۔ صرف یہ لوگ ہیں جو تندی کا کام کرتے ہیں۔ دوسرے لوگ اس کام کو ہاتھ بھی لگانا نہیں چاہتے۔ کروڑوں روپیہ جو پہلے ہندوستان کماتا تھا اور اب پاکستان کمائے گا وہ اسی جماعت کے وسیلے سے کمایا جائے گا۔ ہندو اور سکھ مالکوں کی زمین جو کئی سو مربع تھی اُس پر کاشت کا کام حکومت کس سے کراتی رہی۔ اسی جماعت کے افراد سے۔ اس کاشت سے جتنا روپیہ کمایا گیا وہ اسی جماعت کے افراد کی محنت اور مشقت کا نتیجہ ہے۔ آج اُن کے ساتھ اس قسم کی سختیاں کی جائیں۔ نہایت افسوس کا مقام ہے۔ اس جماعت سے جس نے اتنی خدمت کی ہے ناانصافی کی جانی نامناسب اور ناواجب معلوم ہوتی ہے۔ اس جماعت نے لا اینڈ آرڈر قائم رکھنے میں حکومت کا ساتھ دیا ہے اور ہم دیکھتے ہیں کہ اس نے قربانیاں بھی کی ہیں۔ اب اُن کی مصیبتوں کو دور کر دینا حکومت کا فرض منصبی ہے۔ نواب زادہ لیاقت علی خاں نے کہا تھا۔ جب میں نے اُن سے عیسائی جماعت کی مصیبتوں کا ذکر کیا کہ تمہاری جماعت کی مصیبتیں سمندر میں قطرے کے برابر ہیں۔ میں سمجھتا ہوں یہ مصیبتیں جو ہماری جماعت پر وارد کی گئی تھیں ایک اصول کی بات پر وارد کی گئی تھیں یعنی پاکستان

کو قائم کرنے کے لئے یہ مصیبتیں جھیلنی پڑی تھیں۔ بہرحال ہم تو پہلے سے ہی پاکستان میں موجود ہیں اور ہر خدمت کرنے کے لئے تیار ہیں۔ اب چاہیئے یہ کہ حکومت اس کمزور طبقے کی جو اُن کے ہاتھ میں ہے امداد کرے۔ اور اگر کوئی موقع ہو سکے تو ایک افسر یا کسی منسٹر کا کام اس جماعت کے کسی فرد کو دے دینا چاہیئے تاکہ اس حکومت میں اُن کا ایک فرد مسیحی طبقے کے حقوق کی حفاظت کر سکے اور مسیحی فرقے کی نگہداشت کرے۔ اور جو مصیبتیں اس جماعت پر وارد کی گئی ہیں اسے اُس افسر کے پاس پہنچائے جو مقرر کیا ہوا ہو۔ اور وہ سختی کرنے والے اشخاص کی تعزیر کرے اور سزا دے۔ میں یہ چاہتا ہوں کہ ہماری جماعت کے جو لوگ ہیں انہیں تسلی دی جائے۔ جب ہم اس اسمبلی سے باہر جائیں گے تو کوئی سینکڑوں آدمی ہمارے پاس آئیں گے اور پوچھیں گے۔ بتایئے آپ اس اسمبلی سے کیا جواب لے کر آئے ہیں۔ اُن کی کیا رائے ہے۔ اب میں آپ سے پوچھتا ہوں۔ سارے ایوان کے معزز ممبران سے پوچھتا ہوں کہ میں اُن کا کیا جواب دوں۔ اگر میں اُن سے یہ کہوں کہ انہوں نے مہربانی سے یہ فرمایا ہے کہ ہمیں تمہاری راستی۔ سچائی اور فرمانبرداری کا احساس ہے اور ہم تمہاری ہر ضرورت اور تکلیف کا خیال رکھیں گے تو وہ مجھ سے کہیں گے یہ باتیں تو ہم پہلے سے قائدِ اعظم کی تقریر میں سن چکے ہیں۔ یہ بتاؤ کہ اسمبلی سے ٹھوس بات کیا لے کر آئے ہو۔ لہذا میرا سوال آپ سے یہی ہے کہ کسی طرح سے کوئی ایسی بات اس وقت اس ایوان کے اندر کہی جائے کہ جس کو سن کر وہ خوش ہو جائیں۔ ان کی تسلی ہو جائے اور انہیں پورا پورا اطمینان ہو جائے کہ اب اُن پر کوئی مصیبت کوئی تکلیف کوئی مشکل وارد نہ کی جائے گی۔

Chaudhri Bahawal Bakhsh (South East Gujrat, Muhammadan, Rural):

چودھری بہاول بخش: جناب والا! مسئلہ بڑا شاندار آگیا ہے۔ میں اس میں صرف اتنا عرض کرنا چاہتا ہوں۔ کہ اخبارات میں لکھا جاتا ہے مسلم اور غیر مسلم۔ میں نے اپنے وزیر اعظم صاحب کو جو اس وقت مسلم لیگ کے صدر تھے میں نے ان کی خدمت میں عرض کیا تھا۔ کہ یہ غیر مسلم کا لفظ ناموزوں ہے۔ کیونکہ اس میں ہمارے عیسائی بھائی بھی آجاتے ہیں۔ اس لئے ہمیں اس کو متروک کرنا چاہیئے۔ اور اگر ہو تو ہندو اور غیر ہندو ہونا چاہیئے۔ کیونکہ یہاں کے اصل باشندے ہیں۔ اور اکثریت میں ہیں۔ ہمیں تو کہتے ہیں۔ کہ باہر سے یہاں آئے ہیں۔ اور یہاں آکر مالک بن بیٹھے ہیں یہ ان کی کمزوری کی وجہ ہے۔ آج معلوم نہیں۔ کہ ان کی طاقت کتنی ہے۔ کبھی ان پڑے بھی۔ تو یہ قصہ بھی ختم ہو جائے۔ جب ہم آئے تھے تو اس وقت وہ کوئی طاقت نہ تھے۔ ہمارے چند آدمی آتے تھے۔ اور نوٹ گھسوٹ کر کے واپس چلے جاتے تھے۔ وہ اس لئے اس ہندوستان میں اقامت پذیر نہیں ہوتے تھے کہ یہ نوٹ گھسوٹ کی دیری جو ہے۔ یہ ہندوستان میں رہنے سے چلی جائے گی اور ہماری اولادیں کمزور ہو جائیں گی مغلوں نے یہاں اقامت اختیار کی۔ لیکن افسوس اب ان کی اولاد کا اب کوئی پتہ نہیں لگتا ہے۔ بس بڑے بھائی اور چھوٹے بھائی کرتے رہتے تھے۔ کچھ سمجھ نہیں آتی۔ (قہقہہ) دراصل ان کی نسل خراب ہو گئی۔ تو انہوں نے ہندوستان کی شہنشاہی

سے کچھ نہ کمایا۔ سب کچھ گنوا دیا۔ نسل کا قایم رہنا سب سے اچھی چیز ہے۔ یہ دولت اور سلطنت بھی اچھی چیز ہے۔ مگر سلطنت تو ایسی چیز ہے۔ کہ صبح کسی کے پاس اور شام کو کسی کے پاس۔ لیکن اولاد جو کہ ہے۔ تو ملک کا انحصار اسی پر ہے۔ جس قوم کی اولاد شاندار ہے اور ہوشمند ہے۔ انشاءاللہ وہ ساری دنیا پر حکومت کرے گی۔

اب رہا معاملہ ہمارے عیسائی صاحبان کا۔ تو میں یہ عرض کروں گا۔ کہ مسلم اور غیر مسلم کے لفظ پر میں نے آنریبل وزیر اعظم کے کان میں یہ بات کہی تھی۔ کہ یہ لفظ بڑا ناموزوں ہے کیونکہ اس میں ہمارے عیسائی بھائی بھی آجاتے ہیں۔ اور ہم ان کو چیلنج دیتے ہیں۔ کہ اس لفظ کو متروک ہونا چاہیئے۔ میں عرض کروں گا۔ پریس کو بھی عرض کروں گا۔ کہ آئندہ کے لئے خدا کے واسطے ضرور اس لفظ کو ترک کر دیں۔ اور مسلم۔ ہندو اور سکھ لکھ دیا کریں لیکن مسلم اور غیر مسلم کہہ کر دنیا کو چیلنج نہ کریں۔ اگر ہندو اور غیر ہندو کہیں تو ٹھیک ہے۔

میں عیسائی بھائیوں کو یقین دلاتا ہوں۔ کہ وہ اہل کتاب ہیں۔ ہم ان کا اسی طرح احترام اور عزت کرتے ہیں۔ جس طرح اپنے حقیقی بھائیوں کی کرتے ہیں۔ (خوب، خوب) بشرطیکہ ان کی وفاداری اس مقدس زمین میں بالکل قطعی اور فیصلہ شدہ ہو۔ اور ہم سے ان کی ہمدردی ایسی ہو۔ جیسے کہ ہم ان کو محبت کرتے ہیں۔ مگر وہ نفقہ کا ملم کی سی نہ ہو۔ (قہقہہ) میں یہ بھی سنا دینا چاہتا ہوں۔ کہ جو مسلمان عیسائی ہو۔ اس کو یہ کہتے ہیں۔ کہ وہ قوم کی پرورش کرے گا۔ اور جو ہندوؤں کی طرف چلا جائے اس کو کہتے ہیں۔ کہ وہ ریوڑیاں انہوں میں ہی بانٹے گا۔ (قہقہہ)

جناب والا عیسائی کوئی بری چیز نہیں۔ وہ اہل کتاب ہیں۔ اور ہم سے پہلے یہی دین اسلام تھا۔ جو دنیا میں رائج تھا۔ ہمارا دعویٰ یہ ہے۔ کہ ہمارے پیغمبر صاحب نے اس میں اصلاح کی ہے۔ اور اس دین کا نام اسلام ہے۔ باقی ان میں اور ہم میں فرق نہیں ہے ایک تھوڑی سی ظن والی بات ہے۔ اور غالباً میرے خیال میں اگر یہ نہ کھائیں۔ تو ہم پھر ان کے ساتھ بھی کھا پی لیتے ہیں۔ سب جانتے ہیں کہ ہم مسلمان جو ہیں۔ تو کھانے پینے میں خدا کے فضل سے بڑے فراخ دل واقع ہوئے ہیں۔

دیوان بہادر ایس۔ پی۔ سنگھا: جو کوئی یہ کھاتا ہے وہ بائبل کے خلاف کرتا ہے۔

چودھری بہادل بخش: مسلمانوں نے عیسائی بھائیوں کی طرف ہمیشہ برادرانہ ہاتھ بڑھایا ہے۔ اور آپ دونوں کو جب میں دیکھتا ہوں تو میری زندگی زلیخا کی طرح دوگنی ہو جاتی ہے۔ (قہقہہ)

ہم آپ کو اپنا بھائی بنائیں گے۔ آپ کو اپنا ہم خیال بنائیں گے۔ اور ہماری گورنمنٹ آپ کی ہر بات کو مانے گی۔ اور آپ کے ہر دکھ کو دور کرے گی۔ اور آپ کو رنجیدہ نہیں ہونے دے گی۔

اور جناب والا! ہندوستان کا جو ملک ہے۔ اس کی نسبت بیان کرتا ہوں۔ کہ اس کے اندر تینتیس کروڑ دیوتا ہیں۔ اور تین کروڑ دیویاں ہیں۔ یہ تقسیم ٹھیک نہیں ہے۔ اور پھر یہ ہے

کہ اپنے ہاتھ سے جو بُت بناتے ہیں۔ اسے سامنے رکھکر کہتے ہیں۔ اے شیو مہاراج ۔

صاحب سپیکر: ۔ میں آنریبل ممبر سے استدعا کروں گا۔ کہ وہ اس تحریک پر تقریر کریں۔ اور دیویوں اور دیوتاؤں کو چھوڑ دیں۔

چودھری بہاول بخش: ۔ جنابِ والا! یہ بجٹ کا معاملہ ہے۔ اس میں آسمان پر اور اس کے نیچے جو کچھ ہے۔ سب پر بات چیت ہونی چاہئے۔ لیکن صدر صاحب کا حکم سر ماتھے پر۔ میں ان کے حکم کی تعمیل کروں گا۔

The Assembly then adjourned till 9 a. m. on Thursday, the 22nd January. 1948

دین محمدی پریس لاہور

WEST PUNJAB LEGISLATIVE ASSEBLY.

FIRST SESSION OF THE 1ST WEST PUNJAB LEGISLATIVE ASSEMBLY.

Thursday, 22nd January, 1948.

The Assembly met in the Assembly Chamber at 9 a.m. of the clock. Mr. Speaker in the Chair.

STARRED QUESTIONS AND ANSWERS

PETROLEUM OIL DISCOVERED ON THE MANDRA BHAUN LINE.

***24. Raja Said Akbar Khan** : Will the Hon'ble the Finance Minister be pleased to state whether it is a fact that a good deal of petroleum oil has been discovered on the Mandra-Bhaun line in Gujar Khan and Chakwal Tehsils, and in Chakwal wells have already been bored while in Cujar Khan excavation work is going on; if so, what action the Government intend taking to facilitate the transport of pertroleum to the oil Refineries of the Attock Oil Company?

Parliamentary Secretary (Chaudhri Muhammad Husain Chhatha) : The subject of boring petroleum oil wells and setting up of refineries is dealt with by the Central Govrenment. There is no official confirmation to the effect that petroleum has been discovered. Therfore, the question of transport of petroleum oil to the refineries of the Attock Oil does not arise.

ALLOTMENT OF CINEMAS

***26. Mian Muhammd Nurullah** : Will the Honourable the Finance Minister be pleased to state :—

(a) the principle on which allotment of cinemas has been made in the West Punjab;

(b) the number and names of the cinemas taken change of by the Government as abandoned property;

(i) In Lahore;

(ii) in other towns of the West Punjab;

(c) how many of these abandoned cinemas have so far been allotted;

(i) in Lahore;

(ii) in other towns of the West Punjab?

Parliamentary Sectretary (Chaudhri Muhammad Husian Chhatha) : (a) The order for preference for the allotment of cinema halls in the West Punjab is as under :—

(i) Refugees who were owners of cinema halls or equipment, machinery and running the cinemas themselves in East Punjab and rest of India and have lost their cinemas, equipment and machinery altogether.

Persons who were shareholders in limited companies for running of the cinemas were only to be considered if they were not applicants of the first category.

(ii) Refugees who were lesses and running the cinema halls in the East Punjab subject to the above proviso.

(iii) Refugees who were owners of the cinema halls in the East Punjab and have lost their business altogether.

(iv) Refugees connected with the cinema trades as Producers and Distributors.

(v) Non-refugees who are connected with the cinema trade.

(b) 49 Cinema halls, the list of which is given below, were considered by the Government as abandoned property.

(i) LAHORE—

1. Regal.
2. Regent.
3. Plaza.
4. Rattan.
5. Odeon.
6. Ritz
7. Palace.
8. Parbhat.

(ii) RAWALPINDI—

9. Capital.
10. New Rose.
11. New Lansdowne.
12. Capital Westridge.
13. Plaza.
14. Old Rose.
15. Novelty.
16. Nishat.

GUJRANWALA—

17. Regent.
18. Parkash.

SIALKOT—

19. Rose.
20. Regent.
21. Capital.
22. New. Pearl.

MULTAN--

23. Radho Talkies.
24. Imperial.
25. Sitara.
26. Crown.
27. Radho Palace.

JHELUM—

28. Regent.
29. Imperial.

MIANWALI—
30. Bahadur Talkies.

KHANEWAL—
31. Radho Palace.

MURREE—
32. Capital.
33. Lansdowne.
34. Lansdowne(Jhika Gali).

GUJRAT—
35. Majestic Talkies.

LYALLPUR—
36. Regent.
37. Minerwa.

GOJRA—
38. Imperial.

CAMPBELLPUR—
39. Lansdowne.

SARGODAH—
40. Sodarshan.
41. Nishat.

MONTGOMERY—
42. Parbhat.

OKARA—
43. Bharat.

JHANG—
44. Parbahat.

D. G. KHAN—
45. Parkash.

MUZAFFARGARH—
46. Rama.

MANDI BAHA-UD-DIN—
47. Rose.

ARIF WALA—
48. Nishat.

JARANWALA—
49. Prem.

Besides 5 cinema halls were found burnt in the West Punjab and not included in the above list.

(c) 27

(i) 8

(ii) 19

ALLOTMENT OF CINEMAS

*27. **Mian Muhammad Nurullah**: Will the Honourable the Finance Minister be pleased to state :—

(a) the names and number of Cinemas not allotted so far ;

(i) in Lahare :

(ii) in other towns of the West Punjab ;

(b) the reason for delay in allotment ;

(c) the approximate entertaimment duty assesed on all the Cinemas now running in Lahore and in other towns of the West Punjab, during the months of October, November and December last year ?

Parliamentray Secretary (Chaudhri Muhammad Husain Chhatha) : (a) Total number of cinema halls not alloted so far is 22.

(i) Nil.

(ii) 22. Their names are given below :—

RAWALPINDI—
1. Capital.

GUJRANWALA—
2. Parkash.

SIALKOT—
3. Regent.
4. New pearls.

MULTAN—
5. New Crown.
6. Radho Palace.

JHELUM—
7. Imperial.

MIANWALI—
8. Bahadur Talkies.

KHANEWAL—
9. Radho.

MURREE—
10. Capital.
11. Lansdowne.
12. Lansdowne.(Jhika Gali)

LYALLPUR—
13. Minerwa.

CAMPBELPUR—
14. Lansdowne.

SARGODHA—
15. Sudarshan.

MONTGOMERY—
16. Parbhat.

OKARA—
17. Bharat.

DERA GHAZI KHAN—
18. Parkash.

MUZARFFARGARH—
19. Rama.

MANDI BAHA-UD-DIN—
20. Rose.

ARIFWALA—
21. Nishat.

JARANWALA—
22. Prem.

(b) The allotment has been staggered under instructions from Government.

(c) This information is not available so far.

FILM PRINTS FIRE IN ROYAL PARK, LAHORE

*28. **Mian Muhammad Nurullah**: Will the Honourable the Finance Minister be pleased to state :—

(a) whether it is a fact that a fire broke out in a building in Royal Park, McLeod Road, Lahore, a few days ago resulting in the loss of films prints stored and sealed by Government officials on behalf of the Government ;

(b) (i) the approximate amount of loss so caused to the West Punjab Government by the fire : (ii) the estimated recurring loss to the Government in income and in entertainment duty caused by the loss of these film prints ;

(c) the qualifications of the officer who is in charge and responsible for safety of the stored and sealed films prints to justify his appointment as Custodian of film prints ;

(d) the reasons for the fire if these have been ascertained by Government ;

(e) whether it is a fact that under the rules these film prints being a highly inflammable material, could not be stored, much less sealed, in building that was not fire-proof ;

(f) the safety measures taken by Governmen to store this highly inflammable material ?

Parliamentary Secretary (Chaudhri Muhammad Husain Chhatha) : (a) Yes—a fire did break out in an already burnt portion of the film godown in Royal Park. This part of the godown contained a very limited stock, because part of the building had been damaged by a previous fire during the disturbances. The loss of film prints due to the fire which recently broke out, was nominal. because the stocks destroyed mostly comprised news reels and trailors etc. The main stock was kept in the other portion which escaped damage.

(b) (i) The films in this particular building are abondoned property. They are mostly old and in many cases incomplete prints and are being kept in safe custody until the distributors to whom they belong or their authorised agents can come and claim them. No loss has been caused to Government.

(ii) This qusestion does arise.

(c) An Assistant Rehabilitation Commissioner of this Departmen has been put in change of this godown. For all technical work, he is

assissted by the Pakistan Motion Pictures Association, which is an organisation of film producers, exhibitors and distributors.

(d) The matter is under investigation by Police and the Pakistan Motion Picture Association.

(e) The building in question is situated at a distance from othor buildings in the neighbourhood, and for this reason has always been used as a joint godown by the various distributors in Lahore, each of whom had a separate room or two for his stocks. No film can be kept in Cinemas or distribution offices. The Department merely sealed the godown to protect it from further loot and theft.

(f) The films are quite safe in this huilding and any mishap would be the result only of mischief. A police picket is guarding the godown.

POLICE OFFICERS.

*14. **Chaudhri Abdul Ghafur Qamar**: Will the Hon'ble the Premier be pleased to state :—

(a) how many retired Indian Police officers have been reemployed in the West Punjab.

(b) how many British and Ango-Indian officers are being retained in the police force ;

(c) how many British police officers have been recalled to resume duty after retirement :

(d) how many police officers belonging to other provinces are now serving the West Punjab Government ?

Parliamentray Secretary (Mian Abdul Haq) : (a) 1

(b) 68

D.I.G.	S.P.s.	D.S.Ps.	Inspectors	Sergeants.
1	9	8	26	24

(c) 3

D.I.G.	S.Ps.
1	2

(d) 4

D.I.G.	A.I.G.	S.P.
2	1	1

CONVERSION OF SHAKARGARH TEHSIL INTO A SUB-DIVISION.

*15. **Chaudhri Abdul Ghafur Qamar**: Will the Hon'ble the Premier be pleased to state :—

(a) whether it is a fact that the questio: ˆconverting Shakargarh tahsil into a sub-divison is under the consideration of the Government ;

(b) if not, whether he has received any representation to the above effect from the inhabitants of Shakargarh tehsil ; if so, the action taken thereon ?

Parliamentary Secretary (Mian Abdul Haq) : (a) No.

(b) No such representation has been received by me.

MIDDLE SCHOOLS FOR GIRLS AT SHAKARGARH

*16. **Chaudhri Abdul Ghafur Qamar** : Will the Hon'ble Minister of Education be pleased to state :—

(a) whether he is aware of the fact that the present Middle School for Girls at Shakargarh is being shifted to Narowal :

(b) whether there are already two Middle Schools for Girls at Narowal ; if so the reasons tor shifting the Girls' Shchool at Shahargarh to Narowal ?

The Hon'ble Sheikh Karamat Ali (a) Yes. The proposal to shift the present Government Girls' Middle School at Shakagarh to Narowal is under consideration.

(b) Yes. There are two girls, schools (one M. B. and the other privately managed) at Narowal. The necessity for shifting the Girls' School, Shakargarh, to Narowal has arisen owing to the unsettled conditions prevalling in the town of Shakargarh. Narowal is also situated on the border and the conditions there are unsettled. The Shakargarh School will be shifted only if absolutely necessary and that too only temporarily.

UNSTARRED QUESTION AND ANSWER.

PLAN FOR REDUCTION OF RENT COLLECTED BY LAND HOLDERS PRESENTED TO THE MINISTRY BY MIAN MUHAMMAD IFTIKHAR-UD-DIN.

35. Lt. Col. Sirdar Sir Muhammad Nawaz Khan : Will the Hon'ble Minister of Revenue be pleased to state :—

(a) whether it is a fact that Mian Muhammad Iftikhar-ud-Din has presented a plan to the West Punjab Ministry, whereby it is sought to reduce the rent collected by landholders ;

(b) if so, whether he is prepared to lay the plan on the table, if not, the reasons therefor ;

(c) the action if any Government propose taking in the matter referred to in the plan ?

The Hon'ble Sirdar Shaukat Hyat Khan : " (a) and (b) Mian Muhammad Iftikhar-ud-Din, as Minister for Refugees and Rehabilitation, did make a proposal, as a means for absorbing refugees, to require landlords owing more than 50 acres, who cultivate through tenants, to reduce the area with each of their tenants and to take refugees on their lands in addition to their existing tenants. He also suggested that the rent may be fixed at 3-times the land revenue.

(c) The matter is under active consideration of Government.

PRIVILEGE MOTION (NOT MOVED).

Mr. Speaker : Before the House proceeds with the discussion on the Demand under consideration I wish to bring it to the notice of the hon'ble members that I have received notice about a motion. I would have allowed it, but it so happens that the motion is unsigned. Therefore no question of my laying it before the House arises. Nevertheless I am told that the hon'ble Premier intended to make a statement on the floor of the House. As, however, the Premier is not present in the House I want to know if any other Minister wishes to make any statement on the subject.

وزیر خزانہ۔ آنریبل میاں ممتاز محمد خاں دولتانہ: جناب عالی۔ میرے خیال میں Premier صاحب ابھی ہال میں آجائیں گے۔ اس statement کا ان کے منہ سے سننا زیادہ موزوں ہوگا۔

Mr. Speaker : The difficulty is that the subject matter of the motion is such that I should put it before the House immediately after Questions. As I have said, the motion, which was handed over to me, is not signed by any hon'ble member of the House. Therefore I am not putting it to the House ; but I wish to warn and impress on the House, particularly the Government, that it is undesirable for any department of the Government to offer scathing criticism of the speeches made by hon'ble members on the floor of the House. If any hon'ble member makes a statement or a speech outside the House, and he is entitled to do so—it may be criticised, but the speeches made in this House are privileged and it does not lie with any Government officer to criticise them. I think that in view of this warning to the Government it should not be necessary for the hon'ble member concerned to press his motion.

Minister of Revenue : (The hon'ble Sirdar Shaukat Hyat Khan.) Sir, on behalf of my Government I would like to make a definite apology to the hon'ble member for the action which has been inadvertantly taken by a member of my department and I hope such a thing will not occur again. I hope this will satisfy the hon'ble member.

Mr. Speaker : This should satisfy the House. However, I may state that as such motions are likely to crop up—and I wish that they should not crop up—I propose appointing a committee of the House called the Committee of Privileges, so that before any such motion comes before the House it should be considered by the Committee of Privileges.

DEMANDS FOR GRANTS.

Mr. Speaker : The House will now resume discussion on Demands for Grants.

LAND REVENUE

Ch. Bahawal Bakhsh (South East Gujrat, Muhammadan, Rural) :—

چودھری بہاول بخش :- جناب والا۔ پرسوں جو میں عرض کر رہا تھا۔ اُس سے میرا مطلب یہ تھا۔ کہ جب انگریزوں کا یہاں راج تھا۔ اُس وقت یہاں دو قومیں تھیں۔ ایک ہندو اور ایک مسلمان۔ جن کے مذہب میں زمین آسمان کا فرق تھا۔ انگریزوں کیلئے یہ ضروری تھا۔ کہ وہ ایک ایسا قانون بنا دیں۔ جو دونو قوموں کے حالات کے مطابق ہو۔ لارڈ میکالے اور دیگر واضعان قوانین نے ایک ایسا قانون بنایا۔ جو حالات کے مطابق قابل تحسین و آفرین تھا مگر یہ قانون مسلمانوں کی شریعت کے مطابق نہ تھا۔ اب جبکہ خداوند تعالیٰ نے ہمیں اپنی سلطنت دی ہے۔ ہمارا ہر ایک کام۔ ہماری ہر ایک حرکت اور ہمارا چال چلن شریعت محمدی کے موافق ہونا چاہیئے۔ ہماری رہبری کے لئے ایک مکمل شریعت بل پاس کیا جانا چاہیئے۔

آنریبل سپیکر :- میں آنریبل ممبر کی اطلاع کے لئے یہ بتا دینا ضروری خیال کرتا ہوں کہ جب کوئی معاملہ اسمبلی کے زیر غور نہ ہو۔ تو اس کے متعلق تقریر کرنا قواعد کی رو سے

جائز نہیں۔ شریعت بل اسمبلی میں پیش ہو چکا ہے۔ لیکن وہ اس وقت زیر غور نہیں اس لئے آنریبل ممبر اس کی طرف اشارہ نہ کریں۔ اور نہ ہی اس پر discussion anticipate کریں جب ہاؤس میں شریعت بل پیش ہوگا تو اس پر بحث ہو سکتی ہے۔ آپ اس تحریک کے متعلق جو ہاؤس میں پیش ہے تقریر فرمائیں۔

چودھری بہاول بخش :- میرا خیال ہے۔ میں ذرا اونچا سنتا ہوں۔

راجہ سید اکبر خاں :- اگر آپ اونچا سنتے ہیں تو بولیں بھی اونچا۔

چودھری بہاول بخش :- میں تو اونچا ہی بول رہا ہوں۔ میں نے معزز صدر کا ایک لفظ بھی نہیں سمجھا۔

آنریبل سپیکر :- مجھے ہمیشہ یہ خیال رہا ہے۔ کہ میری آواز اتنی کمزور نہیں کہ آنریبل ممبر نہ سن سکیں۔ لیکن میں ان کی معذوری کا خیال رکھتے ہوئے اونچا بولتا ہوں۔ اور اپنے الفاظ کو دہراتا ہوں۔ قواعد کی رو سے کوئی آنریبل ممبر ایسی تقریر نہیں فرما سکتے جس کا تعلق کسی آئندہ آنے والے بل کے متعلق ہو۔ چونکہ ایک شریعت بل اس ہاؤس میں پیش ہونے والا ہے۔ اس لئے میں آنریبل ممبر سے درخواست کروں گا۔ کہ وہ اس بل پر تقریر نہ فرماویں۔ وہ تحریک زیر بحث کے متعلق تقریر کریں۔

آنریبل وزیر خزانہ :- ذرا آنریبل ممبر کو تحریک زیر بحث کی بابت بھی بتا دیں۔

آنریبل سپیکر :- تحریک زیر بحث وہی ہے۔ جو دیوان بہادر ایس۔ پی۔ سنگھا نے پیش کی تھی۔ کہ حکومت عیسائیوں کے ساتھ خاص مراعات برتے۔ اور ان سے اچھا سلوک کرے۔

ایک آنریبل ممبر :- آنریبل ممبر نے ابھی تک کچھ نہیں سنا۔

Mr. Speaker: I suppose, I shall have to requisition a loud speaker for the purpose. (*Laughter*)

چودھری بہاول بخش :- میں نے اس دن عیسائی بھائیوں کو تسلی دی تھی۔ کہ ہم ان کو اپنے بھائی سمجھتے ہیں۔ ہماری زبان سے کوئی ایسا لفظ نہیں نکلے گا۔ کہ جس سے یہ ظاہر ہو کہ عیسائی قابل نفرت ہیں۔ میں نے عرض کی تھی۔ کہ مسلم۔ غیر مسلم کے الفاظ مسلمانوں کو استعمال نہیں کرنے چاہئیں۔ کیونکہ ان سے عیسائی بھائیوں کے جذبات کو ٹھیس لگے گی۔ عیسائی اہل کتاب ہیں۔ وہی پہلے مسلم تھے۔ میں عیسائیوں کے خلاف ایک لفظ کہنے کو تیار نہیں

ہوں۔ ہم سب کو مل کر اتفاق سے پاکستان کی بھلائی کے لئے کوشش کرنی چاہیئے جب تک عیسائی پاکستان کے تابعدار رہیں گے۔ ہم بھی اُن کے تابعدار رہیں گے۔ جب ہی ہم کو معلوم ہوا۔ کہ وہ اِدھر اُدھر کر رہے ہیں۔ ہم۔۔ ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

دیوان بہادر ایس پی سنگھا ۔ سانپوں کو کیوں نہیں مارتے۔ حکومت سانپ پال رہی ہے۔ جو پانچ۔ چھ سانپ ہیں اُن کو نکالو۔

چودھری بہاول بخش ۔ ان سانپوں کا آپ کو خطرہ ہو تو ہو۔ ہم تو ڈسنے سے پہلے اُن کا سر کچل دیں گے۔

ہم کو حکم ہے۔ خَیرُ النَّاسِ مَن یَنفَعُ النَّاس ۔ یعنی انسانوں میں بہتر انسان وہ ہے۔ جو انسان کی مدد کرے۔ ؎

یہی ہے عبادت یہی دین و ایماں
کہ کام آئے دنیا میں انساں کے انساں

مسلمان سب سے بعد میں آئے لیکن مکمل مذہب لے کر آئے۔ ع

دیر آمدم شیر آمدم

جناب من۔ جو سانپ ہے۔ ہمیں اس کو مارنے کا حکم ہے۔ ہم اس کو اس کے ڈسنے سے پہلے مار ڈالیں گے۔

میں نہیں کہہ سکتا کہ آپ کا اشارہ کس طرف ہے۔ جب تک مجھے یہ معلوم نہ ہو کہ آپ نے کس کے متعلق یہ الفاظ کہے ہیں میں اس کے متعلق کچھ کہنے کے لئے تیار نہیں ہوں لیکن میں یہ ضرور کہوں گا کہ اسلام نے سارے معاملات کو صاف کر دیا ہے اسلام کہتا ہے۔ ظنّ المومنین خیرا

اسلام کہتا ہے کہ تھپڑ کے بدلے تھپڑ لگاؤ۔ لیکن اگر بخش دو تو اللہ تعالےٰ بخشنے والے کو پسند کرتا ہے۔ اسلام یہ نہیں کہتا کہ اگر تمہارے گال پر کوئی تھپڑ مارے تو تم دوسرا گال اس کے سامنے کر دو۔ میری گذارش ہے کہ میں حضرت عیسےٰؑ کی عزت اور احترام کرتا ہوں کیونکہ وہ ایک ذی شان پیغمبر تھے۔ لیکن انہوں نے کبھی اس تعلیم پر عمل نہیں کیا کہ اگر کوئی تمہارے گال پر تھپڑ مارے تو تم دوسرا گال اس کے سامنے کر دو۔ اس کے مقابلہ میں اسلام یہ کہتا ہے کہ تھپڑ کے عوض تھپڑ اور قتل کے بدلے قتل۔ کیسی عجیب اور شاندار تعلیم ہے۔ دنیا کی تاریخ میں آپ کو کوئی ایسا عیسائی ملا ہے جس نے ایک تھپڑ کھا کر دوسرا گال آگے کر دیا ہو۔ یہ ناممکن ہے۔ ممکن ہے انجیل میں تحریف کی وجہ سے یہ بات درج ہو گئی ہو۔

Mr. Speaker : Please speak to the motion.

چودھری بہاول بخش :۔ ہم نے تو کوئی سانپ نہیں پالے۔ ہم تو سانپوں کے کچلنے والے ہیں۔ جو شخص نیکی کرے گا ہم اس کی تائید کریں گے۔ جو اسلام کی عزت کرے گا ہم اس کی عزت کریں گے۔ اور جو مسلمانوں کے ساتھ وفاداری نہیں کرے گا ہم ایک منٹ نہیں لگائیں گے

اور اس کی ٹانگیں اونچی اور سر نیچا کر دیں گے۔ (قہقہہ) اصل بات یہ ہے کہ اسلام نہایت شاندار مذہب ہے۔ آپ نے اسے اچھی طرح مطالعہ نہیں کیا ورنہ اسلام تو یہ تعلیم دیتا ہے۔ کہ خیر الناس من ینفع الناس۔ ایسا وہ ہے جو لوگوں سے خواہ وہ ہندو۔ مسلمان یا سکھ ہوں اچھا سلوک کرے۔ جب تک ہمیں کوئی تنگ نہ کرے ہم اسے عزت کی نگاہ سے دیکھتے ہیں لیکن یہ بات مسلمان کی غیرت میں داخل ہے کہ اگر اسے کوئی بری نگاہ سے دیکھے تو وہ اسے برداشت نہیں کر سکتا میری غیرت یہ برداشت نہیں کر سکتی کہ مجھے کوئی دکھ دے یا مجھ پر بہتان باندھے تو میں ان کے خلاف ہاتھ پاؤں نہ ماروں۔ اسلام کا اصول صاف ہے کوئی لگی لپٹی سے نہیں۔ اس میں کوئی چیز چھپی نہیں۔ اگر کسی کو کوئی اعتراض ہو کسی مسلمان کے خلاف تو یہ اس کا شخصی فعل ہوگا۔ اس سے اسلام پر کوئی زد نہیں پڑتی۔ اسے اسلام پر اعتراض نہیں سمجھنا چاہیے۔ اسلام تو نیکی کی تعلیم دیتا ہے۔ وہ تو ہر مسلمان کو ہدایت کرتا ہے کہ وہ اچھوں کے ساتھ برا سلوک نہ کرے۔ اگر کوئی ایسا کرے تو یہ اسلامی روایات کے خلاف ہے۔ قرآن کریم میں آتا ہے کہ الدین یسر۔۔ . . .

Mr. Speaker : Order please,

Premier (The Hon'ble Khan Iftikhar Husain Khan) :—

عزیز اعظم۔ آنریبل خان افتخار حسین خان۔ جناب والا۔ میرے دو عیسائی بھائیوں دیوان بہادر ایس۔ پی۔ سنگھا اور مسٹر فضل الٰہی نے اپنی قوم کے مطالبات جس حسن بیان سے پیش کئے ہیں اس کے متعلق میں ان کو تحسین ادا کئے بغیر نہیں رہ سکتا۔ میرے دوست جب تقریر کرنے کے لئے اٹھے تو انہوں نے نہایت انکساری کے لہجہ میں یہ بیان فرمایا کہ شائد وہ اردو میں اچھی طرح سے واضح نہیں کر سکیں گے۔ لیکن ان کی طویل تقریر اور مرصع اردو کا جس قدر رعب ہم پر پڑا اور جس خوبی کے ساتھ انہوں نے اپنے تمام مطالبات پیش کئے وہ قابل تعریف ہیں۔ میرے دوست کو یہ شکایت ہے اور میں سمجھتا ہوں کہ بجا طور پر ہے کہ جو واقعات پچھلے چند ایام میں رونما ہوئے ہیں ان کی بنا پر ہمارے عیسائی دوست جو مغربی پنجاب میں رہ گئے ہیں خاص کر وہ عیسائی جن کا پیشہ کاشت کاری تھا displace ہو گئے ہیں۔ جناب والا پچھلے دنوں میں جو واقعات ہوئے ہیں دنیا جانتی ہے اور آپ بھی بخوبی جانتے ہیں کہ مسلمانوں کا بیشتر حصہ displace ہو کر مشرقی پنجاب سے مغربی پنجاب میں آ گیا ہے۔ جہاں تک عیسائیوں کا تعلق ہے میں سمجھتا ہوں کہ جو عیسائی سکھوں یا ہندوؤں کے مزارعین تھے ان کو شروع میں افسروں نے سب دخل کرنے کی کوشش کی ہوگی اور دیوان سنگھا صاحب بھی جانتے ہیں اور اگر انہیں معلوم نہیں تو ان کی معلومات کے لئے میں یہ عرض کر دینا چاہتا ہوں کہ ایک سرکلر جاری ہو گیا ہے جس میں افسران کو ہدایت کی گئی ہے کہ کسی عیسائی کو جو کسی غیر مسلم کا مزارع تھا بے دخل نہ کیا جائے۔ سوال صرف یہ رہ جاتا ہے کہ جو عیسائی بھائی سیپی کا کام کرتے تھے ان کا کیا ہوگا۔ اس میں شک نہیں کہ غیر مسلموں کے جانے کے بعد جو عیسائی سیپی تھے تاہم جن کا گزارہ کاشت کاری پر تھا اپنے کاروبار سے علیحدہ ہو گئے ہیں کیونکہ سیپی تو ایک قسم کا مزدور ہوتا ہے اسے مزارع کی حیثیت حاصل نہیں ہوتی

یہ چیز بھی ہمارے زیر غور ہے اور میں نے یہ معاملہ Refugee کونسل میں بھی پیش کیا ہے۔ اور میں اپنے بھائیوں کو یقین دلاتا ہوں کہ اس کے متعلق جلد سے جلد کوئی نہ کوئی فیصلہ ہو جائے گا لیکن میں ساتھ ہی ساتھ یہ بھی بتا دوں کہ زمین کی قلت کی وجہ سے نہ صرف شاید یہ ممکن نہ ہو کہ ہم ان تمام عیسائی بھائیوں کو کسی ایسی صورت میں آباد کر سکیں کہ ان کو زمینیں ضرور ملیں بلکہ نوبت یہاں تک پہنچ جانے کا احتمال ہے کہ جس سے بہت سے مسلمان بھی اراضیات سے محروم رہ جائیں گے۔

جو لوگ زمینوں پر مزدوروں کا کام کرتے تھے۔ عیسائی یا مسلمان۔ ہمیں ان کے لئے دوسرے طریقے سوچنے پڑیں گے۔ ہمارا صنعتوں کا وسیع پروگرام ہے ہم کوشش کریں گے کہ یہ لوگ ادھر کھپ جائیں۔ میرے دوست نے فرداً فرداً بہت سے واقعات پیش کئے ہیں کہ فلاں جگہ یہ ہوا اور فلاں جگہ وہ ہوا ان کے متعلق میری یہ گذارش ہے کہ جہاں اس قسم کی بڑی بازی ہو وہاں ایسے حالات پیش آجانا کوئی بڑی بات نہیں۔ ایسے واقعات تو نارمل حالات میں بھی پیش آجاتے ہیں۔ مجھے خوشی ہے کہ سنگھا صاحب نے خود ہی اعتراف کیا ہے کہ جس وقت افسروں کے نوٹس میں یہ واقعات لائے گئے انہوں نے فوراً ایکشن لیا اور موقع پر پہنچے۔ میں ان کو یقین دلاتا ہوں کہ جہاں تک مغربی پنجاب کی حکومت کا تعلق ہے ہم شروع ہی سے مسلم لیگ کے نظریہ یعنی اسلامی نظام کو سامنے رکھے ہیں ہم نے شروع سے جو پروگرام بنایا تھا اس پر پورا پورا عمل کریں گے۔ سنگھا صاحب نے کہا ہے کہ عیسائیوں نے اپنی آنکھیں کھلی رکھتے ہوئے پاکستان میں رہنا منظور کیا ہے میں ان کی خدمت میں یہ گذارش کرنا چاہتا ہوں کہ جیسے انہوں نے سوچ سمجھ کر اور آنکھیں کھلی رکھ کر یہاں رہنا منظور کیا ہے۔ وہ انشاء اللہ دیکھیں گے کہ جہاں تک پاکستان کی حکومت کا تعلق ہے انہیں یہ فیصلہ کرنے پر کبھی پشیمان نہیں ہونا پڑے گا۔ (تالیاں) انہیں کبھی افسوس نہیں ہوگا کہ انہوں نے یہ فیصلہ غلط کیا تھا۔ ان کی قوم ہر طرح فائدہ ہی میں رہے گی۔ جناب والا۔ میں سنگھا صاحب کو یقین دلاتا ہوں کہ ہمارا مذہب ہم کو رواداری سکھاتا ہے۔ ہم تو چاہتے تھے کہ ہندو اور سکھ بھی یہاں رہتے اور ہمارے اس نظام زندگی میں برابر کے شریک ہوتے۔ ان کے یہاں سے چلے جانے کے سلسلہ میں جو واقعات ہوئے ہیں ان کی تمام تر ذمہ داری انہی پر عائد ہوتی ہے۔ ہم نہیں چاہتے تھے کہ وہ یہاں سے جائیں مگر انہوں نے اپنے عمل سے ایسے حالات پیدا کر دیئے کہ ان کا یہاں سے جانا ناگزیر ہو گیا۔ اور وہ یہاں سے چلے گئے۔ اب یہاں صرف عیسائی قوم کے افراد باقی رہ گئے ہیں۔ جہاں تک عیسائیوں کا تعلق ہے ہمیں اس بات کا اعتراف ہے کہ انہوں نے پاکستان کو قبول کیا ہے اور پاکستان کے حصول میں ہمارے ساتھ رہے ہیں اور ہمارے دوش بدوش لڑتے رہے ہیں۔ ان تمام چیزوں کو سامنے رکھتے ہوئے ہمارے لئے یہ ناممکن ہے کہ ہم ان کے ساتھ کسی قسم کا ایسا سلوک کریں جس سے انہیں احساس کمتری ہو۔ اگر بعض حالات کی وجہ سے یا ہماری موجودہ پوزیشن کی وجہ سے ہمارے بعض دوستوں کو یہ احساس ہوا ہو کہ ہم اس کو دور کریں تو ہم انہیں یقین دلاتے ہیں کہ وہ ہمارے ساتھ برابر کے شریک ہیں۔ ہم میں کوئی فرق نہیں ہوگا۔ سنگھا صاحب نے کہا تھا کہ لفاظی بہت ہوتی ہے۔ زبانی باتیں بہت ہوتی ہیں۔ پھر غالباً مسٹر فضل الٰہی صاحب نے بھی

یہی فرمایا تھا۔ کہ ہمیں محض وعدوں پر نہ رکھا جائے۔ میں انہیں یقین دلاتا ہوں۔ کہ ابھی ہمیں نظام حکومت سنبھالے بہت تھوڑا عرصہ ہوا ہے۔ اور ہم اس قدر الجھنوں میں پھنسے رہے ہیں۔ کہ ہمیں کوئی موقع ہی نہیں ملا۔ کہ اپنے اس بیان کا عملی ثبوت دے سکیں۔ لیکن یہ کہنا بھی صحیح نہیں۔ کہ ہم بالکل ہی کچھ نہیں کر سکے اور ہم نے بالکل ہی کوئی عملی ثبوت نہیں دیا۔ میں انہیں یقین دلاتا ہوں کہ بہت جلد ایسے اقدامات کئے جائیں گے جن سے عیسائی قوم کی حیثیت مجموعی بہتری ہو گی۔ جہاں تک افراد کا تعلق ہے۔ وہ اور چیز ہے۔ ان کے متعلق میں کچھ عرض کرنا نہیں چاہتا۔ مگر جہاں تک عیسائی قوم کا تعلق ہے۔ وہ یقیناً فائدے میں رہیگی۔ ان سے ہمارا سلوک ایسا ہوگا۔ کہ انہیں کبھی بھی شکایت کا موقع نہیں ملے گا۔

پھر سنگھا صاحب نے فرمایا تھا کہ ہمیشہ بجٹ میں اقوام مندرجہ گوشوارہ کی خاطر کنوؤں کیلئے رقم رکھی جاتی تھی جو اس بجٹ میں نہیں ہے میں نہیں سمجھتا۔ اب اس قسم کی مدد کی کیا ضرورت ہے۔ پہلے اقوام گوشوارہ یا اچھوتوں کو عام کنوؤں کے استعمال کی اجازت نہیں ہوتی تھی۔ اس لئے ان کے لئے خاص اہتمام کیا جاتا تھا۔ مگر اب جبکہ تمام کنوؤں کے استعمال میں ان کے لئے رکاوٹ نہیں۔ تو پھر کسی خاص مدد کی یا اس قسم کے مطالبہ کی کیا ضرورت باقی رہ گئی ہے۔

پھر انہوں نے فرمایا ہے۔ کہ ضلع منٹگمری میں پٹھانوں نے عیسائیوں کے ایک گاؤں کو لوٹ لیا۔ مجھے بہت افسوس ہے۔ مجھے پتہ چلا تھا۔ مگر پٹھانوں نے اس گاؤں کو اس لئے نہیں لوٹا کہ وہ غیر مسلموں کا گاؤں تھا۔ بلکہ کئی مسلمانوں کو بھی لوٹا۔ سب کو علم ہے۔ کہ پٹھان ہر سال یہاں محنت مزدوری کے لئے آتے ہیں۔ اور اس سال بھی آئے۔ پھر پٹھانوں کو آپ جانتے ہیں بے چارے بھوکے ہوتے ہیں۔ لوٹ مار پر وہاں بھی ان کا گزارہ ہوتا ہے۔ اور یہاں بھی کیا کرتے ہیں۔ مگر یہ آپ دیکھیں کہ حکومت کا کس قدر انتظام ہے۔ سوائے چند واقعات کے اور کوئی ایسا ناخوشگوار حادثہ نہیں ہوا۔ ان کے گاؤں کے سوا ضلع سیالکوٹ اور گجرات میں بھی چند ایک ایسے واقعات ہوئے ہیں۔ جن سے معلوم ہوتا ہے۔ کہ مسلمانوں کو بھی لوٹا گیا اور انہیں نقصان پہنچایا گیا۔ اگر عیسائیوں کے اس گاؤں کو نقصان پہنچا تو یوں سمجھئے کہ پٹھانوں نے عیسائیوں اور مسلمانوں میں مساوات کو قائم رکھا۔ اور انہیں مسلمانوں کے ساتھ برابر کا شریک رکھا۔ سنگھا صاحب خود ہی فرما چکے ہیں کہ وہاں کے ڈپٹی کمشنر راجہ حسن اختر صاحب سنتے ہی فوراً موقع پر پہنچے اور انتظام کیا۔ امید ہے کہ آئندہ ایسے واقعات کی شکایت نہیں ہوگی۔

ایک سوال اور تھا بیگار کا۔ بیگار کی شکایت موجودہ وزارت سے کرنا کسی حد تک میرے دوست کی زیادتی ہے۔ یہ بیگار ان کے پرانے دوستوں کی پیدا کی ہوئی ہے۔ موجودہ وزارت کا اس کے ساتھ کوئی تعلق نہیں۔ بلکہ ہماری تو یہی کوشش ہے کہ یہ مذموم رسم جس قدر جلد ممکن ہو۔ ختم ہو جائے اور انشاء اللہ یہ جلدی ہی ختم ہو جائے گی۔ اگر کوئی ایسا افسر موجود ہے جو سابقہ دستور کے مطابق اب بھی بیگار لیتا ہو۔ تو اسے بیگار لینے سے قطعاً روک دیا جائے گا۔ اور آئندہ اس قسم کی کوئی شکایت نہیں ہوگی۔

پھر انہوں نے کچھ food کے متعلق بھی کہا تھا۔ کہ ان عیسائیوں کے پاس کھانے کے لئے کچھ نہیں جو دیہنوں سے علیحدہ کر دیئے گئے ہیں۔ اور اگر وہ ڈپوؤں

پر جائیں تو۔ انہیں وہاں سے بھی کھانے کے لئے نہیں ملتا۔ اس کے متعلق یہ عرض ہے۔ کہ مسلمان اور عیسائی کی کوئی تخصیص نہیں۔ سوال یہ تھا کہ دیہات کی مستقل آبادی، وہ نہیں جو نئے آئے ہیں۔ بلکہ وہ ہے جو پہلے سے یہاں بیٹھے ہیں۔ ان کے لئے اناج کا کوئی انتظام نہیں کیا گیا تھا۔ ان کے متعلق یہ سمجھا گیا تھا کہ ان کے پاس کھانے کے لئے کافی اناج ہے۔ گورنمنٹ نے دیہات میں صرف مہاجرین کے لئے انتظام کیا تھا۔ جو بیچارے اپنے ساتھ کچھ نہیں لا سکے۔ بعض جگہ ان کے لئے فری راشن کا انتظام کیا اور بعض جگہ ڈپو کھولے گئے۔ جہاں سے وہ قیمتاً راشن لے سکتے ہیں۔ صرف شہر کی مستقل آبادی کے لئے راشن کا انتظام ہے دیہات میں ایسا کوئی انتظام نہیں تھا۔ اب انہوں نے شکایت کی ہے۔ تو انتظام ہو جائے گا۔ میرے پاس لارڈ بشپ آف لاہور بھی آئے تھے۔ اور انہوں نے بھی دیہات کے عیسائیوں کی اس تکلیف کا ذکر کیا تھا۔ اب میں نے اس سلسلہ میں ڈپٹی کمشنروں کو ہدایات بھیج دی ہیں۔ اور اگر واقعی اس قسم کی کوئی تکلیف ہوئی تو اسے رفع کر دیا جائے گا۔

جنابِ والا۔ ایک بات اور ہے۔ جس کے متعلق ذکر کیا گیا ہے۔ اور وہ ملازمتوں کے متعلق ہے۔ ملازمتوں میں ہم نے عیسائیوں کو پانچ فیصدی کے تناسب سے لینے کا فیصلہ کیا ہے۔ اور اسے دیوان بہادر صاحب نے قبول کر لیا ہے۔ مگر اس کے باوجود بھی اُن کا خیال ہے کہ شاید ہم اس پر عمل نہیں کر رہے ان کی خدمت میں عرض کر دوں کہ اول تو ابھی تک نئی آسامیاں پُر کرنے کا اتفاق ہی نہیں ہوا۔ ہاں البتہ ای۔ اے۔ سی (E. A. C.) لینے کے متعلق فیصلہ ہو چکا ہے۔ ان آسامیوں کے لئے فی الحال ہم نے اٹھارہ (ای۔ اے۔ سی) جنگی خدمات (War Service) کے امیدواروں میں سے لئے ہیں۔ ان اٹھارہ میں ایک عیسائی بھی ہے۔ اور یہ آپ کے مقررہ تناسب سے زیادہ ہے۔ ابھی دوسری ملازمتوں کا سوال ہمارے سامنے نہیں آیا۔ جس وقت وہ ہمارے زیرِ غور ہوگا تو، میں آپ کو یقین دلاتا ہوں۔ کہ ہم ان میں بھی عیسائیوں کا خاص خیال رکھیں گے اور انہیں ان کے تناسب کے لحاظ سے ملازمتیں دیں گے۔ نہ صرف یہ بلکہ ہم نے مسٹر فضل الٰہی کو ایوان ہذا کا ڈپٹی سپیکر منتخب کر کے عملی طور پر یہ ثابت کر دیا ہے کہ ہم عیسائیوں کی حق تلفی ہرگز نہ ہونے دیں گے۔

آخر میں میں ایک بات بطور اپیل اپنے بھائی دیوان بہادر اور مسٹر فضل الٰہی کی خدمت میں عرض کروں گا۔ کہ وہ اپنی قوم میں اس قسم کا احساس پیدا نہ ہونے دیں کہ یہ حکومت ان کے ساتھ کسی قسم کا غیر منصفانہ سلوک کرے گی۔ اور یہ کہ پاکستان میں رہنے کا جو فیصلہ انہوں نے کیا ہے۔ وہ غلط ہے۔

دیوان بہادر نے یہ بھی فرمایا کہ جب آپ قائدِ اعظم سے ملے تو انہوں نے آپ سے یہ کہا کہ آپ اس دن کو نہایت خوشی سے یاد کریں گے۔ جب آپ نے پاکستان میں رہنے کا فیصلہ کیا۔ تو قائدِ اعظم کے یقین دلانے کے بعد میں

نہیں سمجھتا کہ مزید کسی قسم کا یقین دلانے کی بھی ضرورت ہے - لیکن ایوان ہذا کے ایک ذمہ دار رکن کی حیثیت سے میں اس امر کی جرأت کرتا ہوں - اور قائد اعظم کے یقین دلانے کے بعد دوبارہ انہیں اس امر کا یقین دلاتا ہوں کہ پاکستان میں رہنے کے متعلق ان کا فیصلہ بالکل صحیح ہے - ہم ان کے حقوق کی ہر طرح سے حفاظت کریں گے - انہیں اطمینان رکھنا چاہیئے - کہ اس فیصلے پر انہیں ہرگز پچھتانے کا موقع نہ ہوگا۔

جہاں تک گزشتہ حادثات کا تعلق ہے - میرا خیال ہے - کہ ان حادثات کی رو میں - ہندو - سکھ - مسلمان اور عیسائی سب کے سب بہہ گئے - جہاں آپ نے یہ اعلان کیا کہ آپ پاکستان میں مسلمانوں کے ساتھ برابر کے شریک ہوں گے۔ وہاں اگر آپ کو ایسے حادثات پیش آئے - تو یہ بھی سب کے لئے یکساں ہیں ہم مانتے ہیں کہ ان حادثات کی وجہ سے ہمارے عیسائی بھائیوں کو بڑا نقصان پہنچا - اور ان پر طرح طرح کی مصیبتیں نازل ہوئیں - تاہم ہمیں امید ہے کہ ہم بہت جلد ان پر قابو پالیں گے۔

ان واقعات کی وجہ سے آپ کی قوم کے چند افراد نے بہت سی تکلیفیں برداشت کیں - لہذا وہ لوگ ہمارے ساتھ پنجاب کی آزادی حاصل کرنے میں برابر کے شریک ہیں - اسی خیال کے پیش نظر اگر آپ کو بعض ایسے واقعات بھی پیش آئے ہیں - جن کی وجہ سے آپکو نقصان اٹھانا پڑا ہو تو میں سمجھتا ہوں بھائیوں کی طرح آپ کو ان میں بھی برابر کا حصے دار ہونا چاہیئے - لہذا میں آپ سے پھر درخواست کروں گا - کہ آپ اپنی برادری کو ہماری طرف سے بھی یقین دلائیں اور (قائد اعظم نے تو قبل ازیں بھی یقین دلایا ہے) کہ اُن کے ساتھ کسی قسم کی ناانصافی نہ ہوگی آپ تو پانچ فیصدی کہتے ہیں - ہم آپکو اس تناسب سے کہیں زیادہ حقوق دینے کے لئے بھی تیار ہیں - اور آپ کے ساتھ نہ صرف منصفانہ بلکہ فیاضانہ سلوک روا رکھا جائے گا۔

آخر میں آپ کو پھر یقین دلاتا ہوں - کہ آپ کو اپنے فیصلے پر ہرگز پچھتانے کا موقع نہ ہوگا۔ (تالیاں)

ان الفاظ کے ساتھ میں اپنی تقریر ختم کرتا ہوں۔

Diwan Bahadur S. P. Singha :(West Central Punjab, Pakistani Christian):

دیوان بہادر ایس - پی - سنگھا حضور والا - میں وزیر اعظم صاحب کا بڑا مشکور ہوں کہ انہوں نے ہمارے حقوق کے تحفظ کے لئے ہمیں یقین دلایا اور عیسائیوں کے متعلق نہایت محبت انگیز جذبات کا اظہار کیا - پیشتر اس کے کہ میں کسی اور چیز کے متعلق کچھ کہوں میں چودھری بہاول بخش کے کل والے بیان کے متعلق کچھ عرض کرنا چاہتا ہوں - انہوں نے بھی ہمارے متعلق بہت نیک جذبات کا

اظہار کیا ہے۔ لیکن انہوں نے یہ بھی فرمایا ہے۔ کہ حکومت پر اس فرقے کے حقوق کی حفاظت کا فرض اس حالت میں عائد ہوتا ہے۔ جب یہ فرقہ پاکستان کیساتھ وفاداری کا عملی ثبوت پیش کرے۔ تو اس کے متعلق میں صرف یہ عرض کروں گا۔ کہ میں نے اپنی ہر ایک تقریر میں اپنی قوم سے ہمیشہ پاکستان سے وفاداری اور ہمدردی کے لئے اپیل کی ہے۔ میں آپ کو یقین دلاتا ہوں۔ کہ عیسائیوں کی طرف سے آپ بالکل مطمئن رہیں۔ وہ ہر طرح سے پاکستان کے حامی اور وفادار ہیں۔ مگر ایک بات میں آپ کی خدمت میں ضرور عرض کروں گا وہ یہ کہ اس حکومت کو ہر روز اس امر کا مطالبہ نہ کرنا چاہیئے۔ کہ عیسائی اپنی وفاداری کا عملی ثبوت پیش کریں۔ یہ مطالبہ بعینہٖ ہندوستان کے ہندوؤں کے اس مطالبے کی مانند ہے۔ جو آئے دن ہندوستان کے مسلمانوں کو ڈومینین (Dominion) حکومت سے وفاداری اور ہمدردی کا ثبوت پیش کرنے کے لئے کہتے ہیں۔

میں تو یہاں تک کہہ چکا ہوں کہ اگر پاکستان کو ضرورت پیش آئے تو ہم اپنے اُن رشتہ داروں اور بچوں کے مقابلے میں لڑیں گے۔ جو اس وقت ہندوستان میں مقیم ہیں۔ اب آپ خود ہی فرمائیں۔ کہ اس سے زیادہ وفاداری اور ہمدردی کا اور کیا ثبوت ہو سکتا ہے۔ (تالیاں)

اگر آپ کو کسی بیرونی طاقت کے ساتھ مقابلے کی صورت میں بھرتی کی ضرورت ہو تو میں کہتا ہوں۔ کہ آپ سب سے پہلے عیسائیوں کو بھرتی کریں۔ اور دشمن کے مقابلے میں سب سے پہلے انہیں بھیجیں۔

حضور والا۔ ہم تو حکومت پاکستان کو ہر طرح وفاداری اور حمایت کا یقین دلانے کے لئے تیار ہیں۔ مگر افسوس کہ ہمارے مخالفین ہمارے خلاف عجیب و غریب الزامات لگاتے ہیں۔ کوئی ہمیں جاسوس کہتا ہے اور کوئی ہندوؤں کے ایجنٹ کے نام سے یاد کرتا ہے۔ غرضیکہ مسلمانوں کے دلوں میں ہمارے متعلق انتہائی نفرت پھیلانے کی کوشش کی جا رہی ہے۔ المائدہ کے ایڈیٹر جیسے چند ایک ہی افراد ہیں۔ جنہوں نے بہت غلط پراپیگنڈا (propaganda) کیا ہے۔ اُن کے نزدیک عیسائی غیر جانبدار (neutral) ہیں۔ وہ نہ کسی کے حق میں ہیں۔ اور نہ کسی کے مخالف۔ مگر میں نے پنجاب کے ایک سرے سے لے کر دوسرے سرے تک دورہ کیا ہے اور اس کے دوران میں میں نے لوگوں کو یہی بتایا کہ غیر جانبدار (neutral) رہنا گناہ ہے۔ ہم پاکستان کے باشندے ہیں اور ہمیں اسی سرزمین پر رہنا ہے۔ ہمیں شرارتی لوگوں کی چالوں میں آ کر اور غلط پراپیگنڈا کا شکار ہو کر ہرگز اپنے مفاد کو نقصان نہ پہنچانا چاہیئے۔ میں سمجھتا ہوں کہ ہمیں ایسے لوگوں کو اپنا ہم خیال بنانے کی کوشش کرنی چاہیئے اور اس وقت اگر واقعی کوئی غیر جانبدار عنصر موجود ہے تو اسے قائل کرنا چاہیئے کہ مذہبی لحاظ سے بھی ہمارا فرض یہی ہے کہ ہم پاکستان کی تعمیر میں پورا پورا

حصہ لیں - اور اس کی خاطر ہر قسم کی قربانی کے لئے تیار ہیں - مگر کوئی لاتوں کے بھوت باتوں سے نہ مانیں - تو جیسے چودھری بہادر بخش صاحب نے فرمایا ہے کہ آپ اُن کی ٹانگیں اوپر کر دیں گے - بیشک کیجئے - پر ساری قوم کی کیوں - تم تو آپ کے ساتھ ہے - اگر ایک دو مچھلیاں پانی کو گندا کرتیں ہیں - تو ان گندی مچھلیوں کو نکال باہر پھینکیں - پانی کا کیا قصور - جناب والا - چودھری بہادر بخش صاحب نے یہ بھی فرمایا کہ ہم عیسائی لوگ بعض ایسی چیزیں استعمال کرتے ہیں جن کی وجہ سے مسلمانوں اور عیسائیوں کے مابین کھانا پینا مشکل ہو جاتا ہے - حضور والا - میں یہ گوش گذار کر دوں کہ ہم اہل کتاب ہیں ہم جن چیزوں کا استعمال کرتے ہیں - وہ اسلام کی رو سے حلال اور جائز ہیں - خدا کے واسطے اس غلط فہمی کو دور کریں کہ ہم ایسی چیزوں کا استعمال کرتے ہیں - جو اسلامی نقطہ نظر سے حرام ہیں - آپ کو انگریزوں اور اپنے عیسائی بھائیوں میں تمیز کرنی چاہیئے - آپ زمیندار ہیں - آپ جانتے ہیں کہ ایسی چیزیں تو گاؤں میں ہمارے عیسائی زمیندار بھی استعمال نہیں کرتے -

حضورِ والا - آپ کو معلوم ہے - کہ ہمارا فرقہ ایک تبلیغی فرقہ ہے - جو لوگ تبلیغ کی وجہ سے ہمارے مذہب میں داخل ہوتے ہیں - ان میں گاہے بگاہے ایک عنصر ایسا بھی آجاتا ہے - جو فی الواقع ایسی چیزوں کا استعمال کرتا تھا - ان کو درست کرنے میں شاید دیر لگ جاتی ہو - اس لئے ان کے متعلق معترض حضرات واقعی برحق ہوں گے - مجھے تو ایسے طبقے کا علم نہیں - اگر آپ مجھے بتائیں کہ ایسے اشخاص کہاں ہیں - تو میں آپ کو یقین دلاتا ہوں کہ ہم انہیں تعلیم اور پراپیگنڈا کی مدد سے ایسی ناپاک اور حرام چیزیں ترک کرنے پر مجبور کر دینگے - اور اگر وہ اس کے باوجود بھی انہیں نہ چھوڑیں تھے - تو ہم ان کا حقہ پانی بند کر دینگے میں پورے وثوق سے کہتا ہوں کہ مسیحی خاندانوں میں ایسی چیزوں سے انتہائی نفرت کی جاتی ہے - اور انہیں حرام سمجھا جاتا ہے -

حضورِ والا - ویسے اگر دیکھا جائے تو بعض مسلمان ایسے بھی ہیں جو ہوٹلوں وغیرہ میں انگریزوں کے ساتھ بغیر کسی ہچکچاہٹ کے ایسی چیزیں کھاتے پیتے ہیں بہر حال میں آپ کو یقین دلاتا ہوں کہ مذہبی سوجھ بوجھ رکھنے والے عیسائی ان چیزوں کو بالکل حرام سمجھتے ہیں - اگر آپ بائبل Bible مقدس کا مطالعہ کریں تو آپ کو معلوم ہوگا - کہ یہ چیزیں ہمارے مذہب کی رو سے ممنوع ہیں - اور ہماری حرام فہرست میں آپ کی فہرست سے دو ایک زائد ہی چیزیں درج ہیں کم نہیں -

حضورِ والا - یہ فرضی بات نہیں ہے - آپ بائبل کا مطالعہ کیجئے - یہ ہماری کتاب مقدس ہے - اس میں کوئی ایسا اشارہ یا کوئی ایسی ہدایت نہیں ملتی جس سے اندازہ لگایا جا سکے - کہ ہمیں وہ چیز کھانے کو کہا گیا ہے - جس طرح آپ کے مذہب میں یہ لازم ہے - کہ مسلمان قرآن شریف کا حکم مانے اور اس پر عمل کرے

اسی طرح ہمارے مذہب میں ہمارے لئے یہ ضروری قرار دیا گیا ہے کہ ہم اس کتاب مقدس پر عمل کریں۔ جس طرح قرآن شریف پر عمل نہ کرنے والے مسلمان موجود ہیں۔ اسی طرح ہمارے مذہب میں بھی بائبل مقدس پر عمل نہ کرنے والے عیسائی بھی ہوتے ہیں۔ میں اپنے مسلمان بھائیوں کی غلط فہمی رفع کرنے کے لئے بائیبل کا حوالا دیتا ہوں۔ استثنا کے چودھویں باب میں ان جانوروں کے نام دیئے گئے ہیں۔ جن کے متعلق کھانے کا حکم ہے۔ میں پڑھ کر سناتا ہوں۔ تیسری آیت سے ساتویں آیت میں یوں لکھا ہے۔

"تو کسی گھناؤنی چیز کو مت کھائیو۔ وہ چار پائے کہ جنہیں تم کھا سکتے ہو یہ ہیں۔ بیل اور جھنڈ میں سے بھیڑ اور بکری اور ہرن اور چکارا اور یا ہمور اور نر کوہی اور سابر اور نیل گائے اور تکا کوہی اور ہر ایک چارپایا جس کے کھر الگ اور چیرے ہوئے ہوں اور وہ جگالی بھی کرتا ہو تو تم اسے کھا سکتے ہو۔ لیکن ان میں سے کہ جگالی کرتے ہیں۔ یا ان کے کھر چیرے ہوئے ہیں تم انہیں مت کھائیو جیسے اونٹ اور خرگوش اور سافان اس لئے کہ وہ جگالی کرتے ہیں۔ لیکن ان کے کھر چیرے ہوئے نہیں ہیں۔ سو یہ تمہارے لئے ناپاک ہیں اور سور بھی کہ اس کے کھر چیرے ہوئے ہیں پر جگالی نہیں کرتا۔ وہ تمہارے لئے ناپاک ہے۔ تم ان کا گوشت نہ کھائیو۔ نہ ان کی لاش کو ہاتھ لگائیو"

اب آپ نے اس سے اندازہ لگایا ہوگا۔ کہ ہمیں کن کن چوپایوں کے کھانے کا حکم ہے۔ اور کن کا نہیں۔ اس آیت کے بعد آٹھویں آیت سے اکیسویں آیت تک آبی اور ہوائی جانوروں کی فہرست دی ہوئی ہے۔ جس طرح پہلی آیت میں چوپایوں کی فہرست تھی۔ آپ خاطر جمع رکھیں ہمیں مسلمانوں کے ساتھ رہنا ہے۔ ہم ایسی چیز کو ہاتھ نہیں لگائیں گے۔ جس کے متعلق کتاب مقدس میں اتنے واضح الفاظ میں کہا گیا ہے کہ یہ چیز حرام ہے۔ اور حضور والا۔ جب میں دورے پر جاتا ہوں تو اپنی جماعت کے افراد سے کہتا ہوں۔ کہ دیکھو یہ چیز جس طرح مسلمانوں کو حرام ہے۔ اسی طرح ہمیں بھی حرام ہے۔ اور مذہباً حرام ہے۔ مسلمان یہ سمجھتے ہیں کہ تم اس چیز کو کھاتے ہو۔ لہٰذا تمہارا یہ فرض ہے کہ تم اس غلط فہمی کو دور کر دو۔

باقی حضور والا۔ جو آنریبل وزیر اعظم صاحب نے فرمایا تھا کہ ہم لوگوں نے جو اس جگہ رہنے کا فیصلہ کر لیا ہے اس سے کبھی نہیں پچھتائیں گے۔ ہم ان کے ساتھ خوش رہیں گے اور ضرور خوش رہیں گے۔ انہوں نے ہمیں اس امر کا یقین دلایا ہے۔ ہم جانتے ہیں کہ ہم خوش رہیں گے۔ مگر دوسری طرف مشرقی پنجاب میں جو ہمارے متعلق مشہور ہو رہا ہے اس کا بیان کر دینا خالی از دلچسپی نہ ہوگا دو آدمی میرے پاس آئے۔ ایک دھاریوال سے اور دوسرا پٹیالہ سے۔ انہوں نے مجھے بتایا کہ وہاں یہ خبر پہونچی ہے کہ عنقریب مغربی پنجاب کی طرف سے قبائلی پٹھانوں کا حملہ ہونے والا ہے۔ اور میں ان کے ساتھ

ہونگا- پھر میرے سپیکری سے ہٹ جانے کے بارے میں بہت سی حاشیہ آرایاں ہوئی ہیں - اخباروں میں بھی یہ مشہور کر دیا گیا - کہ ہماری جماعت کا ایک قافلہ مغربی پنجاب سے روانہ ہو چکا ہے - اور ہم لوگ وہاں کی حکومت سے مایوس ہوکر مشرقی پنجاب میں پہونچ رہے ہیں - اور اس قافلے کو سنگھا صاحب لیڈ کر رہے ہیں- پھر کسی اخبار نے یہ بھی لکھا کہ سنگھا صاحب دہلی پہونچ گئے ہیں اور انہیں بہار کا گورنر مقرر کیا جا رہا ہے - اب آپ اس سے بآسانی اندازہ فرما سکتے ہیں کہ وہاں کس قدر پراپیگنڈا ہو رہا ہے - اور کس لہجہ پر ہو رہا ہے - میں اس ایوان کو یقین دلا دینا چاہتا ہوں کہ ہم پر ان کے پراپیگنڈا کا کوئی اثر نہیں ہوسکتا - بلکہ ہمیں وہ دن اچھی طرح یاد ہیں جب انہوں نے مجھے باؤنڈری کمیشن کے سلسلہ میں کتنی گالیاں دی تھیں اور کتنا بُرا بھلا کہا تھا - میں نے بھی کہا ہے اب پھر کہتا ہوں اور آیندہ بھی کہونگا کہ ہمیں یہاں مسلمانوں کے ساتھ ایک ہوکر رہنا ہے - اور وہ پراپیگنڈا کرنے والے دیکھیں گے کہ ہم یہاں ایک ہوکر رہیں گے - میں آنریبل وزیر اعظم سے کہونگا کہ مجھے غلط نہ سمجھئے - جو (assurances) وعدے اور یقین انہوں نے مجھے دلائے ہیں - وہ کیا پہلے موجود نہیں ہیں - ہیں اور انہیں پرزور لفظوں میں ہیں - جن میں انہوں نے اب فرمائے ہیں - میں سمجھتا ہوں - یہ یقین جو دلائے جا رہے ہیں یہ اصولی طور پر دلائے جا رہے ہیں - جو میں نے اپنی قوم کے افراد کے متعلق اس ایوان میں کہا تھا - وہ یاد رکھئے شکایات کے طور پر نہیں کہا تھا - وہ تو اپنی جماعت کی مشکلات اور مصیبتوں کا اظہار کیا تھا - میں اُن کا شکرگذار ہوں کہ آنریبل وزیر اعظم نے وہ شکایات نوٹ کر لی ہیں اور ہمیں یقین دلایا ہے کہ آیندہ ہمیں ایسی تکلیفات نہ ہونگی -

اب باقی رہی ہلڑ اور فسادات کی بات اور وزیر اعظم صاحب کا یہ فرمانا کہ مسیحی ممبران اسمبلی کے لئے واجب ہے کہ وہ اپنے لوگوں کو تسلی دیں اور گھبراہٹ اور مایوسی سے محفوظ رکھیں - تو اس بارے میں میں یہ عرض کر دینا چاہتا ہوں کہ شاید آپ کو معلوم ہوگا کہ میں ان دنوں صبح سے شام تک کس طرح دورے پر دورے کرتا تھا اور ہر ضلع میں جا جاکر کئی کئی دن رہتا تھا - میں نے ان دنوں آنریبل وزیر اعظم سے ایک گذارش کی تھی کہ مجھے ٹرانسپورٹ کی سہولت بہم پہنچا دیں - اگر وہ اتنی مدد کریں تو میں پچیس ہزار کی موٹر کو کچی سڑکوں پر دیہات کے اندر لے جاکر خراب کرنے سے باز رہ سکونگا - اور چونکہ یہ کام بھی اُنہیں کا تھا - جو اُن کی مصروفیت کی وجہ سے میں نے اپنے سر لیا ہوا ہے - چنانچہ میں نے ان سے کہا کہ وہ دورے کرنے کے لئے مجھے ایک (Jeep) جیپ دے دیں - وہ سو سو روپے پر کام کرنے والوں کو ان دنوں ایک جیپ دے سکتے تھے - مگر انہوں نے مجھے جواب لکھا کہ وہ مجھے جیپ نہیں دے

سکتے۔ بہرحال میں نے پچیس ہزار کی موٹر کی پروا نہ کی اور اپنے دورے جاری رکھے۔ گاڑی کو خراب کر لیا۔ چنانچہ حال ہی میں مجھے صرف مرمت وغیرہ پر ۱۸ سو کا بل ادا کرنا پڑا ہے۔ میں نے یہ سب کچھ کیوں کیا۔ اور اُن حالات میں کیا جبکہ ہر طرف ہلڑ بازی مچی ہوئی تھی اور فسادات زوروں پر تھے صرف اس لئے کہ میں اپنے آپ کو مسلمانوں کا اچھے بُرے میں شریک سمجھتا تھا۔ اب بھی سمجھتا ہوں اور آیندہ بھی سمجھتا رہونگا۔ لیکن حضور والا کیا یہ فرض مجھ پر یا مسٹر فضل الٰہی پر ہی عائد ہوتا ہے۔ کیا میں پوچھ سکتا ہوں کہ اس سلسلہ میں وزارت نے کیا کیا تھا۔ کسی تقریر میں ہمیں تسلی دی۔ کوئی ایسا بیان دیا جس سے عوام کو یہ بتایا گیا ہو کہ باحیثیت پاکستان منظور کرنے کے یا اہل کتاب ہونے کے مسیحوں اور دوسرے غیر مسلموں میں فرق ہے۔ ہمارے تحفظ کے لئے سرکاری سرکلر جاری کیا پر کب۔ میری تقریر کے بعد۔ کیا میں تین مہینہ سے ایسے سرکلر یا بیان کے لئے اِن کے پیچھے نہ پڑا ہؤا تھا۔ دریں حالات مسیحی ممبروں کو مشورہ دینا کیا اُلٹا چور کوتوال کو ڈانٹے والی بات نہیں ہے۔ حضور والا۔ میں یہ نہیں چاہتا تھا کہ عیسائیوں پر کوئی وار ہو جاتا اور پبلک کی رائے خراب ہو جاتی اور پاکستان کے دشمن آپ کو مطعون کرتے۔ کہ آپ ایک چھوٹی سی بے ضرر اقلیت کو بھی نہ سہہ سکے۔ چنانچہ میں نے ہر طرح سے یہ کوشش کی کہ حالات درست رہیں۔ اب بھی چوکنا رہنے کی ضرورت ہے۔ دوسری طرف سے ایسے واقعات کئی ہوئے جن میں مسیحیوں کو ڈرا کر کہ تم پر وار ہونے والے ہیں۔ تمہاری جان خطرے میں ہے یہاں سے مشرقی پنجاب میں لے جانے کی کوشش کی گئی ہے۔ ایک واقعہ مجھے یاد آیا ہے جو چند ہی دن ہوئے میرے نوٹس میں لایا گیا تھا۔ کہ ایک گاؤں میں چند ہندوستانی فوجی پہونچے جن کو مشرقی پنجاب سے ایک مسیحی کو یہاں سے لے جانے کے لئے بھیجا گیا تھا۔ اس مسیحی کے کوئی رشتہ دار یہاں پر رہتے تھے۔ اس سے کہا گیا کہ تمہارے رشتہ داروں کو مار دیا جائے گا۔ ان کی جان خطرے میں ہے۔ وہ بے چارہ پریشان یہاں پہونچا۔ اور ان ہندوؤں کی امداد کے ساتھ ان رشتہ داروں کو گاؤں سے نکال کر لے آیا۔ اور انہیں ڈی۔ اے۔ وی کالج پہونچا دیا گیا۔ کیونکہ فوجی انہیں زبردستی لے کر آئے تھے۔ اُن کے دوسرے رشتہ دار میرے پاس امداد کے لئے پہنچے۔ مجھے جب علم ہؤا۔ میں نے ایک منٹ ضائع نہ کیا اور ڈی۔ اے۔ وی کالج پہنچا کہ جاکر اس مسیحی کو سمجھاؤں کہ بھلے مانس تمہیں پھسلایا جا رہا ہے۔ تمہارے رشتہ داروں کو پنجاب چھوڑنے کی کوئی ضرورت نہیں۔ مگر جب میں وہاں پہنچا تو میرے پہونچنے سے چند منٹ پہلے لاری جا چکی تھی۔ مجھے افسوس سے کہنا پڑتا ہے کہ آپ کا پراپوگینڈا بہت کمزور رہا ہے۔ اتنا کمزور کہ بعض دفعہ شک گذرنے کا امکان تھا کہ آپ رفیوجی دشواری سے اتنے دبک گئے ہیں کہ سوچنے لگ گئے۔ کہ اچھا جتنے غیر مسلم چلے جائیں اچھا ہی ہے۔ میں جانتا ہوں کہ ایسا خیال

کرنا بالکل غلط ہے۔ لیکن اِس میں شک نہیں کہ ہمارا پراپوگینڈا اتنا کمزور رہا ہے کہ جب ہم پر لغو اور جھوٹے الزام لگائے گئے ہم نے اُن کا جواب نہ دیا۔ حکومت کو ناگہانی مصیبت کا مقابلہ کرنا پڑا لیکن پروپیگنڈا مشین پھر بھی دوروں میں چالو رہ سکتی تھی۔

اس کے بعد ایک چیز جس کی وضاحت کرنا چاہتا ہوں۔ یہ ہے۔ کہ غیر اسلامی تصورات کی وجہ سے مسلمانوں نے زندگی کے مسائل سوچنے میں تجزیاتی انداز نگاہ سامنے رکھا ہوا ہے۔ حالانکہ ہم جزئیات پر غور و خوض اس لئے کرتے ہیں۔ تاکہ کل میں کہیں خلل انتشار یا ڈراڈ پیدا نہ ہو۔ ہمارا طریق فکر Analytical کے ساتھ ساتھ synthitical یعنی تجمیاتی بھی ہے۔ افسوس افرنگ کی تقلید میں مسلمانوں نے زندگی کی وحدت کو ٹکڑے ٹکڑے کر رکھا ہے۔ اور اسے ٹکڑوں میں دیکھنا شروع کر دیا ہے۔ افسوس آج مسلمان نہیں سمجھتا کہ زندگی خود ایک وحدت ہے۔ اور خدا کی توحید کا قائل مسلمان ایسا نظام اور ضابطہ ہرگز قبول نہیں کر سکتا۔ جس میں زندگی کے مسائل کی انفرادی قیمت تو ہو۔ اجتماعی اقدار کوئی نہ ہوں۔ اقتصادیات۔ سیاسیات۔ معاشرت۔ تمدن ثقافت ان سب کو ہم اسلامی جسم حیات کے مختلف عناصر سمجھتے ہیں۔ جو جسم کے لئے بمنزلہ دل، دماغ، جگر اور معدہ

کے ہیں۔ جن کی حیثیت محض ایک اجتماعی نظام جسم کے ساتھ وابستہ ہونے سے ہے۔ وگرنہ دل، دماغ، جگر اور معدہ اس نظام سے الگ کر دیئے جائیں۔ تو سوائے مضغہ و گوشت کے ان کی کوئی حقیقت نہیں۔ بس یہی حکم سیاسیات معاشیات وغیرہ پر ہے۔ اسلام دنیا کا بہترین مذہب ہے۔ اور قرآن کریم مسلمانوں کے لئے بہترین لائحہ عمل ہے۔ میں سمجھتا ہوں۔ کہ اگر مسلمانوں نے آج اس لائحہ عمل کو چھوڑ دیا۔ اس کی روح اور اصل کو نظر انداز کر دیا ہے تو یہ ان کی اپنی بدقسمتی ہے۔ میں آپ کو انتباہ کرتا ہوں۔ کہ یہ فرنگی کا چلایا ہوا نظام آپ کے لئے زہر ہلاہل ثابت ہوگا۔ میں یہ عرض کر رہا تھا۔ کہ اس وقت آپ کے سامنے جو وراثت کے متعلق بل پیش ہو رہا ہے یہ اس وقت تک مفید ثابت نہیں ہو سکتا۔ جب تک اسے دوسرے احکام الٰہی کے مطابق ترتیب نہ دیا جائے۔ اور ایک مربوط ضابطہ نہ بنایا جائے عورت کو جائداد کا حصہ دینے کے لئے اگر اسلامی تہذیب و تمدن اور دیگر قرآنی تصورات زندگی پیش نظر نہ ہوں۔ اور موجودہ رواج کو کلیتہً نظر انداز نہ کیا جائے۔ تو یہ وراثت بل آپ کی سوشل زندگی میں ایک عدم توازن اور انتشار رونما کر دے گا۔ آپ کا فرانہ باقیات الخیشات سے کیوں چمٹے ہوئے ہیں۔ الحمدللہ فرنگی اب جا چکا ہے۔ اس کے چلے جانے کے بعد اب اس کے رائج کردہ نظام کو بھی خیرباد کہہ دینا چاہئے انگریزی قانون کی وجہ سے ورثہ کے متعلق بہت سی پیچیدگیاں اور الجھنیں پیدا ہو گئی تھیں۔ اور شریعت اور رواج دو قانونی اصطلاحات ایک دوسرے کے مقابلہ میں ہمسر ہو کر ایک مسلمان کے دین و ایمان کو امتحان گاہ میں ڈال دیتی تھیں۔ یہ امتیازی صریح کفر تھا۔ شریعت کے مقابلہ میں رواج تصوری جہالت و طغیان ہے۔ جو اسلام کی رو سے بالکل بغاوت ہے۔ اس کے مطابق اولاد اکبر کو تو حصہ مل جاتا تھا۔ مگر عورتیں اور لڑکیاں وراثت کے حقوق سے بالکل محروم کر دی جاتی تھیں۔ اس قانون کے بعد اب اگر آپ اس بل کو عین اسلامی قانون کی روشنی میں مرتب کر دیں۔ اور اسے ایک مکمل اور جامع شکل میں رائج کر دیں۔ تو میں سمجھتا ہوں۔ کہ آپ اس حکومت کو چلانے کے اہل ہیں۔ اور اسلامیان پنجاب کے ترجمان کی ترجمانی میں نہایت کامیاب ثابت ہوں گے۔ فی الحال چونکہ وراثت کا مسئلہ زیر غور ہے۔ اس لئے میری گذارش ہے۔ کہ اس کی بنیاد اسلامی اصولوں پر رکھنا نہایت لازمی اور ضروری ہے۔ کیونکہ اسے بھی آج خالص قرآنی اساس پر طے نہیں کرتے تو کہنا پڑے گا۔ کہ

عجب آں نیست اعجاز مسیحا داری
عجب اینست کہ بیمار تو بیمار تر است

علاوہ ازیں اور بھی کئی ایسی چیزیں ہیں۔ جو انگریزی تمدن و اخلاق کی پیداوار ہیں۔ اور جو اب ہماری حکومت کے لئے بدنامی کا باعث ہیں۔ ان سے نجات حاصل کرنے کے لئے حکومت کو کوئی فوری اقدام کرنا چاہئے۔ حیرت ہے۔ حکومت یہ تو کہتی ہے۔ کہ اسلامی شریعت رائج کی جائے گی۔ اسلامی روایات کا دور دورہ ہوگا۔ پاکستان صحیح معنوں دارالاسلام بن کر رہیگا لیکن وہ مہلک اور خبیث چیزیں جو فرنگی نے ہمارے ہاں رائج کر رکھی تھیں۔ اور ابھی تک جاری ہیں۔ کیا حکومت کا یہ فرض اولین نہیں۔ کہ قانون محمدی کے پیش نظر زنا کاری اور شراب کو حرام قرار دے اور ان خواہشوں کے انسداد کے لئے فی الفور شرعی تعزیرات جاری کر دے۔ کس قدر افسوس کا مقام ہے۔ کہ حکومت کی اجازت سے اب بھی بے حیائی کے اڈے موجود ہیں۔ شراب خانے جاری ہیں

حکومت کی اجازت سے جوا کھیلا جاتا ہے۔ اور دیگر منشیات بیچی جاتی ہیں۔ اور باوجود ان منکرات اور نجاستوں کے یہ ملک اسلامی تہذیب و تمدن اور اعلیٰ اخلاق کی بران قاطع پر ہندوستان سے الگ کیا گیا ہے۔ یہ خود قریبی نہیں تو اور کیا ہے۔ آپ ایک طرف شرع محمدی کا نام لیتے ہیں اور دوسری طرف ان خبیث چیزوں کو جاری رکھنے کے متمنی نظر آتے ہیں۔ جو صریحاً احکام خداوندی کے خلاف ہیں۔ ان کو دیکھ کر میرا خون کھول اٹھتا ہے۔ پہلے تو یہ کہا جاتا تھا۔ کہ غیر مسلموں کے لئے شراب کی ضرورت ہے مگر میں تو موجودہ صورت حالات دیکھ کر حیران ہوں۔ کہ اب ایسی چیزوں کو جاری رکھنے کی کونسی اشد ضرورت باقی رہ گئی ہے۔ اور پھر مسلمان شراب خانوں کے ٹھیکیدار بن رہے ہیں۔ اور اس وقت مسلمان شراب بیچ رہے ہیں۔ مجھے اطلاع ملی ہے۔ کہ مریڈ کے میں سکھوں اور ہندوؤں کے زمانے میں بھی شراب خانے نہ تھے۔ لیکن اب موجود ہیں۔ اور وہاں شراب بیچنے والے آج مسلمان ہیں۔ نہ صرف یہی بلکہ کئی دیگر مقامات پر آج بہت سے نئے شراب خانے کھل گئے ہیں۔ اس لئے میں محسوس کرتا ہوں کہ جب تک آپ قوانین فوجداری کے اندر تبدیلیاں اور انقلابات پیدا نہ کریں گے۔ اس مسودہ قانون کے نفاذ کی ہرگز ہرگز موثر صورت نہیں ہو سکیگی۔ اسلامی قانون مکمل ہے۔ اس ضابطہ میں کسی قسم کی ترمیم تنسیخ اور تبدیلی کی گنجائش نہیں ہے۔ اس مسودہ قانون کی یہ خرابی نہیں ہے۔ کہ وہ بہت سی برائیوں اور بدعتوں کو دور نہیں کرتا۔ بلکہ خرابی یہ ہے کہ جس قدر قسط قانون شریعت کی ہم تک پہنچائی جا رہی ہے۔ اور اب یہ نافذ العمل ہو گی۔ اس میں تو کئی نقائص ہیں مثلاً ایکٹ انتقال اراضی، اس ایکٹ کے اثر مسائل ماسبق پر نہ ہو گا۔ اور نہ ہی قاضی عدالت قائم کی جائیگی۔ آپ ان نقائص کو رفع کرنے کے بعد یہ بل پاس کیجئے۔ اسلام کا دعویٰ ہے۔ اور بجا دعویٰ ہے۔ کہ ہر ضروریات زمانہ کو پورا کرنے کے لئے اور زمانہ کی نئی پیدا شدہ تقاضاؤں کا حل پیش کرنے کے لئے کبھی بھی ساکت نہیں رہا۔

Islam never stood in the way of necessary changes to meet the changed conditions.

اسلام ہر حالت میں اور ہر زمانے میں انقلابات کا مقابلہ کرتا رہا ہے۔ اور ابدالآباد تک کرتا رہیگا قرآن قیامت تک کے لئے قانون ہدایت ہے۔ کئی انقلابات آجائیں۔ عناصر میں زوال آجائے قرآن کے ازل ابدی اور سرحدی قانون اپنی جگہ پر مکمل اور کامل موجود ہے۔ اور ہر دور کے لئے اپنے ہدایت کا سامان رکھتا ہے یہی فرمایا حضرت علامہ اقبال نے

صد جہاں باقیست در قرآن ہنوز
اندر آیاتش یکے خود را بسوز!!

اگر ہمارے اندرونی تغیرات اس درجہ شدید صورت اختیار کر چکے ہیں۔ کہ اسلامی تصورات کے مقابلہ میں ہم نے نئے نظریات کو سینے سے لگا لیا ہے۔ تو یہ اپنے مذہب سے غداری کے مترادف ہے نئے تصورات سے ہماری آنکھیں خیرہ نہ ہونی چاہئیں۔ بلکہ ہماری آنکھوں کا نور اس خاک سے پیدا ہونا چاہئے جہاں سے بانی اسلام نے ایک صحتمند اور پاکیزہ نظام حکومت کو جنم دیا تھا۔

خیرہ نہ کر سکا مجھے جلوۂ دانش فرنگ
سرمہ ہے میری آنکھ کا خاک مدینہ و نجف

اس لئے میں یہ پوچھنا چاہتا ہوں۔ کہ اگر آپ کے سامنے ایک زیادہ صحتمند اور مکمل نظام موجودہ

ہے۔ تو پھر ایک بودے اور غیر شرعی نظام پر مصر ہونے کی کوئی وجہ نظر نہیں آنی چاہئے۔ اور اس حقیقت ثابتہ کے باوجود ہمارے ارکان حکومت افرنگ زدہ ہیں۔ اور جدید تصورات مغرب میں اسیر ہیں تو میں یہی کہہ سکتا ہوں کہ سوائے اس کے کہ ہمارا مرض مزمن اور ہماری ذہنیتیں غلامانہ ہو چکی ہیں۔ اور کوئی فساد نہیں ہے۔ مجھے حیرت ہوتی ہے۔ بلکہ میری روح اس عمل کے خلاف بغاوت کرتی ہے جب میں دیکھتا ہوں۔ کہ ہر کہ دہ قلب با قرآن کرد راہے۔ آیات قرآنی کے مطالب و معانی کو اپنی مرض کے مطابق ڈھال رہا ہے۔ چاہئے تو یہ تھا۔ کہ جب تک علم دین میں کوئی سند نہ ہوتی کوئی دینی بصیرت نہ ہوتی کوئی شخص لب کشائی کی جرأت نہ کرتا۔ مگر یہاں تو باوا آدم ہی نرالا ہے۔

تنگ بر ما رہگذار دیں شدہ است
ہر کسے را راز دار دیں شدہ است

آپ پردے کے متعلق تحویلیں کرتے ہیں۔ اور کہتے ہیں۔ اسلامی پردے میں لازم نہیں۔ کہ چہرہ کو چھپایا جائے۔ میں پوچھتا ہوں۔ آپ فقیہہ کب سے بن گئے اپنے بھائیوں کے ہاتھوں دینی مسائل کا مسخر اور تلعب ہوتے ہوئے دیکھ افسوس ہوتا ہے اور جی جلتا ہے مگر یہ مجھ سے بعید ہے کہ میں اس شخص کو جو قانون انگریزی تو جانتا ہو مگر شریعت کے آئین سے ناآشنا ہے۔ اور مسائل شرعیہ ٹانگ اڑائے۔ تو میں اس کے دلائل کو کیوں در خور اعتنا سمجھوں۔ چنانچہ میں نے منتخب کمیٹی میں بھی اس چیز کو در خور اعتنا نہ سمجھا۔ دیکھئے۔ ایک وکیل کے لئے تو ایل ایل بی پاس کرنا نہایت ضروری ہے۔ جب تک وہ ایل۔ ایل۔ بی پاس نہ کرلے وہ وکالت نہیں کر سکتا۔ اور نہ ہی عدالت کے سامنے کسی کی وکالت کر سکتا ہے۔ مگر وہ لوگ جو اسلامی نظام اور آئین شریعت سے بے بہرہ اور ناآشنا ہیں۔ انہیں فیصلہ کرنے کا مجاز بنا دینا صریحاً ناواجب اور غیر عادلانہ اقدام ہے۔ اور پھر ان کو اس امر کی اجازت دے دینا۔ کہ مسائل شرعی میں اپنی رائے سے فیصلے کریں۔ اور اپنی مرضی پر فتوے دیں۔ تو دین سے مذاق نہیں تو اور کیا ہے۔ اگر آپ کوئی بل لائے ہیں۔ تو خدارا یہ تو پہلے دیکھ لیں۔ کہ کیا اسکی سپرٹ تو اسلامی ہے۔ میں جذبات کی رو میں بہنا نہیں چاہتا تھا۔ لیکن یہ عرض کئے بغیر بھی چارہ نہیں۔ کہ اسلام صرف ایک مہذب ہی نہیں۔ بلکہ اس میں ایک مذہبی پولیٹیکل سسٹم ہے۔ وہ ایک set of principles ہے — جیسا کہ قرآن مجید کے کہا ہے —

(آیت) هُوَ الَّذِي أَرْسَلَ رَسُولَهُ بِالْهُدَىٰ وَدِينِ الْحَقِّ لِيُظْهِرَهُ عَلَى الدِّينِ كُلِّهِ وَكَفَىٰ بِاللَّهِ شَهِيدًا ۝ (سورہ الفتح ع ۱) وہ ذات ہے۔ کہ جس نے اپنا رسول کامل ہدایت اور دین حق دے کر بھیجا تاکہ دنیا کے دوسرے تمام ادیان اور نظامہائے زندگی پر غالب آجائے اور اس صداقت اور حقانیت پر اللہ کی شہادت بس ہے (الفتح ع ۱)

اگر ہم دین اسلام کے اصولوں اور آئین شریعت کی پیروی کرتے۔ تو انگریز کے لائے ہوئے مضر اثرات نظام میں خلل نہ ڈال سکتے اور نہ آئین شریعت سے ہمارے اینگلو محمڈن پندار کو گزند پہنچتی۔ اور نہ ہی آئین شریعت کو پورے طور پر اختیار کر لینے سے ہمیں شکست محسوس ہونے لگی۔ آج تقاضا اس بات کا تھا۔ کہ شراب بیچنے والوں کو درے لگیں۔ قحبہ خانوں کو ملیامیٹ کر دیا جائے۔ اور غیر شرعی کام کرنے والوں کو سزائیں دی جائیں۔ مگر کیا کیا جائے۔ اس مسودہ قانون کو کلی طور پر شرعی رنگ دینے سے موجودہ نظام حکومت کی کلائی میں خم آتا تھا۔ وہ ہماری تجویزوں کو کیوں تسلیم کرتی۔ قرآن و سنت کے اندر مکمل قانون موجود ہے۔ یہ قانون کیوں معطل

ہوگیا تھا۔ اس لئے کہ قرآن کے ہاتھ سے تلوار چھین لی گئی تھی۔ قرآن اور تلوار ایک دوسرے سے جدا نہ تھے۔ اور نہ ہیں۔

این دو قوت حافظ یک دیگر اند
کائنات زندگی را محور اند

اب بفضلہ تعالےٰ آپ کو تلوار یعنی قوت و جبروت مل چکی ہے۔ اس قوت کو قرآنی احکام کے نفاذ کے لئے استعمال کیجئے۔ ہم آپ سے نیا آئین اور نیا قانون نہیں مانگتے۔ ہم صرف یہ چاہتے ہیں کہ آپ قرآن کے ہاتھ میں تلوار دے دیں۔ تاکہ یہ اپنے راستے سے خس و خاشاک کو دور کرے۔ اور کائنات کو نیکی کا پابند بنائے۔ اگر اثر بڑھانا ہے۔ آپ نے اس قانون کا۔ اور نافذ کرنا ہے۔ اس کو آپ نے ناعاقبت اندیشانہ رویہ سے احتراز کرتے ہوئے لازم یہ تھا کہ اس کے سقم اور خامیوں کا ازالہ کر لیا ہوتا کیونکہ اس کو پیش کر دینا اس حالت میں جب کہ اس میں بنیادی خامیاں موجود ہیں۔ ہرگز قابل قبول نہ تھا۔ آج بھی جب کہ اس ایوان میں نئی منتخب کمیٹی سے منظور ہو کر یہ بل آیا ہے۔ تو اس میں وہ چیزیں شامل ہیں۔ جو نہیں ہونی چاہئیں تھیں۔ یہ محض اس وجہ سے ہے۔ کہ فیصلہ صادر کرنے والی عدالتیں آئین شریعت سے بے بہرہ ہیں۔ آپ قانون وراثت کے نفاذ سے قبل عدالتوں کو مسلمان بنائیے۔ مسلمان قاضی اور مسلمان مفتی مقرر کیجئے۔ ورنہ اس اسلامی قانون وراثت کے راستے میں بہت سی مصیبتیں پیدا ہو جانے کا احتمال ہے۔ خلع کا مسئلہ لیجئے اب بھی خلع کے متعلق مصیبتیں پیش آتی ہیں۔ یہ ان ججوں کے سامنے پیش ہوتا ہے۔ اور اسلامی فقہ کے تصورات کو قطعاً نہیں جانتے۔ اور پھر جو احکام شریعت سے ناآشنا ہیں۔ اور ان کو قطعاً علم نہیں۔ کہ طلاق کس موقع پر وارد ہوتی ہے۔ وہ کیسے صحیح فیصلے کر سکتے ہیں۔ چنانچہ اس بارے میں اپنے اختلافی نوٹ میں میں نے ایک تجویز پیش کی تھی کہ Judges and Muftis وہ مقرر کئے جائیں۔ جو آئین شریعت اور آئین قرآن کو جاننے والے ہوں جب تک وہ آئین دین نہ جانینگے۔ وہ فیصلہ کیا صادر کر سکیں گے۔ موجودہ عدالتوں کو یہ کہنا کہ وہ شرعی مسائل پر فیصلہ صادر کریں۔ ایسا ہی ہے جیسا کہ انگلستان میں تبت کے ججوں کو لے جا کر یہ کہا جائے کہ تم انگریزی قانون کے مطابق فیصلے لکھو۔ اور طرفہ یہ ہے کہ وہ انگریزی نہ جانتے ہوں۔ اس لئے چاہئے یہ تھا کہ زیر غور مسودہ قانون میں یہ لازمی قرار دیتا۔ کہ مسئلہ وراثت کے متعلق صرف وہ جج فیصلے کر سکیں۔ جو اسلامی قانون کو جانتے ہوں۔

۱۸۶۱ء میں جب (Qazi Courts) قاضی عدالتوں کو انگریزی راج نے ختم کیا تھا۔ تو تمام قاضی اور مفتی نابینا شبینہ کو محتاج ہو گئے تھے۔ آج اگر آپ قاضی عدالتیں قائم کرتے ہیں۔ جو ان شرعی مسائل کے متعلق فیصلہ دیا کریں۔ تو انگریزی عدالتوں سے کہا جا سکتا ہے۔ کہ اب آپ جائیے ہوا کھائیے۔ جس طرح اپنا دستور انگریز نے یہاں رائج کرتے وقت ہندوستان کے نظام حکومت کو اپنی تہذیب و تمدن اور عدالت و سیاست کے مطابق ڈھال لیا تھا۔ اور مسلمانوں سے انتقام لیتے ہوئے ان کی قاضی عدالتیں ختم کر دی تھیں۔ آج وقت آیا کہ آپ بھی اسی طرح اپنے دستور نو کی بنیاد رکھتے

ہوئے نظام قضاء و افتاء کو دوبارہ قائم کریں۔ اور ان کی دشمن حرکات کا انتقام لیں۔ اور جس طرح ۱۸۶۲ء میں فرنگی بھیڑیوں نے ہماری شریعت کے نظام کو ختم کر کے ہمارے خلاف ایک ذلیل منتقمانہ کارروائی کی تھی۔ آج ہم فرنگی کی عدالتیں ختم کر کے ان سے افرنگیت مآب ججوں کو بیک بینی و دوگوش عدالتوں سے ہٹا دیں۔

Mr. Speaker : I would request the hon'ble member not to indulge in strong language in his own interest because by indulging in strong language he loses the force of his arguments.

خان عبدالستار خان نیازی :۔ جناب والا۔ میں موجودہ ججوں کو افرنگ زدہ کہہ رہا تھا جو کہ ایک حقیقت کا اظہار ہے۔ اور بلاشبہ ایک تلخ بات ہے۔ حق ہمیشہ تلخ ہوتا ہے۔ میں یہ عرض کر رہا تھا کہ اگر آپ وراثت شرعی کے متعلق فیصلہ صادر کرنے کے لئے وہ judges مقرر کرتے ہیں جو اسلامی شریعت سے واقف نہیں۔ تو اس سے مسودہ قانون کا مقصد فوت ہو جائے گا۔ بلکہ اس کے بجائے لازم یہ ہے۔ کہ آپ ان ججوں کو مقرر کریں۔ جو اسلامی معاشرت اور اصول وراثت کو بدرجہ اتم جانتے ہوں۔ جو تمام جزئیات کا قطعی علم رکھتے ہوں۔ جو طلاق کے متعلق جانتے ہوں۔ کہ وہ کب واقع ہوتی ہے۔ اور اس کی implications یعنی منضمنات کیا ہیں۔ پھر میں یہ عرض کر رہا ہے کہ ہماری قاضی اور مفتی عدالتوں کو جس طرح انگریز کے قانون نے ہمیشہ ہمیشہ کے لئے ختم کر دیا تھا۔ اسی طرح آج ہمارا قانون بھی اگر وہ واقعی شریعت قانون ہے۔ تو موجودہ انگریزی عدالتوں کے ججوں کو مجبور کر دے۔ کہ وہ اپنی گدیاں خالی کر دیں تاکہ اس پر پھر نظام قضاء و افتاء کے ماتحت ہماری قاضی عدالتیں قائم ہو سکیں۔ یا موجودہ وکلاء اور جج صاحبان مجبوراً اسلامی قانون عدالت و قضاء و افتاء کو سیکھ کر ہماری عدالتوں میں کام کریں۔ پھر میری گذارش یہ تھی کہ اگر آپ نے اس مسودہ قانون کو ابھی پاس کرنا ہے۔ تو اوصور بے طریقے سے نہ کیجئے۔ پورے غور و خوض اور حزم احتیاط کے ساتھ پہلے اس کے لئے زمین تیار کر لیں۔ کل کو اگر آپ کے قانون اور ضابطے شریعت اسلامی سے متصادم ہو جانے پر قوم کو الٹا نقصان ہوا تو پھر آپ کو وہی راستہ اختیار کرنا پڑے گا۔ جسکے متعلق میں بار بار عرض کر رہا ہوں۔ جب تک آپ نے موجودہ ضابطوں کو شریعت اسلامی کے رنگ میں مرتب نہ کیا۔ آئین شریعت کے ترجمے نہ کرائے۔ اس وقت یقین رکھئے۔ آپ کے تمام مقاصد جو اس قانون سے وابستہ ہیں۔ پورے نہیں ہو سکتے۔ قانون میں اگر حق پوری ہوتی۔ اور دوسری حق پوری نہ ہوتی۔ یا ایک حق کا دوسری سے متصادم ہو جانے کا احتمال ہو۔ تو یہ قانون کا ہی نہیں بلکہ شریعت کا منہ چڑانا ہے۔ یہ خیال کرنا کہ ایسے قانون سے عوام مستفیض ہو سکیں گے۔ محض ابلہ فریبی ہے۔ میں تو اس قانون کے اس نامکمل حالت میں ایوان میں پیش کئے جانے کو ناعاقبت اندیشی سے تعبیر کروں گا۔ یہ کہنا تدبر کی دلیل نہیں۔ کہ عورتیں مظاہرے کرتی پھریں گی۔ اس لئے علماء کی رائے سے استفادہ بعد میں کر لیا جائے گا۔ میں پوچھتا ہوں۔ عورت کو ضرورت کیا ہے۔ مظاہروں کی۔ اسکی جگہ تو ستر میں ہے۔

Mr. Speaker : I have already invited the hon'ble member's attention to the fact that strong language does not pay. Further I may also

inform him that it is against parliamentary practice to make derogatory references directly or indirectly to any hon'ble member of the House.

خان عبدالستار خان نیازی: حضور والا۔ جذبات سے جذبات بھڑک جاتے ہیں۔ (قہقہہ) میں صرف یہ کہنا چاہتا ہوں۔ کہ ہمیں مظاہروں سے ڈرنا نہیں چاہئے۔ اگر ایسا کوئی نقص رہ گیا تھا۔ تو اسے دور کرنے کے لئے وقت لے لینا کوئی قابل اعتراض امر نہ تھا۔ مظاہرے کرنے والوں کو چاہئے تھا۔ کہ جو چیز اس مسودہ قانون میں رہ گئی ہے اس کو بجائے اس کے کہ دیلے کی دلیسی رکھ دی جاتی۔ مکمل کرنے کی مہلت دے دیتیں میں یہ بھی کہہ رہا تھا۔ کہ مسودہ قانون میں وراثت کے متعلق بھی بعض تفصیلات واضح ہونی چاہئیں تھیں۔ یہ تفصیلات اور کئی دیگر ضروری مسائل اس وقت تک اس بل میں شامل نہیں ہو سکتے تھے۔ جب تک کہ زیر غور مسودہ قانون کو منظور کرانے میں خاصی مہلت نہیں دی جاتی۔ میں یہ عرض کر رہا تھا۔ کہ اس بل کو اس طریقے سے نافذ نہ کریں۔ کہ مسلمانوں کے لئے (in some respect) بعض شئون و حالات میں تو اس کا اطلاق ہو اور بعض میں نہ ہو۔ میں حیران ہوں کہ آپ کو یہ اختیار کب سے مل گیا ہے۔ کہ آپ اپنی مرضی سے احکام الٰہی میں قطع و برید کریں۔ اگر یہ اسلامی شرع کے مطابق وراثت بل ہے۔ تو اس وقت جتنے حصہ دار محروم ہیں۔ ان کو فی الفور حصہ ملنا چاہئے۔ اس پر یہ اعتراض کیا جاتا ہے۔ کہ اس سے زمینداری میں ناقابل برداشت انتشار اور خلل رونما ہو جائیگا۔ اگر خلل اور انتشار کا ڈر ہے۔ تو یہ تو ہر حال رونما ہو جائے گا۔ میں "ما سبق" کی بابت صرف اس قدر کہنا چاہتا ہوں۔ کہ موجودہ قابضین اگر آج وارث بنتے۔ تو ان کے ساتھ شرع اسلامی کی رو سے جو شریک یا حصہ دار بنتے تھے۔ انہیں اس وقت اسی ایکٹ کی رو سے حصہ ملنا چاہئے۔ اور ہر قابض کو کامل اختیار ہو۔ کہ اپنی جائیداد کو اپنی صوابدید کے مطابق فروخت کر سکے۔ اس کے آگے کسی قسم کی روکاوٹ نہ ہو۔ اگر آپ اسے تسلیم نہیں کرتے۔ تو کیا یہ چیز قابل برداشت ہے۔ کہ بعض صورتوں میں اسلامی قانون ہو۔ اور بعض میں غیر اسلامی..... (آیت)

أَفَتُؤْمِنُونَ بِبَعْضِ الْكِتَابِ وَتَكْفُرُونَ بِبَعْضٍ..... الخ

ترجمہ۔ کیا تم بعض احکام پر ایمان لاتے ہو اور دوسروں کا انکار کرتے ہو۔ بعض میں انہیں کی شقیں آئین شریعت کے طابع ہوں اور بعض میں نہ ہوں۔ (العیاذ باللہ۔ آپ کو یہ اختیار اسلام کو نہیں دینا میرے خیال میں ساری خرابی اس بل کے Preamble میں موجود ہے۔ کیونکہ اس میں اس کفر کا ذکر ہے۔ کہ آپ زندگی کے بعض مسائل میں تو اسلام میں نافذ کرنا چاہئے۔ اور بعض میں رواج کو یہ پوزیشن نہایت ہی مضحکہ خیز ہے۔ آپ کو چاہئے تھا۔ کہ آپ اس چیز کو واضح کرتے۔ کہ آپ کو اس بات کا حقیقی احساس ہے۔ کہ پورے کے پورے اسلامی قوانین نافذ ہونے چاہئیں۔ اور پوری اسلامی شریعت نافذ ہونی چاہئے۔ لیکن بعض وقتیں ایسی ہیں۔ کہ جن کے پیش نظر آپ یہ تمام چیز ایک دم نافذ نہیں کر سکتے۔ بلکہ اسے قسطوں میں کریں گے۔ اگر آپ نے یوں کہا ہوتا۔ تو اس سے ہماری تسلی ہو سکتی تھی۔ لیکن اس ساتھ ہی یہ بھی لازم تھا۔ کہ جو قسط لائی جاتی جو قسط پیش کی جاتی۔ وہ پاکیزہ ہوتی۔ وہ مکمل ہوتی۔ مگر افسوس تو یہ ہے۔ کہ بجائے اس کے کہ آپ صحیح طریق پر اور مکمل طور پر یہ امور سرانجام دیتے۔ آپ اسے ادھورا پیش کر رہے ہیں۔ یہ

شرعی قانون آپ جن لوگوں کے سپرد کر رہے ہیں۔ کیا وہ اس پر عمل درآمد کرائیں گے۔ جو لوگ خود اس قانون نابلد ہیں۔ وہ انہیں کے لئے نافذ کرا سکیں گے۔؟ ان کی تربیت۔ ان کی تعلیم اور ان کا ماحول ایسا ہے۔ کہ وہ یہ کام نہیں کر سکتے وہ ایک ہی law جانتے ہیں۔ اور انہوں نے یہی ایک law پڑھا ہے۔ اور وہ لاء ہے۔ اینگلو محمڈن لاء۔ وہ جو کچھ دیکھتے ہیں۔ اسی اینگلو محمڈن لاء کی عینک میں سے دیکھتے ہیں حقیقت یہ ہے۔ کہ اینگلو محمڈن لاء جاننے والے شرعی قانون نہیں سمجھ سکتے۔ بس یہی دقت اور مصیبت ہے۔ جو مجھے اس بل میں نظر آتی ہے۔ آپ ابتدا میں وہ میں اس امر کا اقرار کرتے۔ کہ شریعت کے جملہ احکام نافذ کریں گے۔ اور جب ایک قسط لائیں گے تو دوسری کی تیاری کے لئے ایک مجلس العلماء و فقہا برائے تدوین و تشریح احکام مقرر فرما دیتے۔ اور آج ہی اگر آپ اس سلسلے میں کوئی اقدام کرتے تو لوگوں کی تسلی ہو جاتی۔ کہ یقیناً ہمارے سامنے ایسا نصاب اور ایسا نظام آرہا ہے۔ جس سے شرع محمدی پورے طور پر نافذ ہو جائے گی۔ اور انہیں اس بات سے ایک گونہ تسلی اور اطمینان ہوتا۔ آپ کے سامنے دنیا بھر کی مثالیں موجود ہیں۔ کہ مغل اور افغان آئے۔ تو وہ اپنے judges اور حکام ساتھ لائے انگریز آئے۔ تو وہ اپنا قانون ساتھ لے کر آئے۔ یہ قانون انہوں نے یہاں کے رہنے والوں کو پڑھایا۔ اور اپنی مرضی کے مطابق جج بنائے وہ آپ کے معلم تھے۔ انہوں نے اپنے قانون اور اپنے انداز نگاہ کی تعلیم دی۔ اور اس انداز نگاہ کی بدولت وہ لوگ جنہیں اس کی تعلیم دی گئی تھی۔ حرام کو حلال سمجھنے لگے۔ اور حلال کو حرام سمجھنے لگے۔

جو تھا ناخوب وہی خوب ہوا
کہ غلامی میں بدل جاتا ہے قوموں کا ضمیر

افسوس اس وقت ہم کہنے تو آزاد ہیں۔ لیکن مغرب کا ذہنی استیلاء اس قدر ہے کہ باوجود مادی غلبہ حاصل کر لینے کے ہم انہیں کے افسوں میں گرفتار ہیں۔ اور یہ واقعہ ہے۔ اب اس وقت اگرچہ آپ آزاد ہیں۔ لیکن آپ کی ذہنیت وہی غلامانہ ہے۔ اور بجائے اس کے کہ ہدایت و رشد کے لئے کتاب و سنت کی طرف دیکھیں۔ آپ مغربی اقوام کو قبلہ حاجات اور کسد مقصود بنائے ہوئے ہیں۔

Mr. Speaker : Please address the chair

خان عبدالستار خان نیازی : اگرچہ ہم آزاد ہیں۔ آپ بھی آزاد ہیں۔ لیکن اب تک ایسی چیزیں موجود ہیں جو ہمیں فرنگی سے ورثہ میں ملی ہیں۔ ہمارا نظام تعلیم۔ ہمارا نظام فکر۔ نظام زندگی۔ اور ہمارا تمدن جو کچھ بھی ہے۔ اسکے رگ و پے میں وہ تمام چیزیں سرایت کر چکی ہیں جو ہمیں فرنگی آقاؤں نے دی تھیں۔ چنانچہ جب عورتوں نے پردہ ترک کرنا شروع کیا۔ تو اس کے جواز میں ہم نے کبھی ٹرکی امام بنا لیا۔ کبھی عراق کو امام بنا لیا اور کبھی کسی اور ملک کو۔ یہ کسی نے نہ سمجھا۔ کہ ہمارے لئے تو صرف قرآن حکیم اور رسول اللہ ہی قابل تقلید ہیں۔ وہی ہمارے امام ہیں۔ اس لئے میں آپ کے سامنے یہ پیش کرنا چاہتا ہوں کہ اگر preamble میں یہ چیز واضح کر دی جاتی۔ کہ ہم قانون شریعت کو in all respects نافذ کرنا چاہتے ہیں۔ لیکن اس میں بعض عملی دقتیں اور پیچیدگیاں ایسی ہیں کہ ہم اسے پورے کا پورا نافذ نہیں کر سکتے۔ بلکہ ہم اسے قسط در قسط اور ایسے طریق سے پیش کریں گے۔ کہ عوام اس کے لئے تیار ہوں۔

اور اسے قبول کریں۔ تو زیادہ بہتر ہوتا۔ مجھے اس بات سے اتفاق ہے۔ کہ تمام کا تمام قانون شریعت بیک وقت نافذ نہیں کیا جا سکتا کیونکہ عوام فی الحال اس کے لئے تیار نہیں ہیں۔ انہیں اس سے تیار کرنا پڑیگا۔ اور میرا خیال ہے۔ کہ سید احمد شہید بریلوی کی ناکامیابی کی سب سے بڑی وجہ یہی تھی۔ کہ جب اختیار اور اقتدار ان کے ہاتھ میں آیا۔ تو انہوں نے مسلمانوں کے مزاج اور رجحانات بدلے بغیر اور ان کے اندازہ لگائے بغیر پٹھانوں کو ایک دم شرعی اصلاحات کے تابع لانے کی کوشش کی۔ اور انہوں نے وہاں کے مقامی احوال و ظروف کو نہ دیکھا۔ صورت حال یہ تھی۔ کہ شریعت کی رو سے نکاح بیوگان کی اجازت بلکہ تاکید ہے۔ لیکن ان کا یہ کہنا۔ کہ پٹھانوں کی جتنی بیوہ لڑکیاں موجود ہیں۔ وہ ایک ہفتہ کے اندر اندر ان سب کی شادیاں کر دیں۔ قابل عمل نہ تھا۔ اور میں سمجھتا ہوں۔ کہ ہمیں ایک تدریجی اصول کے مطابق قانون شریعت کو نافذ کرنا چاہئے۔ بے شک ہم مسلمان ہیں۔ لیکن آج ہمارے اعمال۔ ہمارے تصورات اور ہمارے مسائل زندگی پر غیر اسلامی رنگ اس طرح چڑھ چکا ہے۔ کہ اسلامی قانون اور اسلامی شریعت کو پوری کی پوری ایک دم رائج کرنے سے ہمیں کامیابی نہیں ہو سکتی۔ میں صرف یہ عرض کرنا چاہتا ہوں۔ کہ اگر preamble میں یہ چیز واضح کر دی جاتی۔ اور صاف طور پر بتا دیا جاتا۔ کہ یہاں in some respects نہیں۔ بلکہ in all respects قانون شریعت نافذ کیا جائیگا۔ اور یقین دلایا جاتا۔ کہ مسلمانوں کے لئے شریعت کا قانون نافذ ہوگا۔ لیکن بعض وقتوں کی بنا پر اسے ایک دم نافذ نہیں کیا جا سکتا۔ بلکہ موجودہ قانون اس کی پہلی قسط ہے۔ جو پیش کی جا رہی ہے۔ اور اس کے بعد دوسری اور پھر تیسری قسط بھی آئے گی۔ تو مسلمان مطمئن ہو جاتے۔ اگر یہ کہا جاتا۔ کہ ہمیں ایک عمارت کی تعمیر کرنا ہے۔ اور یہ قانون اس کی بنیاد ہے۔ تو دیکھنے والوں کو اس بات کا یقین ہو جاتا۔ کہ ان بنیادوں پر ایک بلند عمارت تعمیر ہوگی۔ ایک محل استوار ہوگا۔ اب جبکہ اللہ تعالےٰ نے ہمیں اختیار دیا ہے۔ جبکہ ہم اپنے سیاہ و سفید کے خود مختار ہیں۔ تو ہمیں چاہئے تھا۔ کہ ہم اس چیز کو مد نظر رکھتے۔ کہ ہمارا تمدن۔ ہماری ثقافت اور ہمارا کلچر صحیح طور پر اسلام اور اسلامی اصول اور تعلیمات کے آئینہ دار ہوں۔ تمدن کیا ہے؟ اسلامی تمدن یہ ہے۔ کہ جیسے رسول اللہ نے زندگی بسر کی تھی۔ ویسی ہی بسر کی جائے۔ اس کا نام اسلامی تمدن ہے۔ اس ایوان میں اور ایوان کے باہر جب میں مسلمانوں کے منہ سے یہ سنتا ہوں۔ کہ مغرب کی مہذب قوموں نے یہ کیا ہے۔ وہ کیا ہے۔ ہمیں ان مہذب قوموں کی تقلید و اتباع کرنی ہے۔ تو مجھے یہ سنکر دکھ ہوتا ہے۔ افسوس آپ لوگوں نے تہذیب اور تمدن کے الفاظ تو رٹ لئے ہیں۔ لیکن ان کا مفہوم آج تک کوئی نہیں بتا سکا۔ اسلامی تہذیب۔ اور اسلامی تمدن اپنی جدا قدر و قیمت رکھتے ہیں۔ ان کا جدا تصور ہے۔ آپ اسلامی تمدن اور تہذیب کا اطلاق یورپین تہذیب و تمدن پر نہیں کر سکتے۔ کیا یہ مغربی اقوام مہذب متمدن ہیں۔ کیا انہوں نے پچھلی جنگ میں تہذیب و شرافت کا مظاہرہ کیا ہے

تہذیب کا کمال [illegible] کا ہے زوال
غارت گری جہاں میں ہے [illegible] کی معاش
ہر گرگ کو ہے برہ معصوم کی تلاش

وہ لوگ تہذیب و تمدن کو کیا جانیں [illegible] بستیوں کی بستیاں جلا کر راکھ کر دیتے ہیں۔ انسانوں کو پرامن انسانوں غیر مسلح آبادیوں کو تباہ و برباد کر دیتے ہیں۔ بچے کو چھوڑتے ہیں

نہ بوڑھے کو نہ عورت کو اسلام میں عورتوں بچوں اور بوڑھوں پر ہاتھ اٹھانا حرام ہے اور اسلامی جنگ کے اصولوں سے صاف ظاہر ہوتا ہے۔ کہ جو امان طلب کریں۔ ان کو امان دو۔ اور جو مقابلہ میں آئے اس سے ڈٹ کر لڑو۔ لیکن آج کل کی مہذب قوموں کی جنگ یہ ہے۔ کہ جو بھی ہو اسے برباد کر دو۔ اس قسم کی جنگ کرنے والے انسانیت کے اصولوں سے ناآشنا تمدن اور تہذیب کو کیا سمجھ سکتے ہیں۔ اسلامی تہذیب ہی ایک ایسی تہذیب کا نمونہ پیش کرتی ہے۔ جس میں انسان کے حقوق محفوظ ہیں۔ اور قوانین شریعت ہی ایسے قوانین ہیں۔ جن کے اندر رہتے ہوئے۔ اور جن پر عمل پیرا ہوتے ہوئے انسان صحیح معنوں میں انسان بن سکتا ہے اور انسانیت کے معراج کو پہنچ سکتا ہے۔ اس وقت آپ جس چیز کو قبول کرنے میں تامل کر رہے ہیں۔ انشاء اللہ اسے آپ قبول کریں۔ اور وہ وقت آئے گا۔ کہ آپ اس کو اپنے لئے نسخہ شفا سمجھیں گے۔ اس وقت دو صدیوں کی غلامی کی بدولت ہمارے تصورات بدل چکے ہیں۔ ہمارا زاویۂ نگاہ بدل چکا ہے۔ مگر عنقریب وہ زمانہ آئے گا۔ جبکہ ہمیں اس چیز کا احساس ہوگا۔ کہ ہماری فلاح دہبو دا ہی میں ہے۔ کہ ہم انہی اصولوں پر کاربند ہوں۔ اور انہی راستوں پر گامزن ہوں۔ جو ہمیں اسلام نے بتائے ہیں۔ اور میں سمجھتا ہوں۔ کہ اس میں میرے تبلیغ کرنے کی بھی چنداں ضرورت نہیں۔

اب میں ایک اور point کی طرف آتا ہوں وہ یہ ہے۔ کہ آپ تقلید فرنگ میں زندگی کے مسائل کو الگ الگ نہ دیکھیں۔ ابھی وراثت کا مسئلہ درپیش ہے۔ تو اسے اسلامی نقطۂ نگاہ سے حل کریں۔ اور جب اصلاحات اراضی کی بات ہو۔ تو آپ روس کی طرف آنکھیں اٹھا کر رہنمائی کے متلاشی نہ ہوں۔ آپ کو تو صرف ایک ہی نظریہ سامنے رکھنا ہے۔ کہ زندگی کے جملہ مسائل بہ کل الوجود ہم اسلام کی رو سے حل کریں گے۔ اور اسلامی نور سے اپنی تاریک رات اجالا کریں گے۔

اگر آپ اسلامی طریق کو مکمل طور پر قبول کریں گے اور بجائے کچھ حصہ کے سب حصوں پر عمل کرنے کے لئے تیار ہوں گے۔ تو آپ کے اس مکمل پاس شدہ قانون کی مثال اس چمکتے ہوئے ہیرے کی مانند ہوگی۔ جو انگوٹھی میں جڑا ہوا ہوتا ہے۔ اگر آپ شریعت کے قانون کو فوری طور پر مکمل نہیں کر سکتے۔ تو آپ کو کون کہتا ہے۔ کہ اس بل کا نام شریعت بل رکھیں۔ آپ اس بل کا نام وراثت بل رکھیں۔ اصل میں نام یہ بل کا ہے۔ پرسنل لاء بل۔ لیکن پریکٹیٹ میں صرف "شریعت" لکھ کر یہ ظاہر کیا گیا ہے۔ کہ یہ شریعت بل ہے ایسے تو پریکٹیٹ اینگلو محمڈن بل کہا جائے تو زیادہ موضوع ہوگا۔ ہمیں ناقص بل کی ضرورت نہیں — ہمیں تو وہ بل چاہئے۔ جو اسلام کے مقصد کو پورا کرے۔ اور ایک صحیح اور مکمل بل ہو۔ میں حیران ہوں۔ کہ انہوں نے پرسنل لاء کا نام شریعت بل کس طرح کر لیا۔ یہ ایسے ہی ہے۔ جیسے زکوٰۃ کا ترجمہ Poor Tax کر دیا گیا ہے۔ حالانکہ زکوٰۃ کا یہ ترجمہ نہیں ہے۔ یہ اسلامی مصطلحات ہیں۔ انہیں ان کی اصل شکل میں رکھنا ہوگا۔ ہاں وضاحت اور تشریح کے لئے آپ ان کے لئے دوسرے جملے بڑھا سکتے ہیں۔ پس مسلم پرسنل لاء شریعت بل نہیں ہے۔ لیکن چونکہ ذہن کے پس پردہ پرانی چیز موجود ہے۔ اور ابھی ذہنیت میں تبدیلی نہیں آئی۔ اسی لئے اسی چیز کو شریعت کا نام دے دیا ہے۔ اب اس ذہنیت کو بدلنا چاہئے۔ اور اس کا تدارک فی الفور ہونا چاہئے۔ اور اصل اور پوری چیزوں کو سامنے لانا چاہئے کہتے ہیں اگر مکمل قانون کا نفاذ کیا گیا۔ تو ناقابل برداشت ہوگا۔ میں کہتا ہوں۔ کہ اس وقت ہم منتظر ہیں

اسلامی قانون فوجداری اور دیوانی کے اور صرف یہی قوانین موجودہ بے راہ روی، فحاشی، بدعنوانی اور ظلم و ستم کو دور کر سکتے ہیں۔ بعض لوگ اپنی نا عاقبت اندیشی سے اسلامی حدود اور تعزیرات کو ظالمانہ کہتے ہیں۔ بات یہ ہے۔ یہ لوگ زمانہ کی منافقت اور ملمع سازی کی لپیٹ میں آ چکے ہیں۔ حالانکہ آج کل کے مجرمین زیادہ خطرناک ہیں۔ اور ان کا علاج صرف اسلامی حدود و تعزیرات سے ہو سکتا ہے۔ ہم درندگی کی حد تک جا پہنچے ہیں۔ اس لئے ہماری اصلاح کے لئے اب سخت سے سخت قوانین آنے چاہئیں۔ تاکہ مہذب دنیا میں زناء۔ شراب خوری۔ اور جوابازی جیسے کھلے بندوں ہونے والے جرائم کو روکا جائے۔ زناء۔ شراب خوری۔ جوابازی۔ سود اور اسی قسم کے دوسرے خبائث جو اسلام میں حرام ہیں۔ ان کے متعلق میں عرض کروں گا۔ کہ اس کا ضرور اور جلد از جلد انسداد کریں۔ پہلے تو ہم مجبور تھے کیونکہ انگریزوں کی حکومت تھی۔ اس لئے شراب خانے جاری تھے۔ جوابازی ہو رہی تھی۔ اور زناء کاری کی کھلے بندوں اجازت تھی۔ اور ہم بے بس تھے۔ کچھ نہ کر سکتے تھے۔ لیکن اب ہم سب کچھ کر سکتے ہیں۔ اب ہمیں ان تمام چیزوں کو ممنوع قرار دے دینا چاہیئے۔ اور اگر کوئی جوابازی یا زناء کاری کرتا ہو۔ تو اس کے لئے مقررہ گواہ حاضر کر کے اور اس کے جرم کو ثابت کر کے سزا دی جائے۔ پس ضروری ہے۔ کہ وراثت کا بل پاس ہونے سے پہلے ان باتوں کو بھی اس بل میں لایا جائے۔ اگر ان باتوں کا فیصلہ کئے بغیر وراثت کے بل کو پاس کر دیا گیا۔ تو بہت سے نقائص پیدا ہوں گے۔ چاہئے کہ جب تک زناء پر حد نہ ہو جب تک شراب خوری اور قمار بازی پر تعزیر نہ ہو اس وقت تک یہ بل پاس نہ کیا جائے۔ اگر آپ نے یہ بل پاس کر دیا۔ تو اس کا نتیجہ یہ ہوگا۔ کہ مہذب اخلاق اور مفید ایمان فحاشی کے اڈے بدخلاقی کے مرکز اور تبرج الجاہلیت کے نظارے بدستور باقی رہیں گے۔ صرف عورت کو مالی فوائد حاصل ہو جائیں گے۔ اسلامی مالی منافع سے پہلے اخلاق کی اصلاح کرنا ہے۔ زندگی کی خیاپاشیوں کو دور کرنا ہے۔ وراثت تو صرف اقتصادی نظام کو عدل و مساوات میں لانے کا نام ہے۔ اور ایک مظلوم طبقہ کی دادرسی ہے۔ یہ بھی ضروری ہے کہ میں اس کا زبردست مدیر اور حامی ہوں لیکن میں ایک قدم آگے جاتا ہوں وہ یہ ہے۔ کہ اس بل کے ساتھ ساتھ ان مفاسد ایمان اور مخرب اخلاق قباحتوں کے خلاف بھی پابندی لگائیے۔ اگر آپ یہ کہتے ہیں۔ کہ اس وقت آپکو شراب سے آمدنی ہے۔ یہ ایک حرام کی دولت ہے جو قطعاً نہیں۔ ایسے جوں کا توں رکھکر محض وراثت بل پاس کر کے آپ کھلے بندوں اجازت دے رہے ہوں گے۔ کہ جائیداد لے لینے کے بعد عورت اپنے والدین کی مرضی کے بغیر کسی کے ساتھ چلی جائے اور اپنے متقی اور دیانتدار باپ کی جائیداد اپنی ہر قسم کی خواہشات کے لئے صرف کرے۔ انہیں ان کا یہ حق نہیں دیا جا رہا۔ بلکہ انہیں یہ لائسنس دیا جا رہا ہے۔ کہ وہ روپے کی کمی کو اس ذریعہ سے پورا کریں۔ اور اپنے راستہ کی رکاوٹ کو دور کر کے ہر قسم کی جو بھی حرکات چاہئیں کریں آپ اس وقت جذبات کی رو میں یہ قانون پاس کر رہے ہیں۔ وقت آنے پر آپ محسوس کریں گے کہ آپ نے جلدی کر کے غلطی کی۔ اس قانون کے پاس ہونے کے بعد آپ کو ایسی بہت سی مثالیں ملیں گی۔ کہ لڑکی حصہ لے کر ایسی سوسائٹی میں جا رہی ہے۔ جو والدین کے مرضی کے خلاف ہے۔ اور لڑکی کے لئے تباہ کن ہے۔ ایسی حالت میں چاہئے۔ تو یہ کہ آپ ان کو check کریں لیکن ہو یہ رہا ہے۔ کہ آپ اس کے بالکل برعکس ان کو مزید کھلا چھوڑ رہے ہیں۔ میرا اس سے یہ

مطلب نہیں کہ عورتوں کے حقوق مارے جائیں۔ ان کو حقوق دیئے جائیں لیکن لوازمات کو پورا کر کے حقوق کے ساتھ ساتھ فرائض کا بھی احساس دلا کر یورپ والوں نے عورت کو بلند کرنے کے لئے بہت کچھ کیا۔ لیکن ۱۷۷۹ء تک ان کے سامنے یہی بحث تھی۔ کہ آیا عورت میں روح ہے یا نہیں۔ حصہ دینا تو بجائے خود رہا۔ یہ وہاں پر نہایت ہی ذلیل خیال کی جاتی تھی۔ اسلام نے عورت کی عزت کے لئے اس کو جو حقوق دیئے۔ اور جو درجہ اس کو دے دیا ہے وہ کسی نے آج تک نہیں دیا۔ اسلام کہتا ہے هُنَّ لِبَاسٌ لَّكُمْ وَأَنتُمْ لِبَاسٌ لَّهُنَّ۔ تم ان کے لئے موجب عزت و سکون ہو۔ اور وہ تمہارے لئے موجب عزت و سکون ہیں۔ یہ وہ درجہ ہے۔ جو اسلام نے عورت کو دیا ہے۔ اور جس پر ہم عمل کرنا چاہتے ہیں لیکن میں اس بات کے خلاف ہوں۔ کہ ایک قانون ادھورا پاس کر دیا جائے۔ نصف چھوڑ دینا۔ اور نصف قبول کرنا اسلامی قانون کے خلاف ہے۔ قانون مکمل کر کے پاس کیا جائے۔ قرآن حکیم میں ارشاد ہے یٰاَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوا ادْخُلُوْا فِی السِّلْمِ کَآفَّةً وَّلَا تَتَّبِعُوْا خُطُوٰتِ الشَّیْطٰنِ۔۔۔ الخ

ترجمہ اے ایمان دارو۔ اسلام میں پورے پورے طور پر داخل ہو جاؤ۔ اور شیطان کے قدموں پر نہ چلو اس آیت کی رو سے ہمارا فرض ہے۔ جن احکام الٰہی پر ہم عمل پیرا ہوں۔ انہیں تمام و کمال پیش نظر رکھیں۔ ادھورے تقلید احکام الٰہی کا ایک گونہ انکار ہے۔ ہم عورتوں کے حقوق دینے کے لئے تیار ہیں۔ لیکن ان حقوق کے ساتھ جو دوسرے فرائض ہیں۔ ان کو بھی قبول کرنا تو عورتوں کا فرض ہے۔ اور ہم پر یہ فرض عائد ہوتا ہے۔ ان کو مجبور کریں۔ کہ وہ ان فرائض کو بھی ادا کریں۔ فرائض کو قبول نہ کرتے ہوئے حقوق کو لینا اسلامی اصولوں سے مذاق ہے اَفَتُؤْمِنُوْنَ بِبَعْضِ الْکِتٰبِ وَتَکْفُرُوْنَ بِبَعْضٍ۔۔۔ الخ کیا تم بعض احکام پر تو ایمان لائے ہو۔ اور دوسروں کا انکار کرتے ہو۔۔۔۔ (القرآن)

یعنی تم بعض حصوں پر تو ایمان لے آئے ہو۔ اور بعض حصوں کو جو تمہاری خواہشات کے خلاف ہیں چھوڑ دیتے ہو۔ پس کچھ حصے کو چھوڑ کر ہم کبھی خدا تعالیٰ کو راضی نہیں کر سکتے۔ صرف اسی صورت میں اپنے خدا کو راضی کر سکتے ہیں۔ جبکہ ہم اُن فرائض اور ان پابندیوں کو پورا کریں۔ جو ہم پر عائد ہوتی ہیں۔ اسی سے ہمارے ضمیر تسکین پا سکتے ہیں۔ اور یہی ہماری کامیابی کا راستہ ہے اس بل کے بعد میں دو تین چیزیں ایسی پیش کرتا ہوں۔ جن پر اگر عمل درآمد ہو۔ تو میری تسلی ہو سکتی ہے لیکن مجھے ڈر ہے۔ کہ ان پر عمل درآمد نہیں ہوگا۔ مجھے اس بات کا خدشہ ہے۔ کہ ضابطہ فوجداری اور ضابطہ دیوانی میں اسلامی طرز کا انقلاب نہیں ہوگا۔ اگر آپ اسلامی طریق پر غور کریں گے۔ تو آپ پر یہ امر منکشف ہو جائے گا۔ کہ اسلامی قانون اس زمانہ میں بھی ماڈرن ہے۔ اور جتنے زمانے آئیں گے۔ ان زمانوں میں بھی بہت آگے ہوگا۔ پس اسلامی قوانین سے مت گھبرائیں۔ بلکہ اسلامی آئین کو ضابطہ دیوانی اور ضابطہ فوجداری میں داخل کریں۔ آئین ساز اسمبلی کو اس کی طرف متوجہ ہونا چاہئے۔ اب پہلا زمانہ گزر چکا ہے۔ اب باگ ڈور آپ کے اپنے ہاتھوں میں ہے۔ اگر اب آپ صحیح راستہ اختیار نہ کیا۔ تو آپ خدا تعالیٰ کے سامنے مجرم ہوں گے۔ اور آپ کی زندگی کفر کی اور غیر اسلامی زندگی ہوگی۔ تو میں عرض کروں گا۔ کہ حکومت ایک ریسرچ بورڈ بٹھلائے جس میں علماء اور فقہا ہوں۔ جو فقہ اسلامی کی تدوین کریں اور اسلامی کی تشریح کریں۔ پیدا شدہ حالات کا مقابلہ کرنے کے لئے اسلامی حل تلاش کریں۔ اگر ایسے آدمی مل جائیں۔ جو موجودہ قوانین اور

اسلامی قوانین یعنی دونوں قوانین سے واقفیت رکھتے ہوں۔ تو زیادہ مفید ہوگا۔

Malik Muhammad Firoz Khan Noon : On a point of order. This is the third time that this agreement is being repeated.

خان عبدالستار خان نیازی: آپ کو سمجھانے کے لئے بار بار دہرا رہا ہوں میں عرض کر رہا تھا کہ اگر ایک ایسی کمیٹی بنا دی جائے۔ جو اسلامی قوانین کی ریفرنس کرے۔ اور ان کی اردو میں ترجمہ کرے اگر اس طرح کر دیا جائے۔ تو وزارت کے کام میں بہت زیادہ سہولیت پیدا ہو جائیگی۔ کیونکہ ہاؤس میں پیش کرنے کے لئے اسے بنا بنایا بل مل جائے گا۔ آخر میں میں پھر عرض کروں گا۔ کہ اگر شریعت بل کے پاس ہونے میں اس لئے دیر لگتی ہے۔ کہ ابھی اسے مکمل کرنا ہے۔ تو اسے ضرور التوا میں ڈالا جائے۔ اس میں کوئی حرج نہیں۔ کیونکہ شریعت بل مکمل صورت میں ہی عورتوں کے لئے فائدہ مند ہے۔ موجودہ صورت میں کئی قباحتیں موجود ہیں۔ جن کا رفع کرنا ضروری ہے۔

Begum Jahan Ara Shah Nawaz (Outer Lahore, Muhammadan, Women, Urban).

بیگم جہاں آرا شاہنواز:- صدر محترم۔ سب سے پہلے میں اس بل کی شقوں کے متعلق کچھ عرض کرونگی۔ اس کے بعد محترم نیازی صاحب نے جو اعتراضات کئے ہیں اُن پر اظہار خیال کرونگی، اور انہوں نے جو نفس مضمون سے باہر جاکر مستورات کے رویہ پر مختلف قسم کے اعتراضات کئے ہیں، اُن کا جواب دونگی۔

کل شام کو جس وقت مجھے یہ بل ملا، تو میں نیازی صاحب کے minutes of dissent کو دیکھ کر حیران ہوگئی۔ Check Committee کی پانچ چھ meetings ہوئی تھیں۔ اُن سب میں ایڈوکیٹ جنرل دوسرے ممبران اور میں نے نیازی صاحب کو یہ سمجھانے کی ہر طرح سے کوشش کی کہ اس وقت اس بل میں کسی طرح تمام وہ شقیں نہیں آسکتیں۔ جو وہ چاہتے ہیں۔ لیکن نیازی صاحب نے پھر بھی ضروری سمجھا کہ وہ اپنا minutes of dissent ضرور دیں۔ آپ مجھے اجازت دیں تو میں تمام واقعات کو آپ کے سامنے پیش کروں۔ نیازی صاحب کی تقریر کے بعد ضروری ہوگیا ہے کہ اُن واقعات کو ہاؤس کے سامنے پیش کیا جائے۔ اور میں press گیلری میں بیٹھے ہوئے بھائیوں سے بھی عرض کرونگی کہ .....

Mr. Speaker : Please do not address the Press. I may inform the honourable member that she cannot take notice of anybody except the honourable members of this House. All others, so far as the rules of procedure are concerned, should be considered as non-existent.

بیگم جہاں آرا شاہنواز:- I withdraw my words مجھے یہ عرض کرنا ہے کہ اخبارات میں لمبے چوڑے editorials لکھے گئے ہیں۔ ہر ممکن طریقے سے

اعتراضات کئے گئے - علماء کی طرف سے بھی اعتراضات ہوئے کہ پنجاب اسمبلی ایک ایسے بل کو support کر رہی ہے جو کاظمی بل کی طرح کا ہے - اور شریعت کے اصولوں کی صحیح ترجمانی نہیں کرتا - افسوس ہے کہ کسی نے کاظمی بل کو نہ دیکھا نہ ہی اُس کا مطالعہ کیا - کہ اُس میں کیا لکھا ہے - نیازی صاحب نے بھی اُس کا مطالعہ نہیں فرمایا - نہ ہی یہ دیکھا کہ وہ بل کیا ہے - اس کی شقیں کیا ہیں - اس میں کیا لکھا ہے - مجھے معاف فرماویں - اگر وہ اس کا مطالعہ کرتے اور اُسے سمجھنے کی کوشش کرتے تو انہیں آج تقریر کرنے کی ضرورت بھی نہ ہوتی - نہ یہ editorials لکھے جاتے اور نہ علماء کو اعتراضات کرنے کی ضرورت پڑتی -

حالات یہ ہیں کہ سب سے پہلے آپ کی خاکسار بہنوں نے اس تحریک کے متعلق ۱۹۱۴ء میں All India Muslim Ladies Conference مطالبہ کیا - جب اس کانفرنس کے سالانہ اجلاس میں جو علیگڈھ میں بیگم شاہدین کی زیر صدارت منعقد ہوا تھا اس قانون کا مطالبہ کیا گیا - اُس وقت تمام ہندوستان کی مسلمان بہنوں نے اس چیز کا مطالبہ کیا تھا کہ جہاں تک وراثت کا تعلق ہے - اُن کو تمام تر حقوق شریعت کے مطابق ملنے چاہئیں اُسی لاہور والی کانفرنس میں یہ resolution بڑے زور شور سے پاس کیا گیا اُس کے بعد All India Muslim Ladies Conference کے ہر سال سالانہ سیشن میں یہ resolutions پاس ہوتا رہا - صوبۂ پنجاب میں مختلف کمیٹیاں بھی بنائی گئیں اور پورے زور سے اس کا مطالبہ کیا گیا کہ عورتوں کو شریعت کے مطابق حقوق ملنے چاہئیں - افسوس ہے کہ عرصہ تک اس بارہ میں نہ ہی Provincial Governments نے اور نہ ہی Central Government نے کوئی قدم اٹھایا - یہ ہے اس بل کی گذشتہ تاریخ جس کو آپ نے مدنظر رکھنا ہے - سالہا سال سے اور نہ صرف All-India Muslim Ladies Conference کے پلیٹ فارم پر بلکہ All-India Women's Conference کے پلیٹ فارم سے بھی ہم نے اپنی آواز بلند کی - کہ جب دیگر صوبوں میں اسلامی شریعت کے مطابق وراثت دی جاتی ہے تو پنجاب میں کیوں ایسا نہیں کیا جاتا - جہاں تک پنجاب کا تعلق تھا یہاں پر بعض قبیلے ایسے تھے جو رواج کے پابند تھے - ہم نے استدعا کی تھی کہ ہمیں بھی اسلامی شریعت کے مطابق حقوق ملنے چاہئیں جب دوسرے صوبوں میں ایسا ہو رہا ہے تو پنجاب میں کیوں نہیں کیا جاتا - یہ آپ کی اُن بہنوں کی ان تھک کوششوں کا نتیجہ تھا کہ کاظمی بل سنٹرل اسمبلی میں پیش ہوا اور official votes کی تائید سے پاس ہوا - لیکن بدقسمتی یہ ہوئی کہ بعض ممبروں کی کوششوں سے اس میں ایک کلاز اس قسم کی درج کر دی گئی کہ یہ بل agricultural lands اور Charitable Institutions پر اطلاق پذیر نہ ہو - یہی ہے وہ بل جس پر اس قدر اعتراضات کئے گئے

ہیں - اور یہی ہے وہ بات جس کے لئے minute of dissent منتخب کمیٹی کی رپورٹ کے ساتھ منسلک کیا گیا ہے - جہاں تک اس قانون کا تعلق ہے - ہمارا خیال تھا کہ ہم منسٹری کو جاکر ملیں گے اور اُن سے استدعا کریں گے کہ وہ ایک ایسا قانون پاس کرائیں جس سے کاظمی بل زرعی زمین اور Charitable Institutions پر بھی نافذ ہوجائے - ہمیں یہ دیکھ کر بے انتہا خوشی ہوئی ہے - کہ وزارت نے یہ سوچتے ہوئے کہ اُن کے voters میں عورتوں کا ایک بڑا حصہ تھا - اس قانون کو پہلے ہی سیشن میں پیش کر دیا - اس کے لئے ہم اُن کے ممنون ہیں - جب یہ بل پچھلی دفعہ ہاؤس کے سامنے آیا تھا تو ملک صاحب نے ایک تحریک پیش کی تھی کہ اس بل کو Select Committee کے سپرد کیا جائے - میں حیران تھی کہ وہ کیا چیز ہے جس کے لئے اسے Select Committee کے سپرد کیا جائے - نیازی صاحب نے یہ فرمایا - کہ یہ شریعت کا قانون کیسے ہوسکتا ہے - میں اُن سے یہ دریافت کرنا چاہتی ہوں - کہ کیا انہوں نے کاظمی بل کو پڑھا ہے کیونکہ یہ بل کوئی نیا قانون نہیں ہے - یہ وہی کاظمی کا بل ہے - کاظمی بل میں یہ تھا کہ agricultural lands اور Charitable Institutions پر اس کا اطلاق نہیں ہوتا تھا بلکہ ایسا صرف صوبجاتی حکومتیں ہی کرسکتی ہیں کہ اس بل کا ان پر کوئی اثر نہ ہو - اُس کاظمی بل کی اس شق کو amend کرنے کے لئے یہ موجودہ بل پیش کیا گیا ہے - یہ بل تو ایک amending Bill ہے - اس لئے اس کا کوئی دوسرا نام بھی نہیں ہوسکتا - اس کا نام وہی رہے گا - ہم اس کا کوئی دوسرا نام نہیں رکھ سکتے - یہ نیازی صاحب کے اُس اعتراض کے جواب میں کہہ رہی ہوں جو انہوں نے پیش کیا ہے کہ اس بل کا نام Muslim Personal Law (Shariat) Bill کیوں رکھا گیا ہے -

میرا اُن سے پورا اتفاق ہے - کہ پاکستان کا آئین اسلامی آئین کا آئینہ دار ہونا چاہئے - لیکن اگر وہ ٹھنڈے دل سے سوچیں کہ کیا ایسے آئین کا اطلاق ایک Provincial Government یا ایک Provincial Parliamenrary Party کے ہاتھ سے ہوسکتا ہے - کیا یہ پاکستان گورنمنٹ کا کام نہیں کہ وہ ایسا قدم اٹھائے - انہیں معلوم ہونا چاہئے - کہ Constituent Assembly کا ابھی تک کوئی اجلاس نہیں ہوا - جب ہوگا مجھے پوری امید ہے کہ قائد اعظم اور وزیر اعظم پاکستان ضرور اس چیز پر غور کریں گے - constituent اسمبلی ہی اس پر غور کرسکتی ہے پاکستان گورنمنٹ علماء اور بہترین مشیر قانون کی ایک کمیٹی بنائے - جو غور وخوض کے بعد ایک ایسا قانون بنائے جو اسلامی شریعت کا آئینہ دار ہو اور جس کا اطلاق تمام صوبوں پر ہو - جہاں تک نیازی صاحب کی اس تجویز کا تعلق ہے - کہ ہمارے سوشل اور دوسرے معاملات اسلامی اصولوں سے طے پائیں - ہم اُن سے بالکل متفق ہیں - ہم چاہتے ہیں کہ گورنمنٹ ایسا قانون بنائے - لیکن موجودہ بل میں ہم کچھ کر نہیں سکتے - کاظمی بل کے ہوتے ہوئے ہم موجودہ بل کا نام بھی نہیں

بدل سکتے - اس بل میں جو کچھ ہم کر سکتے تھے - ہم نے کیا ہے - اور اس کے لئے میں وزارت کا شکریہ ادا کرتی ہوں - Select Committee میں سے ہو کر جو بل نکلا ہے - وہی اصل بل ہے - جو کاغذی بل کی amendment ہے - یہی ایک چیز ہے - جس پر مجھے روشنی ڈالنی تھی -

ایک دو چیزیں اور بھی عرض کرنی ہیں - مجھے صوبہ پنجاب خواتین کمیٹی نے ہدایت کی ہے کہ یہ خط ایوان کے سامنے پڑھ کر سناؤں -

Mr. Speaker : You will have to place the letter on the table. It shall form part of the proceedings.

بیگم جہاں آرا شاہ نواز

I shall do so.

مذکورہ خط یہ ہے :-

"دفتر مسلم لیگ کمیٹی خواتین لاہور

ہماری مکرم بہن جہاں آرا شاہنواز صاحبہ السلام علیکم

ہم آپ کی ممنون ہونگی اگر آپ ہمارا یہ خط مغربی پنجاب کی اسمبلی میں پڑھ کر سنا دیں -

بخدمت وزارت مغربی پنجاب و نمائندگان قوم - ایم - ایل - اے حضرات مغربی پنجاب پاکستان

الحمدللہ آج خداوند تعالےٰ نے پنجاب کی مسلمان عورت کو یہ دن دکھایا کہ حصول پاکستان کے بعد ہمارے راہنماؤں نے اپنی ماؤں بہنوں اور بیٹیوں کو وہ شرعی حقوق جو بانیٔ اسلام نے ۱۴۰۰ سال ہوئے انہیں عطا کئے تھے شرعی قانون وراثت منظور کر کے دینے کا ارادہ کیا ہے - ہم وزارت پنجاب کے بالعموم اور میاں ممتاز دولتانہ اور سردار شوکت حیات خان کے بالخصوص نہایت ممنون ہیں اور پنجاب کی مسلمان عورتوں کی طرف سے نمائندگان قوم ایم - ایل - اے حضرات کا دلی شکریہ ادا کرتی ہیں - آپ نے اپنی پہلی اسمبلی میں ہمارے حقوق سے ہمیں سرفراز کر کے ممنون فرمایا ہے - آپ کی بہنوں اور بیٹیوں نے آزادی کی اس جنگ میں سب سے بڑی قربانی کا ثبوت دیا ہے کہ ہزاروں کی تعداد میں دشمن کے پنجہ میں گرفتار بربریت و بہیمیت کا نشانہ بنی ہوئی ہیں - پاکستان کی مہم میں پنجاب کی مسلمان عورتوں نے اپنے بھائیوں کے شانہ بہ شانہ مسلم لیگ کی ہر تحریک میں پوری جانفشانی کے ساتھ حصہ لیا - قید ہوئیں اور ہر طرح کی صعوبتوں کو برداشت کیا -

ہم امید رکھتی ہیں کہ مستقبل میں بھی ہمارے ایم - ایل - اے بھائی ہمارے حقوق کا پورا خیال رکھیں گے اور اپنی بہنوں کی خدمات کو نظر انداز نہیں کریں گے - وہ ان کی ووٹر ہیں اور ان کے حقوق کی محافظت کرنا ان کا واجب الادا فرض ہے "

اب میں آپ کی اجازت سے ایک دو اور ضروری امور کا ذکر کرنا چاہتی ہوں - میں سمجھتی ہوں کہ میں اپنی بہنوں کی صحیح نمایندگی نہیں کر رہی ہونگی اگر میں اس تنقید کا جواب نہ دوں جو میرے بھائی نیازی صاحب کی طرف سے کی گئی ہے۔ صاحب صدر میں آپ کی وساطت سے اپنے بھائی کی خدمت میں عرض کرونگی کہ وہ سب سے پہلے ۸۷ فیصدی عورتوں کو پردہ میں بٹھائیں جو کہ دیہات میں رہتی ہیں - پھر وہ ۹ فیصدی ان عورتوں کو پردہ میں بٹھائیں جو کہ کارخانوں وغیرہ میں شہروں میں کام کرتی ہیں - آپ پردہ صرف ان عورتوں تک محدود نہ رکھیں جو مالدار ہونے کی وجہ سے گھر میں بیٹھ کر آرام کی زندگی بسر کرسکتی ہیں - اگر وہ عورتوں کی ۹۹ فیصدی کو گھروں میں بند کردیں تو ہم بھی پردہ میں بیٹھنے کے لئے تیار ہیں - جہاں تک ہمارے پاک مذہب اسلام کا تعلق ہے وہ ان چیزوں کو جو چار و ناچار کھلی رہتی ہیں - عورت کو پردہ پر مجبور نہیں کرتا - مثلاً ہمیں دیکھنا ہے ہمیں سانس لینا ہے، ناک سے سونگھنا ہے۔ عورتوں کے لئے منہ اور ہاتھ کا پردہ نہیں - اسلام انہیں کھلا رکھنے کی اجازت دیتا ہے - میرے بھائی مجھے اس بات کا جواب دیں آیا اس بات کی اجازت ہے یا نہیں اور کیا یہ چیزیں چار و ناچار کھلی رکھی جاسکتی ہیں یا نہیں ؟

اس کے بعد میری گذارش یہ ہے کہ جس وقت قوم پر مصیبت کا وقت آیا اس وقت قوم کا کونسا سپاہی تھا جو سب سے پہلے اس مصیبت میں جنگ کے لئے تیار ہوا - سب سے پہلے آپ کی عورتوں نے ہی کہا کہ ہم دشمن کا مقابلہ کرینگی - یہ آپ کی بہنیں تھیں جنہوں نے آپ کو یہ راہ دکھائی کہ قوم کے لئے آپ کس طرح سے جنگ لڑیں - آپ نے اس وقت یہ خیال نہیں کیا کہ اس وقت دنیا میں کیا ہو رہا ہے - اور دنیا کی فضا کیسی ہے - جنگ کے دوران میں میں نے ضلع وار دورہ کرکے آپ کی خدمت میں عرض کیا تھا کہ دنیا میں امن نہیں رہیگا اور بہت عرصہ تک یہی حالت جاری رہے گی - اُس وقت جاپانیوں کے آنے کا خطرہ تھا اُس خطرہ سے تو خدا نے محفوظ رکھا - لیکن مشرقی پنجاب میں کیا ہوا - اس وقت ساٹھ ہزار نوجوان عورتیں دشمن کے قبضہ میں ہیں - اور جو میری نوجوان بہنیں دشمن کے قبضہ سے نکل کر آئی ہیں ان کی حالت آپ ہسپتالوں میں چل کر دیکھئے تو مارے شرم کے آپ کا سر نگوں ہوجائے گا - آپ یہ چاہتے ہیں کہ آپ عورتوں کو اس طرح جانوروں کی طرح قید میں بند رکھیں تاکہ وہ کسی کام کی نہ رہیں - یہ نہایت افسوس کی بات ہے کہ ایوان میں اس قسم کی تقریریں کی جاتی ہیں - آج تک عورت اپنے حقوق کے حصول کی امید میں رہی اب اس بل کے پاس ہونے سے انہیں وراثت کے حقوق مل جائیں گے - ایوان میں میرے بھائی نے یہ کہا کہ اسے معرض التواء میں ڈال دیا جائے - محترم صدر صاحب ہماری ۳۴ سال کی محنت شاقہ کے بعد آج یہ بل اس اسمبلی میں آیا - اس پر بھی اس کو معرض التواء میں ڈالنے کے لئے ہزاروں جتن کئے گئے - جس وقت بہنوں

نے یہ سنا کہ اس کو اگلے سیشن پر ڈالنے کی کوشش ہو رہی ہے تو ان کے تن بدن میں آگ لگ گئی اور وہ وزارت کی خدمت میں آئیں اور انہوں نے عرض کیا کہ خدا کے لئے اس کو معرض التواء میں نہ ڈالئے اور بہنوں کے حقوق اُن کو دیجئے - میں اپنے بھائی سردار شوکت حیات خان اور میاں ممتاز محمد خان دولتانہ کا شکریہ ادا کرتی ہوں کہ انہوں نے یہ جرأت دکھائی اور ان کی کوششوں کی وجہ سے آج یہ بل پیش ہوا - اس وقت میرے بھائی نیازی صاحب یہ رائے دے رہے ہیں کہ اسے کسی اور موقع کے لئے اٹھا رکھا جائے - میں ان سے پوچھتی ہوں کہ جب تمام صوبوں میں زراعتی زمینوں پر بھی اس قانون کا اطلاق ہو رہا ہے تو پنجاب میں زراعتی زمینوں پر اس کا اطلاق کیوں نہ ہو - کیا وجہ ہے کہ عورتوں کو زرعی زمینوں میں حصہ نہ ملے ؟ الحمدللہ آج یہ بل پاس ہو رہا ہے - میں اپنے بھائیوں کا اس کے لئے تہ دل سے شکریہ ادا کرتی ہوں اور ان سے یہ عرض کرتی ہوں کہ آج دنیا میں امن نہیں رہا اور بہت عرصہ تک امن نہیں رہیگا - دنیا ہوائی جہاز کی سرعت سے ترقی کر رہی ہے اور آپ خدا کے لئے اسلام کی آڑ میں عورتوں کو مقید جانور نہ بنائیے - جو بانی اسلام کا ارادہ نہیں تھا - اسلام تو ایک ایسا مذہب ہے جو ہر وقت اور ہر زمانہ کی ضروریات کو مدنظر رکھتا ہے - آج اپنی بہنوں کی طرف توجہ کیجئے اور انہیں موقع دیجئے کہ وہ روس کی عورتوں کی طرح - امریکہ کی عورتوں کی طرح - انگلستان کی عورتوں کی طرح نازک وقتوں میں آپ کا ہر طرح سے ہاتھ بٹا سکیں - وہ تمام کام اپنے ذمہ لے کر آپ کو مرد میدان بننے کے لئے آمادہ کر سکتی ہیں - اور ضرورت پڑنے پر وہ توپوں کو بھی man کر سکتی ہیں - یہ چیزیں آپ عورتوں میں پیدا کریں - الحمدللہ آج میری بہنیں جاگ اٹھی ہیں اور وہ کسی طرح مردوں سے پیچھے نہیں رہیں گی - میں اپنے بھائی سے اس امر میں متفق ہوں کہ اس بل میں یہ ضروری دفعہ ہونی چاہئے تھی جس سے Law of Homogunctive کا خاتمہ ہو جاتا - مجھے افسوس ہے کہ یہ بل اس کا خاتمہ نہیں کرتا - مگر ہمیں امید ہے یہ تو پہلی قسط ہے - اور جب دوسری یا تیسری قسط آئے گی تو اس میں یہ بات بھی آجائے گی - بے شک مذہب اسلام نے عورت کو وہ حقوق دیئے ہیں جو ۱۸۸۶ سے پہلے یورپ کی کسی عورت کو نہیں ملے - ہمیں بھی صرف ان حقوق کی ضرورت ہے جو شریعت نے ہمیں دیئے ہیں - ہمیں وہی حقوق نہ دیجئے جو شریعت نے ہمیں نہیں دیئے - لیکن جو حقوق شریعت نے ہمیں دیئے ہیں ان کے مطابق ہمیں موقع دیجئے کہ ہم زندگی کے ہر شعبہ اور شاخ میں آپ کی مدد کر سکیں - اس سے زیادہ میں کچھ عرض کرنا نہیں چاہتی - (چیرز)

Raja Said Akbar Khan (Gujar Khan, Muhammadan, Rural) :

راجہ سید اکبر خان :- صاحب صدر مجھے اپنے محترم بھائی نیازی صاحب کی بے شمار تجاویز کے ساتھ اتفاق ہے مگر مجھے افسوس ہے کہ انہوں نے ان چیزوں کو ایسے بیان کیا

ہے کہ صحیح معنوں میں ان کی تائید نہیں کی جا سکتی - ان کی تقریر سے مجھے ایک مجذوب کا قصہ یاد آگیا ہے جو ایک ہی دفعے میں یہ فرمارہے تھے کہ شہید زندہ ہیں۔ ولی زندہ ہیں لیکن کلُّ نفسٍ ذائقة الموت - اس بل کے متعلق انہوں نے جن خیالات کا اظہار فرمایا ہے میں ان کے بارہ میں ان سے متفق ہوں کہ اس بل کے متعلق پرسنل لاء کے الفاظ استعمال نہیں کرنے چاہئیں تھے۔ صرف بعض امور میں شریعت کا نفاذ کرنا بھی بہت حد تک نامناسب ہے - مگر ہم وزارت کے اس نکتۂ نگاہ سے اتفاق رکھتے ہیں کہ وہ آئندہ بہتر ایکٹ پاس کرنے کا ارادہ رکھتے ہیں۔ اس سلسلہ میں ہمیں ایک اور بات بھی یاد رکھنی چاہئے اور وہ یہ کہ یہ ایوان ہر قسم کے قوانین منظور کرنے کا مجاز نہیں۔ مثلاً ہم کوئی ایسا قانون منظور نہیں کر سکتے جس کی رُو سے وہ ایکٹ ہی ختم ہو جائے جس کے ذریعہ یہ ایوان ظہور میں آیا۔ میرے محترم بھائی نے فرمایا ہے کہ ہائی کورٹ اور دوسری عدالتوں کو ختم کر دیا جائے - کیا ہم نے کبھی یہ بھی سوچا ہے کہ جہاں ہائی کورٹ اس اسمبلی کے کئی منظور شدہ قوانین کو ناجائز اور بعید از اختیارات قرار دے سکتا ہے ہم ہائی کورٹ کو منسوخ کرنے کے مجاز نہیں - جہاں تک قاضیوں اور مفتیوں کے ذکر کا تعلق ہے میں ان سے حرف بحرف اتفاق کرتا ہوں - میں نے اپنے بل میں قاضی کورٹوں کے قیام کا مطالبہ کیا تھا۔ مگر میں ان سے ایک بات پوچھنے کی جسارت کروں گا - کیا تمام مملکت میں کوئی بھی ایسا شخص ہے جو اسلامی فقہ میں مکمل دسترس رکھتا ہو اور جو موجودہ ہائی کورٹ کی جگہ لے سکے - (ایک آواز:- نیازی صاحب) میں ان کی خدمت میں خود حکیم ملت حضرت علامہ اقبالؒ کی ایک رباعی پیش کرتا ہوں کیونکہ مجھے معلوم ہے کہ ان کے دل میں حضرت علامہ مرحوم کی خاص عزت ہے ؎

بآں ملت تو می خواہم کشادے
فقیہ اش بے یقینے، کم سوادے
بسے نادیدنی را دیدہ ام من
مرا اے کاشکے مادر نہ زادے

(خوب - خوب) آج یہ کون نہیں چاہتا کہ اسلامی امور کا فیصلہ اسلامی قوانین کے مطابق ہو۔ مگر اس کے لئے سب سے پہلے اسلامی قوانین کی از سرِ نو تدوین ضروری ہے۔ تبھی یہ فیصلے ہو سکتے ہیں اور تبھی اسلامی قانون کا نفاذ ہو سکتا ہے۔ اور اس کے لئے ضروری ہے کہ علما اور فقیہ حضرات میدانِ عمل میں تشریف لائیں۔ مگر موجودہ نظام حکومت کو ختم کر دینا اور اس کے بجائے کسی بہتر نظام کی تشکیل نہ کرنا۔ آشوب ہلاکو اور ہنگامۂ چنگیز سے کم نہیں ہوگا - آج تک ہمارے علماء اور فقہا مذہبی قانون کی اس عمارت کی کوئی قسم بھی مقرر نہیں کر سکے - مجھے افسوس ہے کہ میرے محترم بھائی نیازی صاحب نے اپنے اختلافی نوٹ میں موجودہ بل کو تو غلط بتایا ہے مگر اپنی طرف سے کوئی صحیح تجویز پیش نہیں کی - سوال تو وراثت اور اس سلسلہ میں ایک محدود حد تک احکامِ شریعت نافذ کرنے کا ہے - اگر

یہ بل نامکمل بھی ہے تو کم از کم ہم اپنی منزل کی جانب ایک قدم تو بڑھے ہیں۔ اگرچہ یہ مکمل نہیں مگر ان حالات میں جو کچھ کیا جا سکتا تھا۔ وہ تو ہوا۔ اگر اس میں کچھ خامیاں رہ گئی ہیں تو وہ آیندہ دُور ہو جائیں گی۔ کم از کم یہاں پہلے جو قانون رائج ہے اس سے تو ہم چند قدم آگے بڑھے ہیں۔ اسی سے یہ ظاہر ہے کہ ہماری وزارت آیندہ اسلامی قانون کے نفاذ کے متعلق مساعی جاری رکھے گی۔ مجھے نہایت افسوس سے کہنا پڑتا ہے کہ اختلافی نوٹ بھی لکھے گئے۔ تعریفی تقاریر بھی کی گئیں مگر اس ایکٹ پر کسی نے بھی صحیح طور پر غور نہیں کیا۔ خود اس کے حامیوں نے بھی اس کے نقائص کی طرف پوری توجہ نہیں دی۔ میری محترم بہن نے اپنی زور دار تقریر میں فرمایا ہے کہ انہوں نے بڑی مشکل سے اس قانون کو حاصل کیا ہے مگر انہوں نے بھی اس طرف توجہ نہیں دی کہ اس کے ذریعہ انہیں فی الواقعہ کیا حاصل ہوگا۔ میں ان کی خدمت میں یہ عرض کروں گا کہ اس میں بے شمار خامیاں ہیں۔ جن کی طرف توجہ نہیں دی گئی۔ باقی رہ گیا سوال اسلامی شریعت کا۔ پردہ کا، اسلامی آئین اور اسلامی تہذیب و تمدن کا۔ اس کے متعلق کچھ کہنے سے پہلے ہمیں اپنی زندگیوں کا جائزہ لینا چاہئے۔ جب اسلامی تہذیب اور اسلامی شریعت کے اسرار و رموز پر بحث ہوتی اور میں بحث کرنے والوں کو دیکھتا ہوں تو عرق ندامت میں ڈوب جاتا ہوں۔ میں سمجھتا ہوں کہ ہم جیسے لوگوں کو ایسی باتیں زیب نہیں دیتیں جب تک ہم میں سے ہر ایک پہلے اپنی اصلاح نہ کرے۔ بقول حضرت علامہؒ ؎

چوں بنامِ مصطفیٰ خوانم درود
از خجالت آب می گردد وجود
عشق می گوید کہ اے محکوم غیر
سینۂ تو از بتاں مانندِ دیر
چوں نداری از محمدؐ رنگ و بو
از درودِ خود میالا نامِ او

آج ہمیں اسلامی روایات کا، اسلامی شرع اور فقہ کا نام لیتے وقت شرم سے سر جھکا لینا چاہئے۔

(آوازیں :- نام ہی نہیں لینا چاہئے۔ اسلامی روایات اور یہ ہاؤس)

صاحب صدر، میرا صرف یہ مطلب ہے کہ اس ایکٹ میں بہت سی خامیاں ہیں اور میرے خیال میں آنریبل وزیر اعظم آیندہ اجلاس اسمبلی میں انہیں دور کر دیں گے۔ ہم تو یہ چاہتے ہیں کہ اسلامی قانون کو پورے طور پر نافذ کیا جائے۔ تمام امور دیوانی اور فوجداری میں بھی۔ اور اپنی حکومت کو اسلامی آئین کے مطابق ڈھالا جائے۔ اس کی از سرِ نو تدوین کی جائے اور اسے تمام غیر اسلامی چیزوں سے پاک کر دیا جائے۔

Begum Tasadaq Husain (Innef Lahere, Muhammadan, Women Urban).

بیگم تصدق حسین :- صاحب صدر، آج کا دن صوبہ پنجاب کی مسلم عورتوں کے لئے نہایت اہم اور نہایت مقدس دن ہے کہ آج یہ بل مدتوں کی سعی کے بعد ایوان کے سامنے منظوری کے لئے پیش ہو رہا ہے - بلا شک وشبہ یہ ہماری مسلم لیگ حکومت کا سب سے بڑا کارنامہ ہے - اس حکومت نے تشکیل پاتے ہی مسلمان عورتوں کو وہ حقوق دینے کے لئے جو انہیں اسلام کی رُو سے حاصل ہیں یہ بل پیش کیا ہے - ہم جانتے ہیں کہ اس بل میں خامیاں بھی ہیں بہت سی چیزیں کم بھی ہیں مگر ہمیں توقع ہے کہ ہماری حکومت اپنی آیندہ نسلوں میں ان خامیوں کو دور کر دے گی - میں سمجھتی ہوں کہ ہماری حکومت اس لئے بھی مبارکباد کی مستحق ہے کہ اس نے یہ ثابت کر دکھایا ہے کہ حصول پاکستان کے بعد وہ اپنے پہلے وعدوں پر قائم ہے - اور ان کے وہ وعدے کہ وہ یہاں اسلامی شرعی قانون نافذ کرے گی کوئی دھوکا نہ تھے - کئی اسمبلیاں آئیں اور گئیں، کئی وزارتیں بنیں اور ٹوٹیں مگر یہ بل ہمیشہ تشنۂ تکمیل ہی رہا - آج خدا کا شکر ہے کہ خواتین کی یہ دیرینہ آرزو پوری ہوئی - میں اپنی بہنوں کی طرف سے حکومت کا اور ان بھائیوں کا جنہوں نے اس ایکٹ کے پاس کرنے میں ہماری مدد کی تہ دل سے شکریہ ادا کرتی ہوں -

صاحب صدر - ہمیں ہمارے حقوق دینے سے ہمارے بھائیوں نے ہمیشہ تساہل و تغافل سے کام لیا - مگر ہماری جدوجہد نے اس تساہل کو سرگرمی عمل میں تبدیل کر دیا - عورتوں نے محسوس کر لیا تھا کہ مرد ان کے حقوق پر ہمیشہ چھاپہ مارتے رہے اور ان کی حالت دن بدن ناگفتہ بہ ہوتی جا رہی تھی لہذا ایک آزاد ملک کی خواتین ہوتے ہوئے انہوں نے اپنی اہمیت کو محسوس کیا اور اتفاق رائے سے اپنے حقوق کے تحفظ کے لئے انہوں نے اس بل کو جو اس وقت ایوان ہذا کے زیر غور ہے پیش کرنے کا مطالبہ کیا - میں اس بل پر بحث ختم ہونے کے بعد ایک ترمیم پیش کروں گی - اگر ایوان ہذا کے ممبران مجھے اجازت دیں تو میں وہ ترمیم پڑھ کر سنا دوں - وہ ترمیم یہ ہے -

Mr. Speaker : Not at this stage.

بیگم تصدق حسین - صاحب صدر - میں سمجھتی ہوں کہ گذشتہ چند روز میں جو بل بھی پیش ہوئے ہیں ان کے بارے میں ایوان ہذا کا یہ دستور رہا ہے کہ ان میں کئی ایک ترامیم بھی کی گئیں - اور میاں محمد نور اللہ نے تو بیسیوں ترامیم پیش کیں جو آپ نے منظور کیں - آج جبکہ میں ترمیم پیش کر رہی ہوں تو آپ نے اجازت دینے سے انکار کر دیا ہے -

Mr. Speaker : When the bill is under consideration clause by clause, then it will be open to the hon'ble member to propose an amendment according to her wishes, but this is not the stage for moving an amendment.

بیگم تصدق حسین :- گویا مجھے ترمیم پیش کرنے کا حق حاصل ہے (قہقہہ)

صاحب سپیکر :- یہ ترمیم پیش کرنے کا وقت نہیں ہے۔ جب ایوان ہذا اس بل کی مختلف دفعات پر غور کریگا تو پھر آپ بڑی خوشی سے اپنی ترمیم پیش کر سکتی ہیں۔

بیگم تصدق حسین :- بہت اچھا جناب۔ اس کے بعد ہم یہ دیکھتے ہیں کہ اس بل کے پیش ہونے پر طبقہ نسواں میں خوشی کا اظہار ہو رہا ہے اور عوام نے بھی اطمینان کا اظہار کیا ہے۔ مگر اس کے ساتھ ہی مردوں میں بے چینی اور اضطراب پیدا ہو رہا ہے۔ وہ خیال کرتے ہیں کہ اگر عورت کو حقوق مل گئے تو وہ خود مختار ہو جائیگی اور مردوں کے خلاف بغاوت کرے گی (قطع کلامیاں) وہ مغربی تعلیم۔ تہذیب اور تمدن کے رنگ میں رنگی جائے گی اور مردوں کی محکومیت سے آزاد ہو جائے گی۔ مگر صاحب صدر میں آپ کی خدمت میں عرض کرنا چاہتی ہوں اور اپنی تمام بہنوں کی طرف سے آپ کو اور ایوان ہذا کے تمام ممبران کو یقین دلانا چاہتی ہوں کہ ایسا ہرگز نہ ہوگا۔ یہ خیال غلط ہے کہ جس وقت مسلمان خاتون کو اس کے تمام حقوق مل گئے تو وہ مردوں کے خلاف بغاوت کرے گی۔ البتہ یہ ضرور ہے کہ عورتوں کو آزادی کا احساس ہو جائے گا اور انہیں یہ بھی معلوم ہوگا کہ وہ فی الواقع اقتصادی طور پر مردوں کی غلام نہیں ہیں۔ عورت کی حیثیت جو پہلے گھر میں ایک کام کرنے والے ملازم کی سی تھی اب بالکل بدل جائیگی اور وہ غلامی جس سے نجات پانے۔ جسے رفع کرنے اور مٹانے کے لئے اس نے ہر ممکن اور جائز طریقے سے کام لیا اور مغربی تہذیب سے سبق سیکھا۔ بالکل دور ہو جائے گی۔

صاحب صدر۔ میں آپ کی خدمت میں یہ بھی عرض کردوں کہ آج اس تبدیلی کی موجب عورت ہی نہیں بلکہ

اے صبا ایں ہمہ آوردۂ تست

یہ سب آپ لوگوں کی مہربانی کا نتیجہ ہے۔ مگر ایک چیز میں ضرور تسلیم کروں گی۔ وہ یہ کہ اس وقت مردوں نے جس فراخدلی۔ حق پرستی اور انصاف سے کام لیتے ہوئے عورت کو اس کے حقوق سپرد کرنے کا فیصلہ کیا۔ ماں۔ بہن اور بیٹی کی حق شناسی کی وہ واقعی قابل تعریف ہے۔ مگر ساتھ ہی یہ بھی کہا جاتا ہے کہ شاید عورت حقوق حاصل کرنے کے بعد اپنے فرائض سے

پہلوتہی کرنے لگے اور ضرورت کے مطابق عمل پیرا نہ ہو۔ اس امر کے متعلق میں آپ کو یقین دلاتی ہوں کہ آپ عورت کو اتنا گیا گزرا نہ سمجھیں۔

صاحب صدر۔ ابھی ابھی میرے بھائی نے فرمایا کہ خواتین نے جو مظاہرے کئے وہ بالکل غیر اسلامی ہیں۔ میں ان سے پوچھتی ہوں کہ مظاہرہ کرنا کونسا عیب ہے۔ ہم نے نرمی سے اپنے حقوق کا مطالبہ کیا مگر کسی نے ہماری بات نہ سنی۔ آخر تنگ آکر ہمیں مظاہرے کرنے پڑے۔ کیا مظاہرہ کرنا کوئی گناہ ہے۔ آج ان مظاہروں کی وجہ سے ہم اپنے حقوق حاصل کرنے میں کامیاب ہوئی ہیں۔ ان حقوق کی بنا پر عورت کی اقتصادی حالت بالکل بدل جائے گی اور آئندہ وہ دنیا میں ذمہ دار حیثیت سے اپنی زندگی بسر کرے گی۔ میں اپنے بھائی سے دریافت کرنا چاہتی ہوں کہ انہیں ان مظاہروں سے کیا تکلیف ہوئی۔ اگر آپ لوگ عورتوں کو ان کے جائز حقوق دینے میں تامل نہ کرتے تو آج مظاہروں کی نوبت ہی نہ آتی۔ ہم تو آپ کی حق پرستی اور منصف مزاجی پر نظر لگائے بیٹھی تھیں مگر آپ کو بے حس دیکھ کر ہمیں اپنے حقوق کے تحفظ کے لئے خود ہی جد و جہد کرنی پڑی۔

صاحب صدر! یہ بل عورتوں کے حقوق کا ضامن ہے۔ ہم اسے منظور کرا کے چھوڑیں گی۔ ہم اپنے حقوق کے حصول کے لئے لڑنے اور ہر قربانی پیش کرنے کے لئے تیار ہیں۔ ہم اپنے آپ کو اس قابل سمجھتی ہیں۔ کہ اپنے حقوق کے لئے خود لڑ سکیں۔ ہم ہرگز پیچھے نہیں ہٹیں گی۔ ہم نے فیصلہ کر لیا ہے۔ کہ اب ہم مردوں کے مظالم سہنے کے لئے تیار نہیں ہیں۔ ہمیں بھی ترقی کرنا ہے۔ اور ہم بھی مردوں کے ساتھ قومی ترقی میں برابر کی حصہ دار ہوں گی۔ اس بل کے پیش کئے جانے کے متعلق میں اپنے وزراء بھائیوں اور وزیر اعظم صاحب کی انتہائی مشکور ہوں۔ کہ انہوں نے عورتوں کی ترقی کو ملکی ترقی کا ایک اہم جزو تصور کرتے ہوئے انہیں ان کے جائز حقوق دلانے کی کوشش کی ہے۔

جناب والا۔ میرے معزز بھائیوں کو معلوم ہونا چاہئے۔ کہ آج دنیا میں کثیر تعداد مسلمان موجود ہیں۔ دنیا کے کسی ملک اور کسی حصہ میں اس غیر اسلامی اور مضر صحت پردہ کا رواج نہیں۔ جسے پاکستان کے مسلمان رائج کرنا چاہتے ہیں۔ میں پوچھتی ہوں۔ کہ اس وقت دوسرے ملکوں کی کتنی عورتیں پردہ میں بیٹھی ہیں۔ میں سمجھتی ہوں۔ کہ جہاں پردہ نہیں وہاں عورتیں زندگی کے ہر شعبے میں حصہ لیتی ہیں۔ اور ملکی ترقی کے لئے ہر ممکن کوشش کر رہی ہیں۔ میں صاف طور پر کہتی ہوں۔ کہ مرد ہمیں زبردستی پردہ میں دھکیل نہیں سکتے۔ ہم ان کے دوش بدوش کام کریں گی۔ اور ملکی ترقی میں ان سے زیادہ مفید ثابت ہوں گی۔ میں سمجھتی ہوں۔ کہ اگر عورتوں کو آزاد ملکوں کی طرح یہاں بھی حقوق حاصل ہوں۔ تو پاکستان بہت جلد دنیا کے ترقی یافتہ ملکوں کے ہم پلہ ہو سکتا ہے۔

جناب والا۔ پھر یہ بھی کہا گیا ہے۔ کہ ہائی کورٹ میں جج نہیں ہونے چاہئیں۔ بلکہ ان کی جگہ مفتی اور قاضی ہونے چاہئیں۔ میری سمجھ میں نہیں آتا۔ کہ انہیں اس قابل کیوں نہیں سمجھا جاتا۔ کہ وہ ہمارے معاملات سلجھا سکیں۔ کیا اسلامی قانون اتنا ہی مشکل ہے۔ کہ وہ اس کا مطالعہ کر کے اسے سمجھ نہیں سکتے۔ اور اس کے مطابق ہمارے معاملات کا فیصلہ نہیں کر سکتے۔ میرے خیال میں تو قانون کی جتنی واقفیت انہیں ہے۔ شاید ہی کسی کو ہو۔ آپ کو اس امر کا احساس ہونا چاہئے۔

کہ آخر وہ بھی انسان ہیں۔ اور ہمارے مسلمان بھائی ہیں۔ مجھے یقین واثق ہے۔ کہ وہ ہمارے قومی معاملات اچھی طرح اور بطریق احسن سلجھانے میں کامیاب ہوں گے۔ میں سمجھتی ہوں کہ یہی لوگ ہیں۔ جو ہماری قوم کو دنیا کی دوسری تمام قوموں کا امام بنا دیں گے۔

جناب والا۔ اگر پاکستان کے مرد اور عورتوں میں آزاد اسلامی ممالک کی طرح اسلامی روح کارفرما ہو۔ تو پاکستان تمام دنیا کے لئے قابل تقلید سٹیٹ بن سکتا ہے۔ بیرونی ممالک کے مسلمان اپنی عورتوں کو صف اوّل میں جگہ دیتے ہیں۔ اور یہی حالت غیر مسلم ممالک کی ہے۔ مگر ہمارے ملک میں عورتوں کو ہمیشہ پچھلی صفوں میں جگہ ملتی ہے۔

Mr. Speaker : The two lady members of this House are occupying the front benches here.

بیگم تصدق حسین : مگر ہماری ہزاروں بہنیں ایسی ہوں گی۔ جو ہم سے زیادہ قابل ہیں۔ مگر ان کی قابلیت کا اعتراف نہیں کیا جاتا۔ ہم یہ چاہتی ہیں۔ کہ ہر بہن کو اس کا حصہ ملے۔ کئی عورتیں مجھ سے قابل ہیں۔

Raja Said Akbar : Then vacate your seat for others.

Begum Tasaduq Husain : Why should we vacate. We shall get more seats for them. The House will be filled by women.

بیگم تصدق حسین : حضور والا۔ ہمارے کیریکٹر میں اللہ کے فضل سے اتنی طاقت ہے۔ کہ ہم مردوں کے ساتھ خانہ بشانہ کام کر سکیں۔ آپ کے ساتھ ہم کام کر رہی ہیں۔ اور آئندہ بھی آپ کے ساتھ کام کریں گی۔ اور ضرور کریں گی (شور اور قہقہے کا سماں)

Mr. Speaker : I am sorry that the hon'ble lady member is interrupted like this. When a lady member is speaking. I think courtesy demands that hon'ble members should listen to her with attention.

بیگم تصدق حسین : یہی تو رونا ہے۔ These people do not known the importance of things. یہ نہیں جانتے کہ تہذیب کس کو کہتے ہیں۔ تمدن کس بلا کا نام ہے۔ عورت کی عزت اور اس کا احترام کس طرح کرنا چاہیئے۔ جن لوگوں کو عورت کا احترام کرنا نہیں آتا۔ ان کو انسان کہنا بے معنی ہے۔ ہماری قوم نہیں جانتی کہ عورت کی عزت کس طرح کی جاتی ہے۔ یہاں آج کل ایک ترک اخبار نویس آیا ہوا ہے۔ میں نے اگلے روز اس سے پوچھا کہ آپ کے ملک نے کس طرح ترقی کی۔ تو اس نے مجھے بتایا کہ ہمارے سامنے سب سے پہلے قرآن کی تعلیم تھی۔ اس کے بعد عورت کا احترام۔ اس کے بعد تلوار تھی۔ اور پھر گھوڑا۔ یہ چیزیں ہیں۔ حضور والا جن کی اہمیت کو سمجھتے ہوئے کوئی زندہ قوم ترقی کر سکتی ہے۔ اور یہ وہ چیزیں ہیں جن سے مسلمان مسلمان بنتا ہے۔ میں یہ پوچھنا چاہتی ہوں کہ جن مسلمانوں نے اسلام پھیلایا تلوار سے . . .

سید عاشق حسین : On a point of order.

Mr. Speaker : I may inform the hon'ble member that when a point of order is raised the member in possession of the House should resume his or her seat.

سید عاشق حسین : میری عرض یہ ہے کہ بیگم صاحبہ ناراض نہ ہوں - وہ مردوں کے سب کام سنبھال لیں - ہم جانتے ہیں -

Mr. Speaker : That is not point of order.

بیگم شاہنواز : اگر عورت سب کاموں کو سنبھال لے تو بھی میرے بھائی کو یقین رکھنا چاہیئے کہ

She will not make worse mess of the world then men have done.

ملک وزیر محمد : On a point of order. بیگم صاحبہ نے فرمایا ہے کہ اسلام تلوار کے زور سے پھیلا ہے - یہ کہاں تک درست ہے -

Mr. Speaker : Please resume your seat. It is no point of order.

بیگم تصدق حسین : ان تنگ نظروں پر افسوس ہے - کہ معزز ممبران بات کی گہرائی کو نہیں پہنچتے اور جو منہ میں آتا ہے کہہ دیتے ہیں - وہ پہلے بات کو سن لیں - میں یقین دلاتی ہوں کہ اب بھی ایسی عورتیں ہیں جو مردوں سے بہتر کام کر سکتی ہیں - اگر وہ سمجھتے ہیں کہ وہ اس ہاؤس میں کام نہیں کر سکتے تو خوشی سے چلے جائیں (مخلوط کلامیاں)

Will Mr. Speaker ask them to stop these interruptions.

Mr. Speaker : I am requesting them to do so. They should know better.

بیگم تصدق حسین : میرے معزز بھائی نیازی صاحب نے فرمایا ہے کہ عورت ایک متقی باپ کی جائداد کو غلط طور پر استعمال کرے گی - میں ان سے پوچھنا چاہتی ہوں کہ متقی باپ کی جائداد کو متقی بیٹے کس طرح سنبھال کر رکھتے ہیں - اگر متقی باپ کی جائداد کا مصرف وہاں صحیح اور جائز نہیں تو آپ کس منہ سے اس بارے میں اعتراض کر سکتے ہیں - میں ان کی خدمت میں گزارش کروں کہ یہ اس لئے کیا گیا ہے تاکہ عورت کو (ownership) ملکیت کا حق مل سکے - اور وہ جب چاہے - جائداد کا حصہ فروخت کر سکے - میں اس

سلسلہ میں یہ تجویز پیش کروں گی - کہ یہ پابندی نہ لگائی جائے - کہ عورت مدتِ مدید تک بیٹھی رہے کہ کب حصہ ملے کب وہ اُسے فروخت کرے اور کب وہ اپنی ضروریات پوری کرے - میں اس کے ساتھ ہی یہ بھی کہہ دینا چاہتی ہوں کہ آپ یقین رکھیں جس وقت زمین عورت کے قبضہ میں آئے گی - وہ حفاظت سے رکھے گی - وہ قوم کہ اس سرمایہ کو اس طرح ضائع نہیں کرے گی جس طرح ہمارے سپوت کر رہے ہیں -

پھر میرے بھائی نے فرمایا - عورت اور مرد ایک دوسرے کا لباس اور آرائش ہیں هنّ لباسٌ لکم و انتم لباسٌ لهنّ -

کاش اس پر عمل کرتے اور ہمیں آج یہ موقع نہ دیتے کہ اپنا حق مانگنے کے لئے ہمیں حکومت کے دروازے پر آنا پڑتا - قرآنِ کریم کی جس آیت کا انہوں نے حوالہ دیا ہے - میں اُن کی توجہ اس آیت کی طرف دلاتی ہوئی یہ عرض کروں گی - کہ آپ بھی براہ خدا اس بات کا خیال رکھیں کہ عورت اور مرد ایک دوسرے کا لباس ہیں - افسوس ہے قرآنی تعلیم سے آگاہ ہوتے ہوئے پھر آپ اس قسم کی کمزور دلیل پیش کرتے ہیں - کہ عورتیں خلاف شرع پردہ کر رہی ہیں میں پہلے بھی عرض کر چکی ہوں - کہ جب عورت کو اپنی صحیح ذمہ واری معلوم ہو جائے گی - اور وراثت کے سلسلہ میں اپنی ذمہ دار پوزیشن کا علم ہو جائے گا - تو آپ یقین رکھیں وہ آپ کے سامنے ایک بہتر نمونہ پیش کرے گی - اور آپ اس امر کو بھی نظر انداز نہ کریں کہ عورت اپنی بہتر پوزیشن ہوتے ہوئے آپ کے ساتھ مل کر تعمیری کام کر سکتی ہے - ہاں اگر مرد عورتوں سے اس طرح سلوک کرنا چاہتے ہیں - جس طرح جانوروں سے کیا جاتا ہے - تو یاد رکھئے آپ کی قوم کبھی مضبوط نہیں ہو سکتی - کیا ان ستر ہزار عورتوں کے اغوا ہو جانے سے آپ کی آنکھیں نہیں کھلیں جو اپنے گھر بار سے جدا ہو کر دشمن کے ہاتھ میں پھنسی ہوئی ہیں - عورت اس وقت تک اپنی حفاظت آپ نہیں کر سکتی جب تک کہ وہ اپنے پاؤں پر کھڑی نہ ہو جائے - اس بل کے پاس ہونے سے آپ کو کسی قسم کی بدگمانی یا غلط فہمی نہیں ہونی چاہیئے - جیسا کہ میں عرض کر چکی ہوں - کہ اس کے پاس ہو جانے سے عورتوں کو اپنی آزادی کا احساس ہو جائے گا - اور وہ خود اپنی حفاظت کرنے کے قابل ہو جائیں گی - میں ان کے الفاظ کے ساتھ آپ سے درخواست کرتی ہوں کہ اس مسودہ قانون کو منظور کیا جائے اور مجھے دوبارہ موقع دیا جائے - تاکہ میں اپنی ترمیم پیش کر سکوں -

Khan Abdus Sattar Khan Niazi: On a point of personal explanation.

خان عبدالستار خان نیازی: صدر محترم - عرض یہ ہے کہ پردے کے متعلق جو میں نے کہا تھا - وہ یہ تھا کہ جو لوگ پردے کے خلاف باتیں کرتے ہیں - وہ اسلامی اصول نہیں جانتے - غلط تاویلیں کرتے ہیں

جن کو سن کر افسوس اور رنج ہوتا ہے۔ اب بیگم صاحبہ بے پردگی کو مفید بتانے لگ گئی ہیں - وہ چاہے شمع انجمن ہیں یا چراغ محفل - مجھے اس سے بحث نہیں۔ مصیبت تو یہ ہے کہ مسلمان کو چاہیئے یہ کہ وہ اسی حد تک جائے جس حد تک اسلام اس کو اجازت دیتا ہے۔ میں تسلیم کرنے کے لئے تیار ہوں - کہ غزوات میں کئی بہادر مسلمان عورتوں نے داد شجاعت دی - شہادت کا رتبہ بھی پایا تھا - اور انہوں نے میدانِ جنگ میں بڑے مفید کام بھی کئے تھے - مثلاً حضرت عوذؓ کے بہادرانہ کارنامے ابھی بھی دلوں کو گرما دیتے ہیں - لیکن ان کی جنگ مردوں کے دوش بدوش نہ تھی - وہ عورتوں کے دستہ کے ساتھ تھیں اور اسلامی پردہ میں تھیں - مگر یہ اُن حالات میں ہوا جب حالات نارمل نہ تھے - بلکہ (Abnormal) تھے - . . . . نارمل حالت میں ان واقعات کو interpret کرنا قرین مصلحت نہیں - اسلام نے تو ستر پر بار بار زور دیا ہے - اور اس کے لئے باضابطہ قوانین مقرر کئے ہیں -

Mr. Speaker : It is not a personal explanation. It is a second speech.

Premier (The Hon'ble Khan Iftikhar Husain Khan) :

آنریبل خاں افتخار حسین خاں جنابِ والا ! ان طویل تقریروں کے بعد اس امر کی ضرورت نہ تھی - کہ میں کچھ کہوں - دونوں بیگم صاحبہ نے نیازی صاحب کے اعتراضات کا جواب دے دیا ہے - مجھ سے اس بات کا مطالبہ کیا گیا ہے - کہ اس آئین میں جو خامیاں رہ گئی ہیں - انہیں اگلے بجٹ سیشن میں دور کر دوں - میں یقین دلاتا ہوں - کہ وہ تمام کمیاں جو اس بل میں رہ گئی ہیں اگلے سیشن میں دور کر دی جائیں گی -

جنابِ والا - یہ بل جو پیش کیا گیا ہے - یہ ہمارا پہلا قدم ہے - تمام حضرات واقف ہیں کہ مسلم لیگ کے منشور میں ہم نے اپنی انتخابی مہم کے دوران میں یہ بات واضح کر دی تھی کہ ہم برسر اقتدار آتے ہی اپنے پہلے سیشن میں شریعت بل کو لائیں گے اور نافذ کریں گے - میں یہ بھی عرض کرنا چاہتا ہوں کہ ہندوستان کے تمام صوبوں اور پاکستان کے باقی صوبوں میں یہ بل پہلے سے رائج ہے - اور بدقسمتی سے ہمارا پنجاب ایک ایسا تنہا صوبہ تھا - جس میں یہ قانون رائج نہ تھا - چنانچہ ہم نے اس امر کی کوشش کی ہے - کہ جس حق سے ہماری مائیں بہنیں اور بیٹیاں ایک عرصہ دراز سے محروم تھیں انہیں دیا جائے - اس بل کے پاس کرانے کا یہ ہرگز مقصد نہیں ہے - کہ اس کو اُن خامیوں کے ساتھ ہی جو اس میں ہیں نافذ کر دیا جائے - اس کو اس وقت ہی نافذ ہونا چاہیئے - جب کہ اس کی خامیاں شریعت کے موجب دور ہو جائیں - اور میں آپ کو یقین دلاتا ہوں کہ ایسا ہی ہوگا جن حالات میں یہ بل پیش کیا گیا - اور پہلی ریڈنگ کے بعد جب یہ Select

Committee کے پاس آیا تو اس پر بھی ہم نے غور کیا۔ کیونکہ بعض مطالبات پکے جا رہے تھے۔ کہ اسے علماء کے پاس اور پبلک میں circulate کیا جائے۔ اور علماء سے اس کے متعلق ان کی رائے دریافت کی جائے۔ لیکن وقت تھوڑا تھا۔ اور ہم چاہتے تھے۔ کہ اسی سیشن میں کم از کم وہ حصہ، جس کا تعلق عورتوں کے حقوق سے ہے۔ پاس کر دیں۔ (خوب۔خوب) (اب ایک طرف، جیسا کہ آپ کے سامنے بیان کیا گیا ہے۔ خواتین کے مظاہرے ہوئے اور دوسری طرف نیازی صاحب کا عصائے مفتیانہ تھا۔ ہم دونوں کے بیچ میں ایسے پھنس گئے۔ کہ فیصلہ نہ کر سکے۔ لہذا پہلے فیصلہ کے مطابق یہ مناسب سمجھا کہ جہاں تک وراثت کا تعلق ہے۔ اور جہاں تک خواتین کے حقوق کا تعلق ہے۔ اسے اسی سیشن میں پیش کر دیا جائے۔ اس میں کوئی شک نہیں۔ کہ خامیاں رہ گئی ہیں۔ مگر نیازی صاحب کا یہ کہنا کہ یا تو ہم چھلانگ لگا کر ایک دم بیس پچیس قدم آگے نکل جائیں۔ اور یا ایک قدم بھی نہ بڑھائیں۔ یہ میری سمجھ میں نہیں آیا۔ میں یہ جانتا ہوں کہ ہم نے جو قدم اٹھایا ہے۔ وہ ایسا نہیں جس سے یہ کہا جا سکے کہ ہم پیچھے کو جا رہے ہیں۔ ہم آگے جا رہے ہیں۔ اور آئندہ آگے چلتے جائیں گے۔ (خوب۔خوب) اور اس وقت تک چلتے جائیں گے۔ جب تک شرع محمدی کی پوری تکمیل نہ ہو جائے (خوب خوب)

مجھے بڑی خوشی ہوئی ہے۔ کہ میری بہنوں اور بیٹیوں نے اس سے پہلے قدم کو جو ہم نے اٹھایا ہے۔ خوشی سے قبول کیا ہے۔ اس سے میں سمجھتا ہوں کہ ہماری کافی تسلی اور حوصلہ افزائی ہوتی ہے۔ آئندہ بھی جہاں تک مستورات کے حقوق کا تعلق ہے میں یقین دلاتا ہوں کہ اس ہاؤس کے ممبر کبھی ان کے راستے میں رکاوٹ نہیں بنیں گے۔ (خوب خوب)

میں بھائی نیازی صاحب کی تقریریں شروع ہی سے سنتا چلا آ رہا ہوں۔ اور میں نے کبھی ان کا جواب دینے کی کوشش نہیں کی۔ وجہ یہ ہے۔ کہ وہ اپنی تقریروں میں جذبات سے زیادہ کام لیتے ہیں۔ اور ان کی ہر تقریر میں اپوزیشن کی گردان ہوتی ہے۔ اور ان کی ہر تقریر کی تان اسی پر ٹوٹتی ہے۔ کہ جو بھی خرابیاں ہیں۔ وہ وزارت کی وجہ سے ہیں۔ اس حد تک نیازی صاحب کو اس امر کا یقین ہے کہ اگر وہ غلطی سے جلی ہوئی روٹی کھا لیں اور ان کے پیٹ میں درد ہو جائے تو اس کی وجہ ان کے نزدیک وزارت ہی ہوگی۔ (قہقہہ) اس لئے میں نیازی صاحب کی کسی تقریر کا جواب دینا مناسب نہیں سمجھتا۔

میرے بھائی سید اکبر صاحب نے مطالبہ کیا ہے۔ کہ میں انہیں یقین دلاؤں لہذا میں انہیں یقین دلاتا ہوں کہ جو خامیاں رہ گئی ہیں۔ ہم ان کو جلد از جلد رفع کرنے کی کوشش کریں گے۔ (خوب۔خوب)

Mr. Speaker : The question is—

"That the West Punjab Muslim Personal Law (Shariat) Application Bill, as

reported by the Select Committee, be taken into consideration at once."

The motion was carried.

CLAUSE 2.

Mr. Speaker : The House will now proceed with the consideration of the bill clause by clause.

Raja Said Akbar : In view of the assurance given by the Premier I am not moving my amendment.

Mr. Speaker : The question is—

"That Clause 2 stand part of the bill."

The motion was carried.

CLAUSE 3.

Begum Tasaduq Husain (Inner Lahore, Muhammadan, Women, Urban) : Sir I beg to move—

"That for the words "termination of her limited interests" the following words be substituted : "day this act comes into force."

بیگم تصدق حسین : اس تجویز کے پیش کرنے کے دو تین وجوہ ہیں۔ پہلی یہ ہے کہ اگر اس کی ownership limited ہے اور ایک لڑکی یا بیوہ کو اپنے والد سے وراثت میں ایک غیر منقولہ جائداد ملتی ہے۔ اور اس کی limited ownership ہے تو وہ ownership تب ختم ہو گی جب وہ یا تو شادی کر لے اور یا مر جائے۔ اب اس صورت میں جب کہ اس کی limited ownership ہے۔ وہ اس دوران میں اس جائیداد کو نہ بیچ سکتی ہے۔ نہ استعمال کر سکتی ہے۔ نہ خیرات کے کسی کام میں دے سکتی ہے نہ اس سے کوئی فائدہ اٹھا سکتی ہے۔ اور اس کے ساتھ دوسرا point یہ ہے۔ کہ وہ ورثاء جو شرعاً اس چیز کے حقدار ہیں وہ اس حق سے ایسی مدت تک محروم رہتے ہیں۔ جب تک وہ شادی نہ کرے یا نکاح ثانی نہ کرے۔ یا مر نہ جائے اس وقت تک شرعی ورثاء محروم رہتے ہیں۔ جب کہ ہم ایک شریعت بل نافذ کر رہے ہیں تو ہمارے لئے ہر ایک کے حق کا خیال رکھنا ضروری ہے۔

تیسری چیز یہ ہے۔ کہ وہ لڑکی یا بیوہ جو نوجوان ہے۔ اور جسے جائداد ملی ہے۔ اس کے اگر رشتہ دار بہت سے ہیں اور وہی اسے سمجھانے والے ہیں تو ان کا مفاد تو اس بات میں ہو گا۔ کہ اس کی شادی رکی رہے۔ یا دوبارہ نکاح نہ ہو۔ تاکہ اس جائیداد سے آمدن ہوتی رہے۔ لہٰذا میں سمجھتی ہوں کہ بہت سی قباحتیں ہوں گی اور یہ شریعت کے بھی منافی ہو گا۔ اس لئے میری درخواست یہ ہے۔ کہ جو ترمیم پیش کی گئی ہے۔ اس پر آپ غور کریں۔

Mr. Speaker : Clause under consideration, amendment moved is—

That for the words "termination of her limited interests" the following words be substituted.

"day this act comes into force."

Begum Jahan Ara Shah Nawaz (Outer Lahore, Muhammadan, Women, Urban) :

بیگم جہاں آرا شاہنواز میری بہن نے جو تجویز پیش کی ہے۔ وہ اچھی ہے مگر اس کے متعلق Select Committee میں اچھی طرح غور و خوض کیا گیا تھا۔ اگر اس وقت کسی شخص نے رواجاً یا رسماً کسی قانون کے تحت جائداد حاصل کی ہوئی ہے۔ تو اس وقت ایسا بل پاس کر کے اسے بدل نہیں سکتے ہم نے Select Committee میں اس چیز پر غور کیا تھا اور ہم اس نتیجہ پر پہنچے تھے۔ کہ جو کچھ میری بہن نے تجویز کیا ہے۔ وہ legally ہو نہیں سکتا۔ قانونی طور پر نہیں ہو سکتا۔ اور یہی وجہ ہے۔ کہ اس قسم کی شق نہیں رکھی گئی اور جو الفاظ رکھے گئے ہیں۔ وہ نہایت مناسب ہیں۔

بیگم تصدق حسین: میں اپنی بہن کے الفاظ سے پورا اتفاق کرتی ہوں۔ میں نے اپنی خوشی سے اپنی بہن کو اس کمیٹی میں بھیجا تھا۔ اور مجھے خوشی ہے کہ آپ نے تمام چیز کو اچھی طرح جانچا اور اس کا مطالعہ کیا اور اپنی پوری رائے دی۔ لیکن اب بھی میرا یہ حق ہے۔ کہ اگر میں کسی چیز کو اپنے طبقہ خواتین کے خلاف پاؤں تو اسے ٹھیک کرنے کی کوشش کروں۔ تو اس چیز کے متعلق میں سمجھتی ہوں کہ legaliy ہم ایسا کر سکتے ہیں۔ مگر اس میں بہت سی complications پیدا ہو جائیں گی۔ جو جائدادیں تقسیم ہو چکی ہیں۔ ان کو پھر تقسیم کرنا پڑتا ہے لیکن دیکھنا یہ ہے۔ کہ وہ برائیاں روکی جائیں۔ تاکہ الفاظ کے الجھاؤ میں نہ پڑیں یا الفاظ کے الجھاؤ کی پروا نہ کی جائے اور حقداروں کو حقوق دیئے جائیں۔ اس کے لئے میں عرض کرتی ہوں کہ اس وقت جب کہ شریعت کا نفاذ ہو رہا ہے۔ چاہیئے کہ ہر ایک کو اس سے فائدہ پہنچے۔ اس لئے یہ بہتر ہوتا اگر میری تجویز منظور کر لی جاتی۔ لیکن میری محترمہ بہن بیگم شاہنواز نے فرمایا ہے۔ کہ legaliy ایسا نہیں ہو سکتا۔ اس لئے میں اپنی تجویز واپس لیتی ہوں

Mr. Speaker: Is it the pleasure of the House that the hon'ble lady member be allowod to withdraw her amendment?

The amendment was by leave withdrawn

Mr. Speaker: The question is—

"That clause 3 stand part of the Bill"

The motion was carried.

Mr, Speaker: The question is—

That the two provisos stand part of the Bilj.

The motion was carried.

CLAUSES 4 AND 5

Mr. Speaker: The question is—

"That clauses 4 and 5 stand part of the Bill."

The motion was carried.

CLAUSE 1.

Mr. Speaker: The question is—

That sub-clauses 2 and 3 of Clause 1 stand part of the Bill

The motin was carried.

PREAMBLE.

Mr. Speaker: The question is—

"That the Preamble be the preamble of the Bill."

The motion was carried.

SHORT TITLE

Mr. Speaker: The question is—

That the Short Title be the short titile of the Bill.

The motion was carried.

Mr. Speaker: Before I call upon the Premier to move for the third reading of the Bill, I appoint a Drafting Committee consisting of the Premier, Advocate-General and Rana Abdul Hamid Khan, to go through the bill and suggest drafting amendments, and to submit their report within half an hour.

THE INDIAN FOREST (WEST PUNJAB AMENDMENT) BILL.

Premier (The Hon'ble Khan Iftikhar Husain Khan): Sir, I beg to introduce the Indian Forest (West Punjab Amendment) Bill.

Sir, I beg to move—

That the Indian Forest (West Punjab Amendment) Bill be taken into consideration at once.

The motion was carried.

CLAUSE 2

Mr. Speaker: The House will now proceed with the consideration of the bill clause by clause.

The questson is—

That clause 2 stand part of the Bill.

The motion was carried.

CLAUSE 1

Mr. Speaker: The question is—

That sub-clause (2) of Clause 1 stand part of the Bill.

The motion was carried.

PREAMBLE.

Mr. Speaker: The question is—

That Preamble be the preamble of the Bill.

The motion was carried.

SHORT TITLE

Mr. Speaker: The question is—

That the Short Titile be the short title of the Bill.

The motion was carried.

Minister of Revenue (The Hon'ble Sirdar Shaukat Hyat Khan:) Sir, I beg to move—

That the Indian Forest (West Punjab Amendment) Bill be passed.

Mr. Speaker: The question is—

That the Indian Forest (West Punjab Amendment) Bill be passed.

The motion was carried.

The House then adjourned till 11-30 a.m. of the clock.

The House re-assembled at 11-30 a.m. of the clock. Mr. Speaker, in the Chair.

WEST PUNJAB MUSLIM PERSONAL LAW (SHARIAT) APPLICATION BILL.

Premier: Sir, I beg to present the report of the Drafting Committee on the West Punjab Muslim Personal Law (Shariat) Application Bill.

(The report was read out by the Advocate-General).

1. That the existing clause 3 of the Bill should read as follows :—

3. In respect of immovable property held by a Muslim female as a limited owner under the Customary Law, Succession shall be deemed to open out on the termination of her limited interest to all persons who would have been entitled to inherit the property at the time of the death of the last full owner had the Muslim Personal Law (Shariat) been applicable at the time of such death, and in the event of the death of any of such persons before the termination of the limited interest mentioned above, Succession shall devolve on his heirs and successors existing at the time of the termination of the limited interest of the female as if the aforesaid such person had died at the termination of the limited interest of the female and had been governed by the Muslim Personal Law (Shariat);

Provided that the share, which the female limited owner would have inherited had the Muslim Personal Law (Shariat) been applicable at the time of the death of the last full owner, shall devolve on her if she loses her limited interest in the property on account of her marriage or remarriage and on her heirs under the Muslim Law Personal (Shariat) if her limited interest terminates because of death.

In view of the fact that the first proviso has been incorporated, the first proviso be deleted.

Mr. Speaker: Is it the pleasure of the House that the suggestions made by the Drafting Committee be adopted? (*Voices*: Yes.)

Premier: Sir, I beg to move—

That the West Punjab Muslim Personal Law (Shariat) Application Bill as amended be passed.

The motion was carried.

The Assembly then adjourned till 3 p.m. to-day.

The House re-assembled at 3 p.m. of the clock. Mr. Speaker in the Chair.

ADJOURNMENT MOTION.

BORDER RAIDS AGAINST SHAKARGARH VILLAGE.

Chaudhri Abdul Ghafur Qamar (Shakargarh, Muhammadan, Rural): Sir, I beg to move—

"That the Assembly do now adjourn."

چودھری عبدالغفور قمر: صاحب صدر، جموں کی طرف سے تحصیل شکرگڑھ پر پچھلے دنوں ۱۵ اور ۱۶ تاریخ کو اور پھر ۲۶ تاریخ کو جو حملے ہوئے ہیں ان کے باعث شکرگڑھ جہنم کا نقشہ بن چکا ہے۔ ۱۵ اور ۱۶ کی درمیانی رات تو رات کے نو بجے ڈنڈوت بالا کلاں جنگو چک اور اپوٹی براہمناں چار گاؤں پر بیک وقت حملہ ہوا۔ ہماری بدقسمتی تھی۔ کہ اس وقت بارڈر پولیس حاضر نہ تھی۔ اس حملے کی وجہ سے لاکھوں مویشی ہلاک ہو گئے اور کئی فصلیں جلا دی گئیں۔ جانی نقصان بھی کافی ہوئے۔ اب حالت یہ ہے۔ کہ روزانہ خطرات کے باعث شکرگڑھ کے لوگ اس علاقہ کو چھوڑ کر وہاں سے بھاگ رہے ہیں۔ آپ نے آج کے پاکستان ٹائمز میں وہ خبر پڑھی ہوگی۔ میں اس کا ایک اقتباس یہاں پڑھے دیتا ہوں جس کا مطلب یہ ہے

"خبر ملی ہے کہ ریاست جموں کے گشتی فوجی دستوں نے تھانہ شکرگڑھ کے قریب ہی ایک پر حملہ کر دیا۔ ہماری سرحدی پولیس نے فائرنگ کا جواب فائرنگ سے دیا۔ موضع چینور ضلع سیالکوٹ کے قریب ریاست جموں کے غیر مسلم باشندوں پر مشتمل ایک پارٹی نے "پرالی" کے ایک ڈھیر کو آگ لگا دی" آج کے "زمیندار" میں بھی ایک خبر بعنوان "نہتے دیہاتیوں نے حملہ آوروں سے اسلحہ چھین لیا" شائع ہوئی ہے۔ اس میں درج ہے:-

شکرگڑھ ۲۸ جنوری۔ اطلاع ملی ہے۔ کہ جموں کے مسلح غنڈوں نے موضع جھکن پر فائرنگ کی اور سرحد پار کر لی۔ موضع مذکور کے لوگ کھیت میں چھپ گئے۔ جب غنڈے قریب سے گزرے تو یہ نہتے مسلمان یکبارگی ان پر ٹوٹ پڑے اور جھپٹ کر ان سے پانچ رائفلیں اور چار سو گولیاں چھین لیں۔ اور ان کے بہت سے آدمی زخمی کر دیئے۔ حملہ آور منہ کی کھا کر واپس بھاگ گئے

جناب والا! میرا کہنے کا مطلب یہ ہے کہ ہم اتنے کمزور اور بزدل نہیں۔ اگر وہاں سے لوگ بھاگ رہے ہیں۔ تو صرف اس لئے کہ ان کو شکایت ہے حکومت بالکل سو رہی ہے۔ تحصیل شکرگڑھ کی آبادی ۳ لاکھ نفوس پر مشتمل ہے۔ اگر خدانخواستہ یہاں لاہور میں تین لاکھ باشندوں پر بیک وقت حملہ ہو تو ایک شور

مچ جائے - اخبارات میں بڑے بڑے عنوانات سے خبریں شائع ہوں - اور گورنمنٹ کی تمام مشینری حرکت میں آجائے - یہاں ایک مسلم تحصیل پر دن رات پے در پے حملے ہو رہے ہیں - مگر گورنمنٹ بالکل سو رہی ہے - ہماری سب سے بڑی مشکل یہ ہے - کہ جس گاؤں پر حملہ ہوتا ہے - وہاں امداد اس وقت پہنچتی ہے - جب حملہ ختم ہو چکتا ہے - مثلاً ۱۵ اور ۱۶ تاریخ کی درمیانی رات کو جب رات کے نو بجے ہوا تو پولیس کی امداد وہاں اگلی صبح کو ۷ بجے پہنچی - اور جب شکر گڑھ میں فوج کو اطلاع دی گئی تو فوج والوں نے جواب دیا کہ جب تک انہیں ان کا کمانڈر حکم نہ دے وہ حرکت نہیں کر سکتے - چنانچہ پہلے انہوں نے سیالکوٹ سے بذریعہ ٹیلیفون اجازت لی اور پھر ۳ بجے بعد دوپہر وہاں پہنچے ایک دن پہلے ۹ بجے رات کو حملہ ہوتا ہے - اور دوسرے دن تین بجے بعد دوپہر فوج وہاں پہنچتی ہے - ظاہر ہے کہ ایسی امداد لاحاصل ہے - میری یہ گذارش ہے کہ تمام پولیس سرحدی پولیس اور فوج میں بہتر رابطہ پیدا کیا جائے - اس وقت صورت یہ ہے کہ ایک فورس ضرورت کے وقت دوسری فورس کو حکم نہیں کر سکتی کہ وہ اس کے ساتھ چلے - دوم یہ ہے کہ اس علاقہ میں ذرائع آمد و رفت سخت خراب ہیں - اس کے بعد فوج کے پاس ٹرانسپورٹ کا انتظام ہے باقی دو فورسوں کے پاس ٹرانسپورٹ کا کوئی انتظام قطعاً کوئی نہیں - ایک اور مصیبت وہاں اپنے بھائیوں کی طرف سے ہے - اس کے متعلق بہت سی باتیں کہی جا سکتی ہیں مگر انہیں زبان پر لانے کو جی نہیں چاہتا - لیسر کلاں میں پٹھان بھائیوں کی طرف سے حملہ ہوا ہے - اس کے سلسلہ میں ۳۹۵ کا پرچہ بھی درج ہو چکا ہے مگر اس کا کوئی نتیجہ برآمد نہیں ہوا - پولیس الٹا دیہاتیوں ہی کو پکڑ لیتی ہے کہ تم پٹھانوں سے کیوں کہ آتے ہو - وہاں کے بہت سے دیہات جل چکے ہیں اور لوگ سخت مصیبت میں ہیں - نہ تو ان لوگوں کو پناہ گزین سمجھا جاتا ہے اور نہ انہیں کوئی امداد دی جاتی ہے - بارڈر پولیس سرحد سے تین میل اس طرف رہتی ہے - جو دیہات ان تین میلوں کے اندر اندر واقع ہیں وہ کہاں جائیں - اس وقت حالت یہ ہے کہ سرحد سے آٹھ میل اندر اندر کے علاقے اٹھ چکے ہیں - میری یہ گذارش ہے کہ انسپکٹر جنرل پولیس خود وہاں جائیں اور اپنی آنکھوں سے وہاں کے حالات دیکھیں - اس وقت تک کوئی بڑا افسر وہاں نہیں گیا - انسپکٹر جنرل پولیس خود وہاں تشریف لے جائیں اور سرحد کے حالات کے مطابق وہاں انتظامات کریں تاکہ ان حملوں کا سدِ باب ہو سکے -

Mr. Speaker : The motion moved is—

That the Assembly do now adjourn.

Raja Said Akbar Khan (Gujar Khan, Muhammadan, Urban) :

راجہ سید اکبر خاں - جناب والا - آپ کو معلوم ہے کہ سرحد (Border) پر کچھ عرصہ سے ایسے واقعات رونما ہو رہے ہیں جو بے حد تکلیف دہ اور پریشان کن ہیں - ابھی ابھی میرے دوست نے تحصیل شکر گڑھ پر حملوں کے متعلق ذکر کیا ہے - میں ان کی

خدمت میں عرض کر دوں کہ نہ صرف تحصیل شکر گڑھ میں بلکہ کئی ایک دیگر مقامات پر بھی ایسے واقعات پیش آئے ہیں۔ ان کا یہ کہنا کہ وہاں مقرر کی گئی پولیس اپنے فرائض سے بطریق احسن عہدہ برآ نہیں ہو رہی۔ ہرگز حقیقت پر مبنی نہیں ہو سکتا۔ میں سمجھتا ہوں کہ پولیس اپنے فرائض کی بجا آوری میں ہرگز کوتاہی کی مرتکب نہیں ہوئی۔ وہ سرحدی علاقے کے باشندوں کی جان اور حفاظت کے لئے ہر ممکن کوشش کرتی رہی ہے۔

تحریک ہذا کے معزز محرک نے پٹھانوں کے متعلق جو کچھ فرمایا ہے وہ غلط فہمی پر مبنی ہے پٹھان عرصہ دراز سے محنت مزدوری اور کاروبار کے لئے اس ملک میں رہتے ہیں۔ آج سے تیس برس پہلے حضرت علامہ نے فرمایا تھا۔

بستے جو ہند میں ہیں خریدار ہی فقط
آغا بھی لے کے آتے ہیں اپنے وطن سی ہیٹنگ

اس قسم کے پٹھان تو یہاں آیا ہی کرتے ہیں۔ وہ ہمارے قریب علاقے کے رہنے والے لوگ ہیں اور ان سے بعض اوقات ایسی حرکتیں بھی سرزد ہو جاتی ہیں جو لوگوں کے نقصان کا باعث ہوں۔

علاوہ ازیں ہم نے دیکھا ہے کہ سرحد پر (Border) جہاں اس قسم کے واقعات ہوتے ہیں۔ وہاں ان کی روک تھام کے لئے پولیس کا خاطر خواہ انتظام کر دیا گیا ہے مگر اس کے ساتھ ہی میں یہ بھی عرض کر دوں گا کہ اس قسم کے واقعات پٹھانوں کے ساتھ منسلک کرنا نامناسب ہوگا۔ چوری۔ ڈکیتی راہزنی کی وارداتیں ہمیشہ ہوتی رہتی ہیں۔ اور ایسے واقعات کرنے والے صرف پٹھان ہی نہیں مقامی لوگ بھی ہوتے ہیں

جہاں تک تحصیل شکر گڑھ کا تعلق ہے میں سمجھتا ہوں کہ یہ تحصیل نہایت مظلوم ہے اس میں بعض گاؤں ایسے بھی ہیں جہاں ان ہولناک واقعات کی وجہ سے بہت زیادہ نقصان ہوا ہے۔ مگر اس تحصیل کی مظلومیت و مصائب میں ان لوگوں کا بھی ہاتھ ہے جو آج اس کے دکھ درد میں سراپا نالہ و شیون بنے ہوتے ہیں۔ وہ لوگ جنہیں اہالیان شکر گڑھ سے اپنا مربی و مہربان سمجھا تھا اغیار سے مل گئے اور نہ صرف شکر گڑھ بلکہ سارے پنجاب پر مصیبتوں کے پہاڑ ٹوٹ پڑے۔ آج جو آنسو بہا رہے ہیں وہی درحقیقت اس مظلوم تحصیل پر مصائب لانے کے ذمہ دار ہیں۔

مہربان سمجھے تھے جنہیں وہ ڈاکو نکلے
جن کو سمجھے تھے مسیحا وہ بلا کو نکلے

Khan Abdus Sattar Khan Niazi (Mianwali North, Muhammadan, Rural) :—

خان عبدالستار خان نیازی :- جناب صدر۔ قمر صاحب نے آپ کے سامنے جو تحریک التوا پیش کی ہے اس کے متعلق یہ امر زیر بحث لانا کہ آیا وہ واقعات حقیقتاً وہاں پر ہوئے ہیں یا نہیں میرے خیال میں محض تضیع اوقات ہوگا۔ یہ امر تو اظہر من الشمس ہے کہ اس قسم کے واقعات سرحدی علاقوں میں ہوتے رہتے ہیں جن کی وجہ سے مسلمانوں کا جانی اور مالی نقصان بھی ہوتا ہے۔ مرد

عورتیں ۔ بچے ۔ لڑکے اور مویشی وغیرہ موت کے گھاٹ اتار دیے جاتے ہیں ۔ اور ان علاقوں کے باشندوں کو بے گھر کر دیا جاتا ہے ۔ یہ ایک ایسا معاملہ ہے جس کے لئے فوری تدابیر اور اقدامات کی ضرورت ہے ۔ اگرچہ یہ واقعات ہنگامی طور پر ظہور پذیر ہوئے ہیں اور مجھے اس سلسلے میں حکومت سے پورا پورا اتفاق ہے کہ وہ اس کے لئے فوری انتظام نہیں کر سکی تاہم صرف یہ کہہ دینا کہ حکومت مناسب اقدامات کے لئے کر رہی ہے ۔ عوام کو مطمئن کرنے کے لئے کافی نہیں ۔ لہذا میں حکومت سے درخواست کرتا ہوں اور اس امر کی توقع کرتا ہوں کہ وہ سرحدی علاقوں اور ان کے باشندوں کے جان و مال کی پوری پوری حفاظت کے لئے پولیس اور فوج کے مناسب انتظامات کرے اس سلسلے میں Border Police بل پاس کیا گیا ہے اسے عملی جامہ پہنانے کے لئے معقول بندوبست کرے ۔ میں سمجھتا ہوں کہ یہ ہماری حکومت کے ناقص انتظامات کی وجہ ہے جو دشمن کو ہمارے سرحدی علاقے پر حملہ کرنے میں کامیاب بناتی ہے ۔ آخر اُسے اتنی جرأت ہی کیوں ہو کہ وہ ہمارے سرحدی علاقوں کے نہتے مسلمانوں پر حملہ کر کے ان کے جانی اور مالی نقصان کا باعث ہو ۔

صاحب صدر میں اس نقصان کی روک تھام کے لئے یہ تجویز پیش کرتا ہوں کہ فی الحال لوگوں کو اپنی حفاظت کے لئے ہتھیار رکھنے کی عام اجازت دی جائے اور ساتھ ہی یہ بھی ملحوظ خاطر رہے کہ سرحدوں کا انتظام جو نہایت اہم اور ضروری ہے مکمل کرنے کی غرض سے وہاں پولیس اور فوج کی کافی نفری مقرر کی جائے ۔ تاکہ جب کبھی دشمن پاکستان کے علاقے پر حملے کی جرأت کرے تو ہمارے حفاظتی دستے ان کے ناپاک ارادوں کو ناکام بنانے کے لئے ایسا منہ توڑ جواب دیں کہ انہیں چھٹی کا دودھ یاد آ جائے ۔ اور آئندہ حملے کی جرأت نہ ہو ۔ میں اس تحریک التوا کی پرزور تائید کرتا ہوں اور اس امر کی توقع کرتا ہوں کہ وزارت اس کا پورا پورا انتظام جلد از جلد کرے گی ۔ آخر میں میں انسپکٹر جنرل صاحب سے درخواست کروں گا کہ وہ اس مشینری اور نظام کو فی الفور حرکت میں لائیں اور ان کی جواب طلبی کریں جو گذشتہ واقعات کے موقع پر بداندیشیوں کی سرکوبی کے لئے تیار نہ تھے ۔ ان الفاظ کے ساتھ میں اپنی نشست پر بیٹھتا ہوں ۔

Sirdar Muhammad Husain (Chunian, Muhammadan, Rural) :—

سردار محمد حسین :- جناب والا ۔ میں بھی ایسے ضلع کا رہنے والا ہوں جو بالکل سرحد پر واقع ہے ۔ مجھے اس تحریک التوائے کار کے محرک سے پوری پوری ہمدردی ہے میری عرض یہ ہے کہ جہاں تک حکومت کو انتظامات کافی نہ ہونے کی بنا پر کوستے ہیں وہاں کسی حد تک ہم بھی اس کے لئے ذمہ دار ہیں ۔ ہم ہر چیز کی توقع حکومت سے کرتے ہیں حالانکہ ہمارا اپنا فرض یہ ہے کہ اپنی حفاظت کیلئے خود بھی کوئی سکیم سوچیں اور اس سلسلے میں حکومت سے مدد حاصل کریں ۔

پہلے پہل جب ہمارے ضلع کی سرحد پر حملہ ہوا تو لوگ بڑے پریشان ہوئے مگر خدا کے فضل و کرم اور سرکردہ لوگوں کی ہمت اور کوشش سے تمام مسلمان بالکل خاموش رہے اور اپنے راہنماؤں کی ہر ایک بات پر عمل کرتے رہے ۔ ان کے دل بالکل صاف تھے اور ان کا ہر گز یہ

خیال دیا کہ ہندوستان کے علاقے پر حملہ کیا جائے۔ بلکہ وہ اس خیال کے حامی لوگوں کی حوصلہ فرمائی کرتے تھے۔ مگر جب انہوں نے دیکھا کہ ہندوستان کی طرف سے پے در پے حملے ہو رہے ہیں اور حملہ آور مردوں، عورتوں اور بچوں کو جان سے مار ڈالتے ہیں۔ لڑکیاں اُٹھا کر لے جاتے ہیں۔ فصلوں کو جلا دیتے ہیں لوٹ مار کرتے ہیں اور مویشی بھی اپنے ساتھ لے جاتے ہیں تو اس سے تشویش بہت بڑھ گئی ہے۔ چنانچہ اس کے بعد مسلمانوں نے اپنی حفاظت کے لئے کمر باندھ لی اور حملہ آوروں کو اپنے ناپاک ارادوں میں کامیاب نہ ہونے دیا۔ اس وقت ہوم گارڈ کے بعض ملازمین کی کوتاہی کے متعلق شکایت تھی جو انسپکٹر جنرل صاحب کے نوٹس میں لائی گئی۔ چنانچہ انہوں نے اس کا ازالہ بھی کر دیا۔ وہ خود بھی علاقہ میں تشریف لے گئے انہوں نے لوگوں کو جمع کیا اور ایک جلسہ منعقد کیا۔ میں بھی اس جلسے میں موجود تھا۔ اس جلسے میں لوگوں کو یہ ہدایت کی گئی کہ ہر ایک آدمی اپنا اپنا انتظام خود کرے اور اپنی اپنی حفاظت کے لئے حتی المقدور کوشش کرے۔ انہوں نے پولیس کی بھی اچھی طرح خبر لی ان کے کان کھینچے اور انہیں فرض شناسی کا احساس دلایا۔ ان کے اس اقدام سے سب لوگ بہت خوش ہوئے اور ان کی کوشش سے جگہ جگہ مناسب انتظام بھی کیا گیا۔

جناب والا۔ ابھی ایک شکایت اور ہے اور وہ لائسنسوں کے متعلق ہے میری التجا ہے کہ سرحدی علاقوں میں لوگوں کو کافی تعداد میں بلا فیس Free لائسنس دیئے جائیں۔ تاکہ لوگ اپنی حفاظت کیلئے باقی اسلحہ خرید سکیں۔ اور حفاظت کے کام میں حکومت کا ہاتھ بٹائیں۔ اس ضمن میں سرحدی علاقوں کے ایم۔ ایل۔ اے صاحبان کی خدمت میں گذارش کروں گا کہ وہ بھی اس طرف توجہ دیں اور اپنے حلقہ اثر میں لوگوں کو اسلحہ وغیرہ خریدنے اور اپنی حفاظت کرنے کے بارہ میں لوگوں کی مشکلات حل کرنے پر حکومت کو آمادہ کریں۔

جناب والا۔ ہمارے ضلع لاہور میں لائسنسوں کے سلسلے میں شکایتیں موصول ہوئی تھیں بعض اوقات دیکھنے میں آیا ہے کہ لائسنس کی منظوری کے سلسلہ میں جملہ کارروائی مکمل ہونے اور آخری حد تک نوبت پہنچنے کے بعد بھی لائسنس نہ دیا گیا۔ میں چاہتا تھا کہ لائسنس دینے میں کسی قسم کی رکاوٹ یا دقت نہیں ہونی چاہیئے۔ اس ضلع میں لائسنس کافی اور سابقہ تعداد سے بہت زیادہ ملنے چاہئیں۔ چنانچہ وزیر اعظم صاحب کی خدمت میں التماس کیا گیا۔ اور انکی توجہ سے مقامی افسران نے کافی سہولتیں پہنچائیں۔

آخر میں بندوقوں کی فراہمی کے متعلق کچھ عرض کرنا چاہتا ہوں۔ بندوقیں مہیا کرنا یا اس کے لئے مناسب انتظام کرنا حکومت کا کام ہے حکومت کو چاہیئے کہ جن جن علاقوں میں پولیس کے متعلق شکایات موصول ہوتی ہیں وہاں لوگوں کے لئے بندوقوں کی بہم رسانی مفت کا انتظام کرے۔ ویسے تو جن مقامات پر حملوں کے بارے میں پولیس کی کوتاہی جنرل انسپکٹر صاحب کے نوٹس میں لائی گئی تھی وہ بذات خود موقع پر تشریف لے گئے اور انہوں نے نہایت اچھا انتظام کیا۔ میں اس سلسلے میں جملہ ایم۔ ایل۔ اے صاحبان کی خدمت میں عرض کروں گا کہ وہ بھی اس سلسلے میں کچھ نہ کچھ کوشش کریں۔

ان الفاظ کے ساتھ میں اپنی تقریر ختم کرتا ہوں۔

Khan Sahib Captain Chaudhri Asghar Ali (Gujrat East, Muhammadan, Rural)

خان صاحب کپتان چودھری اصغر علی: حضور والا۔ میں بھی اسی سلسلہ میں کچھ عرض کرنا چاہتا ہوں میری مراد کسی قسم کی شکایت کرنا نہیں ہے۔ ایسے واقعات صرف شکرگڑھ تحصیل ہی میں پیش نہیں آئے بلکہ سیالکوٹ گجرات اور دوسرے ضلعوں کی حدود پر بھی رونما ہوئے مثال کے طور پر ہمارے کئی ایک دیہات حملہ آوروں نے جلا ڈالے۔ کئی آدمی مجروح اور شہید بھی ہوئے۔ مگر اس کا مطلب یہ نہیں کہ حکومت کا وہاں کوئی بندوبست نہیں ہے۔ میں یہ عرض کر دینا چاہتا ہوں کہ حکومت کو وہاں اس معاملہ پر اور زیادہ توجہ کرنی چاہئے جو کچھ میرے معزز دوست سردار محمد حسین صاحب نے فرمایا ہے ٹھیک فرمایا ہے کہ اس بندوبست کے لئے کچھ کوشش ایم۔ ایل۔ اے صاحبان کو بھی کرنی چاہئے جن کے علاقے بورڈر کے ساتھ لگتے ہیں۔ میں یہ بھی عرض کر دوں کہ مجھے جب بھی موقع ملا میں نے اپنی حکومت کے وزراء صاحبان کی خدمت میں عرض کیا کہ ہمارا بورڈر جموں ریاست کے ساتھ لگتا ہے اور ہماری سرحد پر ہندوؤں راجپوتوں کی آبادی ہے اور وہ لوگ راجہ جموں کی برادری میں سے ہیں۔ اس لئے مہاراجہ جموں ان میں بندوقیں تقسیم کر رہا ہے آپ بھی کچھ انتظام کریں۔ اور ہمارے بورڈر پر واقع علاقوں میں رہنے والے لوگوں کو اس سلسلہ میں یہ شکایت ہے کہ آپ بھی حفاظت کی تدبیر کریں۔ چنانچہ ہماری حکومت کی طرف سے آرڈر ہو گیا کہ ہندوؤں کے لائسنس دے دیئے جائیں۔ لائسنس دے دیئے گئے مگر یہ نہ بتایا گیا کہ بندوقیں حاصل کہاں سے کی جائیں۔ صرف بندوق کا لائسنس دکھا دینا تو ہماری حفاظت کے لئے ضروری نہیں (تالیاں) لہٰذا گذارش کی گئی کہ حکومت براہ مہربانی بندوقوں کا انتظام فرمائے۔

جہاں تک بورڈر پولیس کا تعلق ہے۔ ہماری سرحد پر اس کا موجود رہنا بڑا ضروری تھا۔ ۱۸ اکتوبر کے بعد ان کی ضرورت تھی۔ پہلے جو چھ سات دن تھے ان میں نہایت تکلیف پیش آئی۔ کیونکہ ہمارے پاس کوئی ہتھیار نہ تھا۔ ڈوگرہ فوج جو تھی وہ ہندو تھی۔ اور راجہ کی طرف سے تقسیم کیا ہوا اسلحہ لوگوں کے پاس تھا چنانچہ وہ ہم پر حملہ آور ہوتے رہے۔ چار پانچ دن کے بعد ہماری فوج اور پولیس پورے طور پر وہاں پہنچ گئی۔ اور اس کا یہ نتیجہ ہوا کہ ڈوگرا فوج نے جہاں سے بھی ہمارے پاکستانی علاقے میں حملہ آور ہونے کی کوشش کی وہاں سینکڑوں کی تعداد میں مارے گئے۔ اس کے بعد ۱۰ یا ۱۲ دن کے بعد ایسا ہوا کہ فوج کا وہ حصہ اٹھا لیا گیا اور آج وہاں بورڈر پولیس کام کر رہی ہے۔ اور اس کے کام کے متعلق کوئی شکایت نہیں۔ ہاں ایک بات ہے۔ جو بورڈر پولیس کی بعض بعض چوکیوں پر جو سپاہی ہیں وہ بعض دفعہ اپنے آدمیوں کو دیکھ کر ہی وہاں کی چوکیاں چھوڑ جاتے ہیں ہر جگہ پر ایسا نہیں ہوتا۔ بعض بعض جگہوں پر یہ شکایت ہے۔ میں یہ بھی عرض کر دینا چاہتا ہوں کہ جہاں تک ایم۔ ایل۔ اے صاحبان کے اس بارے میں انتظام کرنے کا تعلق ہے جس کی طرف میرے معزز دوست سردار محمد حسین صاحب نے اشارہ کیا تھا میں کہہ سکتا ہوں کہ میں تو ہر صبح اور ہر شام اپنی سرحد پر موجود رہتا ہوں۔ جہاں کہیں بورڈر پر پولیس

کی شکایت ہوتی ہے میں وہاں پہنچتا ہوں اور اپنی تسلی کرتا ہوں اور بعض مرتبہ پولیس افسر کا جس کے خلاف شکایت ہو وہاں سے تبادلہ بھی ہو جاتا ہے۔ میں حکومت سے یہ بھی عرض کر دینا چاہتا ہوں کہ بورڈر پولیس حفاظت کے لئے بہترین چیز ہے۔ لیکن یہ بھی ساتھ ہے کہ جب تک باقاعدہ فوج کا انتظام نہ ہو یہ اچھی طرح کام نہیں کر سکتی۔ لشکر گڑھ کی تحصیل میں ایسا ہوا کہ تین تین میل پیچھے پولیس کی چوکیاں ہوں گی مگر گجرات کی سرحد پر ایسا نہیں۔ وہاں تو چوکیاں بالکل بورڈر پر موجود ہیں۔ اور بورڈر پر جتنے ہوتے ہیں جو بورڈر پر دیہات ہیں ہندو ڈوگرے وہاں حملے کرنے کی کوشش کر رہے ہیں۔ یہ کہنا کہ وہ ہماری حفاظت مکمل طور پر کر سکیں یہ صحیح نہیں۔ اصل میں ہماری بورڈر پولیس کے پاس سوائے رائفل کے اور کوئی ہتھیار نہیں ہے۔ جو ہتھیار حکومت نے بارڈر پولیس کو دیئے ہیں وہ بیکار ہو جاتے ہیں جب ہندوستانی ہوائی جہاز پاکستان میں آکر بمباری کرتا ہے۔ اور جگہ کا تو میں کہہ نہیں سکتا ہمارے ضلع کی حدود میں اگر ہندوستانی فوج داخل نہ ہو تو بھی بورڈر سے پچاس گز کے فاصلہ پر جو ہمارے گاؤں واقع ہیں وہ اُن پر اپنی حدود میں رہ کر بھی آسانی کے ساتھ فائرنگ کر سکتے ہیں اور کئی بار ایسا ہوا ہے۔ لہذا حکومت سے گذارش ہے کہ یا تو وہ بورڈر پولیس کو ایسے ہتھیار دے جن سے وہ اپنی حد میں رہتے ہوئے ہندوستانی یا ڈوگرا فوج کا مقابلہ کر سکے اور علاوہ اس کے بورڈر پولیس کا باقاعدہ انتظام فرمایا جائے۔ جہاں تک یہ چیز پیش کی گئی ہے میرا خیال ہے یہ ٹھیک ہے کہ اُن ممبران کو بھی کچھ کرنا چاہئے جو بورڈر کے قریب قریب رہتے ہیں۔ انہیں بھی اپنے بھائیوں کی حفاظت کا خیال ہونا چاہئے کہ ہمارے جو بھائی بورڈر پر موجود ہیں اُن کی حفاظت کرنا ہم اپنا فرض سمجھیں۔ میں بھی بورڈر پر رہنے والا ہوں۔ دو میل کے فاصلہ پر میرا گاؤں ہے۔ حملہ کا خطرہ لاحق رہتا ہے۔ جب تک ڈوگرا فوج نکل نہ گئی تھی یہ اندیشہ رہتا تھا کہ وہ اجنالہ پر حملہ کریں گے۔ ڈوگروں کا یہ خیال تھا کہ اگر ضلع گجرات کے بورڈر پر اجنالے والا خاندان موجود نہ ہوا تو پھر شہر گجرات تک مقابلہ کے لئے کوئی آدمی تیار نہیں ہو سکتا۔ یہ خدا کا شکر ہے کہ وہاں کے لوگوں کا morale بڑا بلند ہے۔ اس سلسلہ میں یہ عرض کر دوں کہ جہاں تک ہندوستانی فوج کے بہترین ہونے کا تعلق ہے ہم جانتے ہیں اور اچھی طرح جانتے ہیں کہ جب تک ٹینک آگے آگے نہ ہوں اور ہوائی جہاز اوپر نہ ہوں armouted cars ان کے ساتھ نہ ہوں وہ ہمارے علاقے میں ایک انچ بھی آگے نہیں بڑھ سکتے۔ جہاں تک ہمارے علاقے کا تعلق ہے وہ پہاڑیوں کے دامن میں ہے۔ لیکن اس کا یہ مطلب نہیں کہ ہمیں اپنی حفاظت نہیں کرنی چاہئے۔ اس سلسلہ میں میں ایک یہ گذارش کرنی چاہتا ہوں اور حکومت کی توجہ اس طرف دلانا چاہتا ہوں کہ جو لوگ مشرقی پنجاب سے گھر چھوڑ کر آئے ہیں ان کی تو امداد ہو رہی ہے۔ اُن کو پناہ گزینوں کی سہولتیں حاصل ہیں۔ اب دیکھنا یہ ہے کہ جو لوگ پاکستان کی اُن حدود پر ہیں جو بورڈر کے ساتھ ساتھ واقع ہیں ان کی مصیبتوں کا ازالہ کس طرح کیا جائے گا۔ وہ لوگ اپنا علاقہ چھوڑ چکے ہیں یا وہ وہاں رہ نہیں سکتے کیونکہ اُن پر کسی وقت بھی ہوائی حملہ ہو سکتا ہے۔ اور ہندوستانی فوج بھی حملہ آور ہو سکتی ہے۔ اس لئے نہ وہ وہاں رہائش کر سکتے ہیں نہ فصل کاشت کر سکتے ہیں کیونکہ بہت سے دیہات جلا دیئے گئے ہیں۔ ان حالات کے پیش نظر میری گذارش یہ

ہے کہ براہ مہربانی اُن لوگوں کی رہائش یا کھیتی باڑی کا جب تک امن نہ ہو جائے کوئی انتظام ہونا چاہیئے۔ حکومت کو اس طرف ضرور توجہ فرمانی چاہیئے۔ جب تک امن نہ ہو جائے اُن کی رہائش کا اور خوراک کا انتظام کرنا از حد ضروری ہے۔ آپ یہ خیال فرمائیں کہ وہ پناہ گزین نہیں ہیں یہ تو صحیح ہے لیکن حقیقت میں اگر دیکھا جائے تو ان کی حالت پناہ گزینوں سے بدتر ہے۔ وہ کہلانے کو تو پاکستان کے باشندے کہلائیں گے اور اس لئے کسی جائیداد یا زمین کے حقدار نہیں ہوں گے۔ مگر ہم صرف یہ چاہتے ہیں کہ جب تک امن نہ ہو جائے اُن کی رہائش اور خوراک کا خاطرخواہ انتظام کر دیا جائے۔

Premier (The Hon'ble Khan Iftikhar Husain Khan):

آنریبل خان افتخار حسین خان: جناب والا! میں اس تحریک التوا کی مخالفت کرنے کے لئے اس لئے نہیں کھڑا ہوا ہوں کہ سرکاری بنچوں کی طرف سے ضرور اس تحریک کی مخالفت ہو۔ بلکہ اس لئے کہ میرے دوست جنہوں نے یہ تحریک پیش کی ہے۔ میں سمجھتا ہوں کہ انہوں نے صحیح معلومات کی بنا پر نہیں کی۔ میں اس چیز سے انکار نہیں کر سکتا کہ جب سے تقسیم ہند کا فیصلہ ہوا ہے border raids ہو رہے ہیں ان میں مسلمانوں کا جو پاکستان کے دیہات میں رہتے ہیں کافی نقصان بھی ہوا ہے۔ لیکن میں یہ عرض کر دوں کہ قبل اس کے کہ ہم پولیس پر یا اپنے فوجی انتظامات پر نکتہ چینی کریں ہمیں یہ دیکھنا چاہیئے کہ یہ جو border raids ہیں ان کی نوعیت کیا ہے۔

جناب والا! آپ کو معلوم ہے کہ جس دن سے مسلمانانِ ہند نے پاکستان یعنی تقسیم ہند کا مطالبہ پیش کیا اسی دن سے کانگرس نے مخالفت شروع کی۔ یہ مخالفت نہ صرف پروپیگنڈے کے طور پر کی گئی بلکہ اور بھی کئی ہتھکنڈے استعمال کئے گئے تاکہ مسلمانوں کو اس مطالبہ سے باز رکھا جائے۔ اس سلسلے میں ایوان کے ممبروں کو علم ہوگا کہ کانگرسی صوبوں میں کانگرس نے خاص طور پر مسلمانوں پر مظالم توڑے اور یہ کسی سے پوشیدہ نہیں ہیں۔ مثال کے طور پر صوبہ بہار میں یا ایسے ہی صوبہ سی پی میں کانگرس نے مسلمانوں پر شدید حملے کئے۔ اور جتنے مسلمانوں پر بے حد مظالم 'جائز' اور 'ناجائز' توڑنے کی کوشش کی۔ لیکن اس کے باوجود کانگرس کی ان کوششوں کے باوجود مسلمانوں نے ہمت نہ ہاری۔ تمام مصائب کا مقابلہ کیا لیکن اپنے مطالبے پر ڈٹے رہے۔ اور آخر کار پاکستان حاصل کر لیا۔ تقسیم ہند کے بعد' یا یوں کہئے کہ پاکستان حاصل ہو جانے کے بعد جو واقعات رونما ہوئے' اور خاص طور پر پنجاب میں' وہ بھی کسی سے پوشیدہ نہیں۔ اور میں سمجھتا ہوں کہ ان واقعات میں زیادہ تر ذمہ داری کانگرس کے اور ہندوستانی حکومت کے معتبر عہدیداروں کی ہے۔ یہ واقعات ایک خاص سازش' بلکہ بڑی بھاری سازش کا نتیجہ تھے۔ اس میں ہندو اور سکھ والیان ریاست کو بھی شامل کیا گیا۔ اور اس میں یہ فیصلہ کیا گیا تھا کہ اگر مسلمان اس مطالبۂ پاکستان سے نہیں ہٹتے تو اُن کے لئے ہندوستان کی سرزمین پر رہنا ناممکن بنا دیا جائے۔ چنانچہ اس سلسلے میں ۱۵ اگست کے بعد یہاں قتلِ عام شروع ہوا تو آپ نے دیکھا کہ خالصہ بہادر ماسٹر تارا سنگھ کی اکالی فوج نے' جو اپنے آپ کو بڑے بہادر گنتے ہیں' کس بزدلی کے

